Mr. Speaker: Does the Minister want to discuss the admissibility or is he raising a point of order ?

Minister of Railways: I am raising a point of order that the reading of a statement is not in accordance with rules prescribed for adjournment motions. An adjournment motion should be moved only on matters of urgent public importance. A press note does not form part of an adjournment motion and since that is the position, his reading and going into the facts is wrong two grounds, first, the adjournment motion is not in order and secondly that is not the stage for reading and going into the facts.

Mr. Speaker: He is stating the facts to make out his point.

Minister of Railways: I say that when the facts are denied and are in dispute the motion is not in order. He is quoting from a newspaper and on that discussion cannot be held. If he denies the facts mentioned in the press note he can bring a privilege motion. But since the facts are in dispute the matter finishes and a discussion on an adjournment motion cannot be held.

خواجہ محمد صفدر — محترم وزیر ریلوے نے فرمایا ہے کہ .....

Mr. Speaker: No, discussion about that. The member may make his point.

میاں محمد اکبر — پوائنٹ آف آرڈر ۔ محترم وزیر ریلوے نے جو پوائنٹ آف آرڈر پیش کیا ہے اس کے متعلق چیئر کی کیا رولنگ ہے ۔

وزیر قانون ۔ انہوں نے وہ سن لیا ہے ۔

Mian Muhammad Akbar: We want your ruling on the point of order.

Minister of Law: The Chair is still considering it.

Mr. Speaker: After hearing him. I will ask Khawaja Sahib to continue.

Mian Muhammad Akbar: Is his point of order ruled out of order ?

Mr. Speaker: I am asking Khawaja Sahib to continue his speech.

Mian Muhammad Akbar: You may kindly give your ruling precisely about the point of order raised by the Minister of Railways.

Mr. Speaker: He raised a point of order. There was a suggestion that Khawaja Sahib should not read the newspaper, but I have allowed him to make his point. I have not agreed with his suggestion. Now, the member may please resume his seat.

خواجہ محمد صفدر — طوالت کے ڈر سے میں صرف اسکا متعلقہ حصہ ہی پڑھتا ہوں ۔ اور مختصراً پڑھتا ہوں

اس موقع پر گھوڑ سوار پولیس
بھی موجود تھی ۔ فٹ پاتھ پر بیٹھے
ہوئے طالب علموں کے گروہ نے نعرے لگائے ۔
یہاں پولیس افسران اور انکے درمیان کافی کوچ ہوئی

تو ,,درمیان،، کا لفظ یہ ظاہر کرتا ہے ۔ کہ
پولیس افسران نے گالیاں دیں ۔ اور طلبا نے بھی
دیں ۔ دوسری طرف جو میرے پاس پریس نوٹ ہے ۔ اس
میں کیا لکھا ہے اس میں لکھا ہے کہ
''طلبا نے میجسٹریٹ پر آوازے کسے اور انکا منہ
چڑایا،، جو گالی گلوچ ہوئی ہے۔ پریس نوٹ نے اسکے متعلق
نہیں بتایا ۔کہ پولیس افسروں نے بھی گالیاں دیں اسکے
علاوہ جناب والاء اس سے آگے چلئے
تو پولیس کے پہلے حملے کے بعد طالب علموں نے گملے
توڑ دیئے ۔ اور کیاریوں سے پتھر اٹھائے اور پتھروں
اور گملوں کے ٹکڑوں سے طلبا نے یونیورسٹی کے احاطے
میں کھڑے ہو کر پولیس پر جوابی حملہ کیا
اور اسکے بعد طالب علموں اور پولیس کے درمیان
تصادم شروع ہو گیا کوئی ڈیڑھ گھنٹے ہونے دو
گھنٹے تک یہ کیفیت جاری رہی ۔ کبھی طالب
علم پولیس پر پتھراؤ کرتے تو کبھی کسی وقت
کانسٹیبل لاٹھی اور سڑک پر پڑے ہوئے پتھروں
سے طالب علموں کو مارتے یہ Point کہ پولیس
والے پتھر اٹھا اٹھا کر طالب علموں کو مار رہے
تھے ۔ یہ بھی اس پریس نوٹ میں نہیں تھا ۔

Mr. Speaker: The member should take his seat.

As the facts have been denied by the Government, the motion is ruled out of order.

Government's failure to prosecute Police Officials who trespassed into M. A.O. College and Hostel buildings.

Mr. Speaker: In his next adjournment motion, Khawaja Muhammad Safdar wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Government to bring criminal cases against those police officials who unlawfully trespassed into M.A.O. college and hostel Buildings on the 6th November, 1963, and chased the students to the double-storeyed Hostel roof, and pushed one of the students from the roof-top down on the floor, which resulted in grevious injuries to his legs.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Denied.

I may make a short statement:

„From the early hours of the morning students collected out of the premises of this College. Later they began to move towards University Grounds where other students meanwhile had collected (numbering five hundred). The object was to offer funeral prayers for the students reportedly killed. They were dispersed by a mild lathi-charge and some of them were also arrested. They then collected within the M. A. O. College and started brick batting vehicular traffic passing in front of the College. Antri-riot van was used and tear-gas shells fired which succeeded in dispersing them."

Rest of the facts as alleged in the adjournment motion are denied. They are nothing but a figment of the imagination of the same paper which has been extensively quoted from time to time. We have bitter experience of the reporting of the papers and the members will agree that reporting of the papers (without meaning any disrespect to the Editor and editorial class) cannot be implicitly relied upon as authentic and correct.

Besides the matters are still sub-judice. All these incidents are the subject matter of either investigation or the cases are pending before the Court of Law.

I would, therefore, submit respectfully that the Motion may be ruled out of order.

Mr. Speaker: Did any student receive injury ?

Minister of Law: I have said that they were dispersed by a mild lathi-charge.

Mr. Speaker: Was the assembly declared unlawful under section 144 ?
Minister of Law: Section 144 was in force.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) جناب والا - میرے محترم دوست نے ان واقعات کو بھی جھٹلانے کی کوشش کی ہے - جن کی بناء پر میں نے یہ تحریک التوا جناب کے ذریعے اس معزز ایوان کے سامنے پیش کی ہے اور میرے محترم دوست نے اس ضمن میں یہ بھی کہا ہے - کہ ہم اخبارات پر implicitly rely نہیں کر سکتے - تو جناب والا - اگر اخبارات کے نمائیندوں پر Reliance نہیں کی جا سکتی - تو کیا ان لوگوں پر Reliance کی جا سکتی ہے - کہ جنکے متعلق میں یہ تحریک التوا لایا ہوں - اور جنہوں نے یہ رپورٹ کی ہوئی ہے - کہ جسکی بناء پر یہ پریس نوٹ شائع ہوا ہے - قطعاً نہیں یہ واقعہ لاہور کا بچہ بچہ جانتا ہے - کہ اس روز M.A.O. کالج میں کسقدر خطرناک طریقے سے طلبا کو پیٹا گیا - یونیورسٹی سے باہر ہی نہیں بلکہ جبکہ وہ یونیورسٹی گراؤنڈ میں بیٹھے ہوئے تھے - ہو سکتا ہے کہ وہاں سے انہیں disperse کرنا قانون کے مطابق درست ہو - لیکن اگر وہ کالج میں چلے جاتے ہیں - تو کالج کے اندر گھس کر نہ صرف یہ کہ انکو کالج کے صحن میں لاٹھیوں اور مکوں سے مارا جاتا ہے - اور انہیں گندی گالیاں بھی نکالی جاتی ہیں - بلکہ جب وہ اپنے ہوسٹل کا دروازہ بند کر کے بیٹھ جاتے ہیں تو انکو وہاں سے بھی نکالا جاتا ہے - اور پیٹا جاتا ہے - اور جب وہ ہوسٹل کی دوسری منزل پر چڑھ جاتے ہیں - تو ان پر اسقدر شدید لاٹھی چارج کیا جاتا ہے - کہ پریس رپورٹ کے مطابق) وہ مجبور ہیں - کہ

وہ وہاں چھت پر کھڑے رہیں - اور اپنی جانیں ان لاٹھیوں کے سپرد کر دیں - اور یا وہ پچیس فٹ کی بلندی سے چھلانگیں لگا دیں - آپ غور فرمائیں - کہ وہ کسقدر شدید لاٹھی چارج ہو گا - اور یہ فرما رہے ہیں - کہ پریس نوٹ میں mild لاٹھی چارج لکھا ہوا ہے - آپ خیال فرمائیں کہ وہ کسقدر شدید لاٹھی چارج ہو گا - کہ وہ پچیس فٹ کی بلندی سے چھلانگیں مارنے پر مجبور ہوئے - کہ وہ موت کو بلاوا دیں -

Mr. Speaker: As the assembly had been declared unlawful was it not a matter of ordinary administration of law?

خواجہ محمد صفدر- unlawful assembly کا قصہ تو وہیں پر ختم ہو جاتا ہے- میری Contention ہی یہی ہے- اور میں نے بار بار کہا ہے کہ جب میں اپنے کمرے میں آ جاتا ہوں - تو میں unlawful assembly کا ممبر نہیں رہتا - جب میں اپنے ہوسٹل کے کمرے میں آ جاتا ہوں- اور دروازے بند کر دیتا ہوں - تو کسی کو یہ حق حاصل نہیں ہے - کہ (خواہ میں باہر سے قتل کر کے آیا ہوں) - وہ مجھے وہاں آ کر پیٹے - وہ مجھے وہاں آ کر مارے- کسی کو بھی حق حاصل نہیں ہے - اور اسکے متعلق قانون بڑا صاف ہے -.....

Mr. Speaker: But the Law Minister says that unlawful assembly was there in the hostel.

Khawaja Muhammad Safdar: How can that be unlawful? یعنی ہوسٹل کے کمرے کے اندر بھی unlawful assembly تھی ؟

Minister of Law: I have already respectfully submitted that the students has adopted objectionable tactics. They were throwing brickbats and stones on the road from within the College premises and even when they retreated, as the Leader of the Opposition says, even then they were throwing brickbats and stones from the top of the hostel and cafeteria.

My submission is that assuming for the sake of argument they were inside the rooms, as Khawaja Sahib put it, the Assembly continues to be unlawful. By shutting themselves up inside the rooms and throwing stones and brickbats does not make the Assembly lawful.

Mr. Speaker: In view of the statement made by the Law Minister that the Assembly was declared an unlawful Assembly and, the matter thus being ordinary administration of law the motion is ruled out of order.

Incorrect Press Note of Government about student agitation issued on 6th November, 1963.

Mr. Speaker: In his next adjournment motion, **Kahwaja Muhammad Safdar** ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the patently incorrect and misguiding Press Note issued by the Provincial Government **on the 6th November, 1963**, about the student agitation thereby purposely concealing the unlawful and high-handed acts of Police especially the merciless lathi charge of the Police on the students in the M. A. O. College and Hostel Building on the 6th November, 1963.

That is identical with No. 24. It is practically the same.

خواجہ محمد صفدر - وہ تو پہلے تھا - اور جو یونیورسٹی میں ہوا تھا - اور fifth کے متعلق تھا - یہ sixth کے متعلق ہے - یہ پہلے سے مختلف ہے -

This is quite a different matter.

Mr. Speaker: In view of my ruling on the adjournment motion No.24 will it arise? I think in view of my ruling on motion No. 24 the member should not press it.

Khawaja Muhammad Safdar: Right Sir,

Illegal breaking open of Lyallpur Government College Hostel and beating of students therein by the police.

Mr. Speaker: Next adjournment motion is again from Khawaja Muhammad Safdar who wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Government to check the Police force from illegally breaking open the Lyallpur Government College Hostel doors and unlawfully beating the students after they had dispersed and taken shelter in their Hostel rooms on the 6th November, 1963.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Opposed. I will briefly narrate the facts. But I will respectfully submit that this motion is amply covered by the ruling of the Chair given in respect of the same incident, practically the same facts contained in a motion moved by the member Mr. Hamza in respect of the disturbances in the College outside the College Hostel at Lyallpur.

Mr. Speaker: Yes that is the same motion.

Minister of Law: Difference is in words but the import is the same. I might Sir, add a few words if may will permit me.

The Chair will kindly recall that this adjournment motion had been actually debated for the purpose of considering the admissibility and rulings have been given. I would, therefore, request the Chair to persue these adjournment motions and I am sure the Chair will come to the conclusion that the vast majority of them are really covered by the worthy rulings given by the Chair. Therefore, on that ground they should not form the subject matter of the adjournment motion now. My impression is that a repetition of these adjournment motions in one or the other form is nothing but waste of time.

Mr. Speaker: The matter is substantially the same.

Minister of Law: Yes I might assure the Leader of the Opposition and the student community that the Government is more sympathetic to the student community and will surely look after them in a better way than the members of the Opposition. The Government does not believe in lip sympathy.

Syed Ahmad Saeed Kirmani: Why don't you withdraw the cases against them.

خواجہ محمد صفدر - لیکن یہ Definite statement نہیں ہے - تو ہم یہاں vote of thanks let the Law Minister make a definite statement بھی کریں گے -

Mr. Speaker: Yes, Mr. Memon.

Minister of Law: I have made the position very clear to everybody here in the House. The Government is not only keen but anxious not only to be just but generous to the student community and it believes in action and not merely in lip sympathy.

Syed Ahmad Saeed Kirmani: What about the withdrawal of cases?

Minister of Law: The law is no respecter of persons. It will catch hold of everyone including all those who are responsible for not only commission

of an offence but also violating the law of the land, and all those who are, directly or indirectly, trying to incite them and put them in the wrong.

Syed Ahmad Sa.eed Kirmani: No answer to my question.

خواجہ محمد صفدر - میرے محترم دوست نے .... (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker: Mr. Akbar may please take his seat.

خواجہ محمد صفدر — میرے محترم دوست نے اس قسم کا Insinuation کیا ہے - کہ جو لوگ ——— (قطع کلامیاں)

میاں محمد شریف - (پارلیمنٹری سیکرٹری) آپ نے سٹوڈنٹس کو مجرم کروا دیا -

Mr. Speaker. Mian Sharif may please take his seat .....(interruptions) I say the member should please take his seat.

خواجہ محمد صفدر — جناب والا - میں نہایت ادب سے عرض کرونگا کہ محترم لاء منسٹر صاحب نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے - وہ پہلے ارشاد سے بھی مختلف ہے - انہوں نے کہا ہے - کہ قانون اپنا راستہ لے گا -

Mr. Speaker: Mr. Kirmani should please be attentive.

خواجہ محمد صفدر — میں Agree کرتا ہوں لیکن سٹوڈنٹس کے معاملے میں بڑے سے بڑے رہنما بھی کہہ چکے ہیں کہ ہمیں انکے ساتھ شفقت سے پیش آنا چاہئے میں ان سے بار بار کہونگا کہ وہ سٹوڈنٹس سے شفقت سے پیش آئیں وہ اپنے بچے ہیں آپ کو انکے ساتھ اسی شفقت سے پیش آنا چاہئے جسطرح آپ اپنے بچوں کیساتھ شفقت سے پیش آتے ہیں - میری اتنی ہی گذارش ہے - کہ اگر یہ انکے ساتھ شفقت سے پیش آنے کیلئے تیار ہیں تو میں ان سب کاغذات کو جو اس ایڈ جرنمنٹ موشن سے متعلق ہیں - باہر پھینکنے کیلئے تیار ہوں -

Mr Speaker: This motion is substantially the same, which was moved by Mr. Hamza on the same subject.

خواجہ محمد صفدر — میری رائے میں انہوں نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے - وہ سب لائل پور میں واقعات ہوئے ہیں اگر ان سب کو اکٹھا کیا جائے تو یہ سب واقعات اسی میں آ جاتے ہیں -

Mr. Speaker: Not generally about Lyallpur but about Lyallpur College. The motion is specific on the point of illegally breaking open the Lyallpur Government College Hostel door.

خواجہ محمد صفدر — سب کو اکٹھا کیا جائے -

Mr. Speaker: May be in different words, but substantially the matter is the same. Khawaja Sahib, please move the next motion.

مولانا غلام غوث- میں اس سلسلے میں ایک بات عرض کرتا ہوں کہ اگر ہم لوگ طالب علموں کے آئندہ طرز عمل کے ذمہ دار ہو جائیں تو کیا حکومت انکو بچہ سمجھکر درگذر فرمائیگی -

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) میں جناب مولانا صاحب کو جواب دے دیتا ہوں - مولانا صاحب آپ اطمینان رکھیں حکومت سٹوڈنٹس کے ساتھ وہی برتاؤ کریگی - جیسے اپنے لڑکوں کے ساتھ کیا جاتا ہے - اسکے ساتھ ساتھ میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں آپوزیشن ممبروں سے خصوصاً مولانا صاحب سے جو وہ یہ Assurance دے رہے ہیں کاش یہ لوگ یہ کہتے کہ ایسے واقعات نہ پیش آئیں - تو یقیناً یہ بات کہنے کی ضرورت نہ پڑتی - اگر آپ چاہتے ہیں کہ انکو اچھے راستے پر لگائیں تو آپ دیکھیں گے سٹوڈنٹس کمیونٹی کیساتھ کتنا اچھا سلوک کیا جاتا ہے -

Mr. Speaker: No more debate. Next motion.....

Mr. Iftikhar Ahmad Khan: Mr. Speaker Sir.....

Mr. Speaker: Mr. Nawabzada Sahib should please take his seat. We are not holding a debate on that issue.

Government's failure to prosecute Police Officials who trespassed into Lyallpur Government College and its Hostel.

Mr. Speaker: Khawaja Muhammad Safdar wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Government to bring criminal cases against the Police Officials who unlawfully tresspassed into the Government College, Lyallpur, inspite of the protests of the Principal and illegally breaking open the Hostel doors, tresspassed into the Hostel and damaged the Government property on the 6th of November 1963.

Minister of Law: Same objection Sir.

Mr. Speaker: The subject matter is the same.

Miniter of Law: All the incidents that I have submitted already along with the details are sub-judice.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ-۱) جناب میرے ذہن میں ایک بات تھی کہ اگر آپ رول کیطرف توجہ فرمائینگے تو ہر ایک Incident کیلئے ایڈ جرنمنٹ موشن علیحدہ علیحدہ دینا لازمی ہے - دو Incident میں اکٹھا نہیں کر سکتا اسلئے کہ مسئلہ کہیں Indefinite نہ ہو جائے اس پر قانونی اعتراضات وارد ہو سکتے ہیں اس خیال سے مختلف Incidents جو مختلف جگہوں پر ہو رہے ہیں .....

Minister of Law: Point of order Sir. The member is right when he says that only one single specific matter can form the subject matter of an adjournment motion as required by the rules. The member may kindly look into and read the motion itself. Is it one specific matter or ten combined in one ?

So on his own showing my submission is that the motion should be ruled out of order. "Failure of the Government to bring criminal cases against the Police officials" is one separate issue; and if it is criminal it is an offence; "Illegal breaking open the Hostel doors" tres passed into the Hostel" and "damaged the Government property". So four issues have been combined into one. It is not one specific issue, as the member has said. Therefore, on that ground alone, it should be ruled out of order.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - یک ہے Incident وہ جبراً داخل ہوئے ہیں کیسے داخل ہوئے ہیں دروازہ توڑ کر. ایک Incident ہے - اور خوامخواہ اسکو Split up کررہے ہیں وہ بڑے اچھے وکیل ہیں فوجداری کے اور ان کو معلوم ہے - کہ Incident سے مراد کیا ہے -

Mr. Speaker: "Illegally breaking open" and "damaging the Government property" are two different matters.

خواجہ محمد صفدر - جناب جب break open کریں گے جب illegaly breaking open and دروازہ توڑا جائے تو اس کے ساتھ نہ صرف tresspassing into this room ہو جائے گا بلکہ ساتھ ہی وہ دروازہ بھی ٹوٹ گیا -

It is one and single action.

Mr. Speaker: As the matter proposed to be discussed in this motion is not a single specific matter, the motion is ruled out of order.

Forcible entry of Police into Lyallpur Government College, Hostel and tear-gassing of students therein.

Mr. Speaker: Next, Khawaja Muhammad Safdar wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Government to check the Police force from forcibly entering the Hostel Building of the Government College, Lyallpur, and tear gassing the students who had shut themselves up in their Hostel rooms on the 6th November, 1963.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): The same objection. The matter is sub-judice and all these things are pending before court of law for adjudication. I only submit that ten bad adjournment motions will not result in one good adjournment motion. Put as many as fifty bad adjournment motions and they will not give you one useful adjournment motion. I hope the Leader of the Opposition, being a practicing lawyer, does realise it.

Mr. Speaker: I think it is the same.

Tear-gassing of staff Room and lathi-charge on Professors of Government, College, Lyallpur by Police.

Mr. Speaker: Khawaja Muhammad Safdar wants to ask for leave to to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Government to check the Police force, which illegally tear-gassed the staff-room of the Government College, Lyallpur, on the 6th of November, 1963, and inspite of the protests of the Professors, mercilessly lathi charged them which resulted in serious injuries to eight professors of the said college.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Same objection. Mr. Hamza had raised a similar motion. The only difference in this motion is that according to Mr. Hamza the number of professors who were beaten was four and according to Government it was three but in this motion the number of injured professors has gone up to eight. The Leader of the Opposition has emerged with a double number. My respectful submission is that these motions are brought in this House without verifying the the facts. I remember, at the time when Mr. Hamza's motion was under discussion he was insisting that the number of the injured professors was not three as stated by the Government but it was actually four. Now, it has gone up to eight. Probably the number is increasing day by day. Sir, these are the motions which are covered by the ruling already given by the Chair. The matter is sub-judice and is not definite. We have it from the other adjournment motions that the facts have never been verified. They are only imaginary. The motion may, therefore, be ruled out of order.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میرے پاس دونوں اخبارات کی اطلاعات ہیں جن میں پروفیسروں کے نام بھی دیئے ہوئے ہیں اگر میرے محترم دوست چاہیں تو میں نام بھی پیش کر دونگا -

میاں محمد اکبر - کیا یہ سرکاری اخبارات ہیں -

مسٹر سپیکر - اس پر کوئی تنقید نہ کی جائے -

خواجہ محمد صفدر - تو یہ کہنا کہ معاملہ سب جوڈس ہے سب جوڈس تو ہے مقدمہ چل رہا ہے میں تو ظلم اور زیادتی کے خلاف کہتا ہوں کہ کوئی ایکشن نہیں لیا جارہا -

Minister of Law: The professors are accused persons. They have got injuries and that will be a circumstance to prove that they did take part in the fight. A very relevant issue is before the court of law.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا میں یہ عرض کروں گا کہ اس طور پر Brow Beat کرنے کی لاء منسٹر صاحب کوشش نہ فرمائیں لیکن جب ایسا ایک اہم مسئلہ ہاؤس کے سامنے آئے تو اس کا معمولی طور پر نوٹس لیا جائے یہ ٹھیک نہیں اس کی اہمیت کو کم نہ کیا جائے اس میں کوئی شک نہیں کہ حمزہ صاحب نے تحریک التوا ایوان کے سامنے پیش کی تھی جس میں چار پروفیسروں کی اطلاع تھی - میری اطلاع کوہستان کی خبر پر مبنی ہے جن میں سے ایک کا بازو ٹوٹ گیا اور دوسرے کے سر پر سنگین زخم آئے - میں خود تو وہاں موجود نہ تھا مگر یہ بھی نہیں ہو سکتا کہ تحریک التوا کے موقعہ پر میں یہاں چشم دید گواہ بن کر پیش ہوں -

Mr. Speaker : That was an unlawful assembly. What does the member say about that ?

خواجہ محمد صفدر - جہاں تک غیر قانونی مجمع کا تعلق ہے اگر یہ تسلیم کر لیا جائے کہ پروفیسر صاحبان اپنے سٹاف روم میں بیٹھے ہوئے تھے اور انہوں نے دروازے بند کر رکھے تھے کہ آنسو لانے والی گیس اندر نہ آئے تو اس صورت کے پیش نظر وہ غیر قانونی مجمع کے ممبر نہیں ہو سکتے ۔

That is the only proper place for them to sit.

چونکہ وہاں بہت آنسو لانے والی گیس تھی تو اس سے بچنے کے لئے انہوں نے دروازے بند کر لئے تھے وہ چیخ رہے تھے کہ ہم پروفیسر ہیں لیکن ان کو گالیاں دی گئیں کسی کی گھڑی غائب کسی کا جوتا غائب اور سڑک پر لے جا کر ان کو ایک لائن بنا کر بٹھا دیا گیا (آوازیں شیم شیم) یہ کس قدر بری بات ہے ہمیں تو کہا جاتا ہے کہ طلبا نے زیادتی کی ہم مانتے ہیں کہ طلبا نے ایک موقع پر یا کسی دوسرے موقع پر زیادتی کی ہو گی لیکن جو انہوں نے زیادتی کی کہ پروفیسروں کو مارا پیٹا اور ان کے ٹانگ اور بازو توڑ دیئے اس کے لئے اس سلک میں کچھ نہیں ہو گا ؟

Minister of Law : I was submitting that those professors are facing trial before a court of law with a very serious charge. I am sorry that I have been provoked by the Leader of the Opposition to say something on a prosecution case but my submission is that these professors joined hands with the students and they actually resisted the Police and would not allow the police officials to arrest those students who were definitely defying Section 144 and, thus, they suffered injuries. One of them actually sustained fracture. I am really very sorry to say all this on the floor of this House but their case is before a court of law pending adjudication. Khawaja Safdar will be justified to bring an adjournment motion after the decision has been given by the court and something actually is found against the police officials or other authorities who may be found responsible for this. My submission is that the action has been taken under Section 144 because the students had formed an unlawful assembly and the professors were abetting them. The matter is sub-judice and cannot be discussed here.

Mr. Speaker : As the action proposed to be discussed in this Adjournment Motion has been taken under the ordinary administration of law, the motion is ruled out of order.

مسٹر افتخار احمد خان - پوائنٹ آف آرڈر۔صدر گرامی ۔یہ پوائنٹ آف آرڈر اٹھاتے ہوئے مجھے افسوس ہوتا ہے طلبا کے مسئلے پر وزیر

قانون صاحب نے صرف ایک رویہ ایک طریقہ استدلال اختیار کر لیا ہے جو کچھ اولیس نے کیا وہ درست ہے جو مجسٹریٹ نے کیا وہ درست ہے لاہور میں جو کچھ کیا وہ درست ہے -

خان ملنگ خان (پارلیمنٹری سکرٹری—) آپ اپنا پوائنٹ آف آرڈر بتائیے -

Mr. Speaker : The member may please state his point of order.

مسٹر افتخار احمد خان - میں اس پر آرہا ہوں -

خان ملنگ خان - اور جس رول کے تحت آپ کھڑے ہوئے ہیں وہ رول quote کریں -

مسٹر افتخار احمد خان - صدر گرامی - ایک اچھی حکومت کے لئے ایک ذمہدار حکومت کے لئے جس پر ذمہ داری ہو امن و امان کو قائم رکھنے کی اور طلبا کے اور دیگر ملکی مسائل کو حل کرنے کی یہ بات زیبا نہیں دیتی کہ ہر فعل کی طرفداری کریں - ہر - .....

Mr. Speaker : This is no point of order. The member may please take his seat.

Minister of Law : May I make a submission, with your permission, that we have exhausted the list of adjournment motions tabled by the Leader of the Opposition and, I think, there is sufficient work of the Private Members' Bills fixed for the Order of the Day. Therefore, if Mr. Ansari agrees, we might take up his list tomorrow. He will be able to push through his adjournment motions, tomorrow, with added vigour and vitality.

مسٹر افتخار احمد خان - صدر گرامی - ہم ہر موقعہ پر آپ کی تجویز کا ہمیشہ استقبال کرتے ہیں اور ہم آپ کی تجویز کو قبول کرتے ہیں اس وقت آج کا Mood تحاریک التوا کے لئے اچھا نہیں ہے -

PRIVATE MEMBERS' BUSINESS

PRESENTATION OF REPORTS OF STANDING COMMITTEES

The West Pakistan Weekly Holiday Bill 1963.

Mr. Speaker : Now, we come to the original business of the day.

علامہ عبدالحق - جناب والا - میں مسودہ قانون ہفتہ وار تعطیل مغربی پاکستان مصدرہ ۱۹۶۳ء کے بارہ میں مجلس قائمہ برائے قانون و پارلیمانی امور کی رپورٹ پیش کرتا ہوں -

Mr. Speaker : The report stands presented.

The West Pakistan Quetta Division Prohibition of Walver Bill 1963.

Mr. Speaker : Babu Muhammad Rafique.

بابو محمد رفیق - جناب والا۔ میں مسودہ قانون امتناعی ولور (رواج کوئٹہ) مغربی پاکستان مصدرہ ۱۹۶۳ء کے بارہ میں مجلس قائمہ برائے امور داخلہ کی رپورٹ پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The report stands presented.

The Pakistan Penal Code (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

Mr. Speaker: Mr. Munawar Khan.

Mr. Munnawar Khan: Sir, I present the Report of the Standing Committee on Home Affairs on the Pakistan Penal Code (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

Mr. Speaker: The Report stands presented.

The Medical Council (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

Mr. Speaker: Major Abdul Majid Khan.

Major Abdul Majid Khan: Sir, I beg to present the Report of the Standing Committee on Education and Health on the Medical Council (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

Mr. Speaker: The Report stands presented.

INTRODUCTION OF BILLS

The West Pakistan Prevention of Gambling (Amendment) Bill 1963.

Mr. Speaker: Amir Habib Ullah Khan Saadi to ask for leave to introduce his bill.

Amir Habib Ullah Khan Saadi: Sir, I move.

That leave be granted to introduce the West Pakistan Prevention of Gambling (Amendment) Bill 1963.

Mr. Speaker: The Motion move is :

That leave be granted to introduce the West Pakistan prevention of Gambling (amendment) Bill 1963.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir, I will make my position clear. As has been the convention of this House that the Bills at their earlier stage of introduction even by private members have not been opposed by the Government. The same convention will be observed in all cases except those where there is any objection strictly in conformity with the Constitution, that is to say, the Constitution does not permit.

Mr. Speaker: So you are not opposing its introduction.

Minister of Law: No., Sir.

Mr. Speaker: The question is.

That leave be granted to introduce the West Pakistan Prevention of Gambling (amendment) Bill 1963.

(*The motion was carried*).

Amir Habib ullah Khan Saadi: Sir, I introduce the West Pakistan Prevention of Gambling (Amendment) Bill 1963.

Mr. Speaker: The Bill is introduced.

Next two Bills, viz., the Pakistan Penal Code (West Pakistan Amendment) Bill 1962 and the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill 1963 are in the name of Mr. Najam-ud-Din Valika. The Member is not present. Leave not asked for.

Next Bill, the West Pakistan Hyderabad and Khairpur Divisions Prohibition of 'Qsar' for Hindus Bill 1963 is in the name of Haji Mir Muhammad

Now Choudhri Abdur Rahim may ask for leave to introduce his Bill.

The West Pakistan Provincial Assembly (Allowances of Members) (Second Amendment) Bill, 1963.

Chaudhri Abdur Rahim: Sir, I beg to move,

That leave be granted to introduce the West Pakistan Provincial Assembly (allowances of Members) (Second Amendment) Bill 1963.

Mr. Speaker: The motion moved is,

That leave be granted to introduce the West Pakistan provincial Assembly (Allowance of Member) (Second Amendment) Bill 1963

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir, it is opposed. I would request the member not to insist because this implications which are laid in the Constitution. It will require the previous assent of the Governor because it deals with money matters. I would again request the member to send it to the Governor and if he is able to get the approval or sanction of the Governor, he may bring this Bill before the House and I assure him on behalfofthe Government that we will give him unconditional support.

چوھدری عبدالرحیم - اس میں ان کو تکلیف کیا ہے)

مسٹر سپیکر - چودھری عبدالرھیم صاحب آپ بل واپس لے رہے ھیں یا نہیں -

چوھدری عبدالرحیم - جناب والا میں عرض کرتا ھوں اگر اس میں کوئی قانونhitch ہے تو میں اس کو واپس لیتا ھوں اگر نہیں ہے تو میں اسے واپس نہیں لیتا -

مسٹر سپیکر - واپس لینے میں شرط نہ لگائیں آپ یہ کہیں کہ میں اسے واپس لیتا ھوں یا نہیں لیتا ھوں -

چوھدری عبدالرحیم - اگر کہیں قانونی hitoh ہے تو میں اسے واپس لیتا ھوں -

مسٹر سپیکر - اگر کا تو سوال نہیں ہے سوال تو یہ ہے کہ آپ اسے واپس لیتے ھیں یا نہیں -

چوھدری عبدالرحیم - جناب والا - یہ تو آپ کے اوپر منحصر ہے اگر اس میں کوئی قانونیhitch ہے یا یہ الٹروائرس نہیں ھو سکتا تو آپ اس پر رولنگ دے سکتے ھیں -

مسٹر سپیکر - سوال تو یہ ہے کہ آپ اس کو واپس لیتے ھیں یا نہیں -

چوہدری عبدالرحیم - جناب والا - میں اس کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ میں اس بل کو واپس لینے کے لئے تیار ہوں لیکن یہ تمام ان لائنوں پر جہاں پر فرسٹ کلاس ٹرینیں نہیں چلتی وہاں فرسٹ کلاس ٹرینیں سپلائی کی جائیں اور ان کے فرسٹ کلاس کا کرایہ reduce کیا جائے کیونکہ ہماری جو لائن ہے اس پر فرسٹ کلاس کے ڈبے نہیں ہیں فرسٹ کلاس کا ٹکٹ تو ملتا ہے یہ نقصان گورنمنٹ کا ہوتا ہے اور ہماری لیجسلیٹو اسمبلی کے اوپر بوجھ پڑتا ہے میں اس کو دور کرنے کے لئے یہ بل لا رہا ہوں اور ممبران کی prestige کے لئے یہ بل لا رہا ہوں ممبر صاحبان کو فرسٹ کلاس کا پاس تو ملتا ہے لیکن ان کو تھرڈ کلاس میں سفر کرنا پڑتا ہے -

مسٹر سپیکر - چودھری صاحب اس سٹیٹمنٹ دینے کے بعد میں آپ سے سوال کرتا ہوں کہ آپ اسے واپس لے رہے ہیں -

چوہدری عبدالرحیم - جناب والہ وزیر صاحب یہ یقین دہانی کرادیں تو پھر اس کو واپس لے لوں گا کہ وہ اب فرسٹ کلاس ٹرین کے ڈبے چلائیں گے تو میں اس کو واپس لیتا ہوں -

وزیر قانون - جناب والا معزز ممبر کل پارٹی میٹنگ میں موجود نہیں تھے وہاں وزیر ریلوے اور میں نے حقائق پیش کئے تھے اگر وہ ہوتے تو میں سمجھتا ہوں کہ ان کو واپس لینے میں کوئی اعتراض نہ ہوتا -

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: On a point of order. Can the proceedings of the Party be discussed in this House ?

MINISTER OF LAW: Definitely I am not discussing the proceedings of the Party. I will discuss with Mr. Ansari the proceedings that I held with him and nothing else.

جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ایسی لائینز پر جہاں فرسٹ کلاس کے ڈبے نہیں ہیں وزیر ریلوے نے یہ یقین دلایا ہے اور انہوں نے آرڈر جاری کر دیا ہے کہ وہاں فرسٹ کے ڈبے گاڑیوں میں چلیں گے اگر کسی ریلوے سٹیشن سے کسی کو فرسٹ کلاس میں accomodation available نہیں ہو سکتی تو رولز کے مطابق ممبر ریلوے اتھارٹی سے یہ تقاضا کر سکتے ہیں کہ وہ انہیں provide کر کے دیں وہ بس یا ۴۸ گھنٹے کا نوٹس دیں گے ہم نے معزز ممبران کو

یقین دلایا ہے کہ ان کی مشکلات جو ہیں وہ ہماری مشکلات ہیں اگر ان کو کہیں جانے میں یا یہاں آنے میں تکلیف ہوتی ہے تو اس کو ہم اپنی ہی تکلیف سمجھتے ہیں اور انشاءاللہ یہ جو ریلوے کی طرف سے مشکلات ہیں دور ہو جائیگی اور یہ شکایت نہیں رہے گی ہم یہ کوشش کرتے ہیں کہ ایم-پی-اے اپنے رتبے کے مطابق فرسٹ کلاس میں سفر کریں ۔

چودھری عبدالرحیم ۔ جناب والا اس یقین دہانی کی وجہ سے میں یہ بل واپس لیتا ہوں لیکن منسٹر صاحب کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ کہنے کی بات اور ہوتی ہے اور کرنے کی بات اور ہوتی ہے جناب والا ۔ رولز کے مطابق ہمیں چوبیس گھنٹے کا نوٹس دینا ہو گا لیکن میں ابھی گھر جا رہا ہوں چوبیس گھنٹے کہاں سے لاؤں گا ۔

Mr. Speaker : So the Bill is not pressed.

The Pakistan Penal Code (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

مسٹر سپیکر ۔ اب مولانا غلام غوث اپنا بل پیش کرنے کی اجازت طلب کریں ۔

مولانا غلام غوث ۔ جناب والا ۔ میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں ۔

کہ مسودہ قانون (ترمیم مغربی پاکستان) مجموعہ تعزیرات پاکستان مصدرہ ۱۹۶۳ء پیش کرنے کی اجازت دی جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ تحریک پیش کی گئی ہے ۔

کہ مسودہ قانون (ترمیم مغربی پاکستان) مجموعہ تعزیرات پاکستان مصدرہ ۱۹۶۳ء پیش کرنے کی اجازت دی جائے ۔

وزیر قانون ۔ (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) جناب میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ۔ مولانا غلام غوث صاحب کی خدمت میں میں یہ عرض کروں گا کہ عنقریب اسی سیشن میں ہم ایک کنسالیڈیٹڈ بل لا رہے ہیں جن میں کریمنل پروسیجر کوڈ اور پینل کوڈ کی ترامیم ہو گی وہ کم سے کم تین سو صفحے کا بل ہے

اور اس وقت اگر مولانا غلام غوث صاحب نے دیکھا کہ جو ترمیم وہ اس میں اس وقت کرنا چاہتے ہیں وہ اس میں درج نہیں ہے تو وہ امنڈمنٹ لا سکتے ہیں اور ہم انشاءاللہ جہاں تک ہو سکے گا اور جہاں تک امنڈمنٹ معقول ہو گی مان لیں گے اس لئے میں عرض کروں گا کہ جو بیس میل لیجسلیشن کریمینل پروسیجر کوڈ اور پینل کوڈ کی امنڈمنٹس آرہی ہیں ہم ان کی اسی وجہ سے مخالفت کرتے ہیں کیونکہ ہم ایک کنسالیڈیٹڈ بل لا رہے ہیں اور یہ نہیں کہ ہم اس وقت مولانا صاحب کے اصول کی مخالفت کر رہے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ مولانا صاحب ہماری یقین دہانی کے بعد جو ان کی خدمت میں پیش کی ہے اسے قبول کریں گے اور یہ اپنا بل واپس لے لیں گے۔

مولانا غلام غوث - جناب صدر۔ کیا اسی اجلاس میں لائیگے ۔

وزیر قانون - امید ہے انشاءاللہ ہم لائینگے ۔

مولانا غلام غوث۔ اگر اس اجلاس میں لانے کا قطعی وعدہ کریں تو میں واپس لے لونگا ۔

مسٹر سپیکر - وہ امید ظاہر کر رہے ہیں ۔

وزیر قانون - جناب والا میں مولانا کی خدمت میں عرض کرونگا کہ انشاءاللہ میں اپنا وعدہ پورا کرونگا لیکن وہ اپنی طرف کے معزز ممبران کو ہدایت کریں کہ وہ اسے اسی اجلاس میں پاس بھی کر دیں اور اس پر زیادہ وقت نہ لگائیں ۔

مولانا غلام غوث - اگر وہ شریعت کے خلاف نہ ہو گا تو اسے پاس کرنے میں کیا حرج ہے لیکن یہ تو آپ کو ثابت کرنا ہو گا۔کیا آپ یہ وعدہ کرتے ہیں کہ وہ شریعت کے بالکل مطابق ہو گا ؟

وزیر قانون - جناب والا۔ یہ ہمارا آئین ہے یہ ہمارا اصول ہے یہ ہمارا مذہب ہے اور یہ ہمارا ایمان ہے۔ انشاءاللہ ایسا ہی ہو گا ۔

مسٹر سپیکر - مولانا کیا آپ اس بل کو واپس لیتے ہیں ؟

مولانا غلام غوث - جی ہاں میں اس یقین دہانی کے بعد ان کے ایمان پر اعتماد کرتا ہوں ۔ (قہقہہ)

The West Pakistan (University of the Punjab) Ordinance 1961 (Repeal) Bill 1963.

Mr. Speaker: Mr. Hamza to ask for leave to introduce his Bill.

Mr. Hamza: Sir, I beg to move.

That leave be granted to introduce the West Pakistan (University of the Punjab) Ordinance 1961 Repeal) Bill 1963.

Mr. Speaker: The motion moved is.

That leave be granted to introduce the West Pakistan (University of the Punjab Ordinance 1961 (Repeal) Bill 1963.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Opposed.

Mr. Speaker: Mr. Hamza may please make a short statement.

مسٹر حمزہ - (لائلپور-۶) جناب سپیکر - یہ انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ ہماری حکومت پبلک اور طالب علموں کے مطالبات اور شدید احتجاجات کے باوجود اس چیز پر آمادہ نہیں ہوئی کہ اس قسم کے autocratic قانون کو قطعی طور پر ختم کرے یا اس میں اس حد تک ترمیم کرے جس سے یہ قانون ایک جمہوری ملک کی قانون کی کتاب میں شامل کئے جانے کے لائق ہو -

جناب سپیکر - پچھلے دنوں ہماری وزیر تعلیم صاحبہ نے یہ وعدہ کیا تھا کہ وہ اس قانون میں اسمبلی کے اجلاس کے دوران کوئی ترمیم لائیگی حقیقت یہ ہے کہ یہ نہایت موزوں وقت ہے کہ گورنمنٹ اس بل کو admit کر لیتی اور اس کے بعد وہ ترامیم جو کہ گورنمنٹ لانا چاہتی ہے اس پر غورو خوض کے دوران پیش کر دیتی ہماری حکومت کی طرف سے اس بل کی Introduction پر جو اعتراض ہوا ہے اس سے صاف ظاہر ہے کہ ہماری حکومت نے اس چیز کا ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں کیا کہ ہمارے ملک کے طلبا کے مطالبات تسلیم کئے جائیں اور اس کے نتیجہ کے طور پر ملک میں جو ہیجان پھیلا ہوا ہے اور خصوصاً طلبا کے طبقے میں اس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر ہے حکومت نے دیدہ دانستہ agitation پیدا کر کے اپنے سیاسی مخالفوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کی ہے ہمارے بچوں نے جب اپنے جائز مطالبات منوانے کے لئے ہڑتال کی تو حکومت نے ان کو اس طریقے سے بہکایا اور ان کے ساتھ ایسا ناروا سلوک کیا جس کا لازمی نتیجہ agitation کی صورت میں ظاہر ہوا اور اس agitation

کو جس طریقے سے دبایا گیا اس سے بھی صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ سب کچھ بچوں کی اصلاح کی خاطر نہیں بلکہ سارے ملک میں یہ دکھانے کے لئے کیا گیا ہے کہ حکومت ان کے جائز ترین مطالبات پر غور کرنے کے لئے تیار نہیں ہے بلکہ انہیں طاقت کے زور سے ختم کرنے اور کچلنے پر آمادہ ہے۔

جناب سپیکر - ان الفاظ کے ساتھ میں حکومت کی بنچوں پر تشریف رکھنے والے ممبران سے درخواست کرونگا کہ وہ اتنے اہم مسئلہ کو جذبات یا پارٹی بازی سے بالاتر ہو کر سوچیں اور اس مرحلہ پر اس بل کو introduce کرنے کی اجازت دیں تاکہ یونیورسٹی آرڈیننس میں وہ سب ترامیم پیش کی جا سکیں جس کا وعدہ گورنمنٹ کی طرف سے پیہم کیا جاتا رہا ہے یا اسے قطعی طور پر repeal کیا جا سکے —

وزیر قانون -(مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) جناب والا - معزز ممبر کی خدمت میں گذارش یہ ہے کہ انہوں نے اس ہاؤس میں یہ بل لا کر طالب علموں کی وہ خدمت انجام نہیں دی جو دینی چاہیئے تھی اگر معزز ممبر اپنے اس بل پر غور فرمائیں تو وہ دیکھیں گے کہ اول تو اس میں ۱۹۶۱ء کے آرڈیننس کو منسوخ کرنے اور دوسرے ۱۹۵۴ء کے یونیورسٹی ایکٹ کو restore کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے - میں سمجھتا ہوں اور جہاں تک میرے قانونی علم کا تعلق ہے اس قسم کا کوئی بل بھی ۱۹۵۴ء کے ایکٹ کو جو کہ ختم ہو چکا ہے قانونی صورت میں واپس نہیں لا سکتا -

We cannot restore Acts which have been repealed like this.

تو میں ان کی خدمت میں یہی عرض کرونگا کہ وہ اپنا یہ بل واپس لے لیں اور اگر مناسب سمجھیں تو کچھ مدت کے بعد اسے صحیح صورت میں لائیں ویسے حکومت کی طرف سے میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ ہم اس مسئلے پر پہلے ہی غور کر رہے ہیں وزیر تعلیم صاحبہ یہاں موجود ہیں -

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر ایوان سے تشریف لے گئے اور مسٹر ڈپٹی سپیکر سید ظفر علی شاہ کرسی صدارت پر متمکن ہوئے) -

وہ اس سلسلے میں آپ کو یقین دہانی کرائینگے لیکن آپ مہربانی کر کے اس سوال پر زیادہ زور نہ دیں کیونکہ اس

سوال کی بناء پر طلبا یہ سمجھیں گے کہ یہ بل جو اس وقت ہاؤس کے سامنے پیش ہے منظور ہو جانے کے بعد ۱۹۶۱ء کا آرڈیننس ختم ہو جائے گا لیکن میں پھر یہ عرض کردوں کہ اگر اس صورت میں ہم اسے پاس کر بھی دیں تو بھی نہ ۱۹۶۱ء کا آرڈیننس ختم ہو سکتا ہے اور نہ ہی اس شکل میں ۱۹۵۴ء کا ایکٹ واپس آسکتا ہے لہذا ہم انہیں یقین دلاتے ہیں کہ جہاں تک طلبا کالجوں سکولوں اور یونیورسٹیوں کی ضروریات کا تعلق ہے ہم ان سے غافل نہیں ہیں ہم انشاالله ان کے منشاء کے مطابق کام کرینگے اور اپنے یہ سب ادارے چلائیں گے اور آئندہ ہمارے آپوزیشن کے ممبران کو یہ ضرورت ہی پیش نہ آئے گی کہ وہ یہی سوال Privilege Motions-Adjournment Motions یا کسی بل کی صورت میں یہاں لائیں مجھے امید ہے کہ ان گذارشات کے بعد معزز ممبر اپنا بل واپس لے لیں گے -

جناب والا - میں انہیں پھر یقین دلاتا ہوں کہ اس سلسلے میں آئندہ ان کو کچھ کہنے کی ضرورت پیش نہ آئے گی ہم جانتے ہیں کہ ہمیں کیا کرنا چاہیئے اس معاملے میں ہمیں ان سے پوری ہمدردی ہے ہمیں ان کی ضروریات کا علم ہے اور انشاالله ہم ان ضروریات کے مطابق سب کچھ کرینگے اور متعلقہ طبقوں کو مطمئن کرنے کی ہر ممکن کوشش کرینگے لیکن ہمیں افسوس ہے کہ ممکن ہے ہماری ان کوششوں کے بعد بھی ہمارے آپوزیشن کے معزز ممبران مطمئن نہ ہوں کیونکہ ان کا رویہ ہر بات میں جرح کرنے کا ہوتا ہے اور حکومت پر attack کرنے کا ہوتا ہے خواہ حکومت کتنے اچھے کام ہی کیوں نہ کرے تا ہم وہ اپنے طریقے سے اپنے فرائض پورے کرتے ہیں- ہمیں اس پر بھی کسی قسم کا گلہ نہیں لیکن پھر بھی میں ان کی خدمت یہ عرض کرونگا کہ وہ حکومت کے ساتھ تعاون کریں تاکہ یہ الجھن جو پیدا ہو گئی ہے ختم ہو جائے ہم اور آپ بیٹھ کر کوئی ایسا حل ڈھونڈ نکالیں جس سے یہ گڑبڑ جو ان مصنوعی حادثوں کی وجہ سے پیدا ہو گئی ہے ختم ہو جائے -

Now, Sir, the Education Minister will say a few words if you permit her.

وزیر تعلیم - (بیگم محمودہ سلیم خان) - سب سے پہلے میں معزز ممبر سے یہ پوچھوں گی کہ آیا انہوں نے طلبا سے یہ معلوم کر لیا ہے کہ یہ آرڈیننس انہوں نے پڑھا ہے یا نہیں کیونکہ جہاں جہاں بھی گئی ہوں میرے پاس طلبا کے کئی deputations آئے میں نے ان سے پوچھا کہ آیا انہوں نے اس آرڈیننس کو پڑھا ہے تو انہوں نے کہا نہیں پڑھا لیکن آپ اسے repeal کر دیں میں کہتی ہوں کہ جب ان کو معلوم ہی نہیں کہ اس میں کیا ہے تو پھر وہ کیوں کہتے ہیں کہ اسے repeal کر دیا جائے میں نے ان سے کہا کہ آپ کوئی ایسی تجاویز دیں کہ صحیح پروفیسر نہیں مل رہے یا accomodation کی تکلیف ہے یا ہوسٹل میں جگہ نہیں ملتی یا رہائش کے متعلق کوئی تجاویز پیش کرنا چاہیں تو میں آپ کے لئے out of the way جا کر بھی انتظام کی کوشش کرونگی چونکہ یہ قانونی بات ہے اسے ہم پر چھوڑ دیں ہم جو کچھ کریں گے آپ کی بہتری کے لئے ہو گا اور آپ کے لئے آسانی پیدا کریں گے مگر وہ کہتے ہیں کہ بس اسے repeal کر دیں -

جناب والا - میں نے مختلف جگہوں کا tour کیا ہے میں بچوں سے ملی ہوں اور میں نے یہی رائے دی ہے کہ آپ وائس چانسلر سے مل کر تجاویز پیش کریں تاکہ وہ کوئی مناسب ترمیم پیش کرسکیں پہلے دو کمیٹیاں مقرر کی گئی تھیں جن کے چیئرمین ہمارے سابقہ فنانس منسٹر یعقوب شاہ صاحب تھے ان کا یہ کام تھا کہ وہ دیکھیں کہ کالجوں میں بچوں کو کیا شکایات ہیں اور اس بات کا اندازہ کریں کہ بچوں میں بد امنی اور بد نظمی کیوں ہے چنانچہ انہوں نے غور کیا ور اپنی سفارشات پیش کیں جو ہم نے اوپر بھیج دیں -

جناب والا - آج کل جس قسم کی فضا ہے وہ آپ سے پوشیدہ نہیں اس لئے میں اپنے بھائی سے درخواست کرتی ہوں کہ وہ اس بل کو press نہ کریں حکومت کو اس بات کا پورا پورا احساس ہے اور بچوں کے ساتھ پوری پوری ہمدردی ہے اس میں جو نقائص ہوں گے اگر ان کے لئے کوئی ترمیم آئے گی تو ہم ضرور غور کریں گے بلکہ میں تو یہ کہونگی کہ غور کیا

جا رہا ہے تمام وزراء اس پر غور کر رہے ہیں جب فضا بہتر ہو جائے گی تو ہم بچوں کی بہتری کے لئے ضرور قدم اٹھائیں گے -

میں یقین دلاتی ہوں کہ اس آرڈیننس میں کوئی ایسی چیز نہیں جو تکلیف دہ ہو اور نہ ہی اس میں کوئی ظلم و جبر ہے اس لئے میں اپنے بھائی سے درخواست کروں گی کہ وہ اس پر زور نہ دیں اور اس بل کو واپس لے لیں اس وقت ہر ایک کا فرض ہے کہ بچوں کے مسائل کے حل کے لئے کوئی صحیح طریق کار بتائے بعض بچے تو پڑھائی سے دل چراتے ہیں اور جب ان پر کوئی پابندی یا بندش لگائی جاتی ہے تو وہ سٹرائیک کا ذریعہ اختیار کر لیتے ہیں - یہ بات تو اب ایک ناسور بن گئی ہے بچے قوم کی امانت ہیں اگر وہ غلط راستے پر ہوں تو بہتر یہ ہے کہ آپ ان کی حمایت نہ کریں کیونکہ یہی ان کے لئے مناسب ہو گا اور ملک اور قوم کے لئے بھی بہتر ہو گا -

ان گذارشات کے بعد میں معزز بھائی سے درخواست کروں گی کہ وہ اس بل کو واپس لے لیں -

مسٹر حمزہ - محترمہ وزیر تعلیم صاحبہ نے کیا خوب فرمایا ہے کہ یہ مسئلہ ایک ناسور بن گیا ہے میں انتہائی افسوس کے ساتھ عرض کروں گا کہ یہ قانون ۱۹۶۱ء سے چلا آرہا ہے اور ابھی تک آپ نے طلبا کی تکالیف کو دور کرنے اور اس قانون کی ترمیم یا تنسیخ کے لئے کوئی عملی اقدامات نہیں کئے محض ٹالنے کی کوشش کی ہے -

Mr. Deputy Speaker : I will remind the member that at this stage he can make only explanatory statement. If he is not going to withdraw. I think there has been sufficient debate and the question may now be put.

خان اجون خان جدون - میں معزز ممبر سے درخواست کرونگا کہ وزیر صاحبہ کی طرف سے یقین دہانی کرائی جا چکی ہے کہ وہ اس سلسلہ میں غور کر رہی ہیں اور قانون بنا رہی ہیں بہتر ہے کہ آپ واپس لے لیں - آپ کے اس بل سے تو مقصد حل نہیں ہوگا - آپ یہ پوائنٹ سمجھ لیں کیونکہ اس پر مزید بحث کرنے کی ضرورت نہیں ہے -

مسٹر حمزہ - ایسے اقدامات کرنے کے لئے کوئی وقت وقفہ یا میعاد مقرر کر دیں -

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریاہ میمن) ۔ جو ضروری اقدامات ہیں وہ ہم کر رہے ہیں اس کے علاوہ ہم اور کچھ کرنے کو تیار نہیں باقی ہاؤس کے معزز ممبران کو اختیار حاصل ہے وہ جس طرح چاہیں فیصلہ کریں ۔

مولانا غلام غوث ۔ اس بات کی یقین دہانی کرائی جائے کہ اس کو بہتر بنانے کی کوشش کی جائیگی اور جو کچھ کرینگے سوچ سمجھ کر کرینگے ۔

وزیر قانون ۔ ہم یہ وعدہ کرتے ہیں کہ بالکل اچھے طریقہ سے کریں گے ۔ آپ اطمینان رکھیں بار بار کہنے کی ضرورت نہیں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ مولانا صاحب کیا آپ کو اب اطمینان ہو گیا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ وزیر تعلیم صاحب نے وعدہ کیا ہے ۔ اگرچہ قبل ازیں ایسے کئی وعدے کئے گئے جن پر ہمیں اعتماد نہیں اور شاید آئندہ بھی یہی انجام ہوگا ۔ تاہم گورنمنٹ کی عدم تعاون کی پالیسی کے پیش نظر بل کو واپس لیتا ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker: So the Bill is not pressed.

The Weekly Holiday (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

Mr. Deputy Speaker: Next is the Weekly Holidays (West Pakistan Amendment) Bill 1963. Chaudhri Muhammad Ibrahim may please ask for leave to move his Bill.

Chaudhri Muhammad Ibrahim: Sir, I beg to move.

That leave be granted to introduce the Weekly Holidays (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

Mr. Deputy Speaker: The motion moved is,

That leave be granted to introduce the Weekly Holidays (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

Minister of Law: Opposed Sir.

Mr. Deputy Speaker: Chaudhri Sahib may make a short statement.

چودھری محمد ابراھیم (سیالکوٹ ۔ ۳) ۔ صاحب صدر۔ محترم وزیر قانون کو معلوم ہے کہ اس قسم کا ایک اور بل علامہ عبدالحق صاحب پیش کر رہے ہیں جو اس سے مختلف ہے ۔ کیا وہ فرمائیں گے کہ اسے اس وقت پیش نہ کرنے میں کونسی رکاوٹ ان کے سامنے پیش آ رہی ہے ۔

وزیر قانون ۔ علامہ صاحب کا بل اور ہے اور آپ کا بل اور ہے ۔

چودھری محمد ابراہیم ۔ میں نے یہ بل جس بات کے لئے یہاں پیش کرنے کی خواہش کی ہے وہ لیبر ویلفیئر کے متعلق ہے کیونکہ لیبر پر یہ بالکل ناروا سی پابندی لگائی گئی ہے کہ وہ ہفتہ میں ایک دن تعطیل ضرور کریں ۔ یہ پابندی اسکے لئے چاہئے جو سرمایہ دار ہو اور دوکان چلا رہا ہو ۔ لیکن جو مزدور خود کام کرتا ہے اس کو بھی مجبور کیا جا رہا ہے کہ ہفتہ میں ایک دن چھٹی منائے حالانکہ ہوتا یہ ہے کہ وہ اپنی دوکان کسی دوسری جگہ لگا لیتا ہے ۔ یہ خالصتاً سرمایہ داروں کے ملازمین کے مفاد میں ہے کہ وہ چھٹی منائیں اگرچہ حکومت نے یہاں تک اس بات کو اپنے ذمہ لے لیا ہے کہ معمولی کاروبار کرنے والے کو بھی چھٹی کرنے پر مجبور کیا جائے تو پھر حکومت کو چاہئے کہ وہ ان کو subsidise کریں ۔ یا ان حالات میں کیا اس بات کی گنجائش ہے کہ جن کی آمدنی کم ہو ان کو compensate کریں ۔ یا جو لوگ بالکل سیدھے سادھے طریقہ سے اپنا کاروبار چلاتے ہیں ان پر سے یہ پابندی ہٹا دیں ۔ اور صرف ان لوگوں کے لئے پابندی رہے جو سرمایہ دار ہیں ۔ اس قانون کے تحت ایک غریب دوکاندار کو بھی جو بالکل معمولی سرمایہ سے اپنی دوکان چلا رہا مجبور ہونا پڑتا ہے ایک تو یہ بات ہے اور دوسری یہ ہے کہ دوکانیں پورا ہفتہ کھل سکتی ہیں ۔ اگر کوئی دوکاندار لیبر انسپکٹر کو راضی رکھتا ہے اور اس کو کچھ نذرانہ دیتا رہتا ہے پھر خواہ چھٹی ہو وہ پورا ہفتہ دکان کھول سکتا ہے اور اگر وہ ایسا نہیں کرتا تو یہ ممکن ہے کہ چھٹی کے دن جب وہ دکان بند بھی رکھے پھر بھی اس کا چالان ہو جائے ۔

صاحب صدر ۔ یہ ناروا قسم کی پابندی ہے جو لوگ محض اپنا پیٹ پالنے کے لئے کاروبار چلاتے ہیں ان پر ایسی پابندی لگانے کی کیا ضرورت ہے ۔ اس سے گورنمنٹ کو کیا فائدہ ہے ۔ ملک کو کیا فائدہ پہنچتا ہے ۔ کاروبار کو کیا فائدہ ہے ۔ یا کسی کی ذات کو کیا فائدہ ہے ۔ ہاں اگر فائدہ پہنچتا ہے تو لیبر انسپکٹر کو یقیناً فائدہ پہنچتا ہے ۔ ان لوگوں کے ہاتھ میں آپ نے ڈنڈہ دے دیا ہے تاکہ وہ غریب لوگوں کا خون چوسیں ۔

چونکہ اس میں کسی قسم کی ملکی خدمت یا انسانی بہبود نظر نہیں آتی اس لئے میں جناب وزیر قانون کی خدمت میں درخواست کرونگا کہ وہ میری گذارش کو قبول کرلیں -

مولانا غلام غوث - میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ آیا اس قانون کے تحت اگر کسی شخص کی ذاتی دوکان ہو یا جس کا کوئی ملازم نہ ہو وہ بھی مجبور ہے کہ ہفتہ وار چھٹی کرے -

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) - جی ہاں - ہائی کورٹ کا فیصلہ بھی یہی ہے -

چودھری صاحب کے کہنے کے مطابق انہوں نے اس بل کو لانے کا مقصد یہ بتایا ہے - کہ یہ مزدور کے مفاد میں ہے - اور انکے تحفظ کے لئے لایا گیا ہے - اور جو انسپکٹر آکر اپنا خرچہ لے لیتے ہیں - اس سے بھی نجات مل جائیگی - میں چودھری صاحب کو یہ بتانا چاہتا ہوں - کہ ایسا کیوں رکھا گیا ہے - تو حالات سے انکو یہ علم ہو جائیگا - ایسے حالات میں اگر جو مالک چاہے وہ بڑا ہو - چاہے چھوٹا ہو - اور اپنے ہاتھ سے کام کرتا ہے - تو اسکو دکان کھولنے کی اجازت ملتی ہے - اس دن کو بھی جس دن کہ دوسرے دوکاندار اپنی دوکانیں بند رکھینگے - تو اس صورت میں Unfair Competition ہو جاتی ہے - وہ دوکاندار اس بہانے پر دوکان کھلی رکھتا ہے - کہ اسکے پاس ملازم نہیں ہے - اور جنکے پاس ملازم ہیں - انکو دوکان بند کرنی پڑتی ہے - تو اس سے Business Rivalry پیدا ہو جاتی ہے - اس لئے یہ مناسب سمجھا گیا ہے - کہ ایک ہی دن چھٹی کا رکھا جائے - چاہے کسی کے پاس ملازم ہو - اور چاہے کسی کے پاس ملازم نہ ہو - تو اس کا نتیجہ یہ بھی ہوگا - کہ ——

Mr. Ali Gohar Khuro: The House is not in quorum, Sir.

Mr. Deputy Speaker: I think lately, the attendance has been thinning. Let us take a count.

Minister of Law: Point of Order Sir,. According to new rules bells will ring for five minutes and then a count will be taken.

Mr. Deputy Speaker: I think the members are in the lobbies.

Minister of Law: The House is now in quorum.

Mr. Deputy Speaker: Yes, it is in quorum now.

وزیر قانون - تو میں چودھری صاحب کی خدمت میں یہ عرض کر رہا تھا - کہ انکا نتیجہ یہ بھی ہوگا - کہ وہ مالک کہ جنکے

پاس ملازم ہیں - وہ ان پر جبر کریں گے - تو اس لئے میں چودھری صاحب کو عرض کرتا ہوں - کہ یہ Unfair Competition ہٹانے کے لئے اور اسے بند کرنے کے لئے Provision ہے - اور باقی رہا انسپکٹر کا سوال - کہ وہ پیسے لیتے ہیں - تو اگر کوئی بےایمانی اور خلاف قانون کام کرنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں - اور دوکان خلاف قانون کھلی رکھنی چاہتے ہیں - اور اسکے لئے انہیں انسپکٹر کو پیسے دینے پڑتے ہیں - تو اسکی ذمہ داری حکومت پر نہیں ہے - اور ہم اس میں کچھ بھی نہیں کر سکتے -

چودھری محمد ابراہیم - صاحب صدر - اسکی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے - آخر وہ آپکے ملازم ہیں - اگر وہ بدعنوانیاں کر رہے ہیں - تو اسکی ذمہ داری کس پر ہے - کیا عرش پر رہنے والے فرشتوں پر ہے - آخر وہ آپکے ملازم ہیں - غالباً اس مسئلے میں وزیر قانون صاحب کو ان چھوٹے دوکانداروں کی اس پستئی حال سے سابقہ نہیں پڑا - غالباً انکے ذہن میں یہ ہے - کہ ہفتے میں ایک دن دوکان بند کرنی ہوتی ہے - اور وہ ہفتے کا کوئی ایک دن مقرر ہوتا ہے - اگر ایسا ہو کہ جمعہ ہفتہ یا اتوار کے دن بازار بند ہو - تو وہ ایک بات بھی ہے - لیکن صورت حالات یہ ہے -

بعض دوکاندار سوموار کو بعض منگل کو اور بعض بدھ کو اپنی دوکانیں بند کرتے ہیں - انکے لئے کوئی یکسانیت نہیں ہے - اس لئے وہاں کوئی Unfair Competition کا استعمال ہی نہیں ہے - اس صورت حال کے پیش نظر کہ بعض دوکاندار اپنی دوکانیں جمعہ کو اور بعض ہفتہ یا اتوار کے دن بند کرتے ہیں - تو بازار تو بند نہیں ہوتا سودا تو مل رہا ہے - لیکن وہ آدمی جس کا کوئی ملازم نہیں ہے - اور جو خود اپنی دوکان پر مزدور ہے - اور جو اپنے سر پر خود سامان اٹھا کر دوکان پر لے جاتا ہے - اس کو جب آپ مجبور کرتے ہیں - کہ اس کی روزی کو بھی بند کر دیا جائے - وہ ایک دن جو آپ اسے مجبور کرتے ہیں - اگر آپ اسے اس دن کی مزدوری بھی ادا کر دیں - تو وہ آپ کا شکر گذار ہوگا - اور جو خلش آپ کو اس قانون سے ہے - وہ دور ہو جائیگی - بہر حال میں اسے Press کرتا ہوں - اگر وزیر قانون صاحب اس کے متعلق

میرا مزید اطمینان کرادیں تو مجھے خوشی ہوگی مگر میں یہ دیکھتا ہوں ۔ کہ اس سے کسی کی ذات کو کوئی نفع نہیں پہنچتا ۔ ارر نہ ہی اس سے Unfair Competition کے پیدا ہونے کا سوال ہے ۔

وزیر قانون ۔ میں مختصراً یہ عرض کروں گا ۔ کہ اگر آپ ایسے مالک کو جو بغیر کسی ملازم کے دوکان چلاتا ہے ۔ ایک دن چھٹی کرنے پر مجبور نہ کرینگے تو وہ بیمار ہو جائیگا ۔ اور قوم کے اوپر ایک مصیبت پڑجائیگی اور معزز ممبر کو معلوم ہے کہ یہی وجہ ہے کہ کراچی میں رکشا چلانے والوں کو جب گورنمنٹ نے مجبور کیا تو باوجودیکہ رکشا چلانے والوں نے احتجاج کیا اور کہا کہ رکشا تو ہم خود چلاتے ہیں اپنے آپ کو مارتے ہیں آپ کو کیا ہے آپ ہمارا روزگار کیوں بند کر رہے ہیں ۔ لیکن حکومت نے صرف ایک آدمی پر چند آدمیوں کے روزگار کو نہیں دیکھنا ہوتا اس نے حکومت اور State کی بھلائی اور بہبودی کو بھی دیکھنا ہوتا ہے ۔ اس لئے یہ ضروری ہے کہ ایک دن چھٹی منانے پر ہم انہیں مجبور کریں کہ وہ آرام بھی کریں اور خدا کی بندگی بھی کریں ۔

Mr. Deputy Speaker : Does the Member press it or not ?
Chaudhri Muhammad Ibrahim : I do press it.

مولانا غلام غوث ۔ خدا کی بندگی کے لئے صرف ایک ہی دن کیوں مقرر کیا گیا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : The question is—

That leave be granted to introduce the Weekly Holiday (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

The motion was lost

چودھری محمد ابراھیم ۔ معقول سے معقول بات کو بھی اس ہاؤس میں لانے کا کوئی فائدہ نہیں ہے میرا خیال ہے کہ آپ نے یہ فیصلہ کر رکھا ہے کہ اس طرح سے جو بات بھی آئیگی خواہ وہ کتنی ہی معقول کیوں نہ ہو آپ اسے نہیں مانینگے ۔

The code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

Mr Deputy Speaker: Yes, Chaudhri Muhammad Ibrahim.

Chaudhri Muhammad Ibrahim: Sir, I beg to move:

That leave be granted to introduce the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

Mr. Deputy Speaker: The motion moved is:

That leave be granted to introduce the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill, 1963.

Minister of Law: Opposed, Sir.

میں اب پھر وہی کچھ عرض کروں گا جو میں نے مولانا صاحب کی خدمت میں عرض کیا تھا....

Mr. Deputy Speaker: I think the Member wants to make an explanatory statement. Yes, Chaudhri Sahib.

چوہدری محمد ابراھیم ۔ صاحب صدر ۔ میرا خیال ہے کہ جس بناء پر وزیر قانون صاحب اس کی مخالفت کر رہے ہیں ۔ اگر وہ سامنے آ جائے تو بہتر ہوگا ۔

وزیر قانون ۔ (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن)۔میں نے یہ عرض کیا ہے کہ ہم نے ایک Consolidated بل بنایا ہے میں یہ آپ کو اور اطمینان دلاتا ہوں کہ وہ آرڈیننس کی شکل میں نہیں آئیگا ۔ بلکہ بل کی صورت میں آئیگا اور آپ کو حق ملے گا اور آپ کو کافی موقع ملیگا کہ اس میں ترامیم پیش کریں اور آپ کی جو بھی معقول ترمیم ہوگی انشاء اللہ ہم اسے مان لینگے ۔ یہ Consolidated قانون سارے مغربی پاکستان کے لئے بنے گا کسی ایک پارٹی کے لئے نہیں بنیگا ۔ آپ اطمینان رکھیں ۔ ہم اس بل کو صحیح شکل میں ہی پیش کرینگے ۔ افسوس تو یہ ہے کہ جیسا کہ کل ایک بیان میں بتایا گیا ہے کہ اس ایوان میں بشمول Independent ممبروں کے حزب مخالف کے کل تیس ممبر ہیں اور آج پرائیویٹ ممبروں کا دن ہوتے ہوئے بھی حالات یہ ہیں کہ وہ تیس ممبر بھی ایوان میں نظر نہیں آئے افسوس کا مقام ہے کہ آج پرائیویٹ ممبروں کا دن ہے اور آپوزیشن اس دن بھی ایوان کی کارروائی میں دلچسپی نہیں لیتی اور پھر وہ چلاتے ہیں کہ انہیں وقت نہیں ملتا ہے ۔ حالانکہ آج پرائیویٹ ممبروں کا دن ہے ۔ لیکن مقام افسوس ہے ۔ کہ آپوزیشن والے آج کے دن بھی ایوان میں نظر نہیں آتے ۔

Nawabzada Iftikhar Ahmed Khan : I refute the statement made by the Law Minister that a large number of Members of the Opposition are absent. They are all here. In fact, there is a distinguished guest at the present moment in the Assembly premises and they are meeting him.

Minister of Law : I said they are not in the House and that is correct.

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ چودھری صاحب کیا آپ اپنی تحریک واپس لے رہے ہیں ؟

چوھدری محمد ابراھیم ۔ میں وزیر قانون صاحب سے صرف اتنی وضاحت چاہتا ہوں کیا وہ اس خاص دفعہ کے تحت بھی کوئی ترمیم لا رہے ہیں اپنے اس مسودہ قانون میں یا نہیں ۔

وزیر قانون ۔ اس وقت تو میں تفصیل نہیں بتا سکتا ۔ لیکن یہ وعدہ کرتا ہوں کہ اگر آپ یہ دیکھیں کہ اس میں آپ کی مجوزہ ترمیم اسقدر تفصیل وار نہیں ہے ۔ جس قدر کہ آپ چاہتے ہیں تو اس وقت آپ اسے تجویز کر سکتے ہیں ۔

چودھری محمد ابراھیم ۔ صاحب صدر۔ میں اپنی تحریک پر زور نہیں دیتا ۔

Mr. Deputy Speaker : So, it is not pressed.

The Punjab Trade Employees (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

Mr. Deputy Speaker : Sahibzadi Mahamooda Begum to ask for leave to introduce her Bill.

Sahibzadi Mahmooda Begum : Sir, I beg to move.

That leave be granted to introduce the Punjab Trade employees (West Pakistan Amendment Bill, 1963.

That leave be granted to introduce the West Pakistan Restitution of Mortgaged Lands Bill 1963.

Minister of Law: Not opposed.

Mr. Deputy Speaker : Motion moved, the question is—

That the leave be granted to introduce the Punjab Trade employees (West Pakistan Amendment) Bill, 1963.

(*The motion was carried*).

صاحبزادی محمودہ بیگم ۔ (راولپنڈی—سرگودھا ڈویژن) جناب محترم ۔ میں پنجاب ٹریڈ ایمپلائز (ترمیم مغربی پاکستان) بل ۱۹۶۳ء پیش کرتی ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker : The Bill stands introduced.

The Municipal Administration Ordinance 1960 (*West Pakistan Amendment*) *Bill* 1963.

Mr. Deputy Speaker : Next Bill is in the name of Nawabzada Ghulam Qasim Khan, he may ask for leave to introduce his Bill.

Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani : Sir, I beg to move—

That leave be granted to introduce the Municipal Administration Ordinance 1.60 (West Pakistan Amendment Bill, 1963.

Mr. Deputy Speaker: Motion moved, the question is

That leave be granted to introduce the Municipal Administration Ordinance 1960 (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

(The motion was carried).

Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani: Sir, I introduce the Municipal Administration Ordinance 1960 (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

Mr. Deputy Speaker: The Bill is introduced.

The West Pakistan Restitution of Mortgaged Lands Bill 1963.

Mr. Deputy Speaker: Chaudhri Niamat Ullah may now ask for leave to introduce his Bill.

Chaudhri Niamat Ullah: Sir, I beg to move—

That leave be granted to introduce the West Pakistan Restitution of Mortgaged Lands Bill 1963.

Mr. Deputy Speaker: The motion moved is—

That leave be granted to introduce the West Pakistan Restitution of Mortgaged Lands Bill 1963.

چوھدری نعمت اللہ ۔ (سیالکوٹ۔ ۵) ۔جناب والا ۔ یہ قانون ان غریب زمینداروں کیلئے بنایا جا رہا ہے ۔ جن کی اپنی زمینیں رھن پڑی ھیں اور ان کا گذارہ قریب قریب ناممکن ھو گیا ہے ۔ اجناس کی قیمتیں بہت زیادہ ھو گئی ھیں اس وجہ سے بھی ان کی بسر اوقات مشکل ھو رھی ہے ، اس وجہ سے ان کی زمینیں واگذار ھو جائیں تو ان غریب زمینداروں کو اطمینان ھو ۔

اس طرح کا بل ۱۹۳۸ء میں بھی آ چکا ہے اور اس بل کے ذریعہ سے ۱۹۰۱ء تک کی جو زمینیں رھن تھیں وہ اصل مالکوں کو واپس ھوئی تھیں اور اس بل سے یہ فائدہ ھوا تھا کہ تمام زرعی زمینیں جو مدتوں سے پڑی ھوئی تھیں وہ ان کو واپس مل گئی تھیں اور ان کی اقتصادی حالت بہتر ھو گئی تھی ۔ اس طرح اگر یہ بل پاس ھو جائے تو زمینداروں کو بیشمار فائدہ ھو جائے ۔

Minister of Law: Sir, it is not opposed.

چوھدری عبدالرحیم ۔ (سیالکوٹ۔ ۴)۔میں اس کی مخالفت کرتا ھوں ۔ صاحب صدر میں اس بل کی مخالفت اسلئے کرتا ھوں کہ جو Mover نے واقعات بیان کئے ھیں وہ ٹھیک نہیں ھیں ۔ جناب والا۔ ۱۹۳۸ء میں جب یہ بل پیش ھوا تھا تو اس وقت یہ زمینیں ساھوکاروں کے پاس رھن تھیں ۔ وہ ایک روپیہ کا ایک ھزار روپیہ بناتے

تھے وہ سود در سود میں زمین رہن رکھتی تھی اب وہ پوزیشن نہیں اب یہ زمینیں قرضے میں نہیں دی جا رہی ہیں اور یہ کہنا کہ یہ زمینیں غریب چھوٹے زمینداروں کی رہن کی جاتی ہیں غلط ہے تو میں عرض کروں گا ۔ *

(آوازیں No personal remarks یہ الفاظ جناب والا ۔ ان کو واپس لینا چاہئے)

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ یہ ریمارکس واپس لیں ۔

چوہدری عبدالرحیم ۔ میں نے جناب کسی کا نام نہیں لیا تھا تو میں کیا واپس لوں ۔

Sardar Inayatur Rehman Khan Abbasi: On a point of order. After your ruling he should withdraw those words.

Mr. Deputy Speaker: Is the Member prepared to withdraw those personal remarks used against a class of persons.

چوہدری عبدالرحیم ۔ جناب مجھے بتائیے کہ میں نے کس کا نام لیا ہے ۔

مسٹر عبدالرازق خان ۔ ,, Mover نے اپنے چند احباب کو خوش کرنے کیلئے یہ بل پیش کیا ہے ،، ۔ یہ الفاظ ان کو واپس لینے چاہیئے ۔ انہوں نے Mover پر ذاتی حملہ کیا ہے اور کہا ہے کہ انہوں نے اپنے احباب کو خوش کرنے کے لئے یہ بل پیش کیا ہے ، یہ پرسنل چیز ہے یہ اس کو واپس لیں ۔

چوہدری عبدالرحیم ۔ میں نے کسی کا نام نہیں لیا ۔

Mr. Deputy Speaker: I call upon the Member to withdraw these words.

چوہدری عبدالرحیم ۔ Mover کا لفظ میں واپس لیتا ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker: These particular remarks may be expunged from the proceedings.

چوہدری عبدالرحیم ۔ جناب والا ۔ آج وہ حالات نہیں ہوں ۔ میں ایسے علاقہ کو Belong کرتا ہوں ۔ جہاں بہت تھوڑی زمینیں ہیں اور لوگ بہت غریب ہیں ۔ اگر ان کو اپنے

*Expunged as ordered by the speaker.

بچوں کو تعلیم دلوانا ہوتی ہے تو وہ ایسا کرتے ہیں کہ تھوڑی تھوڑی زمینیں کسی کے پاس رہن رکھ دیتے ہیں۔ جب ان کے بچے پڑھ لکھ جاتے ہیں اور نوکر ہو جاتے ہیں تو وہ ان زمینوں کو چھڑا لیتے ہیں ۔ اگر یہ بل پاس کر دیا جائے تو اس سے یہ ہوگا کہ وہاں کے لوگوں کیلئے مزدوری کا کوئی ذریعہ نہیں ہوگا ۔ وہاں نہ کارخانے ہیں نہ کارخانہ دار ہیں ۔ اس طرح سے ان کی اولاد ایجوکیشن سے محروم ہو جائے گی تو جناب والا ۔ اگر آپ مجھے موقع دیں تو میں آپ کو بتاؤں کہ بڑے زمینداروں نے اپنی عیاشی اور فضول خرچی میں چھوٹے زمینداروں کے پاس اپنی زمین رہن رکھی ہوئی ہے اور مرتہنی رقبہ فک نہیں کروا سکتے ۔ عیاشی اور فضول خرچی بدستور کر رہے ہیں اب وہ بذریعہ قانون بلیک راستہ سے حاصل کرنا چاہتے ہیں ، اگر ایسا ہو گیا تو یہ چھوٹے زمینداروں پر ظلم ہوگا ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ضلع سیالکوٹ میں ایک شخص بھی ایسا نہیں ملے گا ۔ چھوٹے زمیندار نے بڑے زمیندار کے پاس زمین رہن رکھی ہو ۔ ہو سکتا ہے کہ چھوٹے نے بڑے زمیندار کے پاس اپنی خانگی ضرورت کے لئے زمین رہن رکھی ہو یا Mover صاحب بتائیں کہ فلاں بڑے شخص کے پاس چھوٹے زمیندار کی زمین رہن ہے ۔ جن زمینداروں کے پاس ۵۰ یا ۶۰ بیگھے زمین ہے وہ بڑے زمیندار ہیں اور ان ہی بڑے زمینداروں نے ان زمینوں کو رہن رکھا ہے ۔ لیکن اگر غریبوں سے بلا معاوضہ یہ زمینیں لے لیجائیں گی تو یہ ان کے ساتھ بڑی بے انصافی ہوگی ۔ اس سے پہلے بھی یہ موشن Move کیا گیا تھا اور منٹر میں بھی Move کیا گیا تھا کہ ان کو زمینداروں کی ملکیت قرار دیا جائے ۔ اس کے لئے میں ایک مثال پیش کرتا ہوں کہ ایک دوکاندار اپنی دوکان کرایہ پر دیتا ہے تو کیا وہ دوکان کی پوری قیمت وصول کرنے کے بعد مطالبہ کر سکتا ہے کہ دوکان میری ملکیت ہوگئی ہے ۔ جب زمینداروں کو قیمت مل چکی تو پھر جو کچھ ان پر آج بوجھ پڑ رہا ہے تو اس کا کیا علاج ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس بل کو پاس کرنے سے سخت ناانصافی ہوگی ۔

جہاں تک شریعت کا تعلق ہے - اس پر علما کی دو رائے ہیں - ایک گروہ اس کے حق میں ہے دوسرا خلاف ، ہاں اگر آپ شریعت کا سوال پیدا کرتے ہیں - تو رہن لینا قانوناً بند کر دیں اور قانون کو شریعت کے مطابق ڈھالیں اور خود کو شریعت کے مطابق چلائیں - کیا داڑھی رکھنا شریعت میں نہیں ہے - نماز نہ پڑھنا - روزے نہ رکھنا کیا یہ شریعت کے منافی نہیں ہے - حضور والا - میں عرض کروں گا کہ اگر اس قانون کو پاس کر دیا گیا - تو ۱۹۴۷ء سے قبل کی رہن زمین فک کر دی گئی تو چھوٹے زمینداروں پر بہت بڑا ظلم ہوگا اس لئے میں اس قانون کی مخالفت کرتا ہوں - یہ بل سخت خطرناک بل چھوٹے زمینداروں کے لئے ہے -

مسٹر محمد اکبر خان کانجو - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - ایک مترجم ہو جو ان کی بات ہمیں سمجھائے -

مسٹر ڈپٹی سپیکر - یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

I think the Mover may explain further the provisions of this Bill so that any doubts, that are there, may be shed.

چودھری نعمت اللہ - اس میں کوئی شک نہیں کہ بڑے زمیندار بھی ہیں مگر زیادہ وہ غریب زمیندار ہوتے ہیں - جنکو زمین کی ضرورت ہوتی ہے - انہیں کہیں سے پیسہ نہیں ملتا جو ان کے لئے بڑا ظلم ہوگا - دوسرے انہوں نے کہا ہے کہ ہمارے ضلعے میں بہت زمیندار ایسے ہیں یعنی بڑے زمیندار غریب زمینداروں سے زمین لے لیتے ہیں یہ غلط ہے - ایسا نہیں ہو سکتا -

چوہدری عبدالرحیم - میں چیلنج کرتا ہوں - جو کچھ کہہ رہے ہیں غلط ہے -

مسٹر ڈپٹی سپیکر - کیا یہ حقیقت ہے کہ اس بل کا تعلق ان زمینوں سے ہے جو سن ۱۹۰۱ء سے پہلے رہن کی گئی تھیں -

چوہدری نعمت اللہ - ان سے ہے جو سن ۴۵ سے پہلے کی گئی تھیں -

Mr. Deputy Speaker : In the statement of Objects and Reasons it has been stated that the Agricultural lands which had been mortgaged prior to 8th June 1901.

مسٹر عبدالرازق خان - جناب بل کی کلاز ۲ کو دیکھیں -

Mr. Deputy Speaker : That is right, it will apply to all the subsisting mortgaged of land, but only those mortgages which had been made before 1901.

Chaudhri Niamatullah : No, before 1947.

مسٹر عبدالرازق خان - مسٹر ڈپٹی سپیکر یہ کلاز ۲ آپ دیکھیں -

2. Notwithstanding anything contained in any enactment for the time being in force, this Act shall apply to all the subsisting mortgages of land, which were effected prior to 14th of August 1951.

تو صرف ان اراضیات پر اس کا اثر ہوگا - جو سن ۱۹۴۷ء کے ۱۴ اگست پہلے رہن کی گئی تھیں - تو اگر ہم یہ فرض کر لیں کہ ایک اراضی ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو رہن کی گئی تو سولہ سال تو ہو گئے ہیں تو اس زمین سے تین گنا یا چار گنا زمین کی قیمت وصول کر لی ہوگی - لہذا یہ مناسب بل ہے - سابق صوبہ سرحد میں جب وہاں اسمبلی تھی اس میں یہ پاس ہو گیا تھا ، یہ نہایت مفید بل ہے -

(At this stage Mr. Speaker occupied the Chair).

سردار عنایت الرحمن خان عباسی - جناب والا چودھری نعمت اللہ صاحب نے اس ایوان میں Mortgaged اراضیات کا بل پیش کرکے نہ صرف اس ایوان پر احسان کیا بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ اس ایوان کی تاریخ میں پہلی بار ایسا بل لایا جا رہا ہے ، جس میں خدا اور رسول کا ذکر ہے - حضور نبی کریم کا ارشاد ہے کہ کسی قرض دار کے درخت کے سایہ کے نیچے مت بیٹھو اسلئے کہ یہ حرام ہے اور جہاں تک اس قسم کے دیگر جرائم کا تعلق ہے اسلامی شریعت میں سختی سے اس پر پابندی عائد ہے اور منع کیا گیا ہے تو اس ہاؤس کو چودھری نعمت اللہ صاحب کا شکر گذار ہونا چاہئیے کہ انہوں نے ہاؤس میں اس قسم کا بل پیش کیا - جس میں سود کے خلاف اقدام کیا گیا ہے - جناب والا - کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ میرے

جناب الاحترام دوست جو ادھر بیٹھے ہیں انہوں نے فرمایا ہے کہ وہ غریب لوگ جو زمین رہن حاصل کرتے ہیں اگر وہ اس زمین سے محروم ہو گئے تو ان پر بڑا ظلم ہوگا - میں پوچھتا ہوں کہ جو زمین رہن کرتے ہیں وہ کیا غریب ہوتے ہیں یا متمول لوگ ہوتے ہیں - میں عرض کروں گا کہ اگر یہ بل تو ہاؤس میں اس موقعہ پر Admit نہ کیا گیا اور پاس نہ کیا اس میں سمجھتا ہوں کہ اسلامی قوانین کے طور پر جو ہمارا Move تھا اس کو Discourage کر دیا گیا ہے -

وزیر قانون - (مسٹر غلام نبی محمد وریاں میمن) آج ہم ہاؤس کو بتانا چاہتے ہیں کہ گورنمنٹ کی طرف سے ایسا قانون ہم ہاؤس میں لا رہے ہیں تو ہم انٹروڈکشن کے وقت اس کی مخالفت نہیں کریں گے -

Government is already committed to the provisions and to the principles of the Bill.

مولانا غلام غوث - گورنمنٹ جو ترمیم لانا چاہتی ہے کیا اس کی Spirit ہو بہو یہی ہے ؟

Mr. Speaker : May I know whether any Member had opposed the introduction of this Bill ?

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan) : Chaudhri Abdur Rahim had opposed.

Mr. Speaker : If the Bill is opposed I shall have to put the question to the House. (Interruptions). Order, order.

The question is :

That leave be granted to introduce the West Pakistan Restitution of Mortgaged Lands Bill 1963.

(*The motion was carried*).

Chaudhri Niamatullah : Sir, I beg to introduce the West Pakistan Restitution of Mortgaged Lands Bill 1963.

Mr. Speaker : The Bill is introduced.

The Punjab Minor Canals (West Pakistan Amendment) Bill, 1963.

Mr. Speaker : Yes, Babu Muhammad Rafique.

Babu Muhammad Rafique : Sir, I beg to move :—

That leave be granted to introduce the Punjab Minor Canals (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

Minister of Law : Not opposed.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

That leave be granted to introduce the Punjab Minor Canals (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

(*The motion was carried*).

Babu Muhammad Rafiuqe : Sir, I beg to introduce the Punjab Minor Canals (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

Mr. Speaker : The Bill stands introduced.

The West Pakistan Public Morals Bill 1963.

Mr. Speaker : Yes, Babu Muhammad Rafique.

Babu Muhammad Rafique : Sir, I beg to move :

That leave be granted to introduce the West Pakistan Public Morals Bill 1963.

Minister of Law : Not opposed.

میں مولانا غلام غوث کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ وہ توجہ دیں اور یہ ہاؤس کے سامنے جو بل ہے اور ہماری گورنمنٹ کی طرف سے اتنی فراخ دلی ہے کہ جو ایسے بل آتے ہیں ہم ان کی مخالفت نہیں کرتے ۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ اگر مولانا لاتے تو آپ اس کی مخالفت کرتے ۔

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

That leave be granted to introduce the West Pakistan Public Morals Bill 1963.

(*The motion was carried*).

Babu Muhammad Rafique : Sir, I beg to introduce West Pakistan Public Morals Bill 1963.

Mr. Speaker : The Bill stands introduced.

The Basic Democracies Order 1959 (*West Pakistan Amendment*) *Bill* 1963.

Mr. Speaker :Chaudhri Muhammad Ibrahim may now ask for leave to introduce the Bill.

Chaudhri Muhammad Ibrahim : Sir, I move :

That leave be granted to introduce the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

Mr. Speaker : The motion moved is :

That leave be granted to introduce the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Bill 1963

Minister of Basic Democracies (Mr. Muhammad Khan Junejo) : Opposed.

Mr. Speaker : Yes. Chaudhri Sahib may make a short statement.

چودھری محمد ابراھیم(سیالکوٹ ۔ ۳) ۔ جناب صدر ۔ اس آرڈر میں ترمیم کرنی ضروری ہے وہ یہ ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل بنیادی جمہوریت کا ایک بہت اہم ادارہ ہے اس کے متعلق ضلع کی بہت سی ڈویلپمنٹ سکیموں کے علاوہ مستقل طور پر بعض محکمے ان کی تحویل میں ہیں ۔ یہ ضروری ہے کہ جن لوگوں کے مفاد کی خاطر یہ ادارہ قائم کیا گیا ہے ان کو اس میں مناسب نمائندگی دی جائے جو موجودہ صورت ہے اس میں انتخابی ادارہ یونین کونسل اور ٹاؤن کمیٹی کے چیئرمینوں پر مشتمل ہو گا یہ ایک بڑا چھوٹا

یا electoral college ہے جس کے ذریعہ سے عوام کے مفادات کی وہ حفاظت جو کہ چاہئے ممکن نہیں ہے میں نے اس میں یہ ترمیم پیش کی ہے کہ یہ کوئی وارڈ نہیں ہوتے بلکہ مختصر سی آبادی پر وارڈ مشتمل ہوں گے ضرورت ہے کہ ان میں سے ہر شخص جس کونسل سے وابستہ ہے وہ براہ راست اپنی ایک آواز پیدا کر سکے میرے نزدیک یہ ڈیموکریسی کو ڈیموکریٹک شکل دینے کے لئے ایک بڑی ضروری چیز ہے جس کو میں نے پیش کیا تھا میں نہیں سمجھتا کہ اس کی مخالفت وزیر بنیادی جمہوریت کس بنا پر کر رہے ہیں اگر وہ مناسب سمجھتے ہیں تو مزید اطمینان کر لیں اور جو اعتراضات اس بل کے خلاف ہیں وہ بیان فرما دیں۔

وزیر صحت و بنیادی جمہوریت۔ (مسٹر محمد خان جنجوعہ) جناب والا ۔ جہاں تک اس بل کا تعلق ہے ان کا یہ ارادہ ہے کہ ابھی اس بل کو انٹروڈیوس کیا جائے اور ڈسٹرکٹ کونسل میں نمائندے ڈائرکٹ الیکشن کے ذریعہ سے ہونے چاہئیے ۔ گورنمنٹ کا بھی یہ منشاء ہے کہ جتنا بھی ہو سکے اور جتنے بھی ہمارے الیکشن ہوں وہ adult franchise کے ذریعہ ہوں اور جتنے بھی tiers ہماری بیسک ڈیموکریسی کی ہیں ان پر nominations ہوتی تھی اب میں چودھری ابراہیم صاحب کو بتانا ضروری سمجھتا ہوں کہ پہلے tier جو یونین کونسل کی ہے اس میں بھی nominations ہوتے رہتے تھے وہ ہم نے nominations بند کر دی ہے اس لئے ہمارا یہ ارادہ ہے کہ جہاں تک ہو سکے پبلک کو موقع ملے کہ وہ اپنے صحیح نمائندے منتخب کریں ۔ ڈسٹرکٹ کونسل میں جہاں تک elected representatives کا تعلق ہے اس میں بھی ہم اس چیز کو consider کر رہے ہیں اور یہ کوشش کرتے ہیں کہ معاملہ کو جلدی طے کریں چار برس گذر چکے ہیں باقی ایک برس الیکشن میں رہ گیا ہے ۔

جناب ۔ والا میں چودھری ابراہیم صاحب کو تسلی دلاتا ہوں کہ جو آپ کی تجویز ہے ان کو ہم consider کریں گے اور جلد اس معاملہ میں گورنمنٹ کی طرف سے اعلان ہو گا تاکہ جب آئندہ الیکشن ہوں اس میں براہ راست نمائندے آئیں

اور اس لائن پر ہم سوچ رہے ہیں کہ جتنا ہو سکے کہ It should be through adult franchise پبلک کے نمائندے کو موقع دیں گے اس سٹیج پر اگر آپ پریس کریں گے تو جو بل لازمی آنا چاہئیے اس کے لئے یہ مناسب نہ ہو گا ۔

وزیر قانون ۔ (مسٹر غلام نبی محمد وریاہ مہمن) جناب والا چودھری صاحب کو معلوم ہے کہ اگر اس وقت جو ان کی تجویز ہے اس کو قبول کر لیں تو یہ سینڈنگ کمیٹی میں چلا جائے گا تو یہ ممکن نہیں ہے کہ یہ اس سیشن میں واپس آجائے ممکن ہے تین چار ماہ اور اس کو پاس کرانے میں لگ جائیں اگر ہم ڈسٹرکٹ کونسل کے adult franchise کے ذریعہ الیکشن کرائیں تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ electoral roles کا electoral roll وہی رہے گا جو ۱۹۰۱ء کے census کے basis پر بنے ہوئے ہیں جو نا مناسب ہے ۱۹۶۱ء کی اب census ہو چکی ہے جس کی بنا پر ہم دعوے سے کہہ سکتے ہیں کہ ہر جگہ یہ زیادہ ہے ۱۹۶۱ء کی بناء پر electoral rolls تیار ہوں گے اب B. D. Order amend ہو چکا ہے اور آرڈیننس آپ کے سامنے ہے نئے بیسک ڈیموکریسی کے الیکشن ہونے والے ہیں وہ تب ہوں گے جب electoral rolls تیار ہو جائیں گے اس کے لئے الیکشن اتھارٹی بن چکی ہے electoral rolls بن جائیں گے چودھری محمد ابراہیم صاحب کو یہ اطمینان رکھنا چاہئے جیسا کہ وزیر جمہوریت و لوکل باڈیز نے فرمایا ہے کہ ۔

The Government is committed to the principle of election on adult franchise so far as the basic democracies are concerned under the Basic Democracies Order. The only thing is the question of time. Time factor is only standing in the way and I assure the member that as soon as the new electoral rolls are ready, new elections to the B. D. members will be held. Government will surely consider his suggestion, which I have said is very sound and Government stands committed to that principle. Insha Allah we expect that the next elections to the District Councils will be on the principle of adult franchise.

مسٹر افتخار احمد خان۔ (جھنگ ۔۱) صدر گرامی۔ آج اس معزز ایوان میں اس بے کس جمہوریت کے بعض لوگ اس کو ہوکس جمہوریت کہتے ہیں یہ ذکر چل نکلا ہے میں اس کو کوئی قابل فخر نہیں سمجھتا اپنے آپ کے لئے اور آپ کیلئے بھی ۔ میں فخر محسوس کرتا اگر میں ڈائرکٹ انتخاب سے اس ایوان میں آتا اور آئندہ بھی میں فخر محسوس کرونگا اگر بنیادی جمہوریت

کے ذریعہ سے نہ آ سکوں اور ڈائرکٹ انتخاب کے ذریعہ سے آؤں یہ تو جناب والا - ان کی بات کا جواب ہے -

صدر گرامی - جب وزراء کی زبان سے ہم یہ سنتے ہیں اور جب اخبارات میں ان کے بیانات پڑھتے ہیں کہ وہ اس ملک میں جمہوری نظام قائم کرنا چاہتے ہیں اور حکومت کی یہ خواہش ہے اور ارباب بست و کشاد کی تمنا ہے . . . . .

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan) :Point of order Sir. I think the proper procedure is not being adopted. It is only the mover and the objector who can speak.

Mr. Speaker : There cannot be a regular debate at this stage. Please finish within a minute.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : Within five minutes.

Mr. Speaker : No. within one minute I quite appreciate the point of order raised by Khan Pir Muhammad Khan Sahib.

مسٹر افتخار احمد خان - صدر گرامی - میں کوئی لمبی چوڑی تقریر نہیں کرنا چاہتا میں اتنا عرض کر رہا تھا کہ جب وہ کوئی اعلانات فرماتے ہیں کہ وہ جمہوریت کی بحالی کے قائل ہیں یقینا ہم خوش ہوتے ہیں اور ان کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں لیکن قول ان کا کیا ہے اور فعل ان کا کیا ہے ایک مسودہ بل کی شکل میں چودھری ابراہیم کی طرف سے آیا ہے آپ کو یاد ہو گا کہ میونسپل کمیٹی اور ڈسٹرکٹ بورڈ ۱۰۰ سال پرانا نظام قائم ہے اس کو یک قلم منسوخ کر کے ایسا غلط نظام قائم کیا ہے ایسے غلط سسٹم نافذ کئے ہیں کہ جس کی کوئی بنیاد نہیں ہے جناب والا - میں عرض کرونگا کہ اس بل کو Consider ہونے دیجئے اس کو اب اس کمیٹی کے سامنے جانے دیجئے اور موقع دیجئے کہ اس پر غور کیا جائے آپ ایک طرف کہتے ہیں کہ nomination اڑانا چاہئے اور دوسری طرف nomination کو قائم رکھنا چاہتے ہیں -

Mr. Speaker: Now the question is—

That leave be granted to introduce the Basic Democracies Order 1959 (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

(*The motion was lost*)

Mr. Speaker : leave to introduce the bill is refused.

The Municipal Administration Ordinance 1960 (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

Mr. Speaker: Nawabzada Ghulam Qasim Khan may now ask for leave to introduce his Bill.

Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani : Sir I move.

That leave be granted to introduce the Municipal Administration Ordinance 1960 (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

Mr. Speaker : The motion moved is—

That leave be granted to introduce the Municipal Administration Ordinance 1960 (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

Nawabzada Iftikhar Ahmed Khan : Opposed.

Mr. Speaker : Does the Member went to oppose it ?

Nawabzada Iftikhar Ahmed Khan : Yes sir.

Mr. Speaker : He may please take his seat. Let Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani speak first.

نوابزادہ غلام قاسم خان ۔ (ملتان ۔ ۱) جناب والا ۔ اس بل کو پیش کرنے کا مقصد صرف میونسپل کمیٹی کو اختیار دینا ہے کہ اگر کسی میونسپل کمیٹی کی سڑکیں گلیاں یا قبرستان جو اس کی تحویل میں دئے گئے ہیں . . . . .

Mr. Speaker : Mr. Nawabzada may use the mike please.

نوابزادہ غلام قاسم خان ۔ تو جناب میں یہ عرض کر رہا تھا کہ میرا اس بل کو introduce کرنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ میونسپل کمیٹیوں کو یہ اختیارات دئے جائیں کہ اس کی کسی جائداد پر اگر کوئی ناجائز قبضہ یا encroachment ہو تو وہ اسے بیدخل کر سکے اس بل میں صرف ترمیم پیش کی گئی ہے ۔

جناب والا ۔ بعض قبرستان جو میونسپل کمیٹی کی تحویل میں دئے گئے ہیں ان پر بہت سے لوگوں نے جائدادیں بنا لی ہیں اور اس طرح قبرستان کے رقبے encroach کر لئے ہیں ۔ تو اس بل کا مقصد صرف یہ ہے کہ پہلے جو کمیٹی کسی سڑک یا گلی پر سے encroachment ہٹانے کے لئے با اختیار تھی اب اسے یہ اختیار بھی دے دیا گیا ہے کہ وہ کسی گلی پر اگر کوئی over bridge ہو یا کوئی دوکاندار کسی گلی کے ساتھ footpath پر قبضہ کرے تو ان کو بھی کمیٹی بے دخل کر سکے تو اس میں صرف اتنی ترمیم ہے جس کے ذریعے کمیٹی کو با اختیار کیا گیا ہے ۔

مسٹر افتخار احمد خان۔ (جھنگ ۔ ۱) صدر محترم ۔ اس بل کی مخالفت کرنے کا میرا مقصد صرف یہ ہے کہ میں آپ پر اور اس معزز ایوان پر یہ بات واضح کروں کہ جس اصول کی بنا پر اس سے پہلے چودھری

محمد ابراہیم صاحب کے بل کی مخالفت کی گئی تھی - اس بل کے سلسلے میں اس اصول کو نظر انداز کیا گیا ہے - کیا میں آپ کی وساطت سے اپنے قابل وزیر قانون سے دریافت کر سکتا ہوں کہ جب ڈسٹرکٹ کونسل کو جمہوری بنانے کا سوال آتا ہے تو اس کا جواب یہ دیا جاتا ہے کہ یہ بہت اہم مسئلہ ہے - تو اس پر غوروفکر ہو رہا ہے - اور اس پر سوچ بچار کی جا رہی ہے - جب تک وہ complete نہ ہو جائے - اور جب تک قانون کا ایک ڈھانچہ ہمارے ذہن میں نہ آ جائے - نیز جب تک اس کی تمام تفاصیل طے نہ ہو جائیں اس وقت تک piece meal legislation کرنا اس ایوان کا وقت ضائع کرنے کے مترادف ہو گا تو اس لئے ہم اس کی مخالفت کرتے ہیں لیکن یہاں پر کیا پوزیشن ہے - پرانا میونسپل ایکٹ میں جناب نے پڑھا ہو گا - اور آپ کے علم میں آیا ہو گا - کیونکہ آپ بھی ایک Practising Lawyer رہے ہیں کہ سابقہ پنجاب کے علاقے میں پچھلے سو سال سے بھی میونسپل ایکٹ نافذ ہے اور سو سال سے عدالتی فیصلے اسی میونسپل ایکٹ کے ماتحت ہو چکے ہیں - نوابزادہ صاحب نے اس بل کے ذریعے میونسپل ایڈمنسٹریشن کے جو نقائص دور کرنے کی کوشش کی ہے وہ نقائص اس قانون میں موجود نہیں ہیں - اگر ان نقائص کو piece meal طریقے سے رفع کرنا ہے تو آخر اس میں کیا حرج تھا اور کیا خرابی تھی جہاں صرف مسئلہ یہ تھا کہ ہر کام عوام کے براہ راست نمائندوں کے ذریعے ہونا چاہیئے -

صدر محترم - میں اس کی مخالفت اس لئے کرتا ہوں کہ اس حکومت کے پیش نظر کوئی اصول نہیں - یہ ہر مسئلے اور ہر بات کو پارٹی بازی کی بناء پر دیکھتے ہیں اور ہر مسئلے پر تنگ نظری سے غوروفکر کرتے ہیں -

Mr. Speaker: No discussion about the previous Bill.

وزیر قانون—(مسٹر غلام نبی محمد وربال میمن ۔) جناب والا ۔ انصاری صاحب کی خدمت میں عرض یہ ہے کہ یہ کہنا درست نہیں کہ جس اصول پر چودھری صاحب کے بل کی مخالفت کی گئی تھی اسی اصول پر اس کی بھی کریں ۔ کیونکہ وہ اور بات تھی اور یہ اور بات ہے ۔ نوابزادہ صاحب کو شاید وہ بات یاد نہیں ۔ وہ بھول گئے ہیں ۔ یہ ان کا بھی قصور نہیں ۔ کیونکہ عمر رسیدہ آدمی ہیں ۔ آخر انسان سے غلطی ہو جاتی ہے ۔ بات یہ ہے کہ اس کے متعلق پہلے بھی ہاؤس میں ایک بل آیا تھا جو پاس کر دیا گیا تھا اور جس میں یہ کہا گیا تھا کہ اگر کسی میونسپل کمیٹی کی زمین یا کسی راستے پر کوئی encroachment ہے یا ناجائز دخل ہے تو میونسپلٹی کو اختیار ہو گا کہ وہ اسے ہٹا دے کیونکہ اس وقت یہ Piece meal بات آ گئی تھی ۔ اور نوابزادہ صاحب کی یہ ترمیم نہیں آ سکی تھی ۔ اس لئے اس طرف والے نوابزادہ اب اپنی ترمیم لے آئے ہیں ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ انصاری صاحب کو اگر حکومت کے زندہ ممبران سے ہمدردی نہیں ہے تو کم از کم ان سے ضرور ہونی چاہئیے ۔ جو مر چکے ہیں کیونکہ یہ مکانوں اور قبرستانوں کی بات ہے ۔ اور مجھے یقین ہے ۔ کہ قبرستان جس کی حفاظت اس بل کے ذریعے کی جانی ہے ۔ اس میں آپوزیشن کے ممبر بھی ضرور دفن ہوتے ہونگے ۔

That leave be granted to introduce the Municipal Administration Ordinance 1960 (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

(The motion was carried)

Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani, Sir I introduce the Municipal Administration Ordinance 1960 (West Pakistan Admendment) Bill 1963.

Mr. Speaker: The Municipal Administration Ordinance 1960 (West Pakistan Admendment) Bill 1963 stands introduced.

BILLS ALREADY INTRODUCED

The West Pakistan Weekly Holiday Bill 1963

Mr. Speaker Now, we come to part III of the Agenda-Bills which have been introduced already. Allama Abdul Haq to move his motion.

علامہ عبدالحق — جناب والا ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں ۔ کہ مسودہ قانون ہفتہ وار تعطیل مغربی پاکستان مصدرہ ۱۹۶۳ء جیسا کہ اس کے بارہ میں مجلس قائمہ برائے

قانون و پارلیمانی امور نے سفارش کی ہے - فی الفور زیر غور لایا جائے -

مسٹر سپیکر تحریک پیش کی گئی ہے -

کہ مسودہ قانون ہفتہ وار تعطیل مغربی پاکستان مصدرہ ۱۹۶۳ء جیسا کہ اس کے بارہ میں مجلس قائمہ برائے قانون و پارلیمانی امور نے سفارش کی ہے - فی الفور زیر غور لایا جائے -

Minister of Law : Oppose I.

علامہ عبدالحق — (رحیم یار خان - م) جناب محترم میرا اس بل کو پیش کرنے کا دراصل مقصد یہ تھا کہ ایک معروف تاریخی حقیقت کے مطابق دنیا کی آزاد اور خود دار قومیں ہمیشہ اپنی قومی روایات - مذہبی خصوصیات اور تہذیبی امتیازات قائم رکھنے کی کوشش کیا کرتی ہیں - یہی صورت تھی کہ بد قسمتی سے اس ملک پر جب انگریزی راج اور تسلط قائم ہوا تو جہاں اس دانشمند حکومت نے ہماری ان قومی خصوصیات کو انتہائی دانائی کے ساتھ بڑی تدریج اور تدبیر سے فنا کرنے کی کوشش کی - وہاں اپنا اقتدار اور تسلط قائم کرتے ہوئے اس نے ہفتہ وار تعطیل بجائے جمعہ کے اتوار کر دی - لیکن اس ملک میں ہماری مسلمان ریاستوں نے سالہا سال تک بلکہ اس پورے انگریزی اقتدار میں اپنے دائرہ اختیار میں ہفتہ وار تعطیل جمعہ رکھی وجہ یہ تھی کہ جمعہ مسلمانوں کا ایک قومی دن ہے - اور مذہبی نقطہ نظر سے بھی اس کی ایک خصوصیت ہے - اور ہم نے دیکھا ہے کہ دنیا کی آزاد قومیں اور اس کے لئے ان قوموں کی تاریخ شاہد ہے کہ وہ اپنی مذہبی اور قومی روایات کی یاد زندہ رکھنے کی کوشش کیا کرتی ہیں -

آپ کو یاد ہو گا اور پورے ہاؤس کو اس کا علم ہے کہ جس وقت اسرائیل کی چھوٹی سی حکومت معرض وجود میں آئی تو اس نے آتے ہی اتوار کی تعطیل کو سبت یعنی سنیچر کی تعطیل میں تبدیل کر دیا - اس لئے کہ سنیچر یہودی قوم کا مذہبی دن ہے - اس طرح ہمارے اس پاکستان کے بنتے ہی چاہیے تو یہ تھا کہ پہلے ہی دن

اس پاکستان کے بنتے ہی چاہئے تو یہ تھا کہ پہلے ہی دن اتوار کی بجائے جمعہ کی تعطیل ہو جاتی - اور آج کسی پرائیویٹ ممبر کو یہ بل لانے کی ضرورت ہی پیش نہ آتی پھر لطف یہ ہے کہ اس کی تبدیلی سے کوئی خاص نقصان نہیں - بلکہ اس چھوٹی سی تبدیلی سے ملک کو ایک عظیم فائدہ پہنچنا یقینی ہے - کیونکہ اس سے سارا ملک یہ تاثر لیتا ہے کہ جس مقصد کے لئے یہ ملک معرض وجود میں آیا تھا ہماری حکومت اس کی طرف اقدام کر رہی ہے - اگرچہ مذہبی نقطہ نظر سے یہ کوئی اہم مسئلہ نہیں ہے - لیکن یہ حقیقت ہے کہ جو کوئی شخص دیکھے گا کہ یہاں اس مملکت میں ہفتہ وار جمعہ کی تعطیل رائج ہے - اور عوام اس قومی دن کا احترام کر رہے ہیں تو وہ اس کی اسلامیت سے ضرور متاثر ہو گا -

صاحب صدر - آپ کی وساطت سے میں اس معزز ایوان سے اپیل کروں گا اور توجہ دلاؤں گا کہ وہ غلامی کا ملعون دور گذر گیا - اب اللہ تبارک تعالیٰ نے ہمیں یہ عظیم اسلامی مملکت عطا کی ہے ہمیں چاہئیے کہ یہاں اسلامی روایات و قوانین رائج کریں جن اسلامی قوانین و روایات کے لئے ہم نے اس ملک کی بنیاد رکھی تھی - میں مختصراً گزارش کروں گا اور ایوان کی توجہ دلاؤں گا کہ اس تبدیلی سے کوئی نقصان نہیں ہو گا بلکہ فائدہ ہی ہو گا کیونکہ اسلامی آثار دیکھنے کے لئے ہر مسلمان بے تابی کے ساتھ منتظر ہے -

کمیٹی میں یہ ایک بات آگئی تھی وہ یہ کہ اس تبدیلی سے ایک مشکل یہ پیدا ہو جائے گی کہ قانونی طور پر اس کا اطلاق صرف صوبائی محکموں پر ہو گا اور جو محکمہ مرکز کا ہے ان پر اطلاق نہیں ہو گا اور پھر بینکنگ کے سلسلہ میں یہ عملی دشواری ہو گی کہ جس دن ہماری تعطیل ہو گی - اس دن مرکزی خزانہ اور بنک کھلے ہونگے اور مرکزی اداروں کی تعطیلات کے دن ہمارے صوبائی دفاتر کھلے ہونگے تو بظاہر ہم محسوس کرتے ہیں کہ تھوڑی سی دقت ضرور ہو گی لیکن جناب محترم میں آپ کے توسط سے ایوان کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کراؤں گا کہ اس سے کچھ زیادہ تکلیف یا مالی نقصان نہ ہو گا -

اس وقت جب متحدہ ہندوستان تھا ہماری مسلمان ریاستیں جمعہ کو چھٹی کرتی تھیں ان کو بھی بنکوں کے نظام سے تعلق تھا اور بخوبی کام چلتا تھا ۔ آج آپ کہتے ہیں ۔ کہ بجائے اتوار کے جمعہ کی تعطیل سے بجائے ایک دن کے عملاً دو دن کی چھٹی ہو جائیگی میں کہتا ہوں کہ پھر بھی حرج نہیں کیونکہ ایک یہ بات واضح ہو گی کہ اسلامی روایات کو زندہ رکھنے کا رجحان موجود ہے اور یہ خسارے کا سودا نہیں ۔ اس لئے ان الفاظ کے ساتھ میں عرض کروں گا کہ اس بل کی منظوری پر ضرور غور کیا جائے ۔

وزیر قانون—(مسٹر غلام نبی محمد ورہال میمن) : جناب والا ۔ جناب مولانا صاحب سے میری یہ عرض ہے کہ ہم اس بل پر اس بنا پر غور نہیں کر رہے کہ ہم جمعہ کے دن کا احترام نہیں کرتے یا ہمارے داؤں میں اس کا احترام نہیں ہے ۔ یہ قطعاً نہیں ہے جمعہ کا ہم پورا احترام کرتے ہیں اور عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں جیسا کہ ایک صحیح مسلمان کو کرنا چاہئے لیکن اس وقت جو اعتراض ہے وہ قانونی ہے اور آئینی ہے اور وہ یہ ہے کہ . . . . . .

(Interruptions from Mr. Ali Gohar Khuro)

Minister of Law : This is not for the member to decide.

Mr. Ali Gohar Khuro : Why do you threaten me.

Mr. Iftikhar Ahmad Khan : He should withdraw those threatening words.

Mr. Speaker : These were not threatening words.

خواجہ محمد صفدر ۔ الفاظ threatening نہیں مگر tone threaten ing ہے ۔

Mr. Iftikhar Ahmad Kha : After losing your seat in Hyderbad you are saying this in this tone.

Minister of Law : The member seems to be familiar only with feminine voice. I am helpless, this is my natural voice.

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ممکن ہو سکتا ہے کہ جو اس طرف ہمارے دوست قابل وکیل اور جہاندیدہ بیٹھے ہیں اس قانونی مسئلہ سے اختلاف رکھیں لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ اتوار کے بدلے جمعہ کی چھٹی کرنا اور اس کے لئے قانون بنانا مرکز کا کام ہے یہ central subject ہے ہم

declare نہیں کر کے بغیر یہ چھٹی negotiable instruments act سکتے - اور ہم کسی قسم کا قانون بنانے سے قاصر ہیں - ہمارے معزز ممبران جو اس طرف بیٹھے ہیں میں ان کی خدمت میں یہ بات واضح کر دوں کہ نیشنل اسمبلی کے پاس پہلے ہی ایک بل pending پڑا ہے ہم چاہتے ہیں کہ نیشنل اسمبلی کے ایوان میں یہ بل پاس ہو جائے تو پھر یکساں طور پر سنٹر میں - صوبہ مغربی پاکستان اور مشرقی پاکستان میں ایک ہی قانون بن جائے گا - ہمارے مولانا خود مانتے ہیں کہ یہ دشوار ہے اس لئے ہم پھر واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ ہم کو ان سے اتفاق ہے اور ہم مسلمان کی حیثیت سے مولانا صاحب کی طرح اپنے دل میں درد رکھتے ہیں لیکن قانونی طور پر مجبور ہیں میں مولانا صاحب پر زور نہیں دینا چاہتا لیکن اتنا عرض کروں گا کہ وہ تسلی رکھیں نیشنل اسمبلی میں انشاء اللہ یہ بل پاس ہو جائے گا اور اگر نہ ہوا تو علامہ صاحب اسے یہاں لا سکتے ہیں اس وقت جب مولانا ہمیں convince کر لیں گے تو پھر بغیر کسی اعتراض کے ہم ان کے ساتھ شامل ہوں گے اور حکومت کی طرف سے اس ہاؤس کے سامنے رکھیں گے -

مسٹر بھٹی گوہر کھوڑو— (لاڑکانہ—۲) - مسٹر سپیکر - کوئی آدمی کسی مذہبی پابندی سے پجاری نہیں بن سکتا اور صرف نام کی وجہ سے خواہ وہ غلام نبی ہو یا کریم بخش ہو کوئی شخص مسلمان نہیں ہو سکتا اور اگر مسلمان ہوتا ہے تو اعمال کی وجہ سے ہوتا ہے -

Minister of Law : On a point of order. I do not mind the member from Larkana becoming personal. I have no objection if he should continue like that. But I would like to inform him that in that case he will have to bear from me so many home truths.

Mr. Ali Gohar Khuro : I do not mind. I am not becoming personal. Everybody by name cannot be a Muslim.

جبتک عقیدہ صحیح نہیں کچھ نہیں ہو سکتا پاکستان اس بنیاد پر حاصل کیا گیا تھا کہ مسلمانوں کے لئے ایک علیحدہ سٹیٹ بنائی جائے - اب ہم جمعہ کا دن اس basis پر مانگ رہے ہیں اور اس بنیاد پر اس کا مطالبہ کرتے ہیں پہلے یہاں عیسائی حکومت تھی - اب ہم نے غلامی کا طوق اتارا اور یہ مملکت حاصل کی - اس حکومت نے اتوار کو چھٹی

کا دن مقرر کیا کیونکہ یہ دن عیسائیوں کا متبرک دن ہے اور اب تک وہی دن چھٹی کا دن بنا آ رہا ہے اس طرح یہ غلامانہ ذہنیت ہمارے دماغوں سے کبھی نہیں جائے گی ۔

جناب والا ۔ اس قباحت کا اثر فطرتی طور پر ہمارے بچوں اور آئندہ نسلوں پر ہوتا رہے گا بچے سمجھتے ہیں کہ اتوار ایک بڑا دن ہے اس لئے اتوار ایک چھٹی کا دن مقرر کیا گیا ہے اور خوشی منانے کا دن ہے ۔ اس طرح جمعہ کے دن کی اتنی عزت ان کے دلوں میں نہیں ہوتی ۔ مانا کہ آپ جمعہ کی نماز نہیں پڑھتے یہ علیحدہ بات ہے مگر آپکو اس روز کی عزت کرنا چاہئے ۔ آپ تو صرف یہ سمجھتے ہیں کہ آج اتوار ہے چھٹی منائیں گے اس دن تو عیسائی چھٹی مناتے ہیں اور آپ مسلمان ہیں یہ دن آپ کے لئے خوشی کا نہیں ۔ ون یونٹ آنے سے پہلے جو ریاستیں تھیں وہ جمعہ کو تعطیل کرتی تھیں اور بنک اور مرکزی دفاتر اتوار کو بند ہوتے تھے اسطرح ریاست کا کام بخوبی چلتا تھا ۔ جمعہ کے روز ریاستی محکموں میں چھٹی ہوتی تھی اور باقی مرکزی محکمہ میں اتوار کو چھٹی ہوتی تھی ۔ جب سے کہ ون یونٹ بن گیا ہے سارے مغربی پاکستان میں اتوار کو چھٹی کا دن بن گیا ہے ۔ اگر اس دن بنک بند نہ ہوں پھر بھی کام نہیں رک سکتا ۔ کام میں اگر کوئی رکاوٹ مرکزی دفتر اور بنک بند نہ ہونے کی وجہ سے ہوتی ہے یا کوئی روڑا اٹک جائے گا تو کوئی حرج کی بات نہیں ہے مرکزی حکومت مجبور ہو گی کہ وہ جمعہ کے دن چھٹی کریں کم از کم اتنی بات تو ہو گی کہ ہم ایک اسلامی روایات کو قائم کر رہے ہیں ۔ ہم اپنے سکولوں میں اور محکموں میں جمعہ کی چھٹی کر سکتے ہیں اور اس پر اسمبلی کو اختیار ہے کہ اتوار کی بجائے جمعہ کی چھٹی کر دے ۔ تو اس لحاظ سے میں اپنے دوستوں اور اپنے collegues سے عرض کروں گا ۔ کہ وہ ٹیکنیکل باتوں میں پڑ کر اس چیز کو رد نہ کر دیں ۔ اسمیں ہمیں مثال قائم کرنی چاہئے ۔

مولانا غلام غوث : (هزاره - م) جناب سپیکر - پاکستان بن کر جب تھوڑا عرصہ گذرا - تو سابق صوبہ سرحد میں جناب محترم پیر صاحب مانکی شریف مرحوم اور چند دوسرے دوستوں نے مل کر شریعت کے نفاذ کی کوشش شروع کی - وہ کوشش عام حکومت سے ، پاکستان گورنمنٹ سے ایک مطالبہ تھا - لیکن اس کا پہلا اور بلا واسطہ تعلق سابق صوبہ سرحد کی حکومت سے تھا - مجھے یاد ہے - کہ پیر صاحب مانکی شریف کی خدمت میں خان عبد القیوم خان نے ایک خط لکھا تھا کہ آپکا مطالبہ شریعت کا ہے - وہ ہم نے منظور کر لیا ہے - اور ہم نے جمعہ کو چھٹی کر لی ہے - یہ ایک قسم کا مذاق تھا - اور ایک نا مناسب مذاق تھا - میں اس قصہ سے مختصراً یہ بتانا چاہتا ہوں - کہ جمعہ کو چھٹی ایک معمولی بات ہے - یہ کوئی اتنی بڑی بات نہیں ہے - کوئی انقلابی قدم نہیں ہے - اور ملک پر اس کا کوئی اثر نہیں پڑتا - یہ تو سستی شہرت ہے - ہینگ لگے نہ پھٹکری - رنگ چوکھہ آتا ہے - یہ تو آپکی نیک نامی ہے - اور اس میں حکومت کی شہرت ہے - اور اسلام کی خدمت ہے - بچوں کے اذہان پر کیوں ابتدا سے برا اثر ڈالا جائے - حقیقت یہ ہے - کہ اگر جمعہ کے دن آپ ساڑھے بارہ بجے چھٹی کرتے ہیں - تو بھی نماز کو نقصان پہنچ جاتا ہے - اور یہ ایسی چیز ہے - کہ اس سے ذہنیت بھی بدلتی ہے - ایک شعار ہے ان کا اتوار اور ہمارا جمعہ - اس میں کوئی حرج نہیں - اگر آپ اس کو اسوقت ملتوی نہ کریں - اور اسے فراخدلی سے پاس کر دیں - تو یہ ایک اچھا اقدام اور آپ کا ایک اچھا کارنامہ ہو گا - اور اس کا کریڈٹ بھی آپ ہی کو ملے گا - اس لئے کہ آپکی اکثریت اگر اسے رد کر دے - تو یہ رد ہو جائیگی - اور اگر وہ اسے پاس کرینگے تو یہ پاس ہو جائے گی - اس لئے پھر بھی کریڈٹ آپ ہی کو ملے گا - یہ بات بڑی اہم ہے - اس لئے میں عرض کروں گا کہ مختلف جگہوں میں مختلف تعطیلات ہونے سے کار و بار پر کوئی اثر نہیں پڑتا - مشرقی پاکستان میں بعض مخصوص تعطیلات ہیں - مغربی پاکستان میں بعض دیگر مخصوص تعطیلات

ھیں ۔ یورپ میں بعض تعطیلات مخصوص ھیں ۔ جو کہ ھمارے ھاں نہیں ھیں ۔ پھر بھی ھمارا باھم کار و بار ھے ۔ ھاں ۔ ان دنوں میں چھوڑنا پڑتا ھے ۔ اگر ھم ایک اسلامی شعار کی خاطر ، اسلامی نشان کی خاطر ، اگر آسانی پیدا کرنے کی خاطر ھم تھوڑی سی صعوبت اٹھا لیں ۔ تو کیا حرج ھے ۔ اور صعوبت بھی آج ھی ھے ۔ آپ فرماتے ھیں ۔ کہ یہ مرکز کا مسئلہ ھے ۔ اگر یہ مرکز کا مسئلہ ھوتا ۔ تو یہاں پیش ھی نہ ھو سکتا ۔ لیکن یہ پیش کیا جا سکتا ھے ۔ ھم کو اپنے صوبے کا قانون بنانے کا خود اختیار ھے ۔ اس صوبے کے الگ بنائے جانے کا مقصد ، اس صوبے کا مطلب اور صوبائی اسمبلی کا مطلب ھی یہ ھے ۔ کہ ھماری اپنی حدود کے اندر اپنے لئے اپنی صوابدید کے مطابق قوانین بنائیں ۔ رھی یہ بات کہ وہ بنا دیں ۔ تو پھر ھم اس پر عمل کریں ۔ آپ کیوں اقدام نہیں کرتے ۔ آپ کیوں نہیں پیش قدمی کرتے ۔ اور ان کی رھنمائی کیوں نہیں کرتے آپ اسے یہاں کیوں نہیں پاس کرتے ۔ کہ انکی بھی رھنمائی ھو ۔ اور اس طرح انہیں بھی اسے پاس کرنے میں سہولت ھو جائیگی اور اگر آپ ھی یہاں اسے مسترد کر دیں ۔ تو بہت ممکن ھے ۔ کہ اس کا اثر مرکز پر بھی پڑے ۔ اور وہ بھی اسے مسترد کر دیں ۔ اسلئے مناسب ھے کہ اسے منظور کر کے جمعہ کو تعطیل قرار دی جائے ۔ بہر حال مناسب ھے ۔ کہ اس میں ضد نہ کی جائے ۔ اور جمعہ کو تعطیل قرار دی جائے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ میرا یہ دعویٰ ھے ۔ اور میرے اس دعوے میں پوری حد تک صداقت ھے ۔ کہ پاکستان دنیا کی سب سے بڑی اسلامی مملکت ھے ۔ لیکن میں حیران ھوں ۔ کہ دنیا کی سب سے بڑی اسلامی مملکت کے اس صوبائی ایوان میں جب یہ مطالبہ کیا جاتا ھے کہ آئندہ اس صوبے میں اتوار کی بجائے جمعہ کو چھٹی منائی جائے ۔ تو اس پر قانونی اعتراض پیش کرنیکی کوشش کی جاتی ھے ۔ اور یہ کہا جاتا ھے ۔ کہ دوسرے ملکوں میں

اتوار کو چھٹی ہو گی ۔ دوسرے صوبے میں اتوار کو چھٹی ہو گی ۔ اور مرکز میں اتوار کو چھٹی ہو گی ۔ تو میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ آپ ایک نشان راہ تو بنائیں ۔ کوئی منزل آپ نے متعین کر لی ہے ۔ آپ اس کی طرف ایک قدم تو اٹھائیے ۔ چلئے ہم ہی پہل کر لیتے ہیں ۔ ہم ہی اس طرف پہلے چلتے ہیں ۔ اور ہماری دیکھا دیکھی مشرقی پاکستان کو بھی توفیق مل جائے گی ۔ کہ وہ بھی اس راستے پر آ جائیں ۔ اور اس طرح مرکزی اسمبلی میں بھی یہ قانون پاس ہو سکے گا ۔ یہ نہ ہو کہ ہم ان کی طرف اور وہ ہماری طرف دیکھتے رہیں ۔ اور نتیجہ یہ ہو ۔ کہ وہ بھی اتوار ہی کو چھٹی مناتے رہیں ۔ اور ہم بھی مناتے رہیں ۔ اور اس کا نتیجہ یہی ہو گا ۔ جہاں تک یہ اعتراض کیا گیا ہے ۔ کہ وقت ضائع ہوگا ۔ تو میری رائے میں اگر ہم آج یہ فیصلہ کریں ۔ کہ اتوار کی بجائے جمعہ کو چھٹی ہو گی تو ایک دو ماہ کے اندر اندر مرکزی اسمبلی لازماً اس امر پر مجبور ہو گی ۔ کہ وہ اس امر کے متعلق سنجیدگی سے غور کرے ۔ کہ وہ بھی مرکزی دفاتر میں اتوار کی بجائے جمعہ کو چھٹی کریں ۔

جناب والا ۔ میرے محترم دوست نے یہ قانونی اعتراض اٹھایا ہے ۔ اور اس میں شک نہیں ۔ کہ Negotiable Instruments Act کے متعلق قانون سازی ، اس میں ترمیم و تنسیخ کا اختیار صرف قومی اسمبلی ہی کو ہے ۔ اور وہ اس ایوان کے احاطۂ اختیار سے باہر ہے ۔ لیکن میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اس اعتراض کا بڑی اچھی طرح Standing کمیٹی کے اندر جائزہ لیا جا چکا ہے ۔ اس Standing کمیٹی میں میرے محترم دوست جناب غلام نبی میمن صاحب وزیر قانون و اطلاعات خود تشریف رکھتے تھے ۔ اور جہاں تک مجھے یاد ہے ۔ ہم سب نے بااتفاق رائے یہ فیصلہ کیا تھا ۔ کہ یہ قانونی اعتراض اس پر وارد نہیں ہوتا ۔ باقی رہا convenience کا اعتراض ۔ تو یہ اعتراض اس وقت بھی انہیں اور بعض اور دوستوں کو بھی تھا ۔ تو عرض یہ ہے کہ اسلامی شعار کے راستے میں

کسی قسم کی روکاوٹ نہیں ڈالنی چاہئے - اور میں نہایت ادب کے ساتھ اپنے دوستوں کی خدمت میں درخواست کروں گا کہ وہ اس بل کی حمایت کریں - اور اسے قانون کی شکل میں آنے دیں - اور اگر کسی قسم کی ناقابل تسخیر تکلیفات ہمارے سامنے آئیں - تو اگلے اجلاس میں بھی ایوان اس میں ترمیم بھی کر سکتا ہے - اور خود دیکھ سکتا ہے - کہ اس میں کیا کیا تکالیف ہیں - اس طرف کم از کم ایک قدم چلنا بھی تو ضروری ہے - جو راہ اپنے لئے متعین کی ہے - اس کی جانب ایک قدم تو اٹھائیں - اس میں کسی کو کلام نہیں - اور میں بلا خوف تردید کہہ سکتا ہوں - کہ ہم نے یہ ملک اسی غرض کے لئے حاصل کیا تھا - کہ ہم یہاں اپنی تمام زندگی اسلامی شعار کے مطابق بسر کریں گے - اور میرا خیال ہے کہ یہ اسی object اسی goal اور اسی مقصد کی طرف ایک چھوٹا سا قدم ہے - جسے ہم سب مل کر اٹھائیں - تاکہ اس منزل کی جانب چل سکیں -

وزیر قانون — (مسٹر غلام نبی محمد وریاں میمن) - ہمارے محترم اور مہربان ممبر خواجہ محمد صفدر صاحب نے فرمایا ہے - کہ اس Standing کمیٹی میں میں بھی موجود تھا - اور یہ حقیقت ہے لیکن انہیں یہ بھی یاد ہوگا - کہ میں نے ان کی مخالفت کی تھی - اور صرف اسی بناء پر کہ ہم آئین کے نقطہ نظر سے ایسا نہیں کر سکتے - میں نے اس وقت بھی اختلاف کیا تھا اور اب بھی مجھے ان سے اتفاق نہیں ہے لیکن میں ان کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ نیشنل اسمبلی کے پاس یہ بل پڑا ہے - اور اگر وہاں اسمبلی کی طرف سے یا سپیکر کی طرف سے یہ رولنگ آ جاتی ہے - کہ یہ ان کا Subject نہیں ہے بلکہ صوبائی Subject ہے - اور اسے ہمیں کرنا چاہئے - تو اس وقت ہم کر لیں گے لیکن اس میں وقت لگے گا - وقت درکار ہو گا - لیکن گورنمنٹ کی طرف سے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے لئے یہ بڑی مشکل بات ہے - اگر ہم کوئی Legislation یہاں لاتے ہیں - تو اس پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے - کہ آئین کے خلاف ہے - اور اسے واپس لے لیں - اور جب ہم آئین کا خیال رکھتے ہیں - تو پھر بھی یہ کہتے ہیں کہ

یہ آئین کو نہیں مانتے اس طرح وہ بات ہمارے گلے میں پڑ جاتی ہے - کہ Technical Grounds پر اس کی مخالفت نہ کریں جیسا کہ مولانا صاحب نے فرمایا ہے - تو میں سمجھتا ہوں کہ جہاں تک آئین کا تعلق ہے - ہمیں اس کا احترام کرنا پڑتا ہے اور اس لئے ہمیں دیکھنا ہوتا ہے کہ کوئی بھی بات اس ایوان میں ایسی نہ ہو - جو خلاف آئین یا خلاف قانون ہو - میں اپنے محترم دوست جناب علی گوہر کھوڑو صاحب سے اتفاق کرتا ہوں - کہ ہمیں صرف منہ سے ہی ایسا نہیں کہنا چاہئیے - میں مانتا ہوں کہ ہمیں ایسا ہی کرنا چاہئیے -

ساتھ ہی ساتھ یہ صحیح ہے کہ صرف جمعہ کے دن عام چھٹی دینے سے ہم مسلمان نہیں ہو سکتے - جیسا کہ ایک معزز ممبر نے کہا ہے کہ لوگ سود کھاتے ہیں - ان کو سود بھی نہ کھانا چاہئیے صرف جمعہ کے دن چھٹی قرار دینے سے ہم مسلمان نہیں ہو سکتے لہذا میں نہایت ادب سے درخواست کروں گا اور میں مانتا ہوں اور ہم یہ کرنے کے لئے تیار ہوں - انہیں یقین رکھنا چاہئیے کہ یہ مسئلہ مرکزی حکومت کے سامنے ہے جیسا خواجہ صاحب نے کہا ہے ہم ان کے ساتھ ہیں اور ہم اسے Unanimously منظور کریں گے -

مولانا غلام غوث — کیا یہ ممکن نہ ہو گا کہ آپ جمعہ کی چھٹی بھی دے دیں اور سود بھی بند کر دیں -

خواجہ محمد صفدر — پوائنٹ آف آرڈر - جناب عالی - آرٹیکل ۱۳۳ کے تحت یہ اعتراض کہ ہم آئینی طور پر یہ بل پیش نہیں کر سکتے تو اس کا فیصلہ تو اس معزز ایوان کو ہی کرنا ہے اور ہم خود ہی اس کا فیصلہ کر سکتے ہیں - اس پر یہ چیز وارد نہیں ہوتی -

Artical 133:—

(1) The responsibility of deciding whether a legislature has power under this constitution to make, a law is that of the legisture itself.

Mr. Speaker: That is not a point of order but that is the member's reply to the speech made by the Law Minister.

Khawaja Muhammad Safdar: You may take it in that way sir.

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خان) — میں جناب ذرا علامہ عبدالحق صاحب سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ جیسا کہ انہیں اطمینان دلایا گیا ہے کہ اس سلسلے میں پورے ملک کے لئے بل مرکزی حکومت کی طرف سے آنے والا ہے تو کیا اس چیز کے بعد وہ اس بل کو واپس لینا

چاہتے ہیں اگر ایسا ہے تو مجھے کسی تقریر کی ضرورت نہیں ۔ اور اگر وہ مطمئن نہیں ہیں اور اصرار کرتے ہیں تو مجھے کچھ کہنے کی ضرورت ہو گی ۔

مسٹر سپیکر — علامہ صاحب کیا پوزیشن ہے ۔

وزیر قانون — ہم آپ کے ساتھ ہیں ۔

علامہ عبدالحق — میں نے پورے یقین کے ساتھ ملک اور قوم کی اسلامی اور تاریخی روایات کے نقطہ نظر سے اور سمجھ کر اس اس کو پیش کیا ہے واپس لینے کے لئے پیش نہیں کیا ہے ۔

Mr. Speaker : The Member may please take his seat.

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خان) : جناب والا ۔ اس سے کسی مسلمان کو خواہ وہ اس ایوان کا رکن ہو یا نہ ہو انکار نہیں ہو سکتا کہ اگر اس ملک میں وہ روایات قائم نہ ہوں ۔ علامہ صاحب اور مولانا صاحب تو آئین و قانون کی حیثیت سے چھٹی پر زور دینے ہیں میں کہوں گا کہ مجموعی طور پر جہاں تک دین کا نفاذ نہ ہو ۔ اسلام کے پورے آرڈر کا نفاذ نہ ہو خواہ ہمارا ملک کتنی ہی ترقی کر جائے اس کے بنمر ہم مطمئن نہیں ہو سکتے اور نہ ہمارا نصب العین پورا ہو سکتا ہے ۔ میں اس وقت اس بحث میں نہیں پڑنا چاہتا کہ ۱۵—۱۶ برس میں باوجود ان خواہشات کے اور باوجود ان عوام کے جذبات کے ہم یہ اعلان نہ کر سکے کہ اس ملک کا اسلامی نظام ہو گا اور باوجود عوام کے جذبات کے ابھی تک ہم جماعتی طور سے یا جس طور سے بھی ہو اس طرف کوئی قدم نہ اٹھا سکے تو اس کی وجہ یہ تھی کہ اس مک میں استحکام نہ تھا اور وزارتیں اور لیڈر شپ بدلتی رہتی تھیں ۔

خواجہ محمد صفدر — اب تو آپ کو چھ سال ہو گئے ہیں ۔

وزیر ریلوے— اب اس طرف قدم ہے۔ اب میں جناب والا ۔ کی خدمت میں اس چھٹی کے دن کے متعلق عرض کروں گا س ا میں شک نہیں کہ ہر قوم کا کوئی قومی شعار ہوتا ہے کوئی قومی روایات ہوتی ہیں ۔ ہر قوم کے قوم بننے کے کچھ نشانات ہوتے ہیں ۔ مولانا صاحب اور علامہ صاحب دونوں نے اس کو مذہبی جذبے کے تحت پیش کیا ہے مجھے دونوں میں سے کسی سے انکار نہیں ہے ۔

مگر ایک بات کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ ایک طرف علامہ صاحب ہیں اور دوسری طرف مولانا غلام غوث صاحب ہیں ۔ دونوں اسلام کے عالم ہیں ان کے سامنے میں کوئی غلط بیانی نہیں کر سکتا اور اگر غلط بیانی کروں تو وہ ٹوک سکتے ہیں ۔

جہاں تک مذہبی حیثیت کا تعلق ہے اسلام میں تعطیلوں اور چھٹیوں کا تخیل بالکل مختلف ہے ۔ اسلام کے ابتدائی دور میں جمعہ اتوار یا کوئی اور دن مخصوص نہیں ہوتا تھا وہاں تو ''واذا نودیت الصلواۃ،، یعنی جیسوقت بھی اذان کی آواز سنو اپنے کاروبار چھوڑو اور مسجد کی طرف چلو ۔ یہ ہمارے اسلام کا تخیل ہے ۔ اسلام کسی خاص قوم کسی خاص طبقہ یا کسی خاص حلقہ کے لئے نہیں ہے اور یہ عام حکم ہے میں اسلامی تاریخ کا ایک طالب علم ہونے کی حیثیت سے اگر علامہ صاحب کی . . . . . .

میاں محمد اکبر — رواینٹ آف آرڈر — قرآن کریم کی آیت یہ غلط کوٹ کر رہے ہیں ۔

''واذا نودیتہ الصلواۃ من یوم الجمعتہ،،

جمعہ کا دن خاص طور پر مخصوص کیا گیا ہے ۔

Mr. Speaker : This is no point of order. Point of order is something about the procedure.

وزیر ریلوے — جناب والا ۔ میں اس طرف آ رہا ہوں جمعہ کے دن جس وقت تم اذان کی آواز سنو Mian Sahib has Supported me. He has Corrected me

یہ دینی مسئلہ ہے ۔ اب جناب والا ۔ علامہ صاحب اور مولانا صاحب مجھ سے اتفاق کریں گے کہ ابتدائی زمانہ اسلام میں خاص جمعہ کے دن نماز کے بعد میں ایسی روایات پیش کر سکتا ہوں خلیفہ وہاں مسجد میں مقدمہ سنتے تھے کسی نے خلیفہ عبدالملک سے پوچھا کہ آپ کے بال اتنی جلدی کیوں سفید ہو گئے ہیں ۔ خلیفہ نے کیا جواب دیا تھا وہ ان دونوں حضرات کو معلوم ہو گا ۔ کہا کہ اس لئے سفید ہو گئے کہ ہر جمعہ کو نماز کے بعد عدل و انصاف کرتا ہوں ۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ جمعہ کے دن چھٹی کا تخیل نہیں ہوتا تھا نہ اتوار کو ہوتا ہے تو اگر آپ یہ ترمیم لائیے کہ چھٹی کا سلام میں تخیل نہیں ہے یہ غیر مذہب ہے بلکہ جمعہ کے دن کاروبار چھوڑ دیا جائے تو زیادہ صحیح تھا اور جہاں تک موجودہ تجویز کا تعلق ہے ہم اس آیت

کے مطابق جمعہ کو ساڑھے بارہ بجے کے بعد اذان ہوتی ہے اور حکم یہ ہے کہ اذان جب ہو جائے تو کاروبار چھوڑ دو اس وقت تمام کاروبار اور دفتر بند کر دئے جاتے ہیں حالانکہ اذان کا وقت مختلف مقامات پر مختلف ہے ۔ رہا اتوار کو چھٹی کا ہونا تو وہ اس وقت تک زیر بحث نہیں ہے اسرائیلیوں نے اتوار کی بجائے ہفتہ مقرر کیا تھا میں مذہبی سطح پر عرض کر رہا تھا اور میرے خیال سے میری تردید نہیں ہو سکتی کہ ابتدائے اسلام میں چھٹی کا تخیل نہیں تھا ۔ جمعہ کی نماز کے بعد لوگ کام کرتے تھے اور مقدمے سنے جاتے تھے اور ان کا فیصلہ ہوتا تھا اور اس سلسلے میں خلیفہ عبدالملک کا ارشاد آپ کے سامنے پیش کیا ہے کہ جمعہ کو نماز کے بعد عدل و انصاف قائم کرتا ہوں اور دماغ پر زور دیتا ہوں اس لئے بال سفید ہو گئے ہیں تو ابتدائے اسلام میں جمعہ کو یہی کام ہوتا تھا ۔

اب رہا قومی نقطہ نظر تو میں آپ سے متفق ہوں کہ ہر ملک میں ہر قوم میں اپنی کچھ روایات ہوتی ہیں بہتر ہو گا کہ ہمارے سارے ملک میں جمعہ کو ایک نماز قائم ہو جئے اور اتوار اور ہفتے سب غائب ہو جائیں ۔ لیکن میرے اس خیال سے میری اس دلیل کے سننے کے بعد کہ اس میں کوئی مذہبی روایات نہیں ہے ۔ کہ جمعہ کو تعطیل ہو قرآن کریم کی اس آیت کے مطابق جمعہ کو نماز سے پہلے اپنا کاروبار بند کر دیں۔ مناسب ہے ۔ لیکن جہاں تک قومی مسئلہ کا تعلق ہے اس وقت علامہ صاحب کو اسے اتنی اہمیت نہ دینی چاہئیے جبکہ مرکز میں ایک بل آ چکا ہے اور لامنسٹر صاحب کا یہ کہنا کہ وہاں پاس ہونے کے بعد ہمیں پورا حق ہو گا کہ ہم اسے یہاں بھی پیش کریں ۔ ان خیالات کے اظہار کے بعد میں توقع کرتا ہوں کہ آپ مذہبی حیثیت سے نہیں اور قومی حیثیت سے بھی مجھ سے متفق ہوں گے میں نے آپ سے بھی اور اختلاف نہیں کیا ہے ۔ قومی حیثیت سے اس بل کے مسترد کئے جانے پر آپ مصر نہ ہوں گے ۔ بعض چیزیں چھوٹی چھوٹی ایسی ہوتی ہیں کہ ان کا عوام تک غلط تخیل نہ ہونا چاہیے کہ اسمبلی نے اس چیز کو مسترد کر دیا ۔ اس بل پر ووٹنگ کرانا یا اسے مسترد کرانا خود آپ کے اور میرے مقصد کے لئے مضر ہو گا ۔ اس سے یہ بہتر ہو گا کہ آپ یہاں اس یقین دہانی پر اعتماد فرماتے ہوئے اس کو واپس لے لیں اور اگر مرکزی حکومت میں پیش نہ کیا گیا تو وہ پھر ہم یہاں اس بل کو اگلے اجلاس میں پیش کر دیں گے ۔

سید احمد سعید کرمانی — جناب میں بولنا نہیں چاہتا صرف ایک شعر پڑھ کر بیٹھ جاؤں گا ۔

"The extension of universal education the increased proportion of children enrolled in school, the general diffusion of literacy among the adult population, the increased productivity of a nation and the trends towards urbanization and industrialisation are merely different aspects, inter-related and inter-dependent, of what might be called the process of modernization. As the world moves forward in this process, no nation can afford to lag behind in any of these respects."

مختصر الفاظ میں یہ کہا گیا ہے کہ تعلیمی سہولتوں میں توسیع - خواندگی کی وسعت میں اضافہ معیشت کو فروغ دینے کا بہت بڑا سبب ہے ملی استحکام کے بڑے ضروری اجزا یہ ہیں کہ تعلیم کو عام کیا جائے - مدارس میں طلبا کی تعداد میں اضافہ ہو - پیداوار کی مقدار میں ترقی - ملی استحکام کے اور بھی اجزا ہیں جو کہ باہم مربوط ہونے میں ایک دوسرے سے لازم و ملزوم ہیں ان سے اگر ذرا سی غفلت کی جائے تو یقیناً ملک و ملت کے لئے بہت بڑا خسارہ ہو گا - جب ایسی صورت حال سے کسی کو مفر نہیں ہے تو پھر ایسے معاملے کو کسی سیاسی یا گروہی نقطۂ نگاہ سے دیکھنا درحقیقت ملک و ملت کی ، میرے نزدیک ایک کھلی بد خواہی ہے بلکہ اس حلف سے بد عہدی ہے جو ہم سے ہر فرد لیکر یہاں اس ایوان میں پہنچا ہے - ہمیں قرآن حکیم نے جو رہنمائی عطا فرمائی ہے وہاں بھی یہ فرمایا گیا ہے -

واعدوالھم ما استطعتم من قوۃ و من رباطالخیل مخالفین کے مقابلہ میں ہر طرح کی قوت کا فراہم کرنا ایک قرآنی فریضہ ہے - دینی فریضہ ہے - اس قوت کے فراہم کرنے میں اخلاقی ، روحانی ، مادی اور ساری غیر مادی قوتوں کا فراہم کرنا شمار ہو جاتا ہے نہ صرف یہ بلکہ قرآن حکیم میں علم میں وسعت اور زیادتی کیلئے اللہ تعالے نے خود دعا سکھائی ہے - رب زدنی علما (اے میرے رب میرے علم میں اضافہ فرما) علم کا حاصل کرنا ایک تاکیدی حکم ہے مہد سے (بچپن سے) لیکر لحد تک فرض ہے - 'اطلبوالعلم من المھدالی اللحد' یعنی ہر مسلمان عورت اور مرد پر طلب علم کا فریضہ عائد کیا گیا ہے اس طرح دوسری جگہ فرمایا کہ علم حاصل کرو خواہ اس کے حصول کے لئے چین جانا پڑے اس معاملے کو دینی فریضہ کی نگاہ سے دیکھا جائے یا جو عہد حاضر کے تقاضوں کے مطابق بے حد ضروری تقاضہ ہے جو ہمیں بہرحال پورا کرنا چاہئیے - ایک افسوسناک بات یہ ہے کہ خواندگی ان ممالک میں ہے جن میں مسلمانوں کی کثیر

آبادی ہے حالانکہ مسلمانوں کا یہ فریضہ تھا کہ وہ ہر جانب پیش از پیش اپنی کوششیں صرف کرتے۔ میں یہاں کچھ اعداد و شمار پیش کرتا ہوں۔ یہ ایشیا اور افریقہ کے براعظم میں جو لوگ رہتے ہیں کوئی ایک ارب کے قریب پوری دنیا کی کل آبادی ڈھائی ارب ہے۔ اس میں سے کوئی ایک ارب کے قریب ناخواندہ ہیں اور اس کا بیشتر حصہ ایشیا اور افریقہ کے ممالک میں ہے مثلاً اسی یونیسکو کے فراہم کردہ اعداد و شمار کے مطابق الجیریا کا تناسب ناخواندگی ۹۰ سے لیکر ۹۸ فیصدی۔مصر میں یہ ۸۰ فیصدی سے زائد ہے۔ ٹرکی میں ۸۰ سے ۸۹ فیصدی۔ عراق میں ۸۹ فیصدی سے ۹۶ فیصدی تک۔ عرب جہاں سے ساری دنیا کو یہ روشنی ملی افسوس ہے کہ وہاں ۹۵ سے لیکر ۹۹ فیصدی تک ناخواندگی کا دور دورہ ہے۔ پاکستان میں ۸۰ سے ۹۰ فیصدی تک ہے۔ اور پھر یہ کسقدر عبرت کا مقام ہے کہ وہ ایک چھوٹی سی سلطنت جس کی آبادی سترہ لاکھ کے قریب ہے اور ہمارے بعض ایک شہروں کے برابر بھی نہیں ہے یعنی اسرائیل کی ریاست جو بہت قریب کے زمانہ میں قائم ہوئی تھی وہاں اس کا معیار صرف ۳ سے ۹ فیصدی تک ہے۔ اور اسرائیل کی سلطنت میں مسلمانوں کی جو آبادی ہے ان میں ناخواندگی زیادہ پائی جاتی ہے۔ ایک شعر یاد آ رہا ہے۔ فرماتے ہیں۔ شاعر

ع وفا آموختی از ما بکار دیگران کر دی

یہ سب کچھ ہمارے ہی گھر کا سرمایہ تھا جو دوسروں کے کام آیا

وفا آموختی از ما بکار دیگران کردی
ربودئی گوہر از ما نثار دیگران کر دی

یہی نہیں ہے بلکہ ہم نے اپنے آباؤ اجداد کی محنتوں اور کاوشوں میں اضافہ کرنے کی بجائے جو ان کا سرمایہ تھا اسے بھی اہل مغرب کے ہاتھوں فروخت کر دیا۔ بقول علامہ اقبال ؎

مگر موتی وہ حکمت کے کتابیں اپنے آبا کی

جو دیکھیں ان کو یورپ میں تو جی ہوتا ہے سیپارہ کا

اس صورت حال کو بدلنے کے لئے موثر اقدام کی ضرورت ہے اور میں یہ چاہتا ہوں کہ حکومت مغربی پاکستان بجائے اس کے ہر معقول سے معقول تجویز کی مخالفت میں یہ کہہ دے کہ ہمیں یہ منظور نہیں ہے کریڈٹ حاصل کرنے ۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس سلسلے میں سب سے بڑی رکاوٹ یہ ہے کہ عوام میں علم حاصل کرنے کے لئے جہالت کو دور کرنے کے بارے میں کوئی صحیح جذبہ کام نہیں کر رہا ہے مگر میں سمجھتا ہوں کہ اس صورت حال میں بہت بڑا دخل اور اس شوق کی کمی میں بڑا سبب وہ نقطہ نگاہ ہے جو ہماری سیاسی فضا میں مسلط ہے میں یہ باور کرنے کے لئے تیار نہیں ہوں کہ مغرب کے ممالک کو خاص طور پر ذہانت کا عطیہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملا ہوا ہے ۔

میرے پاس یہ ایک لٹریسی کے متعلق اندازہ ہے جو ڈاکٹر لوئی نے پیش کیا ہے ۔ یہ برطانیہ کے متعلق ہے وہ کہتے ہیں ۔ ۳۵ سو افراد کا جن کی عمر ۵۰ سال کی ہے ان کے متعلق ذہانت کا اندازہ لگایا گیا ۔ ان میں ۲۴ فیصدی ناقص ذہن کے ثابت ہوئے اور ۶ فیصدی مطلقاً ناخواندہ تھے ۔ یہ نہیں ہے کہ ہماری ذہانت کا معیار پست ہے ۔ ہمیں وہ ماحول میسر نہیں آ رہا ہے جو دیگر ممالک میں کارفرما ہے ۔ وہاں اگر کوئی ایسا اقدام کیا جائے یا کوئی ایسی تجویز پیش ہو تو اس کا خیر مقدم کیا جاتا ہے مگر یہاں معقول سے معقول تجویز کو اس لئے رد کر دیا جاتا ہے کہ وہ ایک خاص گروہ کی طرف سے پیش نہیں کی گئی ۔

اگر ہم نے اس مملکت خداداد کو جسے اسلام کے نظام حیات کے تجربہ گاہ کے طور پر حاصل کیا گیا تھا ہم اس میں وہ مقصد سامنے رکھ لیں تو یہ سارے شوق کی کمی پوری ہو جاتی ہے ۔ اور یہ ممکن

نہیں ہے کہ لوگ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے اپنے لئے لٹریسی کا جو ضروری معیار ہے وہ پیدا نہ کر لیں ۔ کہا جا سکتا ہے کہ اس کے لئے فنڈز کہاں سے مہیا کئے جائیں ۔ اکثر اوقات جب کوئی تجویز پیش کی جاتی ہے تو حکومت کی طرف سے سرمایہ کا ایک بہانہ پیش کیا جاتا ہے ۔ یہ بہانہ عذر لنگ سے زیادہ نہیں ہے جو حکومت ایک پبلک سکول کے لئے ۱۲ لاکھ روپیہ بجٹ میں مہیا کر سکتی ہے ....

خواجہ محمد صفدر - ۶۰ لاکھ روپیہ مہیا کر سکتی ہے ۔

چودھری محمد ابراھیم - ایک پبلک سکول کے لئے جو حکومت ۶۰ لاکھ روپیہ مہیا کر سکتی ہے ۔ جب ایک دفتر کے ایک کمرے کی آرائش کیلئے ۷ ہزار روپیہ خرچ کرنے کے لئے تیار ہوتی ہے اس حکومت کو یہ عذر زیب نہیں دیتا ہے کہ جب بھی ملکی و ملی ضرورت کو سامنے رکھا جائے تو وہ سرمایہ کی کمی کا عذر پیش کر دیں ۔ بہر حال اگر سرمایہ کی کمی بھی ہے تو میں کچھ تجاویز اس سلسلے میں پیش کرتا ہوں ۔ جن کو سامنے رکھتے ہوئے وہ جو سرمایہ کی کمی کا بہانہ ہے اس کا حل مل جائیگا ۔ میرا اپنا خیال ہے کہ یہ تجاویز اس سلسلے میں بہت مفید ثابت ہوں گی اگر حکومت ان کو قبول کرلے ۔

پہلی تجویز یہ ہے کہ ہر مسجد کے پیش امام کو ایک مختصر سی ٹریننگ دی جائے ۔ پھر ان سے بالغ جو لوگ ہیں ان کو خواندہ بنانے کا کام لیا جائے اور اس خدمت کے صلے میں انہیں مناسب معاوضہ دیا جائے ۔

دوسری تجویز اس سلسلے میں یہ ہے کہ معمولی سا خواندگی کا معیار ابتدا میں قائم کر دیا جائے اور وہ یہ ہے کہ جو شخص عربی قاعدہ اور پہلا سپارہ اور ناظرہ پڑھ لے اور صرف نام لکھ سکے اور معمولی حساب کے سوال میں مہارت پیدا کر لے ۔ اسے خواندہ قرار دیا جائے ۔

تیسری تجویز یہ ہے کہ ہمارے پڑوس ملک ایران نے عمل کرتے ہوئے اپنی خواندگی کا معیار عمدہ بنا لیا ہے وہاں ہر اس شخص پر جس کی عمر ۱۳ سال سے ۴۰ سال تھی اس پر ناخواندگی (الیٹریسی) ٹیکس لگا دیا ہے ۔ وہ ٹیکس برائے نام ہو تاکہ اس ٹیکس سے بچنے کے لئے ہر شخص کوشش سے خواندگی حاصل کرے وہ جو پنیلیٹی جس کا اورجنل ریزولیوشن میں ذکر کیا ہے وہ پنیلیٹی اس طرح سے عائد کی جائے کہ جو شخص نا خواندگی میں رہتا ہے اور ایک مناسب معیار خواندگی کا حاصل نہیں کر سکتا وہ ہر ششماہی دو روپیہ ٹیکس ادا کرے جو رقم فراہم ہو وہ ان لوگوں پر جو الیٹریسی کی اس مہم میں شریک ہیں ان کو مناسب معاوضہ پر خرچ ہو ۔ ان کو معاوضے اور مناسب انعامات دینے میں صرف کی جا سکتی ہے ۔

چوتھی تجویز اس سلسلے میں یہ ہے کہ جو اس سلسلے میں اچھا کام کریں ان کو انعام کے طور پر سندات اور انعامات دیجئے ۔ ان کے لئے یہ فنڈ کام دے سکتا ہے ۔

پانچویں تجویز جو خواندگی کی مہم کو کامیاب کرانے لئے ضروری ہے وہ یہ ہے کہ ہر خطہ کی اپنی زبان ہونی چاہئے ۔ عربی رسم الخط مشترک ہو ان کے لئے دلچسپ کتب اور رسائل مہیا کئے جائیں ۔

صاحب صدر ۔ میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا ۔ یہ میری تجاویز ہیں جو میں نے ہاؤس کے سامنے رکھیں ہیں ۔ میرا خیال ہے کہ آپ ان تجاویز سے اتفاق کریں گے اور صرف ایک ضد کی بنا پر ان مفید تجاویز اور ضروری وسائل مہم اور ملکی و ملی استحکام کیلئے اس سودمند اقدام کو ٹھکرا نہیں دیں گے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ (سیالکوٹ ۔ ۱) جناب والا ۔ چودھری محمد ابراہیم صاحب کی اس تحریک کی تائید کرتے ہوئے میں چند منٹوں میں اپنی گذارشات اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ ہمارے حکمران خواہ وہ موجود ہوں خواہ ان کے پیش رو ہوں جب انہیں کبھی پبلک پلیٹ فارم سے یا کسی پبلک تقریب پر خطاب کرتے ہوئے ملکی مسائل کے متعلق گفتگو کرنے کا موقع ملا تو بڑے بڑے دعاوی کیا کرتے تھے اور کرتے ہیں اور ان سب میں سے اصل جڑ جو ہمارے اندر ہے اور جو بیماری داخل ہو چکی ہے ان کا منبع ہماری ناخواندگی قرار دیتے ہیں ۔ لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے موجودہ حکمرانوں نے یا ان کے پیش رو اصحاب نے اس ناخواندگی کی بیماری کو جو ہماری قوم کو دق کے روگ کی طرح کھائے جارہی ہے رفع کرنے کی کوشش نہیں کی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہماری موجودہ گورنمنٹ اور ان کے پیش رو پبلک سکول کھولنے میں بڑے مشاق ہیں یا تھے اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ روسا کے بچوں کے لئے ایچیسن کالج ہے اور اسکو ۶۰ لاکھ روپیہ کی گرانٹ دی جاتی ہے ۔ اور میں بلا خوف تردید کہہ سکتا ہوں کہ لاہور اور لائل پور میں پبلک سکول کیلئے ۶۰ لاکھ روپیہ اکٹھا کیا جا رہا ہے ۔ اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ صوبائی گورنمنٹ پندرہ بیس لاکھ روپیہ ان کے لئے دے رہی ہے لیکن کمشنر اور ڈپٹی کمشنر اس پبلک سکول کیلئے روپیہ خود اکٹھا کر رہے ہیں جبکہ ان دو پبلک سکولوں کی لاگت میں سینکڑوں نہیں ہزاروں پرائمری سکول اس صوبے میں کھولے جا سکتے ہیں ۔ کیا غریب عوام کے بچے جو سارا دن گلیوں میں ننگے پاؤں پھرتے ہیں اور ننگے جسم گھومتے رہتے ہیں ان کی تعلیم کا انتظام کرنا ہماری گورنمنٹ کا فرض نہیں ہے ۔ کیا ان بچوں کی تعلیم کا انتظام ہماری گورنمنٹ کا فرض ہے جو بنگلوں میں پیدا ہوتے ہیں اور جو جھونپڑوں میں پیدا ہوتے ہیں تب سے لے کر مرتے دم تک ان کی تعلیم کا انتظام کرنا ہماری حکومت کا فرض نہیں ہے ۔ یقیناً فرض ہے اور یہ انکار نہیں کریں گے اور یہ مانیں گے ۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا اس فرض کی ادائیگی کے لئے کوئی خاص قدم اٹھایا جا رہا ہے ۔ جناب والا ۔ جہاں تک میری رائے ہے اس سلسلے میں آج تک گذشتہ ۱۶ سال میں کوئی قدم نہیں

اٹھایا گیا ۔ آج کے سپلیمنٹری بجٹ کو دیکھئے تو معلوم ہو گا کہ چار پرائمری سکول کھل رہے ہیں ۔ سپلیمنٹری بجٹ جب زیر بحث آئے گا تب بات کرینگے ۔ رات کو میں نے دیکھا تھا کہ چار پرائمری سکول اور مڈل سکول کھولے جا رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ اس قوم کی ناخواندگی کو رفع کرنے کیلئے یہ کافی نہیں ہے ۔ مشنری سپرٹ کے تحت اور ایک مضبوط پروگرام کے تحت سارے صوبہ میں ناخواندگی کو رفع کرنے کی مہم چلائی جائے ۔ اور اس کے لئے بھی یہ کہا جائے گا کہ ہمارے پاس پیسہ نہیں ہے ۔ ہمارے پاس ٹیچر نہیں ہیں ۔ اس کا کیسے انتظام ہو سکتا ہے دراصل پہلے اپنی طبیعت کے ساتھ فیصلہ کر لیں کہ یہ کام ہم نے کرنا ہے ۔ اس کے لئے ذرائع ہمیں مہیا ہو سکتے ہیں ۔ اگر آپ کے پاس بلڈنگ نہیں ہیں تو میرے محترم دوست نے نہایت اچھی تجویز پیش کی ہے کیوں نہ مسجدوں کو ہم مکاتب میں تبدیل کر دیں ۔ صبح کی نماز سے لیکر ظہر کی نماز تک مسجدوں میں پڑھائی ہو اور پرائمری سکولوں کے بچے اور بچیوں کیلئے پیش امام سے کام لیا جا سکتا ہے ان کے ساتھ دو ایک اور ٹیچر بھی مقرر کئے جا سکتے ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Has the Member read the resolution ?

Khawaja Muhammad Safdar : Yes Sir. To eradicate illiteracy ?

Mr. Senior Deputy Speaker : In the form of rewards for good services.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ وہ تو ایک حصہ ہے اور اصل مقصد یہ ہے کہ اس کا سدباب کیا جائے اسکے لئے یہ عرض کر رہا ہوں ۔

Syed Zafar Ali Shah : On a point of order. According to the Rule there should be 5 resolutions on the private members' day, and they should be 5 distinct resolutions. But according to today's business as entered in the Order of the Day, it is evident that there are only 4 resolutions two being identical, only the names are different.

Mr. Senior Deputy Speaker : Please read the Rule. Which Rule are you referring to ?

Syed Zafar Ali Shah : It is Rule 25 (4) which says :—

"Unless the Speaker otherwise directs, not more than five resolutions (in addition to any resolution which has been commenced on and is outstanding from a previous day) shall be set down in the Orders of the Day for any day allotted for the disposal of Private Members' resolutions".

There are only 4 resolutions on the Order of the Day, but it has been mentioned as if there are five. The number is five but actually there are 4, because 2 are identical resolutions.

Mr. Senior Deputy Speaker : It counts as a resolution.

Syed Zafar Ali Shah : In that way all the five can be identical.

Mr. Senior Deputy Speaker : It depends upon the result of the ballot. There is no question of their being identical.

Syed Zafar Ali Shah : Identical ballots should.....

Mr. Senior Deputy Speaker : I am very sorry I could not understand your point correctly.

Syed Zafar Ali Shah : The resolutions are identical word by word.

Mr. Senior Deputy Speaker : The rule lays down the maximum number. It does not say that they should not be identical

Syed Zafar Ali Shah : It will take away the right of the members who want to move different resolutions. Suppose the five resolutions are identical and by ballot those five come out. That means that the rest will not be move or brought on the Order of the Day.

Mr. Senior Deputy Speaker : How does it affect the others. When one is discussed, the second will not be taken.

Syed Zafar Ali Shah : It is the right of every member to move his resolution.

Mr. Senior Deputy Speaker : When a decision has already been taken on one, the other cannot be moved.

Syed Zafar Ali Shah : The Rule says that there should be 5 resolutions.

Mr. Senior Deputy Speaker : If the resolutions are identical and if a decision has been taken on one resolution, then others cannot be moved.

Syed Zafar Ali Shah : I have to point out the fact that there are only 4 resolutions and not 5 on the agenda.

Mr. Senior Deputy Speaker : I need not give any decision on this point at this stage.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں محترمہ جناب وزیر تعلیم صاحبہ سے درخواست کرونگا کہ وہ صوبے سے ناخواندگی دور کرنے کے لئے ایک جامع اور مبسوط پروگرام تیار کریں۔ اس وقت کہا یہ جاتا ہے کہ پرائمری جماعتوں تک تعلیم لازمی بھی ہے اور مفت بھی ۔ اور صوبہ کے بعض علاقوں میں تو اس سے اونچے درجوں کی تعلیم لازمی بھی ہے اور مفت بھی ۔ لیکن اس کی ذمہ داری بالخصوص سابق صوبہ پنجاب کے علاقہ میں جہاں تک مجھے معلوم ہے ۔ میونسپلٹیوں پر چھوڑ دی گئی تھی ۔ لیکن میونسپل کیٹیوں پر جو ذمہ‌داری ہے۔ وہ اس سے عہدہ برآ نہیں ہو رہیں اس سلسلے میں حکومت اپنا پلہ چھڑا رہی ہے اور میونسپل کمیٹیاں اپنا پلہ پکڑا نہیں رہیں ۔ نتیجہ یہ ہوا ہے کہ صوبے میں ناخواندگی روز بروز بڑھ رہی ہے ۔ اس کے لئے اگر جناب وزیر صاحبہ مناسب سمجھیں تو میں یہ تجویز کرونگا کہ وہ Experts کی ایک کمیٹی مقرر کریں تاکہ وہ کمیٹی صوبے کی تعلیمی ضروریات کا جائزہ لے اور ان کے مطابق ایک جامع اور واضع رپورٹ پیش کرے ۔ اور حکومت اسے Implement کرنے کے لئے جلد از جلد اقدامات کرے ۔

ان چند الفاظ کے ساتھ میں اس ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں ۔

Minister of Revenue. Sir, I big to move that the question be now put.

(Begum Jahan Ara Shahnawaz rose to speak at this stage).

Mr. Senior Deputy Speaker. Begum Shaiba, the resolution should be strictly adhered to.

Begum Jahan Ara Shahnawaz. Yes Sir, it will be strictly adhered to.

بیگم جہان آرا شاہنواز (لاہور ملتان ڈویژن) ۔ صدر محترم ۔ میں اس نہایت اہم ریزولیوشن کی تائید کرتے ہوئے یہ عرض کرونگی جیسا کہ حزب اختلاف کے لیڈر صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ پہلی حکومتوں میں سے کسی نے بھی اس مسئلے کی طرف توجہ نہیں کی ۔ تو میں آپ کی خدمت میں اس وقت چند واقعات پیش کرونگی ۔

صدر محترم - سب سے پہلے اس کام کو سکندر وزارت نے ہاتھ میں لیا - چنانچہ ایک Primary Education Committee یعنی پنجاب کی صوبائی اسمبلی کے ایوان کی ایک Select Committee بٹھائی گئی جس نے اس مسئلے کے متعلق تقریباً دو ماہ تک کام کیا - اور جو پہلا Primary Education Bill جو ہاؤس میں پیش ہو کر پاس ہوا - وہ اس کمیٹی نے frame کیا تھا - اس کمیٹی میں اس معاملے پر خاص طور پر بہت بحث ہوئی اور اس چیز کو بہت اہمیت دی گئی کہ جس قدر جلد ممکن ہو سکے Compulsory Primary Education صوبے میں نافذ کی جائے - مگر اس وقت مشکل یہ تھی کہ جہاں تک صوبجاتی ٹیکسوں کا تعلق تھا اس وقت کے آئین کی List میں یہ دیا ہوا تھا کہ ہم صرف فیس لگا سکتے ہیں- کوئی Special ٹیکس لگا نہیں سکتے - اس وقت جو تخمینہ لگایا گیا تھا اس کے مطابق صوبے میں Compulsory Primary Education شروع کرنے کے لئے دو کروڑ روپے سالانہ کی ضرورت تھی - چونکہ ہم کوئی Special ٹیکس لگا نہ سکتے تھے اور اس کے علاوہ روپیہ کہیں سے فراہم نہ ہو سکتا تھا - اس لئے یہ بل تو پاس اسی معاملے کو طے کر کے رکھنا پڑا اس لئے جو ہو گیا مگر Compulsory Primary Education صوبے کے ہر انسان کو نہ دی جا سکے-

اس کے بعد اس صوبے میں جب ایک مسلم لیگی وزارت آئی - میں اس کا نام لینا نہیں چاہتی - اور مرکزی حکومت نے ہمیں ۵ کروڑ روپیہ ایک گرانٹ کے طور پر تعلیم اور حفظان صحت کے لئے دیا - تو اس خاکسار نے سب سے پہلے یہ عرض کیا کہ اس رقم سے Compulsory Primary Education شروع کی جائے - اس میں سے اڑھائی کروڑ روپے تعلیم کے لئے اور باقی اڑھائی کروڑ پبلک ہیلتھ کیلئے تھے - میں نے یہ عرض کیا کہ خدا کے لئے ایک ایسی رقم جو کبھی کبھار ملی ہے صرف عمارات پر خرچ نہ کی جائے - صدر محترم - اس وقت میں نے یہ تجویز پیش کی تھی- اور اس وقت کی وزارت کو یہ مشورہ دیا تھا - مگر جس وقت بجٹ آیا تو میرے تعجب کی انتہا نہ رہی - کیونکہ وہی روپیہ ۱۲ سو سکولوں کی عمارات پر صرف

کرنے کی تجویز پیش کی گئی ۔ اور جہاں تک ہر شخص کی خواندگی کا تعلق تھا اسے طے کر کے رکھ دیا گیا ۔

صدر محترم ۔ میں اپنے بھائی کو مبارک باد پیش کرتی ہوں کہ انہوں نے آج اس ایوان کے سامنے ایک اہم ریزولیشن پیش کر کے قوم پر بہت بڑا احسان کیا ہے ۔

صدر محترم ۔ اب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ جب دیگر ممالک نے ایسی مہمیں چلائیں تو انہوں نے یہ کس طریقہ سے انہیں کامیاب بنایا جس کی وجہ سے انہیں کامیابی ہوئی ۔

سب سے پہلے میں اپنے ایک مسلمان ملک یعنی ترکیہ کو ہی لیتی ہوں ۔ کمال اتاترک نے جس وقت وہاں خواندگی کی مہم چلائی تو انہوں نے سب سے پہلے اساتذہ کی کمی کو محسوس کیا ۔ اور اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے انہوں نے قوم سے درخواست کی کہ ملک کے جتنے خواندہ لوگ ہیں ۔ خواہ وہ ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے جج ہی کیوں نہ ہوں ۔ اور ان کے ساتھ وزیر بھی شامل تھے ۔ وہ ہر کچھ گھنٹے تعلیم کی غرض سے کسی نہ کسی کو خواندہ بنانے میں صرف کریں ۔ چنانچہ ان کے ناموں کی ایک فہرست ہر ہفتے حکومت کے اخبار میں شائع ہوتی تھی جس سے یہ دکھانا مقصود تھا کہ کس شخص نے جو خواندہ تھا کتنے گھنٹے قوم کی خدمت میں صرف کیے ۔

صدر محترم ۔ معزز ممبر نے بہت اچھی تجویز پیش کی ہے کہ تعلیم کے لئے مسجدوں میں ابتدائی سکول اور مدارس کھولے جائیں ۔ آپ مجھ سے زیادہ جانتے ہیں کہ صرف صوبہ بہار میں انگریزوں کے آنے سے پیشتر ایک لاکھ مکتبے تھے اور یہ سب مسجدوں اور مندروں میں تھے ۔ ساتھ ہی ساتھ میں یہ عرض کروں گی کہ جہاں تک ابتدائی تعلیم کی

ضرورت ہے یہ بچیوں کے لئے انتہائی ضروری ہے اور مناسب طریقوں پر اور جدید طریقوں پر اس کو impart کرنا لابدی ہے اور ابتدائی تعلیم انہیں طریقوں سے دینی چاہیے ۔ اگر مسجدوں میں سکول کھولے جائیں تو جو بھی وہاں ہوں ان کو کم از کم ۶ مہینے کا کورس اس مقصد کے لئے دینا ہو گا کہ وہ ابتدائی تعلیم کسی طرح سے بچوں کو دیں تاکہ اس Movement کی فی الفور ابتدا مسجدوں میں بھی کی جائے ۔ اس کے بعد یہ عرض کروں گی کہ اس وقت تو ہماری خود مختار حکومت ہے ایک سپیشل سیس لگانا چاہئے جس طرح کہ شاہی مسجد کی تعمیر کے لئے لگایا گیا تھا ۔ پھر خواندہ لوگ خواہ وہ عورتیں ہوں یا مرد ہر ہفتہ میں چند گھنٹے اپنے عزیزوں اپنے ہمسایوں وغیرہ کو خواندہ بنانے کے لئے صرف کر سکتے ہیں اگر ٹرکی نے صرف ۱۲ سال میں ساٹھ ستر فیصدی لوگوں کو اسی تجویز سے خواندہ بنا لیا تو کوئی وجہ نہیں کہ ہم کیوں کامیاب نہ ہوں ۔ اس وقت ہماری یہ حالت ہے کہ ہمارے پاس آئے دن لڑکیاں اور لڑکے آتی ہیں جنہیں سکولوں میں جگہ نہیں ملتی ۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کیا جائے ۔ اور ان کو کس طرح جگہ دلائی جائے ۔

الحمد للہ اس وقت لوگوں کا رجحان تعلیم کی طرف بہت زیادہ ہے ۔ مجھے خیبر یونیورسٹی کے وائس چانسلر صاحب نے بتایا کہ Graduate Education کے لئے ۴۶۲ طالب علموں نے یونیورسٹی میں داخلہ لیا ہے ۔ اور قبائلی علاقہ کے ایک طالب علم نے فرسٹ ڈویژن میں ایم اے پاس کیا ہے اور اسے اسسٹنٹ پروفیسر بنا دیا گیا ہے ۔ قوم میں بیداری آ چکی ہے ۔ ہر بچہ تعلیم حاصل کرنے کی طرف مائل ہے ۔ اس لئے آپ کو چاہئے کہ زیادہ سے زیادہ سکول مہیا کریں ۔ عمارتوں کا انتظام کریں آپ اگر انگلینڈ اور سکاٹ لینڈ کو دیکھیں تو وہاں آج بھی کئی جگہ درختوں کے نیچے تعلیم دی جاتی ہے ۔

سپیشل سیس جس کا میں نے پہلے ذکر کیا ہے ۔ جب وہ لگائیں تو وہ صرف افراد کو خواندہ بنانے کے لئے خرچ کیا جائے ۔ ٹرکی جیسے ممالک

سے ہمیں tips لیکر کام کرنا چاہئے ۔ اس کے لئے خواہ کوئی عورت ہو خواہ کوئی مرد ہو ہر پاکستانی باشندہ کو اس کام میں مدد دینی چاہئے سب سے پہلے ایسے لوگوں کی فہرست تیار کرنا چاہئے جو پیش پیش ہوں تاکہ وہ اس کام کو اپنے ہاتھ میں لے سکیں ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں مولوی صاحب کی تجویز کی حمایت کرتی ہوں ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ آج چار پانچ ریزولیشن زیر بحث آئے ہیں اور وقت کم ہے اس لئے مزید بحث نہ کی جائے اور ہاؤس کی رائے لیکر اگلا ریزولیشن لے لیا جائے۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The closure motion has been moved and I am bound to accept it.

The question is :

That the question be put.

(*The Motion was carried*)

وزیر تعلیم (بیگم محمودہ سلیم خان) ۔ جناب والا ۔ اس میں تو کسی کو بھی اعتراض نہیں کہ تعلیم حاصل نہ کرنا ایک ایسا دھبہ ہے جسے ملک اور قوم سے دور کرنے کے لئے ہر شہری کا فرض ہے میں اپنے معزز ممبران کی ایسی تجاویز کا دل سے خیر مقدم کرتی ہوں ۔ اس سے پہلے کہ کچھ عرض کروں میں یہ بتا دینا ضروری سمجھتی ہوں کہ آج تک گذشتہ دو سالوں میں اس موجودہ حکومت نے تعلیم کو فروغ دینے کا کام کیا ہے اور جو سہولتیں اس وقت تک مہیا کی گئی ہیں میں اس کی ہسٹری دھرانا نہیں چاہتی ۔ یہ مسائل جو میری محترمہ خالہ نے بتائے ہیں حکومت کے زیر غور ہیں اور یہ کہ ایک سپیشل سیس لگایا جائے جسے مسجدوں میں سکول کھولنے پر استعمال کیا جائے یہ چیز بھی حکومت کے زیر غور ہے ۔ اس وقت اصل دقت تو یہ ہے کہ استادوں

کی کمی ہے ۔ البتہ مسجدوں کو استعمال کرنے کے سلسلہ میں یہ ایک ترکیب ہو سکتی ہے کہ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ کوئٹہ میں ایک کالج ہے جہاں امام صاحبان کو دینی اور مذہبی تعلیم دی جا رہی ہے وہاں سے کوالیفائی کرنے کے بعد وہ مسجدوں میں ابتدائی تعلیم دے سکتے ہیں اس سے عوام کو بے حد فائدہ ہو گا ۔ پھر یہ اور بھی اچھا ہو گا کہ بغیر کسی خرچ کے ایسا انتظام ہو سکے گا ۔ اس سے پہلے حکومت کی ایک تجویز تھی کہ ایجوکیشن سیس لگایا جائے ۔ لیکن چونکہ اس سلسلہ میں مرکز نے قدم اٹھانا تھا اس لئے تجویز ملتوی کر دی گئی ۔ انشاالله جلد از جلد ایجوکیشن سیس یا فاونڈیشن سیس لگایا جائے گا تاکہ قومی ضروریات کو پورا کیا جا سکے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : One point. You are replying to the resolution on behalf of the Government. The terms of the resolution are only these that :

"the drive to eradicate illiteracy from the amongst ihe masses should receive special emphasis from the Government both in the form of rewards for good services and infliction of penalties for negligence of duty."

If this resolution is carried that does not involve anything about the Pesh Imams.

وزیر تعلیم ۔ میں تو ان کی تجاویز کا جواب دے رہی ہوں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : You should restrict yourself to the scope of the resolution itself.

وزیر تعلیم ۔ Reward کے سلسلہ میں میں معزز ممبر کی خدمت میں عرض کروں گی اور ان سے اپیل کروں گی کہ عوام کو each one teach one. کے اصول پر کام کرنا چاہئے اور جو امداد یا reward ہوگا حکومت کی طرف سے دیا جائے گا ۔ لیکن خود حکومت یہ کام نہیں کر سکتی کیونکہ اس میں Financial implications ہوں گی ۔ ہمارے ۵ سالہ پلین میں تعلیم کو لازمی قرار دیاگیا ہے ۔ اور اس پر کروڑوں روپیہ خرچ ہوگا ۔ اس کے مطابق ہمیں ۳۰ لاکھ استادوں کی ضرورت ہے ۔ لیکن Exchequer نے ہمیں صرف 13700 استادوں کی ٹریننگ کا خرچہ دیا ہے ۔

اس بات کو مد نظر رکھتے ہوئے سوشل ایجنسیز کو سامنے آنا چاہئے اور میں ان سے اپیل کرتی ہوں کہ ہمارا ہاتھ بٹائیں ۔ تعلیم بالغان کے لئے حکومت ان کا خیر مقدم کرے گی ۔ یونیورسٹی اور کالجوں کے طلبا کے لئے social works کا ایک پروگرام بنایا گیا ہے کہ تعطیلات میں وہ تعلیم بالغان کے لئے کوشش کریں ان کو reward دیا جائے گا پشاور یونیورسٹی نے یہ قدم اٹھایا ہے باقی یونیورسٹیاں بھی اپنا پروگرام بنائیں گی ۔ فی الحال ہم گرل گائیڈز اور بوائے سکاؤٹس کو رفاہ عامہ کے کاموں کے لئے استعمال کر رہے ہیں ۔ اور جہاں تک ممکن ہو سکتا ہے ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ تعلیم کو زیادہ سے زیادہ فروغ دیا جائے اور جلد از جلد ہر ممکن سہولت مہیا کی جائے ۔ تاکہ وہ لکھ پڑھ سکیں ۔ یہ سب تجاویز حکومت کے زیر غور ہیں اور انشاءاللہ جلدی ہی اس کی announcement کر دے گی ۔ ہم خود کوشش کر رہے ہیں کہ تعلیم کو لازمی قرار کیا جائے اور تعلیم بالغان کا انتظام کیا جائے ۔ چونکہ پہلے ہی یہ معاملہ حکومت کے زیر غور ہے اس لئے میں سمجھتی ہوں کہ اس ریزولیشن کے لانے کی ضرورت نہیں ۔

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan) : Sir, regarding the words of the resolution I would like to say something with the permission of the Chair.

Mr. Senior Deputy Speaker : You please explain what you want to address the Chair about.

Minister of Revenue : Sir in the resolution two things are referred to reward for good services and infliction of penalties for negligence of duty.

So far as rewards are concerned, everybody welcomes it and rewards are being given in some cases. But infliction of penalties for negligence of duty...

اسکے متعلق یہ عرض کرونگا ۔ کہ یہ اتنا مبہم ہے ۔ کہ یہ Penalty کس پر impose ہوگی ۔ کون impose کریگا ۔ اسکا طریقہ کیا ہو گا ۔ اسکی Penalty کس حد تک ہو گی ۔ اور کون کونسی ہو گی ۔ اسلئے یہ اس form میں تو پاس نہیں ہو سکتا ۔ چونکہ یہ

ترمیمی شکل میں نہیں لایا گیا ۔ اور اسے آنریبل چیئر نے allow نہیں کیا ۔

اسکے بعد Reward کے متعلق یہ عرض کرونگا ۔ کہ اساتذہ کو پیسے دینے کی گنجائش نہیں ہے ۔ اسکے لئے بھی جو کہ سال کے سال ایزادی کی جاتی ہے ۔ تو یہ Reward کیسے دیا جائیگا ۔ اور کس کو دیا جائیگا ۔ اور خاص طور پر جو Penalty کی Provision رکھی گئی ہے وہ بھی مبہم ہے ۔ کہ کون Penalty لگائے گا اور کس قسم کی لگائے گا ۔ اور کس پر لگائے گا ۔ جہاں تک Teachers کا تعلق ہے ۔ تو اسکے لئے انکے اپنے Code ہیں اور اگر کسی پر Penalty لگی ہوتی ہے ۔ تو اسکے خلاف محکمانہ کارروائی ہو سکتی ہے ۔

اب فرض کریں ۔ کہ اگر معزز محرک کے اپنے ہی ضلع کو لیا جائے ۔ اور جیسا کہ انہوں نے کہا ہے ۔ کہ 13.6 فیصدی Literacy ہے اور باقی illiteracy ہے ۔ تو کیا ہم ان بقایا لوگوں پر سب پر ہی جرمانہ لگائینگے ۔ یا چودھری ابراھیم صاحب انہیں کوڑے لگائینگے ۔ اور انہیں یہ کہا جائیگا ۔ کہ اگر کوئی اتنے عرصے میں پرائمری جماعت پاس نہ کریگا ۔ تو انہیں کوڑے لگائے جائینگے ۔ یا یہ کہ ان پر دس روپے جرمانہ ہو گا ۔ اور کیا کیا اور کس کس پر جرمانہ ہو گا یہ غیر مبہم ہے . . .

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ غیر مبہم یا مبہم ہے ۔

وزیر مال ۔ اگر اس ریزولیشن کو اسی شکل میں پاس کر لیا گیا ۔ تو یہ ہاؤس جو کہ ساڑھے چار کروڑ ذھنوں کا نمائیندہ گنا جاتا ہے ۔ باہر عوام اس پر ہنسینگے ۔ اور کہینگے ۔ کہ یہ اس شکل میں کیوں پاس کیا گیا ہے ۔ اس لئے میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ اس ریزولیوشن کو اسکی موجودہ شکل میں پاس نہیں ہونا چاھئیے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی نشست پر بیٹھتا ہوں ۔

(At this Stage Chaudhri Muhammad Ibrahim rose to speak)

Mr. Senior Deputy Speaker : Chaudhri Sahib, are you on a point of order.

Chaudhri Muhammad Ibrahim : No point of order but personal explanation...

وزیر مال نے اس طرف توجہ دلائی ہے ۔ کہ انکو کوڑے مارے جائینگے ۔ حالانکہ اسکا تو ذکر ہی نہیں ہے ۔ اس سلسلے میں میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ ص شعر سراشیر ساختند ۔ سیکرٹریٹ والوں نے اسکو اس طرح کر دیا ہے ۔ بہتر تو یہ Wording نہیں تھے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ نے ریزولیوشن پیش کرتے وقت اسکا ذکر نہیں کیا تھا ۔ کہ اس کے یہ Wording نہیں ہیں اس لئے میں اب اسکی اجازت نہیں دے سکتا ۔ اسکے علاوہ اگر آپ کا کوئی Personal Explanation ہے ۔ تو اسکا ذکر کریں ۔

سردار عنایت الرحمن عباسی ۔ پوائنیٹ آف آرڈر ۔

آج کے ایجنڈا پر پانچ ریزولیوشن ہیں ۔ اور گیارہ بجے اس ریزولیوشن پر...

Mr. Senior Deputy Speaker : I am putting the question. Please take your seat. The question is :

This Assembly is of the opinion that in the larger interest of the Nation the drive to eradicate illiteracy from amongst the masses should receive special emphasis from the Government both in the form of rewards for good services and infliction of penalties for negligence of duty.

I think the resolution is carried.

Voices : Noes have it,

Mr. Senior Deputy Speaker : I will put the question again.

(On count, the resolution was lost)

Re : implementation of the resolution adopted by the National Assembly regarding the bringing of laws in conformity with the Qur'an and Sunnah.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next resolution is in the name of Maulana Ghulam Ghaus. He may please move it.

مولانا غلام غوث - جناب والا - میں قرار داد پیش کرتا ہوں کہ -

اس ایوان کی رائے یہ ہے کہ صوبائی حکومت مرکزی حکومت کو اس امر کی سفارش کرے کہ رائج الوقت قوانین کو قران و سنت میں مذکورہ اصولوں کے مطابق بنانے کے سلسلے میں قومی اسمبلی پاکستان کے اجلاس منعقدہ ۳ جولائی ۱۹۶۲ء میں منظور کردہ قرار داد پر بلا تاخیر مزید عمل درآمد کیا جائے -

Mr. Senior Deputy Speaker : This resolution is not opposed.

Members : Not opposed.

Mr. Senior Deputy Speaker : The motion before the House is :—

وزیر ریلوے - میں مولانا صاحب سے برائے وضاحت یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں - کہ...

Mr. Senior Deputy Speaker : Let me put the motion before the House. The resolution moved is :

That this Assembly is of the opinion that the provincial Government should recommend to the Central Government that the Resolution regarding the bringing of all existing laws in conformity with the principles laid down in the Holy Quran and Sunnah, adopted on 3rd July 1962 by the National Assembly of Pakistan, be implemented without further delay.

Minister of Railways : Sir I wanted to have a clarification. I do not oppose it.

Mr. Senior Deputy Speaker : Does the Minister want to say something ?

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خان) : میں نے اسکی مخالفت نہیں کی - بلکہ میں صرف یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں - کہ مولانا صاحب نے جو تین جولائی ۶۲ء کا حوالہ دیا ہے - آیا اس قرار داد کی نقل اس ریزولیوشن

کے ساتھ پیش کی گئی ہے ۔ اگر آپ کے پاس ہو ۔ تو وہ پڑھ دیں کہ معلوم ہو سکے ۔ کہ وہ قرار داد کیا ہے ۔

مولانا غلام غوث ۔ وہ قرار داد تو تمام اخبارات میں آ چکی ہے ۔ اور مجھے بھی یاد ہے ۔ وہ یہ ہے ۔ کہ مروجہ قوانین پاکستان کو قرآن اور سنت کے مطابق کیا جائے ۔ اور یہ اس دن پاس ہوا تھا ۔ جبکہ شہنشاہ ایران قومی اسمبلی کا تماشہ دیکھنے گئے تھے ۔ اور انہیں دکھانے کے لئے تو انہوں نے یہ قرارداد پاس کر دی تھی ۔ مگر اس پر عمل ابھی تک چھوڑا ہوا ہے ۔

وزیر ریلوے ۔ یہ تو ہمارے آئین میں بھی دیا ہوا ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔ ایک ترمیم ہے ۔ اگر معزز ممبر اسے پیش کرنا چاہیں .....

Allama Arshad, do you want to move your amendment ?

Allama Rehmat Ullah Arshad : Sir, I move :

That at the end of the proposed resolution, the following be added, namely :—

"This Assembly is further of the opinion that the Provincial Government should constitute a Board with a majority of Ulemas to make recommendations for bringing all the Provincial Laws in conformity with Holy Quran and Sunnah."

Minister of Railways : This is not an amendment. This is an independent resolution.

Mr. Senior Deputy Speaker : Does the Minister want to oppose it ?

Minister of Railways : I oppose it on the ground that he should have given a fresh notice. It is not an amendment. The original resolution is before the House. The amendment that he has put in is an independent resolution in itself. For that he should give notice and bring in another resolution. Nobody is against Allama Arshad's honest desire but this cannot be an amendment to this resolution.

Mr. Senior Deputy Speaker : It appears to be within the scope of the resolution.

بیگم جہان آرا شاہ نواز - صدر گرامی - ایک Statutory body موجود ہے - جسکو کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی کہتے ہیں یہ معاملہ اسکو Refer ہونا چاہئے - کسی بورڈ کی کیا ضرورت ہے -

Mr. Senior Deputy Speaker : I allow the moving of this amendment. It is within the scope of the resolution.

Resolution under consideration amendment moved is :

That at the end of the proposed resolution, the following be added, namely :

"This Assembly is further of the opinion that the Provincial Government should constitute a Board with a majority of ulemas to make recommendations for bringing all the Provinical laws in conformity with Holy Qur'an and Sunnah"

Both the amendment and the resolution will be discussed together.

مولانا غلام غوث - جناب سپیکر - مذاہب و ادیان میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے صرف اسلام کو یہ شرف بخشا ہے -

Mian Abdul Latif : Since there is no objection to the resolution, should we take it that it has been unanimously accepted ?

Mr. Senior Deputy Speaker : There is objection to the amendment.

علامہ صاحب - آپ ہاؤس سے واپس لینے کی اجازت چاہیں -

علامہ رحمت اللہ ارشد - میں عرض کرتا ہوں کہ ہاؤس کو تو اصل قرار داد پر روشنی ڈالنی ہے - جسکی منظوری کا مرحلہ گذر چکا ہے اسکو کسی نے oppose نہیں کیا -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - وہ تو میں نے put نہیں کیا put کرنے کے بعد میں نے آپ کو ترمیم پیش کرنیکو کہا تھا پہلے ترمیم پر فیصلہ ہوگا - پھر اصل قرار داد کا -

علامہ رحمت اللہ ارشد - جناب والا - میں نہایت ضروری سمجھتا ہوں - اور اگر میرے معزز بھائی اسکی ضرورت سے انکار کرتے ہیں تو وہ اپنی کثرت رائے سے فیصلہ کر دیں اسلئے کہ قانون سازی کے اختیارات اس ہاؤس کو حاصل ہیں - اس حکومت کو حاصل ہیں - پھر اس میں کیا قباحت ہے - بیگم صاحبہ نے جو ارشاد فرمایا ہے کہ اس مسئلے کو

اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کے حوالے کر دیا جائے تو اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کی کارروائیوں کو دیکھا جا چکا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو صوبائی قوانین ہیں ۔ ان ہی کو بہتر بنانے کیلئے کوئی قباحت محسوس نہ ہونا چاہئے ۔ اور اگر وہ اپنی کثرت رائے سے اس کو مسترد کر دینا چاہتے ہیں تو آپ put کر دیں میں اس پر کوئی لمبی چوڑی تقریر نہیں کرنا چاہتا ۔ تا کہ دوسرے ریزولیوشن ہاؤس میں زیر بحث آ سکیں لیکن میں یہ اصرار کرتا ہوں کہ یہ نیک کام ہے ۔ اور اسے ہونا چاہئے ۔

Minister of Railways : Point of Order, Sir. I want to know whether the requirements of rule 83 have been fulfilled in presenting this amendment ? Two clear days' notice is necessary in this regard.

Mian Abdul Latif : He has been permitted by the Speaker.

Minister of Railways : I want to know from the Speaker because it is not in the Orders of the Day.

Mr. Senior Deputy Speaker : That stage has passed now because he has already moved it.

Minister of Railways : With due deference to the Chair I beg to submit that if there is any breach of rules it can be pointed out at any time. You are fully competent to take cognizance of any breach of rules at any time. If he has given two days' notice then it is alright but otherwise it is a breach of rules.

Mr. Senior Deputy Speaker : I say that stage has passed now. No objection can be taken now. You could have raised that objection at the time, it was moved.

Minister of Railways : If the objection could not have been raised I would not have raised it. There is a clear rule.

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ اگر سپیکر صاحب اسکی منظوری دے دیں تو بھی دو دن کی ضرورت ہوگی ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : I rule that this objection cannot be raised at this stage.

Syed Zafar Ali Shah : The amendment may be put so that the substantive resolution could be put.

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is :

That at the end of the proposed resolution the following be added, namely :—
"This Assembly is further of the opinion that the Provincial Government should constitute a Board with a majority of Ulemas to make recommendations for bringing all the Provincial Laws in conformity with Holy Quran and Sunnah."

(*The motion was carried*)

Mr. Senior Deputy Speaker : Now, the resolution as amended. The question is :

"This Assembly is of the opinion that the Provincial Government should recommend to the Central Government that the Resolution regarding the bringing of all existing laws in conformity with the principles laid down in the Holy Quran and Sunnah, adopted on 3rd July 1962 by the National Assembly of Pakistan, be implemented without further delay. This Assembly is further of the opinion that the Provincial Government should constitute a Board with a majority of Ulemas to make recommendations for bringing all the Provincial Laws in conformity with the Holy Quran and Sunnah."

(*The motion was carried*)

Mr. Senior Deputy Speaker : The resolution, as amended, is carried.

Re : Appointment of a Tehsildar/N. Tehsildar at Dewal for disposal of cases pertaining to Jadoon Area.

Mr. Senior Deputy Speaker : Mr. Ajoon Khan Jadoon may now move his resolution :

Mr. Ajoon Khan Jadoon : Sir, I move :

This Assembly is of the opinion that a Tehsildar or a Naib-Tehsildar with powers of a first class Maistrate should be posted at Dewal for the disposal of cases pertaining to the Jadoon Area.

Mr. Senior Deputy Speaker : The resolution moved is :

This Assembly is of the opinion that a Tehsildar or a Naib-Tehsildar with powers of a First Class Magistrate should be posted at Dewal for the disposal of cases pertaining to the Jadoon Area.

There is an amendment by Syed Haziq Ali Shah. As the Member is not present the amendment lapses.

The question is :—

This Assembly is of the opinion that a Tehsildar or a Naib-Tehsildar with powers of a First Class Magistrate should be posted at Dewal for the disposal of cases pertaining to the Jadoon Area.

(*The motion was carried*)

Re : Lands owned by Muslims but occupied by Non-Muslims tenants in Hazara Distt before 1st March, 1947.

Mr. Senior Deputy Speaker. Next resolution is in the name of Sardar Ahmad Ali. The same resolution is also in the name of Nawabzada Ghulam Qasim Khan. Sardar Ahmad Ali may please move the resolution.

Sardar Ahmad Ali : Sir, I move :

This Assembly is of the opinion that the Provincial Government should recommend to the Central Government that all such lands in the Hazara District as were owned by local Muslims but had been occupied by non-Muslim occupancy tenants before 1st March 1947 should be excluded from the definition of the term 'land' under the Displaced Persons (Land Settlement) Act 1958 (Act XLVII of 1958).

Mr. Senior Deputy Speaker : The resolution moved is :

This Assembly is of the opinion that the Provincial Government Should recommend to the Central Government that all such lands in the Hazara District as were owned by local Muslims but had been occupied by non-Muslims occupancy tenants before 1st March 1947 should be excluded from the definition of the term 'land' under the Displaced Persons (Land Settlement) Act 1958 (Act XLVII of 1958).

Minister of Revenue : I oppose it.

Mian Abdul Latif : I also oppose it.

Mr. Senior Deputy Speaker : There is an amendment by Chaudhri Muhammad Ibrahim. The member may move his amendment.

Chaudhri Muhammad Ibrahim : Sir, I beg to move :

That in the Resolution moved by Sardar Ahmad Ali, for the words Hazara District, occurring in line 3, the words "West Pakistan" be substituted.

Minister of Revenue : Sir, I oppose it.

چودھری محمد ابراھیم - صاحب صدر - مجھے صرف یہ کہنا ہے کہ یہ ریزولیوشن صرف ہزارہ ڈسٹرکٹ تک ہی محدود نہ رہے اور باقی مغربی پاکستان کے دوسرے اضلاع کو بھی اس سے فیضیاب ہونا چاھئے - مجھے صرف اتنا کہنا ہے -

Mr. Senior Deputy Speaker : I do not want to put it to the House. I hold the amendment to be out of order. Original resolution relates to Hazara district. Other areas cannot be added. The mover may address the House on the original resolution.

Minister of Revenue : The mover should be given 15 minutes.

Mian Abdul Latif : We have a right to know from the mover as to what he himself has to say.

Minister of Railways : Let him explain his own case.

Mr. Senior Deputy Speaker : There is an amendment by Mr. Abbasi.

سردار عنایت الرحمن خان عباسی (هزاره - ۱) - جناب والا - انہوں نے اسکی تحریک کر دی ہے - میں اسکی تائید میں بول رہا ہوں - جناب والا - اس اصل ریزولیوشن میں میں اس ترمیم کو پیش کرتا ہوں اور اس ترمیم کی تحریک میں ڈی ایم ہزارہ کی رپورٹ کے مطابق کرتا ہوں -

Sir, I beg to move :—

That at the end of the proposed Resolutions the following words be added, namely :—

"because such non-Muslims, vide a report by the District Magistrate, Hazara, had left the area in the first week of January 1947 and this was the fact kept in view by the Custodian of Evacuee Property, Hazara while restoring all such lands in village Dhari of Lora, Hazara to their original Muslim owners, vide his decision No. 757/ACH dated 15th July, 1959".

Mr. Senior Deputy Speaker : Resolution under consideration, amendment moved is :

That at the end of the proposed Resolutions the following words be added, namely :—

"because such non Muslims, vide a report by the District Magistrate, Hazara, had left the area in the first week of January, 1947 and this was the fact kept in view by the Custodian of Evacuee Property, Hazara while restoring all such lands in village Dhari of Lora, Hazara to their original Muslim owners, vide his decision No. 757/ACH dated 15th July, 1959."

Minister of Revenue : This is opposed because it is only elucidating the same points. This is the only meaning.

سردار عنایت الرحمان خان عباسی - جناب والا - میری یہ ترمیم ضروری ہے اور میں ہاؤس کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ وہ برائے مہربانی اس پر پوری توجہ دیں - اس پر غور کریں - میں وزیر مال کی خدمت میں حاضر ہوا تھا اور یہ کیس انکی خدمت میں پیش کیا گیا - بہر کیف جناب والا - یہ اس علاقے کے تین لاکھ افراد کی زندگی اور موت کا سوال ہے جناب والا - یہ ہزارہ کے اس مخصوص علاقہ کے تین لاکھ مقامی لوگوں کی زندگی اور موت کا سوال ہے - میں ہاؤس کے ان ممبران کی خدمت میں بھی واضح طور پر یہ الفاظ کہہ دوں جو کہ علاقے کے کسی بھی طبقہ سے تعلق رکھتے ہوں - خواہ وہ مہاجر ہوں یا مقامی ، کہ ان کے حقوق کو کسی طریقے سے بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا اور ہم ترمیم پر مجبور ہیں - اصل واقعات یہ ہیں جناب والا - کہ ضلع ہزارہ اور اسکے علاقے لورا ، نارا اور بکوٹ جہاں کہ تین لاکھ کی آبادی ہے وہاں دو قسم کی متروکہ اراضی ہے - ایک تو وہ ہے کہ جس کے غیر مسلم مالک

تھے اور ایک وہ کہ جس کے غیر مسلم موروثی مزارع تھے لیکن مقامی مسلمان جو تھے وہ اس کے مالک تھے ۔ میں آپ کی معلومات میں اضافہ کے لئے یہ بھی عرض کردوں کہ یہ وہ غریب اور بے بس علاقہ ہے کہ جہاں غربت اور افلاس کیوجہ سے آج انسانیت دم توڑ رہی ہے ۔ اور جہاں کا آج ایک بھی مالک جو اس اراضی سے تعلق رکھتا ہے اسکا مالیہ دو ڈھائی یا تین روپیہ سے زیادہ نہیں دیتا ۔ ان حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے جب جنوری ۴۷ء میں اور دسمبر ۴۶ء کے آخر میں یہاں فسادات ہوئے اور غیر مسلموں نے اپنا وطن چھوڑا تو ان لوگوں نے اپنے ضلع کے حکام کو approach کیا حالانکہ ٹیننسی ایکٹ کے تحت کوئی بھی مزارع اپنی زمین کا اس وقت تک حق دار ہو سکتا ہے جب تک وہ زمین اسکے قبضہ میں رہے اور کاشتکاری کرتا رہے ۔ جناب والا ۔ جس وقت یہ issue ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے سامنے رکھا گیا تو مسٹر ٹولنٹس ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ہزارہ نے ان کو اکٹھا کیا وہاں مواقع ملاحظہ کئے اور انہوں نے سٹیٹمنٹ ریکارڈ کی ۔ تو انہوں نے تسلیم کر لیا کہ اس علاقے کے غیر مسلم یکم جنوری ۴۷ء سے پہلے اس علاقہ کو چھوڑ چکے ہیں اور انہوں نے authorities کو رپورٹ کی کہ ان کی اراضیات کو بحق مالکان واپس کر دیا جائے لوکل حکام سے کہا گیا۔ لوگ ڈیپوٹیشن لے کر گئے۔ لیکن کسی نے ہماری ایک نہ سنی ۔ اور ہمیں یہ کہا گیا کہ یہ چونکہ لوکل اور مہاجر کا سوال ہے اسلئے ہم کچھ نہیں کر سکتے ۔ چنانچہ جناب والا ۔ ان غریب اور بے کس چھوٹے زمینداروں نے دو دو چار چار روپیے چندہ کر کے غالباً ۱۹۵۹ میں جو وہاں کے کسٹوڈین مسٹر ناگی تھے وہاں ان کے پاس دعویٰ کیا ۔ انہوں نے فائل نمبر ے مرتب کی اور شہادتیں قلمبند ہوئیں ۔ قانونگو آئے ان کی بھی شہادتیں ہوئیں ۔ مثل طلب کی گئی ۔ معاملہ کی چھان بین کی گئی اور ڈی ایم صاحب نے اپنے ریمارکس دئیے.....

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : On a point of order. Is he speaking on the amendment or the substantive motion ?

Mr. Senior Deputy Speaker : I have allowed discussion on both because they are inter-connected.

Minister of Revenue: On a point of order. I have just received information that the matter to which the member is referring is *sub-judice*. The decision taken by the Custodian there was to revise the Deputy Custodian's order *suo moto* and the matter is *sub-judice*. I received this information just now from the Secretary.

سردار عنایت الرحمان خان عباسی - میں سمجھا نہیں جناب -

وزیر مال - آپکی اطلاع کے لئے عرض کروں کہ جس فیصلہ کا حوالہ آپ دے رہے ہیں اس فیصلے کے متعلق کسٹوڈین نے لکھا ہے کہ ڈسٹرکٹ کسٹوڈین ہزارہ نے جو فیصلہ دیا ہے اس کو Suo moto revise کیا جائے - اور وہ زیر غور ہے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - عباسی صاحب آپ یہ تحریک کر سکتے ہیں کہ جو امنڈمنٹ ہے اسکو آپ With draw کرلیں - پھر کوئی اعتراض نہیں ہے -

سردار عنایت الرحمان خان عباسی - امنڈمنٹ Withdraw کر سکتے ہیں Why Sir ؟

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - وزیر مال صاحب کہتے ہیں کہ یہ معاملہ Sub-judice ہے -

سردار عنایت الرحمان خان عباسی - جناب والا - کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ معاملہ کب سے کورٹ میں Move ہوا ہے - سیکرٹری صاحب کا کہہ دینا کافی نہیں ہے -

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan) : He is here. The Custodian has been moved to revise the Deputy Custodian's order suo moto and the matter is sub-judice.

Major Sultan Ahmad Khan : This point should have been raised at the very first instance.

Minister of Revenue : I was not in possession of this information. I can however, bring anything to the notice of the Chair if it is illegal and against the Rules.

Mr. Senior Deputy Speaker : This information can be brought forward at any stage.

سردار عنایت الرحمان خان عباسی - مسٹر سپیکر - یہ ٹھیک ہے کہ وہ اس سٹیج پر اسکو consider کر سکتے ہیں لیکن میری سمجھ میں یہ بات نہیں آ رہی ہے کہ محض سیکرٹری صاحب کے لکھ دینے سے جناب وزیر مال صاحب نے تسلیم کر لیا کہ معاملہ کورٹ میں move ہوچکا ہے -

وزیر مال - وہ ایک ذمہدار آدمی ہے -

I have every reason to believe him whatever he writes to me.

سردار عنایت الرحمان خان عباسی - جناب والا - میں ذمہدار ہونے کی حیثیت سے پوچھ سکتا ہوں کہ یہ معاملہ میرے ریزولیوشن دینے کے بعد یا میرے سوال دینے کے بعد move ہوا ہے -

مسر سینئر ڈپٹی سپیکر - یہ سٹیمنٹ چیئر کو accept کرنی پڑتی ہے - آپ بعد میں تسلی کرلیں اگر یہ غلط ہے تو پھر آپ پرولیج موشن move کر سکتے ہیں - لیکن موجودہ صورت میں یہ statement accept کرنی پڑے گی کہ معاملہ واقعی sub-judice ہے -

سردار عنایت الرحمان خان عباسی - جناب والا - کیا میں تاریخ نہیں پوچھ سکتا کہ یہ کب move ہوا ہے - تاریخ تو مجھے کم سے کم بتا دینی چاہئے -

So that I may be able to trace the original thing.

Minister of Revenue : I will give all the information in possession of the Department. But I am not in possession of any facts so far.

Minister of Railways (Mr. Abdul Waheed Khan) : The fact remains taht it is sub-judice.

Mr. Senior Deputy Speaker : Is it sub-judice ?

Minister of Railways : It is sub-judice.

Mr. Senior Deputy Speaker : You can withdraw your Amendment and continue discussion of the original motion.

Sardar Inayatur Rehman Khan Abbasi : Alright. I ask for leave to withdraw my amendment.

Mr. Senior Deputy Speaker : Has the Member leave of the House to withdraw his amendment ?

(*The amendment was by leave withdrawn*)

The Member can now discuss the original resolution.

سردار عنایت‌الرحمن خان عباسی- جناب والا - میں عرض کر رہا تھا کہ وہاں کے بے بس اور مجبور زمیندار ہیں جن کے پاس اتنی تھوڑی اور قلیل اراضی ہے جن پر ان کا گزارہ نہیں ہو سکتا - اور میں اس وقت ہاؤس میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ اس کی مقدار دس دس پندرہ پندرہ کنال سے کسی صورت میں بھی زیادہ نہیں ہے اور اس کا محل وقوع ایسی جگہ ہے اور میں floor of the House پر چیلنج کرتا ہوں کہ کوئی بھی مہاجر آج تک اس اراضی پر نہیں گیا اور کبھی اس نے اس کی cultivation نہیں کرائی - نہ مہاجرین کے حقوق پر اس کا اثر پڑ سکتا ہے -

جناب والا - اس مظلوم بے کس مقامی آبادی کے حقوق کو خاطر میں لاتے ہوئے میں اس معزز ایوان کے اراکین کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ میری اور سردار احمد علی صاحب کی قرارداد کی حمایت کریں تاکہ ایسی متروکہ املاک جو مسلمان مالکان کی تھی لیکن occupancy teants اس پر غیر مسلم تھے جو اس کا قبضہ ترک کر کے چلے گئے اور cultivation چھوڑ دی ایسی اراضی مقامی مسلمانوں کے حق میں دے دی جائے -

مسٹر عبدالرازق خان (مردان - ۳) جناب سپیکر - جو ریزولیوشن سردار احمد علی صاحب نے اس معزز ایوان کے سامنے پیش کیا ہے اور جس کی تائید میں جناب سردار عنایت الرحمان خان عباسی صاحب نے اس کی

وضاحت بھی فرمائی ہے میری رائے میں اس ریزولیوشن کو پاس کرنے سے ضلع ہزارہ کے ان غریب مالکان کو جو کہ برائے نام مالکان ہیں لیکن ان کے پاس اتنی اراضی بھی نہیں ہے جس سے وہ اپنی گذر و اوقات کر سکیں ان کے ساتھ عین انصاف ہوگا ۔

جناب والا ۔ میں نہیں سمجھتا کہ Tenancy Act جو کہ سابقہ صوبہ سرحد میں یا مغربی پاکستان میں رائج ہے اس سے اگر ان مسلمان مالکان کی جگہ غیر مسلمان ان اراضیات کے مالک ہوتے یقیناً وہ اس سے پورا پورا فائدہ اٹھاتے ۔ قانون میں یہ ایک discrimination ہے کہ اگر مالک مسلمان ہے اور غیر مسلم چلا گیا ہے یعنی غیر مسلم مزارع نے اپنی زمین چھوڑ دی وہ اس پر قابض نہیں اور وہ اس کی کاشت نہیں کرتا تو اس کا قبضہ مسلم مالکان کو نہ دیا جائے اور اگر بات alternative میں ہوتی یعنی مالک ہندو ہوتا اور مزارع اراضی کو چھوڑ کر چلا جاتا تو یقیناً بغیر حیل و حجت وہ اراضی غیر مسلم کو مل جاتی ۔ اگر ہم اس کا اب فیصلہ نہ کریں جیسا کہ فاضل وزیر مال صاحب نے اسکو oppose کرنے کا فیصلہ کیا ہے ۔ اگر ان کی رائے مان لی جائے اگر ان سے اتفاق کیا جائے تو یہ ضلع ہزارہ کے غریب مالکان کے ساتھ ظلم ہوگا ۔

لہذا میں پر زور الفاظ میں جناب وزیر مال صاحب سے درخواست کروں گا کہ وہ اس کی مخالفت نہ کریں یہ ایک بے ضرر سا ریزولیوشن ہے ۔ اس ریزولیوشن سے حکومت کے وقار میں اضافہ ہوگا ۔ اور ان غریب مالکان کو بھی فائدہ پہنچے گا میں جناب سردار احمد علی صاحب کے ریزولیوشن کی پر زور تائید کرتا ہوں ۔

میاں عبداللطیف (شیخوپورہ ۔ ۱) جناب صدر ۔ اگر ریزولیوشن پر سرسری نظر ڈالی جائے اور جیسا کہ مسٹر عبدالرازق نے فرمایا ہے کہ یہ ایک بڑا بے ضرر ۔ معصوم اور نہایت اچھا ریزولیوشن ہے ۔ اس کی تائید چاروں طرف سے ہونی چاہئے لیکن ان کی لکیروں کے پیچھے بے ضرر

ملک کے بہت بڑے حصے پر لگی ہے وہ میں سمجھتا ہوں ۔ اور ابھی میں ہاؤس کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ میرے فاضل بھائی صاحب کا یہ خیال ہے کہ یہ محض ضلع ہزارہ کے متعلق ہے ۔ یہ بھی ایک پردہ ہے ۔ اگر ہم ایک اصول ضلع ہزارہ کے متعلق وضع کر دیں تو لامحالہ اس اصول کو صوبہ کے دوسرے حصوں پر لاگو کرنا لازم ہوگا ۔ یہ معاملہ ضلع ہزارہ کے چند زمینداروں کا معاملہ نہیں ۔ یہ معاملہ ضلع شیخوپورہ یا لاہور کے مزارعین کا نہیں ۔ یہ معاملہ سارے مغربی پاکستان کا ہے ۔ یہ معاملہ مہاجرین کا ہے ۔ ان کی آبادکاری کا ہے ۔ ان کو یہاں سے بسانے کا یا اجاڑنے کا معاملہ ہے ۔ تجویز کیا گیا ہے کہ جس مہاجرین کے قانون میں سے جو ہزارہ کی زمین ہے اس کو صرف زمین سے نکال دیا جائے ۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ زمین جو پارٹیشن سے پہلے ملکیت تھی اور پارٹیشن سے پہلے غیر مسلم مزارعین وہاں قابض تھے لیکن پارٹیشن کے بعد وقت کے قانون کے مطابق وہ رقبے مسلم مہاجرین کو الاٹ کر دیئے ئے ۔ اب لینڈ سیٹلمنٹ ایکٹ کے تابع جہاں لینڈ کی Definition ہے ۔ ان غریب لوگوں کو مستقل حقوق ملے ہیں اس ریزولیوشن کا مطلب یہ ہے کہ ان غریب مہاجرین کو جو مسلم مالکان کی زمین پر غیر مسلم تارکین وطن مزارعین کے جانے کے بعد الاٹ ہو چکی ہیں وہ ان کے پاس نہ رہے ان کو اس جگہ سے نکال دیا جائے اور مستقل حقوق اس کے نہ ملیں ۔

عالی جاہ ۔ اس کے دور رس نتائج ہوں گے ۔ ہمارے پاس سنٹرل گورنمنٹ کا ایک ایکٹ ہے جس کا نام Pakistan Administration of Evacuee Property Act ہے ۔ ہمارے پاس مہاجرین کی آباد کاری کا ایکٹ ہے یعنی رہیبلیٹیشن ایکٹ ۔ اس کے بعد ہمارے پاس ایک اور ایکٹ ہے جس کا نام Displaced Persons Land Settlement Act ہے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک ان کا تعلق ہے یہ قوانین محض پاکستان نے وضع نہیں کئے ۔ بلکہ ہمارے counter part ہندوستان نے بھی وضع کئے ہیں ۔ پاکستان میں دس پندرہ فیصدی occupancy tenants آئے ہیں جو ہندوستان میں ہندو مالکان کے تحت دخیل کار تھے ۔ اگر ہم یہاں کے مسلمان مالکان کی زمین ان کے حوالے کرتے ہیں تو لازمی طور پر ہندوستان کی گورنمنٹ justified ہے کہ وہ اپنے ہندو مالکان کی زمین ان کے نام کنفرم کر دے ۔ اور یہاں کے جو دخیل کار مسلمان آئے ہیں ان کے حقوق کو ختم کر دیں ۔

جناب والا ۔ ہم پہلے ایگریمنٹ کے ماتحت جو مسٹر لیاقت علی خان اور مسٹر نہرو کے درمیان ہوا ۔ ہائی لیول کانفرنسز میں دونوں ممالک کے درمیان طے ہوا تھا کہ وہاں کے جو ہندو مالکان ہیں ان کے occupants جو ادھر آ گئے ہیں ۔

We shall give rights equivalent to the rights they abandoned in East Punjab or other parts of India.

شارٹیج کو کم کرنے کے لئے اقدامات کئے گئے ہیں ۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ ستمبر ۱۹۶۲ء میں سیمنٹ کی قلت کے متعلق میں نے ایک ایڈجرنمنٹ موشن پیش کی تھی اور اس وقت حکومت نے یہ یقین دھانی کرائی تھی کہ فروری ۱۹۶۳ء تک سیمنٹ کی قلت کا خاتمہ ہو جائیگا تو کیا وہ یقین دھانی جو تھی وہ بے اثر تھی کہ ابھی ایک مہینہ ہوا ہے کہ آپ نے یہ اقدامات کئے ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ معزز ممبر کی Adjournment motion کی بنا پر ہی OGL کی اجازت دی گئی ہے ۔ یہ مال یعنی Shipment آنے میں قریب قریب ۶ ماہ لگ جاتے ہیں ۔ اس لئے اب دو تین ماہ میں یہ قلت دور ہو جائے گی ۔

مسٹر نصراللہ خان خٹک ۔ جناب والا ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے اس قلت کی وجوہات میں ایک وجہ یہ فرمائی ہے کہ سندھ طاس کے ٹھیکیداروں کو اجازت دے دی گئی ہے کہ ان کو اپنا کوٹہ مکمل دیا جائے ۔ میں جناب وزیر متعلقہ سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ سندھ طاس کے ٹھیکیداروں کو اپنی ضرورت کے مطابق سیمنٹ مل رہا ہے یا انہوں نے ابھی تک باہر سے درآمد پر گذارہ کیا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ یہ نیا سوال ہے ۔ اس کے لئے الگ نوٹس درکار ہے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ جناب والا ۔ کیا محترم پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب فرمائینگے آیا یہ بات حکومت کے علم میں ہے کہ سیمنٹ کی فیکٹریاں خود اپنے دفتری حسابات میں غلط اندراجات کر کے بلیک مارکیٹ کراتی ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ میرے علم میں تو ایسی کوئی بات نہیں ۔

نوابزادہ غلام قاسم خان - جناب والا - کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب فرمائینگے آیا یہ امر واقعہ ہے کہ سیمنٹ کی موجودہ قلت کے باوجود مارکیٹ میں سیمنٹ ۱۳ روپے بوری کے حساب سے عام بک رہا ہے ؟

اور انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ مجھے علم نہیں - میں انہیں چیلنج کرتا ہوں کہ انہیں علم بھی ہے - کیا یہ صحیح نہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - عالم غیب کی بات تو نوابزادہ صاحب ہی جانتے ہونگے - میرے علم میں تو آج تک ایسی کوئی بات نہیں آئی -

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) - جناب والا - پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے جو جواب دیا ہے - اس میں انہوں نے یہ کہا ہے کہ یہ بات میرے علم میں نہیں یہ ان کا ذاتی علم ہے - اس پر کسی معزز ممبر کو جھگڑا نہیں کرنا چاہئے - ویسے یہ بات لازمی ہے کہ جس چیز کی قلت ہو جائے تو اس کی بلیک مارکیٹ یقینی ہو جاتی ہے - اس قلت اور بلیک مارکیٹ کو کم کرنے کی غرض سے ہم نے عرض کیا ہے کہ حکومت نے مناسب اقدامات کئے ہیں -

رائے منصب علی خان کھرل - جناب والا - پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے تسلیم کیا ہے کہ سیمنٹ کی قلت ایک حقیقت ہے - لیکن میں اگلے روز شیخ مسعود صادق صاحب کی کوٹھی پر گیا تو وہاں سیمنٹ کی بہتات تھی - اس سے ان کی بات کی تردید ہو جاتی ہے -

Mr. Speaker. This is no supplementary.

مسٹر حمزہ - جناب والا - پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ ان کے علم میں یہ بات نہیں کہ سیمنٹ کی بلیک ہوتی ہے - کیا پارلیمنٹری سیکرٹری بننے کا معیار یہی ہے کہ *.....

*Expunged as ordered by the Speaker.

Mr. Speaker : This is no supplementary and the Member should withdraw these remarks. These are an aspersion on the Parliamentary Secretary. He should please withdraw his remarks.

Mr. Hamza : I withdraw.

Mr. Speaker : The remarks made by Mr. Hamza should be expunged from the proceedings of the Assembly.

وزیر قانون - جناب والا - یہاں یہ سوالات کئے گئے ہیں کہ صوبے میں سیمنٹ کی بلیک مارکیٹ ہوتی ہے - ہم نے ان کے جواب میں یہ کہا ہے کہ ان حالات میں بلیک مارکیٹ لازمی ہے - ہم نے یہ جواب اس نظریے سے دیا ہے کہ سیمنٹ مقررہ قیمت سے زیادہ پر بک رہا ہے - یہ جواب ہم نے کسی قانونی نقطہ نظر سے نہیں دیا - چونکہ اس پر کنٹرول نہیں ہے - اس لئے حکومت کے لئے ان اقدامات کے علاوہ اور کچھ کرنا ممکن نہیں - کنٹرول نہ ہونے کی صورت میں سیمنٹ زیادہ قیمت پر بیچنا کوئی قانونی جرم نہیں -

ڈاکٹر مسز اشرف عباسی - جناب والا - سیمنٹ کی قلت کو دور کرنے کے اقدامات میں فیکٹریاں لگانا بھی ایک بتایا گیا ہے - میری گذارش یہ ہے کہ کوٹ بی بی میں Raw material بہت کافی مقدار میں available ہے - کیا حکومت اس کے متعلق سروے کرائیگی ؟ تا کہ وہاں بھی ایک نئی سیمنٹ فیکٹری کھل جائے -

وزیر قانون - جناب والا - یہ فیکٹریاں Private Sectorمیں دی جاتی ہیں - اگر کوئی مرد مجاہد میدان میں آ جائے اور درخواست کر دے کہ وہ سیمنٹ کی فیکٹری لگانا چاہتے ہیں کیونکہ وہاں Raw material باافراط ہے - تو انشا اللہ حکومت اس پر غور کریگی -

سردار عنایت الرحمان خان عباسی - جناب On a point of Order Sir. والا - میرے سوال کے جواب میں کہا گیا ہے کہ List ایوان کے میز پر رکھ دی گئی ہے -

Mr. Speaker : Not in the midst of the answer to this question.

نوابزادہ غلام قاسم خان - جناب والا - میں جناب وزیر سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آیا یہ بات ان کے علم میں ہے کہ ضلعوں کے ڈپٹی کمشنر صاحبان نے سیمنٹ کی تقسیم کو کنٹرول کرنے اور عوام کی سہولت کے لئے ۵ یا ۱۰ بوریوں تک کے پرمٹ جاری کرنے شروع کئے تھے - مگر حکومت نے ان کو آرڈر دیا کہ آپ ایسا نہ کریں - کیا اس آرڈر سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ حکومت بلیک مارکیٹ بڑھانا چاہتی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - نہیں جناب حکومت کا ایسا کوئی خیال نہیں -

نوابزدہ غلام قاسم خان - جناب والا - میں یہ ثابت کر سکتا ہوں کہ حکومت کی طرف سے ڈپٹی کمشنر صاحبان کے نام ایک چٹھی گئی جس میں کہا گیا تھا کہ آپ ایسا نہیں کر سکتے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - میری معلومات میں ایسی کوئی بات نہیں -

نوابزادہ غلام قاسم خان - جناب والا - کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کے علم میں کوئی صحیح بات ہے سہی ؟

رائے منصب علی خان کھرل - On a point of Order Sir. جناب والا - اکثر دیکھنے میں آیا کہ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب ہر ضمنی سوال کے جواب میں فرما دیتے ہیں کہ یہ بات میرے علم میں نہیں - کیا ان کا یہ رویہ درست ہے - کیا یہ ان کا فرض نہیں کہ وہ ہمیں صحیح جواب دیا کریں ؟

مسٹر سپیکر - جی ہاں یہ ان کا فرض ہے کہ وہ صحیح جواب دیا کریں -

This is not a point of order. It is ruled out of order.

INSTALLATION OF SUGAR MILL AT FORT ABBAS

*4572. **Chaudhri Muhammad Ali :** Will the Parliamentary Secretary, Industries be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that Government have accorded sanction for installing a Sugar Mill in Bahawalnagar District;

(b) whether it is a fact that last year an area of 28,000 acres of land was under Sugarcane cultivation in Tehsil Fort Abbas which was equal to the total area of land under sugarcane cultivation in the remaining three tehsil of the District namely, Minchinabad, Bahawalnagar and Chistian;

(c) whether it is a fact that the land situated in Fort Abbas Tehsil especially, a 50 mile long strip irrigated by H/R Canal is very suitable for growing sugar crop and that no other crop can be grown there during Kharif;

(d) If answers to (a) to (c) above be in the affirmative, whether Government will give due consideration to the claim of Tehsil Fort Abbas for installation of the proposed Sugar Mill there?

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر خالد بن جعفر) - (الف) ضلع بہاولنگر شوگر مل لگائے جانے کے لئے منظور ہو چکا ہے لیکن تا حال اس منصوبہ کے لئے اجازت جاری نہیں ہوئی -

(ب) جی ہاں - یہ درست ہے کہ تحصیل فورٹ عباس میں ۲۹۵۰۰ ایکڑ رقبہ گنے کے زیر کاشت تھا - یہ رقبہ مجموعی طور پر تحصیل بہاولنگر ، چشتیاں اور منچن آباد کے ۳۵۱۰۰ ایکڑ رقبے کے برابر ہے جو گنے کے زیر کاشت ہے -

(ج) یہ علاقہ مع ضلع بہاولپور کے دوسرے علاقہ جات کے گنے کی کاشت کے لئے موزوں ہے -

(د) ضلع بہاولنگر میں کسی موزوں مقام پر شوگر مل لگانے کے منصوبے پر حکومت مستعدی سے غور کر رہی ہے اور اس ضمن میں ضلع مذکورہ کے دوسرے علاقوں کے حقوق کو بھی ملحوظ خاطر رکھا جائیگا -

سردار عنایت‌الرحمان عباسی - جناب والا - جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے اپنے جواب کے حصہ (۱) میں یہ تسلیم کیا ہے کہ فورٹ عباس میں گنے کی پیداوار بہاولنگر کی تینوں تحصیلوں کے برابر ہے - تو پھر کیا وجہ ہے کہ وہ فیکٹری فورٹ عباس میں نہیں لگائی جا رہی بلکہ کسی دوسری جگہ لگائی جا رہی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - Economic Council کی مجلس عاملہ کے فیصلے کی بنا پر ضلع بہاولنگر میں ۱۵ ہزار ٹن مقدار کی ایک Sugar Mill لگانے کے لئے مقام کی منظوری ہو چکی ہے -

بابو محمد رفیق - جناب والا - جہاں زیادہ گنا پیدا ہوتا ہے وہاں یہ Sugar Mill نہیں لگا جا رہی - بلکہ جہاں کم گنا پیدا ہوتا ہے وہاں لگائی جا رہی ہے - آخر اس کی وجوہات کیا ہیں ؟ اقتصادی کونسل نے نے بھی تو آخر آپ کی سفارشات پر ہی یہ فیصلہ کیا ہوگا -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - وہ مقام اس کی اطراف کو دیکھ کر مقرر کیا جاتا ہے - اشیائے متعلقہ کی ٹرانسپورٹ اور ان چیزوں کے لئے اوسط درجے کا مقام تلاش کرکے یہ انڈسٹری قائم کی جاتی ہے تا کہ باشندوں اور فریق دونوں کو فائدہ ہو - وہ ترقی کرے اور فائدہ مند بھی ہو -

علامہ رحمت اللہ ارشد - جناب والا - کیا Economic Council کی recommendations کے لئے کوئی معیار مقرر ہے ؟ آخر وہ کس معیار پر اپنی recommendations کرتی ہے ؟ جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ اقتصادی کونسل کی سفارشات پر فیصلے کئے جاتے ہیں - کیا ان کے فیصلوں کے لئے آپ نے کوئی معیار مقرر کیا ہوا ہے ؟ کیا معیار یہی ہے کہ گنا ایک جگہ پیدا ہوتا ہے اور Sugar Mill دوسری جگہ لگائی جاتی ہے ؟

مسٹر سپیکر ۔ یہ سوال محکمہ انڈسٹریز سے تعلق نہیں رکھتا ۔ یہ کسی اور محکمے سے متعلق معلوم ہوتا ہے ۔ اس کے لئے آپ Fresh Notice دیں ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ جناب والا ۔ غالباً میں آپ کو اپنا مطلب سمجھا نہیں سکا ۔ انہوں نے جواب یہ دیا ہے کہ یہ فیصلہ کرنا کہ Sugar Mills کہاں کہاں ہونگی ۔ Economic Council کا کام ہے ۔ اور محکمہ صنعت اس فیصلے پر عمل در آمد کرتے ہوئے وہاں صنعتیں قائم کر دیتا ہے ۔ تو میں نے پوچھا ہے کہ گنا تو یہاں لاہور میں پیدا ہو اور Sugar Mill راولپنڈی میں قائم کر دی جائے ۔ اس کی سمجھ نہیں آئی ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا اکنومک کونسل محکمہ انڈسٹری سے متعلق ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ ہم سے کوئی تعلق نہیں اس کا تعلق سنٹر سے ہے ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ ہم اوسط درجہ کا مقام ڈھونڈتے ہیں اس سے ان کی کیا مراد ہے ۔ اگر ان کا مطلب ہے کہ جہاں اوسط مقدار میں گنا پیدا ہوتا ہے یا جہاں زیادہ پیدا ہوتا ہے وہ موزوں ہے ۔ یا اور کوئی بات ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ میں اس کے متعلق عرض کر چکا ہوں اور پھر اس کی وضاحت کر دیتا ہوں کہ اوسط سے مراد یہ ہے کہ گنے کی کوالٹی کیسی ہے ۔ آیا وہ اس قسم کا ہے کہ شکر سازی کے لئے مفید ہے۔ اس کے علاوہ ٹرانسپورٹ کی سہولتوں کو بھی مد نظر رکھا جاتا ہے ۔

مسٹر عبدالرازق خان ۔ جیسا کہ اس سوال اور اس کے جواب سے ظاہر ہوتا ہے فورٹ عباس میں دوسری تحصیلوں کی نسبت زیادہ گنا پیدا ہوتا ہے کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب بتائیں گے کہ وہاں فیکٹری کیوں نہیں بنائی جا رہی ایوان کو اس بات کا احساس ہوا ہے کہ ان کی معلومات بہت کم ہیں کیا یہ ممکن ہے کہ وہ پوری طرح معلومات حاصل کر کے کل اس ایوان میں ایک مفصل بیان دیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ آئندہ تین تاریخ کو جب سوالات کے جوابات کی باری آئیگی انشا اللہ میں معزز ممبر کو مطمئن کر دونگا ۔

مسٹر محمد امین خان ۔ محکمہ زراعت کی معلومات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ وہاں گنا پیدا نہیں ہو سکتا ۔ اگر ایسا ہی ہے کہ کسی جگہ کارخانہ کی ضرورت وہاں گنے کی پیداوار کے مطابق ہوتی ہے تو پھر کیا یہ ممکن نہیں کہ وہاں کارخانہ لگا دیا جائے لوگ خود بخود گنے کی کاشت کرنے لگ جائینگے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ اس کا تعلق محکمہ زراعت سے ہے میرے محکمہ سے نہیں ہے ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے اوسط درجہ سے مراد گنے کے متعلق گنے کی طبیعت اور مزاج اور قسم یا شکر کی پیداوار بتائی ہے یہ بالکل غلط ہے ۔ شکر پیدا کرنے کے لئے مزاج اور طبیعت کے دیکھنے کی ضرورت نہیں ہوتی ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی ضمنی سوال نہیں ہے ۔

NUMBER OF INDUSTRIAL UNITS IN BAHAWALPUR DIVISION

*4574. **Chaudhri Muhammad Ali** : Will the Parliamentary Secretary, Industries be pleased to state:—

(a) the number of industrial units set up in Bahawalpur Division by locals as well as those set up by persons from other parts of the Province since integration;

(b) the schemes under the consideration of the Government for setting up new industrial units in the said Division there along with the amounts allocated in the current years Budget for the purpose?

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر خالد بن جعفر) ۔ (الف) بہاولپور ڈویژن میں انضمام کے بعد سے اب تک ۲۱ صنعتی یونٹ قائم کئے گئے ہیں یہ تمام یونٹ مقامی باشندوں کی ملکیت

ہیں ۔ اس کے علاوہ اس علاقے کے لئے منظور کردہ ۵ نئے یونٹ قائم کئے جا رہے ہیں ۔ ان میں سے ایک یونٹ مقامی فریق کی ملکیت ہے جب کہ باقی چار صوبے کے دیگر حصوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی ملکیت ہیں ۔

(ب) بہاولپور ڈویژن کے لئے انضمام کے بعد سے اب تک پبلک سیکٹر میں ۹۶ لاکھ روپے کی لاگت کے صنعتی ترقیاتی منصوبے منظور کئے جا چکے ہیں ۔ ان کے لئے موجودہ سال کے میزانیے میں ۲۳۰۲ لاکھ روپے کی رقم مہیا کی گئی ہے ۔

جہاں تک پرائیویٹ سیکٹر کا تعلق ہے ۳۴۸ لاکھ روپے کی مجموعی سرمایہ کاری پر مشتمل صنعتی یونٹ اس ڈویژن کے لئے منظور کئے جا چکے ہیں ۔ اس ڈویژن میں نئے صنعتی یونٹ قائم کرنے کے لئے جو سکیمیں حکومت کے زیر غور ہیں ان میں ایک شوگر مل ایک ٹینری ایک اون صاف کرنے اور گانٹھیں بنانے کا یونٹ اور ایک اون کی کتائی اور دلری سازی کا پلانٹ شامل ہیں ۔ چونکہ یہ سکیمیں پرائیویٹ سیکٹر میں ہیں اس لئے ان کے لئے میزانیے میں رقوم متعین کرنے کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ یہ اعداد و شمار جو آپ نے فرمائے ہیں ۔ یہ صحیح ہیں اور زیر غور ہیں ۔ کیا آپ اس ''زیر غور،، کی کوئی معیاد مقرر کر سکتے ہیں ہم شکر گذار ہیں کہ نئے انڈسٹریل یونٹ کا معاملہ حکومت کے زیر غور ہے لیکن کافی لمبا عرصہ ہو گیا ہے ۔ ہم تو ایک سال پہلے سے یہ سن رہے ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ Private Sector کے لئے ہمیں یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ مالی حالت کیسی ہے ۔ کوئی جائداد ہے ۔ یا نہیں ۔ در اصل اس معاملہ کو کئی stages سے گذرنا پڑتا ہے ۔ صوبہ سے مرکز کے پاس جاتا ہے وہ اپنی سب کمیٹیوں کے پاس بھیجتے ہیں پھر غیر ملکی زر مبادلہ کا سوال در پیش ہوتا ہے اس طرح پانچ چھ مہینے کی بجائے ایک سال تک لگ جاتا ہے ۔

TOTAL NUMBER OF CEMENT FACTORIES IN WEST PAKISTAN

*4576. **Chaudhri Muhammad Ali** : Will the Parliamentary Secretary, Industries be pleased to state:—

(a) the total number of cement factories operating in West Pakistan and the output of each factory during the current year;

(b) the nature of the facilities extended to each of the above-mentioned factories for procurement of raw material ;

(c) the annual quota of cement supplied to East Pakistan;

(d) the quantity of cement required to meet requirements of West Pakistan?

Placed on the table ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر خالد بن جعفر) ۔

(الف) چھ ۔ ہر ایک فیکٹری کی جائے وقوع اوز سالانہ پیداوار ضمیمہ (الف) میں ملاحظہ فرمائی جا سکتی ہے ۔

(ب) دیسی خام مال مثلاً چونے کا پتھر ، سرخ مٹی ، جپسم وغیرہ ہر ایک فیکٹری کے قریب سے ہی دستیاب ہے ۔ ان فیکٹریوں کو میدہ پیسنے ، گولا بارود بنانے کے فالتو پرزوں کی درآمد کے لئے سہولتیں دی گئی ہیں ان کی تشخیص کردہ ضروریات کا ۱۰۰ فی صد ۔

(ج) مشرقی پاکستان کے لئے مستقل طور پر کوئی سالانہ حصہ رسد مقرر نہیں کیا گیا ہے تاہم حکومت مشرقی پاکستان کو ۲۷۲۳ لاکھ ٹن سیمنٹ مہیا کیا گیا تھا اور سال رواں میں ۱۵,۰۰۰ ٹن ۔ اس سال مہیا کردہ سیمنٹ کو حکومت مشرقی پاکستان اپنے درآمد کردہ سیمنٹ میں سے واپس کر دے گی ۔

(د) سال ۱۹۶۳-۶۴ء کے لئے مغربی پاکستان کی تخمینہ کردہ ضروریات ۲۴ لاکھ ٹن ہیں ۔

ضمیمہ (الف)

موجودہ پلانٹ

مغربی پاکستان صنعتی ترقیاتی کارپوریشن	سالانہ استعداد پیداواری (ٹن)
(۱) زیل پاک حیدرآباد	۳۸۰,۰۰۰
(۲) میپل لیف داؤد خیل	۲۵۰,۰۰۰
ایسوسی ایٹڈ سیمنٹ کمپنیز ۔	
(۳) واہ	۲۷۰,۰۰۰
(۴) روہڑی	۹۰,۰۰۰
ڈالمیا سیمنٹ فیکٹریز ۔	
(۵) شانتی نگر کراچی	۱۶۰,۰۰۰
(۶) ڈنڈوت	۷۰,۰۰۰
میزان ..	۲,۱۶۰,۰۰۰

GRANT OF IMPORT LICENCES TO CO-OPERATIVE SOCIETIES BAHAWALPUR DIVISION

*4618. **Chaudhri Muhammad Ali** : Will the Parliamentary Secretary Industries be pleased to state:—

(a) the district-wise number of Co-operative Societies in Bahawalpur Division which have applied for import licences through Provincial Government;

(b) the district-wise number of such Co-operative Societies out of those mentioned in (a) above whose applications for the grant of Import Licences have been recommended by the Provincial Government?

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر خالد بن جعفر) ۔ (الف) (۱) صرف ایک انجمن امداد باھمی یعنی میسرز بہاولپور کواپریٹو ھوزری مل بہاولپور نے نظامت صنعت کے پبلک نوٹس مورخہ ۱۷-۳-۱۹۶۳ کے جواب میں توازن اور تجدید کی غرض سے مشینری کے لئے درآمدی لائسنس کی درخواست دی تھی ۔

(۲) ملحوظ رھے کہ او۔جی۔ایل میں اور دیگر طرح تجارتی لائسنسوں کے اجرا کے لئے درخواستیں براہ راست وزارت تجارت کو کنٹرولر درآمدات و برآمدات کے توسط سے ارسال کی جاتی ھیں جس کے ساتھ صوبائی حکومت کا کوئی تعلق نہیں ھے ۔

(ب) شق (الف) بالا میں مذکور یونٹ کی ۴۲,۰۰۰۰۰ روپے کی قیمت کی مشینری کے لئے درآمدی لائسنس کے اجرا کی ضروریات کامل طور پر پوری کر دی گئی ھیں ۔

CREATION OF POST OF INDUSTRIAL DEVELOPMENT OFFICER FOR HAZARA DISTRICT

*4651. **Mr. Sultan Muhammad Awan** : Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that the posts of Industrial Development Officers have been created for Mardan Kohat and D. I. Khan District, while no such post has been created for District Hazara;

(b) whether it is a fact that District Hazara is more industrialised than Kohat and D. I. Khan;

(c) if answers to (a) and (b) above be in the affirmative, reasons for not creating a post of Industrial Development Officer for Hazara District?

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ (مسٹر خالد بن جعفر) (الف) محض مردان کوھاٹ اور ڈیرہ اسمعیل خان کے اضلاع کے لئے فرداً فرداً کسی صنعتی ترقیاتی افسر کا تقرر نہیں کیا گیا ۔ مردان میں مقیم صنعتی ترقیاتی افسر مردان ۔ دیر ۔ سوات اور چترال کی ریاستوں اور مالا کنڈ ایجنسی میں صنعتی ترقیاتی کام کی دیکھ بھال کرتا ھے ۔ جہاں تک کوھاٹ میں مقیم صنعتی ترقیاتی افسر کا تعلق ھے یہ افسر کوھاٹ کے علاقہ قرم ایجنسی اور ضلع کوھاٹ سے متصل علاقوں کے صنعتی ترقیاتی کام کی دیکھ بھال کرتا ھے ۔ اسی طرح ڈیرہ اسمعیل خان میں مقیم صنعتی ترقیاتی افسر بنوں اور ڈیرہ اسمعیل خان کے اضلاع کے علاوہ ان سے متصل قبائلی علاقوں اور شمالی و جنوبی وزیرستان ایجنسیوں میں ترقیاتی کام کی دیکھ بھال کرتا ھے ۔

(ب) ھزارہ میں کوھاٹ سے کسی قدر زیادہ صنعت ھے ۔

(ج) ھزارہ میں کام کی مقدار اتنی نہیں ھے ۔ اس ضلع کو ایک اسسٹنٹ صنعتی ترقیاتی افسر کے چارج میں دے دیا گیا ھے ۔ صنعتوں کے فروغ کے ساتھ اس ضلع میں کام کی مقدار زیادہ ھوگی ھزارہ کے لئے ایک صنعتی ترقیاتی افسر کی آسامی مہیا کرنے پر مناسب غور کیا جائے گا ۔

HANDLOOMS WORKING IN NAROWAL AND SHAKARGARH TEHSILS

*4727. **Chaudhri Muhammad Ibrahim** : Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(a) the number of handlooms working during September 1962 and September, 1963, in Narowal and Shakargarh tehsils of the Sialkot District;

(b) the number of workers engaged on the said handlooms during the said months;

(c) the number of workers engaged on handlooms during each of the said two months in the villages, (i) Jamman and (ii) Dahh of Narowal Tehsil and (iii) Maingri of Shakargarh tehsil;

(d) whether it is a fact that the handloom industry has not flourished in Sialkot District resulting in low wages for the workers in the industry;

(e) if answer to (d) above be in the affirmative, the steps Government intend to take in this behalf?

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر خالد بن جعفر) ۔ (الف) شکر گڑھ اور نارووال کی تحصیلوں کے شہری علاقوں میں ۱۹۶۲ ۔ ان تحصیلوں کے دیہی علاقوں کا سروے مغربی پاکستان صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کے چھوٹی صنعتوں کے ڈویژن کی طرف سے جو چھوٹی صنعتوں کی ترقی اور نشو و نما کا ذمہ دار ہے شروع کیا جا چکا ہے ۔

(ب) ان تحصیلوں کے شہری علاقوں میں دستی کھڈیوں کے کاریگروں کی تعداد ۱۹۶۲ ہے ۔

(ج) جیسے کہ (الف) بالا میں یہاں کہا جا چکا ہے دیہی علاقوں میں دستی کھڈیوں کی صنعت کا سروے چھوٹی صنعتوں کے ڈویژن نے ابھی شروع ہی کیا ہے اس لئے ابھی اعداد و شمار دستیاب نہیں ۔

(د) دستی کھڈیوں کی صنعت کو صوبے میں بڑے مشینی یونٹوں اور ٹیکسٹائل ملوں سے مسابقت در پیش ہے اور یہ کوئی ایسی چیز نہیں کہ ضلع سیالکوٹ کے لئے ہی خاص ہو ۔ ضلع سیالکوٹ میں دستی کھڈیوں کے ایک کاریگر کی اوسط یومیہ آمدنی ۴ء۵۰ روپے سے ۵ء۰۰ روپے تک ہے ۔

(ہ) مغربی پاکستان صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کا چھوٹی صنعتوں کا ڈویژن باقاعدگی سے مختلف قسم کے دھاگے درآمد کر کے انہیں حقیقی دستی کھڈیوں والوں کے ہاتھ مسابقتی قیمتوں پر فروخت کر رہا ہے ۔ سیالکوٹ ضلع میں سال ۱۹۶۲ء کے دوران میں موجودہ درآمدی دھاگے دستی کھڈیوں کے یونٹوں میں تقسیم کئے گئے ۔

(۱) مصنوعی ریشمی دھاگہ ۵۰۰۰ پونڈ تخمیناً

(۲) سوتی دھاگہ ۱۷۰۰ پونڈ تخمیناً

(۳) ریشمی دھاگہ ۲۲۵ پونڈ تخمیناً

اس کے علاوہ چھوٹی صنعتوں کا ڈویژن دستی کھڈیوں کے بہترین مفاد میں انہیں یہ مشورہ بھی دے رہا ہے کہ وہ اپنے آپ کو ان خاص خاص کپڑوں کی تیاری تک محدود رکھیں جنہیں بالعموم مشینیں کھڈیاں اور ٹیکسٹائل ملیں تیار نہیں کرتیں تا کہ غیر مساوی مسابقت سے بچا سکے ۔

چودھری محمد ابراہیم ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ مزدوروں کی تعداد ۱۳۳۲ ہے ۔ جنہیں پورے سال کے اندر سوتی دھاگا مہیا کیا گیا ہے ۔ وہ ہے سترہ سو پونڈ ۔ گویا فی مزدور ایک پونڈ

فی سال ہے ۔ انہوں نے اس کے ساتھ ہی یہ بھی فرمایا ہے ۔ کہ ان کی مزدوری ساڑھے چار سے پانچ روپے یومیہ تک ہے ۔ جب سارے سال میں ایک پونڈ فی مزدور کے حساب سے سوتی دھاگہ استعمال کیا جاتا ہے ۔ یا انہیں دیا جاتا ہے ۔ تو ان ساری باتوں سے وہ کس طرح مطابقت پیدا کرتے ہیں ۔ یعنی اس ایک پونڈ سوتی دھاگا کو سال بھر میں استعمال کرنے کے لئے انہیں ساڑھے چار سے پانچ روپے تک یومیہ مزدوری کیسے مل جاتی ہے ۔ ۔ ۔ ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری سلطان محمود) ۔ آپ کی اجازت سے میں اس سوال کا جواب دینا چاہتا ہوں ۔

چودھری صاحب ۔ جس دھاگے کی مقدار دی گئی ہے ۔ یہ وہ ہے ۔ جو کہ درآمد کیا جاتا ہے ۔ اور زیادہ تر وہ دھاگا کھڈیوں میں استعمال ہوتا ہے ۔ جو ملک کے اندر ہی پیدا ہوتا ہے اور جو ملک کے کارخانوں سے میسر آ سکتا ہے ۔

Mr. Speaker : The Question Hour is now over.

مسٹر سلطان محمد اعوان ۔ جناب والا ۔ جو سوالات آج رہ گئے ہیں ان کا جواب اگلی باری پر سب سے پہلے دیا جائے ۔

سردار عنایت الرحمان خان عباسی ۔ جناب والا ۔ میں نے اپنے سوال نمبر ۴۴۶۵ کے ذریعے ایک اطلاع مانگی تھی ۔ تو اس کے جواب میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا تھا ۔ کہ جواب میز پر پڑا ہوا ہے وہاں سے دیکھ لیں ۔ میز پر جواب تو موجود تھا ۔ لیکن جب میں جواب لینے کے لئے میز پر گیا ۔ تو سیکرٹری صاحب بھی پہنچ گئے ۔ اور فرمانے لگے ۔ کہ یہ جواب میں آپ کو دے نہیں سکتا ۔ تو کیا ہمیں یہ جواب مل سکتا ہے ۔ یا نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر جواب میز پر رکھ دیا گیا ہو ۔ تو آپ اسے دیکھ سکتے ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - وہ تو اسے اپنے پاس رکھنے کے لئے لے جانا چاہتے تھے -

مسٹر سپیکر - عباسی صاحب - آپ اسے پڑھ کر واپس میز پر رکھ دیں -

Now the Question Hour is over and the answers to the rest of the questions on the list for today may be placed on the table.

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE

SMALL INDUSTRIES TO BE SET UP IN SIALKOT DISTRICT

*4728. **Chaudhri Muhammad Ibrahim**: Will the Parliamentary Secretary, Industries be pleased to state :—

(a) names of Small Industries proposed to be set up in the Sialkot District; during the current Five Year Plan period;

(b) names of centres where work in this behalf has started in the said District, together with the description of work at each centre?

پارلیمنٹری سیکرٹری - (مسٹر خالد بن جعفر) (الف) (۱) سیالکوٹ میں چھوٹی صنعتوں کا علاقہ اس منصوبے کے لئے زمین کی خریداری اور انتظامی عمارتوں، سڑکوں پلیوں، گند آبوں، نل کنوؤں وغیرہ کی تعمیر کی لاگت ۹۶۵۱۴ لاکھ روپے ہے -

(۲) سیالکوٹ میں کھیلوں کے سامان کی صنعتوں کا مرکز اس منصوبے کے لئے زمین کی خریداری، عمارتوں کی تعمیر اور مشینوں کے پرزوں کی لاگت ۰۵۷ لاکھ روپے ہے -

(ب) جیسا کہ شق (الف) بالا میں عرض کیا گیا ہے چھوٹی صنعتوں کے علاقے کے لئے (الف) (۱) بالا میں مذکور تعمیراتی کام پایۂ تکمیل کو پہنچنے والے ہیں فیکٹری کے ۳۳۰ قطعات اراضی ضلع سیالکوٹ کی چھوٹی صنعتوں

کے جدید نیز موجودہ یونٹوں کے لئے مخصوص کئے جا چکے ہیں ان لوگوں کو جو جدید یونٹ قائم کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں یا مذکورہ علاقے میں بسنا چاہتے ہوں جدید یونٹوں کے لئے مشینوں کی درآمد نیز موجودہ یونٹوں کے متوازن تجوید کے لئے ۲۰۲۶۲۰ لاکھ روپے تک غیر ملکی زر مبادلہ کی شکل میں قرضے کی سہولتیں مہیا کی جائیں گی ۔

جہاں تک کھیلوں کے سامان کے صنعتی مرکز کا تعلق ہے عمارتی منصوبہ زیر غور ہے ۔ اس کے لئے سامان اور مشینیں پہلے ہی درآمد کی جا چکی ہیں ۔ جب یہ مرکز قائم ہو جائے گا تو اس سے سیالکوٹ میں کھیلوں کے سامان بنانے والوں کو ٹیکنیکل امداد اور بعض عام پیداواری سہولیتں ملیں گی ۔

INDUSTRIAL DEVELOPMENT IN THE FORMER BAHAWALPUR STATE

***4776. Khawaja Jamal Muhammad Koraija** : Will the Parliamentary Secretary Industries be pleased to state:—

(a) the total funds allocated for the Industrial Development in the former Bahawalpur State during the financial year proceeding the establishment of the Province of West Pakistan ;

(b) the total funds provided for the said purpose after Integration alongwith the following details:—

(i) the name of the projects for which funds were allocated;

(ii) the location of the projects;

(iii) the funds allocated for each project and

(iv) the amount actually spent thereon?

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر خالد بن جعفر) ۔ (الف) ۲۱,۵۵,۳۰۰ روپے ۔ تمام رقم پبلک سیکٹر میں مہیا کی گئی تھی ۔

(ب) انضمام کے بعد سے اب تک سابقہ ریاست بہاولپور کے علاقے کے لئے پبلک سیکٹر میں ۹۵۶۹۶ لاکھ روپے کے مجموعی اخراجات پر مشتمل صنعتی ترقیاتی منصوبے منظور کئے گئے ھیں ۔ اس میں سے ۴۱۶۷۰ لاکھ روپے کی رقم پہلے ھی مہیا کی جا چکی ھے جب کہ بقیہ رقم الگ الگ منصوبوں کی ضروریات کے مطابق اگلے تین سالوں میں دستیاب کر دئے جانے کی توقع ھے ۔

جہاں تک پرائیویٹ سیکٹر کا تعلق ھے اسی علاقے کے لئے ۳۴۸ لاکھ روپے کی مجموعی سرمایہ کاری پر مشتمل صنعتی یونٹ پہلے ھی قائم منظور کئے جا چکے ھیں ۔ شقات (۱) تا (۴) کے بارے میں دستیاب تفصیلات ضمیمہ (الف) میں دی گئی ھیں ۔

IMPORT ENTITLEMENTS OF INDUSTRIAL UNITS MANUFACTURING AGRICULTURAL IMPLEMENTS

*4818. **Ch. Sultan Ahmad**: Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(a) whether the import entitlements of Industrial Units Manufacturing Agricultural Implements, determined on the basis of the recent survey by the Directorate of Industries have been communicated to the Controller of Imports and Exports for issuing import licences on the basis of these entitlements; if not; reasons therefor;

(b) the shipping period from which the revised entitlements will take effect ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر خالد بن جعفر) ۔ (الف) نظامت صنعت کے حالیہ سروے کی اساس پر متعین کردہ زرعی آلات تیار کرنے والے صنعتی یونٹوں کے درآمدی استحقاقات کو کنٹرولر درآمدات و برآمدات لاہور کو نظر ثانی شدہ استحقاقات کی اساس پر درآمدی لائسنس جاری کرنے کے لئے ارسال کر دیا گیا ھے ۔

(ب) موجودہ بذریعہ جہاز مال برداری دور جولائی ۔ دسمبر ۱۹۶۳ء

APPROVED INDUSTRIAL UNITS MANUFACTURING AGRICULTURAL IMPLEMENTS

*4819. **Ch. Sultan Ahmad** : Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(a) the number, names and location of the approved industrial units manufacturing agricultural implements in West Pakistan with their respective import entitlements based on the recent survey conducted by the Directorate of Industries;

(b) the basis of licensing of these units adopted in the survey;

(c) whether a uniform basis of licensing was adopted in respect of every unit; if not; reasons therefor;

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر خالد بن جعفر) ۔ (الف) مطلوبہ معلومات ایوان کے روبرو (ضمیمہ ۱ و ۲ کی صورت میں) پیش کر دی گئی ہیں* ۔

(ب) درآمد شدہ خام مال اور چھوٹے اوزاروں کے لئے نظر ثانی شدہ استحقاقات کی تشخیص سالہائے ۱۹۵۹ تا ۱۹۶۱ء کے دوران میں اوسط پیداوار کی بالترتیب ۳۰ فیصد اور ۴ فیصد پر کی گئی ہے تاہم مرکزی حکومت لائسنسوں کا اصل اجرا کنٹرولر درآمدات و برآمدات کے ذریعے عمل میں لائی ہے اور وہ لائسینس جاری کرنے کی بنیاد پر شپنگ پریڈ میں مرکزی حکومت کی طرف سے مقرر کردہ درآمدی پالیسی کے مطابق متعین کرتے ہیں ۔

(ج) جی ہاں تمام صورتوں میں استحقاق کے تعین کے لئے ایک یکساں معیار کو پیش نظر رکھا گیا تھا تاہم بعض کیس ابھی تک زیر معائنہ ہیں اور ان کے نظر ثانی شدہ استحقاقات کا حساب نہیں لگایا گیا ۔

---

*Please see Appendix C at page 126.

PRIVATE AID SOCIETY NAMED SHAHKAR LTD.

*4997. **Mr. Sultan Muhammad Awan:** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that there existed a Private Aid Society by the name of Shahkar, Ltd;

(b) whether it is a fact that Government declared all such societies as unlawful in 1958;

(c) whether it is a fact that the said society after being declared unlawful did not refund the amounts contributed to it by the people;

(d) whether it is a fact that the management of Shahkar Ltd., had purchased a plot of land in Abbottabad for Rs. 50,000;

(e) whether it is a fact that Government have taken possession of the entire property including all the factories etc., owned by the Shahkar, Ltd., in Lahore and a local lawyer has been appointed as a Judge liquidator for the purpose of settling the accounts of the said society;

(f) whether it is a fact that the plot in Abbottabad, purchased by the said society has not been taken over by the Government if so, reasons therefor;

(g) if answers to (a) to (f) above be in the affirmative, whether Government intend taking steps to refund out of the sale-proceeds of the property of the society the amounts due to the claimants?

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر خالد بن جعفر) ۔ (الف) جی ہاں ۔

(ب) جی نہیں ۔ یہ اکتوبر ۱۹۵۷ء میں غیر قانونی قرار دی گئی تھیں ۔

(ج) جی ہاں ۔

(د) جی ہاں ۔ مگر پلاٹ کی قیمت ۱۶۰۰۰ روپے ہے نہ کہ ۵۰،۰۰۰ روپے ۔

(ہ) جی ہاں ۔

(و) جی نہیں ۔ اس پلاٹ کا قبضہ بھی لے لیا گیا ہے ۔

(ر) جی ھاں ۔ جب سرکاری لیکوی ڈیٹر کے تصدیق کردہ دعویٰ
کو عدالت عالیہ منظور کر لے گی تو پھر دعوے داروں
کی رقوم سرکاری لیکوی ڈیٹر کی طرف سے مقرر کردہ اور
عدالت عالیہ کی طرف سے منظور شدہ حصص کے مطابق
تقسیم کر دی جائیں گی ۔

ESTABLISHMENT OF SUGAR MILLS IN THE AREA COMPRISING SAKHAKOT (LOWER PART OF MALAKAND AGENCY) AND LOND KHUR

*5023. **Khan Sarfraz Khan** : Will the Parliamentary Secretary, Industries be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that Government intend to establish few new sugar mills in West Pakistan; if so, the places where these mills are proposed to be set up;

(b) whether Government intend to establish any sugar mill in the area comprising; Sakhakot (Lower part of Malakand Agency) Hathian and Lond Khur (upper area of District Mardan);

(c) whether it is a fact that before the promulgation of Martial Law, the then Government had sanctioned the establishment of a sugar Mill at Hathian ; if so, reasons for which the Sugar Mill has not so far been set up there and the place where the mill which was sanctioned for Hathian is now being established ?

Parliamentary Secretary (Mr. Khalid bin Jaffar) : (a) As a result of the decision by the Executive Committee of the National Economic Council six new sugar mills were approved for the following districts:—

Lyallpur.

Bahawalpur.

Sialkot.

Sargodha.

Mianwali (Bhakkar Tehsil) and Tharparkar.

These mills would be in addition to the two already sanctioned by the Central Government for Larkana and Shahdadpur in Sanghar district, as well as the two being set up by the West Pakistan Industrial Development Corporation at Bannu and Badin (Hyderabad district) and the one being sponsored by the West Pakistan Cooperative Board for Peshawar district;

(b) There is no such proposal for a cane sugar mill. However, a proposal for a mill based exclusively on the beet has been referred to the Pakistan Industrial Credit and Investment Corporation for examination.

(c) The Provincial Government are not aware of any such sanction.

The rest of the question, therefore, does not arise.

SINDHIS WORKING IN WAPDA AND P.I.D.C.

*5060. **Rais Allan Khan Leghari** : Will the Parliamentary Secretary, Industries be pleased to state the number of Sindhis working in various organizations like WAPDA and P.I.D.C. under the control of Government?

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر خالد بن جعفر) ۔ صرف مغربی پاکستان کی صنعتی ترقیاتی کارپوریشن محکمہ صنعت و تجارت میں صوبائی حکومت کے انتظامی کنٹرول میں ہے ۔

سندھ کے علاقہ سے تعلق رکھنے والے ۱۶ افسر مغربی پاکستان کی صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کے صدر دفاتر اور مختلف پراجیکٹوں میں کام کر رہے ہیں ۔

SALT LYING UNUTILISED IN THE MARKETS OF BAHADUR KHAIL AND JUTA ISMAIL KHAIL IN DISTRICT KOHAT

*5084. **Mr. Abdur Raziq Khan** : Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that thousands of maunds of salt, in the form of blocks and powder is lying unutilised with W.P.I.D.C. in the salt markets of Bahadur Khail and Juta Ismail Khail District Kohat;

(b) whether it is a fact that the "Lachi Co-operative Development Society" made a request to the W.P.I.D.C. through a Resolution, that the unutilised salt be sold to it;

(c) if answers to (a) and (b) above be in the affirmative, whether the W.P.I.D.C. intend to sell the unutilised salt to the said society at a reasonable price?

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر خالد بن جعفر) ۔ (الف) یہ حقیقت ہے کہ بہادر خیل اور جٹا اسمعیل خیل کی کانوں میں چھیلن اور صفوف کی شکل میں نمک کی کچھ مقدار ایسی پائی جاتی ہے جس کے فوری کاھگ کوھاٹ اور پشاور کے

علاقے میں نہیں ملتے ۔ چنانچہ اس نمک کی کچھ مقدار مذکورہ کانوں میں بے مصرف پڑی ہے ۔

(ب) یہ درست ہے ۔

(ج) زیر بحث نمک سے استفادہ اٹھانے کے سوال پر مغربی پاکستان کی صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کچھ عرصے سے غور کر رہی ہے ۔ اب یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ دونوں کانوں میں ایک چکی نصب کی جائے جو عوامی اور صنعتی استعمال کے لئے مناسب نرخ پر فروخت کی غرض سے نمک پیسنے کے کام میں لایا جا سکے ۔ لہذا لاچی سوسائٹی کو نمک فروخت کرنے کا سوال اس موقع پر اس وجہ سے پیدا نہیں ہوتا کہ مغربی پاکستان کی صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کو اپنے جدید منصوبے کے تحت پیسے ہوئے نمک کی بہتر قیمت حاصل ہونے کی توقع ہے ۔

SHAHDARA WEAVING FACTORY

*5113. **Mr. Muhammad Hanif Siddiqi** : Will the Parliamentary Secretary, Industries be pleased to state:—

(a) the name of the preset General Manager of Shahdara Weaving Factory alongwith the date on which he was appointed as such;

(b) the names of those firms which received the products of the above mentioned mill during the last two years;

(c) whether it is a fact that the products of the above said mill are supplied exclusively to a few firms, if so, the name of those firms and the reasons for which preference has been given to them;

(d) whether tenders are also invited for the sale of the products of the above said mill and tender notices are published in newspapers?

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر خالد بن جعفر) ۔ (الف) ایس ۔ اے احمد ان کی تاریخ تقرر ۹-۳-۱۹۵۱ء ہے ۔

(ب) مطلوبہ اطلاع منسلکہ (الف) میں دی گئی ہے ۔

(ج) شاھدرہ میں سرکاری مرکز پارچہ بافی و جلا کاری کی مصنوعات خصوصاً چند فرموں کو مہیا نہیں کی جاتیں ۔ اس مرکز کا تیار کردہ کپڑا جو شخص چاہے خرید سکتا ہے ۔

(د) جی نہیں ۔ اس مرکز کی مصنوعات ٹنڈر طلب کر کے فروخت نہیں کی جاتیں ۔ ان مصنوعات کی فروخت کے نرخ حکومت کے مقررہ قواعد کی رو سے متعین کئے جاتے ہیں ۔

ضمیمہ (الف)

		۱۹۶۱-۱۹۶۲ء	۱۹۶۲-۱۹۶۳ء
(۱)	سرکاری محکمہ جات	۶,۵۰,۱۱۵ گز (۶۲٫۴ فیصد)	۴,۹۵,۶۸۸ ۳/۴ گز (۵۳٫۹ فیصد)
(۲)	شاھدرہ مرکز کے ملحقہ فیئر پرائس شاپس ۳۹ انارکلی لاہور کو مہیا کردہ مصنوعات ۔	۷۴,۷۱۰ گز (۷٫۲ فیصد)	۷۲,۰۲۵ گز (۸ فیصد)
(۳)	مندرجہ ذیل پرائیویٹ پارٹیوں کو مہیا کردہ مصنوعات ۔	۳,۱۷,۱۹۸ ۱/۴ گز (۳۰٫۴ فیصد)	۳,۵۰,۶۱۴ ۱/۲ گز (۳۸٫۱ فیصد)

۱۔ میسرز باٹا شو کمپنی لاہور ۔
۲۔ میسرز سروس انڈسٹریز لاہور ۔
۳۔ میسرز اوبیرائز ہوٹل لمیٹڈ لاہور۔

۴- میسرز قمرالدین اینڈ کمپنی لاهور -

۵- ایم اے وحید اینڈ کمپنی لاهور -

۶- شیخ سردار محمد اینڈ سنز لاهور -

۷- میسرز کین اینڈ سنز پشاور -

۸- هوٹل انڈس لاهور -

۹- میسرز رحمت اینڈ کمپنی لاهور -

۱۰- میسرز محمد بوٹا اینڈ کمپنی لاهور -

۱۱- میسرز یامین علی اعظم مارکیٹ لاهور -

UNSTARRED QUESTION AND ANSWER

CARPET INDUSTRIES

109. Haji Mir Muhammad Bux Talpur: Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce, be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that a provision of Rs. 2 lakhs has been made in the budget for 1963-54 for the development cum—training centres for carpet industries at Peshawar, Hyderabad, Nushki, Bannu, Gojra Khan, Bahawalpur and Leiah;

(b) if answers to (a) be in the affirmative, (i) the amount separately sanctioned for each of the centres referred to above (ii) the annual income as well as exepnditure of each centre, (iii) the number of trainees and the number of the staff at each centre, (iv) the names of the centres which are functioning in Government buildings, (v) the names of the centres which are accommodated in rented buildings; and (vi) whether the said buildings are sufficient for the purposes of the centres?

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر خالد بن جعفر) - (الف) جی هاں یه سنٹر گوجر خان ، پشاور ، بنوں، لیه ، بهاولپور، حیدرآباد مٹھن اور نوشکی کے مقامات پر واقع هیں -

(ب) سوال کے حصه (ب) میں (۱) سے (۴) تک مطلوبه تفصیلات منسلک هیں -

کیفیت نامہ

ہر سنٹر کے لئے منظور کردہ رقم ۱۹۶۳—۶۴ء کی سرکاری امدادی رقم	آمدنی و اخراجات		تربیت پانے والوں اور عملے کی تعداد		سرکاری عمارت	کرائے کی عمارت
	۱۹۶۲—۶۳ کے دوران میں	۱۹۶۳—۶۴ء کے دوران میں	عملے کی تعداد	تربیت پانے والوں کی تعداد		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
۲۲,۰۰۰روپے	۳,۳۹۰ء۱۸ روپے	۲۱,۸۱۴ء۷۲روپے	۵	۱۲	نہیں	ہاں
۳۵,۱۰۰روپے	۱۶,۴۰۲ء۷۲روپے	۴۵,۰۱۲ء۰۴روپے	۵	۱۸	,,	,,
۱۷,۱۰۰روپے	۳,۸۷۸ء۱۳روپے	۱۹,۶۴۹ء۴۹روپے	۵	۱۲	,,	,,
۲۱,۳۰۰روپے	۱,۶۲۱ء۶۵روپے	۲۲,۲۶۹ء۸۸روپے	۵	۱۲	,,	,,
۲۱,۲۰۰روپے	۲۶,۴۴۹ء۰۷روپے	۴۲,۱۸۱ء۱۲روپے	۵	۱۲	,,	,,
۳۴,۱۰۰روپے	۵۰,۵۲۲ء۵۳روپے	۴۵,۸۰۹ء۶۳روپے	۵	۱۸	,,	,,
۱۹,۱۰۰روپے	۱۴,۲۳۰ء۰۰روپے	۲۱,۸۵۱ء۴۲روپے	۵	۱۴	,,	,,
۳۰,۱۰۰روپے	۲۲,۲۰۰ء۵۷روپے	۴۶,۷۹۰ء۲۷روپے	۵	۱۵	,,	,,
۲,۰۰,۰۰۰روپے	۱,۳۹,۶۹۴ء۸۵روپے	۲,۶۵,۳۷۸ء۵۷روپے	۴۰	۱۱۳	ندارد	ندارد

Mr. Speaker : I would like to hear the Law Minister on the point raised by Khawaja Muhammad Safdar.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : I was not aware of the change in programme. I thought we would be taking up adjournment motions first. I have not got the papers relating to the point of order with me but I will get them in a minute or two.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ۔ ۱)۔ جناب والا۔ میں دریں اثناء ایک مختصر Statement دینا چاہتا ہوں ۔

جناب والا ۔ کل کے اخبارات میں یہ دیکھ کر مجھے انتہائی خوشی ہوئی ۔ کہ پچھلے سال کے دوران میں حزب مخالف کی طرف سے جو مطالبہ زرعی مزارعین کے حقوق کے لئے کیا جا رہا ہے ۔ اسے اس حکومت نے ایک حد تک تسلیم کر لیا ہے ۔ یعنی گورنمنٹ کی املاک پر جو مزارعین کئی سالوں سے آباد ہیں ۔ اب یہ فیصلہ ہوا ہے ۔ کہ ان زمینوں کو نیلام نہیں کیا جائیگا ۔ اور کم از کم پانچ سال تک وہ زمین ان ہی مزارعین کے پاس رہیگی ۔ میں اس فیصلے پر حکومت کو مبارکباد دیتا ہوں ۔ اور اس کے ساتھ ہی یہ بھی عرض کرونگا ۔ کہ آپ ان مزارعین کے حقوق کے متعلق بھی جلد از جلد فیصلہ کریں ۔ جو باڑے کی شرائط پر یا ''زیادہ اناج اگاؤ،، کی شرائط پر کئی سالوں سے زمینوں پر کاشت کر رہے ہیں ۔ اور جنہوں نے اس سلسلے میں بنجر اور غیرآباد زمینوں کو آباد کر کےلہلہاتے اور سبز کھیتوں میں تبدیل کیا ہے ۔ ان زمینوں کو مناسب قیمتوں پر کاشتکاروں کے حوالے کریں ۔

رائے منصب علی کھرل ۔ جناب والا ۔ جو کچھ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے ۔ اس کے متعلق میں Personal explanation On a point of personal دینا چاہتا ہوں ۔

Mr. Speaker : But he has not said anything about the member.

رائے منصب علی کھرل ۔ میں جو کچھ Personal explanation کے طور پر عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ ہے ۔ کہ خواجہ صاحب نے یہ فرمایا ہے ۔ کہ آپوزیشن والوں نے حکومت سے جو مطالبات اس ضمن میں

کئے تھے ۔ اسے مان کر ہی حکومت نے یہ اقدام کیا ہے ۔ تو اس سلسلے میں میری یہ گذارش ہے ۔ کہ اس سلسلے میں اکثریت پارٹی کے ممبروں نے بھی حکومت کو کہا ہے ۔ اور خود حکومت کے زیر غور بھی یہ بات تھی ۔ یہ صرف آپوزیشن کے زور مطالبہ پر نہیں ہوا ۔ بلکہ حکومت نے خود ہی اسے مناسب سمجھ کر کر دیا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ہاں ہاں ۔ بعض اکثریت پارٹی کے ممبران بھی ہمارے ہمنوا تھے ۔

وزیر مال (خان پیر محمد خان) ۔ اس کے متعلق تو میں کچھ کہنا نہیں چاہتا تھا ۔ لیکن ایک Controversy پیدا گئی ہے ۔ بہر حال اگر اس کا Credit میرے دوست لینا چاہتے ہیں ۔ تو بے شک لے لیں ۔ لیکن یہ ہمارے زیر غور تھا ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ بہتر ہے ۔ آپ بھی کسی نیک نامی اور اچھے کام کا Credit لے لیں ۔

Minister of Law : I thought, Sir, that the point of order will be taken up after the adjournment motions, because they have got priority. I have sent for the papers.

Mr. Speaker : We are not taking up adjournment motions today as was decided previously.

Minister of Law : I was totally under a wrong impression.

خواجہ محمد صفدر ۔ گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ بعد سہی ۔

Minister of Law : The only difficulty is that papers are not with me.

Mr. Speaker : Let us take it at a later stage.

ORDINANCE :

THE WEST PAKISTAN PRESS AND PUBLICATIONS ORDINANCE, 1963

(Resumption of discussion)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the motion that the Assembly do approve of the West Pakistan Press and Publications Ordinance, 1963.

Minister of Law : I would like to make a request. As this is very important and the members in this House have said a lot on it, I would request that I will be needing at least 45 minutes to wind up the entire debate.

Mr. Speaker : Alright. Chaudhri Muhammad Ibrahim.

چودھری محمد ابراھیم (سیالکوٹ-۳) - صاحب صدر - اس آرڈیننس میں سب سے بڑی خامی یہ ھے کہ یہ آرڈیننس ھے - عام قانون جو اس معزز ایوان کے سامنے پیش کیا جاتا ھے اس کو اتنے مرحلوں سے گذرنا پڑتا ھے کہ اس کی ساری نوک پلک درست ھو جاتی ھے جو خامیاں ھوتی ھیں انہیں حزب اقتدار اور حزب اختلاف دونوں اپنے اپنے نقطہ نظر سے درست کر دیتے ھیں پھر وہ صحیح معنوں میں قانون بنتا ھے - مگر آرڈیننس کے دو پہلو ھوتے ھیں اس کو منظور کیا جائے یا اس کو نا منظور کر دیا جائے لیکن اس میں ترمیم کی کوئی گنجائش نہیں ھوگی - اور یہی سب سے بڑی خامی اس قانون میں ھے جو گورنمنٹ نے اس ھاؤس میں رکھا ھے -

اس آرڈیننس سے میں جہاں تک سمجھ سکا ھوں مقصود یہ ھے کہ پاکستان کے اندر ایک آمریت کا تخت بچھایا جائے ھر شخص کی زبان بند کر دی جائے - اس آرڈیننس میں جیسا کہ میں نے عرض کیا ھے کہ وہ ساری خامیاں موجود ھیں - کیا اچھا ھوتا کہ اس سلسلے میں جو قوانین تھے ان ھی میں کوئی ترمیم کر لیجاتی -

صاحب صدر - میں آپ کے سامنے انگریز کے وقت کے پریس قوانین کے متعلق ایک دو سیکشن پیش کرنا چاھتا ھوں - انگریز نے اپنی امپیریلزم کو قائم رکھنے کے لئے اتنی گنجائش دے رکھی تھی جسے تنقید کی دلیل کہا جا سکتا ھے وہ یہ ساری تنقید کی صورتیں چھین چکے ھیں - مثال کے طور پر ۱۲۴ اے Pakistan Penal Code کا جو سیکشن ھے وہ اس طرح ھے -

"Whoever by words, either spoken or written, or by signs, or by visible representation, or otherwise, brings or attempts to bring into hatred or contempt or excites or attempts to excite disaffection towards, Her Majesty ..... or the Government established by law in the Provinces and the Capital of Federation, shall be punished with transportation for life or any shorter term, to which fine may be added, or with imprisonment which may extend to three years, to which fine may be added, or with fine."

یہ بڑا سخت گیر قانون تھا لیکن یہ گنجائش Explanation میں دی گئی تھی -

"Comments expressing disapprobation of the measures of the Government with a view to obtain their alteration by lawful means, without exciting or attempting to excite hatred, contempt or disaffection, do not constitute an offence under this section."

یعنی جائز تنقید کا حق یہاں بھی تسلیم کیا گیا ہے - اگرچہ وہ ایک Imperialist حکومت تھی اور اس کو سخت قوانین کی ضرورت تھی اس سلسلے میں ایک Explanation کے تحت کہا گیا ہے -

"Comments expressing disapporbation of the administrative or other action of the Government without exciting or attempting to excite hatred, contempt or disaffection, do not constitute an offence under this section."

اس سلسلے میں ایک اور سیکشن ۵۳ اے ہے اس کے الفاظ یہ ہیں -

"Whoever by words, either spoken or written, or by signs, or by visible representation, or otherwise, promotes or attempts to promot feelings of enmity or hatred between different classes of Her Majesty's subjects, shall be punished with imprisonment which may extend to two years, or with fine or with both."

اس سیکشن کے ساتھ بھی ایک Explanation دیا گیا ہے جس میں جائز تنقید کے حق کو تسلیم کیا گیا ہے -

"It does not amount to an offence with the meaning of this section to point out, without malicious intention and with an honest view to their removal, matters which are producing or have a tendency to produce, feelings of enmity or hatred between different classes of Her Majesty's subjects."

یہ آخری سکیشن ۵۰۵ ہے جس کے الفاظ یہ ہیں -

"Whoever makes, publishes or circulates any statement, rumour or report:—

(a) with intent to cause, or which is likely to cause, any officer, soldier, sailor or airman in the Army, Navy, or Air Force of Her Majesty x x x or in the Imperial Service Troops to mutiny or otherwise disregard or fail in his duty as such ; or

b with intent to cause, or which likely to cause, fear or alarm to the public or to any section of the public whereby any person may be induced to commit an offence against the State or against the public tranquillity ; or

(c) with intent to incite, or which is likely to incite, any class or community of persons to commit any offence against any other class or community, shall be punished with imprisonment which may extend to two years, or with fine, or with both."

یہاں بھی ایک کلاز اس کے ساتھ لگا دیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے ۔

"It does not amount to an offence, within the meaning of this section, when the person making, publishing or circulating any such statement, rumour or report has reasonable grounds for believing that such statement, rumour or report is true and makes, publishes or circulates it without any such intent as aforesaid."

صاحب صدر ۔ ان جابرانہ قوانین کے ہوتے ہوئے مطلق ضرورت نہ تھی کہ ان میں مزید اضافہ کیا جائے لیکن چونکہ ان میں کچھ ایسی کلاز موجود تھیں جو اس آمریت کی راہ میں جسے یہاں قائم کرنا مقصود ہے کچھ رکاوٹیں نظر آتی تھیں ۔ میرے نزدیک اس آرڈیننس کے ذریعے ان رکاوٹوں کو دور کرنا مقصود ہے ۔

ویسے اظہار رائے کی آزادی ان بنیادی حقوق میں سے ہے جو تمام دنیا کی مہذب سلطنتوں نے قبول کر لی ہے اور ان میں تقریر و تحریر کے ذریعہ جائز تنقید کے حق کو تسلیم کر لیا گیا ہے لیکن سوال یہ ہے کہ جہاں ان گندگیوں اور بد اعمالیوں کی پردہ پوشی مقصود ہو جس کا اظہار اس ایوان میں آئے دن ہوتا رہتا ہے اس کے لئے اسبات کی ضرورت تھی کہ ان سارے دروازوں کو بند کر دیا جائے تا کہ کسی راستے سے ان بد اعمالیوں کی اصلاح کا کوئی امکان باقی نہ رہے ۔ ظاہر ہے کہ جو طبقہ یا جو افراد اپنی اصلاح سے بالکل غافل ہو چکے ہوں یا سمجھتے ہوں کہ اصلاح کی کوئی ضرورت نہیں ہے اور جو اپنی اس روش پر قائم ہوں جو انہوں نے اپنے سامنے رکھ لی ہے ۔ اس کے لئے ہر تحفظ کی ضرورت ہوتی ہے ۔ یہ جو کہا گیا ہے کہ The greatest lesson of history is that nobody learns history's lessons. تاریخ کا سب سے بڑا سبق یہ ہے کہ تاریخ سے کوئی سبق نہیں لیتا ۔ اگر حکومت اپنے سے پہلے دور کی جو اس ملک میں حکومتیں تھیں ان سے کوئی سبق یا عبرت لینا نہیں چاہتی تو یہ سن لے کہ اس متشددانہ

قانون سے نہ وہ اپنی حفاظت کر سکے گی نہ یہ قانون کسی ملکی مفاد کی حفاظت کر سکتے ہیں ۔ تاریخ کا یہ بہت بڑا سبق ہے اور کیا ہی اچھا ہو کہ ہماری حکومت اس سے عبرت حاصل کرے ۔ میں اس سلسلے میں برطانیہ کی مثال پیش کرنا چاہتا ہوں وہاں جنگ کے دوران میں بھی وہ پابندی عائد نہیں کی گئی تھی جو کہ موجودہ حکومت نارمل حالات میں عائد کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں ڈیلی ہیرلڈ کے ایڈیٹوریل کا اقتباس پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ تا کہ آپ محسوس کریں کہ جنگ کے زمانے میں جب بڑے شدید Emergent حالات ہوتے ہیں ان لوگوں کو وہ آزادی تھی جو آج یہاں امن اور نارمل حالات میں پاکستان میں آزادی چھینی جا رہی ہے ۔ مسٹر فرانسس ولیم ایڈیٹر ''ڈیلی ہیرلڈ'' کہتے ہیں ۔

"What was achieved during the war was not achieved without many struggles against obsurantism and against the tendency perhaps natural and perhaps inevitable....."

یہ الفاظ بڑے قابل غور ہیں یہ جو رجحان ہے وزرا کا of ministers to identify themselves with the state. یعنی اپنی ذات کو ریاست بنا لیتے ہیں یہ ٹھیک نہیں ہے ۔ جیسے فرانس کے ایک شہنشاہ Louis نے کہا تھا '' I am the state '' کچھ اسی قسم کا ادعا ہماری وزارت کر رہی ہے ۔

".....natural and perhaps inevitable tendency of Ministers to identify themselves with the State and to wish to invoke the powers of the State to guard themselves against criticism and promote their own points of view."

درحقیقت یہ جو حالات ہمارے سامنے ہیں ان میں کسی اور تشدد کی ضرورت نہیں تھی ۔ اگر یہ لوگ ایسا کر رہے ہیں تو ان مقاصد سے کوئی ملک کی خدمت نہیں ۔ کوئی ملت کا نفع نہیں بلکہ ان کے سامنے اپنی ذات کا تحفظ ہے یہ جو تحفظ ہے یہ بڑا ہی کمزور سہارا ہے جس سے نہ ہماری پہلی حکومتوں کو کوئی سہارا مل سکا ہے اور نہ انہیں مل سکتا ہے ۔ اظہار رائے پر پابندیاں جو مختلف اوقات میں عاید ہوتی رہی

ھیں اگر ذرا ان پر غور کیا جائے تو ھم دیکھیں گے کہ ان کے خلاف جد و جہد پچھلے زمانے میں بھی ھوتی رھی ھے لیکن جہاں تک اسلام کا تعلق ھے اسلام نے ھر مسلمان پر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا ایک فریضہ عائد کیا جس سے کوئی فرد بھی غافل نہیں ھو سکتا ۔ قران کریم نے فرمایا ھے ۔

کنتم خیر امتہ اخرجت لناس تا مرون با لمعروف و تنھون عن المنکر و تومنون با للہ ۔

تم بہترین امت کس لحاظ سے ھو ۔

تا مر ون بالمعروف و تنھون عن المنکر و تومنون با للہ

تم بدی سے روکتے ھو اور بھلائی کا حکم دیتے ھو اور اللہ پر ایمان رکھتے ھو ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب والا ۔ ایک معزز ممبر اس ایوان میں سو رھے ھیں اگر ان کو جگانا مناسب ھو تو جگا دیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ کونسے ممبر ھیں ؟

رائے منصب علی خان کھرل ۔ اب تو میرا خیال ھے وہ جاگ گئے ھیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آرڈر نہیں ھے ۔

چودھری محمد ابراھیم ۔ سو نہیں رھے تھے سوچ رھے تھے ۔ تو میں یہ عرض کر رھا تھا کہ یہ بالکل اسی طرح کا فرض ھے جس طرح روزہ، نماز، حج ۔ اس کا مطلب کچھ اور نہیں کہ جو چیز ایک آدمی کے ضمیر میں کھٹکتی ھو اس سے وہ اپنے بھائی کو روکے ۔ در حقیقت یہ اس کے ساتھ اس کی خیر خواھی کا تقاضہ ھے ۔ فاروق اعظم کے زمانے کا ایک واقعہ

ھے کہ کسی شخص نے ان کے سامنے ایک معاملے میں بڑی شدت سے ان پر نکتہ چینی کی ۔ حضرت فاروق اعظم پر ۔ وھاں ایک دوسرے صاحب تھے انہوں نے کہا کہ یہ وقار Prestige کے خلاف ھے Prestige کا لفظ بقول شخصے Doubtful parentage رکھتا ھے یہ ایسا غلط استعمال ھورھا ھے اور اس کو ایسے غلط معنی پہنا دئیے گئے ھیں جس سے گھن آتی ھے اور اس سے ھر شخص کو نفرت ھونی چاھئے ۔ در حقیقت Prestige کا وقار کیا ھے یہ کہ لوگوں کے دلوں میں آپ کی عزت قائم ھو یہ نہیں کہ آپ ڈنڈے کے زور سے اپنا وقار قائم کرائیں آپ کے منہ پر لوگ سلام کہیں اور باھر نکل کر گالیاں دیں ۔ ھاں تو صاحب صدر ۔ فاروق اعظم کا واقعہ میں عرض کر رھا تھا کہ کسی نے ان کی ذات پر شدید نکتہ چینی کی ۔ ایک صاحب پاس تھے انہوں نے کہا کہ یہ امیرالمومنین ھیں نہ چاھئے کہ اس طرح ایک آدمی ان سے مخاطب ھو ۔ حضرت فاروق اعظم کا جواب جو انہوں نے دیا وہ آب زر سے لکھنے کے قابل ھے ۔ انہوں نے فرمایا کہ اگر یہ لوگ ایسی باتیں نہ کریں تو ان میں کوئی خوبی نہیں ھے اور اگر ھم ایسی باتیں ان کی نہ سنیں تو ھم میں کوئی خوبی نہیں ۔ (حزب مخالف کی طرف سے آوازیں ھیئر ۔ ھیئر) اسی طرح عین خطبے کی حالت میں ایک بڑھیا اٹھتی ھے اور فاروق اعظم پر اعتراض کر دیتی ھے ۔ فاروق اعظم نے صرف اس کو سنا ھی نہیں بلکہ اس کو قبول کر لیتے ھیں اور پوری مملکت کی پالیسی کی بنیاد اس پر رکھی جاتی ھے ۔ اس بڑھیا نے یہی کہا تھا کہ آپ کا کیا حق ھے کہ ایسی پابندی لگائیں ۔ وہ ایک پابندی حق مہر سے متعلق لگانا چاھتے تھے یعنی یہ کہ حق مہر کی ایک حد مقرر کر دی جائے ۔ بڑھیا نے اعتراض کیا تو انہوں نے اپنا فیصلہ واپس لے لیا اور پوری مملکت میں پالیسی کے طور پر اسے نافذ کر دیا ۔ ھاں تو میں عرض کر رھا تھا کہ در حقیقت جب تک یہ اصول قائم رھا اس وقت تک اس سلطنت کو استحکام رھا جب اس اصول میں کچھ ذرا سی لچک آنے لگی تو اسی وقت وہ لوگ آ گئے جنہوں نے نہ صرف اپنی عاقبت خراب کی بلکہ بنی امیہ اور ان کے

بعد وہ فرما روا آئے جنہوں نے لوگوں کی گردنوں پر سوار ہو کر ان پر اپنے عقائد مسلط کئے ۔ ان کی زبانیں بند کیں ۔ لوگوں کو اظہار رائے کی جو آزادی ہونی چاہئے تھی وہ نہ رہی ۔ ان پر تشدد کیا گیا نہ صرف یہ کہ انہوں نے اپنی ذات کے لئے ایک بہت بڑا خسارہ کیا بلکہ ملک و ملت کو بھی ایک غلط راستے پہ ڈال دیا ۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ اس موجودہ حکومت کو ان غلط تدبیروں سے بچنے کے لئے ان کی خیر خواہی میں یہ عرض کروں کہ یہ جو موجودہ آرڈیننس ہے اس کو ختم کر دیں اور صرف وہی قانون جو انگریزوں نے اپنی Imperialist حکومت کے استحکام کے لئے بنا رکھا تھا اسی پر انحصار رکھیں ان کی اپنی ذات کے علاوہ جو دوسرا بھی مفاد ہے اس کی حفاظت کے لئے بھی کافی ہے ۔

Mr. Speaker : Mr. Kirmani.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : I was assured by Your Honour that I would be the last speaker.

Mr. Speaker : Khawaja Sahib, would be the last speaker.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : There are certain Independents also. They have a separate identity.

خواجہ محمد صفدر ۔ اگر وہ بولنا چاہتے ہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ۔

میجر سلطان احمد خان (ہزارہ ۔ ۳) ۔ صاحب صدر ۔ پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈیننس کا اس ایوان میں ۔ تاریخ کے ایک ایسے مرحلے پر پیش کرنا جب کہ ترقی پسند اور با شعور دنیا آسمانوں سے ٹکراؤ کر رہی ہے ایک بڑا شرمناک اور بڑا خطرناک واقعہ ہے ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) جناب والا ۔ ایسے قدم اٹھانے والوں کے ارادے ہم ہی نہیں اس قوم کے جانور بھی سمجھ چکے ہیں ۔ بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ مومن شاید یہ سمجھتے ہیں کہ وہ ایسے اقدامات سے اس اندھے کی طرح Secure ہو جائیں گے کہ جو حرکت کرتے ہوئے سمجھتا ہے کہ مجھے کوئی نہیں دیکھتا لیکن یہ

اس کی بد نصیبی ہے کہ اس کی ہر حرکت ہر وقت دنیا کے ہر کونے میں دیکھی جا سکتی ہے ۔ یہ ہے اصل ارادہ اور وہ ارادہ محض ذاتی اغراض کے لئے ہے قومی اغراض کے لئے نہیں ۔ اس ایوان میں ملک قادر بخش جیسے ایک پرانے رجعت پسندوں کے تابع دار نے ایک جواز پیش کیا کہ مصر میں ناصر نے پریس کو نیشنلائز تک کر دیا ہے ۔ یہ جناب والا ۔ کتنا مضحکہ خیز اعلان ہے ۔ ناصر نے ۲۰۰ سال کی غلامی کی زنجیریں کاٹ کر پھینکیں ۔ یہ لوگ آج اس قوم کو زنجیروں میں جکڑنے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ ناصر اور ان میں یہ فرق ہے ۔ اس قسم کے حوالے یہاں دینا ان کی زبانی مناسب نہیں ۔ جناب والا ۔ ان کی حرکتوں کے ہم تو عادی ہو چکے ہیں ۔ یہ قوم بھی عادی ہو چکی ہے ۔ مانا کہ قوم اس وقت کافی حد تک بےحس ہے۔ لیکن آخر تاریخ اس مرحلہ تک پہنچا ہی دیتی ہے۔ اور اس میں جو خدشات پیدا ہوتے ہیں ان میں کسی کو جان یا ذات سے کسی کو کوئی وابستگی نہیں نہ کسی کو کوئی افسوس ہوگا خواہ ان کو کوئی اشارہ بھی کرے لیکن ان کی یہ حرکات اس قوم کو عظیم خطرہ میں ڈال رہی ہیں اور وہ عظیم خطرات اس وقت ہر محب وطن کو نظر آئینگے کیونکہ ہر چار پانچ روز کے بعد ایک نیا اور بے تکا اور بے معنی اور وطن شکن اور قوم کے خلاف جو قانون لایا جاتا ہے ان سے لازمی بات ہے کہ قوم میں انتشار پیدا ہوگا اور انتشار اگر اس سٹیج پر پہنچ گیا تو خطرہ ہے کہ یہ مملکت مٹ نہ جائے۔ اس کا جواز نہیں ہوگا کہ وہ ایسے ہاتھوں سے مٹے جو اس کے - - - - - - - - -

وزیر ریلوے ۔ خدا کرے آپ کی نظر بد نہ لگے ۔

میجر سلطان احمد خان ۔ وہ ایسے ہاتھوں سے جو اس کی idealogy کے خلاف تھے ۔ جو اس کی بنیاد کے خلاف تھے اور جو اس کی ترقی کے راستے میں پچھلے نو سال سے - - - - - - - - -

Mr. Speaker : The member should say something about the specific provisions of the ordinance.

خواجہ محمد صفدر - ابھی تو جناب تمہید ہے -

میجر سلطان احمد خان - جیسا کہ میں عرض کر رہا تھا کہ ایسا طبقہ اس وقت بر سر اقتدار ہے جس کا نصب العین صرف ذاتی اغراض ہے اور وہ ذاتی اغراض کو پورا کرنے کے لئے چونکہ وہ نا اہل بھی ہے - اور اس قوم کا نمائندہ بھی نہیں - ہر تیسرے روز خاص کر یہ پریس آرڈیننس انہیں اغراض کے لئے لایا جا رہا ہے - جو ان کے ذہن میں ڈالا گیا ہے اور جو کچھ عمل سیکھ چکے ہیں لیکن کیا میں یہ پوچھ سکتا ہوں کہ قوم کو اندھیرے میں ڈال کر یہ قوم کی ترقی کرنا چاہتے ہیں - ایسی حرکتوں میں جناب کامیاب کوئی نہیں ہوا لیکن اس قوم کو مفلوج کرنا خواہ یہ زندہ رہیں یا مر جائیں - یہ ایک بہت بڑا گناہ ہوگا - میں اب بھی ان سے درخواست کروں گا کہ اگر یہ اپنی حرکتوں سے باز آ جائیں تو ملک کو شاید قدرت بچا لے گی شاید یہ خود بھی بچ جائیں -

جناب والا - میں مناسب سمجھتا ہوں کہ پریس کی ذمہ داریوں کی طرف بھی رجوع کروں - پچھلے دو تین ماہ سے جب اس قسم کے اقدامات اس ملک میں ہونے شروع ہوئے پریس کا رویہ بھی بڑا شرم ناک رہا ہے - (ان میں چند ایک بڑے اچھے لوگ بھی ہیں) اگر وہ چاہتے ہیں کہ اس ملک میں جمہوریت بحال ہو - اور انسانی حقوق بحال ہوں اور آزادی طبیعت ہو - ان کو بھی قربانی دینی چاہئے تھی تو مجھے یقین ہے اگر وہ ڈٹ کر دو تین روز قربانی دے جاتے تو - - - - -

Mr. Speaker : No incitement.

Major Sultan Ahmed Khan : This is no incitement. We intend to do it ourselves.

Minister of Railways: This is an incitement and condemnation of the press also.

ہوئے تم دوست جس کے دشمن اس کا آسماں کیوں ہو -

Major Sultan Ahmed Khan : I am condemning them very much Sir.

Syed Safi-ud-Din : Sir if it is incitement it isn't against the law.

Mr. Speaker : No speech should incite the Press or any body. The member may please take his seat.

Syed Safi-ud-Din : If it does incite any body, it isn't against the law.

Minister of Railways : It will be irrelevant.

Mr. Speaker : But that is not the parliamentary practice.

مسٹر حمیداللہ خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - میجر سلطان سے پوچھنا چاھتا ھوں ..... *

(قطع کلامیاں اور شور)

مسٹر سپیکر - آپ تشریف رکھیں - یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے - (شور) روکڑی صاحب آپ تشریف رکھیں - (قطع کلامیاں اور شور) روکڑی صاحب آپ تشریف رکھیں -

Mr. Speaker : The member should take his seat. The remarks made by Mr. Rokhri should be expunged.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - اس قسم کے رویے کے خلاف میں سخت احتجاج کرتا ھوں - جناب والا - میرے دوست مسٹر حمیداللہ خان روکڑی جن حرکات و سکنات کا مظاھرہ کر رھے ھیں میں جناب اس قسم کے رویے کے خلاف سخت احتجاج کرتا ھوں - آپ ان کو پوائنٹ آؤٹ کریں کہ ایسی حرکات نہیں کرنی چاھئے اور ان کو اپنے الفاظ withdraw کرنے چاھئے -

مسٹر سپیکر - میں نے ان الفاظ کو expunge کرا دیا ہے -

میجر سلطان احمد خان - (جناب آپ نے اس معاملہ کو ختم ھی کر دیا ہے ورنہ میں حمید اللہ روکڑی اور ان کے بزرگوں کو - - - - - -

*Expunged as ordered by the Speaker.

Mr. Speaker : No remarks about that. The member may proceed with his speech.

مسٹر حمیداللہ خان - میں تو غدار ہوں -

(اس مرحلے پر مسٹر حمیداللہ خان بولتے ہوئے ایوان سے باہر چلے گئے) -

میجر سلطان احمد خان - دیکھئے جناب وہ تو کہہ رہے ہیں کہ میں تو غدار ہوں -

Mr. Speaker : The member should please address the chair.

میجر سلطان احمد خان - صاحب صدر - اس آرڈیننس کے وجود میں آنے کے بعد اگر اس آرڈیننس پر سنجیدگی سے نظر ڈالیں تو اس ملک کی خبروں کا کیا حشر ہو چکا ہے - میں نہیں سمجھتا کہ اس میں قوم کی یا حکومت کی کس جزو کی بہتری ہو سکے گی - اس دن میری بد نصیبی کہ ان کی سرکاری لیگ کی میٹنگ ہو یا بیسک ڈیموکریسی کی ہو یا کسی اور قسم کی ہو میں ایسی خبروں کو (یہ نہیں کہ میں کوئی Perverted آدمی ہوں) نہیں پڑھا کرتا - لیکن یہ خبر دیکھ کر بڑا افسوس ہوا جب میں نے اس ہیڈنگ کو دیکھا - Lord Denning Praises B.D. شکر ہے اللہ کا کہ اس کی وضاحت نوابزادہ افتخار احمد صاحب اور میرے فاضل دوست نے - - - - - - - - -

Mr. Speaker : That has nothing to do with the Press and Publications Ordinance.

میجر سلطان احمد خان - جناب والا - میں عرض کر رہا تھا کہ اس آرڈیننس کی وجہ سے پریس کا کیا حشر ہوگا - یہاں ایوان میں جو انکشاف کیا گیا وہ یہ تھا کہ اس ملک میں آکر یہ بھی اعلان کیا ہے - کہ آئین اور اس کے قوانین قوموں کی خاطر کتنی بہتر چیزیں ہوتی ہیں - بلکہ اس نے کسی انگلستان کے بادشاہ کا بھی حوالہ دیا ہے کہ اس کے خلاف بھی کیس چلایا جا سکتا ہے -

جناب والا ۔ Lord Denning Praises B.D. ہیڈنگ تھا باقی خبر تھی ۔ جناب والا ۔ یہ اقدامات جیسا کہ ابھی مولوی ابراہیم صاحب نے فرمایا ہے کسی کو کسی کامیابی کے راستے پر کبھی نہیں لے جا سکتے ۔ شخصیتیں حال ہی میں یعنی دو چار سال میں قسم کی اپنی ذاتوں کو تباہ کر بیٹھی ہیں لیکن ساتھ ہی ساتھ انہوں نے ملک کو بھی تباہ کر دیا ہے ۔ میں ان سے درخواست کروں گا کہ اگر آپ پڑھے لکھے ہوئے نہیں ہیں اگر آپ باشعور نہیں تو دنیاوی واقعات کو ہی سن لیا کریں ۔ اس قسم کی حرکتیں کسی کو ترقی کی راہ پر گامزن نہیں کر سکتیں ۔ آخر میں جناب ایک لفظ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (ارباب محمد افضل خان) ۔ ان کو مینٹل ہسپتال بھیج دیا جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آرڈر ۔ آرڈر ۔

میجر سلطان احمد خان ۔ آخر میں یہ احساس دلانا چاہتا ہوں ۔ اس ایوان کو کہ چاہئے تو یہ تھا کہ ان کے آگے اپنی سب گذارشات پیش کریں لیکن اس طبقہ کا رویہ ۔ ان کے اختیارات ۔ ان کا کردار اور ان کی یہاں (بحیثیت ماسوائے چند ایک کے) عام طور پر اس ایوان میں کوششیں کہ اس قسم کے رویہ اختیار کئے جائیں جس کے متعلق صرف یہ عرض کروں گا ۔

نہ دیا نشان منزل مجھے اے حکیم تو نے
مجھے کیا گلہ ہو تجھ سے تو نہ رہ نشین نہ راہی

مسٹر سلطان محمد اعوان ۔ جناب والا ۔ جو کچھ میجر سلطان صاحب فرما رہے ہیں ہم نہیں سمجھ سکے ۔ اس لئے ایک علیحدہ آپ کمنٹیٹر کوئی بٹھا دیں کہ جو یہ تقریر کریں ہمیں سمجھا سکے ۔

مسٹر سپیکر - آپ تشریف رکھیں -

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری سلطان محمود) - جناب والا - پریس زمانہ حال کی بہت بڑی طاقت ہے جسے تعمیر اور تخریب ہر دو کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے - میں اپنے قومی پریس کا بہت احترام کرتا ہوں - وہ محب وطن ہیں اور ان کی کارکردگی کا معیار - - - - - -

Syed Safi-ud-Din : Point of order Sir. I want to be clear in my mind about two things. First when you.....

Minister of Railways : Sir a point of order is not raised for clearing the mind. If there is any breach of rules, he should point out.

Mr. Speaker : Is there any breach of rules?

Syed Safi-ud-Din : In a way, Sir.

Mr. Speaker : Not in a way but direct.

Syed Safi-ud-Din : I am trying to tell you how it is.

Syed Safi-ud-Din : Sir, you asked Major Sultan that he was trying to incite the Press and he should not do so. I want to be cleared on this point that if we make these people aware of the indignities that they are suffering or if we remind them about their responsibilities and rights then it would not be an incitement. But even if it did amount to incitement then incitement as such is not against the law. We are perfectly within our right to incite the Press to bring to their notice the indignities that they are being subjected to and that is not against the law.

Mr. Speaker : Incitement cannot be allowed in order to keep the decorum of the House.

Syed Safi-ud Din : Mr. Speaker an inciting speech has nothing to do with the decorum of the House.

Mr. Speaker : Definitely it has.

Syed Safi-ud-Din : Then I want to be enlightened on another point.

When Major Sultan was speaking he was interrupted by Mr. Rokhari and he said to the Major that he was a "ghaddar". If "ghaddar" is an unparliamentary word then he should have been asked to withdraw it but he has not been asked to do so. My submission is that if he has not been asked to withdraw that word then we will also be within our right to make the word "ghaddar" applicable to the Ministers.

Mr. Speaker : I have already said that those words should be expunged and should not form part of the proceedings.

Syed Safi-ud-Din : That means, in future, if we use the word "ghaddar" in reference to other members and Ministers.....

Mr. Speaker : I will not allow.

Syed Safi-ud-Din : ...then that will also be expunged from the proceedings and we will not be asked to withdraw.

Mr. Speaker : I say I have got those words expunged from the proceedings.

مسٹر حمزہ ۔ On a point of Order Sir.

جناب سپیکر ۔ صبح میں نے بعض کلمات ایک پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کے بارے میں عرض کئے تھے ۔ ان کو آپ نے expunge کر دیا اور اس کے ساتھ ہی آپ نے مجھے ان کو واپس لینے کا حکم دیا ۔ میں نے آپ کے حکم کی تعمیل کی اور وہ الفاظ واپس لے لئے ۔ لیکن آپ کی رولنگ سے ظاہر ہوتا ہے کہ حمزہ کے لئے ایک رولنگ اور روکڑی صاحب کے لئے دوسری رولنگ ہوتی ہے ۔ (حکومت کی بنچوں کی طرف سے شور) ۔

مسٹر سپیکر ۔ ہر ممبر خواہ وہ آپوزیشن کا ہو یا Majority Party کا Chair کے لئے سب ایک جیسے ہیں ۔

Minister of Railways : No aspersions on the Chair.

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری سلطان محمود) ۔ جناب والا ۔ میں یہ کہہ رہا تھا کہ مجھے اپنے قومی پریس کا بہت زیادہ احترام ہے ۔ وہ محب وطن بھی ہیں اور عام طور پر اس کی کارکردگی کا معیار بھی بہت بلند ہے ۔

جناب والا ۔ آپ مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ ان تمام خوبیوں کے باوجود پریس والے بھی ہماری طرح انسان ہیں ۔ اور انسان میں خیر و شر نیکی اور بدی ۔ تعمیر اور تخریب ہر دو موجود ہیں ۔

یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

(ایک آواز ۔ آپ تو نوری ہیں)

Syed Safi-ud-Din : I am again on a point of order. My point of order is in connection with the word 'incitement'.

Mr. Speaker : I have already heard the member on that point. He should please take his seat.

Syed Safi-ud-Din : Then I will quote the particular rule and I would like to have your ruling whether the making of an inciting speech is against the rule or law.

Minister of Law : I would like to reply to this point because it is definitely an offence.

Syed Safi-ud-Din : Sir, let me first quote the relevant rule and after that the Law Minister can give a reply if he so desires.

Rule 143 of the Rules of Procedure says.

"148 (1). The subject matter of every speech shall be strictly relevant to the matter before the Assembly.

(2) A Member while speaking shall not —

(i) refer to any matter which is subjudice in a court of law in any part of Pakistan;

(ii) make any remarks which reflect upon the personal conduct of the President, a Judge of the Supreme Court or a Judge of a High Court ;

(iii) make a personal charge against a Member, Minister or the holder of a public office, except in so far as it may be strictly necessary in regard to the subject matter before the Assembly.

(iv) make any statement which amounts to reason;

(v) make any statement which is defamatory of any other person unless it is essential for the purposes of the matter before the Assembly;

(vi) make use of offensive, abusive or vulgur expression; or.....

Like the one the number has made.

"(vii) use his right of freedom to speak for the purpose of wilfully and persistently obstructing the business of the Assembly."

I submit that when Major Sultan was making his speech it was said that he was making in inciting speech but it was never covered by the rules. He was within his right to make these gentlemen aware of their responsibilities and their rights and to point out to them the indignities that they were suffering.

Mr. Speaker : An inciting speech is an offence and cannot be allowed under the rules.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : You have not applied your mind to what has been said by the gentleman.

Mr. Speaker : I have thoroughly applied my mind to that.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Then it is an interesting ruling.

چودھری سلطان محمود- ہر اچھی حکومت کا فرض ہے کہ ایسا اہتمام کرے (قطع کلامیاں و شور)

Mr. Speaker : No interruptions.

جناب والا ۔ تعمیر کیلئے انسانی قوتوں کے استعمال کا اہتمام ہر اچھی حکومت کا فرض ہے ۔ اور یہ اسی صورت میں ممکن ہو سکتا ہے جب ایسی قانونی رکاوٹیں رکھی جائیں کہ انسان شر سے باز رہے ۔

جناب والا ۔ تعزیرات پاکستان ایسی رکاوٹوں سے بھری پڑی ہے ۔ جو عام شہریوں کو سیدھے راستے پر رکھنے میں ممد ثابت ہوتی ہیں ۔

موجودہ پریس آرڈیننس میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ پریس کی بے پناہ قوت کو ملکی مفاد اور ملکی بہبود کیلئے استعمال کرنے کے زیادہ سے زیادہ مواقع مہیا کئے جائیں ۔

جناب والا ۔ پریس کی قوت گذشتہ ماہ ہم سب دیکھ چکے ہیں ۔ ان غائبانہ جنازوں میں ہم میں سے کئی شریک ہوئے ہونگے ۔ جو ان تین طالبعلموں کے سلسلے میں پڑھے گئے جو خدا کے فضل و کرم سے اب تک بقید حیات ہیں ۔ ایک چھوٹی سی غیر ذمہ دارانہ خبر چھپنے سے تمام ملک میں تہلکہ مچ گیا ۔ اگر وہ خبر نہ چھپتی تو شاید لائلپور اور دوسرے مقامات کے واقعات جن کا ذکر ہر روز کسی نہ کسی سلسلے میں اس ہاؤس میں آتا ہے ، ظہور پذیر نہ ہوتے ۔

Mr. Speaker. The Member may make his last point.

Ch. Sultan Mahmood. I will not take much time Sir.

جناب والا ۔ آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے ۔ لیکن مادر پدر آزاد قسم کی آزادی ملک ۔ قوم اور ہر متعلقہ شخص کے لئے ایک لعنت ہے ۔ کوئی حکومت اور کوئی مذہب اس قسم کی اجازت نہیں دے سکتے ۔

جہاں تک ہمارے پریس کا تعلق ہے ۔ یہ آزاد رہے گا ۔ اگر کوئی پابندی لگائی گئی ہے تو وہ صرف مادر پدر آزاد قسم کی آزادیوں پر لگائی گئی ہے ۔

جناب والا ۔ بعض معزز ممبر صاحبان نے موجودہ قانون کو انگلستان کی کسوٹی پر پرکھنے کی کوشش کی ہے ۔ انگلستان کی آب و ہوا ہی ہم سے مختلف نہیں بلکہ اس کے حالات بھی مختلف ہیں اور قومی مسائل حل کرنے میں ہمارے اور ان کے طریقے بھی مختلف ہیں ۔ ہم نے انگلستان کی جمہوریت کو اپنایا اس کو ہم دیکھ چکے ہیں اور ہم سب کو معلوم ہے کہ اس میں ہم کس بری طرح سے ناکام رہے ہیں ۔

بیگم جہاں آرا شاہنواز ۔ Question

چودھری سلطان محمود ۔ انگلینڈ کی تقلید ہمیں راس نہیں آتی ۔

سید احمد سعید کرمانی ۔ اس بلغمی مزاج کو گرمی ہی راس ہے ۔

چودھری سلطان محمود ۔ ایک اعتراض یہ کیا گیا ہے کہ تادیبی کارروائی کے بارے میں قانون کی تبدیلی کر دی گئی ہے ۔ جو پریس کے لئے مضر ہوگی ۔ حکومت نے تادیبی کارروائی کرنے کا اختیار ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور ڈسٹرکٹ جج سے لیکر گورنمنٹ کو سونپ دیا گیا ہے ۔ آپ مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ دراصل جب کسی کے خلاف کوئی تادیبی کارروائی کرنی ہی ہو تو پھر اگر جلدی کارروائی نہ کی جائے تو اصل

مقصد فوت ہو جاتا ہے - پہلے قانون میں مشورہ وغیرہ سے تادیبی کارروائی میں اکثر زیادہ تاخیر ہو جاتی تھی - یہ کام اب زیادہ ذمہ دار ہاتھوں میں دے دیا گیا ہے تاکہ کسی تادیبی کارروائی کی ضرورت ہو تو اس پر جلدی ایکشن لیا جا سکے - دوسرا اعتراض ٹریبونل کے متعلق تھا - جناب والا - پہلے ہائی کورٹ کو اپیل کا اختیار تھا - اب یہ ٹریبونل کے سپرد کر دیا ہے - اس میں ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ کا ایک ریٹائرڈ جج چیئر مین ہو گا - ریٹائر ہو جانے سے اس کی صلاحیتیں ختم نہیں ہو جاتیں - (قطع کلامیاں)۔

مسٹر سپیکر - کرمانی صاحب - میرا خیال ہے کہ آپ تقریر کر رہے ہوں تو اس طرح کی interruption آپ پسند نہیں کریں گے -

چودھری سلطان محمود - اس ٹریبونل کا ممبر ایک پریس کا نمائندہ ہو گا جسے صحافیوں کی فہرست سے چیئرمین چنے گا - اور یہ فہرست پریس والوں کی نمائندہ جماعت تجویز کریگی - کیا اس سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ اس قانون میں پہلے قانون سے زیادہ improvement کی گئی ہے - ٹریبونل میں یہ نمائندہ پریس کے حقوق کی حفاظت کر سکے گا - اور اس کے نقطہ نظر کی وضاحت کر سکے گا -

جناب والا - یہ بھی کہا گیا ہے کہ موجودہ قانون کے ذریعہ اسمبلی کی کارروائی سے وہ ریمارکس جو expunge کئے گئے ہوں شائع نہیں ہو سکتے - میں پوچھتا ہوں اس میں کیا برائی ہے - اگر کوئی غیر معقول ریمارکس expunge ہو گئے ہوں تو انہیں واقعی نہیں چھپنا چاہئے - یہی بہتر ہے کہ صرف اسمبلی کی معقول باتیں ہی شائع ہوں تاکہ اسمبلی کا وقار بڑھے - دوسرا اعتراض یہ ہے کہ اگر مسٹر سپیکر کسی کی تقریر کا

کوئی حصہ کارروائی سے حذف کر دیں تو وہ شائع نہ ہو گا ۔ اس ہاؤس کے معزز ممبران کو ہاؤس میں کی ہوئی تقریروں کے سلسلے میں قانونی تحفظ حاصل ہے ۔ اگر کسی ممبر کی تقریر سے کسی فرقہ وارانہ بات کو ہوا دی جا سکے یا اس سے عوام میں فساد پیدا ہونے کا اندیشہ ہو یا فساد پر اکسایا جا سکے تو یقیناً آپ یہ پسند نہیں کریں گے کہ ایسی تقریر کو عوام تک پہنچایا جا سکے ۔ یہ مناسب نہیں ہے کہ ہم خود قانونی گرفت سے محفوظ رہ کر عوام کے جذبات ابھار کر ان کو مصیبت میں ڈالیں ۔

جناب والا ۔ ہمیں اس معزز ہاؤس کو شر یا انتشار پھیلانے کے لئے پلیٹ فارم کے طور پر استعمال ہوتا دیکھنا نہیں چاہئے ۔

آخر میں میں یہ عرض کرونگا کہ پریس والے جن کے خلاف یہ قانون استعمال ہو سکتا ہے ۔ اس کے مخالف نہیں ہیں بلکہ عام طور پر مطمئن ہیں ۔ اس لئے میں گذارش کروں گا کہ اس قانون کو منظور کیا جائے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی (لائل پور ۔ ۷) ۔ صاحب صدر ۔ اس وقت صحافت سے متعلق جو آرڈیننس اس ایوان میں پیش ہوا ہے اس کے متعلق تقریر کرنے سے پہلے یہ موزوں ہوگا کہ میں اس ملک اور اس بر صغیر کے نامور صحافی مولانا ظفر علی خان کی اس نظم کا ایک شعر عرض کروں جو انہوں نے اس وقت کہی تھی جب یہاں غیر ملکی حکمران تھے اور جب پریس پر پے در پے پابندیاں عائد ہو رہی تھیں ۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ ــــ

دل ضبط، جگر ضبط، زبان ضبط، فغان ضبط!

سب سوز نہاں ضبط ہے سب ساز عیاں ضبط!!

جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ پریس آرڈیننس بڑے خوبصورت الفاظ میں پیش کیا گیا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ انگریز کے چلے جانے کے بعد بھی ایک Ruling Class مختلف طریقوں سے پرورش کی جا رہی ہے اس کا منشایہ ہے کہ زندگی کے ہر شعبہ میں ایسے قدغن اور ایسی پابندیاں ہوں اور ایسے پہرے بٹھا دئے جائیں جن سے صرف اس Ruling Class کو ہی سانس لینے کا موقع ملے ۔ تاہم کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو اس رجحان کے باوجود حق کی بات کہتے ۔ مثلاً تین چار روز ہوئے پاکستان لیگل سنٹر کی ایک اہم محفل میں مغربی پاکستان ہائی کورٹ کے سابق جسٹس اور موجودہ آئین پاکستان کے بڑی حد تک مصنف مسٹر منظور قادر نے اپنی تقریر میں کہا کہ

> قران نے ہمیں جو قانون دیا ہے وہ زندگی کے ہر شعبہ میں ہمارے مسائل کا حل پیش کرتا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ کوئی شخص بھی جو حقائق اور اسباب کو مد نظر رکھ کر فیصلہ کرتا ہے ۔ اسلامی قوانین سے ہٹ کر فیصلہ نہیں کر سکتا ۔
>
> (روزنامہ مشرق ۔ ۹ دسمبر ۱۹۶۳)

جناب والا۔انسانی آرڈیننسوں کی بھرمار کے اس دور میں کسی معاملہ پر گفتگو کرتے وقت اپنے استدلال کی بنیاد خدائی فرمان یعنی قرآن کی تعلیم پر رکھنا اگرچہ ان لوگوں کو کبھی پسند نہیں ہوتا جو روزگار سفلہ پرور کی چشم کرم سے فیضیاب ہونا اپنی چند روزہ حیات مستعار کا منتہا سمجھتے ہیں لیکن جس کی نظر دین پر ہو وہ ان کو

کسان وقت کی ژاژخائی کی پروا نہیں کر سکتا ۔ علامہ اقبال فرماتے ھیں ۔

زفہم دوں نہاداں گرچہ دور است
ولے این نکتہ را گفتن ضرور است

بہ ایں نوزادہ ابلیساں نسازد
گنہگارے کہ طبع او غیور است

اس لئے جناب صدر ۔ پریس آرڈیننس کے بارے میں میں اپنی گذارشات کی بنیاد دین محکم کے مستقل اصولوں پر ھی رکھنا چاھتا ھوں ۔ سب سے پہلے یہ گذارش کروں گا کہ دین سے مراد زندگی کا نظام ھے اور اسلام کو جو ''الدین،، کہا گیا ھے تو اس سے یہ تخصیص کی گئی ھے کہ صحیح معنوں میں اسلام کے سوا اور کوئی نظام زندگی کے تقاضوں پر پورا نہیں اترتا ۔ ''ان الدین عنداللہ الاسلام'' یعنی اللہ کے نزدیک تو نظام حیات صرف اسلام ھی ھے گویا جس نظام کے مطابق ھمیں اپنی زندگی ڈھالنا ھے وہ اسلام ھی ھے۔ ھمارے ناقص لاء ڈیپارٹمنٹ کے وضع کردہ آرڈیننس نہیں ھیں۔

اسلام کا دعویٰ یہ ھے ۔ ''الدین یسر،، ۔ یعنی دین میں آسانی ھے اس میں خوامخواہ مشکلات پیدا نہیں کی جانی چاھئیں ۔ اور ''لا اکراہ فی الدین،، ۔ یعنی دین میں کوئی جبر نہیں ھے ۔ نظام حیات کو جبر کے ساتھ مقید نہیں کیا جانا چاھئے ۔ اور پھر قرآن پاک میں یہ بھی ھے ۔ کہ خدا تعالی کے ارشادات، قران کی آیات پر بھی اندھوں اور بہروں کی طرح نہ گر پڑو بلکہ جو کچھ تمہارے سامنے آتا ھے ۔ اس پر غور کر کے فہم و تدبر سے کام لو ۔ لہذا ھمارے سامنے جو کچھ آتا ھے ۔ وہ فرامین ھوں یا قانون ھو ۔ یا ھنگامی قانون ھو ۔ ھمیں اس پر سوچنا پڑتا ھے ۔ اب اس آرڈیننس کے بعد یہ لازم آئیگا ۔ کہ ھر اخبار کا ایڈیٹر ، ھر مصنف اور ھر مفکر اپنی خداداد فکر و بصیرت کو اٹھا

کر طاق نسیاں میں رکھ دے ۔ اور لاء ڈیپارٹمنٹ کے بے یقین و کم سواد بزرجمہروں اور مجبور فقیہوں کی وضع کردہ پابندیوں کے تحت سوچے ۔ یعنی اپنے دل و دماغ کی بجائے ان بزرگوں کی عقل کرم داد کے ساتھ سوچے ۔ جن کی بے فکری کے کرشمے آئے دن دیکھنے میں آتے ہیں ۔ اس آرڈیننس کا صاف مطلب یہ ہے ۔ کہ حکومت اس ملک کے اخبار نویسوں صحافیوں اور اہل قلم لوگوں کو بلا تخصیص مشکوک اور مشتبہ سمجھتی ہے ۔ اور ان کی پاکستان اور اسلام سے وفاداری پر شک کرتی ہے ۔

چنیں دور آسماں کم دیدہ باشد کہ جبریل امیں را دل خرا شد
چہ خوش دیرے بنا کردند آنجا پرستد مومن و کافر تراشد

صاحب صدر ۔ میں اس معزز ایوان کی توجہ U.N.O کے سیکرٹری جنرل اوتھانٹ کی اس تاکید کی طرف دلاتا ہوں ۔ جو انہوں نے ۱۰ دسمبر کو انسانی حقوق کے ایام مناتے ہوئے کی ہے ۔ اس میں انہوں نے ظلم اور جبر کے متعلق دنیا کے تمام ممالک کو تاکید کی ہے ۔ کہ ہر ملک جبر کے خلاف جنگ لڑے ۔ اور پاکستان بھی اس تنظیم کا ایک ممبر ہے ۔ لیکن یہاں اگر میں اس نہایت ہی واضح حقیقت کی طرف توجہ دلاؤں ۔ کہ اس دور میں یہاں ایک عظیم اکثریت مسلمانوں کی ایسی ہے ۔ جو مسلمانوں کی ہی ایک اقل قلیل اقلیت کے ظلم وجور کے ہاتھوں زندگی کی تمام خوشگواریوں سے محروم ہے ۔ اور عدل و انصاف اس اقلیت کے ہاتھوں میں ہے ۔ کہ جو شاہین کے سے تیز پنجے رکھتی ہے ۔ اور اور وہ عظیم اکثریت کنجشک فرومایہ سے بھی کم حیثیت اختیار کر چکی ہے ۔ اور انہیں انصاف اور زندگی کی خوشگواریاں میسر نہیں ۔ ستم ظریفی یہ ہے ۔ کہ یہ غالب اقلیت اوز مغلوب اکثریت دونوں ایک ہی ملت کا حصہ ہیں ۔ اور ایک ہی اخوت کے دعویدار ہیں ۔ اب اگر علامہ اقبال مرحوم کے پیغام کو عام کرنے کے لئے اسی اکثریت والی کنجشک فرومایہ

کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کی کوشش کی جائے۔ اور اس کوشش میں اخبار اور کتب سے مدد لی جائے۔ تو غالب اقلیت کے یہ شاہیں صاحبان اپنا پریس آرڈیننس اور دوسرے نادر شاہی حربے استعمال کرینگے ۔ چنانچہ اس آرڈیننس کو وہ اسی مقصد کے لئے لائے ہیں ۔

میں صاحب صدر کی وساطت سے وزراء صاحبان کی توجہ خاص طور پر اس طرف دلانا چاہتا ہوں کہ اگر آپ مغرب کے مدبروں کو ہی مانتے ہیں ۔ اگرچہ ہمارے ایک پارلیمینٹری سیکرٹری صاحب نے اس بات پر برا منایا ہے ۔ کہ آپ ہر معاملے میں اہل مغرب کا ہی یہاں کیوں حوالہ دیتے ہیں ۔ تو اس لئے میں نے اسکے جواب میں قرآن پیش کیا ہے ۔ لیکن جو لوگ ابھی تک مغرب کی تقلید کو بہتر سمجھتے ہوں ۔ ان کو میں سموئیل ڈاسن کی کتاب "Freedom of Press" کا حوالہ دیتا ہوں ۔ اس میں یہ لکھا ہوا ہے کہ ۔

"Modern democracy could not exist under the old rules-'the great the truth the greater the libel.' It would cease to function were the proceedings of the legislatures and the courts guarded from public knowledge. It would be a farce were the people denied the right of criticism and fair comment on the acts of their officials."

دوسری جگہ سے ایک چھوٹا سا اقتباس اور عرض کر دوں یہ ایک مشہور سیاست دان کا پیش لفظ ہے ۔ اس میں سے عرض کر رہا ہوں کہ

"The heart of the doctrine of qualified privilege is the right of the people of a free nation to have published for their information what their rulers - their public officials - are doing, whether in their legislatures, in the courts or while acting in any other public and official capacity. Since the publication of newspapers began, the press had been the only adequate avenue of public information regarding such official acts. The people themselves have insisted upon the right to this information and the refusal or reluctance of the governing officials to concede it led to the long struggle for this most essential form of freedom of the press."

لیکن یہاں مصیبت یہ ہے ۔ کہ کسی کو اسلامی قوانین کی پروا ہے ۔ اور نہ خود ساختہ مغربی اماموں کی ۔ وہ آن سب باتوں پر اپنی اغراض کو مقدم رکھتے ہیں ۔

وزیر ریلوے - کچھ پریس آرڈیننس کے متعلق بھی ارشاد فرمائیے -

امیر حبیب اللہ خان سغدی - یہ اسی کے متعلق ہے اب میں آخری گذارش کر کے ختم کرتا ہوں - کہ اسلامی قوانین اور مغربی مفکروں کے مقابلے میں یہاں نادر شاہی فرامین کو مقدم سمجھا جا رہا ہے - اور اس قسم کے آمرانہ ہنگامی قوانین نافذ کرنے کو پاکستان کی بڑی رہنمائی اور خدمت تصور کیا جا رہا ہے اس لئے میں اپنی تقریر علامہ اقبال ہی کی دعا پر ختم کرتا ہوں - کہ بار آلہا -

نگاہ تو عتاب آلود تا چند
بتان حاضر و موجود تا چند
دریں بت خانہ اولاد ابراہیم
نمک پروردہ نمرود تا چند ؟

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : May I remind the Leader of the Opposition that two days back his commitment was that his Ordinance will be finally voted upon and the other Ordinance relating to the Loud Speakers will be taken up. I hope he remembers it and I am sure he will abide by his commitment.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - پیشتر اس کے کہ میں اپنی تقریر کا آغاز کروں - میں وزیر قانون صاحب کی خدمت میں گذارش کروں گا - کہ یہ وعدہ نہیں کیا گیا تھا - کہ اس آرڈیننس کو لازمی طور پر آج ختم کر دیا جائیگا - بلکہ یہ وعدہ گیا تھا - کہ اس آرڈیننس کو جلد از جلد ختم کرنے کے لئے تحاریک التوا کو ملتوی کر دیا جائیگا - میں نے اپنی وہ شرائط پوری کر دی ہیں - اور جیسا کہ مشاہدہ ہوا ہے - میرے دیگر احباب بھی ایسے ہیں - جو اس پر تقریر کرنا چاہتے ہیں - تو میں حیران ہوں - کہ آپ کیوں اتنی جلدی کر رہے ہیں -

مسٹر سپیکر - جہاں تک مجھے یاد ہے - کل تو یہ طے ہوا تھا - کہ ہم آج اس آرڈیننس کو ختم کر دیں گے - ممکن ہے مجھے اسے سمجھنے میں غلطی ہوئی ہو - لیکن مجھے یہ impression ہے - کہ فیصلہ یہ ہوا تھا - کہ اسے آج ختم کر دیں گے (قطع کلامیاں) بہر حال آپ تقریر جاری رکھیں -

خواجہ محمد صفدر - پوزیشن یہ تھی - کہ ہم اسے جلد ختم کر دیں - بہر حال . . . .

جناب والا - پیشتر اس کے کہ میں اس آرڈیننس کے متن کے متعلق اپنی گذارشات اس معزز ایوان کے سامنے پیش کروں - میں ضروری سمجھتا ہوں - کہ مختصر طور پر نہایت مختصر طور پر اپنے آن اعتراضات کو دہرا دوں .....

Minister of Railways (Mr. Abdul Waheed Khan) We propose to move closure after his speech so that the Minister concerned may wind up.

Mr. Speaker : Mr. Kirmani was anxious to speak.

Minister of Railways : I am more anxious to speak but I have given up the idea.

خواجہ محمد صفدر - تین وزراء صاحبان اس بات پر anxious ہیں کہ اس کو ختم کیا جائے - تو میں بند کر کے باہر چلا جاتا ہوں -

Mr. Speaker : Let Khawaja Sahib continue.

Mr. Taj Muhammad Khanzada ; Sir we will pass the next ordinance without argument, but this must not be shelved for time's sake.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ میں وہ اعتراضات جو اس آرڈیننس کے خلاف ہیں ان کو مختصراً اپنی گذارشات کے ساتھ دہرانا چاہتا ہوں تا کہ آنے والی نسلیں جب اس ریکارڈ کو دیکھیں تو یہ نہ کہیں کہ ہم نے پریس آرڈیننس پر اعتراضات نہیں کئے -

جناب والا ۔ مختصراً یہ کہ یہ انتہائی اہم قانون ہے جس نے اس صوبے میں انتہائی دور رس نتائج پیدا کئے ہیں ۔ چاہئے تو یہ تھا کہ اسے ایوان کے سامنے بل کی صورت میں پیش کیا جاتا لیکن افسوس صد افسوس کہ اس ایوان سے وہ اختیارات چھین لئے گئے ہیں جن کے لئے یہ معرض وجود میں آیا تھا ۔

جناب والا ۔ ۹۷(۲) کے متعلق میں گذارش کرونگا کہ اس ایوان کو بالکل یہ اختیار نہیں کہ اس آرڈیننس میں اگر کوئی غلطی ہو یا سقم ہو تو اسے رفع کر دے اور یہ اعتراض میری تقریر کا ایک لازمی اور ضروری جزو ہے ۔ لیکن اس کے ساتھ ہی میں ان غلطیوں کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں جو اس آرڈیننس میں موجود ہیں اور جن کے متعلق لا منسٹر صاحب بھی مجبور ہیں اور ہم بھی مجبور ہیں کہ ہم اعتراض نہیں کر سکتے ۔ پرنٹنگ کی غلطیوں کو چھوڑتے ہوئے یعنی کہیں ''I،، غائب ہے کہیں ''U،، غائب ہے کہیں ''A،، غائب ہے میں لامنسٹر کی توجہ کلاز ۱۳ کی طرف دلاتا ہوں اس میں لکھا ہوا ہے ۔

"The duplicate originals of the declaration authenticated under section 12 shall be deposited on each, in the office of the District Magistrate..."

یہ میرے پاس اصل نوٹیفیکشن ہے اور اسمبلی کی طرف سے جو شائع ہوا ہے اس میں بھی on each ہے جسے one each ہونا چاہئے ۔

وزیر ریلوے ۔ یہ Printing mistake ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ Printing mistake نہیں ہے اگر یہ پرنٹنگ mistake ہے تو آگے چلئے اور کلاز ۲۴ نکالئے اس کا Explanation یہ ہے ۔

"A word, sign or visible representation shall be deemed to be intended for blackmail within the meaning of clause (f) if it is designed directly or indirectly to export any valuable thing..."

There is no such word 'export'. This is 'extort'.

تو جناب والا ۔ ہم بھی مجبور ہیں اور آپ بھی مجبور ہیں کہ Export کی بجائے Extort ہونا چاہئے لیکن ہم نہیں کر سکتے ۔ on کی جگہ one ہونا چاہئے

لیکن یہ بھی نہیں کر سکتے - اور آپ بھی نہیں کر سکتے - اور اس قسم کی ترمیم پر بھی پابندی ہے -

Minister of Railways : Question.

Khawaja Muhammad Safdar : You will find it is correct later on when you think over it.

جناب والا - اس مختصر سی تمہید کے بعد میں اصل موضوع پر آتا ہوں میں اپنی گذارشات کا آغاز ایک اقتباس سے کرونگا میں ہاتھ میں "Press in Pakistan" ایک کتاب ہے اس کے صفحہ ۲۵ پر یہ اقتباس ہے -

"I have, for my own part, always advocated the liberty of the Press, believing its benefit to out-weigh its mischiefs ; and I continue of the same opinion.

"Admitting that liberty of the Press, like other liberties of the subject, may be suspended when the safety of the State requires such a sacrifice, I cannot, as a consequence, acknowledge that the present instance ought to be made an exception to the usual practice of the Government ; for if there were danger to the State, either way, there would be more, I should think, in suppressing the publication of opinions, than in keeping the valve open, by which bad humorous (humour ?) might evaporate. To prevent men from thinking and feeling is impossible ; and I believe it to be wiser to let them give vent to their temporary anger, in anonymous letters in the newspapers, the writers of which letters remain unknown, than to make that anger permanent by forcing them to smother it within their own breasts, ever ready to burst out."

سید احمد سعید کرمانی - یہ کس نے کہا ہے ؟

خواجہ محمد صفدر - ابھی عرض کرتا ہوں - - - - شاید میرے دوستوں کی اکثریت انگریزی نہ سمجھ سکے اس لئے میں اردو میں کہتا ہوں - جناب والا - میرے محترم دوست جناب کرمانی صاحب نے پوچھا ہے کہ یہ اقتباس کہاں سے لیا ہے میں ان کو اور تمام معزز ممبران اسمبلی کو یقین دلاتا ہوں کہ یہ اقتباس کسی پاک و ہند کی تقریر کا اقتباس نہیں ہے جس کے ذریعہ پریس کی آزادی کے لئے جد و جہد جاری رکھی گئی تھی یا پولیٹیکل سائنس کے مصنفین کی کتاب کا اقتباس نہیں ہے جنہوں نے عالمانہ طریقہ پر پریس کی آزادی کا پرچار کیا ہو - یہ کسی مغربی ملک کے اس شخص کی تقریر کا اقتباس نہیں ہے جو اپنے ملک میں پریس کی آزادی کا خواہاں ہو - جناب والا - آج سے ۱۴۰ سال پہلے اس ملک میں ایک

شخص اپنے زمانے کی گورنر جنرل کی کونسل کا رکن تھا اس نے اپنے ایک نوٹ میں گورنر جنرل کو یہ الفاظ لکھ کر بھیجے تھے اور اس شخص کا نام Sir Charles Metcalf ہے ۔ یہ اس زمانے کی بات ہے جب کہ اس ملک میں استعماریت قائم ہو رہی تھی یہ اس زمانے کی بات ہے جب کہ انگریز اس ملک میں اپنی بد ترین شکل میں یعنی ایسٹ انڈیا کمپنی ہم پر جبر و استبداد روا رکھ رہی تھی ۔ یہ اس زمانے کی بات ہے جب کہ انگریز کی نظر میں اس ملک کے انسانوں کی حیثیت بھیڑ اور بکری سے کم تھی ۔ یہ اس زمانے کی بات ہے جب کہ ہندوستان اور پاکستان میں بسنے والوں کی نہ عزت محفوظ تھی نہ آبرو اور نہ جان و مال ۔ یہ اس زمانے کی بات ہے کہ جب انگریز اپنی استعمار پرستی کے علم یہاں گاڑ رہا تھا اور ہم مجبور و مقہور تھے اور غلام تھے اس وقت ایک استعمار پرست انگریز نے ہمیں یہ پیغام دیا ہمارے لئے یہ سوچا کہ پریس کی آزادی اس حد تک ہونی چاہئے لیکن آج جب کہ ۱۷ سال بیت چکے ہیں ہم آزاد ہیں ہمارے جو آج حاکم ہیں وہ ہمارے بھائی ہیں وہ اس ملک کے رہنے والے ہیں ہم ان کے محکوم اور غلام نہیں ہیں وہ کس ڈھنگ میں سوچ رہے ہیں وہ کس ڈھنگ میں پریس کے اس مسئلہ کے متعلق ہمارے لئے کیا وجہ پیش کر رہے ہیں وہ اس گزٹ نوٹیفیکیشن میں درج ہے ۔ اب جناب اس گزٹ نوٹیفیکیشن کو درست طور پر سمجھنے کے لئے میری رائے میں یہ نہایت ضروری ہے کہ ہم اس زمانے کے پریس قوانین کا مقابلہ ان پریس قوانین کے ساتھ کریں جس زمانے میں ایسٹ انڈیا کمپنی کا راج تھا ۔ اس بر صغیر ہندوستان میں یہ وہ زمانہ تھا کہ اس سے برا زمانہ کبھی ہندوستان میں نہیں آیا اور اس بد ترین زمانے میں ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارے ملک کے پریس قوانین کیا تھے اور ہمارا بہترین زمانہ جس میں کہ ہم کہتے ہیں کہ ہم آزاد ہیں اس کا مقابلہ کرنا چاہئے ۔ ۔ ۔ ۔ (قطع کلامی) ۔

وزیر زراعت ۔ (ملک قادر بخش) مولانہ ظفر علی خان کا جو اخبار زمیندار تھا اس کی بھی وضاحت انگریزی میں کرو ۔ (شور و قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : No interruptions, please.

خواجہ محمد صفدر- سر چارلس میٹکاف ۔۔۔ (قطع کلامیاں)

وزیر مال (خان بیر محمد خان) - کیا یہ وہی میٹکاف ہے جس نے پشاور میں سن ۲۳ میں گولی چلائی تھی - یہ ان کی تعریف کیوں ہو رہی ہے -

خواجہ محمد صفدر - جناب یہ تڑپ کیوں رہے ہیں ؟

Mr. Speaker : Order, please, order.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - سن ۱۸۱۸ء سے شروع ہوتا ہوں یہ وہ زمانہ ہے کہ اس سے پیشتر مختلف Presidency Towns میں مختلف پریس قوانین تھے - لارڈ ہیسٹنگز وہ مشہور استعمار پرست جس نے برطانوی استعمارکو اس ملک میں Consolidate کیا تو اس نے سب سے پہلے یہ کام کیا کہ اس نے ایک Consolidated مربوط پریس لا اس ملک نافذ کیا - وہ کیا تھا ؟ وہ صرف اس قدر تھا کہ درخواست دی جائے مطبع کے مالک کی طرف سے یا اخبار کے ایڈیٹر یا پرنٹر یا پبلیشر کی طرف سے نام پتہ وغیرہ اس میں درج ہو اور صرف اس میں تین پابندیاں تھیں اور وہ تین پابندیاں کیا تھیں جناب - پہلی پابندی یہ ہے کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز یا ایسٹ انڈیا کمپنی پر نکتہ چینی منع ہے - دوسری پابندی یہ تھی کہ کمپنی کے ملازمین کی نجی زندگی پر نکتہ چینی ممنوع ہے اور تیسری پابندی یہ تھی کہ کوئی ایسی بات جو مقامی آبادی میں بیزاری یا بد دلی کے جذبات پیدا کرے وہ نکتہ چینی منع ہے - ۱۸۱۸ سے اس قانون کو جیسا کہ میں نے کہا - میرے پاس اصل قانون موجود ہے اگر میرے دوست دیکھنا چاہیں تو دیکھ سکتے ہیں - مقابلہ ذرا اس سے تو کیجئے - کلاز ۲۴ میں ۱۵ پابندیاں ہیں اور کلاز ۲۲ میں ۴ اور پابندیاں ہیں - ان پابندیوں کا ان پابندیوں سے کیا مقابلہ - جناب والا - باوجود اس بات کے کہ اس قانون میں اس قدر قلیل پابندیاں تھیں لیکن اس زمانے کے پریس نے ان کے خلاف احتجاج کیا - (میرے دوست باہر چلے گئے خیر کوئی بات

نہیں) - تو پانچ سال کے بعد یعنی ۱۸۲۳ء میں ایک اور قانون اس ملک میں ایسٹ انڈیا کمپنی کی جانب سے نافذ ہوا - یہ قانون اپنی اہمیت کے لحاظ سے اپنی جگہ ہے اس قانون میں پہلی بار لائسنس سسٹم جاری کیا گیا - اس قانون کی تیرہ دفعات ہیں - ان میں سے موٹی موٹی دفعات یہ ہیں کہ اگر کسی شخص نے اخبار جاری کرنا ہو تو وہ ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کو یا میجسٹریٹ علاقہ کو اپنی درخواست دے اور وہ علاقہ میجسٹریٹ وہ درخواست Governor General in Council کے پاس بھیجے اور گورنر جنرل ان کونسل چاہے تو اس کو لائسنس جاری کر دے - اور چاہے تو نہ کرے اور اگر وہ چاہے تو وہ تیودیا شرائط کے ماتحت وہ لائسنس جاری کرے اور تیسری اہم دفعہ یہ ہے کہ جب گورنر جنرل ان کونسل پسند کرے تو کسی اخبار کا کسی مطبع کا لائسنس ضبط کر سکے - اب جناب والا - میرے دوست کہیں گے کہ یہ بڑا سخت قانون ہے - میرا یہ دعویٰ ہے کہ گو وہ قانون سخت تھا لیکن یہ اس سے بھی زیادہ سخت ہے - آپ اس کی دفعہ ۱۲ اور ۲۲ کو ملا کر پڑھ لیں - تین چیزیں جو میں نے عرض کی ہیں اور جو اس کے سخت ہونے کی دلالت کرتی ہیں وہ اس میں موجود ہیں - ۱۲/۲۲ اور ۲۴ میں ان کو دھراتا نہیں اور نہ مجھے ایسا کرنا چاہئے - صرف ایک فقرہ آپ کی خدمت میں اگر آپ چاہیں تو میں پیش کر دیتا ہوں - گورنمنٹ کو یہ اختیار ہے کہ دفعہ ۲۲ سب کلاز ۵ میں ہے کہ The publication of which is not for public good گورنمنٹ یہ فیصلہ کر سکتی ہے کہ مفاد عامہ میں اس کا جاری رہنا ٹھیک نہیں ہے یا اس کا شائع ہونا اور اس کو بند کیا جائے - یہ ہیں اس وقت گورنر جنرل ان کونسل کے اختیارات تھے کہ جس چیز کو چاہے جس کو مفاد عامہ کے خلاف سمجھے اس کو بند کر دے - انہوں نے لائسنس سسٹم کو دوہرا تہرہ کر کے مشکل تر کر دیا - وہاں یہ تھا کہ ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کے سامنے جو درخواست دی جائے اس میں نام پتہ وغیرہ صحیح درج ہو -

Minister of Law : (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Point of Order, Sir. The Leader of the Opposition is misquoting the Ordinance. The clause to which he has made a reference does not appear in Section 12 of the Ordinance. It has nothing to do with the cancellation of the declaration.

It appears at a place where the proceedings .....

Khawaja Muhammad Safdar : I have said Section 22 and not Section 12.

Minister of Law : ..... of the Assembly if not banned by the Speaker and published outside, the printer or the publisher cannot take protection under this excuse that the Speaker never banned them and therefore he is authorised to do so. For all intents and purposes this clause is there that a person who publishes any material which although not banned by the Speaker will do so at his peril and this will not serve as an excuse for any offence committed.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میرے محترم دوست کو بڑا موقع ملتا ہے - انہوں نے جواب دینا ہے افسوس یہ ہے کہ انہوں نے اس موشن کو پیش کرتے ہوئے ایوان کو اپنے زرین خیالات سے مطلع نہ کیا ورنہ شاید ہم ان کی اطلاع کے بعد ، ان کے خیالات سے مستفید ہونے کے بعد ، تنقید کا پہلو چھوڑ دیتے لیکن وہ میری تقریر کے دوران میں کھڑے ہو جاتے ہیں - تو جناب میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ۱۸۲۳ء کا قانون جب نافذ ہوا تو اس میں ایک اور کلاز بھی تھی کہ اور کوئی جرم اس کے ساتھ ہو تو میجسٹریٹ ان کی سماعت بھی کرے گا اور اس کی اپیل وغیرہ جو ہے وہ عام قانون کے مطابق ہوگی -

Minister of Law : Sir, it is ten minutes to 11'0 clock. Today is Friday and we cannot sit beyond 12.30 p.m. I had made a request to the Chair about the approximate time that I would take. May I request that question be now put because it is the third day.

خواجہ محمد صفدر - رول اور ضابطہ تو یہ ہے - جناب میں کہاں تک ان بوڑھے طوطوں کو پڑھاؤں سپیچ کے دوران میں Closure motion کی کوئی Suggestion نہیں ہو سکتی -

Minister of Railways : It can be made at any time.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں گذارش کروں گا کہ اگر میری تقریر پر وقت کی کوئی حدود یا قیود عائد ہوتی ہیں تو میں ابھی اسے بند کئے دیتا ہوں - میں دو گھنٹے سے کم اس موضوع پر گفتگو نہیں کروں گا -

Mr. Speaker : Please carry on.

Minister of Railways : You can carry on with your speech but the motion can be moved.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ سن ۱۸۲۳ء کے پریس آرڈیننس By the way وہ بھی آرڈیننس تھا - اس آرڈیننس میں ایک دفعہ یہ تھی کہ اگر کوئی شخص اس قانون کی خلاف ورزی کرے تو اس ضلعے کا میجسٹریٹ جس کی حدود میں وہ رہتا ہے وہ اس کا مقدمہ سنے گا اور اس کی اپیل عام قانون کے تحت ہوگی - وہ چیز اس قانون میں نہیں ہے - یعنی میرا یہ دعویٰ ہے کہ یہ قانون اس سے بد تر ہے - اس کی یہ بھی دلیل ہے کہ جو اپیل وغیرہ سننے کا حق عام عدالت کو حاصل ہے وہ بھی اس میں نہیں ہے - تو جناب والا - ہوا کیا اس زمانے میں - ایک شور اٹھا اور دور دور تک اس کی آواز سنائی دی - اس قانون میں یہ آرڈیننس جاری کرتے ہوئے گورنر جنرل نے یہ بات بھی اس زمانے کے لوگوں کو بتا دی کہ اگر اس قانون کے خلاف اس کے نفاذ کے خلاف کوئی اپیل کرنا چاہیں تو سپریم کورٹ میں اپیل کر سکتے ہیں -

اس وقت راجہ رام موہن رائے تھے ان کا ایک اخبار ''مراۃ الاخبار،، تھا - انہوں نے اس قانون کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل دائر کی - سپریم کورٹ میں جو انہوں نے اپیل دائر کی جناب والا - اس کے الفاظ آج بھی سنہری حروف میں لکھنے کے قابل ہیں - اس کا ایک پیرا ''ہندوستانی اخبار نویس'' میں جو درج ہے میں آپ کو سناتا ہوں - ہمارے حکمرانوں اسکو غور سے سنئے اس کتاب کے صفحہ ۱۷۹ پر وہ لکھتے ہیں

''ہر نیک دل حکمران جو فطرت انسانی کی خامیوں
کا قائل ہے اور اس دنیا کے ابدی حکمران کی عظمت کا
احترام کرتا ہے ۔ اس کو ایک عظیم الشان سلطنت کا
انتظام کرنے والوں سے غلطی سر زد ہو جانے کی فطری
اہلیت کا بھی ضرور احساس ہوتا ہے ۔ اور وہ اس بات
کے لئے مضطرب رہتا ہے کہ ہر فرد کو اس کے مواقع
حاصل ہوں کہ وہ فوراً ان معاملات کو اس کے علم
میں لا سکیں جن میں اس کی مداخلت ضروری ہے ۔ اس
اہم مقصد کے حصول کا واحد موثر ذریعہ یہی ہو سکتا
ہے کہ اشاعت کی لا انتہا آزادی عطا کی جائے'' ۔

اس اپیل کا کیا حشر ہوا ۔ جناب والا ۔ یہ اپیل مسترد کر دیگئی ۔ انہوں نے اس زمانے کے انگریز حکمرانوں کے سامنے یعنی پریوی کونسل کے سامنے اپیل کی وہ بھی مسترد ہوگئی ۔ اب اس کے سامنے دو راستے کھلے تھے ۔ ایک تو یہ کہ وہ قیود اور پابندیوں کے سامنے سر تسلیم خم کر دے اور ان قیود و پابندیوں پر عمل پیرا ہوتے ہوئے اپنے اخبار کا لائسنس حاصل کر لے ۔ دوسرا راستہ یہ تھا کہ وہ اپنے اخبار کو بند کر دے ۔ اس غیور انسان نے دوسرے راستے کو اختیار کیا اور اس نے اپنے اخبار کو جس کا نام ''مراۃ الاخبار'' تھا (جس کا میں نے پہلے ذکر کیا ہے) بند کر دیا ۔

جناب والا ۔ یہ انتہائی سخت قانون ایسے ہی نہیں رہا ۔ صرف راجہ رام موہن رائے نے اپنا اخبار بند نہیں کیا بلکہ کئی اور اخبارات نے اس کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اپنے آپ پر پابندیاں عائد کر لیں ۔ جہاں تک اس پر احتجاج ہوا اور لوگوں کی پر زور مخالفت کے بعد نتیجہ یہ ہوا کہ اس پر عملی طور پر صرف ایک سال تک عمل درآمد ہو سکا ۔ اس کے بعد اس زمانے کے گورنر جنرل Lord Amherst کو چند ایک اخبارات کے خلاف شکایت کی کہ یہ یہ اخبارات یہ یہ خلاف ورزی ۱۸۲۳ء کے قانون کی کر

رہے ھیں ۔ تو ان کا جواب بھی میرے خیال میں اگر اس معزز ایوان کے سامنے مختصراً سنا دیا جائے تو ان کے فائدے کے لئے ھوگا ۔

Mr. Speaker : Now Please come to the ordinance.

خواجہ محمد صفدر ۔ میں جناب آرڈیننس کا مقابلہ کر رہا ھوں ۔ میں نے پہلے ھی عرض کردیا ھے کہ ان تمام قوانین سے مقابلہ کروں گا جو ۱۸۶۷ تک اس ملک میں نافذ ھوئے ۔ اور یہ ثابت کرنے کی کوشش کروں گا کہ یہ ان سب سے سخت ترین قانون ھے اور اس کے خلاف جتنا بھی احتجاج کریں کم ھے ۔

جناب والا ۔ اس زمانے کے اخبارات نے ۱۸۲۳ کے قانون کی خلاف ورزی کی اور انگریز حکمرانوں نے یہ جانتے ھوتے کہ ھم نے سختی کی ھے اس پر کیا قدم اٹھایا ۔ اس کا ذکر The Indian Press by Margarita Barns کے صفحہ ۱۴۴ پر ھے ۔ جہاں وہ اپنے چیف سیکرٹری کو کس قدر شدت سے ملامت کرتی ھیں ۔ جنہوں نے لکھا تھا کہ اخبارات کے خلاف اقدام کیجئے اس کے متعلق وہ لکھتے ھیں ۔

"It appears to be very undesirable that the Government should frequently interpose its authority in matters relating to the periodical press or that casual and unimportant violations of the Rules and Orders to the editors of newspapers should be officially noticed..."

This is very important, Sir,

"It has, indeed, been the wish of the Government gradually to relax the actual application of those rules and to leave the Press practically under as little a restraint as might prove not seriously inconsistent with the maintenance of public interests."

تو جناب والا ۔ یہ ۱۸۲۵ء کا واقعہ ھے ۔ ۱۸۲۵ء میں ایک گورنر جنرل کے کیا خیالات تھے ۔ اب جناب والا ۔ میں اس کو ختم کرنے کی جلدی کوشش کرونگا

Mr. Speaker : Within ten minutes.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا میں تو کسی صورت میں بھی آج ختم نہیں کر سکتا ۔

مسٹر سپیکر - خواجه صاحب اس روز یہی فیصله هوا تها -

خواجه محمد صفدر - جناب والا - میں تو یا اپنی تقریر پوری کروں گا یا پھر تقریر چھوڑ دوں گا - ان دو میں سے جو بھی صورت آپ پسند کریں - کوئی limit ان تقاریر پر نہیں ہے -

مسٹر سپیکر - خواجه صاحب limitation کے متعلق میں عرض کرونگا که آپ کو معلوم ہے که آپ نے ساڑھے گیارہ بجے تقریر شروع کی تھی - limitation کا کوئی عذر نہیں کر رہے ہیں - ممبر صاحبان کو تقریر کرنے کے لئے آدھا گھنٹه بھی وقت دیا گیا ہے اور بیس بیس منٹ بھی دئے گئے ہیں - We are giving full latitude -

خواجه محمد صفدر - جناب والا - میں تو ایک ہ ی پوائنٹ پوری طرح آپ کے سامنے بیان کرونگا -

مسٹر سپیکر - لیکن یه under-standing تھی که اس کو جمعه کے روز ختم کر دیں گے اور لاؤڈ سپیکر والا آرڈیننس لے لیں گے -

خواجه محمد صفدر - جناب والا - اس کے متعلق میں آپ کی خدمت میں نہایت ادب کے ساتھ گذارش کروں گا که میں اس کے متعلق پہلے ھی عرض کر چکا ہوں که هم نے کہا تھا که هم اس کو expedite کرنے کے لئے ایڈجرنمنٹ موشنز چھوڑ دیں گے -

Minister of Law : Sir, let the loudspeaker and the tape recorder be allowed to work and kindly hear what you have said. It appears that we should put everything in writing.

خواجه محمد صفدر - پریس کو gag کیا جا رہا ہے کیا ہمیں gag کیا جا رہا ہے -

مسٹر سپیکر - gag کرنے کا سوال نہیں ہے -

That was a questi on of mutual understanding.

خواجہ محمد صفدر - ہماری mutual under-standing یہ تھی کہ اور ہم نے ایک گھنٹہ محض ان کی خاطر چھوڑا تھا اور وہ اس لئے چھوڑا تھا کہ ہمیں بحث کرنے کے لئے زیادہ وقت مل جائیگا - اس میں دو مقاصد تھے - ان کا مقصد تو پورا ہو جائیگا لیکن ہمارا وہیں رہے گا -

مسٹر سپیکر - سوال یہ ہے کہ under standing ریکارڈ کے مطابق تھی اگر آپ کہتے ہیں تو ہم ریکارڈ پیش کر سکتے ہیں -

Minister of Railways : Not only that he gave an assurance with regard to this Ordinance, but also with regard to Loudspeakers Ordinance.

Khawaja Muhammad Safdar : If possible.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : The present Ordinance is the most controvertial and the most important one. We can give an undertaking with regard to the consideration of other Ordinances that we will not consume much time. This is very important. It is in the interest and the good name of the Government. They should provide an opportunity to all the members who want to take part in the debate.

Minister of Law : Will the Leader of the Opposition agree that instead of 4 days reserved for the discussion on supplementary budget, we reserve two days: I mean out of 4 days reserved for discussion on supplementary budget, let us have it only for 2 days.

Mr. Speaker : Two days are for general discussion and 2 days for voting of demands.

Minister of Law : We may fix one day for general discussion and one day for voting of demands.

Khawaja Muhammad Safdar : No, Sir.

نہیں جناب اس کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا (قطع کلامیاں) -

Mr. Speaker : Order, order.

میاں محمد یاسین خان وٹو - جناب والا - اس سلسلے میں میں تھوڑا سا عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ یہ پریس آرڈیننس ہمارے سامنے ہے - یہ بہت اہم ہے - بلکہ controversial ہے - اس پر بہت سے حضرات اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہتے ہیں اور وقت کو بھی بہر صورت مدنظر

رکھنا ہے ۔ اس سلسلے میں گورنمنٹ بنچز سے اور آپوزیشن کے دوستوں سے بھی یہ عرض کروں گا کہ یہ مناسب ہوگا کہ اس پر بحث جاری رکھی جائے اور اگلے ہفتے کے دن یہ کیا جائے کہ ایک دو آرڈیننسز کو جو زیادہ اہم نہیں ہیں ان پر زیادہ وقت نہ لیا جائے اور یہ وقت جو ہم زیادہ لیں گے اس کی کمی کر اس طرف پورا کر دیں گے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ آپ اس پروگرام کو اسی طرح چلنے دیں ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم کسی موقع پر کسی قسم کی غیر ضروری بحث نہ کریں گے اور ان کے جو معاملات بھی ہیں ۔ انہیں جس طرح بھی وہ تجویز کرنا چاہتے ہیں ۔ ہماری طرف سے ان میں کوئی obstruction نہ ہوگی ۔ ویسے یہ تو ہمارا جائز حق ہے کہ ہم اپنی بات ان کے کانوں تک پہنچائیں ۔ تا کہ وہ بات ان کے کانوں تک پہنچ جائے ۔ میں ابھی اس چیز کا اعلان نہیں کرونگا ۔ یہ چیز ابھی میرے ذہن میں ہے اور میں نے study کی ہے ۔ اور اس کے متعلق میں نے اپنے دوستوں سے مشورہ کیا ہے ۔ دو چار آرڈیننس ایسے ہیں جن کے متعلق ہم شاید خود ان سے کہیں کہ ہم ان پر تقریریں نہ کریں گے ۔ یہ بھی ہو سکتا ہے ۔ لیکن اگر وہ یہ رویہ اختیار کریں گے تو وہ آرڈیننس بھی لمبے چلیں گے ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): If the Leader of the Opposition is in a mood to challenge and not work and not to extend cooperation we will be prepared to accept the challenge.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب قبول ہے ۔ میں تو چیلنج نہیں دے رہا تھا بلکہ یہ درخواست کر رہا تھا کہ اس آرڈیننس کی اہمیت کے پیش نظر اسے چلنے دیجئے ۔ اس طرف کے سمجھدار دوست بھی اس کی اہمیت سے واقف ہیں ۔ اگر یہ اصرار کرتے ہیں تو جناب میں یہ چیلنج قبول کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : There should be no challenge and no acceptance of the challenge. We should work in a cooperative mood and we should evolve a method of cooperation.

Mr. Taj Muhammad Khanzada : We are conscious of the insignificance of the Opposition and those sitting on this side. They need not emphasize it. But they will at least concede the freedom of speech to us.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ ۱۸۲۳ کے قانون کے تحت اسے ایک سال کیلئے مؤثر طور پر جاری رکھا گیا - اس کے بعد اس وقت کی حکومت نے اس کی سختی کے پیش نظر خود بخود پابندیاں کم کر دیں اور انہیں relax کر دیا -

جناب والا - اب میں اس شخص کے عہد حکومت کی طرف آتا ہوں جس کی تقریر کا اقتباس میں نے ابھی ابھی آپ کے سامنے پڑھا ہے - اس نے ۱۸۳۵ میں اس ملک کی عنان حکومت اپنے ہاتھ میں لی یعنی گورنر جنرل بنا - اس وقت لارڈ میکالے گورنر جنرل کی کونسل کے Law Member تھے - چنانچہ اس نے اپنے عہد حکومت میں لارڈ میکالے کے مشورے سے ایک قانون نافذ کیا جس کا نام ۱۸۳۵ء کا پریس ایکٹ ہے - یہ قانون جناب وہ قانون ہے جس کی وجہ سے میں آج بھی سرچارلس میٹکاف پر تحسین کے پھول نچھاور کرنے سے باز نہیں رہ سکتا - اس تاریک دور میں اس نے تمام پابندیاں ہٹاتے ہوئے صرف آٹھ کلازوں پر مشتمل ایک قانون نافذ کیا جس میں آپ کو معلوم ہے کیا تھا ؟ صرف Declaration صرف اقرار نامہ جو اخبار یا مطبع کی طرف سے ہوتا تھا - یہ اقرارنامہ مقامی میجسٹریٹ کی عدالت میں داخل کرنا ہوتا تھا - اس میں صرف نام اور پتہ وغیرہ ہوتے تھے - اس کے علاوہ اور کوئی پابندی نہ تھی - لائسنس وغیرہ کا تو سوال ہی نہ تھا - یعنی اگر حکومت چاہے تو لائسنس ہی نہ دے - یہ سسٹم ہی اڑا دیا گیا - صرف Declaration دینا تھا کہ میں اس محلے میں چھاپہ خانہ کھولتا ہوں -

بس - اس سے زیادہ کچھ نہ تھا - اس کے مقابلے میں یہ قانون پریس اور اخبارات کو جکڑنے کیلئے زنجیر در زنجیر اور در اصل زنجیروں کا ایک ایک لامتناهی سلسله هے - لہٰذا میں وزیر قانون کی خدمت میں عرض کرونگا کہ وہ ۱۸۳۵ء کا قانون نکالکر دیکھیں اور اس کا مقابله کریں - اس کے بعد وہ یقیناً میرے ساتھ اتفاق کرینگے کہ اس ایکٹ کا موجودہ قانون سے مقابله نہیں کیا جا سکتا - یہ حقیقت هے کہ انہوں نے زیادہ سے زیادہ آزادی دے رکھی تھی نہ پریس پر کوئی پابندی تھی اور نہ اخبارات پر — جیسے جی چاهتا وہ لکھتے - اور جیسا کہ میں نے اس اقتباس میں پڑھا هے - وہ کہتا تھا کہ اگر اخبارات کو آزادی دی جائے تو اس اقدام کے فائدوں کے مقابلے میں نقصان بہت کم هیں - لیکن اس کے برعکس همارے دوست کیا چاهتے هیں - وہ چاهتے هیں کہ پریس کے قانون اس طرح بنا کر اس ملک میں نافذ کئے جائیں جن سے پریس کی زبان کاٹ کر رکھ دی جائے - اور ایڈیٹر کے قلم کے پر توڑ دئے جائیں - (ایک آواز—قلم کے پر کاٹ دئے جائیں) (قہقہہ) جی هاں - آپ نے اس آرڈیننس کے پیش هونے کے بعد 'نوائے وقت' کا وہ کارٹون دیکھا هو گا جس میں قلم کے پر کتر دئے گئے هیں - میں اسی طرف اشارہ کر رها تھا -

جناب والا - یہ وہ زمانہ تھا جب اس ملک میں انگریز کی استعماریت تھی - آج میں اپنے دوستوں کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ هم اور آپ اسی ملک میں بسنے والے هیں - هم اور آپ ایک هی قوم سے تعلق رکھتے هیں - نہ هم آپ کے غلام هیں اور نہ آپ همارے آقا هیں ایک حکومت کا انتظام هے جس کی بنا پر آج اس ملک کی باگ ڈور آپ کے هاتھ میں هے - بات صرف اتنی هے - اس جورو استبداد - ان پابندیوں اور اس قدغن کا موقع هی کیا هے - اس قانون کا مقابله قطعاً موجودہ قانون سے نہیں کیا جا سکتا -

جناب والا - اب میں فوری طور پر ۱۸۵۷ تک آ جاتا هوں - اس کے بعد یہ اهم قانون ۱۸۵۷ء میں اس ملک میں رائج هوا - ۱۸۵۷ء کا وہ دور

تھا جب کہ اس ملک میں پہلی جنگ آزادی لڑی جا رہی تھی ۔ انگریز کے پاؤں اکھڑ چکے تھے اور اس نے دھلی پر دوبارہ قبضہ کرنے کے بعد اس ملک میں وہ ظلم و ستم ڈھائے کہ ان کے پڑھنے سے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں ۔ اسی ظلم و ستم کی ایک کڑی یہ بھی تھی کہ پریس کے قوانین کو یکسر بدل دیا گیا ۔ یعنی ۱۸۳۵ کا قانون تبدیل کیا گیا اور اس کی جگہ ۱۸۵۷ء کا آرڈیننس نافذ کیا گیا ۔ اس آرڈیننس میں وہ تمام پابندیاں تھیں جو ۱۸۲۳ کے ایکٹ میں پائی جاتی تھیں ۔ اور جن کا ذکر میں پہلے کر چکا ہوں ۔ اس لئے اب میں دھرانا نہیں چاہتا ۔ چنانچہ وہ پابندیاں عائد کی گئیں ۔ لیکن اس کے دوسرے باب میں سرچارلس میٹکاف کا ۱۸۳۵ء قانون بھی درج کیا گیا ۔ جو بہر صورت ایک مستبد قانون تھا ۔ لیکن اس کے تحت بھی عام عدالت ہی مقدمہ سنتی تھی ۔ اور دو سال قید اور پانچ ہزار روپے جرمانے کی سزا تھی ۔ اس قانون کے تحت سینکڑوں اخبارات کو جو دھلی اور لکھنو میں جاری ہوچکے تھے بند کر دیا گیا ۔ اور ان کے لائسینس یا اجازت نامے ممنوع کر دئے گئے ۔ لیکن جناب والا ۔ آپ کو معلوم ہے کہ وہ قانون کتنی دیر تک نافذ رہا ۔ اس میں لکھا تھا کہ یہ صرف ایک سال کیلئے ہے ۔ جناب وہ متشددانہ قانون ایک سال کیلئے جاری ہوا اور اس کے بعد اپنی طبعی موت مر گیا ۔

		1961-62	1962-63
1	2	3	4
	Rs.	Rs.	Rs.
1. Sukkur ..	30,705.83	17,896.20	15,529.74
2. Shikarpur ..	13,153.42	11,403.00	7,268.35
3. Larkana ..	11,082.11	19,465.70	9.407.21
4. Nawabshah ..	8,160.31	5,257.12	2,275.75
5. Khairpur ..	5,395.19	2,278.00	3,008.00
6. Hyderabad ..	18,639.72	7,497.94	8,691.19
7. Thatta ..	11,198.92	8,942.74	6,567,41
8. G. M. Barrage Area ..	2,648.75	1,855.75	..
9. Registan ..	1,211.75	793.45	1,261.00
10. Coastal ..	364.50	1,472.50	4,837.50
11. Kohistan Area Karachi	169.24	..	3,137.00
12 Silva. ..	..	843.49	84.37
Total ..	1,02,727.74	77,704.89	62,827.52

STATEMENT "B" SHOWING THE FIGURES OF FINES RECOVERED ON ACCOUNT OF ILLICIT GRAZING OF CATTLE IN THE FORESTS OF HYDERABAD REGION (FOREST DIVISION-WISE) FOR THE YEARS 1960-61, 1961-62 AND 1962-63

Name of Division	1960-61	Amount of grazig fines	
		1961-62	1962-63
	Rs.	Rs.	Rs.
1. Sukkur ..	3,580.78	4,138.36	1,118.32
2. Shikarpur ..	..	2,197.29	..
3. Larkana ..	..	..	838.23
4. Nawabshah ..	855.28	70.50	..
5. Khairpur ..	..	267.50	..
6. Hyderabad ..	990.18	302.50	1,186.90
7. Thatta ..	852.08	1,748.66	668.88
8. G. M. Barrage Area ..	..	..	..
9. Registan ..	..	50.00	..
10. Coastal ..	..	..	..
11. Kohistan, Karachi ..	..	..	..
12. Silviculture ..	..	..	..
Total : ..	6,278.32	8,774.72	3,61233

'GUZARA FOREST' ATTACHED TO THE MOSQUE IN VILLAGE NAJAF KHAN, TEHSIL MANSEHRA, DISTRICT HAZARA

*5070. **Maulana Ghulam Ghaus :** Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the total amount of income derived from 'Guzara Forest' attached to the mosque situated in village Najaf Khan, Tehsil Mansehra, District Hazara deposited in the Government Treasury;

(*b*) the amount, out of that mentioned in (*a*) above, actually spent on the maintenance of the said mosque and the amount lying unutilised ;

(*c*) whether it is a fact that the residents of the above-mentioned village have demanded that the unspent amount may be utilized for making arrangements for the supply of water, etc., if so, whether Government intend to accede to their request ; if not, reasons therefor ?

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : (*a*) No Guzara forest in village Sohal Najaf Khan, tehsil Mansehra, district Hazara is attached to the village mosque and thus the question of any income therefrom does not arise.

(*b*) & (*c*) Do not arise.

SMALL DAMS ORGANISATION DIVISION AT KOHAT

*5074. **Syed Haziq Ali Shah :** Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that some time ago a Small Dams Organisation Division was opened at Kohat for the survey of the workable schemes in the area ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the number of such schemes prepared by the said Organisation, along with their details an l estimated cost of each scheme ;

(*c*) whether work on any such scheme has been started ; if not, the time by which Government intend to start the work ?

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : (*a*) Yes.

(*b*) This division is presently engaged on the investigation of probable sites for dams. After this first step, geological sub-surface investigations would be undertaken.

(*c*) It is answered in (*b*) above.

RICE DEALERS

*5092. **Mr. Iftikhar Ahmad Khan :** Will the Minister of Food and Agriculture be pleased to state :—

(*a*) whether Government is aware of the fact that the facility provided to rice dealers of Gujranwala and Sheikhupura districts for selling 10 per cent of their stocks to the consumers of other districts is being misused by the dealers and black market is going on under this 10 per cent provision ;

(*b*) whether Government intend to ensure supply of such rice to all districts of the Province ?

وزیر خوراک و زراعت (ملک قادر بخش) : (الف) دس فیصد رعائیتی سکیم کے تحت واگزار کردہ چاول کی قیمتوں پر کوئی کنٹرول نہیں ہے -

(ب) دس فیصد رعائیتی سکیم کے تحت واگزار کردہ چاول کی تقسیم پر حکومت کی طرف سے کسی قسم کا انضباط نہیں ہے - چاول کے تاجروں کو مغربی پاکستان کے کسی بھی حصہ میں فروخت کرنے کا اختیار ہے -

---

NUMBER OF VETERINARY HOSPITALS IN TEHSIL NOWSHERA

*5155. **Mr. Nasrullah Khan Khattak :** Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the number of veterinary hospitals in Tehsil Nowshera of Peshawar Division alongwith the annual expenditure incurred by Government on these hospitals ;

(*b*) the number of animals treated in the said hospitals during the years 1962-63 and 1963-64 ?

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : (*a*) There are 5 Veterinary Hospitals and 3 Veterinary Dispensaries in Nowshera Tehsil. An expenditure of Rs. 27,125 was incurred on them during the year 1962-63 and Rs. 17,128 during 5 months of the current financial year.

(*b*) A statement showing the required information has been laid on the Table.

STATEMENT

	Rs.
No. of animals treated, castrated and supplied with medicine in 1962-63 ..	29,281
No. of animals and birds vaccinated against contagious diseases in 1962-63 ..	25,485
No. of animals treated, castrated and supplied with medicines from 1st July, 1963 to 30th November 1963 ..	15,570
No. of animals and birds vaccinated against contagious diseases from 1st July, 1963 to 30th November, 1963	32,225

BREEDING OF BULLS, OXEN, ETC., IN TEHSIL NOWSHERA

*5156. **Mr. Nasrullah Khan Khattak** : Will the Minister of Agriculture be pleased to state number of bulls, oxen, rams and cocks of superior breed-distributed in Tehsil Nowshera of Peshawar Division during the last five years for breeding purposes and whether the said distribution has yielded some encouraging results ?

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : Three Bulls were distributed to Ilaqa and 2 Bulls were stationed at Veterinary Hospital, Nowshera for breeding purposes. No Rams and Cockerels were distributed. The results of breeding Bulls are reported to be encouraging.

PAYMENT OF COMMISSION TO AGENTS OF CHEMICAL FERTILIZERS

*5160. **Mr. Nasrullah Khan Khattak** : Will the Minister of Agriculture the pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that during the last session of the Assembly the Minister concerned held out an assurance that arrangements would be made for immediate payment of commission to all the agents of chemical fertilizers of Tehsil Nowshera, District Peshawar ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether it is a fact that no payment has so far been made to the said agents ; if so, (*i*) reasons therefor (*ii*) the time since which the said payment is outstanding against the Agriculture Department and (*iii*) the exact date by which the above said Agents are expected to get their dues ?

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : Information is being collected and will be furnished to the Member during the current session of the Assembly.

RICE PROCUREMENT SCHEME

*5167. **Ch. Gul Nawaz Khan :** Will the Minister of Food and Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the location of the Rice Purchasing Centres in Gujrat district established under the Rice Procurement Scheme ;

(*b*) whether it is a fact that only one centre has been set up in Tehsil Kharian at Dingah ;

(*c*) whether it is a fact that the area comprising police stations of Lala Musa, Kharian and Serai Alamgir is hilly and 'Barani' and the rice cultivation in the said area is very limited, if so, whether Government intend to exclude this area from the operation of the above mentioned scheme ?

وزیر خوراک وزراعت (ملک قادر بخش) :

(الف) ۱ - ڈنگہ

۲ - منڈی بہاؤالدین

۳ - منگووال (گجرات)

۴ - گجرات

۵ - شادی وال (گجرات)

۶ - کنجاہ (گجرات)

۷ - پھالیہ (منڈی بہاؤ الدین)

۸ - چک ظہیر

(ب) جی ہاں -

(ج) وہ علاقہ جات جو تھانہ لالہموسلی کھاریاں اور سرائے عالمگیر کی حدود میں آتے ہیں وہ پہاڑی اور بارانی ہیں۔ ان علاقہ جات کو چاول حاصل کرنے کی سکیم سے خارج کرنے کی کوئی تجویز زیر غور نہیں ہے -

---

SUPPLY OF FERTILIZERS BY CO-OPERATIVE SOCIETIES

*5241. **Syed Muhammad Hassan Shah :** Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Co-operative Societies do not supply fertilizer to persons other than their own members ;

(*b*) whether it is a fact that in the address of welcome, presented to the Commissioner, Hyderabad Division in the Basic Democracies Convention held in Taluka Tando Allahyar on 21st November 1963, it was pointed out that the said Societies either do not supply fertilizers to the general public or charge exhorbitant prices ;

(*c*) if answers to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to appoint agents in addition to the Co-operative Societies for the distribution of fertilizers ; if not, reasons therefor ;

(*d*) whether there is any other scheme under the consideration of Government for issuing supply of fertilizers to the general public ; if so, the details thereof ?

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : Information is being collected and will be furnished to the Member during the current session of the Assembly.

QUANTITY OF WHEAT AND OIL SEED PRODUCED IN TANDO ALLAHYAR

***1242. Syed Muhammad Hassan Shah :** Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the year-wise quantity of wheat and oil seeds produced in Tando Allahyar during the years 1960 to 1963;

(*b*) whether it is a fact that the cultivators of the said area prefer cultivation of oil seeds to that of wheat because wheat crop fetches very low price in the market as compared to oil seeds due to Government not purchasing wheat at the proper time ; if so, whether Government intend to purchase wheat at appropriate time ?

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : Information is being collected and will be furnished to the Member during the current session of the Assembly.

UNSTARRED QUESTIONS AND ANSWERS

CONSTRUCTION OF FOOD STORAGE BINS AT NAUN KOT AND KAUR, DISTRICT THARPARKAR

101. Mir Haji Muhammad Bux Talpur : Will the Minister of Food be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that provision has been made during the current year's budget for construction of food storage bins at Naun Kot and Kaur in District Tharparkar ;

(*b*) whether it is a fact that no amount for constructing food storage bins at Mithi, District Tharparkar, has been provided in the current year's budget ; if so, whether Government intend to construct the said bins at Mithi during the next financial year ; if not, reasons thereof ?

وزیر زراعت وخوراک (ملک قادر بخش)

(الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں ۔ مٹھی میں ذخیرہ کا 'بن' تعمیر کرنے کی ابھی کوئی تجویز نہیں ہے ۔

FRUIT DEVELOPMENT PROJECT

106. Mir Haji Muhammad Bux Talpur : Will the Minister of Agriculture be pleased to state whether it is a fact that a sum of Rs. 7,35,000 has been allocated in the budget for the year 1963-64 for the Fruit Development Project ; if, so the names of places (with District and Divisions) where the said project will be undertaken ?

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : Yes. A sum of Rs. 7.35 lakhs was allocated in the budget but this has been reduced to a sum of Rs. 5.85 lakhs. A sum of about Rs. 2 lakhs is proposed to be spent on the import of plants from other countries which will be planted in the areas which are suitable for such plants. Deciduous fruit plants will be provided in the Division of Peshawar, Murree Tehsil and Quetta Division while tropical and sub-tropical fruit plants will be supplied in the Divisions of Hyderabad, Karachi, Kalat and parts of Khairpur Division. In respect of the remaining amount of Rs. 3.85 lakhs the local officers have been asked to send their demands which will be met as far as possible. It may, however, be mentioned here that in addition to this, another scheme involving an expenditure of Rs. 1.33 takhs has been sanctioned for increasing the production of fruit plants in Mirpur Khas.

ANNOUNCEMENT

Re : Procedure for obtaining short leave of absence by the MPAs from the Speaker.

مسٹر سپیکر ۔ مجھے امید ہے کہ گزٹ مغربی پاکستان (اشاعت غیر معمولی) مورخہ ۱۰ دسمبر ۱۹۶۳ء صوبائی اسمبلی کے ارکان کی نظر سے گزرا ہو گا ۔ مذکور گزٹ میں وہ ترامیم شائع ہوئی ہیں جو حال ہی میں قواعد (مواجب ارکان) صوبائی اسمبلی مغربی پاکستان مجریہ ۱۹۵۶ء میں کی گئی ہیں ۔ نئے ایزاد شدہ قاعدہ نمبر ۷ کے جملہ شرطیہ میں یہ مرقوم ہے کہ اگر کسی رکن نے اسمبلی کی کسی نشست سے غیر حاضر رہنے کے لئے سپیکر سے رخصت حاصل کر لی ہو یا وہ سپیکر کے خیال کے مطابق بوجہ علالت حاضر ہونے سے قاصر ہو تو اس صورت میں رکن مذکور قاعدہ ھذا کے احکام سے مستثنیٰ ہو گا ۔ لہذا میری تجویز ہے کہ اس سلسلے میں مندرجہ ذیل طریق کار اختیار کیا جائے :۔

جب کوئی رکن اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کرنے کی غرض سے لاہور آئے ہوئے ہوں اور وہ یہ محسوس کریں کہ وہ کسی خاص دن اسمبلی کی نشست میں پورا دن حاضر نہیں ہو سکیں گے یا یہ کہ وہ اسمبلی کے قواعد انضباط کار کے تحت رجسٹر حاضری پر حاضری لگانے کے لئے مقررہ مدت یعنی ایک گھنٹہ کے دوران دستخط نہیں کر سکیں گے تو موصوف کو مجھے اس ضمن میں ایک تحریری درخواست دینی ہو گی جس میں اس

امر کی تصریح کی جائے جس کے لئے رکن مذکور کو رخصت درکار ہو۔ اور اگر مجھے اس امر سے اتفاق ہوا کہ رکن مذکور کو مطلوبہ رخصت دے دی جائے تو اس دن کے لئے یومیہ بھتا کی ادائیگی کے سلسلے میں رکن مذکور کو غیر حاضر متصور نہیں کیا جائے گا۔ تاہم اگر کوئی رکن جو لاہور میں موجود ہوں رخصت حاصل کئے بغیر غیر حاضر رہیں یا انہوں نے ارکان کے رجسٹر حاضری میں اپنے دستخط نہ کئے ہوں یا ان کا نام اسمبلی کے قواعد انضباط کار کے تحت اس دن کے لئے رکھے جانے والے ریکارڈ میں جس دن کہ اسمبلی کا اجلاس کورم نہ ہونے کے باعث ملتوی کر دیا جائے موجود نہ ہو تو وہ اس دن کے لئے یومیہ بھتا حاصل کرنے کے حقدار نہیں ہونگے۔

اگر لاہور میں موجود کوئی رکن علیل ہو جائیں تو وہ مجھے بذریعہ تحریری درخواست اس امر سے مطلع کرینگے کہ وہ بوجہ علالت کسی خاص دن اسمبلی کی نشست میں حاضر ہونے سے قاصر ہیں۔ اگر میں اس سے مطمئن ہوا تو میں درخواست پر ضروری احکامات صادر کر دوں گا اور رکن مذکور اس دن کے لئے یومیہ بھتا حاصل کرنے کے حق دار ہوں گے۔ لیکن لاہور میں موجود کوئی رکن جو بوجہ علالت اسمبلی کی نشست میں حاضر نہ ہو سکنے کے بارے میں درخواست برائے حصول رخصت ارسال نہ کریں یا ان کے درخواست بھیجنے کی صورت میں بھی انہیں مطلوبہ رخصت عطا نہ کی جائے تو وہ اس دن کے لئے یومیہ بھتا کے مستحق نہ ہوں گے۔

میں یہاں یہ امر واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ مغربی پاکستان صوبائی اسمبلی کے قواعد (مواجب ارکان) مجریہ ۱۹۵۶ء میں قاعدہ نمبر ۷ کے اضافے کے بعد رخصت حاصل کرنے کے لئے ارکان کو دو قسم کی درخواستیں دینی ہوں گی۔ پہلی قسم کی درخواست یا تو اسمبلی کے قواعد انضباط کار کے قاعدہ نمبر ۱۳۷ کے مفہوم میں اسمبلی کے اجلاس کے دوران غیر حاضر رہنے کی صورت میں رخصت حاصل کرنے کے لئے دی جائیگی یا قانون (مواجب ارکان) مجریہ ۱۹۵۶ء کی دفعہ ۳ کے مفہوم میں اسمبلی یا کمیٹی کی نشستوں سے غیر حاضر ہونے کی اجازت حاصل کرنے کے لئے دی جائیگی۔ یہ درخواستیں اس صورت میں دینا ہونگی جب کہ کوئی رکن کسی وقت یہ محسوس کرے کہ وہ لگاتار اسمبلی کی تیس نشستوں میں حاضر نہیں ہو سکے گا۔ یا وہ اسمبلی یا کسی کمیٹی کے اجلاس میں کسی دن یا کچھ دنوں کے لئے رخصت حاصل کرنا چاہتے ہوں۔ ایسی درخواستیں اسمبلی کو دینا ہوں گی۔ اور اسمبلی ہی رخصت عطا کرنے کی مجاز ہو گی۔ قاعدہ نمبر ۱۳۷ کے تحت

جب اسمبلی رخصت عطا کردے اور کوئی رکن اسمبلی کی نشستوں سے لگا تار تیس دن غیر حاضر رہے تو اس کی نشست خالی قرار نہیں دی جائے گی ۔ اور اس کا دوسرا فائدہ یہ ہو گا کہ اگر اس ماہ اسمبلی یا کمیٹی کا اجلاس ہو رہا ہو تو وہ اس ماہ کا پورا بھتا معاوضہ حاصل کرنے کا مجاز ہو گا ۔ قانون (مواجب ارکان) صوبائی اسمبلی مغربی پاکستان مجریہ ۱۹۵۶ء کے قاعدہ نمبر ۷ کے تحت دوسری قسم کی درخواست برائے رخصت سپیکر کو دی جائے گی اور رخصت منظور ہو جانے کی صورت میں اس کا اثر صرف یہ ہو گا کہ رکن اس روز کا یومیہ بھتا لے سکے گا مگر ایسی درخواستوں کے بارہ یہ متصور نہیں کیا جائے گا کہ وہ قانون (مواجب ارکان) صوبائی اسمبلی مغربی پاکستان مجریہ ۱۹۵۶ء کی دفعہ ۳ کے تحت اسمبلی کی اجازت حاصل کرنے یا آئین کے آرٹیکل ۱۰۷ کے مفہوم میں اسمبلی کی نشستوں سے رخصت کی درخواستیں ہیں ۔

سردار عنایت الرحمن خان عباسی ۔ آپ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اگر کوئی معزز ممبر مقامی طور پر موجود ہو اور بیماری کی رخصت کے لئے درخواست دے تو آپ مطمئن ہو کر اسے منظور فرمائیں گے ۔ از راہ کرم اس کی وضاحت فرمائیں کہ آپ کے مطمئن ہونے کے لئے کیا ڈاکٹری سرٹیفیکیٹ کی ضرورت ہوگی ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر کوئی معزز ممبر بیماری کے متعلق لکھ کر درخواست بھیج دے تو وہ نارمل حالات میں منظور ہو جائے گی اور ڈاکٹری سرٹیفیکیٹ پر insist نہیں کیا جائے گا ۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ صدر گرامی ۔ میں نے آپ کے طریق کار کو جو آپ نے فرمایا ہے بغور سنا ہے ۔ اصولی طور پر کسی بھی معزز ممبر کی یہ خواہش یا ارادہ نہیں ہوتا کہ وہ عمداً غیر حاضر ہو اور یہ بھی ارادہ نہیں ہوتا کہ کوئی نمائندہ جھوٹ بول کر ۵۰ (پچاس) روپیہ وصول کرنے کی کوشش کرے یہ آپ کا رولنگ تو نہیں البتہ آپ نے ایک طریق کار مقرر کیا ہے ۔ آپ نے اس طریق کار سے رولز میں زیادہ شدت پیدا کر دی ہے ۔ اور جو گنجائش رہ گئی تھی وہ اس طریق کار سے پوری ہو گئی ہے ۔ اس لئے بہتر یہ ہے کہ ایک دو روز اس تجویز پر پہلے غور کر لیا جائے اور پوری طرح discuss کر کے پھر کوئی طریق کار مقرر کیا جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر آپ کوئی بہتر تجاویز پیش کر سکتے ہیں تو میرے چیمبر میں تشریف لا کر مجھ سے discuss کر لیں ۔

مسٹر حمید اللہ خان - حاضری کے متعلق جو طریق کار اختیار کیا گیا ہے عجیب ہے - میں ۱۳ تاریخ کو ۹ بجے یہاں حاضر تھا لیکن میری غیر حاضری لگائی گئی ہے -

مسٹر سپیکر - یہ آپ کا فرض تھا کہ وقت پر حاضری لگا دیتے -

مسٹر سپیکر - دیکھئے یہ آپ کا کام ہے کہ وقت پر حاضری لگا دیں -

مسٹر حمید اللہ خان - تو کوئی بھول بھی سکتا ہے -

Allama Rehmatullah Arshad to move his motion about extension of time for the presentation of the report.

Allama Rehmatullah Arshad : Sir I beg to move—

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs on the West Pakistan National Language Bill 1963, (Bill No. 12, of 1963,) be extended upto 31st March, 1964.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is—

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs on the West Pakistan National Language Bill 1963, (Bill No. 12 of 1963,) be extended upto 31st March, 1964.

(The motion was carried.)

SUPPLEMENTARY BUDGET STATEMENT, 1963-64 (DISCUSSION AS A WHOLE)

Mr. Speaker : Now we take up the discussion on the Supplementary Budget Statement 1963-64, as a whole.

Mr. Ali Gohar Khuhro.

مسٹر علی گوہر کھوڑو - (لاڑکانہ-۲) صاحب صدر - یہاں جو حالات چل رہے ہیں اور جو کچھ اس ہاؤس میں ہم دیکھتے ہیں کہ سوالات کے جوابات کو ٹال دیا جاتا ہے اسی طرح سے جو تقریریں کی جاتی ہیں اور جو suggestions دی جاتی ہیں گورنمنٹ کی طرف سے ان کے متعلق ٹال مٹول کر دیا جاتا ہے - اس پر کوئی توجہ نہیں دی جاتی - آپ کو معلوم ہے کہ اس ایوان میں ہمارے سندھ کے ابتدائی سکولوں کے استادوں کے لئے ہمارے ممبر صاحبان نے کئی Adjournment Motions بھیجے، تقریریں کیں کہ ان کی تنخواہوں کے سکیل کو revise کیا جائے - مگر آج تک حکومت پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوا -

ہمارے سندھ ریجن کے استادوں کو جونئیر ورنیکلر سکیل دیا جاتا ہیں لیکن دوسری جگہ پرائمری استادوں کو سینئر ورنیکلر سکیل دیا جاتے

ہیں اور ان کو کئی اور سہولتیں مہیا کی جاتی ہیں مثلاً ان کا مڈل سکولوں میں تبادلہ ہو سکتا ہے ہمارے پرائمری کے استادوں کو یہ سہولتیں میسر نہیں ہیں ۔ وہاں ابھی تک وہی جونیئر ورنیکار سکیل چل رہے ہیں اور کسی نہ کسی technical ground پر ان کی representations کو مسترد کر دیا جاتا ہے ۔ حال ہی میں وہاں کے ڈائرکٹر ایجوکیشن نے گورنمنٹ کے پاس پرائمری استادوں کی سفارش کر کے بھیجی ہے ۔ کہ ان کو سینئر سکیل دیا جائے ۔ اگر اس طرح سے یہ معاملہ صرف خط و کتابت میں رہا تو میں سمجھتا ہوں کہ اس اسمبلی کی میعاد ختم ہو جائے گی ۔ اور پھر جب اس کے جانشین آ گئے تو انہیں دوبارہ اس مسئلہ پر غور کرنا ہوگا ۔ اس لئے میں وزیر متعلقہ سے گزارش کروں گا کہ خدارا غریب استادوں پر رحم کریں اور ان کی جو سفارش کی گئی ہے اس کو خط و کتابت سے التوا میں نہ ڈالا جائے ۔ اگر اس میں کسی قسم کا شبہ ہو تو ایک high level کانفرنس منعقد کریں جس میں استادوں کے نمائندے بھی شامل ہوں پھر بیٹھ کر فیصلہ کریں کہ آیا ان کو سینئر ورنیکار سکیل دئے جائیں یا نہیں ۔ اگر نہیں دیا جاتا تو ان کو سمجھایا جائے کہ ان کو سینئر ورنیکار سکیل کیوں نہیں دئے جاتے ۔ تاکہ ان کی heart burning ختم ہو جائے ۔

صاحب سپیکر ۔ دوسری بات یہ ہے کہ حیدر آباد ریجن میں محکمہ تعلیم نے گیارہ بارہ سو چپڑاسیوں کی نوکری کو ختم کر دیا ہے ۔ ان کی حالت یہ ہے کہ ایسے چپڑاسی ہیں ۔ جن کی سات سات آٹھ آٹھ سال سروس تھی ۔ ان کو بھی ایکنامک کمیٹی کی رپورٹ نے غیر ضروری قرار دیا ہے ۔ اور کہا ہے کہ انہیں واپس گھر بھجوا دیں ۔ جناب سپیکر صاحب ! ہمارے سامنے Supplementary بجٹ printed form میں موجود ہے ۔ جن میں آپ دیکھیں گے کہ ایکنامک کمیٹی کی سفارشات کہ یہ محکمے یا یہ ملازم یا جو محکمے ہیں ان کو بند کیا جائے اور ان کی سفارشات کو التوا میں رکھا گیا ہے اور اسے عمل میں لانے سے ہماری حکومت قاصر ہے اور حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ یہ رپورٹ بالکل بیکار ہے اور ہم فی الحال ان پر عمل کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں اور آپ دیکھیں گے کہ تقریباً آٹھ لاکھ روپے جس پر ہمیں ووٹ دینے کے لئے پھر کہا گیا ہے ۔ جو ایکنامک کمیٹی نے سفارشات کی ہیں ۔ آپ دیکھیں گے کہ ہمارے گیارہ بارہ سو چپڑاسیوں کی کیا تنخواہ ہوگی ۔ ایک منسٹر کی تنخواہ سے بارہ سو چپڑاسیوں کی families کے مسئلے حل ہو سکتے ہیں ۔ اسی طرح جناب سپیکر ۔ ایکنامک کمیٹی کی

رپورٹ بجٹ کے صفحہ ۱۰ اور ۱۹ پر سے اس کی سفارشات کے دی گئی ہے اور وہ ہمارے سامنے پیش کی گئی ہے کہ ہم یہ اخراجات دوبارہ پاس کریں - جو Main بجٹ میں اس سال لائے گئے تھے -

جناب سپیکر - اس کے علاوہ ہمارے سامنے نئے محکمے اور نئے اخراجات منظور کرنے کے لئے بجٹ میں بڑی رقوم پیش کی گئی ہیں - جو تقریباً بتیس لاکھ سے بھی زیادہ ہیں - جب آپ ہر ڈویژن اور ہر سرکل میں نئے محکمے کھول رہے ہیں - تو ان بیچارے گیارہ بارہ سو lower scale کے ملازمین - چپڑاسیوں پر کیوں رحم نہیں کرتے - آپ کو معلوم ہے کہ ان چپڑاسیوں کو نکالنے کے بعد آپ کے سکولوں میں کتنی دقت پیدا ہوگئی ہے - آپ کے سکولوں میں اتنے چپڑاسی نہیں ہیں - جو سکولوں میں اچھی طرح سے صفائی ہو سکے اور نہ ہی پانی کی فراہمی اچھی طرح سے ہو سکتی ہے اور نہ فرنیچر وغیرہ کی صفائی کا مکمل انتظام ہے - آپ سے حیدرآباد ریجن اتنا دور ہے کہ آپ اس کی دیکھ بھال اچھی طرح نہیں کر سکتے اور نہ آپ کو کوئی آدمی وہاں کی شکایات اور تکالیف بیان کر سکتا ہے تو اس کا علاج کیا ہے -

افسوس کہ وزیر متعلقہ ہاؤس میں موجود نہیں ہیں - بہر حال میں عرض کروں گا کہ جس طرح ہماری باتوں اور سوالات کو ٹال دیا جاتا ہے - اور ہم یہاں بکواس کر کے چلے جاتے ہیں - دل میں تو یہ خیال آتا ہے کہ ہم یہاں ایک لفظ بھی نہ کہیں - کیونکہ ہمیں معلوم ہے کہ ہماری ان باتوں کا کچھ بھی اثر نہ ہوگا اور ہماری صحیح بات کو بھی غلط خیال کیا جائے گا - اور اسے غلط بیانی سمجھا جائے گا - لیکن چونکہ اپنے حلقۂ نیابت کی نمائیندگی کرنا ضروری ہے - اس لئے ہم اپنا فرض ادا کرتے ہیں - چاہے سننے والے اسے مانیں چاہے نہ مانیں -

کاش ملک قادر بخش صاحب ہاؤس میں تشریف رکھتے اور میری چند گزارشات کو سنتے جو محکمہ آبپاشی کے متعلق ہیں - اپنے سابق سندھ کے آبپاشی کے جو مسائل میں پیش کر رہا ہوں - میں آپ حضرات سے اس کا مستقل طور پر حل چاہتا ہوں - ہمارے ہاں سکھر بیراج کی جو بڑی سے بڑی آبپاشی کا منصوبہ ہے - اس میں پانی کی تقسیم اس قدر - کار ہو چکی ہے - کہ آپ جو فصل بوتے ہیں - آپ کو اس بات کا علم ہی نہیں ہوتا اور پانی چلتے چلتے کم ہوجاتا ہے اور آپ کو یہ ڈر ہوتا ہے کہ جو فصل آپ بوتے ہیں آپ اس سے پیداوار بھی لیں گے یا نہیں - آپ اس کی کٹائی بھی کر سکیں گے یا نہیں اور اس کی ہمارے ہاں دو وجوہات ہیں - ایک تو

یہ کہ جو سیاسی لوگ اقتدار میں ہوتے ہیں ۔ اس میں دھاندلی مچاتے ہیں ۔ اور دوسرا یہ کہ ہمارے محکمہ آبپاشی کے جو افسران ہیں ۔ وہ رشوت لے کر پانی بیچ دیتے ہیں ۔ حالت یہ ہے کہ اگر ایک نہر دس میل لمبی ہے ۔ تو پانچ ہی میل تک اس کا سارا پانی ختم ہو جاتا ہے ۔ کیونکہ water courses کو tamper with کیا جاتا ہے اور طاقتور اور بااثر لوگ نہر کو کاٹ کر اپنی آبادی میں لے جاتے ہیں ۔ لیکن اگر آپ cultivation کے اعداد و شمار دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ 80% زمین میں فصل بوئی گئی ہے ۔ یا 90% زمین میں فصل کی بوائی ہوئی ہے ۔ اس لحاظ سے یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ آپ کیسے کہتے ہیں کہ جو زمینیں tail پر واقع ہیں ۔ انہیں کس طرح پانی نہیں ملتا ۔ میں یہ مانتا ہوں کہ آبادی تو ہوتی ہے مگر اس طرح کہ جس آدمی کی سو ایکڑ زمین head پر واقع ہو وہ تو سو ایکڑ ہی آباد کر لیتا ہے ۔ لیکن آدھی زمین ایسی ہوتی ہے جو نیچے واقع ہوتی ہیں ۔ تو خواہ وہ ایک ہزار ایکڑ کیوں نہ ہو ۔ وہ آباد نہیں ہو سکتی ۔ اس لحاظ سے ایک آدمی کی سو فیصدی زمین آباد ہوجاتی ہے اور دوسرے کی پانچ فیصدی بھی نہیں ہوتی ۔ تو یہ ہماری آبپاشی کا منظر ہے اور اگر اسے وقت پر نہ سنبھالا گیا تو حالت اتنی بری ہو جائے گی کہ ہمارے علاقے کے رہنے والے جو کہ آدھے حصے میں نیچے کی طرف رہتے ہیں ۔ ان کی اقتصادی حالت بالکل کمزور ہو جائے گی ۔ ملک قادر بخش صاحب اس سر زمین کو دیکھنے کا ہر وقت اس ہاؤس میں چیلنج کرتے ہیں ۔ میں انہیں چیلنج کرتا ہوں کہ وہ میرے ساتھ چلیں اور دیکھیں کہ سارے سکھر بیراج کے مختلف irrigation سسٹم کے تحت آدھی channels کے نیچے اگر ان کی sanctioned water آبادی کے لئے آدھا بھی ملتا ہے ۔ اگر ایسا نہ ہوا ۔ تو میں اپنے colleagues کے سامنے اور اس ہاؤس کے سامنے مجرم کی حیثیت سے جواب دینے کے لئے تیار ہوں ۔ اگر ان میں ہمت ہے ۔ تو وہ اس مرض کو دور کریں یا میرے ساتھ چلیں اور مجھے جھٹلائیں یا میں ان کے سامنے یہ سب کچھ ثابت کروں گا ۔ اس کے لئے میرے ذہن میں دو تجاویز ہیں ۔ ایک تو یہ کہ پنجاب میں جو penal action کے قوانین ہے کہ جو زیادہ اور غلط طور پر پانی استعمال کرتا ہے ان کے لئے جو کارروائی ہوتی ہے وہ محکمہ آبپاشی کے افسران ہی ہی کرتے ہیں اور اپیل کا بھی حق سپرنٹنڈنگ انجینئر یا شاید چیف انجینئر کو ہوتا ہے ۔ (مجھے اچھی طرح معلوم نہیں) لیکن ہمارے ہاں کیا ہے وہاں اگر آپ modules کو توڑیں یا زیادہ پانی لیں ۔ تو ڈپٹی کمشنر صاحب

دو تین برس میں اس جرمانے کا ہی فیصلہ نہیں کرے ۔ جب فیصلہ دیا بھی جاتا ہے تو مجرم کو معافی دے دی جاتی ہے یا بالکل معمولی جرمانہ کیا جاتا ہے ۔

آپ ۱۹ آرڈیننس لائے ہیں ۔ اگر آپ ایک بھی آرڈیننس ایسا لاتے جس سے کم از کم عوام کو فائدہ ہوتا تو ہم زہر کی گولی سمجھ کر اس کی تائید کرتے ۔ تاکہ عوام کا تو فائدہ ہوتا اور جو زور رکھتے ہیں اور سیاسی اقتدار میں ہوتے ہیں وہ آدمی اس پانی کو غلط طور پر استعمال نہ کریں ۔

Mr. Speaker : The member may make his last point.

Mr. Ali Gohar Khuhro : I have got few points more. I am not criticising anybody.

Mr. Speaker : The member may criticise but he should be very brief.

Mr. Ali Gohar Khuhro : You will appreciate, Sir, that this is my second speech during the whole session.

Mr. Speaker : Yes, try to finish it.

مسٹر علی گوہر کھوڑو ۔ میرا مشورہ یہ ہے کہ جیسا کہ محکمہ تعلیم میں ہمارے ڈسٹرکٹ انسپکٹرز آف سکولز کو کمپلسری پرائیمری ایجوکیشن کے تحت اختیار دیا گیا ہے کہ جو شاگرد یا لڑکا سکول سے غیر حاضر ہو تو اس کے باپ یا guardian کو اس کی سزا دی جاتی ہے ۔ اسی طرح محکمہ آبپاشی کے جو افسران ہیں انہیں سمری پاور دیئے جائیں ۔ تاکہ وہ اپنے P. W. D. کے cases کا خود فیصلہ کریں ۔ جو ہمارے وزراء صاحبان زمیندار ہیں ۔ ان کی سمجھ میں یہ بات نہیں آتی اس کے بعد جناب والا میں محکمۂ مال کی طرف آتا ہوں گذشتہ سیشن میں یہ کہا گیا تھا کہ ہم پر مالیہ کاشت کی ہوئی زمین پر ہی لگے گا ۔ لیکن اس سال فصل خریف میں بھی Bighoty Measurement نہیں کی گئی ہیں ۔

دوسرے جناب ۔ ہمارے ہاں Land Assessment بہت زیادہ ہے ۔ اس کے لئے اس ہاؤس میں گورنمنٹ بنچز کے ممبران نے بہت شور مچایا ہے کہ اس assessment کو سندھ میں کم کیا جائے ۔ میں آپ کو ایک مثال دیتا ہوں کہ ہمارے یہاں گنے کے اوپر ۳۰ سے ۳۲ روپیہ تک assessment ہوگیا ہے اور پنجاب میں صرف ۱۵ سے ۲۰ روپے تک ہے یعنی ہم ۱۰ سے ۱۲ روپیہ زیادہ دے رہے ہیں پھر کیسے کہا جاتا ہے کہ لگان کم ہے ۔

اس کے بعد جناب سپیکر ۔ ہمارے ریجن کو ملازمتوں میں بالکل نظر انداز کر دیاگیا ہے۔ یہاں Semi گورنمنٹ انسٹی ٹیوشن پیدا کر رہے ہیں جیسا کہ مثلاً واپڈا۔ ایگریکلچرل ڈولپمنٹ کارپوریشن اور ویسٹ پاکستان انڈسٹریل ڈولپمنٹ کارپوریشن ہے ان کی حالت یہ ہے کہ محکمہ زراعت سے وہ آدمی لیتے ہیں ان کی سروسز ڈپوٹیشن پروھاں دی جاتی ہیں اور ایک مہینے کے بعد ان کو نوٹس دے دیا جاتا ہے کہ ہمارے پاس بجٹ نہیں ہے واپس جاؤ ۔ واپس جانے کے بعد بجٹ کی منظوری دے دیتے ہیں اور نئے Recruit نئے گریجوئیٹ کلاس ۱ میں امپورٹ کر کے Promotion دے کر ان کو سروس دی جاتی ہے اس طرح سے سندھ ریجن کے محکمہ زراعت یا اور دوسرے محکمے میں جو سروس میں ہیں ان کی بڑی حق تلفی ہوتی ہے ۔

Mr. Speaker : Please wind up.

منسٹر علی گوھر کھوڑو ۔ آخری پوائنٹ ۔ دوسرا پوائنٹ یہ ہے ۔ کہ ہمارے یہاں ڈسٹرکٹ کونسل ہیں جن کو ۱۰ کروڑ روپے دئے گئے ہیں ترقیاتی فنڈ میں یہ اچھی بات ہے لیکن آپکو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ وہ یہ روپے کس طرح خرچ کریں گے ۔ آپ اس طرف توجہ دیں کہ یہ ڈسٹرکٹ کونسل یہ کرتی ہیں کہ انڈسٹریل اور زرعی نمائشیں کرتی ہیں اور یہ نمائیشیں ۵—۶ دن چلناچاہیے مگر وہ مہینہ دو دو مہینے چلتی ہیں اور یہ پیسہ صرف ناچ اور گانوں پر خرچ ہوتا ہے۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ یہ نمائشیں ایسے موسم میں ہوتی ہیں جب کسی چیز کی بھی فصل نہیں ہوتی وہ کس چیز کی نمائش کرتی ہیں سوائے اس کے کہ ننگے ناچ عوام کے سامنے ہوتے ہیں اور ڈسٹرکٹ کونسل کا ۴۰—۵۰ ہزار روپیہ خرچ ہو جاتا ہے ۔ مہربانی کر کے اسکے لئے آپ سرکار نکالیں اور ڈسٹرکٹ کونسل کو ممانعت کر دی جائے کہ کہ وہ ایسی نمائش اور ایسے شو نہ کریں ۔

میر حاجی محمد بخش تالپور (تھرپارکر ۔ ۴) ۔ صاحب صدر ۔ میں یہ بجٹ پیش کرنے پر گورنمنٹ کو مبارکباد دیتا ہوں ۔ یہ تو ہماری عادت سی ہو گئی ہے کہ ہم نکتہ چینی کرتے رہتے ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ میری Constituency میں شاید ہسٹری مین پہلی دفعہ گورنمنٹ نے ۱۳—۱۲ لاکھ روپے کی سکیمیں منظور کی ہیں جو اس سے قبل سندھ گورنمنٹ نے اور مارشل لاء گورنمنٹ نے بھی نہیں کی تھیں اس وجہ سے میں ان کو مبارکباد دیتا ہوں ۔ یہ اور بات ہے کہ یہ کام ہو گا یا نہیں ہوگا اس کو یہ بہتر جانتے ہیں ۔

جناب اب میں ایک اہم مسئلہ پر آتا ہوں اور وہ رشوت خوری کا مسئلہ ہے ہمارے ملک کو ہماری قوم کو سیم و تھور جیسی مہلک بیماریوں سے بھی زیادہ اس سے نقصان پہنچ رہا ہے ۔ اس کی ہسٹری بتانے میں کافی عرصہ لگے گا مگر مختصراً بتاؤں گا کہ انگریزوں نے سروسز بنائی تھیں اورانہوں نے سروسز ہی کو اس طرح بنایا تھا کہ جس سے پبلک ان کی ہمنوا ہے اگر پبلک ان کی ہمنوا نہیں رہے گی تو ان کو یہ اندیشہ تھا کہ ان کی حکومت خطرہ میں ہے ۔ آج جوحکومت کے افسران ہیں وہی خالی اس کے ذمہ دار نہیں ہیں بلکہ ہم بھی اس کے جوابدہ ہیں ہمیں بھی حکومت سے تعاون کرنا چاہئے اور توجہ کرنا چاہئے کہ بہت ہی مہلک بیماری ہے اور یہ بہت تیزی سے پھیل رہی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ تھوڑے ہی آدمی اس مرض سے بچے ہوئے ہیں اور میری نظر میں ٹوٹل انکم جو ایک آدمی کی ہوتی ہے اس کا ۳۰—۴۰ فیصدی کرپشن پر ضائع ہو رہا ہے تو اس سے بچانے کے لئے توجہ دینی چاہئے اور اس وقت کچھ کرنا چاہئے ۔

جناب والا ۔ ایسے Cases کے خلاف Complaint کیوں نہیں کی جاتی اس کی کئی وجوہات ہیں ۔ اول تو یہ کہ ایک آدمی ضلع کے ہیڈ کوارٹر سے ۸۰—۹۰ میل دور پر ہے اس کو وہاں پہنچنے میں دیر ہوتی ہے اور پھر گواہوں پر بھی پانچ پانچ سو روپیہ خرچ کرنا پڑتا ہے تو وہ اس معاملے کو ختم کرنے کے لئے یہ زحمتیں نہیں برداشت کرتا ۔ اس کے علاوہ جو شخص کسی افسر کے خلاف Complaint کرتا ہے تو وہ دوسرے افسروں کی نظروں میں معتوب ہو جاتا ہے اور اسے وہ لوگ بری نظر سے دیکھتے ہیں ۔ تو اس ڈر کے مارے بھی وہ Complaint نہیں کرتا ہے ۔ تو اس سلسلے میں یہ میں عرض کروں گا کہ ڈسٹرکٹ لیول سے پراونشل لیول تک کمیٹیاں بنائی جائیں اور چونکہ رشوت پبلک سے بھی لی جاتی ہے اس لئے ان کمیٹیوں میں پبلک کے بھی آدمی ہوں یہ نہیں کہ سارے کے سارے گورنمنٹ کے ملازمین ہی رکھے جائیں آخر پبلک کے نمائندے بھی تو اس کمیٹی میں اپنا نقطہ نگاہ پیش کریں تو یہ بہت ہی ضروری اور اہم بات ہے میں سمجھتا ہوں کہ کم سے کم پبلک کے ۵۰ فیصدی نمائندے اس میں رکھے جائیں ۔ تو پھر آپ دیکھیں گے کہ یہ کم ہوتی ہے یا نہیں اور اس کے بعد میں یہ بھی تجویز کروں گا کہ ان کی سزاؤں میں ان کی ملکیت کی ضبطی اور انہیں ملک بدر کرنا بھی شامل ہونا چاہیے ۔ تا کہ خواہ پبلک کے آدمی یا آفیسر جو رشوت لیتے ہیں ان کی عادت ٹھیک ہو سکے۔ اور اس سلسلے میں گواہوں کو ٹی ۔ اے ۔ ڈی ۔ اے بھی ملنا چاہیے ۔

اب آخر میں اپنی Constituency کے متعلق جو بہت ہی پسماندہ اور unattractive ہے کچھ عرض کروں گا ۔ یہاں وہی ملازمین بھیجے جاتے ہیں جن کو سزا کے طور پر یہاں بھیجا جاتا ہے کیونکہ یہ دشوار گذار علاقہ ہے لیکن یہ لوگ وہاں جا کر ٹھیک تو نہیں ہوتے اور لوگوں کو بہت تنگ کرتے ہیں ۔ لوگوں پر اور جھوٹی باتیں بناتے ہیں تو ان کے لئے میں عرض کروں گا کہ وہاں اچھے لوگ بھیجیں ۔

تو اس کے بعد میں اپنی Constituency کے متعلق کچھ عرض کروں گا ۔ کہ سارے مغربی پاکستان میں ایک قانون ہے ۔ اس کے ماتحت کچھ میل تک بارڈر سے اناج نہیں لایا جاسکتا ۔ سارے مغربی پاکستان میں کوئٹہ قلات کے جو دشوار گذار علاقے ہیں وہاں بھی ۱۰-۱۲-۱۴ میل تک یہ ہے ۔ ہمارے ہاں فیمن کمشن ہے ۔ تو اناج پر سارے مغربی پاکستان میں پابندی ہے ۔ سارے مغربی پاکستان میں ایک ہی قانون بنایا گیا ہے تو ہم نے کیا جرم کیا ہے کہ ہم کو چاول اور گندم سے محروم کر دیا ہے آپ مہربانی کرکے اسکو بھی دیکھیں اور اس کے علاوہ ڈیزرٹ کے سروے کے متعلق میں عرض کروں گا کہ اس پر کچھ زیادہ خرچ نہیں آئے گا ۔ اور اس کے علاوہ یہاں ایک یہ بھی گذارش کروں گا کہ تھل ڈیولپمنٹ ایڈوائزی کونسل ضرور ہونی چاہئیے کیونکہ وہ ایڈوائزری کونسل مختلف پراجیکٹوں کے متعلق ایڈوائز کرے گی ۔ جس طرح کہ کوئٹہ قلات ڈویژن میں ہے ۔ آپ Compensation allowance دے رہے ہیں ۔ تو ایسی سفارشات ہماری ڈویژن نے بھی کیں ہیں ۔ اور اس طرح ہمیں بھی الاؤنس دینا چاہیئے ۔ یہ بہت اہم بات ہے ۔ اچھے آدمی تو دشوار علاقوں میں نہیں جاتے اگر آپ ان کو Compensation allowance دیں گے تو وہاں اچھے آدمی جائینگے ۔ ورنہ ایسے آدمی آپ سمجھتے ہیں کہ وہ اس معاملے کو ختم کر دینگے ۔ اور اس کے علاوہ میں کچھ گذارش پسماندہ علاقے کے متعلق کروں گا کہ طلبا کے لئے آپ کالجوں میں یا میڈیکل کالجوں میں جگہ دیں اور تعلیم کے معاملے کے آپ دیکھیں کہ بارہ ہزار مربعہ میل کے علاقہ میں کوئی کالج نہیں ۔ کم از کم آپ انکو ایک کالج ضرور دیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

سردار عنایت الرحمان خان عباسی (ہزارہ ۔ ۱) مسٹر سپیکر ۔ فائننس منسٹر صاحب نے یہ بجٹ پیش کرکے کم از کم ہمارے لئے ایک موقعہ فراہم کر دیا ہے کہ ہم اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں ورنہ میں یہ سمجھتا ہوں جیسا کہ میں نے گذشتہ بجٹ کے موقعہ پر بھی یہ کہا تھا کہ اس پر کچھ

کہنا یا نہ کہنا میں تو اپنے طور پر بے سود سمجھتا ہوں ۔ جہاں تک میرے ذاتی معاملات یا میری رائے کا تعلق ہے یا دخل ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ کسی بجٹ کی تیاری سے قبل اس بجٹ کے متعلق ایسے افراد جن میں ہم بھی غلطی سے یا صحیح طور پر اپنے آپ کو شامل سمجھتے ہیں کچھ نہ کچھ مشورہ ہو اور ہم سے پوچھا جا سکے ۔ ہم اپنے متعلق کچھ کہہ سکیں تو پھر کچھ بات بنتی ہے ۔ مجھے یہاں پنجابی کی ایک بات یاد آ رہی ہے کہ ایک شخص نماز پڑھ رہا تھا اور دوران نماز اسکا وضو ٹوٹ گیا ۔ دوسرا ایک نمازی کہنے لگا کہ آپ کا وضو ٹوٹ گیا ہے تو وہ کہنے لگا ہم اللہ کی طرف دھیان دیتے ہیں ۔ ہم تو کہتے بھی جائیں گے جہاں تک ہم اپنی بساط سمجھتے ہیں ۔ بہر کیف وقت تھوڑا ہے سپیکر صاحب کی تلوار ہمارے سروں پر اس دفعہ سختی سے لٹک رہی ہے اسکو مد نظر رکھتے ہوئے میں اپنی گذارشات مختصر طور پر عرض کروں گا۔ بجٹ میں اسلام آباد کے لئے پرائمری سکول ۔ سکینڈری سکول اور انٹرمیڈیٹ کالجوں کے لئے لاکھوں روپیہ خرچ ہو سکتا ہے اور ہماری سخی اور ان داتا گورنمنٹ نے انکے لئے لاکھوں روپیہ وقف کردیا ہے ۔ مگر یہ ان پر واضح نہیں تھا کہ ایسے سکول بھی موجود ہیں جنکی چھتیں تک موجود نہیں ۔ جہاں عمارت کا نام و نشان نہیں ۔ اس قہر کی سردی میں لڑکے بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں ایسے کمروں میں جن کی چھتیں بھی نہیں ہیں گذارہ کر رہے ہیں مڈل سکول کی عمارت اس قدر نا گفتہ بہہ حالت میں ہے میں فرداً فرداً ہر شخص کے پاس گیا میں نے کہا کہ یہ سرکاری عمارت ہے اور اس کی چھتیں اڑ چکی ہیں ۔ کیا ایسی سردی کے موسم میں ان کمروں میں بیٹھ کر تعلیم ہو سکتی ہے ؟ کس قدر ظلم کا مقام ہے کہ ان غیر مذہبی اداروں پر ہم لاکھوں روپیہ خرچ کرسکتے ہیں لیکن ان مظلوم دیہاتیوں کے لئے جہاں کہ انسانیت دم توڑ رہی ہے جہاں تک انسان کی رسائی ناممکن ہے وہاں سرکاری عمارت کے لئے مرمت پر ایک دو ہزار روپیہ بھی خرچ نہیں کر سکتے ۔ اور لطف کی بات یہ ہے کہ اگر دو تین سال قبل اس عمارت کی مرمت ہو جاتی تو صرف ہزار یا ڈیڑھ ہزار روپیہ صرف ہوتا لیکن اب اس عمارت کی خستہ حالی کا یہ عالم ہے کہ اگر ۱۰ ہزار روپیہ بھی اب اس کی مرمت پر خرچ کیا جائے تو یہ صحیح حالت میں نہیں آسکتی ۔ تو ان حالات میں ہم کچھ نہیں کر سکتے اور میں وزیر تعلیم صاحبہ کی خدمت میں اور وزیر خزانہ صاحب ان داتا کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ وہ خدا کے لئے اس سکول کی طرف توجہ کریں اور اس کی عمارت کا کچھ بند و بست

کریں تاکہ بچے اندر بیٹھ کر سردیوں میں اپنا گذارہ کر سکیں ۔ جناب والا ۔ آئے دن ہماری حکومت ہماری کوششوں ہی کی وجہ سے ایسے سکولوں میں اضافہ کر رہی ہے اور میں وزیر تعلیم صاحبہ کا شکر گذار ہوں اس معاملے میں کہ انہوں نے ہماری کافی امداد فرمائی ہے اور ان کا یہ کہنا بجا ہے کہ جب تک فائننس ڈیپارٹمنٹ انہیں رقوم نہ دے تب تک وہ سٹاف پرووائیڈ نہیں کر سکتے ۔ لیکن بہرکیف سکولوں کی یہ حالت ہے کہ کلاسیں تو شروع ہو چکی ہیں لیکن سٹاف میں دن بدن کمی واقع ہو رہی ہے ۔ جناب والا ۔ اب میں پبلک ورکس کے متعلق کچھ گذارشات پیش کرنی چاہتا ہوں ۔ بد بختی سے ہماری ایک سڑک مری ایبٹ آباد روڈ کہلاتی ہے ۔ جس طرح کے وامگہ بارڈر کے پاس سڑک ہے اسی طرح کی وہ سڑک ہے ۔ اس سے پہلے لاکھوں روپیہ رکھا گیا کہ اگر ہم کسی سوال کے ذریعے دریافت کر لیں کہ یہ کس طریقہ سے روپیہ خرچ ہوا ہے تو پوزیشن دوسری ہوجاتی ہے میں چیلنج کرتا ہوں کہ انگریزوں کے جانے کے بعد آج تک وہاں اس سڑک پر ایک پیسہ بھی نہیں خرچ کیا گیا ایک پروفارما ۔ Administration side سے شائع ہوتا ہے کہ فلاں جگہ ۱۰ ہزار روپیہ لگایا گیا ہے میں پوچھتا ہوں کہ ہمیں ایسی سڑکوں کا کیا فائدہ ہو سکتا ہے ۔ میں پلاننگ اور ڈیویلپمنٹ کے محکمہ سے پوچھتا ہوں کہ خدا کے لئے بتاؤ آپ کی اس پلاننگ اور ڈیویلپمنٹ کا کیا مطلب ہے ۔ کروڑوں روپیہ آپ خرچ کردیتے ہیں ان چیزوں کے لئے ۔ آپ پلاننگ کرتے ہیں مگر جہاں پبلک کو زیادہ ضرورت ہے پبلک کو انتہائی ضرورت ہے وہاں آپ کا بجٹ یکسر ختم ہو جاتا ہے ۔ ایسے کئی واقعات آپ کی خدمت میں پیش کر سکتا ہوں اور جب میں آپ کو کہتا ہوں کہ لورا ۔ نارا ۔ بکوٹ جس کی آبادی تین چار لاکھ ہے اور اب میرا نام ہی لورا ۔ نارا ۔ بکوٹ رکھ دیا گیا ہے تو ان کی طرف توجہ نہیں دی جاتی ۔ آپ مری چلے جائیں ۔ آپ مال روڈ پر کھڑے ہوجائیں ۔ آپ کو دنیا کی تمام سہولتیں اور آسائیشیں وہاں نظر آئیں گی لیکن اس کے ایک فرلانگ شرقاً اور فرلانگ غرباً آپ تشریف لے جائیں اور اگر آپ میں احساس ہو ۔ آپ میں درد ہو تو آپ محسوس کریں گے کہ وہاں لوگ غربت اور افلاس کی وجہ سے دم توڑ رہے ہیں کس قدر افسوس اور شرم کا مقام ہے اور ہماری قومی حکومت ہے ہماری اپنی بادشاہی ہے ہم نے یہ ملک مل کر حاصل کیا تھا ہم سب نے اس کے لئے قربانی دی تھی ۔ اس کے بنانے کے لئے ہم نے سب کچھ کیا تھا تو میں یہ گذارش کروں گا کہ اس علاقے

کے لئے ایک سپیشل سروے ہونا چاہیئے اور معلوم کرنا چاہیئے کہ وہاں کے رہنے والوں کی ضروریات کیا ہیں ۔ اس علاقے میں ذرائع آمدورفت ہو جائیں تو ضلع ہزارہ میں جو کہ ایک پسماندہ علاقہ ہے میں دعویٰ کے ساتھ کہتا ہوں کہ کہ وہاں قدرتی ذرائع موجود ہیں جن سے لوگ ترقی کر کے اپنی گذر اوقات کر سکتے ہیں ۔ ملک قادر بخش صاحب یہاں موجود نہیں ہیں میں ان کی خدمت میں یہ گذارش کروں گا کہ وہاں وسائل آب پاشی قدرتی طور پر بڑے موجود ہیں وہاں چشمے موجود ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ایسے ندی نالے ہیں جن پر اگر سمال ڈیم بنائیں تو تمام علاقہ سیراب ہو سکتا ہے ۔ اور میں ان سے گذارش کروں گا کہ اس ضمن میں وہ خصوصی توجہ فرمائیں ۔ وہ لوگ بھی انہیں کا حصہ ہیں اگر اس طرف بھی تشریف لے جائیں اور ان کے حالات بچشم خود دیکھ لیں تو میرا خیال ہے وہ کسی حد تک ساری ان باتوں کو تسلیم کر لیں گے ۔ آخر میں میں ایک شعر سے اپنی گذارشات ختم کرتا ہوں وہ شعر یہ ہے :

رفتم بہ مسجدے کہ بہ بینیم جمال دوست
دستے برخ کشید و دعا را بہانہ ساخت

پیر غلام علی ۔ (منٹگمری ۔ ۶) (پنجابی) جناب سپیکر ۔ میں اک چٹھی سارے وزرا صاحبان نوں ۱۹ نومبر ۱۹۶۲ نوں بھیجی سی ۔ جس وچ بہت ساریاں تجویزاں پیش کیتیاں سن ۔ جنہاں دا جواب ہن تک موصول نہیں ہویا ۔

مسٹر سپیکر ۔ چشتی صاحب آپ اردو میں بھی تقریر کر سکتے ہیں ۔

پیر غلام علی ۔ ہاں جناب والا ۔ میں اردو بھی بول سکتا ہوں ۔ جناب والا ۔ جو میں نے اپنی چٹھی میں سات تجاویز پیش کی ہیں ان میں نمبر ۵ نہایت ضروری ہے وہ میں آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں اور اس پر غور کیا جائے ۔ وہ تجویز جناب والا ۔ یہ ہے ۔

بجلی کے ٹیوب ویل کنکشنوں کے لئے لوگ عام طور پر ہمارے پاس شکایات لاتے ہیں ۔ جو کچھ غلط اور عموماً صحیح بھی ہوتی ہیں ۔ بجلی کے متعلق میری تجویز یہ ہے کہ انڈیا کی طرح یہاں بھی عمل ہونا چاہئے ۔ وہاں ایک سرخ اور نیلا کارڈ بنا ہوا ہے ۔ جب ٹیوب ویل تیار ہو جاتا ہے تو نیلا کارڈ کنکشن کے لئے افسر علاقہ کو بھیج دیا جاتا ہے ۔ اگر ایک ماہ کے اندر کنکشن نہ مل سکے تو سرخ کارڈ اس سے اعلیٰ افسر کو بھیجا جاتا ہے ۔ چیف انجینئر

بجلی ہر ماہ سرخ کارڈوں کے حصول کی رپورٹ مانگتے ہیں اور خود بہ نفس نفیس ذاتی اثر و رسوخ کے استعمال سے سرخ کارڈ والوں کا فوری طور پر بجلی کا انتظام کر دیتے ہیں ۔ یہاں ٹیوب والوں کی زبانی شکایات پر عمل نہیں ہو سکتا ۔ کیونکہ افسران بجلی ایسے ٹیکنیکل پوائنٹ بتاتے ہیں جو کوئی غیر ٹیکنیکل آدمی نہیں سمجھ سکتا اور شکایات کو بے بنیاد اور غلط ثابت کر دیا جاتا ہے ۔ کنکشن نہ ملنے کی اہم وجوہات تار اور کھمبوں کی کمی بتائی جاتی ہے ۔

Major Sultan Ahmed Khan : Point of order Sir. There is a ruling in this House by your predecessor that no member except the Ministers can read a document in the House.

Voices : He is not reading.

Parliamentary Secretary (Raja Muhammad Ashraf Khan) : He is referring to a letter.

مسٹر سپیکر ۔ میجر سلطان احمد صاحب لکھی ہوئی چیز تو ممبر صاحبان نہیں پڑھ سکتے البتہ وہ اپنے نوٹس سے امداد لے سکتے ہیں ۔

پیر غلام علی ۔ جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا ۔
اس لئے مطابق سٹاک اتنے ہی کام کا وعدہ ہونا چاہئے جو جلد از جلد پایۂ تکمیل کو پہنچ سکے۔ اور عوام زحمت انتظار عرصہ لا محدود سے نجات پا سکیں ۔ ٹیوب ویل بورنگ زیادہ عرصہ بجلی نہ ملنے پر خراب اور ناکارہ ہو جاتے ہیں ۔

اسکے بعد جناب والا ۔ میری ساتویں تجویز یہ ہے ۔

جناب والا ۔ مجھے بہت سے علاقے دیکھنے کا اتفاق ہوا ہے ۔ جن میں پہلے کی نسبت زرعی کام تسلی بخش ہو رہا ہے ۔ لیکن آبپاشی کے متعلق ایسی دشواریاں ہیں جن پر اگر خاص توجہ فرمائی جائے امداد فرمائی جاوے تو اور بہتر ہو سکتا ہے ۔ مثلاً ایک چک میں پچاس حصہ دار ہیں۔ اگر وہ زرعی کارپوریشن سے قرض لیکر ٹیوب ویل لگانا چاہیں تو دو یا تین اشخاص بھی مل کر نہیں لگا سکتے ۔ اتنا اتفاق ان میں نہیں کہ تمام حصہ داران چک مشترکہ طور پر لگائیں ۔ اگر کسی طریقہ سے مشترکہ لگا بھی لیں تو بھی اس میں دشواریاں مثلاً تیل کی فراہمی ۔ مرمت وغیرہ کے منازل ناقابل عبور ہیں ۔ اس کے متعلق میری تجویز یہ ہے کہ واجبا ہوں کے

ہر واٹر کورس کے منبون پر سرکاری ٹیوب ویل نصب کئے جائیں اور ان کا پانی نہری پانی کی کمی یا بندی یا خاتمہ پر مطابق باری نہر ہر شخص لگا سکے ۔ اس طرح کاشت کی کمی اور فصلات ایستادہ کو پورا پانی ملنے سے پیداوار میں نمایاں طور پر اضافہ ہو سکتا ہے ۔

جناب والا ۔ اب میں یہ عرض کروں گا کہ پاکستان کے خزانے کا روپیہ استعمال کرتے وقت یا بجٹ بناتے وقت یہ سوچنا چاہئے جیسا کہ اچھے زمیندار اپنے سرمایہ کو سٹیٹ کی آمدنی بڑھانے پر خرچ کرتے ہیں یہ روپیہ اس طرح خرچ ہونا چاہئے ۔ یہ نہیں کہ ہم نئی بلڈنگیں بنائیں ۔ نئی سڑکیں بنائیں بلکہ ہم یہ کریں کہ ہماری جو زرعی آمدنی ہے اس میں اضافہ ہونا چاہئے تاکہ ہماری جو حالت ہے وہ زیادہ بہتر ہو ۔

جناب والا ۔ ہماری ۸۰ فیصدی آبادی دیہاتوں میں ہے ۔ پانی ہندوستان نے بند کر لیا ہے اس کی وجہ سے بہت خرابیاں ہو رہی ہیں ۔ جناب والا ۔ میں نے ساڑھے سینتیس ہزار روپیہ کا ڈیزل آئل اپنے ٹیوب ویل میں جلایا ہے اور اتنی آمدن کی مجھے امید نہیں ہو سکتی ۔ اس لئے میں عرض کرتا ہوں کہ اگر پچیس یا تیس لاکھ روپیہ ہمارے علاقے کی نہروں پر خرچ کردیا جائے توگورنمنٹ کی آمدن میں بھی اضافہ ہوگا اورہماری آمدنی میں بھی اضافہ ہو گا۔ اگر ٹیوب ویل منبوں پر نصب کر دیئے جائیں تو ایک نہر قادر برانچ جو ہے وہ ۲۰ لاکھ ایکڑ زمین سیراب کر سکتی ہے ۔ اگر آپ دس روپیہ آبیانہ میں اضافہ کر دیں تو مستقل پانی ہو جائیگا ۔ تو ہمیں جناب والا ۔ کم از کم پانچ کروڑ روپیہ کا فائدہ ہوگا اور اس پر زیادہ سے زیادہ تیس چالیس لاکھ روپیہ خرچ ہوگا ۔

جناب والا۔ میں نے سنا ہے کہ یہ تجویز زیر غور ہے اور ہمارے وزرا صاحبان نے اس کو منظور بھی کیا ہے لیکن انہوں نے کہا ہے کہ اگلے بجٹ میں ہم اس کو پورا کریں گے ۔ میں ان سے استدعا کرتا ہوں کہ اسی ضمنی بجٹ میں سے ان کو پچیس تیس لاکھ روپیہ دے دیں تاکہ ہمارا ایک سال اور ضائع نہ ہو ۔ ایک سال میں زمیندار کی جو حالت تباہ ہو جاتی ہے وہ پانچ سال میں بھی نہیں سنور سکتی ۔

جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ بابا فریدگنج شکررہ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور ان سے کہا کہ آپ غیاث‌الدین تغلق بادشاہ کے نام

ایک سفارشی چٹھی عطا فرمائیں حضرت بابا فرید گنج شکر رح نے اس چٹھی میں یہ لکھا ۔

بسم‌اللہ‌الرحمن‌الرحیم ۔ اس شخص کو میں اللہ کے سپرد کرتا ہوں اور اسکے بعد اسکو میں آپ کے پاس بھیجتا ہوں ۔ آپ جو کچھ اسکی مدد کریں گے وہ مدد بیشک اللہ کی طرف سے ہوگی اور آپ اسکے اہل سمجھے جائیں گے ۔ اگر آپ اسکی مدد نہیں کریں گے تو روکاوٹ بیشک اللہ کی طرف سے ہوگی اور آپ کو اس کا نااہل سمجھا جائیگا ۔

جناب والا ۔ اگر ہماری مدد کریں گے تو مدد بے شک اللہ کی طرف سے ہوگی اور ان کو اس کا اجر ملے گا ۔

بھلا چکے تھے سبق جو وطن کے شیدائی
اسی کو یاد دلاتا ہوں رٹ رہا ہوں میں

و احسنوا ان اللہ یحب المحسنین

(اور احسان کرو بے شک اللہ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے)

و اللہ یحب المحسنین

(اور اللہ احسان کرنے والوں کو ددست رکھتا ہے)

ان اللہ لا یضیع اجر المحسنین

(بے شک اللہ احسان کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا)

جناب والا ۔ میں نے اس لئے قرآن شریف کی آیات پیش کی ہیں کہ ممکن ہے ان کے ڈر سے ہمارا کام ہو جائے ۔ خیال نہیں ہے کہ ہو ۔ لیکن امید کرتا ہوں اگر یہ کام مکمل ہو جائے تو ہمارا تمام علاقہ خوشحال ہو جائیگا ۔ کام پہلے سے بہت ہو رہا ہے لیکن ہم تو شکایت کرتے ہی رہیں گے کیونکہ ہماری عادت ہے ۔

جناب والا ۔ مجھے امید ہے کہ میری گذارشات پر خاص طور پر توجہ دیں گے ۔

حاجی عبدالمجید جتوئی ۔ (دادو ۔ ۱) جناب صدر ۔ میری عرض یہ ہے کہ جب ون یونٹ بن رہا تھا تو اس وقت ہم سے یہ کہا گیا تھا

کہ خرچہ زیادہ ہے ۔ تین چار سیکرٹریٹ ہیں ایک سابقہ صوبہ سرحد میں ہے ۔ بلوچستان میں ہے ۔ سندھ میں ہے اور پنجاب میں ہے ۔ ایک سکرٹریٹ بننے کی وجہ سے خرچہ کم ہو جائیگا ۔ اس وقت سندھ میں پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی کے دو ڈیپارٹمنٹس تھے ۔ ایک ایریگیشن کا محکمہ تھا اور دوسرا بلڈنگ اینڈ روڈ کا محکمہ تھا ۔ اب ون یونٹ بننے کے بعد پانچ محکمے ہو گئے ہیں ۔ بلڈنگ اینڈ روڈ کے دو سیکشن ہیں ۔ ایریگیشن الگ ہے ۔ واپڈا الگ ہے اور ایک پی ۔ آئی ۔ ڈی ۔ سی الگ ہے ۔ ان محکموں میں چپڑاسی سے لے کر سیکرٹری اور چیئرمین تک جتنی بھی بھرتی ہوئی ہے ان میں ایک آدمی بھی چھوٹے صوبہ سے نہیں لیا گیا ۔ سارے ادھر سے لئے گئے ہیں ۔ خاص طور پر سندھ کے ساتھ step-motherly treatment کیا گیا ہے ۔ اس وقت انہوں نے کتنا خرچہ بڑھایا ہے ۔ آپ ریونیو ڈیپارٹمنٹ کو دیکھئے تو وہاں بھی کتنے ڈیپارٹمنٹ کھولے گئے ہیں ۔ ایگریکچرل ڈیپارٹمنٹ کو دیکھئے تو ادھر بھی تین چار ڈیپارٹمنٹس اور کھولے گئے ہیں جناب والا ۔ میری عرض یہ ہے کہ ابھی جو تخفیف ہو رہی ہے کہ چپڑاسی کو نکالو یہ کہاں کا انصاف ہے کہ چپڑاسی بچارے نکالے جائیں ۔ یہ ڈیپارٹمنٹ کس کام کے لئے کھولے گئے ہیں کیوں نہ ان ڈیپارٹمنٹ میں کمی کی جائے اور خرچہ کی بچت کی جائے ۔ یہ نہیں ہے کہ خالی اس ڈیپارٹمنٹ میں یہاں کے آدمی سروس میں لئے جائیں ۔ چھوٹے صوبے والے ایسے روتے پھرتے رہیں پھر کہتے ہیں کہ تم ون یونٹ کی مخالفت کر رہے ہو ۔ ہم کیسے نہ مخالفت کریں ۔ ہمارے پاس روزگار نہیں ہے ۔ چپڑاسی نکالے جاتے ہیں سکولوں سے وہ بھی سندھ سے نکالے جاتے ہیں ۔ دو دو چپڑاسی پہلے نکالے گئے ہیں وہ بھی سندھ سے نکالے گئے ہیں ۔ یہ کہاں کی انسانیت ہے وہ غریب بیچارے جو ۵۰ ، ۶۰ روپے لیتے تھے وہ کیسے بچے پالیں گے ۔ سکول کے جو سندھی ٹیچر ہیں وہ خود پانی بھریں ۔ خود جھاڑو دیں یا بچے جھاڑو دیں ۔ ون یونٹ کے بننے سے چھوٹے یونٹوں کو یہ فائدہ ہوا ہے ؟

زمینوں کے لئے دیکھو گدو بیراج میں اسمبلی میں لیڈر صاحب نے ایک کمیٹی مقرر کی تھی جو سندھ والوں کو حساب الگ کر کے دے گی ۔ auction کے لئے الگ کرے گی ۔ گورنمنٹ آفیشل کے لئے الگ کرے گی ۔ آج تک اس میں نہ کوئی نام آئے ہیں نہ آج تک اس کی کوئی میٹنگ بلائی ہے ۔ اور اس طرح ظلم کے ساتھ سندھیوں کی زمینیں چھین کر auction میں

جارھی ھیں ۔ اور ان کو اپنا حصہ پورا نہیں مل رھا ھے ۔ یہ انصاف کہاں کا ھے ۔ چھوٹے یونٹوں کے ساتھ ۔ غلام محمد بیراج میں سیم کی وجہ سے آدمیوں کو متبادل زمینیں دی گئیں ۔ وھاں ۳۰ ، لوکل سندھی ھاڑی ھیں ان کی زمین سیم کی وجہ سے بدل دینے کے لئے کہا ۔ ریونیو بورڈ میں کوشش کی منسٹر صاحب کو ملے دو برس سے وہ چیخ رھے ھیں مگر ان کو مناسب زمینیں نہیں دی جارھی ھیں ۔ نہ ان کو possession دی جارھی ھے ۔ یہ ھے انصاف چھوٹے صوبے والوں کے ساتھ ۔

لاء اینڈ آرڈر کی کیا حالت ھے ۔ میں اخبار پڑھ کر سناتا ھوں :۔

''معلوم ھوا ھے کہ ضلع دادو سے ۳۶ میل دور تعلقہ خیرپور ناتھن شاہ میں تین ڈاکوؤں نے جو بندوقوں اور کلھاڑیوں سے مسلح تھے رات کو ایک بس ، ایک ٹرک اور دو جیپ گاڑیوں کے مسافروں کو لوٹنے کے بعد خیر پور ناتھن شاہ کے مختار کار پر بندوق اور کلھاڑیوں سے حملہ کیا اور انہیں شدید زخمی کر دیا ۔''

یہ ھے لاء اینڈ آرڈر کی حالت سندھ میں ، ایک اور خبر سناتا ھوں :۔

''لاڑکانہ میں بتایا گیا ھے کہ ڈاکوؤں نے سجاول رتو ڈیرو روڈ پر لاڑکانہ سے دھنگا نومہیر جانے والی ایک بس کو رائفلیں دکھا کر روکا اور مسافروں کو نیچے اتار کر ان کا تمام سامان نقدی زیورات گھڑیاں اور دوسری قیمتی اشیاء چھین لیں ۔ بدقسمتی سے اسی وقت شہداد کوٹ سے رتو ڈیرو جانے والی ایک اور بس بھی وھاں پہنچ گئی ۔ ڈاکوؤں نے اسے بھی اسی طرح روک کر لوٹ لیا کہا جاتا ھے کہ اس طرح ڈاکوؤں نے مسافروں کو ھزاروں روپیہ کا نقصان پہنچایا اور فرار ھو گئے ۔''

یہ حالت ھے ھمارے سندھ میں امن و امان کی ۔ ھم چیخ رھے ھیں کہ بھائی خدا کے لئے پرانے آفیسر بھیجو جن کو وھاں کے حالات کا پتہ ھے ۔ یہاں سے نئے corrupt آدمی وھاں کیوں بھیج رھے ھو ۔ ان کا پانچ پانچ ھزار روپیہ ایک ایک پولیس سٹیشن پر حساب کتاب ھے ۔ ایس پی صاحب کے بنگلے کی میں حالت بتاؤں ۔ اگر میں غلطی نہیں کرتا تو اسے لاٹ صاحب کے بنگلے کی طرح سجایا جاتا ھے ۔ تین تین صوفہ سیٹ برآمدے میں ۔ چار چار صوفہ سیٹ ھر ایک ڈرائنگ روم میں ڈائننگ روم الگ ھے ۔ بیگم صاحبہ کا الگ حساب ھے ۔ سمجھو کتنا خرچ وھاں ھوتا ھوگا ۔ وہ کہاں سے لاتا ھوگا ۔ وھی غریبوں کا خون پیئے گا ۔ غریبوں کے پیسے جائیں گے ۔ اگر ایک افسر

دیکھتا ہے کہ پہلے افسر کے لئے اتنا بند و بست ہے تو وہ کہتا ہے میں کیوں پیچھے رہوں میں اس سے اور زیادہ بنگلے کو سجاؤں اور اس سے زیادہ خرچ کروں ۔ یہ حالت ہے ہمارے چھوٹے صوبوں کے ساتھ ۔ خدا کا خوف کرو ۔ کچھ ہم لوگوں پر رحم کرو ۔ کیوں ہم کو لٹواتے ہو ایسے آفیسروں کو بھیج کر ۔ ان کے لئے ہمارے ہاں کوئی جاگیر بنی ہوئی ہے کہ وہ جا کر لوٹ کر اپنی جیب گرم کریں ۔ غریبوں کا آپ کچھ خیال نہیں کرتے ہو ۔ ان سے زمینیں چھینی جاتی ہیں ۔ ان کی نوکری چلی جاتی ہے ۔ کچھ ان آدمیوں کو نہیں مل رہا ہے ۔ ابھی ہمارے پاس کیا ہو رہا ہے ۔ betterment tax لگ رہا ہے ۔ یہ کس لئے ہے اس لئے کہ غلام محمد بیراج پانی دے رہی ہے ۔ اس لئے betterment tax لگائی جائے ۔ انگریز پاگل نہیں تھے جب سکھر بیراج نکالی تو انہوں نے کوئیbetterment ٹیکس نہیں لگایا ۔ یہ ٹیکس کس پر ہوگی ؟ لوکل آبادی پر ہوگی ۔ وہاں کے باشندوں کا ستیاناس ہوگا ۔ آپ کو کوئی پروا نہیں ہے ۔ جو آدمی آپ نے ادھر لگائے ہیں ان کو کچھ پروا نہیں ہے ۔ آپ نے ہمارے questions کے جواب میں کہا ہے کہ وہاں tanks بن رہے ہیں ۔ کیونکہ ادھر سے نئے آدمی آتے ہیں کیا لوکل بچارے انسان نہیں ہیں ۔ ان کے لئے tanks کیوں نہیں ہیں ؟ roads نہیں ہیں ۔ کچھ بھی ان کے لئے نہیں ہے آپ احساس سے کام لیں ۔ آخر آپ کو خدا کو جان دینی پڑیگی ۔ ادھر آپ سے پوچھا جائے گا ۔ کہ تم نے پبلک کے ساتھ کیا کیا ہے ۔

میں جیل سے نہیں ڈرتا ۔ ایک دوست وزیر نے مجھے کہا تھا جتوئی تم جیل میں جاؤگے ۔ آپ کے پہلے دوست گئے ہیں ۔ میں نے کہا مجھے کچھ پروا نہیں ہے ۔ پہلے بھی مجھے افسروں نے دھمکیاں دی ہیں اگر آپ بھی دیں گے تو مجھے کوئی پروا نہیں ۔ میں خدا سے ڈرتا ہوں ۔ اگر خدا نے کوئی مجھے سزادی تو میں جانے کے لئے تیار ہوں ۔ اس نے کہا اب جیل وہ نہیں ہے جو انگریزوں کے وقت میں تھا ۔ یا پاکستان بننے سے پہلے تھا ۔ اب اور جیل ہے ۔ آپ کو پتہ چل جائے گا کہ کیا ہورہا ہے ۔ آپ کے ساتھی پہلے گئے ہیں اب آپ بھی تیار رہیں ۔ میں نے کہا کہ میں تیار ہوں ۔ آج نہیں تو کل مجھے بھیج دو ۔ میں تیار ہوں ۔ مگر میں سچی حقیقت اور خدا کا خوف آپ کو دلاتا رہوں گا ۔ اگر مانیں یا نہ مانیں یہ آپ کی مرضی پر منحصر ہے ۔ اسی طریقے ہم چھوٹے صوبوں کے ساتھ ظلم ہورہا ہے ۔ تحصیل دار سارے screen ہورہے ہیں ۔ سندھی ۔ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اور

ڈپٹی کلکٹر سندھی screene ہو رہے ہیں ۔ آفیسر ہمارے کلاس II کے آج تک کنفرم نہیں ہوئے ہیں ۔ اگر کنفرمیشن کے لئے کہوں تو کہتے ہیں زیر غور ہے ۔ یہاں سے نئے آدمی کو promotion دے کر کنفرم کر کے وہاں بھیجتے ہیں ۔ جیسے B.D. کا ڈائریکٹر خیر پور میں بھیجا گیا ہے ۔ وہ جونئیر آدمی ہے ۔ وہاں پر اے ۔ پی ۔ سی ۔ ایس افسر چیخ رہے ہیں ۔ ان کا کچھ خیال نہیں ہے ۔

agriculture development board میں جو ایڈ منسٹریٹر بھیجا گیا ہے وہ بھی یہاں سے بھیجا گیا ہے ۔ وہاں A D C میں جو آدمی تھے سندھ والے ان کو ہٹا کر یہاں سے جونیئر آدمی بھیجے جا رہے ہیں ۔ کتنی زیادتی ہو رہی ہے ۔ لیکن حکومت کو کوئی پروا نہیں ہے ۔ بھائی کچھ خیال کرو پاکستان تمہارا ہمارا سب کا ہے ۔ اس لئے کچھ تو کرو ۔ غریبوں کی بد دعائیں نہ لو ۔ غریبوں پر اتنا ظلم نہ کرو ۔ سندھیوں کے ساتھ آپ لوگ کیوں بگڑے ہوئے ہیں ۔ سندھیوں نے آپ کو کیا نقصان پہنچایا ہے ۔ سندھ وہی ہے جس نے پہلے پاکستان کے لئے ریزولیوشن پاس کیا تھا ۔ سندھ میں جو پہلے مہاجر آئے تھے ان کو کراچی میں بسایا ۔ ان کو اس طریقے سے مار رہے ہو ۔ B.A. اور میٹرک پاس والے آدمی سب چیخ رہے ہیں ۔ رو رہے ہیں ان کو نوکری نہیں ملتی ہے ۔ چپڑاسی جو سندھی تھے آپ کی آنکھوں میں ایک زخم تھا ان بیچاروں کو بھی آپ نے نکال دیا ہے کہ چپڑاسی چلے جائیں اور بھوکے مرتے رہیں ۔ بڑے بڑے محکمے کھول کر بڑے بڑے آفیسر وہاں لگائے جاتے ہیں ۔ اور اب سنا ہے کہ سپرنٹنڈنٹ انجینیئر سیکرٹریٹ کے لئے مقرر ہو رہا ہے ۔ افسوس ہے ایک طرف تو آپ کہہ رہے ہیں کہ خرچ نہیں ہے ۔ پیسہ نہیں ہے ۔ ہم قرضہ پر چلتے ہیں ۔ دوسری طرف اتنا خرچ بڑھا رہے ہو یہ کیا بات ہے ؟ اسلام آباد میں سکول کھولے جا رہے ہیں اس میں چپڑاسی دئیے جا رہے ہیں ۔ سندھ والے سارے سندھی چپڑاسی نکالے گئے ہیں ۔ مجھے افسوس ہے بیگم صاحبہ پر جو اس طرف منہ کرکے دیکھ رہی ہیں ۔ آپ غریبوں کا کیوں خیال نہیں کرتے ۔ ماسٹر رو رہے ہیں ان کے لئے کچھ نہیں کیا گیا students کے جوتے لگائے جاتے ہیں ۔ (قطع کلامیاں)

مسٹر سپیکر ۔ آرڈر ۔ آرڈر

میاں محمد شریف ۔ جتوئی صاحب کا وقت پورا ہوچکا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

حاجی عبدالمجید جتوئی - students پر لاٹھی چارج ہو رہا ہے - ان کو جیلوں میں بھیجا جا رہا ہے - ہم نے کبھی ایسا ظلم نہیں دیکھا ہم بھی سکولوں میں پڑھے تھے ہم نے بھی وقت گذارہ ہے - اتنا ظلم انگریزوں نے بھی نہیں کیا جتنا آج پاکستان والے خود پاکستانیوں پر کر رہے ہیں - خدا کا خوف کرو اور غریب پر ظلم نہ کرو -

آہ غریباں قہر خدا - وہ خدا قہار ہے وہ کبھی نہیں آپ لوگوں کو چھوڑے گا - آپ نے غریبوں کے بال بچے بھوکے مارے - یہ کیا حالت ہے - اس لئے میں عرض کروں گا کہ جو چپڑاسی نکالے گئے ہیں انہیں واپس رکھا جائے - ہمارے دادو ڈسٹرکٹ کے لئے پچھلے سال سترہ لاکھ روپیہ دادو کوٹری روڈ کے لئے رکھا گیا تھا - میں نے سوال کیا کتنا خرچ ہوا تو بتایا گیا کہ ساٹھ ہزار خرچ ہوا ہے - کیوں ؟ یہ ہے کام کی حالت اور کولتار بھی نہیں ہے - ٹیوب ویل کے لئے ہمارا ڈپٹی کمشنر چیخ رہا ہے - مگر کچھ بھی نہیں ہوتا - چار ٹیوب ویل sanction ہوئے تھے اس کا کام آج تک نہیں ہوا ہے - کیونکہ پاور مشینری نہیں ہے جو کام کرے - یہ حالت ہے - آپ خرچ تو دکھاتے ہو کہ ہم چھوٹے صوبوں کو کافی دیتے ہیں مگر surrender کرنے کے لئے - کام نہ ہو تو سارا surrender ہوجاتا ہے -

Mr. Speaker : The member may please take his seat.

حاجی عبدالمجید جتوئی - ہمارے ضلع دادو میں گنے کی پیداوار کافی ہے - اور ہمارے ہاں لوگ Sugar Mill کے لئے چیخ رہے ہیں لیکن اس Sugar Mill کا لائسنس منگھی صاحب کو دیدیا گیا ہے اور اب وہ لاڑکانہ میں لگائی جائے گی - اس طرح ہمارے ضلع دادو کو جہاں کوئی Sugar Mill نہیں اس حق سے محروم کیا گیا ہے - کیا الیکشن کا ہمیں یہی فائدہ پہنچنا ہے -

دیوان سید غلام عباس بخاری - جناب والا - میری تجویز یہ ہے کہ جو معزز ممبران تقریر کرنا چاہتے ہوں - وہ اپنی جگہوں پر کھڑے ہو جائیں اور آپ مہربانی فرما کر ان کے ناموں کی ایک فہرست مرتب فرما لیں اور پھر اس کے مطابق سب کو تقریر کا موقع دیں -

مسٹر سپیکر - بہتر یہ ہوگا کہ Party Whips صاحبان اپنی اپنی پارٹی رست تیار کرکے مجھے دے دیں - بجائے اس کے کہ کھڑے ہو کر ممبروں کی فہرست بنائی جائے -

مسٹر منور خان (بنوں - ۱) - مسٹر سپیکر - گذشتہ بجٹ کے موقع پر جب ہم نے دیکھا کہ جناب وزیر خزانہ نے سابق صوبہ سرحد کی ترقیاتی سکیموں کے لئے قریباً ۴ کروڑ روپیہ منظور فرمایا تھا تو ہم نے اس پر انہیں مبارکباد پیش کی - لیکن وہاں جانے کے بعد معلوم ہوا کہ وہ ۴ کروڑ روپیہ جس سے مختلف ترقیاتی سکیمیں تیار ہونا تھیں جن کے لئے یہ روپیہ طلب کیا گیا تھا - وہاں موجود ہی نہیں - تو میری گذارش یہ ہے کہ یہ ۴ لاکھ روپے کی رقم بنوں میں ہسپتال اور کالج کی تعمیر کے لئے منظور کی گئی تھی - کالج کے لئے تو وہاں زمین بھی acquire کر لی گئی تھی جس کی تمام ضروری formalities مکمل ہونے کے بعد جب کاغذات یہاں آئے تو ہمیں جواب ملا کہ رقم تو کسی اور جگہ خرچ ہو چکی ہے -

جناب والا - اگر اس قسم کے طریقوں سے کاغذی کارروائی میں ایک چیز ایک علاقے کی ترقی کے لئے مخصوص کی جائے اور جب ضرورت پڑے تو وہی رقم کسی دوسرے کام پر خرچ کر دی جائے اور یہاں کالج کی زمین حاصل کرنے کے لئے بھی روپیہ نہ دیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ واقعی مقام افسوس ہے - میں جناب وزیر خزانہ سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آیا یہ رقم جو کالج اور ہسپتال کے لئے مخصوص کی گئی تھی ان کی مرضی سے کسی دوسری جگہ یا دوسرے ضلعے پر خرچ ہوئی یا اسے خرچ کرنے کی ذمہ داری کسی اور صاحب پر ہے - نیز اسے وہاں خرچ کرنے کی خاص وجوہات کیا ہیں - آخر اسے ضلع بنوں پر جس کے لئے وہ مخصوص تھی کیوں خرچ نہ کیا گیا -

جناب والا - ضلع بنوں سابق صوبہ سرحد کا صرف ایک ہی ضلع ہے جس میں ابھی تک جدید ہسپتال نہیں بنایا گیا - وہاں میونسپلٹی کا ایک سابقہ معمولی سا تھرڈ کلاس ہسپتال ہے جس کے برآمدے میں بیچارے مجروح اور مریض لوگوں کو رکھا جاتا ہے - اس کے اندر کمرے تک نہیں جہاں مریض وغیرہ سردی میں رکھے جا سکیں اور گرمی کے موسم میں پنکھوں کی مدد سے کچھ آرام حاصل کرسکیں -

جناب والا - سابقہ صوبہ سرحد کے ہر ضلع میں جدید ہسپتال قائم کئے گئے ہیں - لیکن مقام افسوس ہے کہ جو روپیہ سب سے پسماندہ ضلع بنوں کے لئے مخصوص کیا گیا تھا اسے کسی دوسرے ضلع پر خرچ کیا گیا ہے - آخر ایسا کیوں ہوا ہے - کیا کاغذ پر ایک ضلع کے لئے منظور ہونا اور کسی دوسرے ضلع پر خرچ کرنے کو ہم دھوکہ نہیں کہہ سکتے - کیا ہمارے ساتھ یہ دھوکہ نہیں ہوا - جناب اگر لفظ ''دھوکہ،،

غیر پارلیمانی ہے تو میں اسے واپس لینے کے لئے تیار ہوں - لیکن میں پھر یہی کہوں گا کہ جب ایک رقم ضلع کے لئے مخصوص کی گئی ہے تو پھر وہ کسی دوسرے ضلع پر کیوں صرف کی گئی ہے ؟

جناب والا - حال ہی میں جب وائس چانسلر پشاور یونیورسٹی ہمارے ہاں تشریف لائے تو انہوں نے کہا کہ یہ کالج تو اصطبل کے برابر ہے - یہ اصطبل ہے اور اس میں لڑکوں کا پڑھانا بالکل نامناسب ہے - تو عرض یہ ہے کہ جب ایک جگہ ایک چیز کی اشد ضرورت ہے تو وہاں سے وہ کیوں چھینی گئی ہے اور دوسری جگہ کیوں مہیا کی گئی ہے - آخر یہ کہاں کا انصاف ہے - میں جناب وزیر خزانہ سے پرزور مطالبہ کروں گا - کہ وہ اس کی تحقیقات فرمائیں اور وہ روپیہ جو ضلع بنوں کے ہسپتال اور کالج کے لئے منظور کیا گیا تھا اور جو دوسری جگہ خرچ کیا گیا ہے ہمیں واپس دلایا جائے اور اس سلسلے میں آرڈر پاس کر دئے جائیں کہ وہ زمین جو acquire ہو چکی ہے اس کی قیمت فوراً ادا کی جائے -

جناب والا - آخر میں میں یہ عرض کروں گا کہ جناب محترمہ وزیر تعلیم صاحبہ حال ہی میں بنوں کا دورہ کر چکی ہیں - انہوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ وہاں لڑکیوں کا کالج نہیں اور لڑکیاں لڑکوں کے ساتھ ایک ہی کلاس میں بیٹھ کر تعلیم حاصل کرتی ہیں - تو میری گذارش یہ ہے کہ یہاں بہت سی غریب لڑکیاں ہیں جو دوسرے اضلاع میں مثلاً ڈیرہ اسماعیل خان اور پشاور جاکر تعلیم حاصل نہیں کر سکیں - تو بیگم صاحبہ نے وہاں بڑی مہربانی فرمائی اور حکم دیا کہ کوئی مکان کرایہ پر لے لیا جائے اور لڑکیوں کو Co-education میں نہ رہنے دیا جائے - کرایہ وغیرہ کا بندوبست انہوں نے خود ہی کرنے کا وعدہ فرمایا - چنانچہ اس ضرورت کو بیگم صاحبہ خود ہی محسوس کر چکی ہے کہ وہاں لڑکیوں کا کالج بنانا از حد ضروری ہے - لہذا میں جناب وزیر خزانہ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ اس اہم ضرورت کے لئے کچھ رقم تعین فرمائیں تاکہ لڑکیوں کے لئے علیحدہ کالج جلد از جلد تعمیر کیا جائے -

Haji Gul Hassan Manghi (Sukkur 1) : Sir, Mr. Abdul Majid Jatoi has made personal attack on me. I will not try to give any reply to this attack. But so far as his complaint about the sugar mill is concerned that the people of Dadu district were not taken into confidence, specially big zamindars and Mr. Jatoi, I may point out that they are very fond of dog races and pig sticking. So I would request them not to indulge in these things, but to take interest in the cultural and developmental activities of their area and put up an industry any where they like. I do not want to say anything more to him.

Now I come to the budget. It has pained me very much that six Ministers out of eight are absent in this House. Only the Assistant Finance Secretary and two other gentlemen are present in the official gallery. This is a budget debate and they must take interest and see what we are saying here. This shows that they have absolutely no interest in the supplementary budget. The reason is very clear because this supplementary budget has been prepared by the Finance Secretary and the Finance Minister, who is from the public, has not given any touch to it and he has no interest in it.

It has been said that 10 crores of rupees from contingency item will be spent on development schemes in West Pakistan. But it has pained me very much that this amount has been spent on the creation of certain posts which is an unnecessary burden upon the tax-payer.

In para four of the Budget speech the Finance Minister has said :

"The House will be glad to know that I have included in the Demands an amount of Rs. 4.88 crore incurred from the Contingency Item.

Sir, if you refer to Appendix I you will find that it is nothing but creation of more posts of Officers. In spite of the report of the Economic Committee this is the state of affairs. You will find nothing but a huge increase in the number of posts of officers.

Sir, we all know that a house will not function properly with many women and the plough will not work with many men. Simply creating posts does not mean that we are doing substantial work for development.

In the annual Budget it was said that thirty two crores of rupees were to be spent on development schemes in Sind. But when we went there we found that it was a scheme on paper only and it was minus thirty two crores. The reason is very simple. Mostly the Heads of Departments and Officers posted there are from other regions. They have been sent there as a punishment. Some of them are inefficient. Some of them are dishonest. Some of them are not interested in their work. No doubt some of them are good and honest. But their percentage is very small—5%—and they can do nothing. Officers there have collected so much furniture that I have not seen even in the Governor's House. This is an admitted fact

Sir, if you go through the Budget you will see that so many posts have been created in the Education Department, because certain schemes are being implemented. But I find that they have reduced the number of peons in Sind and given junior scale to the Teachers there.

It has been said, time and again, that the Government is unifying the laws on all West Pakistan basis. Then what is the reason that the same scales of pay and benefits are not given to the teachers of the Sind area. When you are unifying the rules then the pay scales should also be unified and teachers in Sind must get the senior scale.

Then, Sir, where is the justification of retrenching peons—about one thousand peons. In the schools there are children of big Zamindars, children of Khuhros, children of Jatois, children of Mangis and children of Bhayos. They are made to sweep the class rooms and fetch water because the schools are without peons. This is the way how these children are receiving education in Sind. On this point I had a talk with the Education Minister and she said that she will try to get back these posts of peons but the Finance Secretary is not going to agree.

(A Voice : There is no quorem.)

May I know if he is the master of all these affairs ?

Mr. Speaker : Mr. Mangi may please take his seat.

Let there be a count. (count was taken)

Mr. Speaker : The House is not in quorum. Let the bells be rung for five minutes.

(*Quorum Bells were rung for five minutes*).

Mr. Speaker : Yes, the House is in quorum now. Mr. Mangi may please continue.

Haji Gul Hassan Mangi : Sir the Minister-in-Charge of revenue had given me in writing that from Rabi 1962-63, the Assessment in Sind would be charged on actual cultivation. But this was not done. Then orders were issued that this scheme should come into effect from Kharif 1963-64 and 'partal' was also done on this basis. Now we have received letters that this scheme has been withdrawn. I do not know the reasons for the withdrawal of this scheme. The Minister should look into this and issue immediate orders.

The distribution system of water in Sind is very bad. Those whose lands are on the Head get all the water and those who are at the tail get little or no water. There is no remedy of this problem except the consolidation of the land and giving separate water course to each Zamindar. It is for him to cultivate one thousand acres or one hundred acres or leave his land uncultivated. Unless the policy of consolidation is not followed strictly there will be no impovement in this water system.

Mr. Speaker : The member may please make his last point.

Haji Gul Hassan Mangi : It has been stated that an amount of 1.76 crores has been ear-marked for remodelling the canals in Sind. In fact this item should have been provided in the annual Budget. I may say that this Department is mostly corrupt and there is absolutely no work in it. When the Zamindars say to them that the department should allow them to remove silt from the water courses, they say them that they will do it themselves. They appoint their own agencies and do the work according to their own whims. There is absolutely no work. It is work simply on paper and all this money is pocketted by them. In the past the percentage received from the contractors was 20%. Now they have increased it to forty percent. The reply is that this is the gift of the One Unit. They say that they have to satisfy their officers sitting in Lahore. This means that out of one hundred 40% goes to Officers, 40% to the contractors and 30% is left for the work, and the work is nil.

Sir, an amount of ten crores of rupees has been provided to the Department of Basic Democracies. This Department has been wasting money. There is actually no work and I have seen them spending money on District Council parties, functions, exhibitions and cultural shows. In fact this amount was provided for the construction of roads, and hospitals which is the prime need of the country and they have not done this. I think it will be better to withdraw this amount from them and appoint some Advisory Committee to carry on this work.

Sir, in the Agricultural Development Corporation there is an outcry inside the Department, because they have taken some people from the Agriculture Department. Now what are they doing ? At the time of the Budget they reduce the posts and make these people to go back to their Parent Department *i.e.*, the Agriculture Department—on lower posts. After the Budget is prepared they again create posts and import people from the Punjab side. I request the Minister concerned to set up a Committee immediately which should go into this question and investigate what they are doing in Sind. Whatever amount they are supposed to spend they are putting in their own pockets and they are doing absolutely no development work.

Mr. Speaker : The member may please resume his seat.

Mr. Muhammad Ishaq Khan Kundi (Senior Deputy Speaker): Sir, I hope everybody will agree that the most impressive item in the current Budget has been the allocation of ten crores for rural works programme. And I think that in reality (real) Pakistan lives in villages. After this programme has gone through people will really feel the impact of development that is alleged to have been going on in so far as they are concerned.

I have to offer a few observations on the distribution of this sum among various Divisions and I hope the worthy Finance Minister will make a note of them, and if he is not convinced of my reasons at least he will take a charitable view after having heard Pir Ghulam Ali. For the distribution of the sum of ten crores, as far as I know, a formula was evolved that half of this amount will be distributed on the basis of areas and the other half will be distributed on the basis of population. Now, I submit that it does not need any great Mathematical knowledge that on this basis of distribution those areas which have neither a large population nor vast areas will suffer. Only those areas or those divisions will get a greater amount where the area is either very large or the population is very large. But I submit that those areas where both these factors are on the inner side, *i.e.*, neither the population is large nor the area is very large, they will not get a fair deal. I submit that if this view has got any truth in it, the division of Dera Ismail Khan has not been fairly treated in the distribution of this sum.

As far as the district of Dera Ismail Khan is concerned, about 14 lakhs of rupees have been awarded to it. I think there is no need to press this point here that the district of Dera Ismail Khan is considered one of the backward areas and there is so much scope for development that you can put any amount there and I think it will be difficult to say that even the basic necessities have been fulfilled there. The point that I want to press before the Finance Minister is this and I hope he will agree with me, that one of the greatest needs of the backward areas today is the construction and maintenance of the means of communication. That is, roads and bridges and something like that. This being a very basic necessity for economic development, at the same time it is one of the most expensive items. There was a programme for road construction totalling Rs. 3½ crores and it was expected that these roads will be built in the current budget. I need not, however, go into the reasons why the amount was not available originally for that but I have been told that some of the important roads in that programme have been transferred to the Works Programme, and that necessary instructions have been issued to the Commissioners of various divisions that they should be included. I submit that bearing this thing in mind that some of the divisions are backward and that this roads' scheme is one of the most expensive items, the Finance Minister should be pleased to allot some further sums from the contingency item so that these parts of the road programme are accommodated. As far as I know, the Commissioner of the Dera Ismail Khan Division has also represented that the amount that has been allotted to that area cannot bear the burden of constructing those roads, which have been transferred from the first programme to the Works Programme and that some further allocation should be made. I submit that if these roads are included inside the amount that has already been allotted, then it can create a great difficulty in the completion of the Works Programme. At the same time I would submit that if the roads, which had been included in the Works Programme are excluded, and if they are not constructed, then it will be a great set back for the economic development of that area. I hope that the Finance Minister will take note of it and will be pleased to consider the desirability of transfering some amount. I will submit that even a couple of lakhs will meet the demand and it will be one of the most important contributions to the development of that area. My next submission is that in the implementation of the Works Programme, one difficulty that is being realized on every side is that

of shortage of cement, which will cause a great set back. Already some substitutes are now being suggested that this should be used there. I submit that in a backward area like the division of Dera Ismail Khan, many of the programmes are the construction of the drinking water tanks or construction of of buildings for schools, and something like that. All of these require a great amount of cement and I thing—I don't know which is the proper quarter whom I should address, but I will address the Leader of the House, who is also the Finance Minister—that some arrangement should be made, if possible, at least in the backward districts, like Dera Ismail Khan, to put some quantity of cement at the disposal of the Tehsil Councils, so that they can use it in case of necessity in specific programme.

Then I will come to another necessity of the area, *i.e.*, the provision of drinking water for the area. As I pointed out in my budget speech, the whole of the amount that has been allotted to the Dera Ismail Khan division has been spent in the district of Bannu. About 8 or 9 lakhs of rupees, which you have put in the rural programme, are being spent on the Bannu schemes. Not a single scheme has been given to the Dera Ismail Khan district. I need not go into the reasons for that but I hope it is time that the Finance Minister should look into it that when the current budget is being prepared necessary allocations are made for some of the schemes relating to the Dera Ismail Khan district, which are under the consideration of the Provincial Government. Those schemes should be given due consideration.

With these words I take my seat.

مسٹر حمزہ ۔ (لائل پور ۔ ۶) جناب سپیکر ۔ کوئی گورنمنٹ جو کہ صحیح معنوں میں گورنمنٹ کہلانے کی حقدار ہو . . .

دیوان سید غلام عباس خان بخاری ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ کیا بولنے کی اجازت اس طریق سے نہ دی جائیگی کہ ایک ممبر حزب اختلاف کی طرف سے بولے اور پھر ایک ممبر حزب اقتدار کی طرف سے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں تو اسی اصول پر چل رہا ہوں ۔ ہر ایک آپوزیشن ممبر کی تقریر کے بعد حزب اقتدار کو موقع دے رہا ہوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ وہ گورنمنٹ جو کہ صحیح معنوں میں گورنمنٹ کہلانے کی حقدار ہے ۔ اسکا مطمع نظر عوام الناس کی بہبود اور خوشحالی ہی ہو سکتا ہے ۔ بعض حلقوں کی طرف سے یہ رائے بھی دی جاسکتی ہے ۔ کہ محض کھانے پینے کی چیزوں کی فراوانی ہی انسان کی بلندی کا باعث نہیں ہو سکتی ۔ اور نہ ہی اس میں وہ تمام خوبیاں پیدا کر سکتی ہے ۔ جو ایک صحیح معنوں میں انسان کہلانے والے شخص کے اندر ہونی چاہئیں ۔ لہذا مادی ترقی کے ساتھ ساتھ اخلاق یا روحانی ترقی کو انتہائی اہمیت دی جاتی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر ہم ان دو اہم چیزوں کو مدنظر رکھیں ۔ تو ہم اس نتیجہ پر پہنچینگے ۔ کہ جب سے پاکستان معرض وجود میں آیا ۔ اور خصوصاً مارشل لاء لگنے کے بعد آج تک جو ڈکٹیٹرانہ قوانین ہمارے

ملک میں رائج کئے گئے ۔ اُن سے نہ تو اس ملک کو مادی ترقی نصیب ہوئی ہے ۔ مادی ترقی نصیب ہونا تو درکنار ہماری روحانی اقدار بھی ایک ایک کر کے ختم ہو رہی ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اس سلسلے میں ہم یہ کہہ سکتے ہیں ۔ کہ سٹالن یا خروسچیف نے، ٹیٹو یا موزے تنگ نے اپنے اپنے ممالک کی خاص انداز میں خدمت کی ۔ انہوں نے عام انسانوں کو ضروریات زندگی مہیا کرنے کے لئے ملک کی ترقی کے لئے کچھ تو کیا ۔ ہمیں یہ تسلیم ہے ۔ کہ جہاں تک شہری حقوق کا تعلق ہے ۔ اور جہاں تک آزادی تحریر و تقریر کا تعلق ہے ۔ انہوں نے اپنے ملک کو بہت عرصہ تک اپنی گرفت میں رکھا ۔ لیکن ایک چیز ان کے حق میں جاتی ہے ۔ کہ ان تمام قربانیوں کی وجہ سے ان ملکوں میں مادی وسائل کی فراوانی ہے ۔ اور ایک عام انسان خوش حال زندگی بسر کر سکتا ہے ۔ اور وہ ممالک اب دنیا میں عزت و قدر کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اس وقت اس دنیا میں ایک اور جنرل موجود ہے ۔ جنکو میں مارشل کہتا ہوں ۔ اور انکا نام چیانگ کائی شیک ہے ۔ امریکہ نے انہیں بڑے پیمانے پر امداد دی ۔ اور کروڑھا کروڑ ڈالر اس ملک پر خرچ کئے ۔ کہ جہاں وہ پہلے قابض تھا آپکو معلوم ہے ۔ کہ وہ انتہائی امداد جو انہیں دی جاتی رہی اس ملک کے اندر کی بد انتظامی اور کرپشن اسکو ضائع کرتی رہی ۔ اور بالاخر اسے موزے تنگ کے مقابلہ میں شکست کھانی پڑی ۔ نتیجہ آج یہ ہے کہ امریکہ کا پروردہ موجود تو ہے لیکن اُسے نیم براعظم چین کو چھوڑنا پڑا ۔ اور فارموسا میں امریکی خیرات پر گذارہ کرتا ہے ۔ اور موزے تنگ اور اس کے ساتھی چین پر قابض ہیں ۔ یہ وہ چین ہے جسکو ہمارے ملک میں عزت و احترام سے دیکھا جاتا ہے اور جس سے آج ہماری حکومت دوستانہ تعلقات استوار کرر ہی ہے ۔ آج اس ملک پر communist regime....

Mr. Speaker : Are you discussing the foreign policy ?

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں اکنامک پالیسی کو discuss کر رہا ہوں اور میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ آپ بجٹ میں جتنی بڑی رقومات کی گنجائش رکھیں چاہے آپ ساڑھے بارہ کروڑ سے ۱۰۰ گنا زیادہ رکھ دیں جب تک آپ کے حکام کی اکثریت بد دیانت ہے ۔ جب تک آپ کی گورنمنٹ غلط پالیسیوں پر گامزن ہے روپیہ یہاں کچھ بھی نہیں کر سکے گا ۔

جناب سپیکر ۔ آپ اس چیز کو تسلیم کریں گے کہ مارشل لا لگنے کے بعد خصوصاً جب سے اللہ نے یہ گورنمنٹ ملک پر نازل کی ہے ہمارے پریس لاز

کریمنل لاء امنڈمنٹ بل یونیورسٹی آرڈیننس لاؤڈ سپیکر آرڈیننس جیسے قوانین بنائے گئے ہیں ۔ جن کا مقصد ان افراد کی زبان بند کرنا ہے جو گورنمنٹ کے خلاف آواز حق بلند کرتے ہیں ۔ بغاوت کے مقدموں کا بنایا جانا اور ساتھ ہی ساتھ عدلیہ کو ایک تماشائی کی حیثیت دینا یہ تمام ایسی حرکات ہیں جو ہر انسان اور خصوصاً ہر ذی شعور شہری کو کھٹک رہی ہیں اور آج اس ملک میں ایسے حالات پیدا کر دئے گئے ہیں کہ ہر آزاد خیال انسان گھٹن محسوس کرتا ہے یہاں آزادی تحریر و تقریر بالکل مفقود ہو چکی ہے لیکن یہ جو تمام پالیسیاں اور قوانین ہیں انکی محض ایک غرض و غایت ہے کہ ایڈ منسٹریشن کیطرف سے ملک کے اندر جو بد عنوانیاں کی جا رہی ہیں یا حکومت کی ناقص پالیسیوں پر عوام الناس کو نکتہ چینی کرنے سے روکا جائے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو اس بات کا علم ہے کہ جہاں عام انسان کی ضروریات زندگی پہلے کی نسبت فراوانی سے یا سستی میسر نہیں آتیں اور اخلاق انحطاط کی حالت یہ ہے کہ ہماری گورنمنٹ کے افسران جس میں میں اپنے علاقہ کے خصوصاً لائل پور کے مجسٹریٹوں کا حوالہ دونگا ان میں اکثر ایسے ہیں جو رات کو کلب attend کرتے ہیں اور ہمارے کلبوں میں یہ چیز عام ہے کہ وہاں شراب پی جاتی ہے اور جوا کھیلا جاتا ہے ۔ آپ اندازہ لگائیے کہ جن لوگوں کی ذمہ داری انصاف کرنا ہے اگر انکی اخلاقی حالت یہ ہو کہ اُن میں اکثر شراب پیتے ہوں اور جوا کھیلتے ہوں تو اس ملک کے عوام کی کیا حالت ہوگی اور اس ملک کے اندر قانون اور قانون پر چلنے والوں کی کس قدر مٹی پلید ہوتی ہوگی ۔ اس سے پہلے اسمبلی کے اجلاس میں تحریک التواء کے ذریعہ میں اس معاملہ کو زیر بحث لانا چاہتا تھا کہ محکمہ تعلیم کے سیکنڈری بورڈ کے چیئرمین صاحب نے یہ فرمایا تھا کہ امتحان میں تقریباً ۲۵ فی صدی ممتحن ناجائز ذرائع اختیار کرتے ہیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ میں اس Disclosure کو اتنی زیادہ اہمیت نہیں دیتا کیونکہ آج ملک کے اندر جو کچھ بھی ہو رہا ہے اس کے پیش نظر بچوں اور طالب علموں کا جو کردار ہوگا وہ ظاہر ہے ۔ ہم آج دیکھتے ہیں کہ ہر کاروباری انسان جسے اپنے آپ کو ایک کامیاب کاروباری انسان کہلوانا ہے اس کے لئے ضروری ہے کہ بلیک مارکیٹ اور سمگلنگ کرے یا جسے وزیر بننا ہے وہ ہر ناجائز کام جائز کہے ۔

Mr. Speaker : Two minutes more.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں ابھی Introduction ہی کر رہا ہوں ۔ آج ملک میں جس جس طرح سے اور ناجائز طریقوں سے دولت اکٹھی کی جا

رہی ہے وہ اس بات کا پیش خیمہ ہے کہ ہمارے بچے بھی زندگی کے ہر شعبہ میں ناجائز ذرائع اختیار کریں اور کرتے ہیں ۔

مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہماری گورنمنٹ بجائے اس کے کہ ان بنیادی نقائص کو رفع کرتی انہوں نے ایک چیز طے کر رکھی ہے جس پر وہ سختی سے عمل کر رہی ہے ۔ وہ ملک کے مفادات کو بالائے طاق رکھ کر ہمارے ملک کے اندر سرمایہ داروں بڑے زمینداروں اور Industrialists کو جو پہلے ہی دولت کے زور سے انتہائی اثر و رسوخ کے مالک ہیں کو مزید رعایتیں دے ۔ یہی حال زمینوں کی تقسیم کی پالیسی کا ہے ۔ اس کے ساتھ ساتھ غریب کاشتکاروں اور مزدوروں کے ساتھ نا انصافیوں کی پالیسی اختیار کر رکھی ہے ۔ عام ملازم پیشہ انسانوں کو آج ضروریات زندگی تک میسر نہیں آتیں عام انسانوں کو ضروریات زندگی میسر نہیں آتیں ۔ ضروریات زندگی انتہائی گراں ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ اس بدترین انتظامیہ کی یہ پالیسی ہے کہ جب ان کے خلاف کوئی آواز اٹھائی جاتی ہے تو آرڈیننسوں کے ذریعہ اس قسم کے قوانین بناتے ہیں کہ جن سے عوام الناس کی آواز بند ہو جائے عرض یہ ہے کہ اس قسم کے جتنے قوانین بنے ہیں ان کی غرض و غایت یہ ہے کہ لوگ غلط اور تباہ کن پالیسیوں پر نکتہ چینی نہ کریں ۔ ایک طرف تو ان کی غلط پالیسیوں سے چند لوگ دونوں ہاتھوں سے دولت سمیٹ رہے ہیں دوسری طرف عام لوگ بھوکے مر رہے ہیں ۔ بہتر یہ ہے کہ بڑے افسروں کو زمین تقسیم کرنے کی جو پالیسی گورنمنٹ نے اختیار کر رکھی ہے یا کارخانے لگانے کے لائسنس اپنے Favourites کو دئے جا رہے ہیں ۔ جس کا ثبوت اس ایوان میں دیا جاتا رہا ہے یہ اس کو ترک کریں اور عوام الناس کو یہ حق دیں کہ وہ ان کے نقائص بلا کسی خوف کے بتائیں تاکہ گورنمنٹ ٹھیک راستے پر چل سکے ۔

مسٹر سلطان محمد اعوان (ہزارہ ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ اس معزز ایوان میں کئی بجٹ پیش ہوئے مگر اس سے کسی پسماندہ علاقے کے عوام کوئی فائدہ نہ اٹھا سکے شاید ان لوگوں کی بدقسمتی ہوگی کہ دن بہ دن پسماندہ سے پسماندہ ہوتے جا رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں اپنے ضلع ہزارہ کے متعلق کچھ عرض کروں گا ۔ جسے علاقہ تناول کہا جاتا ہے ۔ بدقسمتی سے علاقہ تناول دو حصوں میں تقسیم ہے ایک اپر تناول جہاں کے حالات خراب سے خراب تر ہو رہے ہیں اور دوسرا لوئر تناول ہے ۔ جناب سپیکر ۔ لوئر تناول جو علاقہ ہے

وہ معدنی ذخیروں سے مالا مال ہے لیکن ہماری حکومت مناسب توجہ نہ دینے کی وجہ سے اس چیز سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا رہی ہے ۔ جناب والا ۔ اگر ہماری حکومت اس طرف مناسب توجہ دے تو اس معدنی دولت سے وہاں کے لوگ وہاں کے عوام فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو کہ بالکل بیکار پڑی ہوئی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ علاقہ تناول تعلیم کے بارے میں مطلق پیچھے ہے کوئی ذرائع آمدورفت نہیں ہیں اگر دو چار سکول ہیں تو وہ ایک پرائمری سکول اور ایک ہائی سکول بنے ہیں ۔ اگر کوئی ڈسپنسری ہے تو دوائیاں نہیں اور اگر دوائیاں ہیں تو کمپاؤنڈر نہیں اگر کمپاؤنڈر ہیں تو دوائیاں نہیں ہیں ۔ شروان میں ایک پرائیمری سکول کی عمارت میں ایک ہائی سکول چل رہا ہے ۔ میں بیگم صاحبہ سے التجا کروں گا کہ وہ اس طرف توجہ دیں ۔ اتنا بڑا علاقہ جو تناول کا ہے اس میں ہائی سکول کا ہونا نہایت ضروری ہے اور اس علاقے میں صرف ایک ڈسپنسری ہے ۔ جناب سپیکر ۔ پچھلے دنوں ایک لڑائی ہوئی کسی جگہ پر گدا گلی سے ۱۰ میل دور وہ علاقہ ہے اور اس میں ایک معزز آدمی شدید زخمی ہوا اور وہ اس ڈسپنسری میں لایا گیا لیکن وہاں کوئی دوائی نہ تھی کوئی ڈاکٹر ہی نہ تھا ۔ وہ بیچارہ ایک دن پڑا رہا اور معقول علاج نہ ہونے کی وجہ سے وہ جاں بحق ہو گیا ۔ میں وزیر صحت صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہاں ہسپتال اور ڈاکٹر ہونے بہت ضروری ہیں تاکہ وہ لوگ اس چیز سے فائدہ اٹھا سکیں ۔ جناب سپیکر ۔ وہاں علاقے کے سینٹر میں کنکوتری نام کا ایک بہت بڑا مقام ہے جس کے ذرائع آمد و رفت بہت غیر تسلی بخش ہیں ۔ حکومت کو اس علاقے کے حال پر مہربانی کرنی چاہئیے اور جس طریق پر مشرقی پاکستان میں سروے شروع کیا ہے وہاں بھی اس طریق پر سروے شروع ہونا چاہئیے اور اگر یہ وہاں سروے شروع ہو جائے تو ان لوگوں پر بڑا احسان ہوگا ۔ راستہ چلنے کے قابل نہیں ۔ میں وہاں گیا تو میں نے دیکھا کہ ۱۰ میل تک لوگ پیدل چلتے ہیں ۔ حکومت کے افسر تو کیا پٹواری بھی وہاں نہیں جاتے اور ان پیدل چلنے والوں میں ہماری پردہ نشیں مائیں بہنیں بھی شامل ہیں ۔ ہمارے نازک مزاج افسر یہ تکلیف بھی گوارا نہیں کر سکتے کہ وہ اس سینٹر میں چلے جائیں اور لوگوں کی تکلیف کو رفع کر سکیں ۔ اگر کچھی سے گدا گلی تک ایک سڑک تعمیر کی جائے تو ان لوگوں کی تکلیف رفع ہو سکتی ہے ۔ علاقہ تناول میں ایک مقام بیٹر ہے جہاں کے لوگوں نے اپنی مدد آپ کرو کے پروگرام کے تحت ایک پرائمری سکول اور مڈل سکول کی عمارت بنائی وہ

عمارت مکمل ہو چکی ہے اور وہاں کے لوگوں نے اس مقصد کے لئے چندہ جمع کیا ۔ میں نے کئی دفعہ بیگم صاحبہ کی خدمت میں عرض کی کہ وہ وہاں اُستاد بھیجیں پہلے بھی اُن لوگوں نے اپنے خرچہ پر اُستاد لگائے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ اس زمانے میں بھی جب کہ لوگ امریکہ کی طرح چاند پر پہنچنے کی کوشش کر رہے ہیں ہمارے لوگ پانی کو ترس رہے ہیں ۔ ایک دفعہ میں اپنے علاقہ کے دورے پر گیا تو مجھے پیاس لگی میں نے پانی مانگا تو مجھے نصف گلاس پانی کا ملا ۔ جب وجہ دریافت کی گئی کہ کیوں پانی نہیں ہے تو پتہ چلا کہ پانی ۱۰ میل سے لانا پڑتا ہے ۔ تو جناب سپیکر ۔ یہ چھوٹی چھوٹی چیزیں عوام کے دلوں میں بدگمانی پیدا کر رہی ہیں ۔ لاہور میں ایرکنڈیشن کمروں میں بیٹھ کر بجٹ بنانے والوں سے پوچھتا ہوں کہ اگر آپ اس طرح سے بجٹ بناتے ہیں اور اگر ان پسماندہ علاقوں کی طرف توجہ نہ دی گئی تو ان کا کیا حشر ہوگا ۔ جناب سپیکر ۔ میں آخیر میں میوہسپتال کے متعلق عرض کروں گا ۔ ۱۰۰ سال سے قبل کا یہ ہسپتال ہے اس وقت ۵۰۰ بستروں کا انتظام تھا لیکن موجودہ ہسپتال میں ایک ہزار کے قریب مریضوں کا علاج ہو رہا ہے میں وزیر صحت صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ یہ ہسپتال جو کہ بہت پرانا ہے اور قوم کی خدمت کر رہا ہے اس کی وسعت کے لئے مزید کمروں کا انتظام کریں ۔ جناب سپیکر ۔ ہمارے ہاں ایک ڈینٹل کالج ہے اس کا پرنسپل یا سپرنٹنڈنٹ جو ہے مجھے پتہ چلا کہ اس کے پاس کوئی ڈگری نہیں ۔ میں اپنا خود ایک واقعہ بتاتا ہوں ۔ میرے دانت میں درد تھا ۔ ڈینٹل سرجن نے مجھے ایک چٹ دی اور ایکس رے کے لئے مجھے بھیجا اور جس طرح ایک فٹ بال ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتا ہے اور پھر وہ کسی کے پاس پہنچ جاتا ہے اسی طرح ایک مریض ایک چٹ لے کر پہلے دوسرے اور تیسرے آدمی کے پاس جاتا ہے ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ میں تو ایکس رے کے لئے آیا تھا اور ادھر آدھر مجھے گھومنا پڑا ۔ جناب سپیکر ۔ یہ پرنسپل یا سپرنٹنڈنٹ جو ہے اس نے کسی چیز کے لئے ٹینڈر طلب کئے اور آخری تاریخ تھی $7\frac{10}{63}$ تو اس میں تین فرموں نے ٹینڈر دیے ان کے ایک کرم فرما ہیں انار کلی میں جو وہاں پر دوکان کرتے ہیں تو انہوں نے ٹینڈر دیا $31\frac{10}{63}$ کو تو اُن تینوں فرموں کو نظر انداز کر کے اس نے اپنے کرم فرما کے نام چٹھی ارسال کر دی ۔ حالانکہ دوسری فرموں نے بہت کم قیمت کے ٹینڈر دیے تھے ۔ اور اگر بغیر ٹینڈر مانگے ہوئے اُس کرم فرما کو آرڈر دے دیا جاتا ہے کہ تم یہ

سہلائی کرو تو میں وزیر صحت سے یہ درخواست کروں گا کہ اس پرنسپل صاحب سے پوچھیں کہ یہ قوم کا روپیہ کیوں اس طرح ضائع ہو رہا ہے اور اس کی روک تھام ضروری ہونی چاہئیے - میں وزیر مال صاحب کا بھی بہت مشکور ہوں کہ انہوں نے ہمارے علاقہ میں اڈیریا نام ایک جگہ ہے اس کو rural علاقہ قرار دیا لیکن افسوس ہے کہ ایک سال کا عرصہ گذر گیا اور اس کے باوجود کوئی عمل درآمد شروع نہیں ہوا اور میری یہ درخواست ہے کہ اس کے لئے کوئی مناسب کاورواٹی کی جائے -

میر حاجی خدا بخش تالپور : (تھر پارکر - ۲) جناب سپیکر - ہمارا مطالبہ ہے کہ اسمبلی میں جو چیز طے ہو جائے اس پر عمل ہونا چاہئیے - ٹھکری نو کوٹ روڈ حیدر آباد سے نو کوٹ تک ہے اور ڈھگری تک اس کو پکا کیا ہے - باقی ڈھگری سے ٹینڈو جان محمد اور اور جھڈو نوکوٹ یہ تین شہر سڑک پکی نہ ہونیکی وجہ سے تباہ ہو رہے ہیں - اس کے متعلق جون سن ۶۲ میں ہاؤس میں یہ فیصلہ ہوا تھا کہ یہ سڑک جو ہے اسکو پکا کیا جائے گا اور ۷ جولائی سن ۶۳ کو گورنر کے سامنے میٹنگ ہوئی ہے جس میں اس روڈ کا فیصلہ کیا گیا ہے - ڈھگری نو کوٹ روڈ حصہ ڈھگری ٹینڈو جان محمد کے لئے آٹھ لاکھ روپے دیئے گئے ہیں اور یہ روپیہ پی ایل سی ۴۸۰ میں سے دیا گیا ہے - ہم نے کہا کہ کہاں سے یہ روپیہ ملا - خیر اچھا ہوا لیکن فیصلہ ابھی تک عمل میں نہیں آیا - اکتوبر سن ۶۳ میں پشاور میں ہم نے گورنر صاحب کو اس فیصلے کی کاپی دکھائی اور درخواست دی - گورنر صاحب نے ہماری درخواست منظور کی اور سیکریٹری صاحب سے سبب پوچھا کہ یہ چیز عمل میں کیوں نہیں آئی - ۲۷ اکتوبر سن ۶۳ کو حیدر آباد ڈویژن کے کمشنر کو اس فیصلے کی کاپی بھیج دی اب کمشنر کا کہنا ہے کہ یہ روڈ ضرور بنے اور اب ہم نے آٹھ دسمبر سن ۶۲ کو چیف انجینئر جو سڑکوں کے انچارج ہیں ان سے یہ سکیم بنوا کر گورنمنٹ کے پاس بھیجی ہے اور ۲۷ اکتوبر کو جو ہمیں اس فیصلے کی کاپی ملی ہے کہ جو روپیہ پی ایل سی ۴۸۰ ہمیں اس روڈ کے بنانے کے لئے ملا ہے اسکی سکیم جو نئی ہے وہ کام ہو رہا ہے - ہمارا کہنا ہے کہ ہمارے لئے روپیہ بڑھا دیں اور گورنمنٹ آرڈر کرے - ویسٹ پاکستان میں پی ڈبلیو ڈی روڈ اور نان پی ڈبلیو ڈی روڈ کے فیصلے کی کاپی ہمارے پاس ہے اور نان پی ڈبلیو روڈ کے لئے ایک کروڑ اور ۸۳ لاکھ روپے دیئے ہیں لیکن سیکرٹری نے یہ فیصلہ اپنے پاس رکھ لیا جس سے ہمیں نقصان ہوا - سن ۶۳ | ۶۴ کے پروگرام کا یہ روپیہ

جلدی دینا چاهئیے اور همارا کہنا ہے کہ ڈیویلپمنٹ کا کام اچھی طرح سے هو - میں مسٹر محمد خان جنیجو کو بھی کہتا هوں کہ وہ بنیادی جمہوریت کا وزیر ہے اور یہ روپیہ جو ویسٹ پاکستان کی سڑکوں کے لئے دیا گیا ہے یہ روپیہ فائنسس ڈیپارٹمنٹ سے جلدی حاصل کریں اور کام شروع کرائیں - همارا مطالبہ یہ ہے کہ جو فیصلہ هو گیا ہے اس پر عمل هونا چاهئے - همارے هر دلعزیز لیڈر شیخ مسعود صاحب سے همارا یہ مطالبہ ہے اور پر زور مطالبہ ہے کہ همیں بہت تکالیف هیں اور وہ ان کو رفع کریں -

جناب والا - حیدر آباد سے ڈگری تک پکی سڑک ہے اور حیدر آباد سے نوکوٹ تک بھی بڑی کچی سڑک ہے - لیکن ڈگری کے آگے جو همارے شہر هیں جیسے ٹنڈو جان محمد-جھڈو-نوکوٹ یہ تمام پکی سڑک نہ هونے کی وجہ سے تباہ هو گئے هیں - ان کی جو ڈویلپمنٹ اور ترقی ہے وہ اس وجہ سے تباہ هو رهی ہے - اس لئے میری عرض ہے کہ جو اس کے متعلق فیصلہ هو چکا ہے اس پر جلد عمل کیا جائے - ابھی همارے فنانس والے بھی یہاں موجود هیں اور محمد خان جنیجو صاحب بھی بیٹھے هوئے هیں ان کو بھی هم نے کہا تھا لیکن انہوں نے کہا ہے کہ فنانس والے همیں روپیہ دیں تو هم موجودہ فیصلوں پر عمل کریں - میں نے فیصلہ کی کاپی محمد خان جنیجو صاحب کو دکھائی ہے -

جناب میری دوسری عرض یہ ہے کہ پرائمری سکولوں کے چپڑاسی اور مسجد کے جو پیش امام نکالے گئے هیں - میں عبدالمجید جتوئی صاحب کو بتانا چاهتا هوں کہ هم نے هی یہ مہم شروع کی ہے اور وزیر تعلیم بیگم محمودہ سلیم صاحبہ کی خدمت میں درخواست پیش کی تھی بیگم صاحبہ نے جواب دیا تھا کہ یہ تجویز نہیں آئی ہے اور هم نے دوبارہ بیگم صاحبہ کی خدمت میں واقعات لکھ کر دیئے هیں - سندھ کا جو سسٹم رائج ہے - اس کے مطابق کام هو گا - سندھ گورنمنٹ کے فیصلے کی کاپی بیگم صاحبہ کی خدمت میں پیش کر دی گئی ہے - جن میں پیش امام مسجد - پٹے والے وغیرہ شامل هیں یہ پٹے والے لڑکیوں کو گھروں سے لے جاتی هیں اور واپس لاتی هیں - بیگم محمودہ سلیم صاحبہ نے همدردی کا اظہار کیا ہے اور معلوم هوا ہے کہ ایسا آرڈر ان کی طرف سے نہیں گیا ہے اس کی وجہ سے حیدر آباد ریجن میں بہت نقصان هوا ہے - بیگم صاحبہ نے فرمایا ہے کہ یہ تکالیف جلد دور هو جائے گی -

اب میں جناب خان پیر محمد صاحب کے محکمہ کے متعلق بھی عرض کرتا هوں - وہ یہ ہے کہ ۱۸۸۲-۱۹۰۵ اور ۱۹۳۲ کی بقایا جات کسی

آباد کار کے پاس نہیں ہے - پتہ نہیں یہ کہاں سے لسٹ آ گئی ہے - ضلع تھرپارکر اور حیدر آباد ڈویژن کے اس وقت کے آدمی انتقال کر گئے انکے بیٹے پوتے بھی مر گئے ہیں مگر یہ بقایا حکومت نے کہاں سے نکال کر زمینداروں سے وصول کرنا چاہتی ہے -

وزیر مال - کوئی بقایا نہیں ہے اور بقایا نہیں لے رہے ہیں -

میر حاجی خدا بخش تالپور - جناب والا - تحصیل دار وہ بقایا جات لے رہے ہیں -

مارشل لاء کے زمانے میں یہ بقایا وصول کر رہے تھے - پھر انہوں نے سمجھ کرکے اس سکیم کو بند کر دیا تھا -

جناب والا - ملک قادر بخش صاحب کا ہم شکریہ ادا کرتے ہیں کہ اس سال سندھ میں نہر کیلئے ایک کروڑ ۸۷ لاکھ روپیہ انہوں نے دیئے ہیں - (ہیئر ہیئر) لیکن ملک قادر بخش صاحب سے عرض کروں گا کہ وہ ہمارے ساتھ مزید اتنی ہمدردی ضرور کریں کہ اس کا انتظام اچھی طرح سے ہو - اگر انتظام اچھی طرح سے نہ ہوا تو اس معزز ایوان میں میرا دعویٰ ہے کہ یہ روپیہ جائز طریق پر خرچ نہیں ہو گا - اگر انتظام اچھی طرح سے ہو گا تو میں ابھی کہہ رہا ہوں کہ ۳۰ سال پانی کی کوئی کمی نہ ہو گی اور اس میں مزید اضافہ ہو گا - اگر نہر کی مرمت اچھی طرح سے ہو گئی اور ایماندارانہ طور پر کام کیا گیا تو سینکڑوں کی تعداد میں لوگ سندھ میں آباد ہو سکتے ہیں -

اب جناب والا - جناب محمد خان جینجو صاحب کی خدمت میں عرض ہے کہ اسمبلی میں رورل ہیلتھ سینٹر ٹنڈو جان محمد کے متعلق فیصلہ ہوا تھا لیکن اس پر ابھی تک عمل نہیں ہوا اور محض کاغذی کارروائی ہو رہی ہے - جناب والا - یہ ٹھیک نہیں ہے - یہ بے عزتی کا باعث ہے جو فیصلہ ہوا ہے اس پر عمل بھی ہونا چاہئے - میں وزیر صاحب کی خدمت میں درخواست کروں گا کہ وہ براہ مہربانی اپنے محکمہ سے پوچھیں کہ اس پر ابھی تک کیوں عمل نہیں ہوا -

اب میں رشوت کے متعلق جناب خان پیر محمد خان صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ سندھ کی حیدر آباد ڈویژن کی تحصیلوں میں پٹواری وغیرہ کو تنخواہیں نہیں ملتی - اس کے متعلق بھی انتظام ہونا چاہئے - اس کے علاوہ ڈپٹی کمشنر صاحب کو ہدایات ہونی چاہئیں کہ وہ تحصیل دار سے پوچھا کرے اور اس کو دبائے اور تحصیلدار پھر پٹواری وغیرہ سے پوچھا کرے کہ کام کیوں نہیں ہوا اس طرح سے رشوت کم ہو سکتی ہے -

ان گذارشات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

سید دیوان غلام عباس بخاری ۔ (ملتان ۔ ۷) ۔ جناب والا ۔ مین عرض کروں گا کہ جمہوریت میں کوئی بھی چیز اگر ایک روشنی شمار ہوتی ہے تو وہ یہ ہے کہ گورنمنٹ اپنے نمائندگان کو عوام کی ترجمانی کرتے ہوئے سن لیتی اور ملک مین پریس کو آزادی ہوتی ۔ جمہوریت کی یہ بنیادی چیز ہے ۔ جس کی وجہ سے جمہوری نظام کامیاب ہوتا ہے اور یقیناً اس میں اقتصادی نظام بھی ایک حصہ ہے ۔ عوام کے جذبات کو نمائندگان کا فرض ہے ۔ کہ وہ قوم کے ہر پہلو پر روشنی ڈالیں جس میں قانون ساز ادارے بھی ہین ۔ ہماری عدلیہ بھی ہے ۔ ہماری انتظامیہ بھی ہے ۔ ہمارا معاشرتی اور اقتصادی نظام بھی ہے ۔ بڑے بڑے پراجیکٹ ۔ ترقیات اور تعمیرات ہین اور سب سے بڑی چیز اخلاق ۔ تربیت اور تعلیم ہے۔ اور آخر میں عسکری نظام ہے ۔ جب ہم لوگوں سے ملتے ہیں تو ان سب شعبوں مین ہمین لوگوں کو تکالیف اور ان کی نکتہ چینی سننی ہوتی ہے اور ہمیں یہ خوشی ہوتی ہے کہ ہم اپنی گورنمنٹ تک ان کو پہنچائیں ۔ ان سب پر ایک ممبر کا دس منٹ مین تنقید اور تبصرہ کرنا بہت مشکل ہوتا ہے ۔ تو مختصراً کرتے ہوئے مین سب سے پہلے ضروری سمجھتا ہون جیسا کہ ایک معزز ممبر نے توجہ دلائی ہے ۔ کہ قوم کا اخلاق پہلی چیز ہے ۔ جناب والا ۔ جس قوم کا اخلاق گرا ہوگا ۔ جس کے اندر خدا پرستی نہیں ہوگی ۔ جس میں اسلام پرستی نہیں ہوگی اور اس کا سرمایہ پلیننگ میں ہو ۔ پراجیکٹ میں ہو ۔ انتظامیہ میں ہو ۔ عدلیہ میں ہو وہ ضائع چلا جاتا ہے ۔ تو میں باوجود اس کے کہ میں گورنمنٹ بنچز کی طرف بیٹھا ہوا ہون میری یہ دیانتدارانہ رائے ہے کہ جتنی توجہ ہم اپنی قوم کے اخلاق کو درست کرنے کی طرف دینا چاہئیں ہم نہیں دے رہے ہیں ۔ میری یہ درد مندانہ اپیل ہے کہ ہم سب سے زیادہ کم از کم اپنے لئے نہیں تو اپنی آنے والی نسلون کے لئے اسلامی اور روحانی تعلیم کو رائج کریں اور یہ تحریک گھر گھر میں ۔ ہر بچے تک اور فرد تک پہنچائی جائے ۔

جناب والا ۔ مجھے اس ایوان میں بہت ہی خوشی ہوئی جب مولانا غلام غوث صاحب کے ریزولیوشن پر اور اس ترمیم پر جو علامہ رحمت‌اللہ ارشد نے پیش کی تھی منظور فرما لیا گیا ۔ ہمارے صوبائی قوانین اسلامی شریعت‌اور اسلام کی روشنی میں ڈھالے جائیں اور ایک علماً کا بورڈ بنا دیا جائے جو ہماری رہبری کرے ۔ میں اس معزز ایوان میں آپ کی معرفت جو آپ کی قیادت میں ہے عرض کروں گا کہ اس ایوان نے ایک پاکیزہ ریزولیوشن

پاس کیا ہے - میں اس کے لئے دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں -

جناب والا - ہمارا معاشرتی اور اقتصادی نظام جو ہے اس کے متعلق بہت کچھ کہا جا سکتا ہے مگر اس کے جو موٹے موٹے پوائنٹس ہیں ان کے بارے میں میں تھوڑے سے وقت میں عرض کروں گا وہ یہ ہیں کہ ہمارے ہاں ٹیکس کا نظام بہت غلط ہے - متعدد ادارے ٹیکس لگا رہے ہیں - اور سینکڑوں ٹیکس ہیں جن کو لوگ گن بھی نہیں سکتے جو وہ لوگ ادا کر رہے ہیں - کوئی ادارہ جب ٹیکس عائد کرتا ہے تو اس کو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ ایک پاکستانی شہری پر پہلے کتنے اداروں کا کتنا ٹیکس لگا ہوا ہے - وہ اپنی ریشو کو قائم کرتے وقت - اپنا معیار قائم کرتے وقت کسی دوسرے ادارے میں جانے یا ان سے انفرمیشن لینے کی تکلیف گوارا نہیں کرتا - میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے دو گروہ ہیں ایک تاجر طبقہ اور زراعت پیشہ برادری of course تجارت پیشہ لوگوں میں ملازم طبقہ بھی آ جاتا ہے - house owners بھی آجاتے ہیں اور کوئی دیگر ذریعہ آمدنی بھی جو زراعت سے تعلق نہیں رکھتی وہ بھی آجاتا ہے تو یہاں دو ہی agencies ہونی چاہئیں جو ایک معیار کے مطابق پاکستانی شہریوں پر ٹیکس عائد کریں اور ہمیں یہ یقین ہونا چاہئیے کہ ایک شخص سے اگر سو میں سے تیس جاتے ہیں تو ہر شخص کو تیس ہی دینے پڑیں گے - تجارت کے لحاظ سے بھی اور زرعی لحاظ سے بھی - جناب والا - اگر میرے پاس وقت ہوتا تو میں اس چیز کو ثابت کر سکتا تھا (کیوں کہ میں خود زراعت سے تعلق رکھتا ہوں) کہ جس شخص کے پاس دو جوڑی بیلوں کی ور دس بارہ ایکڑ زمین ہو اگر اس کی تمام آمدنی اور ٹیکس کو شمار کیا جائے تو اس کے پاس خوراک اور علاج اور بچوں کی تعلیم کے لئے کچھ نہیں بچتا - اس صورت حال پر میں پر زور احتجاج کرتا ہوں - ہمارا اقتصادیات اور معاشرتی نظام مختصر تعداد میں ٹیکسوں پر ہو - اس کا معیار ایک ہو اور ہر ایک کو پتہ ہو کہ اس نے کتنا ادا کرنا ہے -

دوسرے انکم ٹیکس آفیسرز کے رویہ پر مجھے تنقید کرنی ہے - اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ تاجر طبقہ کے بہت سے لوگوں نے دو قسم کے حسابات رکھے ہوئے ہوتے ہیں .....

مسٹر سپیکر - آپ انکم ٹیکس کے متعلق فرما رہے ہیں جو central subject ہے صوبائی حکومت کا اس سے کوئی تعلق نہیں - آپ Agricultural Income-tax کو زیر بحث لا سکتے ہیں -

دیوان سید غلام عباس بخاری - میں جب زراعت کا ذکر کروں گا تو اس کے متعلق عرض کروں گا - جناب والا - یہ مسلمہ امر ہے کہ ہمارا ملک امیر ملکوں میں شمار نہیں ہوتا - میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ جب ہم تسلیم کرتے ہیں کہ ہم غریب ملک کے باشندے ہیں اور ہم دوسرے ملکوں کے مقروض ہیں اور Under Developed ہیں تو روزانہ ایک نیا محکمہ اور ایک نیا عہدہ کیوں کھڑا کر دیا جاتا ہے - جناب والا - اگر آپ پچھلے پندرہ سال یا دس سال کی تاریخ دیکھیں یا بجٹ دیکھیں تو آپ دیکھیں گے کہ ہر سال ٹیکسوں میں اضافہ ہوا ہے اور ایک نہ ایک نئے لیکن فضول محکمہ کا بھی اضافہ ہوتا ہوا آپ کو نظر آئے گا - میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر ہم ایک کمیٹی بنا کر اس پر غور کریں تو ہم بہت سا روپیہ - کروڑوں روپیہ بچا سکتے ہیں جو تعلیم ڈیفنس اور ڈویلپمنٹ پر خرچ کیا جا سکتا ہے - جو اب فضول جا رہا ہے -

Mr. Speaker : One minute more.

دیوان سید غلام عباس بخاری - میں نے تو ابھی بہت سے points عرض کرنے ہیں -

مسٹر سپیکر - وہ تو اب Skip over ہی کرنے پڑیں گے -

دیوان سید غلام عباس بخاری - زراعت کے متعلق میں نے ابھی بہت کچھ عرض کرنا تھا - وہ میں چھوڑ دیتا ہوں اور بہتر ہوگا کہ میں اپنے علاقہ کے متعلق کچھ عرض کر لوں - جناب والا - ملتان ڈویژن ایک بہت اہم ڈویژن ہے اور میرے خیال میں زرعی لحاظ سے One of the best Divisions شمار ہوتی ہے لیکن اس کے لئے اس وقت تک کھانڈ سازی کا کوئی کارخانہ منظور نہیں ہوا - حالانکہ وہاں اس کی بہت ضرورت محسوس کی جا رہی ہے - بہت سے دیگر علاقوں میں جو زرعی اضلاع ہیں وہاں کارخانے منظور ہو گئے ہیں - اس ضرورت کی طرف بھی توجہ دی جانی چاہئیے - اس کے علاوہ اس زرعی ڈویژن میں Spare parts اور زرعی آلات کی ورکشاپ کی بھی ضرورت ہے - اس کی طرف بھی ہماری گورنمنٹ توجہ دے -

جناب والا - ایک بل کے ذریعہ علی گڑھ یونیورسٹی کے نمونہ پر ایک تعلیمی ادارے کے قیام کی تحریک ہو رہی ہے - میں آپ کی وساطت سے اپیل کروں گا کہ اس کے قیام کے لئے ملتان نہایت موزوں بھی ہے اور مستحق بھی یہ ایوان اس معاملہ میں ہماری مدد کرے - جناب والا -

ملتان کی اپنی ثقافت ہے ۔ یہ اپنی نوعیت کا علاقہ ہے ۔ قریباً قریباً ہر ڈویژن میں ریڈیو سٹیشن قائم ہو چکے ہیں مگر ملتان ڈویژن ابھی تک اس سے محروم ہے ۔

ضلع ملتان میں تحصیل شجاع آباد اور لودھراں دو اہم تحصیلیں ہیں ۔ لیکن وہ بھی بہت پسماندہ ہیں ۔ اس علاقہ میں پانی کی نہریں بہت خراب ہیں اور صرف ٹیوب ویل کے ذریعہ ان دو تحصیلوں کے لئے alternative انتظام ہو سکتا ہے ۔ میں ملک صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ کام تو ہو رہا ہے لیکن اس کو push up کیا جائے ۔ لائننگ ہو گئی ہے سروے نہیں ہوا ۔ ملک صاحب اس طرف توجہ دیں ۔ یہ تحصیلیں بہت اہم ہیں ۔ نہری پانی کا انتظام ٹھیک نہیں ہے ۔ اگر بجلی پہنچ جائے تو زراعت پر اس کا اچھا اثر پڑ سکتا ہے ۔

علاوہ ازیں جناب والا ۔ تحصیل شجاع آباد میں ڈسٹرکٹ کونسل کی ایک سڑک ہے جس کی تعمیر پچاس سال میں بھی ہوتی نظر نہیں آتی میں درخواست کروں گا کہ گورنمنٹ اسے اپنے ہاتھ میں لے لے اور اس سڑک کو پختہ کرا دے ۔ وہاں کھڑوڑ پکہ تا دینا پور اور دینا پور تا بستی ملوک ایک پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی کی کچی سڑک ہے جس کے متعلق سوال کیا گیا تو ہمیں جواب دیا گیا تھا کہ اگلے سال پختہ ہونی شروع ہو گی ۔ یہ ابھی تک تشنہ تکمیل ہے اور نہ پتہ ہے کہ کب پختہ ہوگی۔ یہ امر بھی حکومت کے لئے قابل توجہ ہے ۔

مسٹر مبین الحق صدیقی ۔ (کراچی—۷) ۔ مسٹر سپیکر ۔ جہاں تک اس ضمنی بجٹ کا تعلق ہے اس میں rural works programme کے سلسلہ پر دس کروڑ روپیہ کی جو رقم مختص کی گئی ہے وہ چونکہ ہماری آبادی کے آٹھ اسی فیصدی حصہ کے لئے ہے جو دیہی ہے اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ وزیر خزانہ قابل مبارک باد ہیں ۔ اب دوسرا سوال اس کی distribution کا آتا ہے ۔ اس کے سلسلہ میں میں یہ تجویز کرتا ہوں کہ ہر ڈویژن کے لئے ایک ڈویلپمنٹ بورڈ بنا دیا جائے جس کے رکن اس ڈویژن کے ایم-پی-اے اور ایم-این-اے صاحبان ہوں اور جو سکیمیں ڈویژنل کونسل یا ڈسٹرکٹ کونسل کی سطح پر منظور ہوں انہیں یہ ڈویلپمنٹ بورڈ examine کرے اور یہ بورڈ خود بھی سکیمیں بنائے ۔ اس کا اسے اختیار ہونا چاہئے تاکہ عوام کے یہ نمائندگان یعنی ایم-پی-اے اور ایم - این - اے صاحبان بھی اس پروگرام میں صحیح معنوں میں حصہ لے سکیں اور اسے کامیاب بنانے کی پوری کوشش کریں ۔

جناب والا ۔ اس بجٹ کے دوسرے پہلوؤں پر غور کرنے سے پہلے میں چند مسائل کے متعلق عرض کروں گا ۔ ہمارے ملک میں بجٹ بنتے آئے ہیں اور بنتے رہیں گے ۔ ایگریکلچرل ڈویلپمنٹ کی ضرورت صنعت کی ضرورت یا اکونومک ڈویلپمنٹ کی ضرورت ان سب سے کسی کو انکار نہیں ہے لیکن اب تک ہمارے ملک میں صحیح معنوں میں کوئی Moral Plan یا کوئی ایسا Educational plan یا National character-building plan نوجوانوں کے لئے حکومت نے پیش نہیں کیا جس سے ہمارے نوجوانوں میں جذبہ خود اعتمادی یا self-respect پیدا ہو ۔ ہمارے نوجوانوں اور آنے والی نسلوں میں وہ جذبہ پیدا ہو جو آزاد قوموں کے نوجوانوں میں ہوتا ہے ۔ ہم لاکھ بہترین قسم کے اقتصادی پلان بنائیں ۔ معاشی پلان بنائیں لیکن وہ پلان اس وقت تک کامیاب نہیں ہوں گے جب تک ہم آزاد قوموں کی طرح نہ سوچیں گے اور ہماری آئندہ آنے والی نسلیں جو ہیں ان میں آزاد قوموں کے نیشنل کیریکٹر اور اس کے تاثرات کا فقدان رہے گا ۔ اس وقت تک ہم من حیث القوم ترقی نہیں کر سکتے ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ضروری ہے کہ National Character building activities کے لئے بجٹ میں provision رکھی جائے جس سے آپ Youth Centres اور Cultural Centres قائم کریں اور Education Policy کو اس انداز سے ڈھالیں کہ اس میں کچھ اسلامی طرز ہو اور کچھ ہمارا قومی طرز ہو تاکہ کل کو جب ہمارے نوجوانوں کے ہاتھ عنان حکومت آئے تو ہم ان پر صحیح معنوں میں فخر کر سکیں اور ہمارا ملک صحیح طور پر ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک بجٹ کے procedure کا تعلق ہے ۔ ہم Presidential system پر چل رہے ہیں ۔ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں ایک appropriation committee ہوتی ہے جس کے سامنے بجٹ جاتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ہاں بھی ایک appropriation committee ہونی چاہئیے جہاں ہم بجٹ کی مختلف proposal پر بحث کر سکیں ۔ لیکن اس مرحلے پر میں نہیں کہہ سکتا کہ حکومت اسے کہاں تک اختیارات دے سکتی ہے ۔ تاہم اگر آپ اسے زیادہ powerful بنانا نہیں چاہتے تو اسے یہ اختیار تو ضرور ہوگا کہ کم از کم اس کے سامنے بجٹ کے مختلف proposals اور مسائل تو discuss ہو سکتے ہیں ۔ میری تجویز یہ ہے کہ اس میں ہر ڈویژن کا کم از کم ایک نمائندہ ہونا چاہئیے ۔ اس کمیٹی کے سامنے اس معزز ایوان کے تمام نمائندگان بجٹ سے متعلق اپنے مسائل رکھیں ۔ تاکہ بجٹ بنتے وقت یا اس سے پہلے ان پر غور ہو سکے اور

وھی مسائل عوام کے سامنے بھی آ سکیں ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد عرض یہ ھے کہ ھمارے ملک میں تعلیم کی حالت بہت ابتر ھے ۔ اس کے پیش نظر یہاں ایک West Pakistan educational foundation قائم کی جائے ۔ جس کے اغراض و مقاصد پورے کرنے کے لئے میری تجویز یہ ھے کہ educational tax لگایا جائے ۔ یہ ٹیکس دیگر لوگوں کے علاوہ سرمایہ داروں اور بڑے بڑے زمینداروں پر لگانا چاھئیے اور جس انداز سے Refugee tax لیا جاتا تھا اسی انداز سے آج سے ھی یہ ٹیکس وصول کرنا شروع کر دیجئے ۔ آپ production پر کوئی ٹیکس لگا سکتے ھیں ۔ sales tax تو آپ لگا نہیں سکتے ھیں کیونکہ یہ آپ کے اختیارات سے باھر ھے ۔ غرض یہ کہ اس انداز سے ٹیکس لگائیے اور ایک Educational Foundation بنائیے ۔ تاکہ ھمارے عوام کے تعلیمی مسائل جلد از جلد حل ھو سکیں اور ھمارے ادیبوں اور دانشوروں کی جو دن رات محنت کرتے ھیں اس قوم کے لئے لکھتے پڑھتے ھیں ھمت افزائی ھو ۔

جناب والا ۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ھے کہ ھم اپنی intelligence کو ضائع کرتے ھیں اپنے Scholars کو waste کرتے ھیں ۔ انہیں preserve نہیں کرتے ۔ جس ملک میں intelligence waste ھوتی ھو ۔ Scholar preserve کئے جاتے ھوں ۔ وھاں عبدالسلام جیسے لوگوں کو انگلینڈ امریکہ اور یورپ وغیرہ جانا پڑتا ھے ۔ جس ملک میں ایسے لوگوں کی گنجائش نہ ھو ۔ آپ خود ھی اندازہ فرما سکتے ھیں کہ اس ملک کا حشر کیا ھوگا ۔ لہذا جناب والا ۔ ھمیں آج اس قسم کے Educational Foundation کی ضرورت ھے ۔ جہاں ھمارے دانشوروں کی ھمت افزائی ھو اور ھمارے تعلیمی مسائل کے حل تلاش کئے جا سکیں ۔

جناب والا ۔ حقیقت یہ ھے کہ ھماری قوم مردہ پرست ھوتی جا رھی ھے ۔ ھمیں مردہ پرست نہ ھونا چاھیئے ۔ ایک بڑا شاعر ۔ ادیب ۔ فنکار جب چل بستا ھے تو ھم جلسے مناتے ھیں ۔ یہ مردہ پرستی کی نشانی ھے ۔ ھمیں اس کی زندگی میں اسے خراج عقیدت پیش کرنا چاھیئے اور اپنی intelligence کو preserve کرنا چاھیئے ۔ کیونکہ یہ ھمارے ملک اور معاشرے ھر دو کے لئے از بس ضروری ھے ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ اس وقت میرے سامنے One Unit کا سوال ھے ۔ میں اس سلسلے میں یہ عرض کروں گا کہ One Unit کے استحکام کے لئے ضروری ھے کہ ھم یہ ۲ فیصد یا ۱۰ فیصد کا Quota System جو لئے بیٹھے ھیں ۔ اسے بالکل ختم کر دیں ۔ آج کوئی بچہ کراچی کا

رہنے والا ہو یا سندھ کا - پشاور کا رہنے والا ہو یا لاہور کا - خواہ وہ کسی طبقے سے تعلق رکھتا ہو - اسے اس امر کی مکمل آزادی ہونی چاہیئے کہ وہ compete کرے اور competetion کی بنا intelligence اور معیار تعلیم ہونا چاہیئے - اس کی بنا یہ نہ ہونی چاہیئے کہ وہ ایک علاقے سے تعلق رکھتا ہے یا دوسرے سے یاد رکھیئے جب تک آپ یہ علاقہ واریت کی رسم قائم رکھیں گے اور یہ کوٹہ سسٹم ختم نہ کریں گے - آپ One Unit کو کبھی مضبوط نہیں کر سکتے - البتہ ایک شرط ضرور ہے اور وہ یہ کہ آپ قبائلی علاقے اور دیگر پس ماند علاقوں کے لئے کوئی کوٹہ ضرور رکھ سکتے ہیں - کیونکہ وہاں تعلیم کا فقدان ہے - باقی جگہ کوٹہ سسٹم ختم کر دینا چاہیئے -

جناب والا - اب میں غریب کسانوں کے مسئلہ کی طرف آتا ہوں - ان کے متعلق میری تجویز یہ ہے کہ آپ زمینیں نیلام کرنے کی بجائے غریب مزارعین کو آسان قسطوں پر دیں تاکہ وہ اپنے بچوں کی پرورش کر سکیں اور ان کے خرچ پانی کے لئے معمولی جائداد کے مالک بھی بن جائیں -

THE NAMES OF PLACES IN SIALKOT DISTRICT WHERE GOVERNMENT VETERINARY HOSPITALS (*i*) AREA ACTUALLY WORKING AND (*ii*) ARE PROPOSED TO BE STARTED DURING THE CURRENT FIVE-YEAR PERIOD

	Veterinary Hospitals	*Veterinary Dispensaries*
1. Tehsil Sialkot ..	1. Sialkot ..	1. Kullaowal.
	2. Pinukhlian ..	2. Kotli Lohran.
2. Tehsil Daska ..	1. Daska ..	1. Wadala Sundhawan.
	2. Ghuinke ..	2. Randir.
	3. Sambrial ..	3. Kot Dina.
	4. Satrah ..	....
	5. Budha Goraya ..	....
3. Tehsil Narowal ..	1. Narowal ..	1. Sankhatrar.
	2. Zafarwal ..	....
	3. Rayya ..	....
4. Tehsil Pasrur ..	1. Pasrur ..	1. Ban Bajwa.
	2. Khanpur Saidan ..	2. Chawinda.
5. Tehsil Shakargarh ..	1. Shakargarh ..	1. Maingari.
	2. Kot Naina ..	2. Lessar Kalan.
		3. Dadu Chak.
		4. Ikhlaspur.
		5. Kanjrur.

In addition 4 new Veterinary Dispensaries are expected to start functioning during the current year at Badomali, Darman, Qila Soba Singh and Gondal. It is proposed to convert the Veterinary Dispensaries at Chawinda, Qila Soba Singh and Kanjrur into Veterinary Hospitals during the current plan period if the work load justifies.

It may be added that District Council has submitted a scheme to Government for the opening of 23 Veterinary Dispensaries each year under the next five-year plan. If the scheme is approved, these dispensaries will be opened in places where no Veterinary Hospitals or Dispensaries exist at the time.

(*b*) THE NAMES OF SUCH EXISTING HOSPITALS WHICH ARE RUNNING IN GOVERNMENT OWNED BUILDINGS ALONG WITH THE NAMES OF HOSPITALS HOUSED IN RENTED OR EVACUEE BUILDINGS SEPARATELY

The building of Hospitals and Dispensaries are provided by Local Bodies. The Veterinary Hospital at Narowal and the Veterinary Dispensary at Chawinda are located in the evacuee buildings and the Veterinary Dispensary at Kotli Loharan in a rented building.

(*c*) THE NUMBER OF VILLAGES SERVED BY EACH EXISTING HOSPITAL TOGETHER WITH THE APPROXIMATE NUMBER OF LIVESTOCK BEING TREATED ANNUALLY BY EACH

AND

(*d*) THE NUMBER OF CASES TREATED BY EACH OF THE SAID HOSPITALS DURING 1962-63

Name of Hospital or Dispensary	*Number of village served*	*Total Number of cases treated*	*Number of Vaccination performed against contagious disease of Livestock and Poultry.*
	HOSPITALS		
Sialkot ..	457	8217	35450
Phukilian ..	82	1086	15357
Daska ..	109	4424	10349
Ghuinke ..	85	6250	47514
Sambrial ..	127	4378	21045
Satrah ..	91	2865	16900
Budha Goraya ..	85	976	8985
Pasrur ..	171	5737	19530
Khanpur Saidan	171	883	26496
Narowal ..	155	4607	24812
Zafarwal ..	197	3477	16095
Rayya ..	146	4197	22715
Shakargarh ..	287	4205	27730
Kot Nainan ..	249	2891	24140
	VETERINARY DISPENSARIES		
Kullowal		812	3900
Kotli Loharan		974	..
Wadala Sundan ..		1069	2300
Kot Dina		515	800
Rundir		757	..
Chawinda		3182	18198
Ban Bajwa		540	..
Qila Sobha Singh ..		2390	16563
Sankhantra		1571	..
Kanjrur		2729	26930
Mangri		1221	2600
Dadu Chak		1702	6060
Lessar Kalan		841	93
Ikhlaspur		1378	3640

(*e*) THE AMOUNT ON THE SAID HOSPITALS ON ACCOUNT OF (*i*) PAY OF ESTABLISHMENT, (*ii*) MEDICINES AND (*iii*) EQUIPMENT DURING 1962-63

The amount spent on the hospitals and dispensaries is as under :—

	Pay of Establishment including Travelling Allowance	*Medicines*	*Equipment*
	Rs.		
1. Provincial ..	91,764	1. Approximately Rs. 15,000 free of cost were supplied.	2,000
2. District Council	82,750	2. Vaccines worth of Rs. 55,000 were utilised for the control of contagious diseased of livestock and poultry.	

DISTRICT COUNCIL
Rs. 17,500.00

APPENDIX D

(REFERENCE STARRED QUESTION No. 4588)

PROVINCIAL COMBINED SENIORITY LIST OF CLASS II OFFICERS OF ANIMAL HUSBANDRY DEPARTMENT, AS ON 13TH OCTOBER, 1955

Serial No.	Name and qualification	Home District and date of birth	Date from which continuing in grade	Date of confirmation in the grade	Grade, designation and pay on 13-10-55	REMARKS
1	2	3	4	5	6	7
1	Mr. Muhmood Khan, L.V.P. ..	Kohat ; 26-12-09	27-10-44	10-6-50	Rs. 170—170—220—25—470/25—620—15—635 Pay Rs. 445, Assistant Director, Animal Husbandry, D.I. Khan.	
2	Mr. Mohammad Ali, L.V.P. ..	Sialkot ; 18-9-02	20-12-44	15-8-47	Rs. 250—25—750. Pay Rs. 575, Assistant Director, Animal Husbandry, Sheikhupura.	
3	Mr. Ghulam Hussain, L.V.P. ..	Sialkot ; 16-10-04	29-12-44	15-9-47	Rs. 250—25—750. Pay Rs. 550, Assistant Director, Animal Husbandry, Gujrat.	
4	Mr. K. M. Suleman, G.B.V.C., (P.G.) (Mukhteswar).	Nawabshah ; 5-1-03	4-5-48	1-3-54	Rs. 250—25—750. Pay Rs. 500, Assistant Director, Animal Husbandry, Hyderabad.	
5	Mr. Zahur Ahmad Shah, L.V.P., (Hons)., B.V.Sc., A.I.D.R.I. Banglore, Diploma, course in Gentice, (Edinburah).	Shahpur ; 25-6-07	18-12-48	18-12-48	Rs. 250—25—750. Pay Rs. 500, Assistant Professor of Medicine, College of Animal Husbandry, Lahore.	
6	Mr. Tassaduq Hussain, L.V.P., (Hon.), B.V.Sc.	Lahore ; 29-3-11	18-12-48	18-12-48	Rs. 250—25—750. Pay Rs. 400, Assistant Research Officer, Biological Products Section, College of Animal Husbandry, Lahore.	
7	Mr. Muhammad Ashiq Hussain, L.V.P., B.V.Sc.	Muzaffargarh 3-9-16	5-1-59	5-1-49	Rs. 250—20—600/25—750. Pay Rs. 410, Assistant Disease Investigation Officer, (Parasitic Diseases), College of Animal Husbandry.	
8	Mr. Mohsin Shah, L.V.P. ..	Muzaffargarh, 23-1-03	17-7-47	16-5-49	Director, Animal Husbandry, Multan.	
9	Mr. Mohammad Saeed Khan, L.V.P.	Gujranwala 2-9-55	21-8-47	21-8-49	Rs. 250—20—600/25—750. Pay Rs. 475, Assistant Director, Animal Husbandry Montgomery.	

Serial No.	Name and qualification	Home District and date of birth	Date from which continuing in grade	Date of confirmation in the grade	Grade, designation and pay on 13-10-55	Remarks
1	2	3	4	5	6	7
10	Mr. Mohammad Amin, M.Sc. (Hons.)	Lahore ; 1-1-11	8-6-44	21-9-49	Rs. 250—25—750. Pay Rs. 410, Assistant Professor of Biology, College of Animal Husbandry, Lahore.	
11	Mr. Abdul Hamid (Punjab), L.V.P. ..	Kapurththana State 5-11-04	14-8-47	10-11-49	Rs. 250—25—750. Pay Rs. 450, Assistant Director, Animal Husbandry, Mianwali.	
12	Mr. Abdul Hamid (Quetta) F.Sc., (Medical) B.V.Sc.	Quetta ; 16-8-23	28-11-49	28-11-49	Rs. 250—20—450/24—600/25—750. Pay Rs. 390, Assistant Animal Husbandry Officer, Animal Products), Quetta.	
13	Mr. Rashid-ud-Din Ahmad, L.V.P., B.V.Sc., P.C., B.Sc., Medicine.	Lahore ; 14-11-17.	11-3-50	11-3-50	Rs. 150—20/600—25—750. Pay Rs. 370, Assistant Professor of Anatomy, College of Animal Husbandry.	
14	Mr. Nazir Sadiq, L.V.P. (Hons.) ..	Lahore ; 1-6-13	21-10-48	1-4-50	Rs. 250—20—600/25—750. Pay Rs. 410, Assistant Diseases Investigation Officer, C.A.H., Lahore.	
15	Mr. M. P. Burioro ..	Dadu ; 8-1-14	19-10-50	..	Rs. 250—550. Pay Rs. 325, Supdt., Baghnari Cattle Farm, Dadu.	
16	Mr. Abdus Salam Akhtar, B.V.Sc. ..	Sialkot ; 15-5-26	2-6-51	2-6-51	Rs. 250—20—600/25—750. Pay Rs. 35, Assistant Diseases Investigation Officer (Study abroad) College of Animal Husbandry, Lahore.	
17	Mr. Muhammad Nawaz, L.V.P., (Hons.) B.V.Sc., P.S., (Mukhterwar).	Rahimyar Khan 8-9-11	1-9-51	1-9-51	Rs. 250—20—600/25—750. Pay Rs. 350, Assistant Professor of Pathology, College of Animal Husbandry, Lahore.	
18	Mr. Abdul Qadir, L.V.P. ..	Lyallpur ; 3-12-16	6-11-49	1-4-52	Rs. 250—20—450/25—600/25—750. Pay Rs. 370, Manager Government Dajal Cattle Breeding Farm, Qadirabad, Montgomery.	
19	Mr. M. M. Sarwar, Ph.D., B.V.Sc.	Sialkot ; 7-9-19.	15-8-47	..	Rs. 250—25—750. Pay Rs. 410, Helmenthologist' College of Animal Husbandry, Lahore.	
S20	Fazal Karim Malik, L.V.P., M.Sc., (Hons.)	Gujrat ; 29-11-09.	11-8-47	..	Rs. 250—25—450/25—750. Pay Rs. 450, Assistant Director, Animal Husbandry, Rawalpindi.	
21	Mr. M.A. Hadi, L.V.P., (Hons.), B.V.Sc.	Lahore ; 23-5-04	8-3-48	..	Rs. 250—25—750, Rs. Pay 450, Assistant Professor of Animal Husbandry, C.A.H., Lahore.	

22	Mr. Aziz-ud-Din, Ahmad, Hussain, L.V.P..	Gujrat ; 1-1-10	8-3-48	..	250—25—750. Pay 450, Assistant Director, Animal Husbandry, Lahore.
23	Mr. Abdur Rehman, L.V.P. ..	Sargodha ; 15-6-03.	18-3-51	..	Rs. 250—20—450/25—600/25—750. Pay Rs. 370, Manager, Government Buffalo Breeding Farm, Bahadurnagar District, Montgomery.
24	Mr. Mir Abdul Karim, G.P.V.C. ..	Gujrat ; 9-12-02	11-4-51	..	Rs. 250—25—750. Pay Rs. 390, Assistant Director, Animal Husbandry, Sialkot.
25	Mr. Anwar Ali Abbasi, G.B.V.C. ..	Larkana ; 5-7-10	1-3-52	..	Rs. 250—600. Pay Rs. 310, Superintendent, Civil Veterinary Department, Khairpur Mirs.
26	Mr. Rana Ghulam Mohammad B.V.Sc., L.V.P.	Jhang ; 8-11-02	28-7-52	..	Rs. 250—25—450/25—750. Pay Rs. 430, Assistant Director, Animal Husbandry, Jhang.
27	Mr. Abbass Ali Shah, L.V.P. ..	Sargodha ; 14-8-05	13-9-52	..	Rs. 250—25—450/25—750. Pay Rs. 390, Assistant Director Animal Husbandry, D.G. Khan.
28	Mr. Muhammad Tufail, L.V.P. (Hons.) B.V.Sc.	Gujranwala ; 4-11-20	6-12-52	..	Rs. 250—20—600/25—750, Pay Rs. 330, Assistant Professor of Surgery, C.A.H., Lahore.
29	Mr. Muhammad Bux Sial, B.V.Sc. ..	Muzaffargarh; 7-8-21	6-12-52	..	Rs. 250—20—600/25—750. Pay Rs. 330, Assistant Professor of Physiology C. A. H. Lahore.
30	Mr. Ghulam Haider, Summra, G.P. V.Sc., (Pat.), F.S.T.C. (Syndrey) G.V.T. (Geology).	Bahawalpur ; 21-1-29	1-3-53	1-3-53	Rs. 250—25—450/25—600/25—750. Pay Rs. 325, Assistant Director Animal Husbandry, Bahawalpur.
31	Mr. Mohammad Hussain Qureshi, B.Sc., (Animal) Husbandry).	Bahawalpur ; 15-10-27	1-3-53	1-3-53	Rs. 250—25—450/25—600/25—750. Pay Rs. 325, Assistant Director Animal Husbandry, Rahimyarkhan.
32	Mr. Mohammad Yaqub ..	Kapurthala ; 19-3-29	1-5-53	..	Rs. 250—750. Pay Rs. 350, Diseases Investigation Officer, Quetta.
33	Mr. G.H. Ansari, G.B.V.C. ..	Hyderabad ; 11-11-11	17-8-53	..	Rs. 250—750. Pay Rs. 290, Liverfluke Investigation Officer, Mirpurkhas.
34	Mr. H.P. Abbassi, G.B.V.C. ..	Khairpur ; 18-1-03	18-8-53	..	Rs. 250—750. Pay Rs. 290, Liverfluke Investigation Officer, Dadu.
35	Mr. F.K. Solangi, G.B.V.C. ..	Larkana ; 15-7-03	26-8-53	..	250—750. Pay 290, Liverfluke Investigation Officer, Sajawal.
36	Mr. Khuda Dad Khan, L.V.P. ..	Kohat ; 1-1-12	15-6-54	9-6-55	Rs. 250—20—450/25—600/25—750. Pay not fixed, Poultry Development Officer, Peshawar.

Serial No.	Name and qualification	Home District and date of birth	Date from which continuing in grade	Date of confirmation in the grade	Grade, designation and pay on 13-10-55	REMARKS
1	2	3	4	5	6	7
37	Mr. Abdul Aziz Khan, L.V.P. ..	D.I. Khan ; 20-12-14	21-4-50	..	Rs. 170—170—220/25—750/25—620—15—635. Pay 320, Assistant Director, Animal Husbandry, Peshawar.	
38	Mr. Mukhtar Ahmad, L.V.P. ..	Peshawar ; 1-9-17	8-9-50	..	Rs. 170—170—220/25—470—25—640—15—635. Pay Rs. 295, Assistant Director, Animal Husbandry, Hazara.	
39	Mr. Zahur-ud-Din, C.P.V.C. ..	Amritsar ; 1-10-05	22-7-54	..	Rs. 250—25—450/25—600/25—750. Pay Rs. 290, Assistant Director Animal Husbandry, Sargodha.	
40	M. Imtiaz Ali, G.V.Sc. (Col.) ..	Gujrat ; 30-8-17	21-2-55	..	Rs. 250—750. Pay Rs. 270, Officer Incharge, Animal Husbandry Laboratory, Karachi..	
41	Mr. Taj Muhammad, B.V.Sc. ..	Pishin ; 30-6-29	1-4-55	..	Rs. 250—20—450/25—600/25—750. Pay Rs. 270, Assistant Diseases Investigation Officer, Quetta.	
42	Mr. Nisar Muhammad Khan, L.V.P., B.V.Sc.	Sialkot ; 28-2-08.	10-4-55	..	Rs. 250—750. Pay Rs. 330, Officer Incharge Sheep Breding c/o Director, Animal Husbandry, West Pakistan, Lahore.	
43	Mr. A.K. Memon, G.B.V.C. ..	Thatta ; 25-4-19	10-8-55	..	Rs. 50—750. Pay Rs. 750, Assistant Director, Animal Husbandry, Sukkur.	
44	Mr. Mohammad Yusaf Vaid, L.V.P., B.V.Sc.	Gujrat ; 2-10-21	25-9-55	..	Rs. 250—20—600/25—750. Pay Rs. 270, Assistant Central Research Officer, V.C.A.H., Lahore.	
45	Mr. Amin-ud-Din Ahmad, L.V.P., (Hons.), D.L.M., (Leads.)	Lyallpur ; 9-7-24	5-19-55	..	Rs. 250—20—600/25—750. Pay Rs. 270, Helminthologist, C.A.H., Lahore.	
46	Mr. Ramzan Ali, L.V.P., B.V.Sc. ..	Muzaffargarh; 1-4-10	13-10-55		Rs. 250—20—600/25—750. Pay Rs. 290, Artificial Insemination Officer, College of Animal Husbandry, Lahore.	

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIFTH SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Tuesday, the 17th December, 1963

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9-23 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain Siddiqui, Qari of the Assembly.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اِنِّىْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۙ اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ۭ فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِيْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّاْيِ ۚ وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍۢ بَلْ نَظُنُّكُمْ كٰذِبِيْنَ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰي بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ ۭ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ ۝ وَيٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔـلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَي اللّٰهِ وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَلٰكِنِّىْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ۝

پ ۱۲ — س ۱۱ — ع ۲ — آیات ۲۵ تا ۲۹

اور یہ واقعہ ہے کہ ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا تھا۔ اس نے کہا میں تمہیں واضح طور پر خبردار کرنے والا ہوں۔ اللہ کے سوا اور کسی کی بندگی نہ کرو۔ میں ڈرتا ہوں کہ تم پر عذاب کا ایک دردناک دن نہ آجائے۔ اس قوم کے ان سرداروں نے جنہوں نے کفر کی راہ اختیار کی تھی کہا ہم تو تم میں اس کے سوا کوئی بات نہیں دیکھتے کہ ہماری ہی طرح کے ایک آدمی ہو اور جو لوگ تمہارے پیچھے چلے ہیں ان میں بھی ان لوگوں کے سوا کوئی دکھائی نہیں دیتا جو ہم میں کمینے ہیں اور بے سوچے سمجھے تمہارے پیچھے ہو لئے ہیں۔ ہم تو تم لوگوں میں اپنے سے کوئی برتری نہیں پاتے بلکہ ہم سمجھتے ہیں تم جھوٹے ہو۔ نوح نے کہا اے میری قوم کے لوگو تم نے اس بات پر بھی غور کیا کہ میں اپنے پروردگار کی طرف سے ایک دلیل روشن پر ہوں اور اس نے اپنے حضور سے مجھے ایک رحمت بھی بخش دی ہو اور وہ تمہیں دکھائی نہ دے تو کیا ہم جبراً تمہیں راہ دکھا دیں حالانکہ تم اس سے بیزار ہو لوگو جو کچھ میں کر رہا ہوں تو اس پر مال و دولت کا تم سے طالب نہیں میری مزدوری جو کچھ ہے صرف اللہ پر ہے اور جو لوگ ایمان لائے ہیں میں ایسا نہیں ہوں کہ انہیں اپنے پاس سے نکال دوں۔ انہیں بھی اپنے پروردگار سے ملنا ہے لیکن میں دیکھتا ہوں کہ تم لوگ جاہل ہو۔

SUSPENSION OF THE QUESTION HOUR

وزیر زراعت (ملک قادر بخش): جناب والا ۔ اگر ہاؤس کا منشاء ہو اور حزب مخالف کے لیڈر اس سے اتفاق کریں اور جناب اجازت دیں تو چونکہ بہت سے حضرات بجٹ کے سلسلہ میں بولنا چاہتے ہیں اس لئے وقفہ سوالات آج کے دن ملتوی کر دیا جائے ۔ اس طرح زیادہ سے زیادہ ممبران تقاریر کر سکیں گے اور اپنے اپنے علاقے کی تکالیف پیش کر سکیں گے ۔

Mr. Speaker : Yes, I have got a list of 31 members, who want to take part in the debate.

خواجہ محمد صفدر — مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے اگر آج کے سوالات ملتوی کر دیئے جائیں ۔

Minister of Revenue : To some other day.

Mr. Speaker : I think the sense of the House is that the question hour be suspended, and I, therefore, suspend the Question Hour. The questions relating to the Education Department will be taken up on the 27th December 1963.

چودھری عبدالرحیم—صاحب صدر ۔ آپ نے فرمایا ہے کہ آپ کے پاس ۳۱ ممبران کی فہرست ہے جنہوں نے تقاریر کرنا ہیں ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ فہرست آپ نے خود بنائی ہے یا آپ کو کسی پارٹی کی طرف سے دی گئی ہے ؟

مسٹر سپیکر—کل جب ایوان میں ایک تجویز پیش کی گئی تھی تو میں نے یہ کہا تھا کہ آپ اپنے نام اپنی پارٹی whips کو دیدیں ۔ چنانچہ اس کے مطابق majority party کے whip میاں محمد شریف صاحب اور حزب اختلاف کی طرف سے خواجہ صفدر صاحب نے وہ فہرستیں مجھے دیدی ہیں۔ یہ نام ان کے مطابق ہے ۔

REFERENCE TO THE LATE MAULANA SYED MUHAMMAD DAUD GHAZNAVI.

علامہ رحمت اللہ ارشد — (بہاولپور ۔ ۲) جناب صدر ۔ میں آپ کی اجازت سے مولانا سید محمد داؤد غزنوی کی وفات حسرت آیات

پر قرار داد تعزیت پیش کرنا چاہتا ہوں :—

اس ایوان کو حضرت مولانا سید محمد داؤد غزنوی مرحوم کی وفات حسرت آیات پر بے حد صدمہ ہوا ہے ۔ مرحوم ایک فقید المثال عالم دین ۔ جدوجہد آزادی کے سرگرم عملی مجاہد اور اس ایوان کے معزز رکن تھے ۔

ہم سب دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالی حضرت مولانا مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عنائت کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے ۔

یہ ایوان مولانا مرحوم کے پسماندگان سے اظہار ہمدردی کرتا ہے ۔

انا للہ و انا الیہ راجعون

مسٹر سپیکر - قرارداد پیش کی گئی ہے ۔ سوال یہ ہے کہ:

اس ایوان کو حضرت مولانا سید محمد داؤد غزنوی مرحوم کی وفات حسرت آیات پر بے حد صدمہ ہوا ہے ۔ مرحوم ایک فقیدالمثال عالم دین ۔ جدو جہد آزادی کے سر گرم عملی مجاہد اور اس ایوان کے معزز رکن تھے ۔

ہم سب دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالے حضرت مولانا مرحوم کو جنت‌الفردوس میں جگہ عنائیت کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے ۔ یہ ایوان مولانا مرحوم کے پسماندگان سے اظہار ہمدردی کرتا ہے ۔

اناللہ وانا الیہ راجعون ۔

I think there is no opposition to this resolution and the resolution adopted unanimously.

A copy of this esolution will be send to the bereaved family.

علامہ رحمت اللہ ارشد - جناب والا ۔ اب میں گذارش کروں گا کہ مولانا غلام غوث صاحب ان کیلئے دعائے مغفرت فرمائیں ۔

مسٹر سپیکر—مولانا آپ دعائے مغفرت کریں ۔

(اس مرحلہ پر جملہ ممبران اسمبلی اور باقی حاضرین نے مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی)—

SUPPLEMENTARY BUDGET STATEMENT, 1963-64

(RESUMPTION OF DISCUSSION AS A WHOLE)

Mr. Speaker : Now the House will resume discussion on the Supplementary Budget Statement, as 1963-64 as a whole. Yes, Raja Allah Dad Khan, our newly elected Member from Rawalpindi.

راجہ اللہ داد خاں — (راولپنڈی ۱) : محترم صدر ۔ میرے بھائیو اور بہنو . . . . .

Haji Gul Hassan Mangi : Point of order, Sir. It has been reported in today's newspapers that yesterday the back benches were allowed to speak. May I know what is the difference between the front benches and the back benches?

Minister of Agriculture : This is no point of order.

Haji Gul Hassan Mangi : This is a point of order because a distinction been made between the front benches and the back benches.

Mr. Speaker : Is there any breach of rules?

Haji Gul Hassan Mangi : It is a breach of the rules. A distinction has been made between the front benches and the back benches.

Mr. Speaker : Can the Member quote the relevant rule ? He may please take his seat. Yes, Raja Sahib.

راجہ اللہ داد خاں - جناب والا - نظام حیات دو طرز کا ہے یک ہے نظام ابلیس اور دوسرا ہے نظام خداوندی - تو ہمارے آئین یعنی Constitution of Pakistan میں صاف اور واضح طور پر درج ہے -

"Whereas sovereignty over the entire Universe belongs to Almighty alone, and the authority exercisable by the people is a sacred trust:—

And whereas the founder of Pakistan Quaid-i-Azam Mohammad Ali Jinnah, expressing the will of the people, declared that Pakistan should be a democratic state based on Islamic principles of social justice."

اس کے بعد Principles of Law Making بھی صاف اور بالکل واضح ہے -

"Principles of Law Making in Islam"—

"No law should be repugnant to Islam."

تو ہم نے یہ پاکستان حاصل کرکے آئین خداوندی اپنایا ہے - اس نظام ابلیسی اور نظام خداوندی کی وضاحت ہمارے علامہ اقبال نے بڑے واضح اشعار میں اس طرح کی ہے - وہ فرماتے ہیں :

اس میں کیا شک ہے کہ محکم ہے یہ ابلیسی نظام
پختہ تر اس سے ہوئے خوئے غلامی میں عوام
ہے ازل سے ان غریبوں کے مقدر میں سجود
ان کی فطرت کا تقاضا ہے نماز بے قیام
آرزو اول تو پیدا ہو نہیں سکتی کہیں
ہو کہیں پیدا تو مر جاتی ہے یا رہتی ہے خام
یہ ہماری سعی پیہم کی کرامت ہے کہ آج
صوفی و ملا ملوکیت کے بندے ہیں تمام

اور اس کے برعکس فرماتے ہیں -

عصر حاضر کے تقاضاؤں سے ہے لیکن یہ خوف
آشکارا ہو نہ جائے شرح پیغمبر کہیں
الحذر ابلیس پیغمبر سے سو بار الحذر
حافظ ناموس زن مرد آزما مرد آفریں

موت کا پیغام ہر نوع غلامی کے لئے
نے کوئی فغفور خاقان نے فقیر رہنشین
کرتا ہے دولت کو ہر آلودگی سے پاک و صاف
منعموں کو مال و دولت کا بنایا ہے امین

جناب والا ۔ اس میں صاف اور واضح طور پر میں نے دو حدود قائم کردیں ہیں ۔ تو ہم نے نظام خداوندی اپنایا ہے ۔ اور نظام خداوندی میں کیا ہے ۔ عجزو انکساری ۔ دوسروں کی تنقید پر جوش میں نہ آنا اور غصہ نہ کرنا ۔ ہر خاص و عام کو اپنا بھائی سمجھنا اور اس کی خدمت کرنے لئے اپنی طرف سے انتہائی کوشش کرنا ۔ یہ ہمارا فرض منصبی ہے ۔ اور موجودہ وقت میں یہ زبان پر کنٹرول ۔ رزق پر کنٹرول اور پریس پر کنٹرول . . . . . .

Mr. Speaker : The Member may now come to the Budget.

راجہ اللہ داد خاں ۔ جناب والا ۔ ان سب چیزوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میری دلی خواہش یہ ہے ۔ کہ آپ صبروتحمل سے اپنی قوم کی فلاح و بہبود کے لئے ہر ممکن کوشش کریں ۔ اور اسلامی نظام کو قائم کرنے اسے ترقی دینے اور مستحکم کرنے کی کوشش کریں ۔

جناب والا ۔ تبلیغ کا مطلب ہوتا ہے عرض کر دینا ۔ اس کے بعد بات ماننا یا نہ ماننا ہر شخص کے اپنے عمل سے تعلق رکھتا ہے ۔ چنانچہ اس کیلئے جہنم بھی ہے اور بہشت بھی ۔ مولانا روم کا ارشاد ہے —

سندھیاں را اصطلاح سندھ مدح
ہندیاں را اصطلاح ہند مدح
من دروں را بنگرم و حال را
من بروں را ننگرم و قال را

جناب والا ۔ اگرچہ ہم دوسروں سے سختی اور تشدد سے بات کر سکتے ہیں ۔ لیکن منت سماجت سے بات کرنا تبلیغ ہے ۔

اسلام تبلیغ کی وجہ سے پھیلا ۔ یہ کہنا غلط ہے کہ اسلام بزور شمشیر پھیلا ۔ بہر صورت عرض معروض کرنا ہمارا فرض ہے ۔

جناب والا ۔ اب میں بجٹ کی طرف آتا ہوں ۔ سب سے پہلے میں ان باتوں کو لیتا ہوں جن پر مجھے Cut Motion پیش کرنے کا موقع نہیں ملا ۔ اس میں جو سب سے زیادہ نقص نظر آیا وہ یہ ہے کہ ہمارے پاکستان میں نہروں کا جو سسٹم ہے ایسا دنیا میں کہیں نہیں خاص طور پر پنجاب میں جو نہری علاقہ ہے یہ سب سے اچھا ہے لیکن ہماری غفلت اور لاپروائی سے دن بدن سیم اور تھور زیادہ ہوتی جارہی ہے ۔ اس سیم یعنی water-logging کے متعلق میں نے ۱۹۵۳ میں ایک نوٹ حکومت کی خدمت میں اپنی طرف سے پیش کیا تھا اور یہ لکھا تھا کہ دریاؤں کے دونوں طرف کناروں پر ایک ایک میل کے فاصلہ پر جنگلات لگائے جائیں اور یہ کام محکمہ جنگلات کے سپرد کر دیا جائے اگر ایسا کیا گیا تو اس سے یہ فائدہ ہوگا کہ جنگلات کے پتے گر کر اور آندھیوں سے مٹی جمع ہو کر کنارے اونچے ہو جائیں گے اور floods کا اتنا خدشہ نہیں رہے گا ۔ دریا گہرے ہوتے جائیں گے اور گہرائی میں جو sub-soil water ہوگا وہ دریاؤں میں آئے گا اور water logging میں کمی ہوتی جائے گی ۔ اس کے علاوہ جنگلات میں ڈیری فارم کھولے جا سکتے ہیں اور ان میں مال مویشی پالنے کا انتظام بھی ہو سکتا ہے ۔ گورداسپور میں مجھے بحیثیت مال افسر رہنے کا اتفاق ہوا ہے مجھے یاد ہے کہ وہاں سے لوگ بچھڑیاں اور کٹڑیاں لے جاتے تھے اور پھر وہ پل کر ماجھے کی بھینسیں بن کر آتی تھیں ۔

مسٹر سپیکر — اب آپ اپنا دوسرا پوائنٹ پیش کریں ۔

راجہ اللہ داد خاں — میرا دوسرا پوائنٹ یہ ہے کہ محکمہ کواپریٹو کی طرف سے advances اور loans دیئے جاتے ہیں وہ حقیقت میں ایک قسم کی لعنت ہیں کیونکہ آسانی

سے قرضہ حاصل کرنا اور دولت اکٹھی کرنا ہمارے ملک اور قوم کے لئے مہلک ہے ۔ جتنی آسانی سے روپیہ ملے گا اتنی ہی آسانی سے خرچ کر دیا جائے گا ۔ مثلاً جو لوگ جوا کھیلتے ہیں اور جلدی روپیہ حاصل کرلیتے ہیں ان کا حاصل کیا ہوا روپیہ اتنی ہی جلدی خرچ ہو جاتا ہے ۔ اس لئے اس بات کا انتظام ہونا چاہئے کہ ہر شخص باآسانی روپیہ حاصل نہ کر سکے کیونکہ اس سے بڑے نقصانات ہوتے ہیں ۔ یہ prize bonds جو حکومت نے جاری کئے ہوئے ہیں ان سے صرف ایک ٹکٹ خرید کر لوگ بیس بیس ہزار روپیہ حاصل کر لیتے ہیں اور پھر عیاشی میں مبتلا ہو جاتے ہیں ۔ یہ بات قوم کے لئے مہلک ہے ۔ یہ حقیقت ہے کہ آسانی سے دولت حاصل کرنے والے بڑے عیاش ہوتے ہیں اور جہاں تک ملک اور قوم کا تعلق ہے وہ تباہ ہو جاتے ہیں ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ فرنٹیئر ریجن ہمارا آخری حصار ہے ۔ اس سنگلاخ علاقہ کے رہنے والے ہمارے محافظ ہیں ۔ کشمیر کی جنگ میں انہوں نے بہت کچھ کیا ہے اور ہمیں امید ہے کہ آئندہ بھی جتنی مدد ہو سکے گی وہ ضرور کریں گے اس لئے اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ ہم قبائلی علاقہ کا خیال رکھیں تاکہ وہ ہمارے مدد گار ہوں ۔ ہم چاہتے ہیں کہ وہ بھی مالدار ہوں ۔ اگر ہم اپنی زکواۃ کا روپیہ اکٹھا کر کے اپنے بھائیوں کو دیں تو میرا خیال ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں بلکہ یہ بات ہمارے لئے خوشی کا باعث ہوگی ۔

جناب والا ۔ میں وزیر صاحب کی خدمت میں دست بستہ عرض کروں گا کہ دور دور کے علاقوں میں پرانے لوگوں سے میل ملاپ رکھیں ۔ لاہور کراچی اور راولپنڈی کے متمول لوگوں سے تو آپ ہر روز ملتے ہی ہیں جن کے ساتھ برج اور رمی چلتی ہے گذشتہ ماہ ۲۰ تاریخ کو جب میں یہاں آ رہا تھا تو راستہ میں ایک جگہ مجھے ایک وزیر صاحب کو شکار کھیلتے دیکھ کر بڑی خوشی ہوئی ۔ عام لوگوں کے نزدیک شکار بڑی بری چیز ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ جب

بڑے بڑے لوگ شکار کھیلتے ھیں تو انھیں غریب لوگوں سے مل کر ان کے حالات سننے کا اتفاق ھوتا ھے اور انھیں معلوم ھوتا ھے کہ وہ کس حالت میں رہ رھے ھیں - اس سے انکے دل میں عوام کا احترام پیدا ھوتا ھے - اس لئے میں منت کروں گا کہ بجائے اس کے کہ آپ بڑے بڑے ڈاک بنگلوں اور ریسٹ ھاؤس میں ٹھہریں آپ باھر جائیں تو غریبوں سے ملیں ان کی تکالیف معلوم کریں - امیروں سے تو آپ ھر روز ملتے ھیں - میں جانتا ھوں کہ لاھور جیسے شہر میں تو لوگ چھ چھ مہینے تک گھر پر کھانا نہیں کھاتے - ان کو اتنے دعوت نامے آ جاتے ھیں - اور ان کے سامنے دعوتوں کی اتنی بڑی لسٹ ھوتی ھے - لیکن اگر آپ کو شکار کے لئے باھر جانا پڑے تو یہ بات ھر لحاظ سے اچھی ھے اگرچہ عام لوگوں کے نزدیک یہ بری چیز ھے مگر میں نے اپنی پچیس تیس سال کی ملازمت میں اسے آزمایا ھے اور بہت اچھا پایا ھے -

(At this stage Mr. Speaker read out the lists containing the names of intending speakers from both sides).

Mr. Taj Muhammad Khanzada : On a point of information. Where is the place for tho e who are not und r the guid nce of any Leader?

Mr. Speaker : I have taken down the name of the members as well as of those who have stood up in their seats.

مسٹر شفقت حسین شاہ ھوسوی (سکھر - ۳) — صاحب صدر - آج پورا ایک سال ھوا جب میں نے ۱۸ دسمبر ۱۹۶۲ء کو فنانس منسٹر اور لیڈر آف دی ھاؤس کی خدمت میں چند گذارشات ایک Memorandum کی صورت میں پیش کی تھیں - انھوں نے از راہ کرم ان کی دو کاپیاں ھر وزیر صاحب کی خدمت میں بھیجی تھیں آج بھی میرے سامنے اس کے دس typed pages موجود ھیں یہ گذارشات وہ ھیں جو ھم سندھ سے آئے ھوئے ممبران نے مل کر بنائی تھیں اور پھر میں نے اپنے طور پر ان کے سامنے عرض کر دی تھیں - لیکن جناب والا - مجھے یہ کہتے ھوئے دکھ ھوتا ھے کہ باوجود اس کے کہ میں نے کئی مرتبہ ان کی خدمت میں ان پر عمل کرنے کے

لئے عرض کیا - لیکن جواب مجھے آج تک صرف ایک ہی شخص کا ملا - ایک ہی منسٹر کا ملا - جو آج ان Treasury Benches پر نہیں ہے - میں سمجھتا ہوں - کہ شاید ان کا جواب نہ دینا اور ان کا کام نہ کرنا ہی ان کی کرسی کی ضمانت ہے -

جناب والا - اگر ان گذارشات اور معروضات کو زبانی طور پر بھی سیکرٹری صاحبان کے پاس بھیجنے کے بعد یہ کہہ دیتے - اور دوسرے یا تیسرے پانچ سالہ منصوبے میں انکا اندراج ہو جاتا - تو بھی ہم ان کے شکر گذار ہوتے - لیکن یہ گذارشات آج تک اسی ڈھیر میں پڑی رہیں - جس ڈھیر سے ہمیں توقع ہے کہ یہ کبھی بھی نہ نکلیں گی - کیا میں امید کر سکتا ہوں - کہ ان کو دوبارہ زیر غور لایا جائیگا -

علامہ رحمت اللہ ارشد — کیا آپ کو اب بھی امید ہے -

مسٹر شفقت حسین شاہ موسوی — امید پر تو دنیا قائم ہے - قائم رہی ہے - اور قائم رہیگی اور میں پھر بھی یہ امید رکھتا ہوں - کہ وہ برائے مہربانی اس پر غور کرینگے - کیونکہ یہ مصدقہ طور پر سب کی گذارشات ہیں - میرے اکیلے کی نہیں ہیں -

جناب والا - اس کے بعد میں چند ایک ایسی باتیں آپکی خدمت میں عرض کرتا ہوں - جو کہ فوری توجہ کی محتاج ہیں - جس میں صرف میری ہی Constituency کا فائدہ نہیں ہے - بلکہ جملہ عوام کا فائدہ ہے - کیونکہ ہم سب یہاں عوام کے نمائیندے منتخب ہو کر آئے ہیں - اس لئے ہماری گذارشات ان سب کے لئے مجموعی طور پر ہیں - اور ہمیں جو کچھ بھی وہ کہتے ہیں - ہم یہاں آ کر آپ کے گوش گذار کر دیتے ہیں - لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے - کہ وہ صرف خالی خالی باتیں نہیں چاہتے ہیں - بلکہ ان پر عمل چاہتے ہیں -

جناب والا ۔ گذارش یہ ہے کہ زمینداروں سے Lease money تین روپے لی جاتی تھی ۔ لیکن جناب وزیر مال کے حکم سے یا کسی سیکرٹری صاحب کے حکم سے اس کو فوری طور پر بڑھا کر دس روپے کر دیا گیا ہے ۔ اس لئے جن لوگوں نے یکسالہ کے طور پر زمینیں لی تھی ۔ انہیں بڑی تکلیف کا سامنا ہے ۔ کیونکہ انکی میعاد ادائیگی گھٹا کر ۳۰ نومبر کر دی گئی ہے ۔ حالانکہ اسوقت کوئی بھی فصل نہیں ہوتی ۔ اس لئے انہیں اس میں بڑی دقت ہوتی ہے ۔ اس لئے اس میعاد کو بڑھا کر ۳۱ جنوری تک کر دیں ۔ تو آپ کا تو کوئی حرج نہ ہوگا ۔ لیکن ان لوگوں کو تکلیف سے نجات مل جائیگی ۔ کم از کم آپ ایسے وقت میں تو ان سے وصولی کریں جب وہ فصل بیچ کر بخوشی آپ کو ادائیگی کر سکیں ۔ وہ اپنا مال بیچ کر اپنے آپ کو بیچ کر آپکی ادائیگی کرنے کے لئے تیار ہیں ۔ اس لئے میری گذارش ہے ۔ کہ آپ اس میعاد کو بڑھا دیں ۔

اس کے علاوہ جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ ہمارے ہاں کبھی بھی کوئی اچھی پلاننگ نہیں ہوئی ۔ سکھر بیراج اور دریائے سندھ کو ۳۱ دسمبر کو بند کر دیا جاتا ہے ۔ جس کی وجہ سے جو Pond Level ہوتی ہے ۔ وہ اتنی کم ہوتی ہے ۔ کہ وہاں فوراً پانی کم ہو جاتا ہے ۔ اور اس وجہ سے وہ اتنا پانی نہیں دیتے کہ نہروں میں پانی جا سکے ۔ اس طرح وہ بیس دن کی بندش چالیس دن تک پہنچ جاتی ہے ۔ یہاں پر زیادہ تر زمیندار صاحبان ہیں ۔ اور میرا خیال ہے ۔ کہ وہ اس چیز کو سمجھتے ہیں ۔ کہ اگر کسی فصل کو چالیس دن پانی نہ ملے ۔ تو اس سے کتنا نقصان ہو سکتا ہے ۔ اور فصل بھی کم ہو جاتی ہے اس لئے اگر اسے یکم مارچ سے بڑھا کر بیس مارچ تک کر دیں تو جب پانی زیادہ مقدار میں آئیگا ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ ربیع کی فصل بھی اچھی ہو گی ۔ آپ کی پیداوار بھی بڑھیگی اور آپ اس سے بہتر کام بھی لے سکینگے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد Land Acquisition Proceedings جہاں بھی ہوئی ہیں ۔ ابھی تک ان کو ایک دھیلہ بھی نہیں

ملا - اس لئے میں یہ عرض کرونگا کہ آپ اس کے لئے بھی کچھ کریں -

اس کے بعد جناب والا - جو Economy Committee کی رپورٹ تھی - اسے تو چھاپ کر ڈھیر میں پھینک دیا گیا ہے - اس سے افسر تو بچ گئے ہیں - لیکن چپڑاسی یعنی Peons اس کی زد میں آ گئے ہیں - اور Peons کی interpretation انہوں نے یہ کر دی کہ محکمہ تعلیم میں جو ایسے ملازم تھے وہ بھی چپڑاسی سمجھے گئے - جو کنیزیں تھیں وہ بھی چپڑاسی متصور ہوئیں - جو تعلقے تھے وہ بھی چپڑاسیوں میں شامل کئے گئے - اور چپڑاسی تو خیر چپڑاسی تھے ہی انہوں نے اس رپورٹ پر جھٹ سے گیارہ بارہ سو چپڑاسیوں کو نکال دیا - اگر آپ Economy Committee کی رپورٹ کو عمل میں نہیں لانا چاہتے تھے - تو پھر آپ ان غریبوں کو کیوں نکال رہے ہیں -

اس کے علاوہ جناب والا - آجکل ملک کے اندر بیروزگاری بہت ہے - اس لئے آپ مرکزی حکومت کو کم از کم یہ تو کہیں کہ سرکاری ملازمین کی عمر ملازمت پچپن سال تک مقرر کریں - اس سے فائدہ یہ ہوگا کہ ملک میں کچھ تو بیروزگاری کم ہوگی اور نئے لوگ ان کی جگہ ملازمت میں آ جائینگے -

دوسرا یہ کہ آپ کے جو عارضی محکمے ہیں - انہیں مستقل کریں - کیونکہ ان میں کام کرنے والے لوگ جو کہ عارضی ہی ہوتے ہیں وہ یہ سمجھتے ہیں کہ کل یا پرسوں ہم نے نکل ہی جانا ہے - تو کیوں نہ جو کچھ ملتا ہے لیں - اور اس لئے رشوت ستانی زیادہ ہو گئی ہے - اس لئے ضروری ہے کہ وہ محکمے بھی مستقل کئے جائیں - اور وہ ملازمین جو وہاں کام کرتے ہیں ان کے lien وہاں پر رکھیں ان کو یہ خیال تو ہوگا - کہ انہوں نے وہاں رہنا ہے اس کے بعد محکمہ مال میں جو Field Book ہوتی ہے وہ پٹے دار اپنے گھر میں بیٹھکر لکھ لیتے ہیں اور اس حساب سے لوگوں پر مالیہ لگ جاتا ہے - ان کو پتہ تب چلتا ہے - جب انہیں پیسے دینے پڑتے ہیں - اور اگر اس وقت پٹے دار سے

کہا جائے کہ جس فصل کے لئے تم نے مالیہ لگایا ہے ۔ میری زمین میں تو فصل تھی ہی نہیں ۔ تو وہ کہتے ہیں کہ اب تم پھر دو پھر اپیل کر دینا ۔ پھر دیکھا جائیگا اس لئے اس Field Book کو یونین کونسل میں پندرہ دن تک رکھا جائے ۔ کہ سب لوگ اسے دیکھ لیں ۔ کہ اس میں کیا کیا لکھا ہوا ہے ۔

رائے منصب علی کھرل (شیخوپورہ ۔ ۳) مسٹر سپیکر ۔ بعض باتیں ایسی کہی جاتی ہیں ۔ جنکی تردید انتہائی ضروری اور لابدی ہوتی ہے ۔ پاکستان بنا تو کہا گیا ۔ کہ پاکستان نہیں چل سکے گا ۔ لیکن حالات نے اسکی تردید کر دی ۔ پھر یہ بات سننے میں آئی ۔ کہ اس ملک کی فضا جمہوریت کے لئے راس نہیں ہے ۔ لیکن میرا یہ ایمان ہے ۔ کہ جمہوریت اس ملک میں چل سکتی ہے ۔ اور workable ہے ۔ بشرطیکہ نیتوں میں فتور نہ ہو ۔ پھر یہ بھی سننے میں آیا کہ یہ حکومت نا اہلوں کی قدردان ہے ۔ یا یہ بات کہ اسمبلیاں آرڈیننس فیکٹریاں بن کر رہ گئی ہیں ۔ اور ہم ان فیکٹریوں میں کام کرنے والے مزدور ہیں ۔ جنکو پچاس روپے یومیہ ملتے ہیں لیکن جناب سپیکر ۔ ہم کتنے نکمے اور ناکارہ مزدور ہیں ۔ کہ ہم صرف انگوٹھہ لگانے کے پچاس روپے لیتے ہیں ۔ یہ بات ضرور ہے ۔ کہ یہ انگوٹھے بڑے معزز اور لکھے پڑھے انگوٹھے ہیں ۔ ان میں بعض گریجویٹ بعض لاء گریجویٹ اور بعض ایم ۔ اے پاس انگوٹھے ہیں اور بقول شخصے بعض ''ایویں پاس،، انگوٹھے ہیں ۔

جناب والا ۔ یہ حضرات جو میرے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں ۔ بڑی معصوم صورتوں والے اور بڑی مغموم صورتوں والے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ رائے صاحب ۔ آپ نے پنجابی زبان میں جو ''ایویں پاس،، کہا ہے ۔

Was it in relation to any member of the Assembly.

No Sir, that was general.

رائے منصب علی کھرل

تو جناب والا ۔ میں انکی ذات پر انکے کردار پر اور انکی نیت پر کوئی حملہ نہیں کرنا چاہتا ۔ میں یہ سمجھتا

ہوں ۔ کہ اپنے طور پر یہ حضرات پوری کوشش کرتے ہیں ۔ کہ عوام کو انکے حقوق ملیں ۔ اور انکی تکالیف اور شکایات دور ہوں ۔ لیکن کوئی بھی انسانی کوشش مکمل اور کامل نہیں ہوسکتی اور ان میں کوئی نہ کوئی خامی اور سقم رہ جاتا ہے ۔ تو میں بعض ایسے Black spots کی نشاندھی کرنا چاہتا ہوں ۔ بعض ایسے مقامات پر انگلی رکھکر اور انکی نقاب کشائی کر کے ان حضرات کو دکھانا چاہتا ہوں ۔ کہ وہاں انکی توجہ کی ضرورت ہے ۔ میں یہ نہیں کہتا ۔ کہ وہ عوام کی مشکلات یا انکے مسائل کی طرف توجہ نہیں کرتے ہیں ۔ بلکہ ان کی مصروفیات اور انکے کندھوں پر جو بار گران پڑا ہوا ہے ۔ شاید اس وجہ سے بعض چیزیں آن سے نظر انداز ہو جاتی ہیں ۔ عام نظم و نسق کے بارے میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ اس میں آجتک کوئی improvement نہیں ہوئی ہے ۔ اور عام نظم و نسق کی حالت ابھی تک بہتر نہیں ہوئی ہے ۔ حکومت نے حال ہی میں مختلف تحصیلوں میں سب ڈویژن قائم کئے ہیں ۔ انکا مقصد یہ تھا کہ وہ لوگ جو دور دراز علاقوں میں رہتے ہیں ۔ انکو انصاف کے حصول کے لئے تکلیف نہ ہو ۔ اور وہ نزدیک ترین Sub-Divisi n ہیڈ کوارٹر پر حصول انصاف کے لئے جا سکیں ۔ اور اپنے حقوق حاصل کر سکیں لیکن عملی طور پر عوام کو اسکا کوئی فائدہ نہیں پہونچتا ہے ۔ گورنمنٹ نے می ۔ ایس ۔ پی آفیسرز کو accommodate کرنے کیلئے ان ''سب ڈویژنز'' کو قائم کیا ہے عوام کی تکالیف دور کرنے کیلئے نہیں کیا ۔ کیونکہ عملی طور پر ہمارے سامنے یہ صورت حالات ہے کہ ان ''سب ڈویژنز'' میں مجسٹریٹ صاحبان کو گورنمنٹ نے درجہ اول کے اختیارات دئے ہیں اور سیکشن ۳۰ کے اختیارات نہیں دئے ہیں ۔ لوگوں کو ایسے مقدمات کی پیروی کے بعد ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر پر آنا پڑتا ہے جسکے متعلق دعویٰ کیا گیا تھا کہ وہ تکلیف دور ہو جائیگی وہ ابھی تک موجود ہے ۔ اسلئے میں گورنمنٹ کی توجہ اسطرف دلانا چاہتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر—ایک منٹ اور ۔

رائے منصب علی خان کھرل - جناب میں نے ابھی شروع کیا ہے -

Mr. Speaker : That is the member's own outlook.

رائے منصب علی خان کھرل -

سمندر سے ملے پیاسے کو شبنم

بخیلی ہے یہ رزاقی نہیں ہے

راجہ محمد اشرف خان—یہ بخیلی کا لفظ unparliamentary ہے اسکو انہیں واپس لینا چاہئیے -

رائے منصب علی خان کھرل - جناب والا - یہ I withdraw it نہایت ضروری ہے کہ ان سب ڈویژنوں میں جہاں کہ ابھی حال ہی میں سی - ایس - پی آفیسرز کا تقرر کیا گیا ہے یا تو انہیں کوئی اختیارات دئے جائیں یا وہاں سکشن ۳۰ کے مجسٹریٹ لگائے جائیں تا کہ عوام کی مشکلات دور ہو سکیں - علاوہ ازیں واپڈا کے متعلق بھی بڑے بلند بانگ دعوے کئے گئے ہیں کہ یہ ہماری زرعی معیشت کیلئے ایک انقلابی قدم ہے - اس میں شک نہیں کہ پبلک کو ، عوام کو، زمینداروں اور کاشتکاروں کو بڑے فائدے پہونچے ہیں لیکن اب بھی یہ حالت ہے کہ جو ٹیوب ویل خراب ہو جاتا ہے اسکی چار چار مہینے مرمت نہیں ہوتی - دھان کی فصل میں جب کہ پانی کی شدید ضرورت ہوتی ہے تو انکو پانی نہیں ملتا - میں نے خود دیکھا ہے کہ کئی کئی مہینوں تک ٹیوب ویل خراب پڑے رہتے ہیں - اور لوگ شکایت کرتے ہیں -

وزیر زراعت (ملک قادر بخش):ایک لسٹ مجھے ضرور دینا -

رائے منصب علی خان کھرل - جی ہاں میں دوں گا - تو ایسی چیزوں سے کیا فائدہ کہ جو پچاس پچاس ہزار روپے کی خریدی جائیں اور ایک اندازے کے مطابق ۷۵ ہزار روپے کی لیکن ان سے عملی طور پر کوئی فائدہ نہ پہونچے اور جب وہ خراب ہو جائے تو مرمت نہ ہو اور پھر ایسی چیز جسکے لئے اتنا دعویٰ کیا جاتا ہے تو پھر اس دعویٰ کا مقصد فوت

ہو جاتا ہے ۔ اسلئے میں ملک قادر بخش صاحب کو توجہ دلاؤں گا کہ وہ اس پر غور فرمائیں ۔

Minister of Agriculture : I will.

رائے منصب علی خان کھرل ۔ اب میں محکمہ تعلیم کے بارے میں بھی کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں اگر الہی کو منظور ہو تو توجہ کریں ۔ جناب والا اساتذہ مدت سے مطالبات کر رہے ہیں ۔

سید حاذق علی شاہ ۔ یہ الہی کس کی طرف اشارہ ہے ۔ ہمارے ایجوکیشن سیکرٹری صاحب کا نام بھی منظور الہی ہے ۔

رائے منصب علی خان کھرل—یہ ایک عام لفظ ہے یہ صرف coincidence ہے تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ انکے مطالبات بڑے جائز اور معقول ہیں انہیں حکومت کو اور محکمہ تعلیم کو مان لینا چاہئے مثلاً جو ہائی سکول لوکل باڈیز کی تحویل میں ہیں انہیں ترقی کے امکانات اور پنشن نہیں ہے اور جو گورنمنٹ کی تحویل میں ہیں انہیں ترقی کے امکانات بھی ہیں اور پنشن کے حقوق بھی ہیں اس بنا پر تمام اساتذہ کئی بار بیگم صاحبہ سے ملے ممبران کو آگاہ کیا لیکن ابھی تک حکومت ٹس سے مس نہیں ہوئی ۔ میں نہایت ادب سے گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ ان مسائل کیطرف توجہ کیجائے اور انکے مطالبات مان لئے جائیں ۔

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : Mr. Speaker, already two members have spoken from that side.

Mr. Speaker : Yes, there are speakers who want to speak from this side and I have to look to the interest of both the sides.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : You said Sir : two from that side and one from this side.

Mr. Speaker : No., No.

چودھری امتیاز احمد گل (پارلیمنٹری سیکرٹری) ۔ جناب والا ۔ میں اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے چاہتا ہوں کہ آپ کی خدمت میں چند معروضات پیش کروں جناب والا ۔ آج میں آپ کو اس علاقے کیطرف لیجانا چاہتا ہوں جسکے متعلق عام تاثر یہ ہے کہ وہ بڑا امیر علاقہ ہے جسکے متعلق عام تاثر یہ ہے کہ وہ سونے کی چڑیا ہے ۔ اور

جناب والا - سابق سپیکر نے تو اسے لنکا شائر کے نام سے پکارا ہے - لیکن جناب والا - میں آپ کو دور دراز دیہات میں لیجانا چاہتا ہوں جو کہ اتنے ہی پسماندہ ہیں جتنا کہ اور علاقے - جناب والا - جس کا میں ذکر کرنا چاہتا ہوں وہ لائل پور کا ضلع ہے - میں on the floor of the house یہ ثابت کرونگا کہ واقعی وہاں کے زمیندار کی حالت اتنی بری ہے کہ اس پر ہر انسان کو ترس آنا چاہئے - لائل پور کے ضلع کا ہر کاشتکار ایک نہایت محنتی اور کام کرنیوالا کاشتکار ہے - جسکے متعلق دو رائیں نہیں ہو سکتیں - وہ کام سے کبھی بھی غافل نہیں ہوا ہے اور اس لئے لائل پور کا ضلع تقریباً آدھے پاکستان کی روزی کا ذریعہ بنتا ہے لیکن اس کاشتکار کی حالت کیطرف دیکھیے میں یہاں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ وہاں کی اوسط زمین جو کہ فی زمیندار آتی ہے وہ صرف ڈھائی تین ایکڑ ہے - جس سے وہ زمیندار اپنے ۷—۸ افراد کے کنبے کو پالتا ہے انکی تعلیم کی نگہداشت کرتا ہے اور پھر وہ ہمیشہ مقروض رہتا ہے - کیا ہی اچھا ہو کہ ان کاشتکاروں کو جو محنت مزدوری کر کے اپنا پیٹ پالتے ہیں انکو Barrages میں یا دوسری جگہ زمیں دیجائے جنکی کاشت سے وہ خود بھی فائدہ اٹھائیں اور قوم اور ہم لوگ بھی فائدہ اٹھائیں -

اس کے علاوہ جناب والا - میری دوسری گذارش ہے کہ تقسیم ملک کے بعد ہر جگہ آبادی بڑھی ہے اس میں شک نہیں کہ لائل پور میں کچھ زیادہ آبادی بڑھی لائل پور شہر کی آبادی تقسیم ملک سے پہلے کوئی ۶۰ ہزار کے قریب تھی لیکن اگر آج census لیجائے تو یہ ۷ لاکھ کے قریب ہے - آپ لائل پور کی ان فلک بوس عمارتوں کی طرف نہ دیکھیں جو آپ کو دور سے کھڑی نظر آتی ہیں بلکہ ایسے غریب عوام کی آبادی کی طرف جائیے جو ضلع کی آبادی کا ۹۸ فیصد ہیں تو میری گذارش یہ ہے کہ اس بڑھتی ہوئی آبادی کو سمانے کیلئے تحصیل جڑانوالہ، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور گوجرہ میں کالونیز کی ضرورت ہے جسکے لئے میں خان پیر محمد خان سے گذارش کرونگا کہ انکے لئے

کالونیز بنا دیجائیں تو وہ لوگ جو سڑکوں اور جھونپڑیوں میں پڑے ہوئے ہیں انکو سر چھپانے کی جگہ مل جائے ۔

اس کے بعد جناب والا ۔ میں تعلیم کے متعلق گذارش کرنا چاہتا ہوں ہم حکومت کے از حد مشکور ہیں کہ انہیں نے ہمیں زرعی یونیورسٹی دی ہے لیکن ساتھ ہی ساتھ کتنا اچھا ہوتا کہ پشاور یونیورسٹی کیطرح ہمیں میڈیکل اور انجینیرنگ faculties بھی دیجائیں ۔ تا کہ اس سے سارے علاقہجات مستفید ہو سکیں ۔ اسکے علاوہ میں وزیر تعلیم سے یہ گذارش کرونگا کہ وہ لائل پور میں دورہ فرما چکی ہیں وہاں کا گرلز کالج ایک پرائمری یا مڈل سکول کی بلڈنگ کے برابر ہے ۔ اس قسم کا پروپوزل ہے اور وہ رضا مند ہو چکی ہیں کہ باہر کوئی زمین دیجائے تو وہاں کالج کی بلڈنگ ے لاکھ آبادی کیلئے بنا دیجائے ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ میر ی ایک گذارش یہ ہے کہ بجٹ آیا کرتے ہیں بجٹ جایا کرتے ہیں قومیں پیدا نہیں ہوتیں بلکہ بنائی جاتی ہیں سب سے بری بات یہ ہے کہ جب بھی ممبر صاحبان فلور آف دی ہاؤس پر اٹھتے ہیں تو ہمیں یہ کہہ دیتے ہیں کہ تمام کا تمام پیسہ انکے علاقہ میں آ جائے ۔ میں کہتا ہوں کہ بجٹ کی تقسیم جو ہے وہ نہایت ایمان دارانہ طریقہ سے ہونی چاہئے اور وہ ہمیں اسطرح سے تقسیم کرنا چاہئے کہ ہم متعلقہ جگہوں پر جہاں ضرورت ہو وہاں پیسہ خرچ کر سکیں ۔ اس سے میری عرض یہ ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ پسماندہ علاقوں پر زیادہ خرچ ہونا چاہئے لیکن خرچ کتنا ہے ہمیں وہ منبع نہیں بھولنا چاہئے جس سے ہم ریونیو حاصل کرتے ہیں اور ان اضلاع کو ہمیں زیادہ سے زیادہ ترقی دینی چاہئے ۔

مسٹر محمد حسین ۔ (مظفرگڑھ ۔ ۲) ۔ صاحب صدر ۔ پہلے پہل اپنے فائننس منسٹر کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے سپلیمنٹری بجٹ پیش کر کے ہمیں اس ایوان میں اپنے اپنے ضلع کی تکالیف بیان کرنے کا موقعہ بخشا ہے ۔ میں عرض کروں گا جناب کہ ملتان ڈویژن مغربی پاکستان صوبہ کا ایک اہم جزو ہے ۔ اسمیں دو اضلاع مظفرگڑھ اور ڈیرہ غازیخان بہت پسماندہ ہیں اور ضلع ڈیرہ غازیخان میں ایک تحصیل

تونسہ شریف ہے وہ تو اپنی مثال آپ ہی ہے ۔ سب لوگ سب احباب سب ممبر صاحبان اپنے اپنے ضلعوں اور تحصیلوں کی پسماندگی کا ذکر کرتے ہیں لیکن یہ بد نصیبی اس تحصیل کی ہے جس کا کوئی پرسان حال نہیں اور وہ لوگ بھی ہیں جنکی زبانیں ہیں لیکن وہ بول نہیں سکتیں ۔ کوئی شنوائی نہیں ہوتی حتیٰ کہ پینے کا پانی بھی نہیں ملتا ۔ سڑکیں تو درکنار پانی پینے کے لئے بھی نہیں ملتا ۔ صدر۔ محترم ۔ پانی اونٹوں پر لاد کر اور عورتیں چھ چھ میل کا سفر کر کے گدھوں پر پانی لاتی ہیں اور پھر لوگ اس پانی کو اپنے کام میں لاتے ہیں جناب اب جہاں تک ضلع مظفر گڑھ کا تعلق ہے یہ بھی اپنی مثال پسماندگی کے لحاظ سے آپ ہے ۔ اس میں یہ تھا کہ گورنر بھی اور وزیر بھی رہے ہیں اور رہ رہے ہیں اور بڑی بڑی ہستیاں اب بھی ہیں ۔ لیکن میں عرض کر رہا ہوں کہ کسی صاحب نے بھی اس ضلع کی پسماندگی کو دور کرنے کے لئے کوئی طریق کار نہیں برتا ۔

میاں محمد اکبر ۔ کیا موجودہ وزیر نے بھی کچھ نہیں کیا ۔

وزیر مال ۔ (خان پیر محمد خان) : وہ خود کہہ دیں گے آپ کی خدمت میں ۔

مسٹر محمد حسین ۔ تو میں عرض کرونگا جناب کہ اگر میں اپنے ضلع کی تعلیمی حالت دیکھوں تو مجھے رحم آتا ہے کہ برسر اقتدار لوگوں نے کیا کیا ۔ ہمارا ضلع ۲۰۰ میل کے قریب لمبا ہے ۔ اس کے دو حصے ہیں ایک ریلوے لائن ملتان سے جاتی ہے ۔ ایک وہ ہے جس کو ٹی ڈی اے ٹریک کہتے ہیں اس میں بکھر کا علاقہ بھی آتا ہے مظفرگڑھ اور لیہ اور دیگر جگہیں ہیں ۔ ٹی ڈی اے کو یہ کہتے ہیں کہ بعض ادارے خود مختار ہیں میں کہتا ہوں اور میں حیران ہوں کہ ان خود مختار اداروں کی پوچھ گچھ کرنے والا اور انکا محاسبہ کرنے والا کوئی بھی نہیں یہ ادارہ کس کے ماتحت ہے میں ایل ایل بی ہوں اور ایڈووکیٹ ہوں ابھی تک مجھے پتہ نہیں چلا کہ اس ادارے کا کون حاکم ہے ؟ (آوازیں ہیئر ہیئر) میں پھر مزید عرض کروں گا کہ خدا را اس ادارے کی بدعنوانیاں اور بدکرداریاں جو ہیں ان کے متعلق کچھ سوچئے اور اس ہاؤس کو بھی سوچنا چاہئے ۔ تو میں عرض کروں گا کہ اس ٹی ڈی اے کو ہمارے علاقے کے لوگ ٹی بی

کہتے ہیں اور وہ ٹی بی کیوں ؟ اس لئے کہ لوکل مالکان سے اسقدر زیادتی ہوئی ہے کہ میں فلور آف دی ہاؤس پر کھڑے ہو کر کہتا ہوں کہ تونسہ بیراج گدوبیراج، سکھر بیراج یا کسی اور بیراج پر یہ ظلم نہیں ہوا جتنا کہ ہم پر ہوا ہے ۔ ہمیں زمینوں سے محروم کیا گیا ہے ان کا تین بٹہ چار حصہ گورنمنٹ نے لے لیا یہ کہہ کر کہ ہم آپکے علاقے کو ڈیولپ کرتے ہیں ہمیں انکے لئے پیسہ کیا ملا ۔ ۱۰ فیصدی فی ایکڑ کے لحاظ سے ایک بٹہ چار پر وہ بھی کسی کو ملا کسی کو نہیں ملا ۔ اراضی کا ایک بٹہ چار حصہ ملنا تھا وہ بھی ہمیں نہیں ملا ۔ لوکل مالکان جن سے زمینیں لی گئی ہیں وہ سارے کے سارے ان سے محروم ہو گئے ہیں ۔

اور ان کی ساری کی ساری زمین گورنمنٹ کی تحویل میں ہے ۔ ہم سے سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا گیا ہے ۔ یہ بھی فیصلہ ہوا ہے کہ ۱۲۰ روپے فی کلہ حیثیت ٹیکس لگے گا اس چیز کو ممبر صاحبان بھی دیکھیں کہ جتنی بیراجیں ہیں کیا ان پر حیثیت ٹیکس لگا ہوا ہے ۔ اس طرح مہاجروں کا حال ہے ۔ یہ وہ جگہہ ہے جہاں کہ کوئی قانون لاگو نہیں ہے ۔ جسکا قبضہ وہی مالک ۔ آج تک حقوق کا ریکارڈ نہیں بنا ۔ سن ۶۳-۶۴ آنیوالہ ہے لیکن ریکارڈ آف رائٹس نہیں بنا جس سے یہ پتہ چلے کہ فلاں زمین کا مالک کون ہے ۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہم مالک ہی نہیں ۔ اور حکومت نے ہم سے ساری کی ساری زمین چھین لی ہے ۔ تعلیمی لحاظ سے ہمارا ضلع نہایت پسماندہ ہے نوے فیصدی آبادی دیہات میں رہتی ہے اور دیہاتوں میں آج تک کوئی ہائی سکول نہیں ہے جہاں کہ غریب زمینداروں کے بچے اپنی پڑھائی جاری رکھ سکیں ۔ دو تین ہائی سکول جو ہیں وہ تحصیل ہیڈ کوارٹر پر ہیں میں منسٹر انچارج سے عرض کروں گا ۔ کہ وہ ہمارے دیہاتوں میں اچھے اچھے مڈل سکول جو ہیں ان کو ہائی سکول کا درجہ دیں ۔ ایک لعنت اور ہے جس کے متعلق میں عرض کرتا ہوں ایک الٹا نوس باڈی ہے جس نے دھاندلی مچائی ہوئی ہے ۔ ایک انجینیئرنگ یونیورسٹی ہے جس نے Aptitude Test رکھا ہوا ہے جو ہمارے back ward لوگوں کے لئے ایک دھوکہ ہے ۔ Nepotism اپنے Jobbery ہے ہمارا لڑکا ۶۰۰ نمبر حاصل کر کے وہاں پہنچتا ہے اور اس کے لئے Aptitude tests ہوتا ہے ۔ اس کے بر عکس میڈیکل کالج میں جو داخلہ ہوتا ہے وہ خالصاً لڑکوں کی قابلیت کے لحاظ سے ہوتا ہے ۔ لڑکے اپنی

تعلیم حاصل کرتے ہیں اور یہ لوگ ان کی زندگیوں سے کھیلتے ہیں ۔ میڈیکل طلبا کے لئے بھی یہی ٹیسٹ رکھا ہوا ہے کیا اس لعنت کو دور نہیں کر سکتے ۔

بیگم جہاں آرا شاہ نواز (لاہور ۔ ملتان ڈویژن) صدر محترم ۔ سب سے پہلے میں مظفرگڑھ اور خصوصی طور پر لیہ تحصیل کے نئے ایم ۔پی ۔اے ملک محمد حسین کو ان کی maiden speech پر مبارکباد دیتی ہوں اور اللہ تعالی کا شکر ادا کرتی ہوں کہ لیہ تحصیل کا ایک ایسا نمائندہ اس ایوان میں آیا ہے کہ جس کے منہ پر مہر سکوت نہیں لگی ہوئی اور وہ وہاں کے حالات بیان کر سکتے ہیں ۔ صدر محترم ۔اس خاکسار کو بھی یہ فخر حاصل ہے کہ ملتان ڈویژن کی نمائندہ ہوں ۔ اس وقت ہمیں یہ موقعہ دیا گیا ہے کہ اپنے اپنے حلقوں کے لوگوں کی تکالیف کے متعلق روشنی ڈالیں ۔میں ابھی وہاں تین چار ہفتے گذار کر آئی ہوں ۔ میرا فرض ہے کہ آپ کی وساطت سے اس ایوان کے سامنے وہاں کی تکالیف بیان کروں ۔

بیشتر اس کے کہ میں اس کے متعلق کچھ عرض کروں میں دست بستہ ٹریژی بنچز سے یہ گذارش کرنا چاہتی ہوں اور ملک قادر بخش صاحب کی خدمت میں خصوصیت سے کہ جو پوائنٹ ہم اپنی تقاریر میں raise کریں اور جن کا جواب درکار ہو وہ یہ extend courtesy کریں کہ ان کا جواب دیں ۔

ایک ممبر ۔ انشاللہ ۔

بیگم جہاں آرا شاہنواز — صدر محترم — ملتان ڈویژن بدقسمتی سے وہ ڈویژن ہے جسے ہندوؤں اور سکھوں نے development میں سب سے پیچھے رکھا ۔ کیونکہ وہاں مسلمانوں کی اکثریت تھی اور وہ نہیں چاہتے تھے کہ مسلمانوں کی اکثریت کے علاقے ترقی پزیر ہوں کیا تعلیم کے لحاظ سے ۔ کیا آبپاشی کے لحاظ سے کیا ہسپتالوں کے لحاظ سے اور دیگر امور میں اس کو بہت پیچھے رکھا گیا ہے ۔

صدر محترم ۔ بٹوارے کے بعد یہ امید تھی کہ اس اسلامی سلطنت میں سب سے پہلے ان پس ماندہ ڈویژن کا خاص طور پر خیال رکھا جائے گا اور ان کی ترقی کے لئے زیادہ سے زیادہ کوشش کی جائے گی ۔ ملتان ڈویژن وہ خوش قسمت علاقہ ہے جہاں پر

ٹریڑی بنچز پر بیٹھنے والے حضرات اس وقت شہادت دیں گے کہ جو دنیا کے ماہر نظام صنعت کے مشورہ کے لئے بلائے گئے تھے انہوں نے یہ کہا تھا کہ ڈیرہ غازی خان کے آس پاس کا علاقہ صنعت کی ترقی کے لئے سب سے زیادہ موزوں جگہ ہے جہاں آپ صنعتیں لگانا چاہئیں تو آپ کو لیبر سستی رہے گی ۔ خام مال بھی آس پاس سے مہیا ہو سکتا ہے ۔ تیسرے سوئی گیس ہے اور میانوالی میں iron ore ہونے کی وجہ سے یہ علاقہ نہایت موزوں اور مناسب ہوگا ۔ مگر اس ڈویژن کی بد قسمتی ہے کہ بجائے زیادہ صنعتوں کو ملتان ڈویژن میں لگانے کے کراچی کو ترجیح دی جارہی ہے اور اسے ان چیزوں کے لئے زیادہ موزوں سمجھا جا رہا ہے ۔ یہ ہماری شکایت ہے اور امید ہے کہ حکومت اس پر مزید غور فرمائے گی اور ملتان ڈویژن میں صنعتی اداروں سے زیادہ سے زیادہ جس سے وہاں کی ترقی ہو اور لوگوں کو بے روزگاری سے نجات حاصل ہوگی ۔

صدر محترم ۔ اس ڈویژن کی ترقی کا معیار بہت کم ہے میرے پاس اس وقت متعدد خطوط موجود ہیں جو آئے دن اس ڈویژن کی مختلف جگہوں سے مجھے موصول ہو رہے ہیں ۔ جہاں تک تعلیم کا تعلق ہے ابھی میرے بھائی ملک محمد حسین نے بتایا ہے کہ تعلیم میں یہ علاقہ بہت پیچھے ہے ۔ جہاں تک لیہ شہر کا تعلق ہے وہاں ایک لڑکوں کے لئے کالج تجویز کیا گیا تھا ۔ سردار عبدالمجید دستی صاحب نے بڑی مشکل سے ہمیں ایک لڑکیوں کا ہائی سکول دیا تھا اب لڑکیوں کے ایک کالج کا اعلان کیا گیا اور اس کے لئے دو لاکھ روپیہ کی رقم مخصوص کی گئی مگر وہاں یہ حالت ہے کہ آج بھی اس طرح سے زمین پڑی ہوئی ہے خدا جانے وہ روپیہ کہاں گیا ہے آج تک کالج بن نہ سکا ۔ لڑکیوں کے لئے تو آج تک کسی کالج کا خیال ہی نہیں کیا گیا ۔

صدر محترم ۔ حفظان صحت کی یہ حالت ہے (سر رشتہ یونین کونسل کا یہ خط لیجے پالیہ ۔ ٹھٹھہ ۔ خانیوال ضلع ملتان سے خط آیا ہے اور چیئرمین نے یہ لکھا ہے) کہ وہاں زچگی کے لئے کوئی انتظامات نہیں ہیں ۔ وہاں ایک ہیلتھ وزیٹر مقرر کی گئی تھی مگر اس کو کوئی سامان نہیں دیا گیا ۔

یہ ملتان ڈویژن کے مختلف علاقوں کی حالت ہے لیہ کے آس پاس کے علاقوں کی حالت اس سے بھی بد تر ہے ۔ جناب والا ۔ میں ٹریژی بنچز کو اور خصوصی طور پر حفظان صحت کے وزیر صاحب کی خدمت میں عرض کروں گی کہ جب تک جگہ جگہ انتظامات نہیں ہو سکتے نشتر میڈیکل کالج اوراس کے ساتھ جو بڑاھسپتال موجود ہے ۔ آپ اس میں کیس بھیجنے کے لئے ٹرانسپورٹ مہیا کریں تاکہ جو intricate maternity cases وغیرہ کے ہوں وہاں لے جاسکیں ۔ اور عورتوں کی جان بچائی جا سکے ۔ یہ میری التجا ہے ۔

اب صدر محترم ۔ میں تھل کے متعلق بھی کچھ باتیں عرض کروں گی ۔ مجھے امید ہے کہ آپ مجھے تھوڑا سا وقت دیں گے ۔ تھل کے متعلق مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ تھل اور اس کے آس پاس کے سب علاقہ کو irrigate کرنے کے لئے تھل پروجیکٹ پر ۸۰ کروڑ روپیہ گورنمنٹ کا خرچ ہوچکا ہے۔ آج پراجیکٹ کا یہ حال ہے کہ چاروں طرف سیم اور تھور اس قدر بڑھ گی ہے کہ اگر فی الفور کارروائی نہ کی گئی تو یہ اس ۸۰ کروڑ روپیہ پر پانی پھر جائے گا اور یہ زمین اور یہ علاقہ تالاب بن جائیگا واپڈا نے ایک سکیم بنا کر بھیجی تھی اس سے لیہ کے آس پاس کا علاقہ بچ جاتا مگر بہت افسوس ہے کہ منسٹری نے وہ بھی منظور نہیں کی لوئر تھل کیلئے دو کروڑ روپیہ دیئے گئے مگر اس حصہ تھل کے لئے ایک چھوٹی سی رقم بھی sanction نہ ہوئی میں ان سے یہ درخواست کرتی ہوں کہ خدا کے لئے اس کام کی طرف جلدی توجہ کیجیئے ۔ تھل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے چیئرمین کے پاس ڈیڑھ سو ٹیوب ویلز آئے ہوئے ہیں مگر ان کو install کرنے کے لئے روپیہ نہیں دیا جاتا ۔ اگر ایک جگہ ٹیوب ویل نصب کیا جائے تو وہ علاقہ جلد درست ہوجاتا ہے ۔ کیا وجہ ہے اتنی بے توجگی کا اظہار ہو رہا ہے ۔

صدر محترم ۔ میں عرض کروں گی کہ جب یہ علاقے آپ ایگریکلچرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن کے سپرد کر چکے ہیں تو پھر تھل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے کیا معنی ہیں ۔ بہتر یہی ہے کہ تھل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو اب ختم کیا جائے اور اس کو ریونیو ڈیپارٹمنٹ اور ایگریکلچرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن کے سپرد کیا جائے ۔

اب آپ تھل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو ختم کریں ۔ تھل ڈویلپمنٹ اتھاڑی کا ریکارڈ جو گم ہے ان کا پتہ کیا جائے—اور انہیں مکمل کیا جائے

وہ مقدمات جو سولہ سال سے پڑے ہوئے ہیں اور جسکی وجہ سے غریبوں کو سخت تکلیف ہورہی ہے ان کا جلد فیصلہ کیا جائے۔

صدر محترم - سب سے ضروری بات جو میں ٹریژری بنچز کی خدمت میں عرض کرنا چاہتی ہوں وہ یہ ہے کہ For God's sake have sanctity for Previous Cabinets decisions. یعنی گذشتہ وزارتوں نے جو خاص خاص پالیسیوں پر فیصلے کئے ہیں خدا کے لئے اب ان کو طے شدہ تصور کریں اور ایگریکلچرل ڈویلمپنٹ کارپوریشن اور لینڈ آفیسر کو ہدایات دیں کہ وہ ان کو طے شدہ سمجھیں ورنہ علاقہ اس قدر تباہ و برباد ہو جائیگا اور سال بہ سال گورنمنٹ ہزاروں روپیہ مقدمات پر خرچ کیا کرے گی اور لوگوں کو بھی خرچ کرنا ہوگا - بعض ایسے Cabinet decisions اور آپ کے ہائی آفیسر کے فیصلے ہیں جو بدقسمتی سے نئے لینڈ آفیسر کو معلوم نہیں ہیں ان کے پاس کوئی ریکارڈ نہیں ہے جو لوگ وہاں دھاندلی اور بد عنوانیاں کرنا چاہتے تھے انہوں نے فائلز تباہ کرادی ہوئی ہیں مگر آپ کے پاس communiques موجود ہیں تو انہیں communiques کو نکال کر آپ لینڈ آفیسروں کو بھیجیں تاکہ جو decisions ہو چکے ہیں ان کو وہ نہ بدلیں - ان کے بدلنے سے سال ہا سال آپ اور سب لوگ مصیبت میں رہیں گے -

صدر محترم - وہاں کے لوگوں کو جو زمین واپس دی گئی وہ صرف $\frac{1}{4}$ حصہ دی گئی ہے اور آپ جانتے ہیں کہ $\frac{3}{4}$ حصہ ان کی ملکیتی زمین کوڑیوں کے مول لے لی گئی - اگر آپ وہ زمین لینڈ ریفارم کے نیچے لیتے تو کروڑوں روپیہ اس علاقے کو دینا ہوتا - کوڑیوں کے مول لے کر جو وعدے کئے گئے ہیں اور تھوڑی مراعات دی گئی ان کو اب لینے کی کوشش کرنا سخت نا انصافی ہے - اس وقت ہر ایک گاؤں میں Percentage اس زمین کی جو نہر میں آئی بتائی گئی تھی - اگر اس میں کوئی رد و بدل ہوا ہو اور اس کے بعد کہیں کم وبیش کرنا پڑا ہو تو جناب والا - وہ زمین لوگ ڈویلپ کر چکے ہیں - ان سے آپ واپس نہ لیں بلکہ Acquisition کی تاریخ کی قیمت ان سے - کر ان کے پاس رہنے دیں - وہاں کے آباد کاروں کا مطالبہ ہے

یہ بڑے بڑے اشتہارات ان مطالبات کے میرے پاس موجود ہیں ۔ انہوں نے یہ کہا ہے کہ آپ مہربانی کریں کہ کم از کم ۲۰ فیصدی زمین تک کی قیمت ۱۹۵۱ء کی شرح سے ان سے لے لیں اور یہ زمین ان سے واپس نہ لیں یعنی جس کے پاس پانچ مربع زمین ہے اس کے اس حساب سے زائد زمین ان کے پاس رہنے دیں ۔ ان بچاروں کے مطالبات بالکل درست ہیں ۔ یہ ان کی غلطی کی وجہ سے نہیں ہوا ہے بلکہ آپ کی وجہ سے یہ تفاوت ہوا ہے

میاں محمد اکبر (گجرات ۔ ۱) : جناب والا ۔ اگر میں اس ضمنی بجٹ کو جو ہمارے سامنے پیش کیا گیا ہے اپنی حکومت کے ضمنی انتخاب کے خرچ کا گوشوارہ کہوں تو زیادہ مناسب ہوگا کیونکہ اس ضمنی بجٹ کے کھوکھلے ڈھانچے میں مجھے سوائے اس کے اور کوئی چیز قابل ذکر نظر نہیں آئی لیکن بنیادی جمہوریتوں کو ان کی نام نہاد ترقیاتی سکیموں کے لئے کروڑوں روپیہ دے دیا گیا ہے اور یہ روپیہ کیوں دیا گیا ہے محض اس لئے کہ بنیادی جمہوریتوں کے ممبران کو اپنے ساتھ ملایا جائے اور میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کو اس گران قدر رقم کا بیشتر حصہ ان یونین کونسلوں ۔ ان بنیادی جمہوریتوں پر نچھاور کیا جائے گا جنہوں نے حالیہ انتخابات میں ہمارے وزرا کرام کے خویش و اقربا کو کامیاب کرانے کے لئے حکومت کا ہاتھ بٹایا ہے ۔

Minister of Revenue : questions

میاں محمد اکبر — جناب والا ۔ ہماری حکومت بنیادی جمہوریتوں کے نظام کو شہنشاہ اکبر کے دین الٰہی کا درجہ دے رہی ہے (قہقہہ) اور اس کے پیرو کاروں کی ہر جائز اور نا جائز طریقے سے سر پرستی کی جا رہی ہے ۔ جناب والا ۔ اس دین الٰہی کی اندھا دھند سر پرستی کی انتہا یہ ہے کہ ہماری حکومت اگر Contingencies سے ڈھائی کروڑ روپیہ بطور گرانٹ اس دین الٰہی کے پیرو کاروں کو بخشتی ہے تو اس پر اکتفا نہیں کرتی بلکہ ڈویلپمنٹ سکیموں کے لئے سالانہ بجٹ میں جو دس کروڑ روپیہ رکھا گیا تھا اور جو پی ڈبلیو ڈی کے حوالہ کیا گیا تھا کیوں کہ تمام ترقیاتی کام پی ڈبلیو ڈی کے ذریعہ سے کروائے جاتے ہیں یہ رقم ان سے واپس لے کر بنیادی جمہوریتوں کو تفویض کر دی گئی ہے تاکہ وہ اس رقم کو خورد برد کر سکیں اور جو ہماری حکومت کے ارباب بست وکشاد

ھیں ان کے جان و مال کو دعائیں دیں ۔ جناب والا ۔ بنیادی جمہوریتوں کو یہ کروڑوں روپیہ اس لئے بھی تفویض کیا گیا ہے کہ ہماری حکومت اپنے خود کاشتہ پودے یعنی کنونشن مسلم لیگ کی آبیاری بھی بنیادی جمہوریت کے ممبران کے ذریعہ ھی کروانا چاھتی ہے ۔ لیکن جناب والا ۔ میں یہ گذارش کروں گا کہ اگر ھماری حکومت اور ھمارے وزرائے کرام دیانتداری سے یہ سمجھتے ھیں کہ تحریص زر ھی وہ واحد ذریعہ ہے جس سے بنیادی جمہوریت کے ممبران کے ضمیر خریدے جا سکتے ھیں یا اس ذریعہ سے ان کو اپنی جماعت میں شامل کیا جا سکتا ہے تو میں پوچھتا ھوں کہ وہ اس کام کے لئے اپنے پارٹی فنڈز کیوں خرچ نہیں کرتے اور قومی خزانے کو اس بے دریغی سے خرچ کر کے حلوائی کی دکان پر دادا جی کا فاتحہ کیوں پڑھ رھے ھیں ۔

جناب والا ۔ کسی حکومت کی بد اعمالی کا بد ترین مظاھرہ اور مثال یہ ھوتی ہے کہ کسی ایک محکمہ کے اختیارات کسی دوسرے محکمہ کو تفویض کر دیئے جائیں ۔ اس طرح سے جناب والا ۔ ان کی انفرادیت ختم ھو جاتی ہے اور ایڈمنسٹریشن کے تمام اختیارات آھستہ آھستہ چند ھاتھوں میں منتقل ھو جاتے ھیں اور وہ ھاتھ یا وہ افراد مطلق العنان ھو جاتے ھیں اور ان سے وہ لغزشیں اور خرابیاں سرزد ھوتی ھیں جیسی کہ ھماری حکومت اس وقت کر رھی ہے ۔

جناب والا ۔ ایک اور بات جو اس ضمنی بجٹ سے بہت نمایاں طور پر سامنے آتی ہے وہ یہ ہے کہ جب بھی بجٹ بنایا جاتا ہے چاھے وہ سالانہ بجٹ ھو یا ضمنی بجٹ ۔ منصوبہ بندی کا اس میں اکثر فقدان ھوتا ہے ۔ محض اعداد و شمار کا ایک گوشوارہ ایوان کے سامنے پیش کر کے اس پر اکثریت کی مہر تصدیق ثبت کروا لی جاتی ہے اور بعد میں اپنی مرضی اور سہولت کے مطابق اس میں تبدیلیاں مناسب وقت پر کر لی جاتی ھیں ۔ جناب والا ۔ اس کی سب سے بد ترین مثال یہ دس کروڑ روپیہ ہے جس کا ذکر میں نے ابھی ابھی آپ کے سامنے کیا ہے کہ پہلے یہ پی ڈبلیو ڈی کو تفویض کیا گیا لیکن بعد میں بنیادی جمہوریتوں کو خوش کرنے کے

لئے ان کی تحویل میں دے دیا گیا ۔ اس کے علاوہ بھی بہت سی Demands ایسی ہیں جن کی رقم در اصل سالانہ بجٹ میں Provide کرنی چاہئیے تھی ۔

Mr. speaker: Two minutes more

میاں محمد اکبر ۔ جناب والا ۔ ایک ڈیمانڈ Irrigation کی ہے ۔ اس کے متعلق گذارش کرونگا کہ اس میں ایک کروڑ چھہتر لاکھ روپیہ اس بجٹ میں Contingencies سے دیا گیا ہے اور اس کی توجیہہ یہ بیان کی گئی ہے کہ نہروں کا نظام ٹھیک نہیں ہے اور درست طور پر نہیں چل رہا ۔ Silt کے بھاڑ چڑھ آئے ہیں ۔ تو میں گذارش کرتا ہوں کہ کیا ہمارے نظام انہار میں یہ خرابی سالانہ بجٹ کے بعد ہی عود کر آئی ہے ؟ جب سالانہ بجٹ تیار ہو رہا تھا تو اس وقت ہمارے وزرائے کرام کے سامنے خاص طور پر ملک قادر بخش صاحب کے سامنے یا فنانس منسٹر صاحب کے سامنے نہروں کی یہ حالت نہیں تھی ؟ کیا پچھلے چھ ماہ میں کوئی حادثہ ہو گیا ہے جس کی وجہ سے نہریں خراب ہو گئی ہیں اور ہمیں فوری طور پر ایک کروڑ چھہتر لاکھ روپیہ دینے کی ضرورت پڑ گئی ہے ؟ اور یہ چیز اس بات سے بھی جھوٹی ثابت ہوتی ہے کہ خرچ Recurring دکھلایا گیا ہے ۔ صرف اس سال کے لئے نہیں بلکہ ہر سال یہ مزید خرچ محکمہ انہار میں ہوگا ۔ یہ در اصل ہمارے وزراء کی نا اہلی اور اپنے محکموں سے بے خبری کی ایک ادنیٰ ترین مثال ہے ۔

Mr. Speaker : One minutes more

میاں محمد اکبر ۔ جناب والا ۔ ایک دو منٹ میں اپنی گذارشات ختم کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Please wind up.

میاں محمد اکبر ۔ جناب والا ۔ سالانہ بجٹ کو فنانس منسٹر صاحب نے کم ترقی یافتہ علاقوں کے بجٹ کا نام دیا تھا لیکن ضمنی بجٹ کو دیکھیں تو یہ بنیادی جمہوریتوں کا بجٹ نظر آتا ہے اور مالی سال کے اختتام کے بعد یہ نا کام بجٹ کہلائے گا اور ہمارے عوام کے لئے اس وقت لمحۂ فکریہ ہوگا کہ کروڑوں روپیہ اور ایک سال کا قیمتی عرصہ محض چند خود غرضوں

کی خوشنودی طبع کی نذر ہوگیا اور غریب عوام غریب سے غریب تر ہو گئے - جناب والا - اگر سالانہ بجٹ میں دس کروڑ روپیہ بطور Contingencies رکھ کر گناہ کیا گیا تھا تو یہ ضمنی بجٹ اس کا عذر گناہ دکھائی دیتا ہے اور میں یقین کے ساتھ کہتا ہوں کہ یہ عذر گناہ سے بد تر ہے -

Mr. Taj Muhammad Khanzada (Campbellpur I): Sir, it is for the first time after the integration of the various provinces of West Pakistan that some attention has been paid to the development of the rural areas. I am happy to say that at last the voice of the dumb and the deaf population of the rural areas is having some effect on both the bureaucracy and the people in power.

Sir, it is a fact wellknown, not now but since ages, that the rights and privileges of the people living in villages have been grossly neglected by Governments, succesively one after another. And if I may say so this House also represents that vast population and represents those deaf and dumb people who are today without education, without food, without clothes without houses and without water. and if the Government has started a move in the right direction it is time for us to appreciate it, But let not this move be the beginning of an end. I hope that in the next Budget the Government will take proper steps to make bigger allocations for the sake of those unrepresented people.

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh): You represent them.

Mr. Taj Muhammad Khanzada: The other thing is: that this money, as they say, was formerly given to the P.W.D. I think the Government has taken a right step in taking it away from the P.W.D. I don't say this because I stand in need of a plot from my friends on the other side but it is a matter of truth. Had this money been given to the PWD at the end of the financial year we would have found a lot of money lying unspent. The PWD authorities would have said: 'Oh we do not have staff', 'oh we do not have the material, we do not have this and that'. The money would have been just left idle it would have been a dead loss. I quote an example of one District Campbellpur, to which I belong. I tell you that of the money alloted to us every pie of it has been spent and every single pie has been very very constructively. It has not been spent by Basic Democrat. It is wrong to say that the Basic Democrats are spending this money. It is spent under a properly-organized and constructive Department but under the guidance of the Deputy Commissioner who is the man on the spot who is to see and whose responsibility it is to see that the money given for the purpose is properly spent. I would invite the Ministers to come and see what is happening there. There credit does not go to me or the Basic Democrats but to those few to whom this work has been entrusted. Sir I next come to the formation of One Unit. We are very conscious of the fact that in the larger interest of this country it was necessary to form One Unit but certain promises were made to the minority provinces and the implementation of those promises should have been a matter of faith with the Government of One Unit. If there has been any slackness on that account, I hope this House and this Government will take note of it and it is never too late to do that. By saying this I do not say that anything should be done undue because the interest of the nation is above any regional interes and it is in the interest of Pakistan that One Unit must stay, not for the

sake of individual provinces but for the sake of stability of Pakistan. I say this with all the faith and with all the conviction. I know I am in a region where there is a vast majority of people still struggling against One Unit and want to undo it. I oppose that move both here in this House and on the public platform. I do so because I feel it is the right thing. But at the same time I must tell one thing to the Government that even between brothers there is equality. I agree that as principal there should be competition. Services and everything else should be given to those who come at the top, but before the backward provinces are ready compete on equal basis with the rest of Pakistan, it would be something which would go against the pledges given to the minority provinces. Sir the pledge given to them was that there will be competition but the quota will be given on competitive basis, on the regional basis whether it is subordinate service, whether it is superior service or whether it is any other service, service whatever it may be. I hope this principle will be adhered to till the expiry of the time set by the Government in the original promise.

Mr. Speaker : One minute more.

Mr. Taj Muhammad Khanzada : Sir I have hardly started.

Mr. Speaker : The Member has taken more than five minutes.

Mr. Taj Muhammad Khanzada : I have got so much to say that I would rather not say.

خان احمد خان — (لائلپور - م) جناب والا - جناب وزیر خزانہ نے جو ضمنی بجٹ پیش کیا ہے اس پر تنقید تو ماہر مالیات و اقتصادیات ہی کر سکتے ہیں - میں صرف اپنے حلقہ اور ضلع کی مشکلات کا ذکر کرونگا -

جناب والا - پہلا مسئلہ تھور اور سیم کا ہے جو کہ ہماری اقتصادی حالت پر اثر انداز ہو رہا ہے - ہمارے ضلع کے کچھ حصے میں ٹیوب ویل سکیم اور ڈرینج کا اہتمام کیا گیا ہے - لیکن ہر دو سکیموں کا طریقہ کارنا تسلی بخش ہے - جب سے سیم نالیاں کھودی گئی ہیں ان کی صفائی - گہرائی اور مرمت کی طرف توجہ نہیں دی گئی - نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ اکثر برسات کے موسم میں مختلف جگہوں سے ٹوٹ کر بڑے وسیع علاقے میں سیلاب لاتی رہتی ہیں جس سے - زمینداروں کا ناقابل تلافی نقصان ہوتا ہے - لہذا حکومت کو ان کی مرمت اور بھل صفائی کی طرف توجہ دینی چاہیئے -

جناب والا - ٹیوب ویلوں کے متعلق عرض یہ ہے کہ کچھ ٹیوب ویل خراب پانی کی وجہ سے بند پڑے ہیں - ان کو چلایا جائے اور ان کا خراب پانی ڈرین میں ڈالا جائے - اس سے اس علاقے کے پانی کا level نیچے چلا جائیگا اور نہر کا پانی زیادہ دے کر اصلاح اراضی کی جائے - اچھے پانی والے جو ٹیوب ویل چل رہے ہیں وہاں تو اصلاح

اراضی ہوتی ہے مگر وہاں دقت یہ ہے کہ عملہ ٹیوب ویل اکثر سادہ لوح زمینداروں کے ساتھ چالاکی کرتا ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مجبوراً ان زمینداروں کو جن کی پانی کی باری ہو اس عملے کو نذرانہ دینا پڑتا ہے۔ ورنہ کسی پرزے کی خرابی کا بہانہ کر کے ٹیوب ویل بند کر دئیے جاتے ہیں۔

جناب والا۔ ٹیوب ویل کا آبیانہ مقرر کرنے والی کمیٹی کے چیئرمین جناب وزیر خزانہ کی خدمت میں گذارش ہے کہ اس آبیانے کا فیصلہ جلد کیا جائے۔ تین چار سال سے یہ آبیانہ زمینداروں کے ذمہ بقایا کی صورت میں چلا آرہا ہے اس کے متعلق جو بھی فیصلہ ہو۔ اس بقایا کی وصولی بذریعہ اقساط کرائی جائے کیونکہ اس کی یکمشت ادائیگی زمینداروں کے لئے نا ممکن ہے۔

جناب والا۔ اس علاقہ کی بڑی ڈرین جڑانوالہ ڈرین کے نام سے مشہور ہے۔ اس کے بائیں طرف ٹیوب ویل سکیم ہے اور اس کے دائیں طرف کوئی سکیم نہیں۔ نتیجہ یہ ہوا ہے کہ دائیں طرف کے پانی کا level روز بروز اونچا ہو رہا ہے۔ اور بعض مقامات پر تو پانی کی جھیلیں بن چکی ہیں۔ صرف کاغذات پر ستیانہ سمندری اور مدوآنہ ڈرین کا نام ہے۔ اگر یہ دونوں سکیمیں جلد از جلد شروع نہ کی گئیں تو ضلع لائلپور کا بہت بڑا زرخیز حصہ خراب ہو جائیگا اور خطرہ ہے کہ لائلپور شہر میں جو پاکستان کا مانچسٹر ہے پانی کا Level اونچا ہو کر شاندار عمارتوں اور کارخانہ جات کیلئے نقصان کا باعث نہ ہو۔ اگر حکومت کے پاس روپے کی کمی کی وجہ سے یہ سکیمیں جلد شروع نہ کی جا سکیں تو زمینداروں کو اپنے خرچ پر ٹیوب ویل لگانے کی اجازت دی جائے۔ اگر حکومت اس علاقے میں بجلی مہیا کرے تو زمیندار وہاں کواپرٹیو سوسائٹیاں بنا کر ٹیوب ویل چلانے کیلئے تیار ہیں۔

جناب والا۔ اس کے علاوہ اہم مسئلہ رہائش کا ہے۔ جو ضلع لائلپور میں شدید صورت اختیار کر چکا ہے۔ رہائش کی تکلیف کی وجہ سے لائلپور کے قصبات مثلاً جڑانوالہ۔ گوجرہ۔

ٹوبہ ٹیک سنگھ ۔ سمندری ۔ کمالیہ چک جھمرہ میں تقریباً ۴۰ فیصدی آبادی مصیبت میں مبتلا ہے ۔ ہر قصبہ میں ناجائز تصرف بڑھتا جا رہا ہے ۔ صرف جڑانوالہ شہر میں حکومت کی زمین پر تین ہزار مکانات رات کی پیداوار ہیں اور پھر ایسے مکانات بنتے ہیں جو انسانی استعمال کے ناقابل ہوتے ہیں ۔ میری گذارش یہ ہے کہ اس سلسلے میں ایک جامع سکیم بنائی جائے اور غریب اور مستحق اشخاص میں یہ اراضی آسان قسطوں پر تقسیم کی جائے اور حکومت کی باقی اراضی جو میونسپل کمیٹی کی حدود میں ہے نیلام کی جائے ۔ وہ اراضی سرمایہ دار خرید لینگے اور ان پر مکانات بنا دینگے ۔ اس طرح قلت مکانات رفع ہو جائیگی

جناب والا ۔ صوبائی حکومت نے سرکاری مزروعہ اراضی کا نیلام پانچ سال کیلئے ملتوی کر کے ایک مستحسن فیصلہ کیا ہے ۔ لہذا گذارش یہ ہے کہ پانچ سال کی اس مہلت سے فائدہ اٹھا کر ایسی پالیسی وضع کی جائے کہ سرکاری اراضی کے مالکانہ حقوق مناسب قیمت پر انہی کاشتکاروں کو منتقل کئے جائیں جنہوں نے اس بنجر اراضی کو آباد کیا ہے ۔ اور Grow more food سکیم کے تحت جن کاشتکاروں کو مالکانہ حقوق دئے جا رہے ہیں ان کی قیمت زرعی اصلاحات کے تحت کاشتکاروں سے ۸ یا ۱۰ روپے فی یونٹ کے حساب سے وصول کی جائے ۔

مسٹر محمد اکبر خان کاذجون ۔ (رحیم یار خان ۔ ۱)

جناب والا ۔ ون یونٹ کا قیام ملکی اور قومی مفاد کا تقاضا تھا ۔ اب ون یونٹ ایک حقیقت بن چکا ہے اور اس کے فوائد روز روشن کی طرح عیاں ہیں ۔ صوبائی تعصب رفتہ رفتہ ختم ہو رہا ہے ۔ انشاءاللہ وہ دن بہت جلد آئیگا جب ہم سب پاکستانی ہونگے ۔ ہم میں کوئی پنجابی ۔ کوئی ریاستی ۔ کوئی ۔ سندھی ۔ کوئی بلوچی ۔ اور کوئی سرحدی ۔ نہ ہو گا ۔ چھوٹے اور کم ترقی یافتہ یونٹوں کیلئے ون یونٹ نعمت ثابت ہوا ہے ۔ اب اگر کوئی ون یونٹ کی مخالفت کرتا ہے تو اس کی وجہ صرف صوبائی تعصب اور ذاتی مفاد ہے۔

جناب والا ۔ بہاولپور کے ساتھ ون یونٹ کے قیام کے بعد لگاتار ناانصافی ہوتی رہی ہے جس کا اقرار جناب گورنر

صاحب اور جناب وزیر خزانہ صاحب فرما چکے ہیں ۔ (قہقہہ) اس سال بہاولپور کے ترقیاتی منصوبوں کیلئے کچھ رقم جناب گورنر صاحب کی مہربانی سے مخصوص ہوئی ہے ۔ گذشتہ سال سے چار سو فی صد جوزائد تناسب ظاہر کیا جارہا ہے اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ گذشتہ سالوں میں بہاولپور کو یکسر نظر انداز کیا جاتا رہا ہے ۔ ورنہ اگر حقیقت کو دیکھا جائے تو اس سال بہاولپور کو اس کے حق سے زیادہ نہیں ملا ۔ اس سال مخصوص ہونے والی رقم کی ادائیگی میں تاخیر کی وجہ سے خدشہ ہوگیا ہے کہ شائد ہمارے ترقیاتی منصوبے ادھورے ہی نہ رہ جائیں ۔ اس امر کا اظہار ہماری ڈویژنل کونسل بھی کر چکی ہے

جناب والا ۔ ترقیاتی منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کیلئے ضروری ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کیلئے مخصوص ہونے والی رقم وہاں کے کمشنر کو فوراً ادا کر دی جائے ۔ تاکہ منصوبوں کی تکمیل بروقت ہو سکے۔

جناب والا ۔ ون یونٹ کے قیام کے بعد بہاولپور کے کمشنروں کو جس تیز رفتاری سے تبدیل کیا جاتا رہا ہے اس کا ایک ریکارڈ قائم ہو چکا ہے ۔ اب ہمارے موجودہ قائم مقام کمشنر مسٹر دربار علی ہیں ۔ صاحب موصوف بہاولپور کی ضروریات اور تکالیف کو خوب سمجھتے ہیں اور اس کی ضروریات پورا کرنے میں سرگرم عمل ہیں ۔ لہذا بہاولپوری لوگوں کا متفقہ مطالبہ ہے کہ صاحب موصوف کو بہاولپور کا مستقل کمشنر مقرر کیا جائے امید ہے اس سلسلے میں کوئی فوری فیصلہ کیا جائیگا ۔

جناب والا ۔ اب میں کچھ اپنے علاقہ کے مطالبات پیش کرنا چاہتا ہوں میں رحیم یار خان کی نمائندگی کرتا ہوں ۔ رحیم یار خان میں گرلز کالج کی اشد ضرورت ہے ۔ نو سو ڈیڑھ ڈیڑھ سو میل تک کوئی زنانہ کالج نہیں ہے اور اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ رحیم یار خان میں فوری طور پر ایک زنانہ کالج کھولا جائے تاکہ لوگوں کو تعلیم کی سہولتیں میسر آئیں ۔ سیم اور تھور نے رحیم یار خان کو اپنے گھیرے میں لے لیا ہے اور اس سلسلہ میں بھی فوری توجہ کی ضرورت ہے اور مجھے امید ہے کہ اس کے تدارک کے لئے حکومت

فوری قدم اٹھائے گی - ہاؤس اور پراپرٹی ٹیکس کے لئے عوام کا مطالبہ ہے کہ ذاتی طور پر استعمال میں لائی جانے والی پراپرٹی پر ٹیکس عائد نہ کیا جائے -

جناب والا - - ہمارے ضلع رحیم یار خان میں اکثر زمینیں نیلام ہو چکی ہیں اور بہت تھوڑی باقی رہ گئی ہیں - میری گذارش ہے کہ اگر یہ زمینیں بے زمین مزارعین کے لئے مخصوص کی جائیں اور آباد کاری شرائط پر ان میں تقسیم کر دی جائیں اور اس طرح گدو بیراج کا علاقہ جو ہمارے ضلع سے متصل ہے یہاں بھی ان بے زمین مزارعین کے لئے زمینیں مخصوص کی جائیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح صحیح طرز پر بے زمین مزارعین کی آباد کاری ہو سکے گی -

جناب والا - میں اس بات کے حق میں ہوں کہ بنیادی جمہوریت کے ذریعے بارہ کروڑ روپیہ خرچ کیا جائے - یہ انتہائی صحیح اقدام ہے جو حکومت کر رہی - کیونکہ اس سے دیہاتوں میں بھی ترقیاتی کام شروع ہو جائیں گے اور رحیم یار خان کے دیہاتی علاقہ کو بھی جہاں واقعی اس وقت تک کوئی خاص ترقی نہیں ہوئی فائدہ حاصل ہوگا - میری گذارش ہے کہ جب حکومت اس سکیم کو عملی جامہ پہنائے تو ضلع رحیم یار خان کی طرف زیادہ توجہ دی جائے

جناب والا - اس کے بعد میں اصلاح معاشرہ کے سلسلہ میں کچھ عرض کروں گا اس کے لئے سب سے پہلے شراب کو بند کرنا چاہئے - یہ ام الخبائث ہے نیز عوام کا یہ مطالبہ ہے کہ اسے سارے پاکستان میں فوری بند کیا جائے - مگر مجھے افسوس ہے کہ ابھی تک کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا گیا - محض شراب کی بندش کے لئے صلاح مشورہ ہی ہو رہا ہے اور کوئی ٹھوس عملی کام نہیں کیا گیا -

اس اسلامی سلطنت میں چکلوں کا ہونا کوئی شایان شان بات نہیں - یہاں عام چکلے کھلے ہیں - اور بد کاری کے لئے باقاعدہ لائسنس جاری ہوتے ہیں ہمارا مطالبہ ہے کہ پاکستان میں تمام چکلے فوراً بند کئے جائیں تاکہ اصلاح حال ہو - یہ بالکل غلط نظریہ ہے کہ اگر چکلے بند ہو گئے تو

برائی پھیلے گی ۔ ان الفاظ کے بعد میں اپنی گذارشات ختم کرتا ہوں۔

سید حاذق علی شاہ - (کوہاٹ - ۱) جناب والا - یہ ضمنی میزانیہ ۶۴ - ۱۹۶۳ جو اس وقت ہمارے سامنے ہے اس پر اگرچہ بحث کرنے کی ضرورت نہ تھی اور یہ امر ضروری نہ تھا لیکن بحیثیت ممبر اور عوام کا نمائندہ ہونے کے حکومت کی نشستوں پر بیٹھنے والوں کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنی اپنی گذارشات اس ہاؤس کی خدمت میں پیش کریں اور اپنے اپنے علاقے کے مخصوص حالات کو بیان کریں ۔ اس لئے میں چاہتا ہوں کہ ایڈمینسٹریشن میں جو خرابیاں میری نظر میں آئی ہیں ان کو یہاں ظاہر کروں جناب والا ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ جس وقت ایک Re-organization Committee یا Economy Committee بنائی گئی تھی تو یہ خیال تھا کہ جملہ ایڈمینسٹریشن کا جائزہ لیا جائے گا اور جو جو خرابیاں ہوں گی ان کو دور کرکے خرچ میں کمی کی جائے گی ۔ اس وقت کئی محکموں میں فالتو عملہ تھا جس کو ہٹانے کی ضرورت تھی ۔ نیز خرچ میں کمی کرنے کا مقصد بھی تھا اور اس بات کی بھی ضرورت تھی کہ ریجن کے افسران کے کام میں تیزی پیدا کی جائے ۔

مسٹر سپیکر — اس وقت صرف مسٹر جنیجو صاحب یہاں تشریف فرما ہیں اور کوئی اور وزیر یا ان کے پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبان تشریف نہیں رکھتے ہیں ۔ ممبر صاحبان اپنے اپنے علاقوں کے حالات اور تکالیف بیان کر رہے ہیں اگر وزیر صاحبان یہاں نہ ہونگے تو وہ کس طرح ان کے جوابات دیں سکیں گے —

Minister of Food & agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : When we go out for consultation some time we keep all the secretaries here. Yesterday we kept all the secretaries here and whatever was said in this house they helped me very ably. For every objection that was raised yesterday, we have prepared a reply with their help. Today, I have again instructed them to remain here all the time and help me. For certain points which require clarification and illumination I go out and contact them so that I should not remain a dummy when the time for reply comes.

Mr. Speaker I thank the Minister for this co-operation.

سید حاذق علی شاہ — تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ Re-organization Committee کے ذریعہ جو سنہری اصول قائم کیا گیا تھا اس کے متعلق اب یہ دیکھنا ہے کہ وہ سنہری اصول کہاں تک کامیاب ہوا ہے اور اس کے کیا کیا مفید نتائج برآمد ہوئے ہیں ۔

جناب والا - سب سے پہلے آپ دیکھیں کہ ریجن میں جو افسران تھے ان کو ترقیاں دی گئی ہیں - اس سلسلہ میں تعمیرات عامہ (B& R and Irrigation) کے چیف انجنیئر کے نام لئے جا سکتے ہیں - یہ افسران پہلے ڈپٹی یا ایڈیشنل ہوا کرتے تھے اب چیف بنا دئے گئے ہیں - اس سے فضل ربی کی بھی ایزادی ہوئی ہے اور تنخواہ میں بھی اضافہ ہوا ہے - اسی طرح آپ ریجنل ڈپٹی ڈائرکٹر کی طرف توجہ فرمائیں -

ارباب محمد افضل خاں - پوائنٹ آف آرڈر - ''فضل ربی،، کا الفظ سمجھ میں نہیں آیا -

مسٹر سپیکر - یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں - آپ تشریف رکھیں -

سید حاذق علی شاہ - جو ڈپٹی ڈائرکٹر تھے ان کو یکدم ڈائرکٹر بنا دیا گیا ہے اور اس کی یہ وجہ بتائی گئی ہے کہ لوگوں کو تکلیف نہ ہو اور وہ اپنے گھروں کے نزدیک کام کرا سکیں - ساتھ ہی ساتھ خرچ میں کمی ہو جائے گی - کیا حکومت اس سلسلہ میں یہ کہہ سکتی ہے کہ اس ذریعہ سے خرچ میں کمی واقع ہوئی ہے - میرے خیال میں اگر ہاؤس کے معزز میران اس پر نظر دوڑائیں گے تو وہ حالات کو دیگر گون پائیں گے - اور اگر آپ Re-organization کے بعد کے حالات اور روز مرہ کے واقعات پر نظر دوڑائینگے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ یہاں ایک عجیب قسم کا فارمولہ Work load نام سے شروع ہوا ہے یہ عجیب سی چیز ہے جب کسی جگہ پر افسران کی تعیناتی کی ضرورت ہو تو ایک نحیف سے کاغذ پر وہ work load کسی ایسی بوجھل شکل اور تصویر میں پیش کیا جاتا ہے جو بہ مشکل ایک مضبوط گدھا بھی اٹھا نہیں سکتا - اس قسم کے کاغذی بوجھ سے ڈرا کر افسران کی تعیناتی کی جاتی ہے - یہ کام روز بروز بڑھ رہا ہے - آپ کے دیکھتے دیکھتے کتنے محکمے بڑھ گئے ہیں - آپ ذرا اندازہ تو لگائیں کہ جس رفتار سے محکمے بڑھے ہیں کیا کام میں اتنا ہی اضافہ ہوا ہے -

میرا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ حکومت کے افسران work load ایسے نامناسب حربوں سے زیادہ عملہ کی تعیناتی کرتے ہیں

اور پھر اس وقت جو کچھ ریجن میں ہو رہا ہے اس کو جلد از جلد زیر غور لائیں اور پھر نئی organization کی بنیاد رکھیں ۔ کیونکہ یہی ایک طریقہ ہے جس سے ایڈمنسٹریشن کی خرابیاں دور ہو سکیں گی اور خرچ میں کمی ہوگی ۔

جناب والا ۔ بجٹ میں جو statement دی گئی ہے میں نے اسے دیکھا ہے ۔ تین چار موقعوں پر demand پیش کی گئی ہے مگر Economy Committee کی کارروائی کو معرض التوا میں ڈال دیا ہے ۔ میں عرض کرونگا کہ یہ غیر ضروری ہے اور حکومت کو چاہیئے کہ وہ ایسا کرنے سے پہلے سوچے ۔

اب میں دو چار باتیں اپنے پسماندہ ضلع کے متعلق عرض کرونگا اور وہ یہ ہیں کہ وہاں کے مسائل اس قدر طویل اور حالات اس قدر درد ناک ہیں ۔ کہ میں انکو اس تھوڑے سے وقت میں بیان نہ کر سکونگا ۔ لیکن میں یہ بھی نہیں کہتا کہ میرے ضلع کے ساتھ کوئی بے انصافی ہوئی ہے ۔ میں یہ اعتراف کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ میرے ضلع میں اس حکومت کی مہربانی اور کرم فرمائی سے ایک بہت بڑا آبپاشی کا منصوبہ ٹانڈہ بند کے نام سے شروع ہو چکا ہے اور وہاں پر ایک کیڈٹ کالج بھی کھولا گیا ہے ۔ اور ایک ٹیکسٹائل مل بھی قائم کی گئی ہے ۔ لیکن با ایں ہم میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ ایک ٹیکسٹائیل مل اس علاقے کی غربت کو دور کرنے کیلئے ناکافی ہے ۔ اور اس میں کافی توسیع کی ضروت ہے ۔ چونکہ جناب والا ۔ آپکا ارشاد ہے ۔ کہ میں تقریر ختم کروں ۔ اس لئے آخر میں میں اتنا ضرور عرض کرونگا ۔ کہ میرے ضلع کے مسائل بہت ہیں اور وہ حکومت کی فوری توجہ کے محتاج ہیں ۔

مسٹر حمیداللہ خاں — (میانوالی ۔ ۱) (پنجابی) جناب صدر ۔ آج سے چالیس سال پہلے ضلع میانوالی اور عیسیٰ خیل کی آبادی دریائے سندھ کے کنارے آباد تھی ۔ ۱۹۰۴ء میں جب دریا کا رخ پھیرا گیا تو وہاں کی پٹھان آبادی بالکل اس نہر سے محروم کی گئی تھی ۔ کالا باغ سے کندیاں تک کا فاصلہ ۳۴ یا ۳۶ میل ہے اور یہاں کی آبادی چھ لاکھ ہے ۔ نہر کاٹتے وقت ان لوگوں سے وعدہ کیا گیا تھا ۔ کہ وہاں جو دریائے سندھ کی آٹھ میل کی چوڑائی ہے اور اس میں جو

لوگ آباد ہیں ۔ ان کو معاوضہ دیا جائے گا ۔ یا دریائے سندھ کے پانی سے ان کی زمینیں سیراب کی جائینگی ۔ جن کو کہ نہر نکالنے کی وجہ سے محروم کیا گیا تھا ۔ لیکن ابھی تک ایسا نہیں کیا جا سکا ۔ جس کی وجہ سے وہاں ''کچے'' کی آبادی اور دوسرا سارا رقبہ بھی برباد ہو گیا ہے ۔

جناب والا ۔ دوسری عرض یہ ہے کہ وہاں پر ٹیوب ویل کی سکیم شروع ہوئی ہے ۔ محکمہ زراعت کی تعریف کرونگا کہ انہوں نے یہ مہربانی کی ہے ۔ کہ ٹیوب ویل کے لئے گورنمنٹ نے نصف روپیہ دیا ہے ۔ لیکن آخر جب ملک قادر بخش کا دور آیا تو انہوں نے پندرہ فیصد خرچ ان پر رکھ دیا اور اس *** کو کچل دیا ۔

خان اجون خان جدون — آپ کو غلطی ہوئی ہے ۔ پٹھان قوم بے غیرت نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر — آپ یہ الفاظ واپس لیں ۔

مسٹر حمیداللہ خاں — میں خود بھی پٹھان ہوں ۔ (قطع کلامیاں) ۔

Mr. Speaker : Those words should not form part of the proceedings of the Assembly.

مسٹر حمیداللہ خان — میں اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں اور میں اس کے لئے معافی چاہتا ہوں ۔ عرض یہ ہے ۔ کہ جو رقبہ دریائے سندھ کی وجہ سے برباد ہوا ہے ۔ اس کے لئے ڈیڑھ سو مربعے معاوضہ ملتا تھا اور پنتالیس مربعے تحصیل لیہ میں بھی ملنے تھے ۔ اس پر ہم اس لئے ناراض ہیں کہ ہمیں تھوڑا دیا گیا ہے ۔ لیکن قدرت کو یہ منظور ہوا ۔ کہ ملک قادر بخش کو دوبارہ الیکشن لڑنا پڑا ۔ وہ مربعے کاٹ کر انہوں نے اپنے ممبروں کو دیئے اور ان ڈیڑھ سو مربعوں کو کم کرکے ضلع میانوالی کے لئے سو مربعے کر دیا گیا ۔ (قطع کلامیاں) ملک صاحب ذرا حوصلے سے سنیں ۔

جناب والا ۔ جکڑالہ اور عیسیٰ خیل کی آبادی تقریباً چار لاکھ ہے ۔ لیکن ان کے لئے پانی کا کوئی انتظام نہیں ۔ اور وہ سب ہی چھپڑوں اور جوہڑوں سے پانی پیتے ہیں ۔ جن میں

*Expunged as ordered by the Speaker.

گدھے اور بیل وغیرہ پیشاب بھی کردیتے ھیں ۔ وہ سب وھی پانی پیتے ھیں ۔ جسکی وجہ سے وھاں کی بیس فیصد آبادی ناروا کے مرض میں مبتلا ھے ۔

جناب والا ۔ دوسری عرض یہ ھے کہ بھکر کی لمبائی ۸۴ میل ھے ۔ لیکن وھاں چالیس چالیس میل تک آبادی نہیں تھی ۔ لیکن آج وہ جنت بن گیا ھے ۔ لیکن میانوالی کی دو تحصیلوں میں کوئی بھی آبادی نہیں ھے ۔ اور وھاں کے لوگ ھر چیز سے محروم ھیں ۔ ملک قادر بخش نے اس کا جواب یہ دیا ھے ۔ کہ وھاں P.I.D.C. کی ملیں لگ گئی ھیں میں ان سے پوچھتا ھوں . کہ آپ نے ان میں وھاں کا ایک بھی آدمی مزدور رکھا ھے ۔ وھاں کا کوئی افسر لیا ھے ۔ ایک فیصد یا پانچ فیصد بھی اس میں ملازم لئے ھیں ان ملوں کے وھاں ھونے سے ھمیں کیا فائدہ ھے ۔ وہ کہتے ھیں کہ ھم نے عیسیٰ خیل میں تحصیل بنائی ھے ۔ تحصیل سے عوام کو کیا فائدہ ھو گا ۔ وھاں بھی تو آپ ھی کے افسر ھو نگے ۔

وزیر زراعت — یہ تو پیر محمد خاں نے کیا ھے جو کہ پٹھان ھے ۔

مسٹر حمیداللہ خاں — وہ بھی آپ ھی کا مرید ھو گیا ھے ۔

جناب والا ۔ جس طرح ڈیرہ اسماعیل خاں میں ٹیوب ویل لگائے گئے ھیں اور وھاں جو بجلی کی شرح مقرر ھے وھی شرح ھمارے لئے بھی مقرر ھونی چاھئے ۔ اور بہتر یہ ھو گا ۔ کہ اس ھاؤس کے ممبروں کا ایک بورڈ بنایا جائے جو پسماندہ علاقوں میں جا کر ان کے حالات کا جائیزہ لے ۔

جناب والا ۔ گنگا کے جو نائی ھوتے تھے اور جو ھندو گنگا جاتے تھے ۔ وھاں جو نائی ھوتے تھے ۔ وہ جانے سے پہلے انکے بالوں کی ایک لٹ کاٹ دیتے تھے ۔ تو وہ ھندو کم از کم بیس برس تک اسے سنبھال کر رکھتے تھے کہ ھم گنگا کی خلاف ورزی نہیں کرتے ۔ انہوں نے ھمیں گنگا کا وہ ھندو سمجھ لیا ھے اور ھمیں کوئی بھی حصہ

نہیں دیتے - وہ ایک بورڈ بنائیں - جو پسماندہ علاقوں کے مسائل کو جا کر دیکھے -

اسکے علاوہ تعلیم کی حالت یہ ہے کہ ضلع میانوالی میں گورنمنٹ سکول کی کوئی بھی عمارت نہیں ہے - ہندوؤں کا ایک عطیہ تھا - جس میں لڑکے پڑھ رہے ہیں -

اسکے علاوہ جناب والا - ۱۹۴۷ء میں میانوالی کی آبادی پچاس ہزار تھی لیکن اب بیس ہزار رہ گئی ہے - کیونکہ ہمارے لئے مزدوری کرنے کا کوئی سہارا وہاں پر نہیں ہے یا تو ہمیں بھکر جانا پڑتا ہے - یا ہمیں P.I.D.C. داؤد خیل جانا پڑتا ہے - کیونکہ ہمیں وہاں تو کوئی بھی مزدوری نہیں دیتا - جہاں تک Third stage نہر کا تعلق ہے - اسکے لئے پیر محمد خاں نے بھی وعدہ کیا تھا - اور ملک قادر بخش نے بھی وعدہ کیا تھا - اس پر آپ مہربانی کر کے توجہ فرمائیں - کیونکہ اس سے سولہ ہزار ایکڑ سیراب ہوتی ہے - میں اپنی جائیداد بھی رہن رکھنے کے لئے تیار ہوں - تا کہ ان غریب عوام کو جن کے بچوں کو خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں - ان میں سے بیس فیصدی آبادی بغیر روٹی کھائے سوتے ہیں کیونکہ وہاں کوئی مزدوری نہیں ہے آپ کہتے ہیں کہ حمید اللہ پاگل ہے - میں پاگل نہیں ہوں - صرف بات یہ ہے - کہ آپ نے انکی حالت نہیں دیکھی ہے - میں اگر ملک قادر بخش کا کلیجہ بھی نکالوں - تو کم ہو گا - (قطع کلامیاں) جناب والا - اس ایوان کا ایک بورڈ بنایا جائے - جس میں چاہے میرے مخالف سیجر سلطان یا خواجہ صاحب یا جو بھی مناسب سمجھیں - ان کو رکھیں تاکہ وہ جا کر دیکھیں - کہ جسے آپ پسماندہ بجٹ کہتے ہیں - اس میں ہمیں کیا ملا ہے - حالانکہ تھل میں ایک ایک گرداور کے چوراسی چوراسی مربعے ہیں - وہاں جو بھی انسپکٹر یا ایس پی وغیرہ جاتے ہیں - انہیں ہزاروں مربعے مل جاتے ہیں - میں عرض کروں گا کہ جس طرح گدو بیراج یا دوسرے بیراج ہیں - ان میں پچاس فیصد رقبے گورنمنٹ کے ہیں اور وہاں کے لوگوں کے لئے پچاس فیصد زمینیں مخصوص کی گئی ہیں - ویسے ہی ہمارے لئے کیوں نہیں ہو سکتا - کیا ہم کافر ہیں -

میں یہ نہیں کہتا - کہ وہ زمینیں ہم ممبروں کو دی جائیں یا رشتہ داروں کو دی جائیں - آپ ایک بورڈ بنائیں اور وہ یہ دیکھے - کہ جس کے پاس زمین کم ہو اور جو چھوٹے مالک ہوں - ان کو ان میں سے زمینیں دی جائیں - ہمارے آبا و اجداد اسی آسرے پر بیٹھے تھے - کہ خدا کے فضل سے یہاں آبادی ہوگی - تو اس سے ہمیں بھی فائدہ ہوگا - لیکن جب اس علاقے کو بسایا گیا - تو کوئی ملک قادر بخش پیدا ہوگیا - اور کوئی نواب صاحب پیدا ہو گیا - اور کوئی جرنیل پیدا ہو گیا اور وہ زمینیں انہیں دیدی گئیں - (قطع کلامیاں) اسکے بعد جناب والا - عرض یہ ہے - کہ ہم کہتے ہیں - کہ ہمیں نہرو کہا گیا ہے - میری گذارش یہ ہے - کہ ہر ایم پی اے کے پاس ٹرینینگ یافتہ کم از کم پانچ سو آدمی اپنے ہونے چاہئیں - جنہیں ہم خود ہی اسلحہ وغیرہ فراہم کریں - میری پانچ سو آدمیوں کی قوم ساری کی ساری فوج کے سپاہی ہیں وہ سب ہی میں دینے کے لئے تیار ہوں در حقیقت یہ سب ایمان کی کمزوری ہے - اگر ہمارا ایمان مضبوط ہو تو کوئی وجہ نہیں کہ نہرو یا کوئی اور بڑی سے بڑی طاقت بھی ہمارا مقابلہ کر سکے - در اصل ہمیں لاہور کی عیاشی کھا گئی ہے - سب کو ہی پچاس روپے روز ملتے ہیں مگر وہ دو سو روپے فالتو بھی خرچ کر دیتے ہیں میں نے قادر بخش صاحب کو جو کچھ کہا ہے - اسکے لئے معافی چاہتا ہوں -

وزیر زراعت — جناب والا - Colonization تو پیر محمد خان کے تحت ہے - پٹھان پٹھان کا کلیجہ کھائے - میرا کلیجہ کیوں کھاتے ہیں - (قطع کلامیاں) -

مسٹر سپیکر — حمیداللہ صاحب - آپ تشریف رکھیں -

چودھری عبدالرحیم — (سیالکوٹ-۱) - صاحب صدر - میں عرض کروں گا کہ گورنمنٹ جس طرح چھوٹے یونٹوں کا خیال رکھتی ہے اور چھوٹے یونٹ کو نوازتی ہے اس طرح گورنمنٹ پسماندہ علاقوں کو بھی نوازے - حضور والا - میرے علاقے تحصیل شکر گڑھ کا علاقہ بہت پسماندہ شمار ہوتا ہے اس علاقے کو ضلع سے ملانے کے لئے ۱۶ سال کی کوشش کے بعد پچھلے سال

سے ایک پل نالہ ڈیک پر بنایا جارہا تھا ابھی وہ مکمل ہوا ھی نہ تھا کہ اس پل میں Crack آگئے جب پتہ کیا گیا کہ آخر اس کی کیا وجہ ھے کیا اس میں سیمنٹ کی کمی تھی یا ٹھیکیداروں نے اس میں سے مال غبن کیا یا محکمہ نے اسمیں سے حصہ لیا یا ناقص مال استعمال کیا گیا تو معلوم ہوا کہ اسمیں جو پلاننگ کی گئی تھی وہ غلط تھی ۔ یہ شاید پہلی بار ھے کہ پلاننگ خراب ہونیکی وجہ سے پل میں Crack آگئے ہوں ۔ حضور والا ۔ میں گورنمنٹ کی خدمت میں عرض کرونگا کہ لاکھوں روپیہ خرچ کر کے دو سال کی سخت محنت اور افسروں کو بھاری تنخواوں کے اخراجات برداشت کرنیکے بعد وہ پل پھر خراب ہوگیا ۔ اور اس میں Crack آگئے آخر اس کی ذمہ داری کس پر ھے کہ ۱۶ سال کی کوششیں بے سود ہو گئیں اور آمد و رفت کا ذریعہ پھر سے التوا میں پڑ گیا ۔ جناب عالی ۔ میں گورنمنٹ کی خدمت میں التماس کرونگا کہ جو افسران اس نقصان کے ذمہ دار ھیں ان سے یہ نقصان پورا کیا جائے اور ان کو پوری پوری سزا دی جائے ۔

دوسری یہ گذارش ھے کہ تحصیل شکرگڑھ میں کچھ عرصہ ہوا سن رھے تھے کہ ٹیوب ویل لگائے جائیں گے اور اس سلسلے میں کام شروع کیا جائیگا لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ اس کے لئے ہمارے ڈپٹی کمشنر نے محکمہ زراعت کو کافی روپیہ مہیا کیا لیکن افسوس کہ محکمہ زراعت جس کے متعلق میں سمجھتا ہوں کہ وہ ہمارے ملک کی حالت بہتر کریگا آج تک اس نے یہ کام کرنے کی بجائے حضور والا ۔ محکمہ زراعت کے افسران اس میں لگے ہوئے ھیں کہ وہ بجائے ملک اور قوم کی اقتصادی حالت درست کرنے کے اپنی حالت بہتر بنانے میں مشغول ھیں ۔ اور انھیں نے سخت مخالفت کرنے کے بعد عرصہ دو سال میں ٹرائل بور نہیں کروائے اور وہ روپیہ پڑا ہوا ھے ۔ میں گورنمنٹ کی خدمت میں عرض کرونگا کہ وہ اس طرف توجہ دے ۔ یہ محکمہ بہت اھم محکمہ ھے ۔ اور اس میں جس قدر خرابیاں ھیں ان کو دور کیا جائے اس میں دن بدن خرابیاں بڑھتی جارھی ھیں ۔

اور جو زمینداروں کو اس سے فائدہ ہونا چاہئے نہیں ہو رہا ۔ میں کسی ایک گاؤں یا دو گاؤں یا تین گاؤں کے متعلق نہیں بلکہ پورے علاقے کے متعلق کہتا ہوں کہ محکمہ زراعت والے یہ نہ بتلا سکے کہ انہوں نے دو سال کے دوران میں کیا کیا ۔ اور اسکے پاس کوئی فیگرز نہیں ہیں میں نے محکمہ زراعت کی ایک میٹنگ Attend کی تھی جو ڈپٹی کمشنر کی صدارت میں ہوئی تھی ۔ ڈپٹی کمشنر نے ان سے فیگرز مانگے تھے کہ آپ نے اس ماہ کے دوران میں کیا کیا لیکن وہ نہ بتا سکے کہ اس وقت تک کیا ہوا ہے ۔ لہذا میں سمجھتا ہوں کہ اس طرف توجہ دینا بہت ضروری ہے ۔

تیسرے حضور والا ۔ میری عرض یہ ہے کہ میرا علاقہ تحصیل شکر گڑھ ہے ۔ پچھلے سال وہاں ایک کالج کے لئے روپیہ منظور ہو چکا تھا لیکن نہ معلوم کس بنا پر آج تک وہاں پر کوئی کام شروع نہ ہو سکا زمین کا قبضہ دیا جا چکا ہے لیکن اس کے لئے جب روپیہ منظور کر کے دیا جا چکا ہے تو پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی والے کیوں خاموش بیٹھے ہوئے ہیں اس طرح تو اس سال روپیہ خرچ نہ ہو سکے گا اور کلاسوں کا اجرا نہیں ہو سکے گا جس سے علاقہ کے بچوں کا داخلے میں سخت تکلیف ہو گی امید ہے گورنمنٹ اس سال کلاسوں کی اجراء کا خاص خیال رکھیگی ۔

مسٹر سپیکر ۔ ایک منٹ ۔

چودھری عبدالرحیم ۔ حضور والا ۔ میں اس علاقے سے تعلق رکھتا ہوں جہاں سیلاب زیادہ آتے ہیں خدا کی خاص مہربانی ہوئی کہ دو سال سیلاب نہیں آئے لیکن وہاں جو بند بنائے گئے ہیں وہاں ہر سال سیلاب آنے سے بند Breach ہو جاتا ہے لیکن اس طرف آج تک کسی نے توجہ نہیں کی باوجود اس کے کہ ہم افسروں کے پاس بھی گئے وفد بھی لیگئے ۔ افسروں سے بار بار ملے لیکن انہوں نے آج تک توجہ نہیں کی ۔ کیا جب سیلاب آ جائیں گے تب یہ کام شروع کریں گے ۔ اس لئے میں توجہ دلاتا ہوں کہ کم سے کم برسات سے پہلے یہ کام شروع ہونا چاہئے ۔ برسات میں مٹی کا کام شروع کرنا کہاں کی عقلمندی ہے ۔

اب میں ایک بات اور عرض کروں گا کہ ہماری طرف گورنمنٹ کی یہ خاص عنایت ہے کہ بجلی کی لائنیں ہماری طرف چلی گئی ہیں لیکن وہاں آج تک ٹیوب ویل کا کوئی انتظام نہیں کیا گیا ہے لیکن

صرف ایک شکر گڑھ قصبہ ہے جسے Attend کیا گیا ہے اور وہ بھی چند اشخاص کو بجلی سپلائی کی گئی ہے ۔ اس سلسلے میں یہ عرض ہے ۔ کہ جو شخص ۲۵ روپے میٹر کے دے دیتا ہے اس کو بجلی مل جاتی ہے اور جو شخص ۲۵ روپے نہیں دیتا ہے اسکو میٹر نہیں دیا جاتا ہے گورنمنٹ کو اس طرف توجہ دینا چاہئے ۔ بد دیانتی کو بڑھانے سے روکنا چاہئے نہ کہ اسے فروغ دینا چاہئے ۔

Syed Zafar Ali Shah (Deputy Speaker) : Sir, with your permission I want to say a few words in the general discussion on the Budget.

Sir, it is a pity that after a long time we are still complaining about Administration and the defects which are latent and patent in the Administration. I think if we call it a confused Administration it will be proper to say that. Sir, we would be right if we say that it is a muddle in side Muddle and every thing moves at a snail's speed and needs a push from somewhere. Otherwise the things stand still.

Sir, there has been a talk about mal administration and corruption. I personally feel that as long as we are going to talk about corruption we are not going to stop it we are going to help it to be greater and wider. It is better not to talk of corruption because we know that some people are honest. There are quite a number of people who are honest and who are efficient, otherwise (I will say) this country would not have run for long.

Syed Safiuddin : Name one.

Syed Zafar Ali Shah : I am sorry I cannot name anybody. Everybody knows it.

Mr. Speaker : No interruptions.

Syed Zafar Ali Shah : But as we say, there is always a round peg in a square hole or *vice versa*. So it happens like that. The administration needs proper hands to run the proper fields of their activity.

Instead of fixing anybody to any place, it would be right to liquidate the present administration, find out the best men serving anywhere inside even private or semi-private organisations and bring them and run the administration. It has been done in India and it has worked very well there.

Sir, we here have to talk about our locality and the area and region. Some problems are too local to talk about but there are certain main problems. Coming down from the general aspect of the administration for which I have put up my humble submission for the Government it is a matter of policy and may be, it needs attention from the Central Government but I would request that the Provincial Government may move the Central Government in this connection. I think the nation would follow and support the Government at all cost if we get best administrators in the country. I would submit that we are troubled every day due to the injustices perpetrated in every day administration upon the people. It is due to the same fact that I have pointed out. Sir, there are numerous problems, which have arisen due to to this incapacity of the administration to meet them. The people go to offices, they have to waste time, they have to waste their money and they can't get anything done. Sometime back the Government had started a Methods and Organization Wing and it was very useful. Some people were sent abroad to get the training but Sir I don't know what happened to it because we don't see any organisation that would help at the lowest

level in the administration. Sir ordinary the things would go better and people will have great facilities if some re-organization at the lowest level is effected so that the people have easy access and the problems are easily solved.

I have now Sir to point out certain facts about certain things. First is the Agriculture Development Corporation. There are certain areas which are earmarked as Project Areas. The Agricultural Development Corporation has unlimited authority for effecting improvement and development in these areas. Due to the fact that certain projects can easily go through Agricultural Development Corporation I would say that those areas are spoon-fed by the Agricultural Development Corporation and the other areas are let down. Why should a certain area suffer because it is outside the Project Area? Why should an area get a fillip or a certain help-undue I should say-because it is in the Project Area? Sir due to the fact that the distribution of seed or certain other field services has been extended throughout the province, the rest of the province outside the Project Area is outside the unlimited scope of activities of Agricultural Development Corporation. Even I would say that outside the Project Area, the seed distribution and other activities have gone in the muddle. People have not been able to get proper seed and there comes an announcement saying that the Government is going to subsidize further the fertilizers, with the result that the people stopped buying fertilizer. It is a mistake. Somebody leaked out this news to the people who completely stopped buying fertilizers with the result that the grow more food campaign got a very severe set back.

Sir another thing, which I would like to point out through you, is the pitiable condition of the Rohri Canal System. Sir there are about 25 lakhs of acres settled on Rohri Canal of the Sukkur Barrage, and out of these about a couple of lakhs of acres are 'lift'. During the last 15 years by trying to change that lift into flow system of irrigation, the whole system has been spoiled. The banks of the canals are being raised so that the water may rise and feed hitherto lift lines resulting in silting of canals and thereby helding waterlogging and salinity. I would request the Government to bring an ordinance or a bill to the effect that there should be no further changing of lift lands into flow lands because if we further do it, we will spoil the whole system and bring devastation to the whole area.

Mr. Speaker : Major Sultan Ahmad.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : Sir these benches have been left out.

Mr. Speaker : I will keep it in view.

میجر سلطان احمد خان (ہزارہ - ۳) - صاحب صدر - ایک قوم کا میزانیہ خواہ وہ ضمنی ہو یا جنرل ایک قوم کے انتظامی—عدلی اور ترقیاتی بہتری کا ایک آئینہ ہوتا ہے - اگر ہم اس نظریہ سے سال رواں کی حکومت کی حرکات کو دیکھیں جو پچھلے ایک سال میں واقع ہو چکی ہیں تو اس نتیجہ پر پہنچنا پڑے گا کہ برسراقتدار طبقہ ان تینوں نظریات کی جڑیں اکھیڑنے میں جتنا کہ اس سے ہو سکتا ہے ملوث ہو چکا ہے - جناب والا - ہم تو اب اس نتیجے پر پہنچ چکے ہیں کہ اس طبقہ سے یہی کچھ توقع تھی لیکن ساتھ ہی تھوڑی سی امید بھی رکھی جاتی ہے کہ شاید قدرت کسی کو ہدایت دیدے - بظاہر ایسا معلوم تو نہیں ہو رہا - میں مختصر طور پر ان تین چیزوں

پر تبصرہ کروں گا ۔ انتظامیہ کا یہ عالم ہو چکا ہے کہ محض ذاتی اغراض کے لئے اس بنیادی جمہوریت کے ناسور کو اس ملک میں لوٹ کھسوٹ پھیلانے کی غرض سے بڑے سے بڑے افسر سے لے کر چھوٹے سے چھوٹے افسر کی demoralize کیا جا رہا ہے ۔ میرے سننے میں اس حد تک آیا کہ چند ایک اضلاع کے پٹواریوں کا کنٹرول اب گورنمنٹ کو دیا جانیوالا ہے اور اس کو کمشنر کیا کرے گا اور اگر ان میں کوئی بچ نکلا تو دوسری بات ہے ۔ ہماری ڈویژن میں مسٹر جی ۔ اے ۔ مدنی کی زندہ مثال ہے کہ وہ اپنے کام میں کسی کو مداخلت نہیں کرنے دیا کرتا تھا خواہ وہ غلط کرے خواہ وہ ٹھیک کرے ۔ اسکو تین ماہ کے بعد وہاں سے ٹرانسفر کر کے بھیج دیا ۔ اس کا نتیجہ کیا ہو گا کہ جن کاموں کے جن اغراض کے لئے ان افسروں کو دھمکیاں دی جاتی ہیں ان میں سے آج چند ایک ہی ایسے ہونگے جو بچ نکلیں ۔ مجھے تو خدشہ ہے کہ ان کو نوکریاں چھوڑنی پڑیں گی یا پھر انکو انکی خواہشات پوری کرنی پڑیں گی ۔ جناب والا ۔ مجھے ایک ضلع کا خاص کر مجبوراً رونا رونا پڑتا ہے جو کہ میرا اپنا نہیں مگر میں اس کے حالات سے اچھی طرح واقف ہوں ۔ وہاں کا ایک شہری ہے جس نے بذریعہ احمد سعید کرمانی اور سعدی صاحب پاکستان کے صدر کا دروازہ کھٹکھٹانا چاہا لیکن بے سود—یہ ساری قوم جانتی ہے کہ وہ شہری بے گناہ ہے ایک سال سے بیچارہ وہ پریشان ہے ۔ اس نے ایک آدمی کو ووٹ نہیں دیا تھا ۔ اس کا قصور یہ ہے کہ وہ **نیازی قوم کا ایک باشندہ ہے ۔

Mr. Speaker : Please withdraw that word.

Major Sultan Ahmed Khan : Which word Sir ?

Mr. Speaker : The word "pagal", should not form part of the proceedings.

Major Sultan Ahmed Khan : Sir, when he admits himself.

یہ شہری جس کا نام شیر علی نیازی ہے جسکو ایک جھوٹے کیس میں افسران سے صلاح مشورہ کر کے پچھلے ایک سال سے معطل رکھا گیا ہے ۔ میں اس لئے رونا رو رہا ہوں کہ اگر اس ایوان میں اسکی سننے والا کوئی نہیں ۔ حکومت میں سننے والا کوئی نہیں تو اس چار دیواری سے خدا کی ذات ضرور سنے گی ۔ میں اسے اچھی طرح جانتا ہوں کہ وہ مطلقاً بے گناہ ہے جناب والا ۔ عدلیہ کا . . . . . .

Mr. Ahmed Mian Soomro: If a matter is sub-judice it cannot be discussed in this house. There is a case againt him.

*Expunged as ordered by the Speaker

Mr. Speaker : Yes, we should not talk about matters which are sub-judice.

میجر سلطان احمد خان - عدلیہ کی یہ حالت کر دی گئی ہے کہ طرح طرح کے سیاہ قوانین کا اندراج کرکے آج اگر یہ پھر ان پارلیمنٹری الفاظ نہ سمجھے جائیں میرے علاقے میں میں یہ نہیں کہوں گا کہ سب ہیں بلکہ عام طور پر غنڈوں اور بد معاشوں کو جرگہ کا ممبر مقرر کرکے قوم کی قسمت کے فیصلے ان سے کرائے جا رہے ہیں -

جناب والا - جہاں تک ترقیاتی پروگرام کا تعلق ہے جو ہم سمجھتے ہیں - جتنا کہ ہم سمجھ سکتے ہیں - جتنا کہ ہم دیکھ سکتے ہیں میں دعوی سے کہہ سکتا ہوں اگر حکمران جو ہمارے آفیشیل کو کرپٹ اور demoralize کرنے پر تیار ہو جائیں اور ان کو گمراہی میں ڈالنے کے لئے تیار ہو جائیں تو لازمی بات ہے کہ اس آفیشیل نے اپنی duty بھی ویسی کرنی ہے جیسا کچھ اس سے کرایا جا رہا ہے - لیکن جہاں تک میری آنکھیں راولپنڈی کیمبل پور اور ہزارہ کے گرد و نواح کو دیکھتی ہیں تو ہر وہ عمل خواہ وہ پی - ڈبلیو - ڈی کا ہو خواہ ایریگیشن کا ہو - خواہ محکمہ جنگلات کا ہو . . . . . .

Mr. Speaker : One minute more.

Major Sultan Ahmed Khan : I think, I have been on my feet about a few minutes only. I need three minutes more.

Mr. Speaker : No, please.

میجر سلطان احمد خان - کم از کم ۶۰ فی صدی سے کچھ ہی کم خرچ ان پر کیا جا رہا ہے -

اور یہ ایوان اس کو جانتا ہے کہ ۶۰ فیصدی کا کیا حشر ہو رہا ہے - اس ترقیاتی پروگرام کا نعرہ لگا کر قوم کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر ادارے کو انہوں نے چھوٹی چھوٹی بادشاہی بنالیا ہے جس طرح پی - آئی - ڈی سی - واپڈا - اے ڈی سی اور پیراجز ایریا ہیں اور اسی طرح آپ کے طرح طرح کے چھوٹے چھوٹے ڈائرکٹوریٹ ہیں - اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ چونکہ قوم کا نگہبان اور نگران کوئی نہیں رہا - پبلک کی آواز کو مفلوج کرنے کی کوششیں روز بروز جاری ہیں پریس کو اندھیرے میں ڈالا جا رہا ہے نتیجہ یہ ہے آج اگر ۶۰ فیصدی میں سے کچھ کھایا پیا جا رہا ہے تو دو ماہ کے بعد ۸۰ فیصدی تک ضرور پہنچ جائے گا - اب جناب وقت تھوڑا ہے - اور

اس تھوڑے سے وقت میں اپنے ترقی شدہ ضلع کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں ۔

جناب والا ۔ اسے ترقی شدہ ضلع اس لئے تصور کیا جاتا ہے کہ صدر مملکت وہاں کے ہیں ۔ اور اگر یہی واقعہ ہے کہ صدر مملکت وہاں کے ہیں اور ان بزرگوں کے نقطہ نظر میں ترقی شدہ ہے تو میں یہ کہوں گا کہ اس ضلع کی بد نصیبی ہے چاہئے تو یہ تھا کہ اس ضلع کی خوش نصیبی ہوتی لیکن اصل میں یہ بہت پسماندہ ضلع واقع ہوا ہے ۔ میں چھوٹے چھوٹے معاملات میں نہیں جاؤں گا ۔ جناب والا یہاں ایک law and order problem create ہو چکی ہے ۔ ان بزرگوں نے نہیں کیا ان کے ہاتھوں سے کرایا جا چکا ہے ۔ قبل اسکے کہ میں ایک واقعہ بیان کروں ہمارے یہ بزرگ وزرا بے حس ہیں ۔ لاچار ہیں یہ کچھ نہیں کر سکتے ۔

مسٹر عبدالرازق خاں— ''بے حس'' کا لفظ واپس لیں ۔

مسٹر سپیکر — آرڈر—آرڈر—

میجر سلطان احمد خاں— اس کے متعلق اتنا عرض کروں گا کہ ۱۸۴۷ میں جب انگریز اس علاقے پر قابض ہوئے اس ظالم قوم کا ہاتھ وہ عمل نہیں کر سکا جو آج اس مضبوط حکومت نے کرکے دکھا دیا ہے ۔ یہاں گھر والوں کو بے گھر کر دیا گیا ہے ۔ سائے والے کو بے سایہ کر دیا گیا ہے اگر اس کو آپ .....

ارباب محمد افضل خاں (پارلیمنٹری سیکرٹری) اس کا دماغ خراب ہو گیا ہے اسکو مینٹل ہسپتال بھیج دیں— point of suggestion

Mr. Speaker : There is no point of suggestion.

میجر سلطان احمد خاں

سچ کہدوں اے برہمن گر تو برا نہ مانے
تیرے صنم کدوں کے بت ہو گئے پرانے

جناب والا میں نے ہر بار یہ درخواست کی ہے کہ چونکہ یہ فیصلہ میں یہ نہیں کہوں گا کہ بورڈ آف ریونیو کے بے حس افسران نے نہیں کیا ہے بلکہ وہ کروایا گیا ہے۔ اگر اس پر دوبارہ نظر ثانی کردی جائے تو ۸۰ ہزار انسانوں کی زندگی کسی سایہ کے نیچے گذر جائے گی۔

Mr. Speaker : Yes, Mr. Ghulam Rasul.

میجر سلطان احمد خاں - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پارلیمانی ٹریڈیشن میں ضروری ہے کہ منسٹر صاحبان جواب دیں لیکن آج منسٹر صاحبان ہمارا ٹائم ضائع کرتے ہیں جبکہ ان کے پاس اختیار بھی نہیں ہیں۔

Mr. Speaker : This is no point of order. The member may please take his seat.

Syed Safi Uddin : Sir Khawaja Safdar is not here and so are most of the members of our party. I want to speak only for five minutes.

Mr. Speaker: But the member's name is not included in the list which was given to me by his Leader.

Syed Safi Uddin : I was given to understand by Khawaja Safdar that I would be given an opportunity.

Mr. Speaker : The members may take his seat please.

مسٹر غلام رسول (کراچی—۴) جناب سپیکر - میں اس حکومت کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے کم از کم ایک میزانیہ معاشرے کے لئے ہمارے سامنے پیش کیا ہے حالانکہ اس سے ہم مطمعن نہیں ہیں کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک کا بجٹ ایسا ہونا چاہئے جس سے غریب عوام کو اس سے کچھ فائدہ ملے عموماً ہمارے ملک میں یہ ہوتا رہا ہے کہ ایک طرف سے تو ہماری مالی حالت اس قدر کمزور ہے کہ ہم غیر ممالک سے قرضہ اور امداد لے کر جیتے ہیں اور دوسری طرف ہم اپنے ملک کا روپیہ بیکار ضائع کر رہے ہیں - عموماً یہ دیکھا گیا ہے کہ بجٹ میں جو پروژن ہوتی ہیں وہ رقم صحیح طور پر استعمال میں نہیں آتی اور ان کا کم از کم ۳۰—۴۰ فیصدی حصہ ضائع چلا جاتا ہے , اب آپ کسی بھی کام کو لیں جیسا

کہ میرے معزز دوست نے ابھی بیان کیا ہے کہ اس کی wastage بہت ہوتی ہے یہ ہمارے افسران کی کمزوری ہے کہ اس ملک کا روپیہ اس طرح ضائع ہو۔

جناب والا۔ میں صرف کراچی ڈویلپمنٹ اتھارٹی جو کہ کراچی میں ہے اس کے متعلق کچھ عرض کروں گا یہ ایک ایسا محکمہ ہے جس سے سارے شہری نالاں ہیں اور ہم جتنے ایم۔ پی۔ اے یہاں موجود ہیں ہم سب نے اس کے خلاف بولا ہے کیونکہ یہ روپیہ اس طرح ضائع کرتے ہیں جس سے ملک کا کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ اور صرف ان کے سیکرٹریٹ میں چار انجینئرز ہیں اور یہ تمام رقم سٹاف پر ہی خرچ ہوتی ہے۔ کام کچھ بھی نہیں ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ دوسرے محکموں کا بھی یہی عالم ہے۔ اس سے پچھلے بجٹ سیشن میں بھی میں نے گذارش کی تھی کہ ہم حالانکہ کراچی کے نمائندے ہیں لیکن میں ایسے علاقے سے آیا ہوں جسکا نام لیاری کوارٹرز ہے جو بہت ہی غریب علاقہ ہے وہاں پانچ لاکھ کی آبادی ہے۔ آپ یہ سن کر حیران ہوں گے کہ پانچ لاکھ کی آبادی کیلئے ایک بھی ہسپتال نہیں ہے۔ کالج نہیں ہے جو وہاں پرائمری سکول ہے اس کی حالت ایسی ہے کہ اسکی کئی سال سے یعنی ۱۹۴۷ سے مرمت نہیں ہوئی۔ اسکی اتنی خستہ حالت ہے کہ بچے وہاں نہیں پڑھ سکتے۔ اور بچے وہاں مسجد میں پڑھتے ہیں۔ یہ معاملہ میں محترمہ وزیر تعلیم صاحبہ کے نوٹس میں بھی لایا تھا لیکن اس پر کوئی عمل نہیں ہوا۔

اس کے علاوہ ہم لیاری کوارٹرز کے باشندے جو ہیں ہمارے lease کو temporary کہا جاتا ہے۔ اس وقت کے۔ ڈی۔ اے نے نے ایک سکیم بنائی ہے جس کو سکیم نمبر ۱۷ کہا جاتا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ ہمیں لیاری کوارٹرز سے shift کیا جائے اور ۱۸ میل دور پھینک دیا جائے اور یہ زمین چونکہ شہر کے وسط میں آگئی ہے اس لئے اسے بیچ دیں اور اپنی جیبیں گرم کریں۔ اس کے متعلق ہم پہلے بھی کہہ چکے ہیں لیکن ہماری حکومت کی طرف سے کوئی

عملی قدم نہیں اٹھایا گیا - زبانی باتیں کی جاتی ہیں عملی طور پر کچھ نہیں کیا گیا -

Mr. Speaker : Two minutes more.

مسٹر غلام رسول - جناب والا - اس کے علاوہ وہاں مزدوروں کی حالت بہت خراب ہے - وہ بہت بے چین ہیں - ایک کراچی فلور مل ہے - اس کا مالک مزدوروں کو تنگ کرتا ہے - مزدور مقدمے لڑتے ہیں - ہائی کورٹ تک ان کے حق میں فیصلہ ہوتا ہے - پھر وہ سپریم کورٹ میں چلا جاتا ہے اور دو دو تین تین برس انہیں پریشان کرتا رہتا ہے - میں نے گردیزی صاحب سے درخواست کی تھی کہ اس کا کچھ حل کیا جائے - وہ کہتے ہیں کہ ہم بے بس ہیں - کچھ نہیں کر سکتے - جو حکومت اپنے ملک میں اپنے عوام کے جائز حقوق کا تحفظ نہ کر سکے اور سرمایہ داروں کو اتنی کھلی اجازت دے دے کہ وہ غریبوں کو اپنے سرمایہ کے بل بوتے پر پریشان کریں تو میرے خیال میں وہ حکومت قابل مبارک باد نہیں ہے -

اس کے علاوہ پراپرٹی ٹیکس کو لیجئے - اس کی بڑی عجیب پالیسی ہے - ایک طرف ہمیں کہا جاتا ہے کہ زمین تمہاری نہیں ہے - تم temporary lease پر رہتے ہو اور دوسری طرف اسے rating area میں شامل کر کے اس پر پراپرٹی ٹیکس لگا دیا ہے حالانکہ رہنے والے لوگ غریب اور مزدور ہیں اور ریٹ کو اس طرح بدلا گیا ہے کہ امیروں کو فائدہ ہو اور غریبوں پر زیادتی ہو - یہ چیز حکومت کے شایان شان نہیں کہ وہ غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ غریب بنائے اور صرف امیروں کا خیال رکھے -

مسٹر محمد امین خان کھوسہ - (ملتان-۶) جناب والا - ہر حکومت اور خاص طور پر کسی آزاد ملک کی حکومت کا یہ فرض ہوتا ہے کہ جہاں وہ عوام کو دوسری چیزیں مہیا کرے وہاں شخصی آزادی - اقتصادی ترقی اور سستے انصاف کا بھی

بندوبست کرے کیوں کہ یہ چیزیں بھی نہایت ضروری ہیں ۔ جہاں تک اقتصادی ترقی کا تعلق ہے ہم لوگ اس لحاظ سے کچھ مطمئن ہیں اور خاص کر ایک دیہاتی ہونے کی حیثیت سے میں موجودہ گورنمنٹ کے اس قدم کو تحسین کی نگاہ سے دیکھتا ہوں کہ اس نے دیہات کے لئے ایک قدم اٹھا کر ہیں اس قابل بنا دیا ہے کہ چار پانچ سال کے بعد اگر یہی طریق کار جاری رہا تو ہم اپنے شہری بھائیوں کے ساتھ ساتھ چل سکیں گے (خوب خوب) ۔

دوسرا سوال پیدا ہوتا ہے شخصی آزادی کا ۔ اس سے انکار نہیں ہے کہ کسی آزاد ملک میں ہر آزاد شہری کا یہ بنیادی حق ہے اور اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا ۔ لیکن آزاد ملک کے آزاد باشندوں کے لئے یہ بھی ضروری ہوتا ہے کہ وہ اپنے لئے ایسا رستہ متعین کریں کہ جس سے ملک میں انتشار پھیلنے یا اسے نقصان پہنچنے کا احتمال نہ ہو ۔ میرے خیال میں ایک آزاد شہری اپنے لئے خود ہی چند قیود مقرر کرتا ہے اور محتاط طریقہ سے اپنے متعین کئے ہوئے رستے پر گامزن ہوتا ہے تاکہ اس کے ملک کو کوئی نقصان نہ پہنچے اور قوم میں انتشار نہ پھیلے یہ چیز ہمیں ایک صحت مند معاشرے سے حاصل ہوتی ہے ۔

دوسری گذارش یہ ہے کہ بد دیانتی کو ختم کرنے اور سستے انصاف کے حصول کے متعلق شروع سے لے کر آج تک بارہا تقریریں ہوئی ہیں اور میرے خیال کے مطابق اگر غیر مہذب الفاظ اور ناشائستہ گفتگو کی دیواریں اس سیلاب کو روک سکتیں تو یہ مسئلہ حل ہو گیا ہوتا ۔ کیوں کہ اس ہاؤس میں بہت سی ایسی باتیں ہوئی ہیں لیکن سوچنا یہ ہے کہ اس بیماری کا جس کو طرفین سے تسلیم کیا جا چکا ہے کہ یہ ملک میں موجود ہے اور معاشرے میں اتنی زیادہ خرابی ہے جس سے حکومت بھی انکار نہیں کر سکتی تو اس بیماری کا علاج کیا ہونا چاہئے ۔ جہاں تک میری ناقص عقل نے اس کے متعلق سوچا ہے وہ میں عرض کرتا ہوں موجودہ معاشرے کی اصلاح کے لئے ضروری ہے کہ ہم اس

ملک میں ذھنی انقلاب لانے کی کوشش کریں - گویہ پروگرام بہت لمبا ہے لیکن اس کی ابتدا ہم اگر نہیں کریں گے تو آگے چل کر ہمیں محسوس ہوگا کہ ہم نے اپنے فرائض کی آدائگی میں کوتاھی کی ہے - میں حکومت کی توجہ اس طرف دلانا چاھتا ہوں کہ ذھنی انقلاب لانے کے لئے آپ موقع مہیا کریں - ماھرین نفسیات اور ان لوگوں کو جو ذھنی انقلاب لانے کے مسودے یا ترکیبیں سوچنے کے قابل ہیں ان کے سپرد یہ کام کریں کیوں کہ یہ چیز بہت ضروری ہے - اس کے علاوہ ایک اور حل بھی میری نگاہ میں ہے اور تاریخ کے اوراق الٹنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس طریقہ سے بھی معاشرے کی درستی ہو سکتی ہے وہ یہ ہے اور تاریخ شاھد ہے کہ جس وقت قوموں کو ایسے لوگ مل گئے جن کے قول اور فعل میں تضاد نہیں تھا اس وقت قومیں صحیح معاشرے کی طرف رجوع کرتی رہیں - میں یہ نہیں کہتا کہ آج قوم میں ایسے افراد کی کمی ہے لیکن میں یہ ضرور عرض کروں گا کہ ہمارے رھنما یا خاص طور پر ہمارے وزراء صاحبان اگر اس کی ابتدا کریں اور اس ایوان میں اعلان کریں کہ ان کے قول اور فعل میں تضاد نہیں ہوگا تو کوئی وجہ نہیں کہ بد دیانتی کم نہ ہو جائے - ختم ہونے کے متعلق تو میں نہیں کہہ سکتا کیوں کہ negative اور positive دونوں طاقتیں شروع سے کام کرتی آئی ہیں - البتہ بہت حد تک کم کیا جا سکتا ہے - اس کے ساتھ میں یہ عرض کروں گا کہ اس ھاؤس میں صوبہ کے کونے کونے سے عوام کے نمائندگان موجود ہیں اور میں اس سے انکار نہیں کرتا کہ ان نمائندگان کو اس بد دیانتی کا احساس ہے - لیکن صرف اپنے حصے کے کام کو دوسرے کے سر تھوپ دینے سے فرض کی تکمیل نہیں ہوتی - میں یقین سے کہتا ہوں کہ ہمارے ایم ہی اے صاحبان اگر یہ فیصلہ کریں کہ وہ بد دیانتی اور رشوت اور corruption کے خلاف اپنے اپنے علاقوں میں جہاد کریں گے تو کوئی وجہ نہیں کہ یہ مشکل حل نہ ہو بالخصوص جب کہ ہمارے پاس ہر تحصیل میں منظم ادارے موجود ہیں - چیئرمین اور چار چار موضعوں کے لئے سوسائٹی

سولہ سترہ ستر ہ ممبر ہیں - میں اس کا تجربہ کرچکا ہوں - اپنے علاقہ میں ایک سب تحصیل میں میں نے چیئرمین حضرات کو اکٹھا کیا اور ان کو اپیل کی کہ آپ اس معاملہ میں حصہ دار بنیں - جب انہوں نے وعدہ کیا تو اس کا خاصا اثر ہوا - میری گزارش ہے کہ ہم سب مل کر اس کام کو کر سکتے ہیں -

اب میں اپنے علاقے کا ذکر کرتا ہوں - گو میں اسے کئی مرتبہ دہرا چکا ہوں لیکن آج بھی کہدوں کہ وزیر صاحبان کی یاد دہانی ہو جائے - جناب والا - ہمارے ضلع میں تین تحصیلیں ہیں شجاع آباد - میلسی اور لودھران - یہ ششماہی نہروں سے سیراب ہوتی ہیں - یہ چھ مہینے ۱۵ اپریل سے ۱۵ اکتوبر تک ملتے ہیں - میں گزارش کروں گا کہ ۱۵ اپریل کی بجائے یکم مئی اور ۱۵ اکتوبر کی بجائے ۳۰ اکتوبر کی میعاد مقرر کیجائے تا کہ پندرہ دن پہلے اور پچھلے جو ہیں ان سے بھی ہمیں فائدہ پہنچ جائے

دوسرے پانی کی کمی کی وجہ سے نہایت ضروری ہے کہ بجلی سپلائی کی جائے تاکہ ٹیوب ویل سے آبپاشی کی جا سکے - تیسرے یہ ہے کہ وہاں سڑکوں کی حالت ناگفتہ بہ ہے - پچھلے اجلاس میں اور اس سے پہلے اجلاس میں بھی میں نے اس چیز کو دہرایا تھا - ایک سوال بھی پوچھا گیا تھا جس کے جواب میں وعدہ کیا گیا تھا کہ آئندہ بجٹ میں وہ سڑکیں آرہی ہیں لیکن بجٹ پیش ہوا تو اس میں کچھ نہیں تھا - میں گورنمنٹ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ خاص توجہ دے کر لودھران اور شجاع آباد کی تحصیلوں کو جو کہ ضلع کی پسماندہ تحصیلیں ہیں دوسری تحصیلوں کے برابر لا کھڑا کرنے کی کوشش کریں -

سردار محمد حسین - جناب والا - عرض یہ ہے کہ تقریریں کرنے والے اصحاب بہت زیادہ ہیں - سب کو بولنا ہے اور وقت تھوڑا ہے اس لئے اسمبلی کے اجلاس کا وقت بڑھا دیا جائے یا پچھلے پہر دو تین گھنٹے کے لئے اجلاس کر لیا جائے -

مسٹر سپیکر ۔ ابھی وقت ہے ۔ آخر میں اس مسئلہ پر غور کر لیں گے ۔

شیخ محمد حسین (گوجرانوالہ ۔ ۱) محترم صاحب سپیکر ۔ میں آپ کی وساطت سے حکومت کی توجہ چند اہم امور کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔

جناب والا ۔ ضلع گوجرانوالہ میں ۳۰ منظور شدہ ہائی سکول ہیں سکول کی تعلیم کے بعد کالج کی تعلیم کا حکومت کی طرف سے کوئی انتظام نہیں ۔ صرف ایک انٹرمیڈیٹ کالج ہے جو سارے ضلع کی ضروریات پوری نہیں کر سکتا ۔ نتیجہ یہ ہے کہ عوام اپنے بچوں کو اعلےٰ تعلیم کیلئے لاہور بھیجتے ہیں ۔ تاہم لوگوں کو اس سلسلے میں بڑی تکلیف کا سامنا ہے ۔ کیونکہ لڑکے لاہور جا کر کئی قسم کی الجھنوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں ۔ اس لئے عوام کا یہ ایک دیرینہ مطالبہ ہے کہ وہاں ایک ڈگری کالج قائم کیا جائے ۔ میں جناب وزیر تعلیم صاحبہ سے عرض کرونگا کہ وہ اس مطالبہ پر غور فرمائیں ۔

جناب والا ۔ دو سال پیشتر حکومت نے ایمن آباد خاص یا اس کے مضافات میں ایک health centre کھولنے کی تجویز کی تھی جس کے لئے شرط یہ تھی کہ عوام حکومت کے نام ۵ ایکڑ زمین منتقل کرائیں ۔ چنانچہ محکمہ کی ہدایات کے مطابق لوگوں نے ۱۵ ہزار روپے کے خرچ سے وہاں ۵ ایکڑ زمین خریدی ۔ محکمہ والوں نے وعدہ کیا کہ وہ ۱۹۶۳-۶۴ میں health centre کی تعمیر شروع کردینگے ۔ لیکن افسوس کے اب ۶۴ ۔ ۱۹۶۳ء بھی گذر رہا ہے اور اس تجویز کو وہاں تشنہ تکمیل رکھا گیا ہے ۔ میں آپ کی وساطت سے حکومت کی خدمت میں استدعا کرونگا کہ اس health centre کو ۶۵ ۔ ۱۹۶۴ کے منصوبے میں رکھ کر عملی جامہ پہنائے ویسے اس کے لئے زمین لے لی گئی ہے ۔ اور حکومت کے نام اس کی رجسٹری بھی کرا دی گئی ہے اور محکمہ مال کے کاغذات میں داخل خارج بھی کرادیا گیا ہے ۔

جناب والا ۔ گوجرانوالہ شہر کے قریب ایک satellite town تعمیر ہوا ہے ۔ جہاں لوگوں نے حکومت کی شرائط کے مطابق مکانات تعمیر کئے ہوئے ہیں ۔

مگر تا حال انہیں حقوق ملکیت نہیں ملے - جس کی وجہ سے وہ پریشان اور سرگردان ہیں - حکومت کو چاہئے کہ وہ اس کی طرف توجہ دے اور ان کو مالکانہ حقوق دلائے -

جناب والا - ضلع گوجرانوالہ میں کالر کا علاقہ وہ علاقہ ہے جو دنیا بھر میں بہترین قسم کا چاول پیدا کرتا ہے - حکومت اس چاول کی برآمد سے کروڑوں روپیہ زرمبادلہ کماتی ہے - لیکن بڑے افسوس کا مقام ہے کہ اس علاقے میں نہ کوئی پکی سڑک ہے اور نہ ہی سیلاب کی روک تھام کیلئے کوئی موثر انتظام - وہاں نقل وحمل کیلئے کوئی معقول سڑک موجود نہیں -

جناب والا - پکی سڑک نہ ہونے اور بارڈر قریب ہونے کی وجہ سے بہت سا مال سمگل ہوتا رہتا ہے - اس کی روک تھام کیلئے میری تجویز یہ ہے کہ پکی سڑک بنائی جائے - گوجرانوالہ سے ایمن آباد تک پکی سڑک تو پہلے ہی موجود ہے - لہذا اب ایمن آباد سے ننگل کس تک پکی سڑک بنائی جائے تاکہ لوگوں کو مال لانے لے جانے میں آسانی پیدا ہو اور حکومت کو بھی اس سے فائدہ پہنچے -

میر سردار دودا خان زہری - (قلات و خاران)

جناب والا - اسمبلی کے مختلف ارکان اپنے اپنے خیالات کا اظہار فرما چکے ہیں - لہذا اب میں بھی اپنے پسماندہ علاقے کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - اس سال کا بجٹ دیکھکر مجھے حکومت کی اس مجموعی کوشش پر بے حد خوشی ہوئی ہے جو اس نے اس صوبے کیلئے کی ہے - مثال کے طور پر آبپاشی زراعت اور تحفظ نباتات ہی کو لیجئے جو ہمارے ملک کے بہت بڑے مسائل ہیں - ہماری حکومت نے ان کے لئے سابقہ حکومتوں کے مقابلے میں بہت زیادہ رقم رکھی ہے جس کیلئے وہ مبارکباد کی مستحق ہے -

جناب والا - ہمارے پس ماندہ علاقے میں زیادہ اناج اگانے کیلئے گشتی سینما حکومت کی طرف سے مہیا کئے

جانے چاہیئیں تاکہ ہمارے کاشتکار زراعت کے نئے طریقوں سے واقف ہوکر زراعت کو ترقی یافتہ اصولوں پر چلائیں اور ان کو زیادہ سے زیادہ ترقی دیں ۔ محکمہ زراعت نے قلات ڈویژن میں جو کام بھی کیا ہے وہ قابل تعریف ہے ۔ اور میں ذاتی طور پر اس کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔

جناب والا ۔ قلات میں آبپاشی کے محدود ذرائع آج بھی ہمارے پرانے زمانے کے کاریز ہی ہیں ۔ اگرچہ وہاں پانی کی قلت ہے ۔ تاہم محکمہ زراعت نے ہمارے ہاں لوگوں سے رابطہ قائم کرکے انہیں نئے طریقے سے باغ لگانے اور اچھی قسم کے بیج مہیا کرنے سے اپنے حسن کار کردگی کا ثبوت دیا ہے ۔ لیکن مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ زراعت کی مزید ترقی کیلئے جو ہمارے صوبے کی سب سے بڑی صنعت ہے اگر کوئی رکاوٹ ہے تو وہ محکمہ آبپاشی ہے ۔ اور ہمارے ہاں زراعت کی ترقی جو قلات کے مسائل کا واحد حل ہے اس کے راستے میں رکاوٹ کی ذمہ داری محکمہ آبپاشی کے سر ہے ۔ لیکن میں حکومت کی اس بات کے لئے تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ وہ پسماندہ علاقوں کیلئے اور خصوصاً قلات کیلئے ہماری ضرورت سے کہیں زیادہ رقم مہیا کررہی ہے ۔ (نامیاں) مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اگر یہ روپیہ صحیح طریقے سے صرف ہوتا تو ہمارا علاقہ جنت نظیر بن جاتا ۔ لیکن جناب والا ۔ اس کے بیجا تصرف کی وجہ سے آج ہم قحط پذیر ہورہے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ محکمہ آبپاشی اپنی کارکردگی کے لحاظ سے ہمارے علاقے میں ناکام ہو چکا ہے ۔ وہ اپنی کارکردگی کی بنا پر اپنا سر بلند نہیں کر سکتا اور نہ ہی اسے کسی طرح نمایاں کہہ سکتا ہے ۔

جناب والا ۔ محکمہ آبپاشی ہمارے لوگوں کو کاریزوں کے کام میں قابلد سمجھتا رہا ہے ۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ

وہ خود اس کام سے ناواقف ہے۔ اور ملک قادر بخش صاحب اس بات کو تسلیم کریں گے کہ کوئٹہ اور قلات میں کاریزوں کے کام میں ان کا محکمہ بالکل نا کام رہا ہے۔

جناب والا۔ ان کے تجربے کی حالت یہ ہے کہ وہ ہمارے پہاڑی علاقے میں بند بنانا تک نہیں جانتے۔

میں یہاں یہ بھی ضرور عرض کرونگا کہ قلات کا علاقہ ایسا علاقہ ہے جس کی زمین نہایت عمدہ اور اور زرخیز ہے۔ در اصل کوئٹہ اور قلات کی زمین میں کوئی فرق نہیں دونوں ایک جیسی ہیں۔ لیکن اس کے غیر آباد ہونے کی وجہ محض پانی کی قلت ہے۔ اگر وہاں پانی بافراط میسر آجائے تو میں دعوے سے کہتا ہوں کہ وہاں دنیا بھر کے بہترین پھل۔ بادام پیدا ہو سکتے ہیں اور اچھے اچھے قسم کے باغات لگائے جا سکتے ہیں۔ لیکن محکمہ آبپاشی کی نااہلی کی وجہ سے ہمارے کروڑوں روپے ضائع ہو چکے ہیں اور آج تک کوئی ترقی نہیں ہوسکی۔ نتیجہ یہ ہے کہ ہماری موجودہ حکومت کو اس محکمے کی وجہ سے شرمندگی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

جناب والا۔ میں یہ عرض کر رہا تھا اور آپ کی وساطت سے موجودہ حکومت کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کراونگا کہ محکمہ آبپاشی اپنے کام میں بالکل ناکام رہا ہے اس لئے میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ کمشنر صاحب کی سربراہی میں قلات ڈولپمنٹ اتھارٹی قائم کی جائے۔ اور اس ایوان کے معزز اراکین پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی جائے جو وہاں کے قدرتی وسائل کی سکیموں کو عملی جامہ پہنائے۔ اس کے متعلق بہت سے ممبران تقریریں کرچکے ہیں اور میں گذارش کروں گا کہ ہماری حکومت کو چاہئے کہ جلد از جلد کوئی کارروائی کرے۔

جناب والا۔ یہ تو نباتات کے متعلق چند گذارشات پیش کی تھیں اب میں جمادات کے متعلق کچھ عرض کروں گا۔ قلات ڈویژن میں معدنیات کی بڑی دولت ہے۔ جس

افسران سروے کے لئے آتے ہیں تو وہاں آ کر معدنیات دیکھ کر نقشے وغیرہ بناتے ہیں اور پھر وہ مقامات اپنے عزیزوں اور لڑکوں کے نام الاٹ کر دیتے ہیں اس طرح وہ وہاں کے عوام کو ان کے حقوق سے محروم کر دیتے ہیں ۔ یہ چیز ان کے گلے پر چھری پھیرنے کے مترادف ہے ۔ میری گذارش ہے کہ ان تکلیف کو دور کرنے کیلئے حکومت کوئی صحیح طریقہ اختیار کرے ۔

اس وقت خذدر میں حکومت جو ڈویژنل ہیڈ کوارٹر بنارہی ہے وہاں پرائچ کی معدنیات کی سروے کے لئے جو آدمی آیا ہے اس نے سروے کرنے کے بعد وہ جگہ اپنے اعجاز نامی لڑکے کے نام الاٹ کر دی ہے ۔ میں امید کرتا ہوں کہ حکومت اس کی تحقیقات کرے گی اور وہاں کے عوام کی حق تلفی نہیں ہوگی ۔

ان الفاظ کے بعد میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

راجہ غلام سرور - (راولپنڈی - ۲) صاحب صدر - میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کی خدمت میں اپنے حلقہ نیابت کی پسماندگی کے متعلق چند گذارشات عرض کروں گا ۔

جناب صدر - تحصیل مری کہوٹہ اور ملحقہ پنڈی ہزارہ کی دیہاتی زندگی کا اندازہ خدا ترس اراکین حکومت ہی لگا سکتے ہیں کیونکہ جہاں نہ کھانے کو کو ہے نہ ذرائع آمدورفت ہیں اور نہ ہی کوئی طبی سہولتوں کا بندو بست ہے وہ لوگ کس طرح اپنی زندگی بسر کرتے ہونگے ۔

سب سے پہلے میں وزیر خزانہ صاحب کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ وہ میزانیہ کو ترتیب دیتے وقت اس بد نصیب علاقہ کے دیہاتیوں کو کیوں بھول جاتے ہیں سابقہ بجٹ سیشن میں جب میں نے کرنل اشرف صاحب نے اور عباسی صاحب نے اپنے علاقہ کی پس

ماندگی کے متعلق خاص طور پر ان کے دفتر میں جاکر عرض کیا تھا تو انہوں نے وعدہ فرمایا تھا کہ وہ اس معاملہ کی طرف توجہ دیں گے - ہم نے بتایا تھا کہ ہمارے علاقہ کی پس ماندگی ایک الگ نوعیت کی ہے -

اس معزز ایوان کے بہت سے ممبران نے اپنے اپنے علاقہ میں بجلی اور پانی کی کمی کو پسماندگی سے منسوب کیا ہے لیکن ہماری پسماندگی کا تعلق بھوک سے ہے - اس لئے ہمارے حالات ان سے بالکل مختلف ہیں اور الگ ہیں - اور اب اس بات کی ضرورت ہے کہ ہمارے علاقہ کی دیہاتی زندگی کو خوشگوار بنانے کے لئے سب سے پہلے ان کی بھوک کا علاج کیا جائے - مال روڈ مری یا اسلام آباد کے نشو و نما سے اس علاقہ کی دیہاتی زندگی کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا اس لئے میں وزیر خزانہ صاحب کی خدمت میں پھر عرض کروں گا کہ میزانیہ کو ترتیب دیتے وقت مال روڈ اور اسلام آباد کو الگ رکھ کر دیہاتی زندگی کی بہبود اور بہتری کو مد نظر رکھا کریں - اس وقت میں کہوٹہ تحصیل کی مثال پیش کروں گا وہاں بہت زیادہ آبادی ہے لیکن ایک بھی پکی سڑک نہیں - میں نے ابتدائی سیشن میں مطالبہ کیا تھا کہ جس حلقہ نیابت سے میں تعلق رکھتا ہوں وہاں روات کار چرہ کرور ٹوپہ بن میں کوئی ۳۳ میل کا فاصلہ ہے وہاں کی سڑکیں عرصہ ۵ سال سے زیر تعمیر ہیں - ہم نے جناب استو صاحب کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ وہ ان سڑکوں کی طرف توجہ دیں - چنانچہ انہوں نے وعدہ کیا تھا کہ انہیں پکا کریں گے لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ ابھی تک وہ زیر تعمیر ہیں ہم نہیں سمجھتے کہ آپ کب اس طرف توجہ دیں گے تاکہ غریب عوام کو فائدہ ہو - میں یہ گذارش کرونگا کہ اگر ہم تحصیل کہوٹہ سے تھانہ کلر اور لہ تراڑ سے کہوٹہ آئیں تو اوپر سے چکر کاٹ کر آنا پڑتا ہے اس لئے حکومت کو چاہئے کہ اس علاقہ کے غریب عوام کی تکالیف کو مد نظر رکھتے ہوئے اور خاص طور پر ان کی تحصیل و ضلع کی حاضری کو مد نظر رکھتے ہوئے ان تمام کچی

سڑکوں کو جلد از جلد پکا کر دیا جائے - تاکہ عوام کو سہولتیں میسر ہوں - اس سے پہلے بھی دو تین بار استدعا کر چکا ہوں اور اب پھر استدعا کرتا ہوں کہ ان کچی سڑکوں کو جتنی جلدی ہوسکے پکا کرنے کی کوشش کی جائے نیز طبی سہولتوں کے لئے غریب عوام کو پندرہ پندرہ میل کا سفر کرنا پڑتا ہے - میں وزیر صحت جنیجو صاحب کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کراؤں گا - اس سے پہلے سنجرانی صاحب سے کہا تھا لیکن وہ اپنا وقت پورا کر کے چلے گئے -

ایک ممبر - کیسا وقت ؟

راجہ غلام سرور - اپنا اسمبلی کا وقت -

جناب والا - مجھے امید ہے - کہ جینجو صاحب اس امر پر پورا غور کرکے ہمارے دیہاتی علاقہ میں طبی سہولتوں کا بندوبست کریں گے -

جہاں میں نے اپنے علاقہ کی کچی سڑکوں کا ذکر کیا ہے وہاں میں یہ بھی عرض کروں گا کہ اس کے غریب عوام کو ان کے دیگر حقوق سے بھی محروم رکھا گیا ہے - ان کی ملازمتوں کے لئے ہر شعبہ میں کوٹا مقرر کیا جائے - سری کھوٹہ کے باشندوں کو جناب فیلڈ مارشل محمد ایوب خاں صاحب نے ان کی تکالیف اور زمینوں کی کمی کا باحساس کرتے ہوئے اور جناب گورنر صاحب نے انتہائی مہربانی کرکے ہیراج میں زمینیں دینے کی تجویز کی تھی لیکن آج تک اس علاقہ کے لوگوں کو زمین نہیں ملی ہیں - کل ۱۲۷۳۶ ایکڑ زمین تقسیم ہونا تھی جو سفارشی تھے اور پہنچ والے تھے وہ زمینیں لے چکے ہیں اس وقت تک تقریباً ۹۰۰۰ ایکڑ زمین تقسیم ہوئی ہے اور تقریباً ۳۰۰۰ ایکڑ زمین باقی ہے - میں گذارش کروں گا کہ یہ زمین ان غریب لوگوں کے لئے مخصوص کی جائے - اور ان کو الاٹ کی جائے - جنہوں نے باقاعدہ درخواستیں دی ہیں - اور ابھی تک جن کی درخواستوں پر غور نہیں ہوا - اور یونہی پڑی ہیں - محترم وزیر متعلقہ سے میری استدعا ہے کہ یہ

باقی زمینیں مری کھوڑہ کے ان پس ماندہ لوگوں کو الاٹ کی جائیں جو بے حد مشکلات میں مبتلا ہیں اور ہر قسم کی سہولتوں سے محروم ہیں - اس کے ساتھ ہی ساتھ میں اسلام آباد اور راول ڈیم کے متاثر لوگوں کی بے گھری کی طرف بھی حکومت کی توجہ مبذول کراؤں گا کہ ان کی آباد کاری کا پورا پورا انتظام کیا جائے -

Dr. Mrs. Ashraf Abbasi : (Bahawalpur Khairpur Quetta Division) Mr. Speaker Sir, when we sit in this august House and do not participate in the debate, the general impression is that we are mum and we lack in our duty towards the masses we represent. But Sir when we think where we stand and what are our limitations.

"Ayaz apni qadar janata hai" whatever we say here no attention is being paid, then of course we think that we waste our energies. Sir one observation that repeated striking of waves even produce impression on rocks inspires the hope in me that I should say something so that, if not the present Government, some other Government might bring some changes from which our coming generations may gain.

Sir when I saw Demand No. 8 for P. W. D., B and R Establishment, for creating new cells in P. W. D. costing Rs. 21,85.000, I think it a sheer wastern because, Sir, we have known that creating staff after staff will lead us nowhere. At this stage we have to give priority to our works. We should know whether the creation of new staff for designing cells is going to help us in any way. I am of the opinion that it is not going to help us in any way because too many cooks spoil the broth. Before the creation of these cells, a scheme had to undergo ten stages of under consideration' but now, I think, it will have to undergo twenty stages of 'under consideration, and in the end it will be found that the scheme was not feasible and could not be put through. Before the re-organisation, Sir, in 1952, we had only one Chief Engineer in West Pakistan and after the re-organisation in 1962 there are five Chief Engineers with vast amount of staff and still the departmental cry continues that the staff is not sufficient to cope with the work. It is high time that a cry should come from us "halt somewhere" because increasing of staff is not going to help us in any way. Instead of increasing the staff, the quality of the existing staff should be improved and sense of devotion and duty should be inculcated in the officers.

My appeal to the Government Benches is that they should apply their minds to this suggestion. The suggestion of increasing the staff for these particular cells comes from the persons concerned and, I think, they are interested in their well-being so that they could get and give promotions. Mr Speaker, Sir, I as a doctor, came across so many people, right from a beggar to high officials, and I have formed an opinion that it is impossible for honest officials, even if they are highly placed, to make both ends meet in the present tussle of life what to talk of constructing bungalows. The glamour of the big bungalows, that are built, reflects the plight of the poor. I think we should stop somewhere. Instead of creating further posts this money should have been spent on roads because roads, as you will appreciate,, Sir, play an

important role in the life of a civilized country. If this money is spent on roads, I think, many of our problems, right from law and order to so many others, will be solved.

After this general suggestion, I will come to my own region. As far as desilting of canals is concerned in the Southern Region, of course, it is a laudable proposal. But what we have to see is whether this money is spent in the right direction. What happens is this. We have often seen that so much of budget is sanctioned for such and such regions but when we come to the spending of that money, either the administrative appoval is not forthcoming and if the administrative apporval is given then the amount allocated is not released. In the end the same budget lapses and no region gains anything from it. My appeal to the Government is that they should see to it in the beginning that if they are going to sanction money for a certain region for certain work, it must be spent in that region in time so that it does not lapse.

Sir, time is so short and there is so much to be said. Another problem is the throwing out of the peons in Education Department. You know, Sir, that so many families have been affected by this. When one looks at them one pities them. My humble submission, through you, to our Education Minister is that she should look in to it personally and see that those poor peons have some sympathetic consideration. They have got ten years' service to their credit and still they are out of it.

Sir, I was going to explain one thing more, that is, how the allocation provided for a certain region is not utilized. When post is created in a college or school or any other department the money to be spent on salary, etc., is allocated to that region. For the last six years the posts of six professors are lying vacant in the Government College, Larkana, with the result that allocations made for these posts goes back to Government treasury. There are so many such examples.

Sir, Forests play an important part in the economy of a country. I asked a question regarding Makhi Lake forest and the reply given was that it did not concern the Irrigation Department. I want to bring home, through you, Sir, that the living example of the deforestation of Makhi lake forest is before us. It clearly Shows that the natural forests cannot be good for cultivation. I know, Sir, men make mistakes but fools repeat them. So, we must learn a lesson from this and should do no more deforesting of natural forests.

ملک سرفراز خاں (سرگودھا - ۳) جناب سپیکر - ۶۴-۱۹۶۳ء کے بجٹ کو پسماندہ علاقوں کا بجٹ کہا گیا ہے - اور موجودہ زیر بحث ضمنی بجٹ کو بھی اسی نام سے منسوب کیا جاتا ہے - لیکن حضور والا - آج تک پسماندہ کے معنی یہ لئے گئے ہیں - اور عام لوگ یہ تصور کرتے ہیں - کہ جس علاقے میں ذرائع آمدورفت محدود ہوں - اور جس علاقے میں سکول و کالج اور پینے کا پانی میسر نہ ہو - اسکو پسماندہ کہا جاتا ہے - لیکن موجودہ دور میں اس لفظ کی تعریف محض وزراء صاحبان اور بڑے افسروں تک محدود رہ گئی ہے - کہ جس علاقے کو وہ

نوازنا چاہیں - اسے پسماندگی کا نام دیکر اس علاقے میں کام شروع کر دیتے ہیں - حضور والا - آج بھی چھوٹے یونٹوں میں اور سابقہ پنجاب میں ایسے مقامات ہیں - جہاں آج تک تقسیم کے بعد ترقی کا کوئی کام نہیں ہوا - اور نہ ہی آئندہ اسکا کوئی امکان نظر آتا ہے -

حضور والا - اگر یہ رفتار اسی طرح رہی - تو ممکن ہے - کہ چھوٹے یونٹوں کے لوگ جو ون یونٹ میں ایمان رکھتے ہیں - اور اس امید پر بیٹھے ہیں - کہ ہمارے علاقوں میں ترقی ہوگی شاید وہ کل کو یہ نہ سمجھ بیٹھیں - کہ یہ تو محض ایک دکھلاوا تھا - اور انکی ترقی نہیں ہو رہی -

حضور والا — میں آپکے توسط سے نہایت اختصار کے ساتھ اپنی گورنمنٹ کی توجہ اپنے علاقے کی طرف دلاتا ہوں - حضور والا - ضمنی بجٹ میں ایک کروڑ ۷۶ لاکھ روپے نہروں کی صفائی اور مرمت پر خرچ ہو رہے ہیں میں وزیر آبپاشی کی توجہ مہاجر برانچ اور تحصیل خوشاب کی طرف دلاتا چاہتا ہوں - کہ اس نہر پر آبپاشی کے ذرائع محدود ہوکر رہ گئے ہیں - اور کئی علاقے ایسے ہیں - جہاں ندی نالوں میں پانی تک نہیں جاتا - اور گورنمنٹ ان لوگوں سے آبیانہ وصول کر رہی ہے - تو ایسے علاقے جو اس نہر سے آباد ہونے تھے الٹا برباد ہو رہے ہیں - اس لئے وہ علاقے فوری توجہ کے محتاج ہیں - اوو اس لئے ان علاقوں میں فوری طور پر پانی پہنچانے کا انتظام کیا جائے -

میری دوسری گذارش شاہ پور برانچ کے متعلق ہے - اس شاہ پور برانچ کو دس بارہ سال کا عرصہ ہوگیا ہے - لیکن شروع میں تو وہاں پر شاہ پور راجباہ کی تجویز تھی - اور اس سے بیس ہزار ایکڑ رقبہ آباد ہونا تھا - لیکن نہ تو آج تک وہ نالہ ہی کھودا گیا ہے اور نہ ہی اس کے لئے کوئی ذریعۂ آبپاشی نکالا گیا ہے - یہ file پر ابھی تک موجود ہے لیکن اس نالے میں ابھی تک پانی نہیں آیا -

حضور والا - ٹی - ڈی - اے کے متعلق بھی مجھے کچھ عرض کرنا ہے وہ یہ ہے کہ ٹی - ڈی - اے میں کئی ایسے

دیہات ھیں جن میں لوگوں کی زمین نہیں ھے - مثلاً نوکر شہید اور چاہ آوانی والا - یہ ایسے موضع ھیں جہاں مالک غیر مالک ھیں تو وھاں کا جتنا رقبہ ھوتا ھے وہ افسران میں پٹہ پر الاٹ ھو جاتا ھے یا باھر کے لوگ وھاں جاکر پٹہ پر زمین لے لیتے ھیں - ان علاقے والوں کو کوئی رقبہ نہیں دیا جاتا تو میں یہ عرض کرنا چاھتا ھوں کہ دو چار موضع Land less ھیں وھاں رقبے نہیں ھیں جو لوگوں کو دئے جائیں - جب سے میں اس ھاؤس میں آیا ھوں لوگوں نے اس علاقہ میں کالج کی ضرورت پر روشنی ڈالی ھے اور عرصہ سے ضرورت محسوس کی جا رھی ھے کہ یہاں کالج ھو میں دوبارہ وزیر تعلیم سے گذارش کروں گا کہ وھاں کالج بنانا نہایت ضروری ھے کیونکہ اس بجٹ میں دیکھا گیا ھے کہ بیس بیس پچیس پچیس میل کے فاصلے پر کالج کھول دئے گئے ھیں اور اس علاقہ کو نظر انداز کیا گیا ھے - یہاں سے نزدیک ترین کالج ۶۰ میل کے فاصلے پر ھے تو یہاں کالج کا ھونا بہت ضروری ھے دیکھنے میں آیا ھے کہ کیمبل پور او جہلم میں Small Dams کی سکیمیں چل رھی ھیں لیکن اس علاقے کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا ھے - ان سکیموں کو ان علاقوں تک ھی محدود نہ رکھا جائے بلکہ ملحقہ علاقوں کو بھی فائدہ پہنچایا جائے -

مسٹر افتخار احمد خان (جھنگ - ۱) : صدر محترم - سوچتا رھا ھوں کہ کیا کہوں اور کیا نہ کہوں - کس انداز میں کہوں اور کیا نہ کہوں - مصلحت ، احساسات ، عافیت کہتے ھیں کہ کچھ نہ کہو لیکن میرا ایمان اور میرا مذھب یہ کہتا ھے کہ سب کچھ کہو - برملا کہو - بھرے اجلاس میں کہو وزیروں کے سامنے کہو ، اس ایوان کے سامنے کہو -

صدر گرامی - وقت تنگ ھے اور آپ کا ارشاد ھے کہ جو کچھ کہو چند لمحوں میں کہو - صدر گرامی - صوبے کے سامنے لوگوں کے سامنے اور ملک کے سامنے ایسے مسائل ھیں کہ اچھی سی اچھی قابل سے قابل حکومت بھی چند دنوں میں یا چند سالوں میں ان کا حل تلاش نہیں کر سکتی - یہ بات مجھے تسلیم ھے - لیکن آج ھمارے سامنے یہ مسئلہ نہیں

کہ ان کا حل کیا ہو ۔ وہ تو اللہ تعالی ہی حل کریں گے وہ حل افراد کی عقل دانش سے باہر ہے لیکن آج یہ صوبہ بہت سے ایسے مسائل سے دو چار ہے جو ہمارے اپنے پیدا کئے ہوئے ہیں جو حقیقتاً مسائل نہیں ہیں جن کا حقیقتاً علاج ممکن ہے اور جو ہمارے اپنے پیدا کردہ ہیں ۔ اگر حکومت ان مسائل کو جن کا حل نہیں ہے حل نہیں کر سکتی تو کم سے کم اس صوبے کی مشکلات میں اور اضافہ تو نہ کرے ۔

صدر گرامی — طلبا کا مسئلہ — نونہالوں کا مسئلہ قوم کی امیدوں کا مسئلہ جو پچھلے ماہ میں اس شہر لاہور میں ہوا ایسا مسئلہ نہ تھا جس کو حل نہ کیا جاسکے صرف طریقہ کا فرق تھا ۔ اس کی Handling mishandling تھی ۔ وہ طلباء نہ دہشت پسند تھے وہ طلباء نہ تعلیم سے چوری کرنا چاہتے تھے وہ طلباء نہ عمارتوں کو آگ لگانا چاہتے تھے وہ طلباء ہمارے بچے ہیں وہ زمینداروں کے بچے ہیں وہ سرمایہ داروں کے بچے ہیں مڈل کلاس کے بچے ہیں آپ انہیں کمیونسٹ نہیں کہہ سکتے آپ ان کو Leftist نہیں کہہ سکتے ۔ آپ ان کو دہشت پسند نہیں کہہ سکتے لیکن جس طریقہ سے آپ نے ان کے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کی ہے مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ وہ آپ کے شایان شان نہیں تھا ۔ یہ بچے ہماری قوم کی امیدیں ہیں ۔ ان کی ہمت سے ان کی دماغی نشوونما سے ہماری قوم کی امیدیں وابستہ ہیں لیکن ہمنے ان کا علاج کیا ڈھونڈا — صرف ڈنڈا — پولیس اور آنسو گیس — کیا صرف یہی حل تھا ۔ ان بچوں کو یونیورسٹی کے افسران نے ہماری وزارت نے . . . . . .

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خان): پوائنٹ آف آرڈر

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : Subjudice ?

وزیر ریلوے — جی نہیں Subjudice نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی توجہ اس امر کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ جب ایڈجرنمنٹ موشن پیش ہو رہے تھے تو آپ کو یاد ہوگا کہ ہم نے اس وقت عرض کیا تھا کہ ابھی تو ایڈجرنمنٹ موشن پیش ہو رہے ہیں بجٹ کے موقع پر یہ باتیں پیش

کی جا سکتی ہیں تو لیڈر آف دی ہاؤس نے یقین دلایا تھا کہ سپلیمنٹری بجٹ میں صرف موضوعات پر بحث ہو سکتی ہے اور جو Grants ہوں گی ۔ ان پر بحث ہوگی تو اب میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک جنرل ایڈمنسٹریشن کا تعلق ہے اور ایجوکیشن کا تعلق ہے اگر نوابزادہ صاحب اس بحث کو اس موقع پر لانا چاہتے ہیں تو پھر ایڈ جرنمنٹ موشن جو ابھی باقی ہیں وہ Lapes ہو جانا چاہئے اور وہ آئندہ اس بجٹ کے اندر نہیں آئیں گے ۔

مسٹر سپیکر — جہاں تک جنرل ایڈ منسٹریشن کا تعلق ہے جتنی Grants بجٹ میں موجود ہیں وہ Discuss ہو سکتی ہیں ۔

وزیر ریلوے — لیڈر آف دی آپوزیشن کا کہنا یہ تھا کہ ان چیزوں پر بحث ہوگی جن کے لئے Grants مانگی جا رہی ہیں مثلاً کوئی پروجیکٹ ہیں یا انڈسٹری وغیرہ ہے ، جنرل کے بارے میں نہیں تھا ۔ جنرل ایڈ منسٹریشن میں کچھ نئے سکول کھولے گئے ہیں اور کوئی اس سے متعلق سبجکٹ ہے اور ان ہی کے متعلق کہا جا سکتا ہے لیکن اگر نوابزادہ صاحب طلباء کے ایجیٹیشن کے متعلق اور گرفتاریوں کے متعلق تقریر کریں گے تو اس کے متعلق آپ کا اجازت دینا گویا اس Assurance کے خلاف ہوگا ۔

مسٹر حمزہ — پوائنٹ آف آرڈر — جناب میں نوابزادہ صاحب سے عرض کروں گا کہ انہوں نے ایسا موضوع کیوں اختیار کیا ہے جس گورنمنٹ کی دکھتی ہوئی رگ پکڑ لی جائے ۔

Mr. Speaker : This is no point of order. The member may please take his seat.

مسٹر افتخار احمد خان — صدر گرامی — میں عرض کر رہا تھا میرے بھائی ریلوے وزیر نے مناسب سمجھا کہ اس سلسلے کو منقطع کر دیں ۔ صدر گرامی ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ ہمارے نونہالوں کے مسائل لا ینحل نہیں تھے صرف ان کے حل کا تعلق عقل کے ساتھ تھا ۔

Mr. Speaker : The member should not discuss that. He should make his own point.

مسٹر افتخار احمد خان — صدر گرامی — مجھے ایک واقعہ یاد آیا سردار نشتر مرحوم بحیثیت گورنر کے ایک مشاعرہ کی صدارت

کرنے کے لئے پنجاب یونیورسٹی ہال گئے بچوں نے بیچینی شروع کر دی اور شور مچانا شروع کو دیا ۔ گورنر تھے ۔ آنسو گیس چھوڑ سکتے تھے ۔ سب کو گرفتار کر سکتے تھے لیکن انہوں نے کیا کیا ۔ انہوں نے کہا "میرے بچو ، میرے نونہالو نظم سننے آئے ہو اور بد نظمی کا مظاہرہ کر رہے ہو" بچے خاموش ہو گئے ۔ انہوں نے کیا کیا تھا عقل و فہم سے مسئلہ کو حل کیا تھا اسی طرح یہاں بھی یہ مسئلہ حل ہو سکتا تھا ۔ اگر آپ ان کو پولیس کے حوالے نہ کرتے ان کے مسائل کو اگر آپ سوچنے کی کوشش کرتے تو بہتر ہوتا ۔

صدر گرامی — دوسرا مسئلہ ہمارے اہل قلم ، اہل صحافت اور اہل علم کا مسئلہ ہے ۔ یہ حکومت آرڈیننس نافذ کرنے کے بعد اب لالچ کی طرف اپنا قدم اٹھا رہی ہے ۔

Mr. Speaker : The member has already spoken on that when he was discussing the Ordinance.

مسٹر افتخار احمد خان— صدر گرامی — میں اس مسئلے کو بھی چھوڑتا ہوں اور بجٹ پہ آتا ہوں — کیا کروں اس بجٹ کی املا غلط انشا غلط معنی غلط اور ہر شے غلط — اگر اس ضمنی بجٹ کو بناتے ہوئے یہ وزارت یا وہ افسر جنہوں نے اس کی ترمیم کی ہے صرف ان تجاویز کو جو اس ایوان کے ممبر صاحبان نے پچھلے اجلاس میں پیش کی تھیں اگر صرف اس مواد کو یہ اپنے سامنے رکھ لیتے تو شاید میں بھی ان کی تائید کرتا ۔ لیکن کیا کیا ہے ۔ نئے افسران کی بھرتی کرنے میں نئے عہدوں کا قیام کرنے میں وہ اس وقت Justify نہ کر سکے اور جو چیز بجٹ میں شامل نہیں کر سکتے تھے انہوں نے اس کو بھی اس میں شامل کردیا ۔ آپ بجٹ سپیچ پڑھیں گے اور دیکھیں گے کہ ایک طرف تو تعمیری کام ۱۰ کروڑ سے بنیادی جمہوریت کا ہو رہا ہے دوسری طرف ان تعمیری کاموں کے لئے پرائیویٹ سیکٹرز کھولے جا رہے ہیں ۔ تعلیم کا محکمہ ، صحت کا محکمہ پرائیویٹ سیکٹر ۔ پرائیویٹ کمپنیوں سے پرائیویٹ Technician سے اور ان کی زیر نگرانی یہ کام کروائیں گے ۔ آپ بجٹ سپیچ کو پڑھیں تو پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی

کے پاس کیا کام رہے گا - یہ ۱۰ کروڑ بھی گیا - محکموں کا کام بھی گیا لیکن پھر بھی نئے ڈویژن قائم کئےجا رہے ہیں - فائننس منسٹر صاحب نے فرمایا ہے کہ پی - ڈبلیو - ڈی میں نئے سیکٹرز اور نئے ڈویژن قائم کئے جا رہے ہیں - تو صدر گرامی - یہ ضمنی بجٹ ایک ڈاکہ ہے اس ایوان پر - آپ کو یاد ہوگا کہ میں نے کہا تھا کہ موجودہ آئین میں اختیارات بجٹ سے متعلق بہت محدود ہیں - بہتر تو یہ تھا کہ ۱۰ کروڑ کا ایک پورا ڈھانچہ پیش کیا جاتا اس کو خرچ کیا جا چکا ہے - ہمارے سامنے Statement of Expenditure رکھی جاتی - مگر اب کیا فائدہ اس رقم کو خرچ کیا جا چکا ہے جو Arbitrarily بغیر اس ایوان کی منظوری لئے ہوئے کر دیا ہے - صدر گرامی - وہ ۱۰ کروڑ روپیہ جو آج بنیادی جمہوریت کے لئے دیا گیا ہے وہ تعمیری کاموں کے لئے ہے - میں جمہوریت کا قائل ہوں - میں چاہتا ہوں کہ عوام کے نمائندوں کو زیادہ سے زیادہ کام سپرد کیا جائے لیکن صدر گرامی - چھ ماہ گزر چکے ہیں اس کے پاس ابھی تک رقم نہیں پہنچی -

مسٹر عبدالرازق خان— پہنچ گئی ہے -

مسٹر افتخار احمد خان— آپ دیکھیں گے کہ نہیں پہنچائی گئی - نہ ان کے پاس ٹیکنیشنز ہیں نہ ماہران تعلیم - یہ محض اگلی ایلیکشن کے لئے ان کے ووٹروں کو بد دیانت کرنے کے لئے کیا گیا ہے -

مسٹر سپیکر— چونکہ اس وقت تقریریں کرنے والے بہت سے ممبر صاحبان ہیں اس لئے وقت ۱-۳۰ کی بجائے ۲ بجے تک کر دیا گیا ہے - پیر صفی الدین -

Syed S fiuddin (Campbellpur I) : Mr. Speaker Sir, I have a feeling that from the bottom of your impartial h art ou will agree with me, when I say that s ldom in the history of Civilised Governments l as any Legislature had th misfortune—so great a misfortune—as we face to day of being called up n t sanction money for the per ctuation in power of a regime su ch as this and for carr ing on of an Administration such as this and for the functi n of a Cabinet such as this. Sir, to sanction money for an ineffici nt, irresponsible and corrupt Administration such as this is revolting to my so l.

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : Do not be emo. tional.

Syed Safiuddin am not emotional.

Mr. Speaker : No interruptions, please.

Syed Safiuddin : To sanction money for an undemocratic, authoritarian and unjust regime, such as this, is utterly repulsive to my soul. And last but by no means the least; to sanction money for a powerless, for a bureaucracy-ridden, for a good-for-nothing and for a rubber stamp of a Cabinet such as this is repulsive to my soul.

Sir, in every civilised nation of this world the civil servant is supposed to be the servant of the people. But in my poor, dear and beloved country the civil servant is the master of the people. In every country of this world the civil servant is expected to work with a missionery zeal. But in my poor and dear country the civil servant works with the zeal of prosecutor, with the zeal of a torcherer and with the zeal of an exploiter. Are we then to sanction money for such an Administration? I will say, 'no' and when I say 'no' I say that from the core of my bone.

Coming to the Cabinet, Sir, are we expected to sanction money for a Cabinet whose Members are turned out on their heels without attributting any reasons for that? I for one will never do it Sir. Are we to sanction money for a regime which rules us with Ordinances in spite of the fact that there is a Legislature in this country? Are we to sanction money for a regime which has brought the Criminal Law Amendment Act, which has gaged the press and which has made you devoid of loud-speakers so that you cannot make your voice heard by the people. I will not Sir.

Sir, I would have been sitting on the Treasury Benches because I want to get things done by the Government. I do not want to be on the left hand of the Government. I do not want to be victimised for setting in the opposition. But I am not sitting on the Treasury Benches for one simple reason because Mr. Speaker, the matter today in this country is very serious. The things at stake in your country today are far greater than your puny advantages and your minor gains are your petty problems. The things at stake in your country are the very principles and ideals that we cherish. The thing at stake today in your country is the future of your children and the thing at stake in your country is the down right human dignity.

Sir, let me remind everyboody here that to be elected by a bunch of Basic Democrats—self—speeking Basic Democrates—is not the goal of life: to make a flare fly on your car is not the goal of life. Mr. Speaker, Sir, politics in your country is morality: politics in your country should be scruples—politics in your country should be right action and when politics in your country should be conscience, and when you feel that by sitting on the Treasury Benches you are neither being scrupulous nor are you doing a right action then to sit in the Treasury Benches, I think, is the greatest curse that one can bring upon himself.

Mr Speaker : One minute more.

Syed Safiuddin : I have got a lot to say.

Mr. Speaker : I can't help it.

Syed Safiuddin : I want at least five minutes more.

Mr. Speaker : No; one minute.

Syed Safiuddin : Well, then I have had my say.

مسٹر نصراللہ خان خٹک (پشاور ۔۴): مسٹر سپیکر — پیر صفی الدین صاحب کی دھواں دار تقریر کے بعد اگر میں کچھ کہوں بھی تو میرے خیال میں کوئی خاص اثر نہیں ہوگا ۔ لیکن تقریر کرنے سے پہلے میں ایک چیز پر ضرور اعتراض

کرتا ہوں - پیر صفی الدین صاحب نے فرمایا ہے بیسک ڈیموکریسی کے چند فضول لوگوں کی طرف سے ہم ایلکٹ ہو کر آئے ہیں - میں سمجھتا ہوں یہ بالکل غلط ہے - بیسک ڈیموکریسی کا وہ نظام جو آج دن تک کسی حکومت نے نہیں بنایا تھا یا کسی حکومت میں حوصلہ نہیں تھا کہ صحیح معنوں میں گاؤں کے دیہاتیوں کو ڈائریکٹ اپروچ کریں - Basic Democracy is the only direct approach to the villagers. پہلی حکومتیں شہریوں کو ترقی دیتی رہیں اس لئے کہ باہر کے ممالک سے مہمان آ کر دیکھیں کہ یہاں بڑی بڑی اونچی عمارتیں ہیں - بلڈنگیں ہیں اس لئے اس ملک نے ترقی نہیں کی - لیکن ۹۰ فیصدی آبادی جو دیہاتوں میں ہے اس طرف آج تک کسی حکومت نے اپروچ نہیں کی - and Basic Democracy is the only way to approach those people in the remote villages. اس کے علاوہ پیر صفی الدین صاحب نے ڈیموکریسی پر اعتراض کیا ہے وہ اس لئے غلط اعتراض ہے کہ بیسک ڈیموکریسی سے نقصان ان بڑے بڑے پیروں اور industrialists اور بڑے بڑے لوگوں کو پہنچا ہے کیونکہ یہ لوگ اپنے گاؤں سے باہر اپنی موٹر میں یا اپنے ٹھاٹھ سے رعب جما کر ہزاروں آدمیوں کو پریس کر سکتے تھے لیکن اپنے گاؤں میں یا اپنے محلے میں وہ غریب لوگ جو ان کے قریب رہتے تھے وہ ان سے کبھی خوش نہ تھے اس لئے ان کو کبھی امید بھی نہ تھی کہ اپنے گاؤں سے منتخب ہو جائیں گے (ہیئر ہیئر) -

مسٹر سپیکر — اپ چونکہ ضمنی بجٹ پیش ہوا ہے اور اس کا نام رکھا گیا ہے کہ یہ پس ماندہ علاقوں کیلئے ترقیاتی بجٹ ہے - مسٹر سپیکر - میرے خیال میں تو ابھی تک کسی علاقے کو بھی صحیح طریقے سے نہ پس ماندہ قرار دیا گیا ہے اور نہ کسی علاقے کو صحیح طریقے سے غیر پسماندہ قرار دیا گیا ہے کیونکہ ہمیشہ پس ماندہ علاقوں کا نام لیتے ہوئے یہ بتایا جاتا ہے کہ فلاں ضلع پس ماندہ ہے اور فلاں ضلع پس ماندہ نہیں ہے - مجھے اس سے اتفاق نہیں ہے کیونکہ کوئی بھی ضلع ایسا نہیں ہے جو مکمل طور پر پس ماندہ ہو یا مکمل طور پر غیر پسماندہ ہو - مثال کے طور پر پشاور

کو ھی لیجئے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ضلع پشاور پس ماندہ نہیں ھے لیکن پشاور میں تحصیل نوشہرہ یقیناً پسماندہ ھے ایسی پسماندہ ھے کہ میں دعوے سے کہہ سکتا ھوں کہ ضلع مظفر گڑھ ، کیمبل پور اور میانوالی جن کو پس ماندہ قرار دیا گیا ھے ان سے زیادہ پسماندہ ھے ۔ اب نوشہرہ تحصیل کو اس طریقے سے رقم کو تقسیم کر کے یہ ثابت کیا ھے کہ نوشہرہ ایک پس ماندہ تحصیل ھے اور یہ ھمیشہ پس ماندہ رھے گی کیونکہ اگر ضلع کے لیول پر دیکھا جائے تو ضلع پشاور پس ماندہ نہیں ھے لہذا ضلع پشاور کو اس قسم کے بجٹ میں سے کچھ نہیں ملے گا کیونکہ یہ پسماندہ نہیں ھے ۔ تحصیل نوشہرہ اور چارسدہ ضلع پشاور کی وجہ سے پس ماندہ چلی آ رھی ھیں ۔ اور ھمیشہ پس ماندہ رھیں گی ۔

جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے وزیر خزانہ سے اپیل کرتا ھوں کہ اس طرح جو پسماندہ اور غیر پسماندہ علاقے قرار دیئے گئے ھیں یہ غلط ھے ۔ اس لئے ایک بورڈ بنا دیا جائے جو تمام ملک میں چھان بین کر کے ھر ضلع کی ھر تحصیل میں اور ھر تحصیل کے ھر علاقے میں جا کر دیکھے اور یہ قرار دے کہ یہ علاقہ پسماندہ ھے اور یہ غیر پسماندہ ھے ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ ایک اھم بات جو میں آپ کی وساطت سے وزیر زراعت کے نوٹس میں لانا چاھتا ھوں وہ یہ ھے کہ ھماری تحصیل نوشہرہ کے کچھ حصے تحصیل پشاور مکمل اور تحصیل چارسدہ کے ۵۰ فی صدی حصے میں باغات لگائے جاتے ھیں یہ افسوس کا مقام ھے کہ باغات کا پودا جس دن سے لگا دیا جاتا ھے اس دن سے ڈبل آبیانہ لیا جاتا ھے حالانکہ باغ کا ھر پودہ ۷ سال کے بعد بار آور ھوتا ھے ۔ اس لئے میں درخواست کرتا ھوں کہ ڈبل آبیانہ اس لئے لگایا جاتا ھے کہ باغ سے ڈبل انکم ھوتی ھے باغ سے ڈبل انکم تب ھوگی جب پودا بار آور ھو جائے تو میں یہ درخواست کرونگا کہ باغات سے آبیانہ اس وقت ڈبل لیا جائے جب کہ پودا بار آور ھو ۔

سردار محمد حسین (لاہور - ۲) : جناب والا - میں اپنے ضلع کی مشکلات اور اپنے ضلع کی تکلیفات کو بیان کرنے سے پہلے یہ عرض کروں گا کہ یہاں اس معزز ہاؤس میں کئی دفعہ اپنی تقاریر میں بیان کر چکا ہوں اور مطالبہ کر چکا ہوں کہ یہاں جو قوانین ہیں وہ اسلامی طریقے سے بنائے جائیں - جرائم کو روکنے کا اصل حل یہ ہے - جرائم کی سزائیں سخت کی جائیں جیسا اسلام میں ہے - بچوں کے اغواء کی نئی بیماری یہاں پیدا ہو گئی ہے انگریزوں کے وقت میں بالکل نہیں تھی اس کی سزا بڑی کم ہے - اب جو اغوا کا مجرم ہو اس کو پھانسی کی سزا دی جائے - اس کے علاوہ جو مقدمات بچوں کے اغوا کے ہیں وہ جرگے کے سپرد کئے جائیں -

اب میں ضلع لاہور کے متعلق عرض کروں گا - میں چودھری صاحب اور ہاؤس کے معزز ممبران کو بتانا چاہتا ہوں کہ لاہور میں ۹۰ فیصدی زمین کے مالک سکھ تھے - اور ان کے تمام مزارعین مسلمان تھے - اب وہ بڑی مشکل سے زندگی بسر کر رہے ہیں ان کے پاس زمین نہیں ہے ہاں البتہ خان پیر محمد خان صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے جو بے دخل شدہ مزارعین تھے ان کی زمینوں کو نیلام کرنے سے روک دیا ہے - انہوں نے یہ اچھا قدم اٹھایا ہے - لیکن جناب والا - جب تک ان مزارعین کی ساری مشکلات حل نہیں ہوتیں اس وقت تک ان بچاروں کی حالت کبھی سدھر نہیں سکتی - ان بے دخل مزارعین کو گدو بیراج میں زمین دی جائے میں کئی دفعہ عرض کو چکا ہوں کہ گدو بیراج میں ان کا بھی حصہ رکھا جائے - اگر آپ لاہور ضلع کی حالت دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ یہاں حالت بہت خراب ہے - ملک قادر بخش صاحب نے حالت دیکھی ہے اور وہ خاص طور پر لاہور کے ساتھ دلچسپی رکھتے ہیں شاید دوسرے وزراء صاحبان بھی رکھتے ہوں - ہم نے ملک قادر بخش صاحب سے مطالبہ کیا تھا کہ پانی کا انتظام کیا جائے ہم ان پر الزام نہیں لگانا چاہتے کیونکہ پانی تو ہندوستان نے بند کر دیا ہے - ہماری نہریں ہندوستان کے پانی سے چلتی ہیں - اس میں ان کا کوئی قصور نہیں ہے - اس کے علاوہ میں یہ بھی عرض

کروں گا کہ ملک قادر بخش صاحب نے ہمارے دو تین مطالبات جو ہم نے پیش کئے تھے وہ مان لئے ہیں - تحصیل چونیاں میں پانی کی بہت قلت تھی - آخری ٹیل پر پانی نہیں پہنچتا تھا - ملک قادر بخش صاحب سے عرض کیا اور انہوں نے تمام محکمہ والوں کو جنبش دی اور یہ تکلیف بھی بہت جلد دور کر دی گئی - اس کے علاوہ ایک مائنر کینال تھی وہاں موگے کی تبدیلی اور رد و بدل کی وجہ سے کسی کا رقبہ ایک طرف سے دوسری طرف چلا گیا اس تکلیف کو بہت جلد دور کر دیا گیا - میں سمجھتا ہوں کہ ان پر الزام لگانا ٹھیک نہیں ہے ان کے پاس کوئی الہ دین کا چراغ تو ہے نہیں -

جناب جو مشکلات ہندوستان کے پانی کی وجہ سے پیدا ہو گئی ہیں اس کے متعلق کچھ عرض کروں گا کہ جب لاہور کی نہریں بند ہو جائیں تو پاکستان کی دوسری نہروں سے پانی لیا جائے تو اس طریقے سے پانی کے مسائل حل ہو سکتے ہیں -

جناب والا - ضلع لاہور میں پتوکی کے مقام پر پینے کے پانی کا کوئی انتظام نہیں ہے - وہاں کا پانی کھارا ہے اور لوگوں کی صحت پر برا اثر پڑتا ہے - ہم نے متعلقہ وزیر صاحب کی خدمت میں گذارش کی تھی انہوں نے ہمارا مطالبہ تو مان لیا تھا لیکن محکمہ کی طرف سے ایک سرکلر جاری ہوا ہے کہ آئندہ پانچ سالہ منصوبہ میں اس کو رکھا جائے گا - وہاں ایک ہیلتھ سنٹر بھی قائم کیا جائے اس کے لئے جلد انتظام ہونا چاہئے کیونکہ پانی کی وجہ سے لوگوں کی صحتیں ٹھیک نہیں ہیں -

چودھری محمد علی (بہاول نگر - ۲) — صدر محترم - ضمنی بجٹ جو ہمارے معزز وزیر خزانہ نے اس معزز ہاؤس میں پیش کیا ہے میں اسے کسی حد تک عوامی بجٹ سمجھتا ہوں اور اپنے معزز لیڈر کو مبارکباد دیتا ہوں -

صدر محترم - پاکستان کی ۸۷ فیصدی آبادی جس کو ملک کی ریڑھ کی ہڈی کہا جا سکتا ہے باہر دیہاتوں جھونپڑوں اور کچے مکانوں میں اپنی زندگی بسر کر رہی ہے - اور اپنی خانگی ضروریات کے تحت اپنا خالص دودھ اور گھی اور اناج

سب منڈیوں میں فروخت کر دیتے ہیں اور خود جوار - باجرہ کی روٹی اور لسی پر گذارہ کرتے ہیں - جناب والا - ان کی بھی بنیادی ضروریات ہیں اور ان کے بھی بنیادی حقوق ہیں - جو لوگ بنیادی حقوق کا نعرہ بلند کر رہے ہیں انہیں میرے ان غریب بھائیوں سے کوئی دلچسپی نہیں ہے -

جناب والا — ان کو اس امر کی ضرورت ہے کہ حکومت ان کے حقوق کا تحفظ کرے اور کی عام بہتری کے اسباب پیدا کرے - ان کو اتنی زرعی زمین دی جائے جس سے ان کی اقتصادی حالت بہتر ہو سکے - کھیتی باڑی کے پرانے طریقوں کی بجائے نئے زرعی آلات سے کھیتی باڑی کا کام کیا جائے - اعلی قسم کے بیج اور کھاد زیادہ مقدار میں کم نرخوں پر مہیا کی جائے - سیم اور تھور اور سیلاب سے اراضی کی حفاظت کا انتظام فرمایا جائے - فصلات کو مختلف قسم کی بیماریوں سے بچایا جائے - زمینداروں کو مالی امداد اور قرضے بلا سود دیئے جائیں - بڑھتے ہوئے ٹیکسوں کے سیلاب سے انہیں نجات دلائی جائے - ان کے گاڑھے پسینے کی کمائی کو حکومت کے کل پرزوں ، شہری بلیکروں اور سرمایہ داروں سے بچایا جائے - ہر ایک ملازمت میں ادنی ہو یا اعلی ان کا کوٹہ مقرر کیا جائے - خصوصی طور پر تعلیم میں ان کو وظائف اور اعلی بندوبست اور عام سہولتیں بہم پہنچائی جائیں - جناب والا - یہ وہ دیہاتی عوام ہیں جو ہمیشہ سے حکومت کے وفادار اور پاکستان کے خیر خواہ ہیں اور فوج میں جن کی اکثریت ہے - جناب والا - یہ درست ہے کہ ان میں سے سی - ایس - پی افسر نہیں ہیں لیکن یہ دیکھنا حکومت کا کام ہے کہ یہ نا انصافی کیوں ہے -

سردار محمد اقبال خان (بہاولنگر - ۴) : جناب والا - سب ممبران نے اپنے اپنے علاقہ کو پسماندہ کہا ہے - اب میری سمجھ میں نہیں آتا کہ میں اپنے اس علاقہ کے لئے کون سا نام تجویز کروں جہاں تقسیم ملک سے پہلے ہزاروں من گندم پیدا ہوتی تھی جسے انگریز حکمران لندن تک لے جاتے تھے - آج اس علاقہ کی یہ حالت ہے کہ وہ Eastern canal جو ایک لاکھ ایکڑ زمین کو سیراب کرتی تھی اور تقریباً نوے

گاؤں کے آدمی اس سے پانی پیتے تھے اب پاکستان ہندوستان بننے کے بعد اس نہر کا پانی بالکل بند ہو گیا ہے اور پھر ظلم یہ دیکھیں کہ آج تک وہاں سے آبیانہ وصول کیا جاتا ہے اور جو مطالبہ کی شرح ہے وہ بھی آبیانہ کے لحاظ سے ہے ۔ وہ غریب علاقہ ہے تحصیل منچن آباد ضلع بہاولنگر اب وہاں پینے کا پانی تو آٹھ دس میل سے لے آتے ہیں لیکن کبھی کبھی بغیر پرمٹ کے جو پانی ہندوستان سے گھس آتا ہے اس پر بھی آبیانہ اور مطالبہ قائم ہو رہا ہے ۔ پانی کی کمی کی وجہ سے وہاں کی فصلیں تو تباہ ہو رہی ہیں لیکن جو ٹیکس ہیں ان کا یہ حساب ہے ۔ میں مانتا ہوں کہ ٹیکس لگانا چاہئے اور اسی کی آمدنی سے حکومت چل سکتی ہے مگر حکومت کو یہ دیکھنا چاہئے کہ ہر جو بوجھ اٹھایا جاتا ہے اس کا وزن پاؤں پر ہی ہوتا ہے (خوب خوب) اسی طرح ٹیکسوں کا اثر امیر آدمیوں پر نہیں پڑتا جن میں بڑے بڑے زمیندار یا کارخانہ دار ہیں ۔ ان کا اثر ان غریبوں پر پڑتا ہے جو مزارع ہیں اور جو زمین کاشت کرتے ہیں یا جو مزدور ہیں اور فیکٹریوں میں کام کرتے ہیں ۔ حکومت کو اس طرف توجہ دینی چاہئے کہ جب کپاس سستے داموں خریدی جاتی ہے تو سوت کی قیمت کیا ہے ۔ اس پر نظر رکھنی چاہئے اور وہ معاوضہ جو مزدور لے رہے ہیں اس پر نظر رکھنی چاہئے اور پھر کپڑے کے نرخ کو دیکھئے کتنا ظلم ہے کہ کپاس کی قیمت کے مقابلہ میں کتنا زیادہ وصول کیا جاتا ہے ۔ اسی طرح جو ٹیکس زمینداروں پر عاید ہوتے ہیں وہ غریب مزارعین کی فصل سے بٹائی کے وقت الگ حصہ کے طور پر وصول کئے جاتے ہیں ۔ اس چیز کو آج تک حکومت نے نہیں دیکھا اور یہ سراسر ظلم ہے کہ غریب مزارعین کے پاس اپنا پیٹ پالنے کے لئے کچھ نہیں بچتا اور آخر میں وہ اپنے مویشی بیچتے ہیں جن سے وہ ہل چلاتے ہیں یا دودھ نکالتے ہیں ۔ ان کو بیچ کر وہ اپنے اوقات پورے کرتے ہیں وہ مجبور ہو جاتے ہیں کہ چوری کریں یا اور برائیاں کریں ۔ وہ اس حد تک مجبور ہو جاتے ہیں کہ اپنی عزت بھی بیچ دیتے ہیں اور آج ملک میں

جو عصمت فروشی ہو رہی ہے وہ اسی غریبی کی وجہ سے ہو رہی ہے ۔ جناب والا ۔ یہ وہ غریب مزارعین ہیں جن کی آواز ان دیہات سے نکل کر حکومت کے کانوں تک نہیں پہنچ سکتی ۔ وہ پولیس سٹیشنوں تک ہی دبا دی جاتی ہے اور اتنے بڑے بڑے ظلم ہوتے ہیں جن کی فریاد حکومت تک نہیں پہنچ سکتی ۔

Mr. Speaker : One minute more.

سردار محمد اقبال خان — اب جناب والا ۔ میں وزیر تعلیم صاحبہ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ تحصیل منچن آباد میں ایک مڈل سکول ہے جو ۱۸۸۵ء میں بطور مڈل سکول قائم ہوا تھا ۔ اس عرصہ میں جہاں جہاں بھی مڈل سکول قائم ہوئے ہیں وہ آج ڈگری کالج بن گئے ہیں مگر منچن آباد کا یہ مڈل سکول آج تک ہائی سکول بھی نہیں بن سکا اور یہاں کے جو غریب عوام ہیں ان میں اتنی طاقت نہیں ہے کہ وہ اپنے بچوں کو تعلیم حاصل کرنے کے لئے کسی دوسرے بڑے شہر میں بھیج سکیں اور اس سکول کی عمارت کا میں کیا عرض کروں ؟ وہاں جو بچے پڑھتے ہیں ان کو پینے کا پانی تک میسر نہیں ہوتا ۔ وہ سکول سے ایک منٹ کی چھٹی لے کر گھر جاتے ہیں اور پھر گھر سے پانی پی کر آتے ہیں ۔

پھر جناب وہاں ایک ہسپتال ہے مگر اس میں دوائی کوئی نہیں اور وہ ہسپتال بھی جو ہے وہ وہاں کی ٹاؤن کمیٹی کی مہربانی ہے کہ اس نے تھوڑے سے پیسے لگا کر بنا دیا ہے لیکن دوائیاں اس میں کوئی نہیں ۔ میں اس علاقہ کے متعلق کیا کیا عرض کروں ؟ دو دو مہینے تک وہاں کوئی مجسٹریٹ تعینات نہیں ہوتا ۔ بہاولنگر سے ہفتہ میں ایک یا دو دن کے لئے آ جاتا ہے ۔ اگر وہاں کوئی ظلم ہو جائے تو مجسٹریٹ تک نہیں ہوتا ۔ یہ اس تحصیل کے حالات کی ایک ادنیٰ مثال ہے ۔

سردار خالد عمر (لاہور ۔ ۴) : جناب سپیکر ۔ میں آپ کی وساطت سے حکومت کو اس بات پر مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ

اس نے ترقی دیہات کے لئے دس کروڑ روپے کی رقم مخصوص کی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک میں یہ پہلی حکومت ہے جس نے دیہات اور دیہاتوں کی ترقی اور بہبود کے لئے از خود سوچنا شروع کیا ہے ۔

جناب والا ۔ دیہات کی ترقی کا اہتمام صرف اس لئے ضروری نہیں کہ وہاں سے ہمیں شہروں میں گندم ، گھی ، چاول یا دیگر اشیاء میسر آتی ہیں ۔ بلکہ بدلتے ہوئے حالات میں حکومت یہ سمجھتی ہے کہ دیہات کی بہتری و بہبودی کے پیش نظر ان کی اقتصادی حالت بہتر بنانے کی غرض سے ہمیں دیہات کا معیار زندگی بلند کرنا پڑیگا ۔ چنانچہ کسان کی فلاح و بہبود پر زیادہ روپیہ خرچ کرنے سے ہی ملک کی حالت بہتر ہو سکتی ہے ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں کہ امریکہ جو ہماری نسبت امیر تر ملک ہے ۔ اس کے بجٹ میں دفاع اور امور خارجہ کے بعد زراعت کا نمبر آتا ہے ۔ وہاں کسانوں کی حالت بہتر بنانے کے لئے زیادہ رقم خرچ کی جاتی ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ آج وہ خوراک کی کمی والے تمام ملکوں کو اناج دے رہا ہے ۔ اور حال ہی میں آپ نے اخبارات میں پڑھا ہو گا کہ اب تو وہ روس کو بھی اناج دے رہا ہے ۔

لیکن جناب والا ۔ میں ایک بات سے حیران ہوں ۔ اور میں نے کچھ روز پہلے یہ پڑھا ہے کہ ہماری حکومت زمینداروں پر مزید ٹیکس لگانے کی تجویز کرنے والی ہے ۔ کیونکہ حکومت کو تقریباً ۳۰ کروڑ روپے بطور محاصل وصول ہوتے ہیں اور اس کا خیال ہے کہ اسے کم از کم ۵ ارب روپے بطور ٹیکس وصول ہونے چاہئیں ۔ تب کہیں حکومت کا انتظام صحیح طور پر چل سکتا ہے ۔ لیکن میں یہ عرض کرونگا کہ اگر اس قدر گراں رقم دیہات سے وصول کی گئی تو یہ غریب دیہاتی بالکل تباہ ہو جائینگے ۔ اور اس وقت جس رفتار سے وہ ترقی کر رہے ہیں اس میں رکاوٹ پیدا ہو جائے گی ۔

جناب والا ۔ ایک بات عرض کروں ۔ جب Credit Inquiry Commission بیٹھا تو اس نے سفارش کی تھی اور تین سو کروڑ روپیہ

دیہات میں credit کے لئے منظور کیا گیا ۔ مگر ایگریکلچرل بنک اور کواپریٹو سوسائٹیوں نے صرف ۲۹ کروڑ روپے قرض دئے ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ تقریباً ۲۷۸ کروڑ روپیہ زمینداروں نے کسی سود خور سے یا دوسری جگہ سے وصول کیا ۔ اپنی ضروریات کے لئے جناب والا ۔ اس چیز کو دیکھتے ہوئے اسی طرح ایک اور زرعی ادارہ شمار کمیٹی تھی ۔ اس نے یہ ثابت کیا کہ زمیندار ۱۲۹ کروڑ روپے کا قرضدار ہے ۔ ان چیزوں کو دیکھتے ہوئے میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک میں زمینداروں اور زراعت پیشہ لوگوں پر ٹیکس بالکل نہ ہونے چاہیئے ۔

پھر جناب اصلاح اراضی کے محکمہ کی رپورٹ ہے جس میں یہ ثبوت موجود ہے کہ ہمارے ہاں تھور اور سیم سے ۱۴ فیصد زمین بالکل تباہ ہو چکی ہے ۔ اور ہماری ..... یہ میں لاہور کے متعلق نہیں کہہ رہا ۔ بلکہ سارے مغربی پاکستان کے لئے کہہ رہا ہوں ۔ ہماری ۷۰ فیصد زمین کی قوت پیداوار نصف ہے ۔ ۴۸ فیصد اراضی کی قوت ۵۰ فیصد رہ گئی ہے اور صرف ۲۰ فیصد ایسی ہے جس میں ۸۵ فیصد قوت باقی ہے ۔

جناب والا ۔ یہ اعداد و شمار میں اس لئے پیش کر رہا ہوں کہ آپ زمینداروں پر مزید بوجھ ڈالنے سے پہلے ان کی حالت کا صحیح اندازہ کریں ۔ ان کے مقابلے میں کارخانہ داروں کی حالت ملاحظہ فرمائیں ۔ جب کہیں ایک کارخانہ لگ جاتا ہے تو اس کے مالک کو تین سے پانچ سال تک انکم ٹیکس سے rebate مل جاتی ہے ۔ لیکن اگر زمیندار ایک من کپاس زیادہ بیچ لیتا ہے تو اسے duty لگ جاتی ہے ۔ اگر وہ چاول پیدا کرتا ہے تو چاول پر کنٹرول ہے ۔ اس کا فائدہ حکومت کو یا چاول برآمد کرنے والوں کو پہنچتا ہے ۔ کنٹرول کی وجہ سے زمیندار کو لا محالہ اپنا چاول منڈی میں لانا پڑتا ہے جہاں آ کر وہ پڑا رہتا ہے ۔ بالاخر وہ کم قیمت پر بیچنے پر مجبور ہو جاتا ہے ۔ گنے کی بھی یہی حالت ہے ۔ جب وہ گنا پیدا کرتا ہے تو حکومت اسے کہتی ہے کہ

دو روپے فی من سے زیادہ قیمت کسی صورت نہیں ہو سکتی اور اگر وہ گڑ بناتا ہے۔ تو کارخانہ دار گڑ خرید کر اس سے چینی نکالتا ہے۔ اور گڑ کی قیمت بھی ۱۱ یا ۱۲ روپے من سے زیادہ نہیں دیتا۔ غرض زمیندار کو کسی طرح بھی فائدہ نہیں پہنچتا۔

جناب والا۔ میں حکومت کی خدمت میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آج تک ہماری فی ایکڑ پیداوار نہیں بڑھ سکی۔ اور ہم ریسرچ کے میدان میں کوئی قابل قدر کارنامہ نہیں دیکھا سکے۔ جس کی وجہ ہماری اس میدان میں کمزوری کے علاوہ اور کچھ نہیں۔ اس سے کیا ہم یہ سمجھیں کہ یا تو ہمارے ملک کا نظام درست نہیں۔ یا ہماری حکومت کے پاس اتنا کام ہے کہ وہ سنبھال نہیں سکتی۔ اور اسی طرح ایک وزیر صاحب یا ان کا محکمہ کام میں اتنا دبا ہوا ہے کہ وہ اسے سنبھال نہیں سکتے۔ بہر صورت میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ہاں ریسرچ کا ایک ادارہ ہونا از بس ضروری ہے۔

آخر میں جناب میں چند الفاظ Agricultural Education Reforms کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں۔ عرض یہ ہے کہ ابھی پچھلے دنوں ایک ریزولیوشن پاس ہوا تھا جس میں ہم نے Agricultural Education Reforms کے متعلق کچھ کہا تھا۔ اس کے متعلق صرف ایک میٹنگ ہوئی ہے۔ اس کے بعد کوئی میٹنگ نہیں ہوئی جس سے صاف ظاہر ہے کہ ہم اس صوبے میں Agricultural Education کو بہتر بنانا نہیں چاہتے۔

میاں محمد یاسین خان وٹو (منٹگمری۔ م) : جناب والا۔ میرے خوابوں اور تمناؤں کے پاکستان کی تصویر کچھ اس طرح کی ہے جس میں علم کی روشنی کونے کونے میں موجود ہو۔ جہاں جہالت کا اندھیرا نظر نہ آئے۔ جہاں ہر فرد اس قدر صحت مند ہو کہ اس کی قوت بازو سے قوموں کے کام چلیں۔ جہاں کا کاشتکار سال بھر کی محنت کرنے کے بعد اپنی محنت کا پھل پانے کی بجائے مایوسی اور حسرت سے سر جھکائے اپنے منتظر بیوی بچوں کے پاس نہ آئے۔ بلکہ اپنی محنت کا پھل پا کر

مسرتیں اور امیدیں لئے ہوئے اپنے بچوں سے آ ملے ۔ جہاں کا مزدور مایوسیوں کی بجائے مسکراہٹیں لئے ہوئے ہو اور جہاں کوئی شخص رات کو بھوکا نہ سوئے ۔ جہاں ہر شخص کو رہائش کے لئے مکان اور پہننے کے لئے کپڑا میسر آئے ۔ اور اس طرح کوئی بھی ایسی بات نہ ہو کہ کم از کم اقتصادی لحاظ سے اس ملک کا کوئی فرد کسی چیز کیلئے مایوس اور کمزور نظر آئے ۔ لیکن جناب والا ۔ میرے اس ملک کے آج کے نقشے اور اس کے مستقبل کے تصور میں بہت بڑا خلا ہے اور اس خلا کو بہر صورت حقیقت اور وقتی طور پر عمل سے پر کرنا ہے ۔ یہ ایک اتنا بڑا اور عظیم کام ہے جسے ہماری قوم کے چند افراد پورا نہیں کر سکتے ۔ یہ اتنا عظیم کام ہے جسے مکمل اور پورا کرنے کے لئے ہماری قوم کے ہر فرد کو دن رات کام کرنا پڑیگا ۔

جناب والا ۔ آج اہل اختیار لوگوں پر جو ذمہ داری ہے ۔ اس وقت میں جناب کی وساطت سے اس معزز ایوان کی توجہ اس بجٹ کی تقریر کے سلسلے میں اس کی طرف دلانا چاہتا ہوں ۔ جناب والا ۔ جب کوئی کام بہت بڑا ہو اور اسے پورا کرنے کے لئے وسائل اور اختیارات محدود ہوں تو اس وقت ضرورت اس بات کی ہوتی ہے کہ ان محدود اور میسر وسائل کو کس طرح استعمال کیا جائے تاکہ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچ سکے ۔ یہ ایک ایسی چیز ہے جو اہل اختیار لوگوں کے ہاتھوں میں ایک مقدس امانت ہے ۔ چنانچہ جب عوام انہیں اسی بات کا فیصلہ کرنے کے لئے ان وسائل پر بٹھا دیتے ہیں تو اگر وہ ان کو قوم کے لئے زیادہ سے زیادہ مفید بنانے کے لئے استعمال نہ کرینگے تو یقینی طور پر وہ ایک مقدس امانت میں خیانت کر رہے ہونگے ۔

جناب والا ۔ یہ امر تسلیم شدہ ہے کہ اس ملک کی اقتصادیات کی بنیاد زراعت پر ہے اور یہ امر بھی تسلیم شدہ ہے کہ آبادی کا بیشتر حصہ دیہات میں مقیم ہے اس لئے سب سے زیادہ ضروری بات اس وقت یہ ہے کہ کاشتکار کی حالت کو بہتر بنایا جائے اور دیہات میں زیادہ سے زیادہ سہولتیں

مہیا کی جائیں ۔ یہ بات قابل افسوس ہے کہ حکومت کو یہ احساس اتنے عرصہ کے بعد ہوا ہے ۔ جب کہ زراعت کا مسئلہ بہت اہمیت اختیار کر گیا ہے ۔ اور ان لوگوں کو اتنی مشکلات سے دو چار ہونا پڑا ہے ۔ اس لئے حکومت کو اس مسئلہ کی طرف بے پناہ توجہ دینے کی ضرورت ہے ۔ جناب والا ۔ زراعت اور آبپاشی کے مسائل ایسے ہیں جن کا آپس میں چولی دامن کا ساتھ ہے ۔ اس وقت ہمارے ملک میں بعض ایسی جگہیں بھی ہیں جہاں نہروں کا پانی ضرورت سے زیادہ مہیا ہو رہا ہے ۔ لیکن بعض ایسی جگہیں ہیں جہاں ضرورت کے مطابق پانی نہیں مل رہا ۔ جہاں پانی زیادہ مل رہا ہے وہاں کے زمینداروں کو اکثر حکومت سے کہنا پڑتا ہے کہ وہ نہر کے پانی کو بند کر دے رحیم یار خاں ایسا علاقہ ہے جہاں زمینداروں کو ضرورت سے زیادہ پانی مل رہا ہے ایسے علاقہ میں سیم تھور کے پیدا ہونے کے علاوہ پانی ضائع ہو جاتا ہے ۔ اس لئے مناسب اور بہتر یہ ہے کہ اب جبکہ دریاؤں کے links بن گئے ہیں پانی کی تقسیم کسی صحیح اندازہ سے ہو اور بلاوجہ پانی ضائع نہ کیا جائے ۔

دوسری بات یہ ہے کہ ہمارے ملک کے بہت سے علاقے ایسے ہیں جہاں نہروں کے ہیڈ ورکس ہندوستان میں ہیں ۔ ہندوستان کی نیت جیسی بھی ہم سے ہے وہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ۔ عین اس وقت جب کہ ہمارے فصل کی بجائی اور پکائی کا وقت آتا ہے تو وہ پانی بند کر دیتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ فصلیں تباہ ہو جاتی ہیں ۔ دیپالپور ایسا ہی علاقہ ہے جہاں نہر کا پانی پوری طرح مہیا نہیں ہوتا اور وہاں فصل کی بجائی کے وقت زمینداروں کو ایسی مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس لئے یہ مناسب ہو گا کہ ایک طرف تو links سے فائدہ پہنچایا جائے اور دوسری طرف یہ کوشش کی جائے کہ جہاں پانی کم مہیا ہوتا ہے اس علاقہ میں بجلی مہیا کی جائے تاکہ جو پانی sub soil میں ہو وہ نکال کر فائدہ اٹھایا جائے ۔ اور ایسی نہریں جو ہندوستان کے ہاتھ میں ہیں ان سے کسی حد تک بے نیاز ہو جائیں ۔

اس کے بعد اشتمال اراضی کا مسئلہ آتا ہے ۔ جناب والا ۔ لاہور ضلع کے لئے جو رقم مخصوص کی گئی تھی وہ ختم کر دی گئی ہے اور اب دوسری demand پیش کی گئی ہے ۔ اس سلسلہ میں یہ عرض کروں گا کہ ہر ایکڑ کے لئے اشتمال کے لئے حکومت نے جو رقم مقرر کی ہے اگر وہ وصول کر لے تو بہت سے مفید کام ہو سکتے ہیں اس کے بعد میں یہ گذارش کروں گا کہ یہ وہی بات ہے جسے میں بار بار دھرا چکا ہوں اور آج پھر اس کی اہمیت کے پیش نظر اسے دھراؤں گا ۔ وہ یہ ہے کہ مزارعین کے پاس حکومت کی جو زمینیں ہیں اور وہ کاشت کر رہے ہیں ۔ وقتی طور پر حکومت نے ان کی نیلامی کو روک دیا ہے اس سے ان لوگوں کو ان کی محنت کا پھل مل جائے گا ۔ لیکن میری استدعا ہے کہ ان زمینوں کی نیلامی کو ہمیشہ کے لئے روک دیا جائے ۔ اور ان کی قیمت نہایت آسان اقساط میں ان سے وصول کر لیں تاکہ ان کو زندگی کی سہولتیں مہیا ہو سکیں اور وہ خوشیاں مہیا ہو جائیں جو کہ یہاں کے بڑے بڑے لوگوں کو مہیا ہیں ۔

صاحبزادی محمودہ بیگم ۔ (راولپنڈی ۔ سرگودھا ڈویژن) ۔ صدر محترم ۔ میں آپکی وساطت سے اس ایوان کی توجہ خواتین کے بے د اہم مسائل کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں ۔ جہانتک کسی کے پس ماندہ ہونے کا تعلق ہے میرے بھائی بڑی وضاحت سے بیان کر چکے ہیں ۔ اور انہوں نے اپنے علاقوں کی پس ماندگی کا ذکر کیا ہے لیکن میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اس ملک کی ۵۰ فیصد خواتین کی پسماندگی کا ذکر کن الفاظ میں کروں ۔

صدر محترم ۔ میں اس ایوان کی خدمت میں عرض کروں گی کہ ملک کی ۵۰ فیصد خواتین ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کے لئے جبتک آسائشوں کا انتظام نہیں ہو گا ملک کی آئندہ نسلیں کبھی ترقی نہیں کر سکیں گی ۔ جاہل اور بیمار ماؤں کی گود میں پرورش پا کر جو بچے جوان ہونگے وہ کبھی اچھے شہری نہیں بن سکتے ۔ یہاں ٹیکسیشن کی ہمیشہ مخالفت کی گئی ہے لیکن میں یہ بات نہایت وثوق سے کہہ سکتی ہوں کہ صحت اور تعلیم کے لئے اگر آپ ٹیکس رائج کریں گے تو ملک کی تمام آبادی اس کو welcome کرے گی ۔

ہمارا ملک بہت پسماندہ ہے بلکہ میں تو کہوں گی کہ دنیا میں سب سے زیادہ پسماندہ ہے ۔ کیونکہ یہاں تعلیم کا معیار اور صحت کا معیار بے حد پست ہے اس لئے صدر محترم ۔ میں اس ایوان کی توری

توجہ اس اہم معاملہ کی طرف دلانا چاہتی ہوں اور گورنمنٹ کی خدمت میں عرض کروں گی کہ صحت اور تعلیم کے لئے بلاشک و شبہ آئندہ ٹیکس عائد کریں ۔ خواتین کی صحت کا معاملہ اس قدر اہم ہے کہ اس کے بغیر وہ آئندہ نسلوں اور بچوں کی غور و پرداخت نہیں کر سکیں گی ۔ جب ان کی صحت خراب ہونگی تو وہ بچوں کی طرف کیسے توجہ دے سکیں گی ۔ گذشتہ بجٹ سیشن میں ہیلتھ منسٹر صاحب اور حکومت کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ زچہ و بچہ کے مراکز ضرور قائم کئے جائیں لیکن بے حد افسوس ہے کہ چھ مہینے گذر گئے ہیں اور زچہ و بچہ کا اس نوعیت کا ایک بھی ہسپتال قائم نہیں کیا گیا جس کا میں نے مطالبہ کیا تھا ۔

دوسری بات تعلیم کے متعلق ہے ۔ ہماری ماؤں اور ہماری نانیوں کی جس قسم کی تعلیم تھی موجودہ تعلیم سے اس کا کچھ تعلق نہیں ہے ۔ اب حالات بالکل بدل چکے ہیں ۔ آج کی مائیں اپنے بچوں کو سکول بھیج کر مطمئن ہو جاتی ہیں اور سمجھتی ہیں کہ ہمارے بچوں کو سکول ٹیچرز ہر قسم کی تعلیم دیں گے ۔ میں سمجھتی ہوں کہ اتنا سمجھ لینا کافی نہیں کیونکہ اس طرح ہمارے بچے مذہبی تعلیم سے محروم رہ جاتے ہیں ۔ اس لئے ضروری ہے کہ خواتین کے لئے تعلیم بالغان کے سکول کھولے جائیں تاکہ اگر ضرورت پڑے تو وہ اپنے بچوں کو گھر پر مذہبی تعلیم دے سکیں کیونکہ اس کے بغیر کوئی بچہ جوان ہو کر سچا مسلمان اور اچھا شہری نہیں بن سکتا ۔ ابھی تک ہمارے معاملات اتنے الجھے ہوئے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپکا وقت ختم ہو رہا ہے ۔

صاحبزادی محمودہ بیگم ۔ ابھی تک تو میں نے تقریر شروع بھی نہیں کی ۔ اتنے معزز ممبران تقریریں کر چکے ہیں ۔ ہم تو صرف چار عورتیں ہیں ہمیں بولنے کے لئے ایک ایک گھنٹہ تو دیں ۔

میں یہ عرض کر رہی تھی ۔ کہ خواتین کی تعلیم اور صحت کے مسئلہ پر پورا پورا غور کرنا چاہئے اور اس بجٹ میں اور آئندہ بجٹ میں بلکہ ہر بجٹ میں بچوں اور خواتین کی تعلیم اور صحت کے معاملات کو درست کرنے کے لئے گنجائش رکھی جائے ۔ خصوصیت سے بچوں کی پیدائش کے سلسلہ میں صحت کے مراکز قائم کئے جائیں اور انہیں امداد دی جائے ۔ مجھے افسوس ہے کہ جس قسم کے ہسپتال کے لئے

میں نے گذارش کی تھی ابھی تک اس کے لئے کوئی قدم اٹھایا نہیں گیا۔

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi: On a point of order. I want to give my time to her.

Sahibzadi Mahmooda Begum: Thank you.

Mr. Speaker: That the Member cannot do.

Mr. Ahmed Mian Soomro.

Minister of Revenue: Time is upto 1-30 p.m.

Mr. Speaker: I have extended the time upto 2-00 p.m. Three of the Ministers are going to answer the debate and ten minutes each will be given. Yes, Mr. Soomro.

Mr. Ahmed Mian Soomro (Jacobabad-1): Mr. Speaker, Sir, with the very limited time I would try to deal with the general aspects concerning the administration as a whole. Sir, it would not be fair really to criticise the Government for its deficiency. We must appreciate and also give credit for the achievements made by them in the sphere of development. We have made ample progress in the various departments like, Irrigation, Buildings and Roads Co-operation, Labour, Health, Education and particularly the Railways.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi: What about your area ?

Mr. Ahmed Mian Soomro: If we see the function of our Railways and compare it with our neighbouring country, India, we shall find a vast development. We have our Food Department. We find that the food policy has helped us to export foodstuffs, by which we earn a lot of foreign exchange. But Sir, there is one aspect which I feel it my duty to deal with here, and that is that as far as the General Administration is concerned Sir, it cannot be doubted that there is general discontent in the administration itself. In the lower staff particularly it is due to insufficient pay; higher up Sir, it is due to the class *inter se*, i.e., the rift, which is admittedly prevailing on account of C.S.P., class and the non-C.S.P. class. Though our Constitution gives a Presidential form of government, but our administration is bureaucratic Sir. These C.S.P.s, particularly the new officers, are the legacy of the British rule. The legacurs are more bureaucratic than the testators themselves. Formerly all the Secretaries of the departments were from this lot. But now, of course, I am glad that the Government has gone a step further and at least in the technical departments, we have Technical Secretaries. Formerly the C.S.P. Secretary of a technical department was like a square peg in a round hold Sir, and I hope Government would realise that the sooner this bureaucratic class of C.S.P. is made to realise that they are not public masters but, public servants and that they should have the prosperity of the public at heart, the sooner we can achieve development.

Mr. Speaker: Two minutes more.

Mr. Ahmed Mian Soomro: Even if you compare the new C.S.P. officers with the old I.C.S. Officers, you will see that the latter are charming personalities to meet. The P.C.S. Officers-their misfortune is that instead of having 'P' as a suffix they have it as a prefix-are actually more experienced. Their experience in the revenue line, for example, is much better and in fact they are able even to teach those new boys with two three years service, who come as their supervisors. Therefore, Sir the sooner parity is brought about in the services with respect to treatment between the P.C.S. Officers and these blue-eyed C.S.P. boys some of whom know nothing—the better. Last time we found that there is a lot of agiitation from the various superior services Sir. For example, the P.S.P. and other services protested against this step-motherly treatment, against the

treatment given to this particular section of the administration, who are responsible, Sir—I emphatically say—for slowing down the pace of development of this province. The sooner the Government—which of course does realize this but if it—gets the courage to face this, I assure them Sir, that the people would be very very happy.

خان اجون خان جدون - (سردان - م) - جناب سپیکر - میں آپکا مشکور ہوں کہ اس وقت آپکی نظر مجھ پر پڑی ہے ، اگرچہ کچھ تاخیر سے پڑی ہے -

ضمنی بجٹ کے سلسلے میں میں نے جو کچھ دیکھا ہے ، جو رقوم اس میں دیگئی ہیں ، ان میں صرف ایک ہی چیز اچھی ہے اور وہ یہ ہے کہ بنیادی جمہوریتوں کے لئے اڑھائی کروڑ روپیہ دیا گیا ہے ، عام طور پر سابق صوبہ سرحد اور دیگر چھوٹے صوبوں کو جو تکالیف ہیں ، ان کو رفع کرانے کے لئے کچھ کہا جاتا ہے تو یہ تاثر لیا جاتا ہے کہ ہم یونٹ کی مخالفت کرتے ہیں ، میں آپکو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ پاکستان کا استحکام ہمارا ایمان ہے اور یونٹ یا یہ صوبہ مغربی پاکستان جو بنایا گیا ہے ، اسے میں اس استحکام کے لئے ضروری سمجھتا ہوں ، بلکہ میرا ایمان تو یہ ہے کہ جس طرح علامہ اقبال مرحوم نے فرمایا ہے -

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لئے
نیل کے ساحل سے لے کر تابہ خاک کاشغر

لیکن جناب والا - یونٹ بننے کے بعد یہ تاثر کہ چھوٹے صوبوں کے ساتھ انصاف نہیں ہو رہا ہے ان کی ترقی میں رکاوٹیں پیدا ہو رہی ہیں اور وہ ترقی از ہیں نہیں مل رہی ہے ، جو انہیں ملنی چاہئے - یہ بہت حد تک حقیقت پر مبنی ہے اور میں اپنا یہ فرض سمجھتا ہوں کہ حکومت کے نوٹس میں یہ چیزیں لاؤں اور میں اکثر و بیشتر لاتا بھی رہا ہوں اور یہ اس صوبے کے استحکام کے لئے ضروری ہے اور اس لحاظ سے پاکستان کے استحکام کے لئے بھی ضروری ہے کہ ان تکالیف کو رفع کیا جائے اور ایسے ذرائع اختیار کئے جائیں کہ چھوٹے علاقوں میں جو ترقیاں ہو رہی ہیں اور جو سکیمیں وہاں بنائی جا رہی ہیں ، انکو priority کے ساتھ execute کیا جائے - میرے پاس ترقیاتی سکیموں کی ایک فہرست موجود ہے ، جس میں بیس سکیمیں ہمارے سامنے ہیں ، جو سابق صوبہ سرحد کے لئے پانچ سالہ منصوبے میں رکھی گئی تھی اور اس میں سے صرف تیرہ کو Administrative Approval ملی ہے - اور Technical Sanction صرف پانچ سکیموں کے لئے

دیگئی ہے ۔ اسی طرح پچیس اور سکیمیں فرنٹیئر ریجن کی ہیں جن میں سے صرف آٹھ کو Administrative Approval اور چھ کو Technical Sanction ملی ہے شکایت کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے ۔ کہ پیسہ تو عام بجٹ میں الاٹ کیا جاتا ہے ، لیکن وہ خرچ نہیں ہوتا ، اگر ایک سکیم کئی لاکھ روپے کی بنائی جاتی ہے اور وہ پنج سالہ منصوبے میں آ جاتی ہے تو اس کے لئے سال بہ سال پیسہ رکھا جاتا ہے ، تو پھر یا اس کی Technical Sanction نہیں ہوتی یا پھر اس کے لئے Administrative Approval نہیں ہوتی ہے ، یہ کوئی اتنا بڑا مسئلہ نہیں ہے کہ یہ حل نہ ہو سکے اور یہاں ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے ساتھ یہ نا انصافی ہو رہی ہے اور چھوٹے علاقوں کی حق تلفی ہو رہی ہے ۔ میں یہ بات حکومت کے نوٹس میں بڑے پر زور الفاظ میں لانا چاہتا ہوں کہ چھوٹے صوبوں کے ساتھ آپکا یہ سلوک اور طریقہ قطاً درست نہیں ہے ، اس کے لئے آپ ان مدارج کو آسان کریں کہ ان پر فوری طور پر کارروائی کی جا سکے اور یہ تکالیف رفع ہو سکیں ۔ ملازمتوں میں بھی یہی ہوتا ہے کہ جب سروسز رولز بنتے ہیں اور اس دن جب اس معزز ایوان میں میرے ایک سوال کے جواب میں کہا گیا کہ جب کوئی آدمی قبائلی علاقہ کے کوٹہ میں سے نہ ملا تو پھر مغربی پاکستان کے کوٹے میں سے وہ آسامی پر کی گئی ۔ جب ون یونٹ بنا تو ریجنل کوٹہ مقرر کیا گیا تھا ۔ تو جب قبائلی علاقے کے کوٹہ کے لئے کوئی آدمی نہ تھا تو ضروری تھا کہ وہ آسامی Settled Area میں سے پر ہوتی ۔ اسی طرح بہت سی چیزوں میں یہ شکایات موجود ہیں اور میں حکومت سے درخواست کرونگا کہ وہ ون یونٹ کو کامیاب بنانے کے لئے چھوٹے صوبوں کی ان تکالیف کی طرف توجہ دیں ۔

اب میں اپنی تحصیل صوابی کے کچھ معاملات کی طرف آپکی توجہ دلانا چاہتا ہوں تحصیل صوابی بد قسمتی سے وہ علاقہ ہے ، جو صاحبزادہ مسڑ عبدالقیوم مرحوم کی جائے پیدائش اور مسکن ہے اور میں بد قسمتی یا خوش قسمتی سے اس علاقے کی نمائیندگی کرتا ہوں ۔

مردان کے لئے جو اسکیمیں بنتی ہیں اس میں تحصیل صوابی ہمیشہ نظر انداز کی جاتی ہے اور ہمیشہ پیچھے رکھی جاتی ہے ، اگر ہیلتھ سنٹر منظور ہوتا ہے تو وہ مردان میں پہلے بنتا ہے اور صوابی میں پنج سالہ منصوبہ کے بعد بھی نہیں بنتا ۔ اسی طرح

ٹوپی میں ایک سول ڈسپنسری ہے لیکن لیڈی ڈاکٹر کی تعیناتی اب تک نہ ہو سکی ۔ کبھی کہتے ہیں کہ مکان نہیں ہے اور کبھی کچھ کہتے ہیں تو میں اس طرف بھی توجہ دلاتا ہوں ۔

اس کے بعد پینے کے پانی کی طرف میں توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ پینے کے پانی کا مسئلہ انسانی ضروریات کا اہم ترین مسئلہ ہے اور سارے ویسٹ پاکستان کا مسئلہ ہے میں نے پچھلی دفعہ یہ تجویز پیش کی تھی کہ اس کے لئے علیحدہ sector مقرر کئے جائیں اور سروے کیا جائے کہ کیا کیا ضرورتیں ہیں ۔ اس سلسلے میں اپنے علاقہ کی طرف حکومت کی توجہ دلاتا ہوں میرے علاقہ میں پانچ ایسے گاؤں ہیں جہاں سات آٹھ میل دور سے پینے کا پانی آتا ہے یہ گاؤں یہ ہیں ۔

(۱) گندف سکول ۔

(۲) پنجمن ۔

(۳) بادا ۔

(۴) بیسک ۔

(۵) ساندوہ ۔

پچھلے دو سال سے میں اس اسمبلی میں چیخ رہا ہوں لیکن اس کے لئے کوئی سکیم نہیں بنائی گئی ۔

رائے منصب علی خان کھرل – پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی توجہ ایک بہت ہی ضروری مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں اور وہ کورم کا مسئلہ ہے میں آپ سے اس پر رولنگ چاہتا ہوں کہ کیا کورم پورا کرنا صرف اکثریتی پارٹی کا کام ہے یا اپوزیشن کے ممبران کا بھی فرض ہے ، اس وقت اپوزیشن میں چند آدمی بیٹھے ہیں باقی سب غائب ہیں ۔

مسٹر سپیکر– ہر ممبر کا فرض ہے ۔

وزیر زراعت– (ملک قادر بخش)–جناب والا ۔ میں درحقیقت اپنی آج کی مختصر تقریر کا آغاز ہی یہاں سے کرنا چاہتا ہوں کہ جتنا میں بھی حزب اختلاف کا ماتم کروں وہ تھوڑا ہے ، ہر ایک اپنی اپنی تقرر کر کے اور باری باری ہمیں گالیاں دے کر

یہاں سے جاتا رہا اور اب صرف چند حضرات بیٹھے ہیں انڈیپنڈنٹ گروپ کے - راجہ صاحب بھی ابھی آئے ہیں بیگم صاحبہ بھی ...

Begum Jahan Ara Shahnawaz : They are all sitting in the lobbies and listening to every word that is being said on the floor of this House.

وزیر زراعت — تھوڑی دیر ہوئی ہے کہ اس ضروری اجلاس میں جس میں بجٹ زیر بحث ہے کیمبل پور کے ایک ممبر نے کہا کہ وہ تائید کرنے کو تیار نہیں ہے اور اس کا ضمیر Revolt کرتا ہے اور اس کا Consious اجازت نہیں دیتا کہ وہ اس بجٹ میں ووٹ دے جس میں وزیروں کی تنخواہیں آرہی ہوں - میں کہتا ہوں کہ کیا اس کا Conscious یہ کہتا ہے کہ وہ اس ایوان میں آئے بجٹ پر ایک منٹ میں تقریر کر کے بھاگ جائے اس سارے اجلاس میں میں دیکھتا ہوں کہ ایک ماہ میں ایک گھنٹہ بھی وہ یہاں بیٹھتا ہو گا لیکن وہ ہم پر صرف اعتراض نہیں کرتا رہا ، لیکن وہ ہمیں گالیاں دیتا رہا لیکن اس نے کیا کہا اور کیا کہہ گیا اس نے کوئی Definite بات اپنے ضلع کے لوگوں کے لئے کہی کیا کوئی تجویز پیش کی کیا کسی بات پر نکتہ چینی کی ، کیا اس نے ہمارے ذاتی کردار پر یا ہمارے پبلک کردار پر کوئی بات کہی ہر گز نہیں - لیکن اس کی زبان بند ہو گئی اور حلق بیٹھ گیا اور ایک جوشیلی تقریر کر کے بھاگ گیا -

میں آپ حضرات کا مشکور ہوں خواہ اس طرف ہوں یا اس طرف جنہوں نے تعمیری تقریریں کی ہیں اور میری توجہ دلائی ہے کہ کیا کیا ہماری اچھائیاں ہیں اور کیا کیا خامیاں ہیں ، یہی موقع ہوتا ہے اور یہی ان کو موقع ملتا ہے کہ وہ ہم کو جھنجھوڑیں ہمارے محکموں کو جھنجھوڑیں اور ہماری توجہ اس طرف دلائیں - تاکہ جو درستی ہم سے ہو سکتی ہو ہم اس کی کوشش کریں -

ماسٹر خان گل — کیا ہمیں بھی اس کے بعد موقع ملے گا -

مسٹر سپیکر — جی نہیں اس کے بعد نہیں -

ماسٹر خان گل — اپنے علاقہ کے لئے بولنا تو ضروری ہوتا ہے -

مسٹر سپیکر — جناب خان صاحب میں نے پہلے ہی کہا تھا کہ اگر Sense آف دی ہاؤس ہے تو ٹائم اور بڑھا دیا جائے -

وزیر زراعت— کٹ موشن پر بول لینا ۔

مسٹر عبدالرازق خان— کیا کٹ موشن پر ان ممبران کو کو موقع دیا جائے گا جو ابھی نہیں بولے ھیں ۔

مسٹر سپیکر— اس میں پوزیشن یہ ھے کہ جن صاحب کا کٹ موشن ھو گا پہلے ان کو بولنے کا موقع دیا جائے گا پھر کسی اور صاحب کو موقع دیا جائے گا ۔ میں نے کٹ موشن دی ھو گی اس کو پہلے موقع دیا جائے گا ۔

وزیر زراعت ۔ جناب اس نے سارے مغربی پاکستان میں ایک بھی ممبر جرگہ کو مستثنے نہیں رکھا جتنے بھی جرگے کے ممبر مقرر کئے گئے ھیں سب کو اس نے غنڈہ اور بدمعاش کہا ھے اس کی زبان سے یہ الفاظ کیسے نکلے ' کیا یہی وہ چار لاکھ کی نمائندگی کرتا ھے ۔ اس کی زبان سے یہ الفاظ سنتے ھوئے میری گردن ندامت سے جھک رھی تھی کہ کیا کہہ رھا ھے اور ھزاروں آدمیوں کو گالیاں دے رھا ھے اور گالیاں بھی اتنی گندی کہ ایک بازاری ذلیل ترین انسان بھی اپنے منہ سے نہیں کہہ سکتا ، ھو سکتا ھے کہ جتنے ممبران جرگہ نامزد ھوئے ان میں کچھ کسی قدر اچھے نہ ھوں تو ان کو نکالا جا سکتا ھے ، کمشنر ان کو نکال سکتا ھے لیکن ان کو بدمعاش اور غنڈہ کہنے والا یہ کون ھوتا ھے ، بہر حال یہ جب میرے کٹ موشن آئیں گے تب اس کا جواب دوں گا ۔ اس وقت میں اپنے محکمہ کے متعلق جو کچھ کہا گیا ھے اس کا جواب دیتا ھوں ۔ جناب جو عام بحث ھوئی ھے اسکے متعلق میں کہتا ھوں ۔ جناب ایک چیز ملتان کے ممبر صاحب نے جن کا نام خان محمد امین کانجوں ھے کہی ھے کہ وزراء کے قول و فعل میں تضاد نہ ھونا چاھئے بڑی ٹھوس بات ھے حقیقت ھے جناب اور کتنی اچھی تجویز ھے ، لیکن میں اس میں ایک تھوڑا اضافہ کئے دیتا ھوں کہ اگر اس ھاؤس کے تمام ایم ۔ پی ۔ اے اور وزرا کے قول و فعل میں تضاد نہ ھو تو قوم بہت جلد بن سکتی ھے ، صرف یہ چیز کہ قادر بخش کے قول و فعل میں تضاد نہ ھو کافی نہیں، میں تو کہتا ھوں کہ خان پیر محمد خان کے قول و فعل میں تضاد نہ ھو کیونکہ قادر بخش کو خان پیر محمد خان کے تعاون کی ضرورت ھے اور خان پیر محمد خان کو قادر بخش کے تعاون کی ضرورت ھے اگر

ان کے قول و فعل میں بھی تضاد ہو گا تو میرے قول و فعل میں بھی تضاد ہو گا مجھے راجہ اللہ داد کے تعاون کی ضرورت ہے اور راجہ اللہ داد کو میرے تعاون کی ضرورت ہے اگر ملاح اور سفر کرنے والے تعاون نہیں کرتے تو کشتی درمیان ہی میں ڈوب جائے گی ، مجھے امید ہے کہ یہ ہونہار ہاؤس اور یہ سمجھدار ممبران ایک دوسرے سے تعاون کرتے ہیں اور ان کے قول و فعل میں تضاد نہیں ہے ۔ اور انشاء اللہ یہ بیڑا پار ہو گا اور کہیں درمیان میں ڈوبنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہو گا ۔

جناب ایک بات کا جواب دینا چاہتا ہوں میرے عزیز دوست ڈپٹی سپیکر صاحب نے اے۔ڈی۔سی کے متعلق کہا

It is a sort of feeding some department in the Country at the Cost of others.

میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اگر اے۔ڈی۔سی کو یہ کہا جائے کہ وہ لائل پور Develop کرے یا ملتان کو Develop کرے تو یہ بے معنی ہو گا اور اس لئے تو اے۔ڈی۔سی کو وجود میں لانے کی ضرورت نہ ہوتی اے۔ڈی۔سی اسلئے لائی گئی ہے کہ جو غیر Developed علاقے ہیں ان کو اپنے ہاتھ میں لے ۔ جو پسماندہ علاقہ جات اے ۔ ڈی ۔ سی کے ہاتھ میں دئے گئے ہیں وہاں تعلیم سڑکیں بنانا اور بجلی پہونچانا بھی اسی کے ذمہ کر دیا گیا ہے اور اے ۔ ڈی ۔ سی اپنے ہاتھ میں پسماندہ علاقوں کے لئے Small Dams کی سکیمیں بھی کنے ہوئے ہے ۔ اور مری اور کہوٹہ کا علاقہ بھی اس کے ہاتھ میں ہے ۔ بڑے بڑے انجینئیروں کی ہمیں ضرورت نہیں ۔ ہمارے کام تھوڑے خرچ سے ہو سکتے ہیں ۔ یہ ضروری کام ہے ۔ اس لئے یہ کہنا کہ اے۔ڈی۔سی کوئی مفید کام نہیں کر رہی یا دوسری کی قیمت پر کر رہی ہے ۔ تو میں بصد ادب ان سے کہوں گا کہ یہ بہت مفید کام کر رہی ہے یہاں واپڈا کے متعلق بھی کہا گیا واپڈا ایک بہت بھاری ادارہ ہے ۔ ایک بڑا بھاری کام اس کے ذمہ ہے جس میں بہت سی پارٹیاں شامل ہیں ۔ ورلڈ بنک اور بیرونی ممالک جو ہمیں قرضہ جات دیتی ہیں ہماری اپنی مرکزی حکومت اور آپ کی صوبائی حکومت ان میں ہیں ۔ یہ ایک بہت بڑا کام ہے اور ملک میں مانگ اتنی زیادہ ہے بجلی کے Connections کی کہ وہ Overnight یا دو چار سال کے عرصہ میں پوری نہیں ہو سکتی ۔ لیکن جب دو تین سالوں کا جائزہ لیا جائے

کیو نکہ اعدار و شمار پڑھنے کا وقت نہیں اور صاحب سپیکر ۔ گھڑی کی طرف دیکھ رہے میں کافی وقت لے چکا ہوں واپڈا نے کافی قابل تعریف کام کیا ہے ۔ اور آخری ایک جملہ کہتا ہوں کہ اس سال قدرت نے ہماری یاوری نہ کی ۔ بارشیں نہیں ہوئیں ۔ دریا خشک ہو گئے یہاں تک کہ دریائے انڈس جو کہ ایک خوف ناک دریا شمار ہوتا ہے وہ خشک ہو گیا اور راہ رو اس میں سے گزر رہے ہیں ۔ لیکن اس کے باوجود بھی ہمارے انجینرؤں نے ایک سے دوسرے اور دوسرے سے تیسرے Link میں جہاں تک ممکن ہو سکتا تھا پانی پہنچانے کی کوشش کی ہے بلکہ سندھ میں اب کہ جہاں پانی ٹیل پہ نہیں جاتا تھا میں پرسوں ہو کر آیا ہوں چند نہروں میں پانی دم پر پہنچ گیا ہے ۔ میں کوشش کروں گا کہ پانی کی تقسیم کا کام خواہ وہ مشکل ہے درست ہو جائے ۔ اس کام کی کارکردگی اس محکمہ نہر کی ہے میں تو یہ کہوں گا کہ یہ پہلے سے بھی اچھا ہو ۔

مسٹر سلطان محمد اعوان— پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب ملک قادر بخش نے ایک معزز رکن کے خلاف ذلیل قسم کے الفاظ استعمال کئے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ ملک صاحب کی اپنی شان کے شایان نہیں ۔

مسٹر سپیکر— یہ ان کے لئے انہوں نے نہیں فرمائے

مسٹر سلطان محمد اعوان— ''بازار کا ذلیل ترین انسان بھی استعمال نہ کرے'' یہ الفاظ ہیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ الفاظ حذف کئے جائیں ۔

مسٹر سپیکر— یہ ان کے لئے نہیں کئے گئے ۔

مسٹر سلطان محمد اعوان — جب ایک مثال دی ہے تو انہوں نے ان کو سامنے رکھ کر یہ الفاظ کہے ہیں اس کا مطلب ہے کہ انہوں نے ان کو کہا ہے ۔

وزیر مال — (خان پیر محمد خان) صاحب صدر ۔ جنرل ڈسکشن بہت ضروری ہوتی ہے تاکہ ہمیں اپنے اعمال سے اور اپنے ماتحتوں کے اعمال سے آگاہی ہو سکے اور جو ہمارے ممبر صاحبان کے مسائل ہیں ان سے بھی ہمیں اور وزراء متعلقہ کو آگاہ کیا جائے اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہوتا ہے جیسے کہ ہمارے اکثر ممبر صاحبان نے تجاویز پیش کیں اور

اپنی اپنی تجاویز کا حل بھی پیش کر دیا تو ہم مشکور ہیں ان ممبر صاحبان کے کہ جنہوں نے ایک صحت مندانہ تعمیر کی خاطر تنقید کی اور حل بھی بتا دیا لیکن مجھے افسوس آتا ہے ان دوستوں پر جن کے متعلق یہ مشہور ہے -

وہ محفل اٹھ گئی جس دم کہ مجھ تک دور جام آیا ،،

پیر صاحب تشریف لے گئے ان کی خدمت میں سب سے پہلے میں عرض کرتا ہوں

''بازی بازی باریش بابا ہم بازی،،

حکومت پہ لعن طعن کیا - وزرا پر بھی کیا اور بعض سرکاری ملازموں پر بھی کیا - ہم ویلکم کرتے ہیں - جب تک اور جس وقت تک ہم یہاں بیٹھے ہوئے ہیں ہم نازبرداری بھی کریں گے وہ اگر ہم پر تنقید کریں گے تو وہ بھی سنیں گے لیکن تو وہ بھی ذرا تشریف رکھیں اور سنیں اور اس کا تفصیلی جواب انشاءاللہ کل اور پرسوں کٹ موشن آ رہے ہیں ان میں دیدیا جائے گا - وہ کٹ موشن جن کا میرے اور دو محکموں سے تعلق ہے Consolidation and Revenue کا تو اگر مجھے موقعہ ملا تو تفصیلی جواب کل اور پرسوں انشاءاللہ عرض کردوں گا - ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ موجودہ حکومت واقعی ان کے خیال میں قابل مذمت ہے اس نے بہت جرائم کئے ہیں بہت زیادتیاں کی ہیں - سب سے پہلی زیادتی اس حکومت نے یہ کی کہ اوقاف کا محکمہ قائم کیا اور وہ پیر زادے اور وہ پرانے سجادہ نشین اور گدی نشین جو لوگوں کا خون چوستے تھے غریب آدمیوں کی مزدوری وہ شیر مادر کی طرح چوستے تھے اور اس کو حلال سمجھتے تھے وہ ان کے ہاتھ سے چھن گئی - لاکھوں کروڑوں روپیہ جو یہ ہمارے سجادہ نشین ہمارے پیر صاحبان غریب زمینداروں اور غریب مریدوں کی کمائی اپنی جیبوں میں ڈال لیتے تھے اور انگلستان اور امریکہ میں جا کر عیش و تعیش کرتے تھے تو وہ ان کے ہاتھ سے چھن گیا - واقعی یہ حکومت قابل نفرین ہے لیکن ہم جانتے ہیں جناب

،،بہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش
من انداز قدت رامی شناسم،،

میرے دوست نے ٹھیک کہا مگر ذرا پیر صاحب بھی تو دیکھیں کہ جن لوگوں کی وہ نمائندگی کر رہے ہیں - کس انداز سے کر رہے ہیں کیا یہی طریقہ ہے ان کی نمائندگی کرنے کا

کہ پانچ منٹ کے لئے آ کر یہاں رٹی ہوئی تقریر سنا دی اور رفو چکر ہو گئے - کچھ ہمارا بھی وہ سنیں - صاحب - صدر میں جن دوستوں نے I am not going to repeat کرنا نہیں چاہتا Repetition جو بھی پوائنٹ اٹھائے ان پر میں اس دن آؤں گا جب کٹ موشن پر تقریر کریں گے - جتوئی صاحب نے اپنے مخصوص انداز میں ڈاکہ زنی اور چوری کے متعلق کہا جن کا تعلق میرے محکمہ سے نہیں جب بھی آتے ہیں ڈاکے کا ریزولیوشن ساتھ لے آتے ہیں - انہوں نے کہا مالیہ کی ہمیں تکلیف ہے تو ان کی اطلاع کے لئے عرض کروں گا کہ ہمیں اس امر کا احساس ہے کہ سندھ بہت پسماندہ علاقہ ہے اور جو جو تکلیف ان کی ہیں ان کی اپنی حکومتوں کے ہاتھوں کی بنائی ہوئی ہیں جو جو خامیاں ہیں رفتہ رفتہ ہم ان کو ٹھیک کر رہے ہیں ابھی ابھی اس حکومت نے گذشتہ چند سالوں میں ۲۵ فیصدی مالیہ کی معافی کر دی ہے اور ابھی تک جاری ہے اور وہ بھی اس خاطر پر دیکھتے ہیں جناب کہ اس علاقے کی پسماندگی دور ہو جائے ان کے لازمے متعلق بھی ہم unification لا رہے ہیں ہم ان کے لازمو Unify کر رہے ہیں اور اس کے علاوہ اور کام بھی کر رہے ہیں

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : We have been hearing these every day.

Minister of Revenue: Yes, but they will be implemented.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : You have not solved even one problem there.

وزیر مال—"گر نہ بیند بروز شپرہ چشم چشمہ آفتاب راچہ گناہ" شپرہ جو ہوتا ہے وہ دن کو نہیں دیکھ سکتا اور دن کو اگر وہ نہ دیکھے تو اس میں آفتاب کا کیا قصور مسٹر منگی نے اعتراض اٹھایا تھا کہ گرداوری نہیں ہو رہی - یقیناً جناب ہمارے راستہ میں کچھ مشکلات تھیں - طریقہ یہ تھا کہ سابق سندھ میں وہاں گرداوری ہوتی تھی کہ اگر کسی سروے نمبر کا تھوڑا حصہ بھی زیر کشت آئے تو سارے سروے نمبر پر مالیہ تشخیص کیا جاتا تھا یقیناً یہ ان کے ساتھ زیادتی تھی - چنانچہ فیصلہ کیا گیا کہ چونکہ شمالی زون میں گرداوری ہوتی ہے - مالیہ تشخیص ہوتا ہے اسی طرح جنوبی زون میں بھی ہونا چاہئے - حیدر آباد اور خیر پور کے کمشنر صاحبان نے اپنی مشکلات بیان کیں کہ پٹے دار یعنی پٹواری جو ہیں وہ خود کھیتوں میں جا کر پیمائش کریں تشخیص کریں - چنانچہ کل وہ ڈیمانڈ آئے گی - ۵۰۰ نئے پٹواریوں کی پوسٹیں سینکشن

ہوئی ہیں اور ہم ان کو تربیت دے رہے ہیں اور ساتھ ہی ہم نے یہ آرڈر دے دیا ہے کہ کم از کم رواں فصل خریف کی گرداوری شروع ہو جائے تو وہ withdraw بھی نہیں ہوا ۔ اس پر عمل ہو گا اور Definitely ہو گا ۔ اگر اس میں کچھ تا خیر ہو رہی ہے تو صرف اس وجہ سے کہ جتنا سٹاف درکار ہے اتنا نہیں ہے وہ ابھی تک مہیا نہیں ہوا لیکن ہم نے اس کو نظر انداز نہیں کیا نہ اسکو ہم چھوڑ رہے ہیں جناب میرے دوست حمزہ صاحب بھی تشریف نہیں رکھتے ۔ وہ کہتے ہیں کہ زمینوں کی تقسیم کی پالیسی جو ہے وہ بڑی غلط ہے ۔ اچھا ہوتا کہ وہ ہمیں تجویز پیش کر دیتے کہ وہ پالیسی کیسی ہو اور کیسے وضع کی جائے تاکہ ہم ان کی عقل اور دماغ سے کچھ فائدہ اٹھائیں لیکن عرض کرتا ہوں کہ موجودہ پالیسی یہ ہے کہ لاکھوں زمیندار جنہیں بے دخل کیا گیا تھا حکومت نے ان کو بسایا ۔ غریب مزارعین جن کو بڑے بڑے زمینداروں نے بے دخل کر دیا تھا حکومت نے ان کو بسایا اور بہت معمولی اجارہ پر انہیں زمینیں دیں ۔ وٹو صاحب کا جواب بھی اس ضمن میں عرض کر دوں وہ کہتے ہیں کہ ان کو ملکیت کے حقوق دیئے جائیں ۔ صاحب صدر ۔ یہ تو وہ لوگ تھے جن کو آسمان کے نیچے رہنے کے لئے مکان نہ تھا غریب مزارعین ۔ بے دخل شدہ مزارعین ۔ گرو مور فوڈ مزارعین ٹیوب ویل کے مزارعین اور باڑا شرائط کے مزارعین کے متعلق ذکر کیا گیا ہے ۔ ان کے متعلق میں عرض کروں گا کہ انڈر دی رولز یعنی قواعد کے متعلق جو لوگ مستحق تھے اور جن کے ساتھ ہمارا معاہدہ تھا ان کو رولز کے تحت ملکیتی حقوق دیئے گئے ہیں لیکن اب بھی میں کہتا ہوں کہ لاکھوں مزارعین کے ساتھ حکومت فیاضانہ سلوک کر رہی ہے ۔ لاکھوں مزارعین ایسے ہیں جن کو بے دخل کر دیا گیا ہے اور جن کے پاس ایک ایکڑ زمین نہیں تھی ان کو حکومت نے بسایا ۔ ان کی اولاد کو بسایا ۔ جناب والا ۔ ہم دیکھتے ہیں اگر وہ ایک روپیہ سالانہ lease money دیتے ہیں تو پڑوس میں ۱۰۰ روپیہ ہے یہ حکومت ان کے ساتھ احسان کر رہی ہے ۔ ان کو بسا رہی ہے ۔ انشاءاللہ حکومت کو احساس ہے کہ غریب آدمی کے ساتھ کیسے سلوک کیا جائے ۔

وزیر خزانہ — (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب والا ۔ اس ضمنی میزانیے کی کوئی اشد ضرورت نہ تھی لیکن میں نے جان بوجھ کر

اس معزز ایوان کے سامنے پیش کیا تھا کہ میرا بھی محاسبہ ہو سکے اور اس پر تعمیری تنقید ہو سکے اور کوئی مفید تجاویز ہمارے سامنے پیش ہوں ۔ لیکن میں افسوس کرتا ہوں کہ کوئی اچھی تجاویز سامنے نہیں آئیں بلکہ ممبر صاحبان نے اپنے اپنے علاقوں کی چھوٹی چھوٹی دقتیں یہاں پیش کی ہیں اس کے علاوہ کوئی ٹھوس تجاویز یہاں پیش نہیں کی گئی ۔

جناب والا ۔ بہت سی باتوں کے متعلق میرے رفقاء کار نے جواب دے دیئے ہیں لیکن کئی ایسی باتیں ہیں جن کا میں خود جواب دینا چاہتا ہوں ۔

جناب علی گوہر کھوڑو صاحب اس وقت ایوان میں موجود نہیں ہیں ۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ سندھ میں پرائمری استادوں کو بہتر تنخواہیں دی جائیں میں اس کے متعلق عرض کروں گا کہ سارے صوبہ بھر میں یکساں گریڈ مقرر کر دیئے گئے ہیں اور سندھ والوں کو کسی اور جگہ سے کم تنخواہ نہیں مل رہی ہے ۔ پتہ نہیں کھوڑو صاحب یہ کہاں سے بات نکال لائے ہیں ۔

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : This is not correct. They are getting junior scale there and here the teachers are getting the senior scale.

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan) Point of order. He should observe the Parliamentary practice and listen quietly to the Minister while he is speaking.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : I am hearing a mis-statment, How can I keep quiet.

Minister of Finance: You can speak on other Demands.

جناب والا ۔ دوسرے انہوں نے کہا تھا کہ ۱۲۰۰ چپڑاسی وہاں سے نکال دیئے ہیں ۔ اس کے متعلق بھی میں عرض کروں گا کہ اکنامک کمیٹی نے اس کے متعلق کوئی ایسا فیصلہ نہیں کیا ہے ۔ یہ directive ہم کو سنٹرل گورنمنٹ کی طرف سے آیا تھا ۔ اب ایک کمیٹی مقرر کی گئی ہے وہ اس کا جائزہ لے گی ۔ سوچ بچار کرنے کے بعد اگر کچھ ہو سکا تو ہم ضرور کریں گے ۔

میر محمد بخش تالپور صاحب نے سیم اور تھور کے متعلق فرمایا تھا ۔ میں ایوان کی یاد دھانی کے لئے آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس ہاؤس نے سیم اور تھور

کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی تھی جو اس چیز پر سوچ بچار کر رہی ہے ۔ عنقریب اس کی رپورٹ آ جائے گی ۔ ہم اس پر عمل درآمد ضرور کریں گے ۔

جناب محمد بخش تالپور صاحب نے کچھ un-ttractive areas allowance کے متعلق بھی اشارہ کیا تھا ۔ یہ صحیح ہے کہ unattractive areas allowance ہیں ۔ جو پس ماندہ علاقے ہیں خاص طور پر قلات اور بلوچستان جو ہیں ہم ان کو کچھ دیتے یہ صرف پانچ برس کے لئے تھا لیکن فروری ۱۹۶۴ء میں اس پر نظر ثانی کی جا رہی ہے اور انشاءاللہ ہم دیکھیں گے اگر ہو سکا کہ ہم سندھ پر بھی اس کو لاگو کر سکتے ہیں تو ضرور کریں گے ۔ (ہیئر ۔ ہیئر)

سردار عنایت الرحمن خان عباسی صاحب نے تعلیم کے متعلق فرمایا تھا کہ اسلام آباد میں کالج ۔ ہائی سکولوں اور دوسرے سکولوں پر لاکھوں روپیہ خرچ کیا جا رہا ہے ۔ جناب والا ۔ یہ چیز صحیح نہیں ہے ۔ اگر آپ ضمنی بجٹ کو دیکھیں تو آپ کو معلوم ہو گا کہ صرف ایک لاکھ ۷۵ ہزار روپیہ کی رقم دو پرائمری سکولوں اور ایک سیکنڈری سکول کے لئے رکھی گئی ہے اور اس میں یہ بھی لکھا گیا ہے کہ یہ رقم ہم سنٹرل گورنمنٹ سے وصول کریں گے ۔ اور ان کو یہ بھی علم ہو گا کہ پچھلے سالانہ بجٹ میں ۳۳ کروڑ کی رقم صرف تعلیم کے لئے ہم نے رکھی ہوئی تھی ۔ اس کے علاوہ انہوں نے مری ایبٹ آباد سڑک کے متعلق بھی فرمایا تھا اس کے متعلق میں عرض کروں گا کہ ہم عنقریب اس پر غور کریں گے اگر ہو سکا تو اس پر ہم توجہ دیں گے ۔

جناب والا — میرے دوست عبدالمجید بلوئی صاحب نے اپنی pet theme میں وحدت مغربی پاکستان کے متعلق بہت سی چیزیں کہی ہیں وہ بھی اس وقت موجود نہیں ہیں ۔ انہوں نے یہ کہا تھا کہ سندھ کے ساتھ ناانصافی ہو رہی ہے ۔ میں نے پہلے بھی اپنی بجٹ تقریر میں کہا تھا ۔ سالانہ بجٹ آپ کے پاس موجود ہوگا اس میں آپ دیکھیں کہ جو

ریونیو سندھ کا تھا ہم نے اس سے ساڑھے تین گنا زیادہ اس کی ڈویلپمنٹ پر خرچ کیا ہے ، اب اس ضمنی بجٹ میں بھی آپ دیکھیں گے کہ ایک کروڑ ۷۰ لاکھ کی رقم جس کا بیشتر حصہ نہروں کی مٹی وغیرہ نکالنے پر خرچ ہوگا رکھا گیا ہے ۔ یہ کہنا کہ سندھ کے ساتھ ناانصافی ہوئی ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ نہایت شرم کا مقام ہے کیونکہ یہ حقیقت سے بہت دور ہے ۔

جتوئی صاحب نے یہ بھی کہا تھا کہ وحدت مغربی پاکستان کی حکومت کا خرچ اب بڑھ گیا ہے ۔ شائد ان کو پتہ نہیں کہ ۱۸۶ کروڑ کی سالانہ ڈویلپمنٹ پلین پر عمل درآمد کرنا ہے اور اس پر خرچ بھی بڑھے گا ، ۲۸۶ کروڑ ہم نے خرچ کرنا ہے اس کے لئے افسر مقرر کرنے بھی لازمی ہیں اور آپ پرانے سندھ سے مقابلہ کرتے ہیں ۔ جناب والا ۔ میں نے جب سندھ کا دورہ کیا تو وہاں علی گوہر کھوڑو صاحب موجود نہیں تھے ، ان کے بڑے بھائی بھی بڑے زبردست چیف منسٹر رہ چکے ہیں ۔ میں نے خود وہاں رہ کر دیکھا ہے اور سندھی بھائی جو یہاں بیٹھے ہیں وہ بھی اور مسٹر محمد حنیف صدیقی بھی مجھ سے اتفاق کریں گے کہ نہ وہاں سڑکیں تھیں ، نہ تو کوئی سکول کی بلڈنگیں تھیں ، نہ گورنمنٹ کی بلڈنگیں تھیں ۔ یونیورسٹی وہاں کوئی موجود نہیں تھی ۔ ڈسپنسری وہاں نہیں تھی ۔ ہسپتال وہاں نہیں تھے ۔ (قطع کلامیاں) اب کی دفعہ جب میں سندھ کا دورہ کروں گا تو مسٹر محمد حنیف صدیقی کو ساتھ لے جاؤں گا تاکہ ان کو بھی پتہ لگے کہ اس حکومت نے سندھ کے لئے کیا کیا ہے ۔ (قطع کلامیاں)

Mr Speaker : No interruptions.

Minister of Finance : I will take you with me and you will see with your own eyes and hear with your own ears if you have got the eyes and ears.

جناب حاجی گل حسن منگی صاحب نے کرپشن کے متعلق فرمایا تھا ، اس بات کو میں بھی تسلیم کرتا ہوں کہ کرپشن تو تھوڑی بہت ہے ، لیکن اس فیصدی کے حساب سے نہیں ہے جو ۲۵ یا ۴۰ فیصدی منگی صاحب نے فرمائی ہے منگی صاحب فرماتے ہیں کہ رشوت کے ریٹ بڑھ گئے ہیں ۔

یہ منگی صاحب کو ہی پتہ ہوگا اس کے متعلق مجھے تو پتہ نہیں ہے لیکن یہ کہنا کہ کرپشن نہیں ہے بہت غلط ہے۔ کرپشن موجود ہے دنیا کا کوئی ملک ایسا نہیں ہے جہاں کرپشن نہیں ہے، ہمارے ملک میں ممکن ہے تھوڑے سے اچھے ممالک سے کم ہو یعنی ہندوستان سے کم ہو اور ملکوں سے کم ہو، ہمیں دیکھنا چاہئے کہ ہمارا معیار ہندوستان سے کم ہے۔ ہمیں اچھے ممالک کو دیکھنا چاہئے ممکن ہے مقابلہ میں کم ہو، آپ کو پتہ ہے کہ گورنمنٹ اس پر پورا زور دے رہی ہے لیکن جب تک پبلک ہمارے ساتھ تعاون نہ کرے اس وقت تک اس کا خاتمہ کرنا ناممکن ہے۔

میں اپیل کروں گا کہ ایم-پی-اے صاحبان اور عام پبلک ہمارے ساتھ تعاون کرے، انشاء اللہ یہ اگر ختم نہ ہوئی تو اس میں مزید کمی ضرور واقع ہو سکتی ہے۔

میرے دوست جناب محمد اسحاق کندی صاحب نے کچھ تجاویز دی تھیں Rural wo ks p og amme کے بارے میں۔ ان کو کچھ غلط فہمی ہوئی ہے انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کے تحت ہم نے جو alloc tions کی ہیں وہ ہم نے ایریا کے مطابق کی ہیں۔

اپیکر صاحب — اجلاس کا وقت ختم ہو رہا ہے۔

وزیر خزانہ — جناب میں دس منٹ اور لوں گا۔

Mr. Speaker : Yes. I exten l the time by ten minute- more.

وزیر خزانہ — میں زیادہ details میں نہیں جاؤنگا اور جو پرانے re.io s تھے ان کے متعلق عرض کروں گا، اس میں دو چیزیں تھیں، ایک تو یہ تھی کہ ہم صرف آبادی کے لحاظ سے اس دس کروڑ کی dist ibution کریں، اگر ویسے کرتے تو وہ unfair ہوتا، اس کا زیادہ تر حصہ سابق پنجاب کو جاتا۔ میں نے یہ فارمولا بنایا کہ پچاس فیصدی Dist ict B sis پر اور باقی پچاس فیصدی popu.ation basis پر دیا جائے۔ اب اگر ایسے سابق صوبہ سرحد کو دیکھا جائے تو آبادی کے لحاظ سے ان کا حصہ ایک کروڑ چھیاسی لاکھ بنتا تھا لیکن ہم نے جو فارمولا بنایا ہے اس کے مطابق ایک کروڑ تانوے لاکھ بنا ہے۔ یعنی گیارہ لاکھ کا اضافہ ہو گیا ہے پرانے

پنجاب ریجن میں آبادی کے لحاظ سے پانچ کروڑ چونسٹھ لاکھ بنتا تھا اور جو ہم نے فارمولا بنایا ہے اس کے مطابق چار کروڑ اڑتالیس لاکھ بنا ہے یعنی ایک کروڑ سولہ لاکھ کی کمی اس میں واقع ہوئی ہے۔

مسٹر عبدالامین خان — کیا وجہ ہے؟

وزیر خزانہ — دیکھئے صاحب، اگر آپ اس طرح دیکھیں تو یہ پسماندہ علاقہ نہیں ہے (قطع کلامیاں)۔

مسٹر سپیکر — آرڈر۔ آرڈر۔

وزیر خزانہ — بہاولپور کا آبادی کے لحاظ سے تریسٹھ لاکھ بنتا تھا، ہمارے فارمولے کے حساب سے بھی تریسٹھ لاکھ ہی بنا، ان پچھڑوں کا کچھ نہیں بڑھا، سندھ ریجن کا آبادی کے لحاظ سے ایک کروڑ ستاون لاکھ بنتا تھا، ہمارے فارمولے کے حساب سے ایک کروڑ بیاسی لاکھ بنا ہے یعنی پچیس لاکھ کا اضافہ ہو گیا ہے، علیٰ ھذا القیاس بلوچستان کا آبادی کے لحاظ سے اٹھائیس لاکھ بنتا تھا اب ستانوے لاکھ بنا ہے یعنی میں بے شمار اضافہ ہوا ہے۔

بہت سے اراکین نے یہ بھی فرمایا تھا کہ یہ جو فنڈ ہے اس کو ناچ اور گانے پر خرچ کیا جاتا ہے۔ میں عرض کروں گا کہ اس کے لئے رولز بنے ہوئے ہیں اور میں پڑھ کر سنا دیتا ہوں کہ کونسی مدیں ہیں جن پر یہ روپیہ خرچ کیا جاتا ہے، یہ بھی عرض کروں گا کہ ہم نے آڈرز issue کئے ہیں priorities کے۔ ان میں نمبر ایک ہے دیہاتی سڑکیں۔

خان اچون خان جدون — لیکن عمل نہیں ہو رہا۔

وزیر خزانہ — عمل ہو گا۔ ابھی شروع ہی ہوا ہے۔

نمبر دو پر ہیں پینے کے پانی کی سکیمیں، نمبر تین پر ہیں پرائمری سکولوں کی عمارتیں جو پرائمری سکول exist کرتے ہیں یہ نہیں کہ نئی عمارتیں بنیں تاکہ recurring نہ ہو، بلکہ پرانی جو عمارتیں ہیں ان کی تعمیر کی جائے یا مرمت کی جائے۔ نمبر چار پر ہیں ڈسپنسریاں۔ وہ بھی جو پرانی

ہیں ان کی مرمت وغیرہ کرائی جائے ، نمبر پانچ پر ہے villages کی sanitation کی improvement وغیرہ - نالیاں وغیرہ - نمبر چھ پر ہیں nurseries ، تاکہ بیج اور چھوٹے پودے مفت دیئے جائیں - نمبر سات پر ہے drainage system of villages نمبر آٹھ پر ہے کہ مچھلی کے ponds بنائے جائیں تاکہ food میں اضافہ ہو ، یہ ہیں وہ چیزیں جن پر یہ روپیہ خرچ ہوگا اور انہوں نے کہہ دیا کہ سب dano پر خرچ ہوتا ہے ، میں عرض کروں گا کہ یہ چیز صحیح نہیں تھی -

ان کی ایک اور تجویز تھی cement کے متعلق - یہ بڑی اچھی تجویز تھی - میں نے نوٹ کر لی ہے - اس پر غور کیا جائے گا ، اگر cement کی availability ضلع یا تحصیل کی سطح پر ہو جائے تو میرے خیال میں بہت اچھا ہو گا -

مبین الحق صدیقی صاحب نے Hub River Project کے متعلق فرمایا تھا - میں عرض کروں گا کہ اس کا ابتدائی کام شروع ہو چکا ہے - کوشش کی جائے گی کہ کام جلد از جلد ختم ہو جائے انہوں نے کراچی کے دیگر مسائل کی طرف بھی میری توجہ مبذول کرائی ہے ، انشاء اللہ تعالیٰ ہم ان پر ہمدردانہ غور کریں گے -

Labour کے متعلق کسی بھائی نے فرمایا تھا - میں چونکہ اپنے کمرے میں اجلاس کی کارروائی سنتا ہوں اس لئے یہ یاد نہیں رہا کہ کن صاحب نے فرمایا تھا -

مسٹر مبین الحق صدیقی — میں نے ہی اس کا ذکر کیا تھا -

وزیر خزانہ — ممکن ہے آپ ہی نے فرمایا ہو - I am sorry مجھے یاد آ گیا آپ نے ہی فرمایا تھا - بہر حال حکومت اس مسئلہ سے غافل نہیں ہے - جو فرسودہ قوانین تھے ان کو ہم replace کرکے نئی amendments لا رہے ہیں اور یہ معاملہ سہ جماعتی کانفرنس ہو ہوا کرتی ہے ، اس میں بھی پیش ہو چکا ہے -

Mr. Mobinul Haq Siddiqi : Are you prepared Sir to have a Labour Commissioner appointed in this connection ?

Minister of Finance : Not at this moment.

پھر جناب والا ۔ ایک لاکھ روپیہ کے قریب ٹی بی انشورنس کے لئے بھی رکھا ہوا ہے اور ہم اس سکیم کو ٹی بی کے لئے ہی نہیں بلکہ جنرل انشورنس کے لئے کر رہے ہیں ، اگر جنرل انشورنس میں ٹی بی انشورنس بھی آ جائے تو بہتر ہوگا ۔

سردار دودا خان نے تجویز پیش کی تھی کہ قلات میں ایک ڈویلپمنٹ اتھارٹی قائم کی جائے ، آپ کو پتہ ہے کہ Small Dams organization ہمارے شمالی ضلعوں میں کام کر رہی ہے ، اگر حکومت نے مناسب سمجھا اور یہ ممکن ہوا تو ہم اس کے متعلق بھی سوچ بچار کریں گے ، سر دست میں وعدہ نہیں کرتا ، لیکن اسے Examine کرنے کا وعدہ کرتا ہوں ، یہ پسماندہ علاقہ ہے اگر ہم اس کے لئے کچھ کام کر سکیں تو بڑا اچھا ہوگا ۔

ڈاکٹر مسز اشرف عباسی نے فرمایا تھا کہ Project cells جو ہیں یہ غیر ضروری ہیں ، اس کے متعلق عرض کروں گا کہ حکومت نے ایک کمیٹی مقرر کر دی ہوئی ہے ، اس کی رپورٹ آنے پر ہم نظر ثانی کریں گے ، اگر ہو سکا تو ہم اس میں بھی تخفیف کر دیں گے ۔

کراچی سے آئے ہوئے بھائی مسٹر غلام رسول نے یہ کہا تھا کہ کے۔ڈی۔اے میں فنڈز waste ہو رہے ہیں ، میں عرض کروں گا کہ کے۔ڈی۔اے کا محکمہ مرکز کی تحویل میں تھا ، ابھی تھوڑی دیر ہوئی وہ مغربی پاکستان کی حکومت کی تحویل میں آیا ہے ، ابھی تو وہاں کا فنانس ممبر بھی مقرر نہیں ہوا ۔ ہم مقرر کرنے والے ہیں ، ڈائریکٹر جنرل کے۔ڈی۔اے کو گئے بھی چند دن ہوئے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں فنانس ممبر کے مقرر ہونے کے بعد جب کے۔ڈی۔اے کے سیکرٹری وغیرہ کام شروع کر دیں گے تو انشاء اللہ اس میں improvement ہو گی ۔ انہوں نے لیاری کوارٹروں کی shifting کے متعلق فرمایا ہے ۔ تو اس سلسلے میں میں یہ عرض کرونگا کہ حکومت اس سے غافل نہیں ہے ، ہم اس پر بھی نظر ثانی کرنے کے لئے تیار ہیں ۔

ابھی ابھی میرے محترم دوست اجون خان جدون صاحب نے Budget Implementation Committee کے متعلق فرمایا ہے تو میری گذارش یہ ہے کہ یہ کمیٹی مقرر کر دی گئی ہے اور اس امر کی پوری کوشش کی جا رہی ہے کہ Development Expenses کی Administrative Approval ہو جائے - اس کے بعد اس پر بھی جلد از جلد عملدرآمد کیا جائیگا -

ان چند گذارشات کے بعد میں اپنی معروضات ختم کرتا ہوں -

مسٹر محمد امین خان — جناب والا - شیخ صاحب نے راجہ غلام سرور کی سڑکوں کے متعلق تو فرمایا ہے لیکن لودھران شجاع آباد اور دیپالپور کے متعلق کوئی جواب نہیں دیا - میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ راجہ صاحب کی سڑک آخر کونسی خاص خصوصیت کی مالک تھی ؟

Minister of Finance : I cannot cover all the questions in fifteen minutes.

مسٹر سپیکر — میرے خیال میں ہر ایک بات کا جواب اتنے تھوڑے وقت میں نہیں دیا جا سکتا -

Now the time is over.

The House is adjourned to meet again tomorrow at 9 a. m.

(The Assembly then adjourned till 9·00 a. m. on Wednesday, the 18th December 1963).

2537—PLA—600—18-10-64—SGPWP Lahore.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIFTH SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Wednesday, the 18th December, 1963

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9-23 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain Siddiqui, Qari of the Assembly.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَّاحِدَةً فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ وَأَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ إِلَّا الَّذِيْنَ أُوْتُوْهُ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِهٖ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَأْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ مَسَّتْهُمُ الْبَأْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ط أَلَآ إِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ۝

پ-۲ س-۲ ع-۱۰ آیات ۲۱۳ و ۲۱۴

ابتدا میں ایسا تھا کہ لوگ الگ الگ گروہوں میں بٹے ہوئے نہ تھے۔ ایک ہی قوم تھے پس اللہ نے نبیوں کو مبعوث کیا وہ بشارت دیتے اور تنبیہ کرتے تھے۔ نیز ان کے ساتھ کتاب نازل کی گئی تاکہ جن باتوں میں لوگ اختلاف کرنے لگے تھے ان میں وہ فیصلہ کر دینے والی ہو اور جو یہ لوگ باہم دگر مختلف ہوئے تو اس لئے نہیں ہوئے کہ ہدایت سے محروم اور حقیقت سے بے خبر تھے نہیں مگر پھر بھی آپس کی ضد اور مخالفت سے اختلاف کرنے لگے تھے۔ بالآخر اللہ نے ایمان لانے والوں کو وہ حقیقت دکھا دی جس میں لوگ مختلف ہو گئے تھے اور اللہ جسے چاہتا ہے دین کی سیدھی راہ دکھا دیتا ہے۔

پھر کیا تم نے سمجھ رکھا ہے کہ یوں ہی تم جنت میں داخل ہو جاؤ گے حالانکہ ابھی تو تم کو وہ آزمائشیں پیش نہیں آئیں جو تم سے پہلے لوگوں کو پیش آچکی ہیں ہر طرح کی سختیاں اور مصیبتیں ان پر پیش آئیں شدتوں سے ہلا دیئے گئے یہاں تک کہ ان کے رسول اور جو لوگ ایمان لائے تھے اس کے ساتھ پکار اٹھے کہ اللہ کی مدد کب آئے گی (غیب سے آواز آئی) باخبر ہو جاؤ خدا کی مدد قریب آگئی۔

WAIVING OF THE QUESTION HOUR

میر حاجی محمد بخش تالپور - جناب والا - میری عرض یہ ہے کہ آج کے دن کے لئے question hour ملتوی کیا جائے - اس وقت کو voting on the demands میں شامل کر لیا جائے -

وزیر مال - جناب والا - یہ ٹھیک ہے - ممبر صاحبان کو بولنے کا زیادہ موقع مل جائے گا -

We have no objection.

Mr. Speaker : May I know the sense of the House ?

بیگم جہاں آرا شاہنواز - جناب والا - میں ایک اہم معاملہ کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتی ہوں - آپ نے یہ حکم دیا تھا کہ ہم یہاں نہ آئین کے متعلق نہ basic rights کے متعلق اور نہ foreign policy کے متعلق بحث کر سکتے ہیں - آپ کے حکم کے آگے ہم نے سر تسلیم خم کر دیا - اگرچہ ہم میں بعض اصحاب محسوس کرتے ہیں اور میں بھی خاص طور پر محسوس کرتی ہوں کہ یہ ایوان اسی ruling کے بعد ایک کارپوریشن یا ایک میونسپل کمیٹی بن گیا ہے - مگر پھر بھی ہم نے آپ کی رولنگ کے سامنے سر تسلیم خم کیا -

صدر محترم - اب یہ حالت ہے کہ کل قائد ایوان نے فرمایا تھا کہ ہم لوگوں نے ضمنی بجٹ کی بحث میں کوئی ٹھوس تجاویز پیش نہیں کیں - اب آپ ہی فرمائیں کہ اگر تقریر کرنے کے لئے صرف ۵ یا ۱۰ منٹ دیئے جائینگے تو اس تھوڑے سے وقت میں تکلیفوں کا ذکر کرنا ان پر روشنی ڈالنا اور پھر تجویزیں اپنے علاقے کی پیش کرنا کیسے ممکن ہو سکتا ہے ؟ اور اس سے بھی زیادہ ضروری چیز یہ ہے کہ یہ وزراء صاحبان کو آپ بتائیے کہ جیسے میں نے کل صاف طور پر یہ درخواست کی تھی کہ points کا جواب دیا جائے - اور سب کے points کو deal کیا جاوے - منسٹر بیچارے بھی سچے ہیں - آخر وہ بھی کیا کریں جب کہ ان کو بھی ۱۰ ، ۱۰ یا ۱۵ ، ۱۵ منٹ دیئے جاتے ہیں - آخر ہم نے اور ministries کے ساتھ بھی کام کیا ہے - سکندر منسٹری میں ایک ایک وزیر ایک ایک گھنٹہ جواب دیا کرتا تھا - ایک سارا دن ان کے لئے وقف ہوتا تھا - اور وہ ہمارے سارے points کا تھوڑا بہت جواب ضرور دیتے تھے -

صدر محترم - اس طرح تو یہ پارلیمنٹ ایک farce ہو کر رہ جائیگی - میرا یہ question of privilege most important ہے - برائے مہربانی اس ایوان

کو ایک ذمہ دار پارلیمنٹ بنانے میں ہماری مدد فرمائیں ۔ یہ کیا کہ ایک شخص نے چند منٹ کے لئے اٹھ کر کچھ کہہ دیا ۔ دوسرے نے جواب بھی نہ دیا ۔ اور وقت ختم ہو گیا ۔

مسٹر سپیکر ۔ بیگم صاحبہ اس کے متعلق میں یہ عرض کر دوں کہ جہاں تک وقت کا تعلق ہے ہم نے وقت کے اندر ہی رہ کر کام ختم کرنا ہوتا ہے ۔ جہاں تک میرا تعلق ہے میں تو یہاں تک تیار ہوں کہ آپ بیشک تین بجے بعد دوپہر اجلاس دوبارہ شروع کریں اور رات کے بارہ بجے تک کرتے رہیں ۔ لیکن جہاں تک وقت میں توسیع کرنے کا سوال ہے یا ممبران کو زیادہ دیر تک بولنے کی اجازت دینے کا سوال ہے ۔ مجھے اس میں کوئی اعتراض نہیں بشرطیکہ ممبر صاحبان اس mood میں ہوں کہ وہ بعد دوپہر sitting کریں ۔ بہر صورت میں full opportunity دینے کے لئے تیار ہوں ۔ لیکن اگر sense of the house یہ ہو کہ دو بجے یہ میٹنگ ختم کی جائے اور اس میں زیادہ سے زیادہ حضرات تقاریر کریں تو اس صورت میں آپ سپیکر کی limitations کا بخوبی اندازہ لگا سکتی ہیں ۔

بیگم جہاں آرا شاہنواز ۔ صدر محترم۔ بات اور ہے ۔ یعنی یہ کہ ہمیشہ یہ ہوتا ہے ۔ ہم نے اور پارٹیوں میں بھی کام کیا ہے ۔ کہ پارٹی depute کرتی تھی چھ یا سات آدمیوں کو کسی سوال پر بولنے کے لئے ۔

Mr. Speaker : That is not my headache.

بیگم جہاں آرا شاہنواز ۔ صدر محترم ۔ یہی بات تو میں treasury benches کی خدمت میں عرض کرنا چاہتی ہوں۔ اگر ڈیڑھ سو آدمی ہر ایک سوال پر بولینگے تو پھر اس کے لئے تو پارلیمنٹ کو سارا سارا سال بیٹھنا پڑے گا ۔ لیکن کوئی پارلیمنٹ ایسا کر نہیں سکتی اور نہ ہی کسی حکومت کے پاس اتنا روپیہ ہوتا ہے کہ وہ اتنا خرچ کر سکے ۔ ہمیں ہر پارٹی میں یہ فیصلہ کرنا چاہئے کہ فلاں سوال پر اتنے آدمی بولینگے اور اس سے زیادہ نہ بولینگے ۔ یہ تو پارٹی کی organisation کا سوال ہے ۔ اگر پارٹی کی organisation درست ہو تو پھر آپ کے درد سر کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔

Mr. Speaker : That could be a suggestion to the Treasury Benches.

Now, in view of the sense of the House, the Question Hour

POINT OF PERSONAL EXPLANATION

Major Sultan Ahmed Khan : Point of personal explanation.

جناب والا ۔ اس معزز ایوان کی کل کی کارروائی جو اخباروں میں چھپی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کل میری غیرحاضری میں ملک قادر بخش صاحب نے میری ذات کی طرف ایک حوالہ دیا ۔ اور کہا کہ میں نے کل اپنی تقریر کے دوران جرگے کے کچھ ممبران کو بدمعاش اور اچکے کہا ہے ۔

وزیر خوراک و زراعت (ملک قادر بخش) ۔ جناب والا ۔ میجر سلطان احمد صاحب کے متعلق نہیں وہ پیر صفی‌الدین کے متعلق ہوگا ۔

میجر سلطان احمد خان ۔ جناب والا ۔ اخبارات میں میرا نام لکھا ہے ۔ اور اس بحث میں جرگہ کے ممبران کے متعلق صرف میں نے ہی عرض کیا تھا پیر صفی‌الدین نے کہا تھا ۔ جہاں تک اخبارات میں حوالہ ہے میں سمجھتا ہوں یہ ارشادات میرے متعلق ہی ہوئے ہیں ۔ لہذا میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ میں ہر اس آدمی کو بدمعاش سمجھتا ہوں جو بدعنوان ہو ۔ جو بےضمیر ہو ۔ وطن فروش ہو اور بدکردار ہو ۔ لہذا یہ درست ہے اور اس قسم کی بات اس ایوان میں کہنا کوئی بری بات نہیں ۔ ملک صاحب نے شاید یہ حوالہ دیا ہو کہ اس قسم کی بات پر بازار کے اچکے بھی توجہ دے سکتے ہیں ۔ اگر اس category میں میں آتا ہوں تو میں اچکا ہوں اور اگر آپ آتے ہیں تو اس کا فیصلہ آپ خود ہی کر سکتے ہیں ۔

Syed Safi-ud-din : I read in the papers today, because after having delivered my speech I went away, that there were certain accusations lodged against me by Mr. Nasrullah Khan Khattak and Pir Muhammad Khan, Minister of Revenue. Mr. Nasrullah has been with me during the school days and I have all the regard for him . . . . . .

Mr. Speaker : So far as I remember, Mr. Khattak did not levy any personal charge against you. He was speaking only with reference to the Basic Democrats and refuting your arguments.

Syed Safi-ud-din : He said I was talking against the Basic Democrats because we 'Pirs' did not have a chance of being elected again by the Basic Democrats as we were hated by the people. Therefore, we were afraid that if the Basic Democrats constituted the electoral college during the next election then we will not be elected again.

Minister of Railways : Have you permitted him to reply to his speech ?

Mr. Speaker : This is only a personal explanation.

Syed Safi-ud-din : I believe, there were certain allegations levelled against me and one of them was as to why I am against the Government. The reasons according to Khan Pir Muhammad Khan . . . . .

Minister of Revenue : It was a general remark. The member was not

Syed Safi-ud-din : I said at that time and I say again today that Basic Democrats in our country were sold across the counter during the last elections.

Mr. Speaker : The Member may please confine himself to the personal explanation.

Syed Safi-ud-din : They were sold like sheep and cattle. Let me inform Mr. Nasrullah that our family has remained elected since 1936 without a break.

Minister of Agriculture : You did not secure your election through adult franchise.

Syed Safi-ud-din : We have been elected on the basis of adult franchise as well as by the electoral college constituted by the Basic Democrats.

Minister of Revenue : Point of order. What is he saying ? It is neither a personal explanation nor a point of privilege. I think, it is only to waste the time of the House.

Mr. Speaker : Pir Sahib may please confine himself to the personal explanation only and be brief because personal explanation should not be so lengthy.

Syed Safi-ud-din : I have got to explain my point, Sir.

As I said that we have been elected since 1936 to this Assembly without a break. My father was the first man amongst the Punjab Muslims who sat with the Indian National Congress as against the Unionist Party because he stood for freedom. Later on, he went to jail for the sake of Pakistan.

میاں محمد شریف (پارلیمنٹری سیکرٹری) ۔ جناب والا ۔ ہم پیر صاحب کو جانتے ہیں ۔ ہمیں ان کا اچھی طرح پتہ ہے ۔

Syed Safi-ud-din : Today, that I oppose the Government and that I blame the Basic Democrats has nothing to do with my country. Our motto is—

ان الحکم الا للہ

(There is no order but the Order of God)

So long as the order of any Government does not appeal to our conscience, none of the members of our family will stand with that Government. I further challenge that remaining in the Opposition, I will contest the next elections and will again be elected.

Mr. Nasrullah Khan Khattak : Mr. Speaker, Sir, I must be given time. (Interruptions).

Mr. Speaker : Is the Member on a point of personal explanation ?

Mr. Nasrullah Khan Khattak : Yes, Sir.

جناب سپیکر ۔ میں پیر صفی الدین صاحب کو کالج کے دنوں سے اور بچپن سے جانتا ہوں ۔ یہ شروع سے ہی جذباتی ہیں اور دھواندار تقریریں کیا کرتے ہیں ۔ اگرچہ میری مخالفت کرتے ہوئے انہوں نے اعتراض کیا ہے اور میری ذات پر حملہ کیا ہے ۔ تاہم میں نے ان کی ذات پر حملہ نہیں کیا ۔ میں نے صرف یہ کہا تھا کہ اس قسم کے لوگ جو B.D. کی مخالفت کرتے ہیں اور خاص طور پر پیر صفی الدین جو اس کی مخالفت کرتے ہیں ۔ ان کے والد صاحب ہماری

زندگی انہی گورنمنٹ بنچوں پر بیٹھتے رہے اور جب وہ اس اسمبلی میں تھے تو ہمیں معلوم ہے انہوں نے دیہاتیوں کی کسی قسم کی مدد نہیں کی تھی - یہ پہلی بار حکومت نے بنیادی جمہوریت کے ذریعہ ۸۵ فیصد آبادی کو براہ راست approach کیا ہے - اس کے علاوہ انہوں نے فرمایا ہے کہ 'I still say' یعنی یہ کہ بنیادی جمہوریت میں جو لوگ ہیں وہ فضول ہیں - میں کہتا ہوں کہ اگر وہ فضول ہیں تو پھر پیر صاحب ان کے ذریعہ elect ہو کر اسمبلی میں کیوں آئے ہیں -

Mr. Speaker : There would be no debated on a point of personal explanation.

مسٹر حمیداللہ خان - پوائنٹ آف آرڈر - میں پیر صاحب کو چیلنج کرتا ہوں کہ وہ ممبری سے استعفیٰ دے دیں اور میں بھی استعفیٰ دے دیتا ہوں اور اس کے بعد وہ پھر الیکشن لڑ کر آئیں -

Mr. Speaker : This is no point of order. The member may please take his seat.

SUPPLEMENTARY BUDGET STATEMENT, 1963-64

(Voting on Demands for Grants in respect of New Expenditure)

(DEMAND NO. 1)

Mr. Speaker : Now we take up Demands for Grants in respect of New Expenditure. Minister of Revenue to move Demand No. 1.

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan) : Sir, I beg to move—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 9,64,240 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of Land Revenue.

Mr. Speaker : Demand moved is :—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 9,64,240 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of Land Revenue.

Khawaja Muhammad Safdar : It is opposed.

Mr. Speaker : There is a cut motion in the name of Amir Habibullah Khan Saadi. He may please move it.

Minister of Rvenue : On a point of order. There are about 9 or 10 cut motions. Will it not be better that some time should be fixed for each cut motion ?

خواجہ محمد صفدر - اس کے متعلق میں عرض کروں گا کہ آپ ان cut motions سے گھبرائیں نہیں - ہماری تو ایک چھوٹی سی جماعت ہے -

وزیر مال - کیسی چھوٹی سی جماعت ہے جو دوسروں کو برا بھلا کہتی ہے -

خواجہ محمد صفدر - اس مطالبہ زر پر ہماری طرف سے صرف چار معزز ممبران تقریر کریں گے - اس طرح یہ تجویز بھی پیش کر دوں کہ آج چار مطالبات زر پر بحث ہو جائے اور پھر کل باقی چھ پر -

مسٹر سپیکر - یہ تو وقت پر منحصر ہے جتنی وقت کی گنجائش ہو گی اسی کے مطابق وقت دیا جائے گا -

خواجہ محمد صفدر - ہم نے اپنی تعداد کو پہلے ہی کم کر دیا ہے تاکہ اپنے خیالات کے اظہار کے لئے زیادہ وقت مل سکے -

Minister of Irrigation : How much time will you take ?

Khawaja Muhammad Safdar : We will take at least 10 minutes for each.

Mr. Speaker : For the adjustment of time, leave it to me.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqui : There are several cut motions on each demand and as such it is not necessary that each one of the cut motions should be moved separately. My suggestion is that they may be consolidated, but those who want to move the cut motions should be allowed to speak instead of moving each cut motion separately. All the movers should be allowed to speak on them as well as those other members who want to speak.

Mr. Speaker : That may be a suggestion to save the time. But according to the Rules of Procedure every cut motion has to be moved.

میاں محمد اکبر - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - بعض اصحاب نے جو cut motions دی ہیں - وہ total sum کی ہیں یعنی item as a whole کی cut motions دی ہیں جیسا کہ میں نے اس item نمبر ۱ کے لئے ایک cut motion دی ہے - اگر آپ پہلے as a whole کسی cut motion کو move کرائینگے تو اس کے بعد پھر گنجائش نہیں رہ جائیگی کہ token cut لی جائے - اس لئے میں گذارش کروں گا کہ پہلے آپ وہ cut motions لیں جو کسی item پر بطور token cuts دی گئی ہیں - اس کے لئے یہ گنجائش ہو گی کہ as a whole کوئی item لے لیں - کیونکہ اگر آپ پہلے as a whole کسی item پر voting کرا لیں گے تو پھر item-wise ممکن نہیں ہوگا -

مسٹر سپیکر - لیکن ہم نے تو cut motions کو arrange کیا ہے - ہم اسی طرح rules of procedure کے مطابق لینگے -

میاں محمد اکبر - اس بات پر غور فرمائیں کہ اگر as a whole کسی item کو پاس کر لیں گے اور اس کے جزو یا حصے کی cut motion infructuous ہو جائے گی -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - اس ضمن میں میں میاں محمد اکبر صاحب کے پوائنٹ آف آرڈر کو support کرتے ہوئے رول نمبر ۹۶ کے سب رول (۵) کا حوالہ دوں گا -

"When several motions relating to the same demand are offered they shall be discussed in order in which the Heads to which they relate appear in the Budget."

اس کی رو سے پہلے small heads کو لینا چاہئے یعنی token cuts پہلے لی جائینگی اور جو as a whole پیش کی جا رہی ہیں وہ بعد میں -

مسٹر سپیکر - یہ ایک particular item کی token cuts کے متعلق ہے -

خواجہ محمد صفدر - میں نے تو ان کے arrangement کے متعلق بات کی ہے -

Mr. Speaker : I think we will proceed according to serials and give an opportunity to Muhammad Akbar.

Now, Amir Habibullah Khan Saadi to please move his cut motion.

Amir Habib Ullah Khan Saadi (Lyallpur VII) : Sir, I beg to move :

That the total of Rs. 9,64,240 on account of 7—Land Revenue—Total New Expenditure be reduced by Rs. 9,64,239.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 9,64,240 on account of 7—Land Revenue—Total New Expenditure be reduced by Rs. 9,64,239.

امیر حبیب‌اللہ خاں سعدی - صاحب صدر - اس مطالبہ زر کے دو حصے ہیں ایک تو ٹپے داروں کے متعلق ہے یعنی appointment of staff کے لئے - اس میں -/۹۴۲۴۰ روپیہ کا مطالبہ non-recurring ہے اور -/۴۲۰۰۰ روپیہ کا مطالبہ recurring ہے - یہ مطالبہ اس بناء پر کیا گیا ہے - کہ

"In order to provide necessary training to them one Tapedar Training School has had to be opened in each of the Divisions".

"Additional Appropriation required to meet anticipated excess".

اور دوسری چیز ہے - ٹپے‌داروں کی تربیت کے لئے یہ جو نئے سکول جاری کر رہے ہیں اس پہلی شق میں ساڑھے چار لاکھ روپیہ اس کے لئے رکھا گیا ہے - تو دیکھنا یہ ہے کہ ٹپے‌داروں کو کس کام کے لیے تربیت دی جا رہی ہے - اگر ان کا کام حقیقتاً پہلے مفید ثابت ہو چکا ہے - تو پھر ایسی نئی تربیت گاہ بنانا بھی صحیح ہو سکتا ہے - وہ مثال ہے کہ تو درون درچہ کردی کہ برون خانہ آئی - جس land revenue پالیسی پر عمل کرانے کے لئے یہ نیا عملہ مقرر کیا جا رہا ہے - اس معزز ایوان میں اس کے متعلق بالکل دو اور دو چار کی طرح واضح کیا جا چکا ہے کہ یہ پالیسی غلط ہے - اس کو بدلنے کی ضرورت ہے - یہ نامنصفانہ ہے - اور اسلام کی تعلیم کے منافی ہے -

موجودہ پالیسی کے دو نکات ہیں ۔ ایک تو مالیہ اراضی کی تشخیص کا اصول ہے ۔ اس میں بنیادی نقص ہے ۔ اور جس کو یہ ٹیڑھے دار آگے چلانے کے لئے زرعی تربیت لینے جا رہے ہیں ۔ وہ یہ ہے کہ غریب سے غریب کاشتکار بھی اس مالیہ کے ٹیکس سے مستثنیٰ نہیں ہے ایک ہی ملک میں ایک ہی ملت کے افراد پر ٹیکس لگانے کے دو الگ الگ اصول ہیں ۔ کاشتکار جس کو کہ ہماری حکومت بھی ہماری وزارت بھی اور میرے اس طرف بیٹھنے والے ساتھی بھی اس ملک کی معیشت کے لئے ریڑھ کی ہڈی کہتے ہیں ۔ اس کے متعلق تو اصول یہ ہے کہ اگر اس کی آمدنی دس روپے بھی ہو تو بھی اسے مالیہ دینا پڑتا ہے ۔ لیکن اگر کوئی چھوٹا دوکاندار یا چھوٹا ملازم ہو تو اگر وہ چھ ہزار روپے تک بھی سال میں کما لے تو اس پر کوئی ٹیکس نہیں ہوتا ۔ صاحب صدر ۔ یہ اس قدر عجیب و غریب فرق رکھا گیا ہے کہ جس کے لئے کوئی جواز نہیں ہے ۔ نہ آزاد ملکوں کے قوانین میں اور نہ ہی اسلام کے نقطۂ نظر سے کہ جس کے نام پر یہ ملک قائم کیا گیا ہے ۔ ایک محترم وزیر صاحب ایک مرتبہ الارض یاللہ کہنے پر چڑ گئے تھے ۔ لیکن ان کے چڑنے سے کوئی بھی فرق نہیں پڑتا ۔ ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم قرآن کا بالکل بین، واضح اور مفید انسانیت نظام یہاں بار بار پیش کرتے رہیں ۔ ان کے کان کبھی تو کھلینگے ۔ اور ان کو یہ سمجھ لینا چاہیئے کہ خدا کی لاٹھی بے آواز ہے ۔ اسلام ، قرآن ، احادیث اور مسلمانوں کے جتنے بھی اچھے دور گذرے ہیں ۔ ان کی روایات کی بناء پر یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ زمین کاشتکار کو ملنی چاہیئے ۔ اور غیرکاشتکار مالک اراضی absentee لینڈ لارڈز کے لئے اسلام میں کوئی گنجائش نہیں ہے ۔ جو اپنے ہاتھ سے کاشت نہیں کرتے ۔ ان کا کوئی حق نہیں ہوتا کہ وہ مالک کہلاتے پھریں کیونکہ زمین کا مالک تو اللہ تعالیٰ ہے ۔ اور یہ ہمیں یہاں پر صرف چند روزہ استعمال کے لئے ملی ہے ۔ محاصل لگانے کی اس غلط پالیسی کا نتیجہ یہ ہو رہا ہے۔ کہ زرعی معیشت حقیقتاً روبہ تنزل ہے ۔ کاشتکار یہ سوچتے ہیں کہ جب چھ ہزار روپے تک کسی چھوٹے موٹے کاروبار میں کما کر ہم ٹیکس سے مستثنیٰ رہتے ہوں ۔ تو ہمیں کیا ضرورت ہے کہ ہم سال بھر خون پسینہ ایک کر کے جو سو پچاس روپے کی آمدنی ہو تو اس میں سے بھی گورنمنٹ اپنا حصہ ضرور ہی لیجائے ۔ اس کا نتیجہ یہ ہو رہا ہے کہ لوگ کھیتی سے بیزار ہو رہے ہیں ۔ اور وہ شہروں کی طرف بھاگ رہے ہیں تاکہ وہ اس ظلم سے بچ سکیں ۔

جناب والا ۔ ہماری land revenue پالیسی کا ایک شاھکار زمینوں کی تقسیم ہے ۔ وہ زمینیں جو قومی ملکیت ہیں ۔ ان کی تقسیم کچھ اس طرح کی جا رہی ہے ۔ جیسے وہ کسی فرد واحد کی ملکیت ہو ۔

Minister of Revenue : On a point of order. The distribution of land is not an issue in this Demand.

Amir Habibullah Khan Saadi : It is not included in this Demand but it is your policy which I am criticising.

Minister of Revenue : It is for the Chair to decide.

مسٹر سپیکر ۔ لیکن سعدی صاحب ۔ آپ ان مطالبات کے متعلق بحث فرمائیں جو ضمنی بجٹ میں رکھے گئے ہیں ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ جو روپیہ ٹیچر داروں کی تربیت کے لئے رکھا گیا ہے اور T. A. وغیرہ کے لئے رکھا گیا ہے ۔ وہ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ لیکن وہ تقسیم اراضی کے لئے تو نہیں ہے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ وہ اسی پالیسی کو چلانے کے لئے ہے ۔ اس کے لئے کوئی اور قانون تو نافذ نہیں کریں گے ۔ تو جناب والا ۔ میں اس تحریک تخفیف کے ذریعے حکومت کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں کہ خدا کے لئے آپ ملک کی اس عظیم آبادی کو پیش نظر رکھکر کوئی پالیسی بنائیں ۔ تب تو یہ جائز بھی ہے کہ آپ کوئی ایسی تقسیم کی پالیسی جو حقیقتاً مفید ہو ۔ اور اسلام کے مطابق ہو ۔ اور آپ اس کو چلانے کے لئے عملہ بھی رکھیں اور ان کو تربیت بھی دیں ۔

اب رہی اس مطالبۂ زر کی دوسری مد یعنی additional appropriation تو جناب والا ۔ اسمیں کوئی دس بیس ہزار روپے کا فرق نہیں ہے ۔ یہ جو T. A. کی مد ہے ۔ اس میں -/۷,۶۵,۷۴۴ روپے کا اندازہ تھا ۔ اور اگر اس میں دس بیس ہزار روپے کی غلطی ہوتی تو چلئے ٹھیک بھی تھا ۔ اور ہم سمجھتے کہ واقعی معمولی سی کسر رہ گئی ہے ۔ لیکن یہاں تو اچانک ساڑھے چار لاکھ روپے کی ضرورت پڑ گئی ہے ۔ اور سمجھ نہیں آتی کہ یہ اس T. A. کے لئے کس طرح مطالبہ کرنے کا حق رکھتے ہیں ۔ میں پھر یہی کہونگا کہ یہ T. A. اس غلط پالیسی پر خرچ ہو رہا ہے کہ آپ ایک دن نیلام کے لئے مقرر کرتے ہیں ۔ تو افسر بھاگے ہوئے جاتے ہیں ۔ وہاں بنگلوں میں ٹھہرتے ہیں ۔ اور چونکہ دور دراز علاقوں میں جاتے ہیں ۔ اس لئے وہ اپنا T. A. وغیرہ بھی لیتے ہیں ۔ پھر وہ اس تاریخ کو ملتوی کر کے واپس آجاتے ہیں کہ فی الحال یہ نیلام روک دیا

گیا ہے ۔ لیکن آپ نے کوئی پالیسی ہی نہیں بنائی کہ یہ زمینیں کس طرح کاشتکاروں میں تقسیم ہوں ۔ اس لئے میں یہ گذارش کرونگا کہ یہ کوئی ایسی ضرورتیں نہیں ہیں جن کے لئے وہ حقیقتاً اپنے منہ پر ہاتھ رکھ کر دیانتداری سے کہہ دیں کہ ہم صحیح کام کر رہے ہیں ۔ اس لئے ہمیں یہ گرانٹ دیں ۔

یہ ٹھیک ہے کہ یہ چند روزہ حکومت ان کے ہاتھ میں ہے لیکن اس کے لئے انہیں ایک دن اللہ تعالیٰ کے سامنے جوابدہ ہونا ہوگا اور رائے عامہ کے سامنے بھی انہیں جوابدہ ہونا ہوگا ۔

Mr. Speaker : Next cut motion is in the name of Haji Abdul Majid Jatoi. He may please move it.

Haji Abdul Majid Jatoi : Sir I move—

That the total of Rs. 9,64,240 on account of 7—Land Revenue—Total New Expenditure be reduced by Rs. 9,64,239.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

That the total of Rs. 9,64,240 on account of 7—Land Revenue—Total New Expenditure be reduced by Rs. 9,64,239.

حاجی عبدالمجید جتوئی (دادو-۱) صاحب سپیکر ۔ میری عرض یہ ہے کہ یہ حکومت دفتروں کیلئے خرچ کر رہی ہے ۔ پانچ سو پٹواری زیادہ مقرر کر رہے ہیں ۔

جناب والا۔ ہم سے وزیر صاحب نے فرمایا تھا کہ پنجاب میں جو قانون ہے اسی کے حساب سے لینڈ ریونیو لیا جائے گا اور مجھے بتایا گیا تھا کہ ہمارے لئے بھی وہی قانون ہوگا لیکن کچھ نہیں ہو رہا ہے پتہ نہیں کہ منسٹر صاحب آرڈر نکالتے ہیں یا نہیں تو وہ دفتر سے باہر جاتا ہے یا نہیں ۔ دفتر والے ایسے ہیں کہ وہ foreign games arrange کر رہے ہیں اور دفتر میں کچھ کام نہیں ہوتا ہے ۔ کام والا جو آفیسر مسٹر لغاری ہے وہ مہینے میں ۱۵-۱۵ دن سندھ میں گذارتا ہے اور غریبوں کی سنتا ہے ۔

دوسری میری عرض یہ ہے کہ گدوبیراج کی زمین کیلئے لیڈر آف دی ہاؤس اور ہمارے وزیر صاحب نے فرمایا تھا کہ ہم غور کریں گے اس کے لئے ایک کمیٹی مقرر کریں گے اور وہ کمیٹی فیصلہ کریگی کہ کن کن لوکل آدمیوں کو وہ زمین دیجائے ۔ وہ کمیٹی مقرر ہوئی یا نہیں ہوئی اس پر action ہوا یا نہیں ہوا ابھی تک کچھ پتہ نہیں اور وہاں زمینوں کا اسی طریقہ سے نیلام ہو رہا ہے ۔ دفتروں کا کام یوں ہی چل رہا ہے ۔ منسٹر صاحب بیچارے کچھ نہیں کر سکتے ۔

تیسرے غلام محمد بیراج کی زمین میں ٹیوب ویل لگانے کی سکیم تھی اور کہا گیا تھا کہ اس کام کیلئے غور کیا جائیگا لیکن ابھی تک کچھ غور نہیں ہوا وہاں زیادہ سے زیادہ زمین خراب ہو رہی ہے اور آدمی وہاں کی زمین چھوڑ رہے ہیں ایسٹ پاکستان والے لوگ بھی اسی لئے زمین چھوڑ کر واپس چلے گئے -

ہماری قحط سالی کے جو سیکرٹری صاحب ہیں وہ حیدر آباد گئے اور وہاں جا کر انہیں نے کہدیا کہ کچھ قحط نہیں ہے سب ٹھیک ہے لیکن وہاں لوگ بھوکے مر رہے ہیں ہمارے دادو ضلع میں لوگ پریشان ہیں مگر کوئی نہیں سنتا اسلئے میں عرض کر رہا ہوں کہ ہمارے چھوٹے صوبے سے آنکھیں بند نہ کرو انکے لئے کچھ کرو - سیکرٹری صاحبان ہیں وہ چھوٹے صوبوں کے گلے کاٹ رہے ہیں انکا گلا نہ کاٹو انکا کام کرو -

جناب والا - لینڈ ریونیو ایکٹ ایک بنایا جائے اس وقت پنجاب کا لینڈ ریونیو الگ ہے اور سندھ کا الگ ہے - لینڈ ریکارڈ ایکٹ ایک بنایا جائے پنجاب کا الگ ہے اور سندھ کا الگ ہے - ہم دو تین برس سے کہہ رہے ہیں تو ہر سال کہتے ہیں کہ ہم آرڈر کر رہے ہیں - ہم کہتے ہیں کہ honest آدمی ریونیو سیکرٹری مقرر کرو تو نہیں سنتے انکو foreign games arrange کرنے سے فرصت نہیں ملتی - اگر ریونیو سیکرٹری کوئی اچھا آدمی ہو کوئی کام کرنیوالا آدمی ہو تو وہ چھوٹے صوبے پر نظر ڈالے -

۱۳۰ لوکل سندھی فیملی ایسے ہیں جنکی زمین سیم کیوجہ سے خراب ہوگئی تھی ریونیو بورڈ نے فیصلہ کر کے انکو زمین دی مگر آج تک اسکا possession نہیں ملا ہے وہ بھوکے مر رہے ہیں - وزیر صاحب کے سامنے سیکرٹری صاحب کے سامنے جب کہو تو وہ سنتے ہی نہیں اور ہماری کوئی سننے والا نہیں ہے - ہم کہتے ہیں کہ چھوٹے صوبوں پر رحم کرو اگر ون یونٹ بنایا ہے تو سب کے ساتھ یکساں قانون بناؤ اور سب کے لئے ایک قانون رکھو - (قطع کلامیاں) مجھے افسوس ہے کہ خوشامدی بیٹھے ہیں اور خوشامد کر رہے ہیں - ہم اپنے سندھ کے لئے کہے جائیں گے کہ انکے ساتھ انصاف نہیں ہو رہا ہے تم ظلم کئے جاؤ تم خوشامد کئے جاؤ مگر ہم نہیں خوشامد کریں گے - مجھے افسوس ہے کہ ہم لوگ اپنے صوبے کی تکلیفیں بتا رہے ہیں اور لوگ ہنس رہے ہیں - تم ہنسے جاؤ - خدا دیکھ رہا ہے تم کو خدا کے سامنے جانا ہے اور خدا کے سامنے جواب دینا ہے -

ہمارے یہاں سارے سی ۔ایس ۔پی افسروں کو بھیجا گیا ہے ۔ جب ان سے کوئی بات کہو تو وہ سندھی نہیں جانتے ہیں وہ اردو بولتے ہیں ۔ ان سے جب یہ کہتے ہیں کہ چاول کی فصل خراب ہو رہی ہے چلکر دیکھئے بہت نقصان ہو رہا ہے تو وہ کہہ دیتے ہیں ہم نہیں جانتے کچھ نقصان نہیں ہو رہا ہے ۔ کاٹن والوں سے کہو کہ کاٹن میں کیڑے لگ گئے ہیں چل کر دیکھئے تو وہ کہتے ہیں ہم نہیں چلیں گے ہم نہیں دیکھیں گے اگر انکے دل میں درد ہو تو وہ کسی کی شکایت سنیں ۔ سب سی ۔ایس ۔پی آفیسرز باہر سے آئے ہیں، انکو کیا پتہ ہے مریں یا بچیں انکو کیا وہ تو اپنی تنخواہ لے رہے ہیں ۔ وہ کیوں کسی کی سنیں ۔ اسلئے میں عرض کرونگا کہ چھوٹے صوبوں پر مہربانی کرو لینڈ ریونیو کم کرو لینڈ ریونیو کافی زیادہ ہے ۔ جناب والا ۔ میں مثال دیتا ہوں آپ دیکھیں گے کہ rice کینال چلتی ہے اور سال میں چھ مہینے چلتی ہے اور چھ مہینے بند رہتی ہے اس کینال سے جب ہم گنے کیلئے پانی لیتے ہیں تو ہم سے ۲۰ روپے آبیانہ لیا جاتا ہے ۔ آپ جب چھ مہینے پانی دیتے ہیں تو پھر ۲۰ روپے آبیانہ کیوں لیتے ہیں اور ۲۰ روپے کیوں چارج کرتے ہیں لیکن کوئی سننے والا نہیں ہے ۔ منسٹر صاحب مجبور ہیں وہ کچھ نہیں کر سکتے ۔ سیکرٹری صاحب ریونیو کے یہ ستم ہم سندھیوں پر ہو رہے ہیں کہ دس روپے کے بجائے ۲۰ روپے آبیانہ چارج ہوتا ہے ۔

جناب ہم نے کہا کہ دادو ڈسٹرکٹ میں ٹیوب ویل دو۔ ہمارے ہاں پانی نہیں ۔کینال نہیں تو اسکے لئے کہا کہ سیٹنگ ہو رہی ہے لیکن آج تک کچھ نہیں ہوا کوئی سننے والا نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ جتوئی صاحب جنرل ڈسکشن نہیں ہے آپ اس particular item کے متعلق فرمائیں ۔

حاجی عبدالمجید جتوئی ۔ جناب سپیکر ۔ میں ڈیمانڈ پر بول رہا ہوں کہ اتنا روپیہ آپ خرچ کر رہے ہیں اور کام کچھ نہیں ہو رہا ہے ۔

Mr. Speaker : Next cut motion is from Mr. Iftikhar Ahmed Khan. He is absent and the motion lapses.

Next motion is from Mr. Hanif Siddiqi, who may move it.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : Sir I beg to move—

That the total of Rs. 9,64,240 on account of 7—Land Revenue—Total New Expenditure be reduced by Rs. 9,64,239.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

That the total of Rs. 9,64,240 on account of 7—Land Revenue—Total New Expenditure be reduced by Rs. 9,64,239.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi (Larkana I) : Mr. Speaker Sir, I wish to take advantage of this opportunity to call your attention and the attention of the Government to certain problems of my region, that is to say, of Khairpur and Hyderabad Divisions. I have no intention of creating embarrassment for the Government or putting them in difficulties, but the problems, which I have in mind and which I wish to discuss before you, are of vital importance. They have been exercising the minds of the people of Sind for several years and it is high time that some solution was found for these problems. I don't want to be so unreasonable as to say that nothing has been done by the Government or nothing is being done for Sind. I particularly appreciate the attitude of the Leader of the House who has always been sympathetic to the problems of our area. He is the one man in the Cabinet who has admitted from time to time that Sind is a backward area and it needs development. I appreciate the appointment of five hundred Tapedars because it means a change in the Government policy. It shows that the Government is prepared to accept some of our demands to some extent at least.

Now, I would like to say something about the system of survey numbers in Sind are not of uniform area. A.S.N. may measure anything from 1 to 100 acres. The practice in Sind up to this time has been that if only one acre is under cultivation or one hundred acres are under cultivation the entire survey number is subjected to land revenue. We have been crying for the last eight years that this should be changed because in Punjab and other areas of West Pakistan, land revenue is charged on the actual area under cultivation. Now, this appointment of Tapedars means that there is going to be a change in the right direction. I would make one concrete suggestion and a constructive proposal. If you realise that our demand is just then it means we have been paying more tax than it was due from us during the last eight years. It has been estimated that at least 25% of the area taxed usually remain uncultivated. That is to say, we have been paying 25% more land revenue than was actually due from us. This has been going on for the last eight years. This means every cultivator and every zamindar has paid at least two years' land revenue in excess of what was due from him. Therefore, I suggest that in order to compensate them you should at least give them one year's tax holiday in Sind. This tax holiday should be given to them for one year for the excess amount of land revenue which they have been paying during the last eight years, because if you had taken a decision earlier then these people would not have paid the excess land revenue. I hope that these five hundred Tapedars will be recruited from Sind and it will not be said that Tapedars were not available in Sind, and therefore, they had to be imported from outside.

Another problem to which I wish to draw your attention is about the land revenue itself. We have been crying for the last eight years that we have been paying more land revenue than other parts of West Pakistan and the Revenue Minister has always been telling us that we have got a rebate of 25%. I would submit that it is no rebate. If he only knew the background of it the Minister would have been convinced that it is no favour to us. Today, we are paying the same land revenue that we were paying in 1955. We have been continuously crying that we are paying more land revenue. The Government instead reducing our land revenue imposed an additional land revenue of 25% but it was never intended to be recovered from Sind. It was meant for other areas. Therefore, it is no favour to us and it has never been recovered from us. From the speeches and references made by the Revenue Minister it would appear as if this were a special rebate given to us.

میاں محمد اکبر - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - میں آپکی توجہ اس امر کی طرف مبذول کراتا ہوں کہ ہاؤس میں سے وزراء صاحبان باہر چلے گئے ہیں وہ ہماری باتیں کیوں نہیں سنتے نہ وزیر مال ہیں نہ وزیر زراعت -

میاں محمد شریف (پارلیمنٹری سیکرٹری)- ہم سن رہے ہیں میاں صاحب -

مسٹر سپیکر - وہ میری اجازت سے باہر گئے تھے - میاں اکبر صاحب آپ تشریف رکھیں -

میاں محمد اکبر - کیا اس محکمے کا انہوں نے ٹھیکہ لیا ہوا ہے اپنا کام تو ان سے سنبھالا نہیں جاتا -

Mr. Speaker : That is not proper. Has the member taken the permission of the Chair ? He should please take his seat.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : Sir, I would earnestly request the Government to take an immediate decision in this matter. Even if they take an adverse decision we would be satisfied but we don't want to remain in suspense. If the Government comes to the conclusion that we are not paying land revenue in excess even then we would be satisfied but they should decide it one way or the other without any further delay.

One more question to which I wish to draw the attention of the Government is about the allotment of barrage lands. You will remember, Sir, when the main budget was introduced, the auctions were being held at that time. We had objected to the disposal of lands by auction. We had also requested the Government to revise the policy of allotments that was being pursued and in pursuance of that request a Committee was appointed by this House to re-consider the question and to frame a new policy. I am sorry to say that not a single meeting of that Committee has so far been held. The Government did not have even the courtesy to tell us as to why the meetings could not be held or whether the matter was entirely dropped. Therefore, I would request the Leader of the House particularly to make a statement on this question and tell us whether the meetings of the Committee will be held and whether that question would be pursued or not.

One more point I want to make before I take my seat and that is about expenditure. We have been told from time to time, even statements have recently been issued on behalf of the Government that we are getting more than our due. On papers the figures, no doubt, look formidable but I can easily prove to you that we are not getting a single pie more than is due to us. I don't want to go into that controversy but our objection is that whatever we are getting, 75% of it is being diverted to colonization areas and schemes that are not regional but are Provincial. Therefore, not more than 25% of the allotment made to us is spent for the benefit of the people residing in that area. The result is that our education has been neglected, our roads are neglected and our health has been neglected. I would make bold to say that during the last two years not a single school has been opened, not one roads has been built and not a single hospital has been established. Still we are told that we are getting much more than what is due to us.

One last word I want to add for the consideration of the Government and that is with regard to the new problems which have cropped up recently and should be immediately attended to otherwise there would be lot of agitation and it would become very difficult to suppress it. One is the question of salaries of the teachers and the other is the removal of chaprasis. I hope Government will take a note of this and will take some concrete decision within the near future on these two points.

Mr. Speaker : Next motion is by Allama Rehmat Ullah Arshad and, I think, the member is not pressing it.

Allama Rehmatullah Arshad : Yes, Sir. I don't want to press for it.

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

Next is from Raja Allah Dad Khan. He may please move his motion.

Raja Allah Dad Khan (Rawalpindi I) : Sir, I beg to move—

That the total of Rs. 9,64,249 on account of 7—Land Revenue—Total New Expenditure be reduced by Rs. 9,64,239.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

That the total of Rs. 9,64,240 on account of 7—Land Revenue—Total New Expenditure be reduced by Rs. 9,64,239.

مسٹر اللہ داد خان (راولپنڈی - ۱) - صدر محترم- ۱۵ اگست ۱۹۴۷ سے یعنی جب سے پاکستان بنا ہے - اس کے بعد مہاجرین کی آمد - مہاجرین کی الاٹمنٹ کا کام - موروثی مزارعین کو مالک بنانا - شریعت ایکٹ پر عمل درآمد کرنا - اگریرین ریفارم کا نافذ ہونا یہ ایسی چیزیں تھیں جس سے پٹواریوں کا کام بہت ہی زیادہ ہو گیا جو کہ انسان اس کو سر انجام دینے سے قاصر تھا - حکومت نے یہ خیال نہیں کیا کہ ان کی علاقہ بندی ذرا تنگ کر دیں اور ان کو کچھ اور سہولتیں بہم پہنچائیں - یہ کام اتنے وسیع پیمانے پر ہو گیا کہ ان کو فرصت ہی کہاں تھی - مہینے میں قریباً ۲۹ دن پٹواریوں کو تحصیل میں بیٹھے رہنا پڑتا ہے - جناب والا - باہر زمینوں پر جا کر ان کو گرداوری بھی کرنی ہے اور تصدیق جمعبندی بھی کرنی ہے یا زمینداروں کے حالات بھی دریافت کرنے ہیں اور میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں اور تمام ہاؤس اس بات کی تصدیق کرے گا کہ کوئی پٹواری جو ہزاروں میں سے ایک ہوگا جو کہ اپنے حلقہ میں رہتا ہوگا کیونکہ آئے دن چٹھیاں آتی ہیں ان کے جوابات دینے پڑتے ہیں - آئے دن نئے نئے نقشے بنانے پڑتے ہیں جو حکومت کو پہنچانے پڑتے ہیں - اس میں میں پٹواری کو چنداں قصوروار نہیں سمجھتا ہوں اس میں قصور جو ہے وہ حکومت کا بھی ہے - اس کو سوچنا چاہئے تھا کہ ہم جب کام اتنا زیادہ دے رہے ہیں تو پھر حلقہ بھی ذرا تنگ کریں - حلقے تو بدستور وہی ہیں -

اس کے علاوہ میں عرض کرتا ہوں کیونکہ سچی باتیں ذرا تلخ ہوتی ہیں - یہ حکام کے دورے جب کبھی یہ بھول کر چلے جائیں تو وہ تمام اخراجات جو

ھیں وہ پٹواریوں کو ھی کرنے پڑتے ھیں ۔ (شیم شیم کی آوازیں) جو افسران وھاں تعینات ھوتے ھیں یعنی تحصیل‌دار جو ھوتا ھے اس کی زیادہ سے زیادہ تنخواہ ۲۰۰ روپیہ سے شروع ھوتی ھے کیونکہ میں خود بھی تحصیل‌دار رھا ھوں ۔ تین سو یا چار سو روپیہ باقی حکام ھیں ان کی تنخواہ ھوتی ھے ۔ انہوں نے یہ عادت پکڑ لی ھے کہ ھر شہر میں سیٹلائٹ ٹاون بنتے ھیں اور اس سیٹلائٹ ٹاون میں وہ کوئی نہ کوئی پلاٹ لے لیتے ھیں ۔ حکام کا یہ اکثر رویہ ھو چکا ھے جہاں بھی جائیں خواہ وہ انبالہ کے رھنے والے ھوں خواہ وہ ملتان کے رھنے والے ھوں راولپنڈی میں انہوں نے کوٹھی ضرور بنانی ھوتی ھے ۔ کوٹھی بنانے کے وقت انسان کے دماغ میں ساری چیزوں کا اتنا بوجھ پڑتا ھے کہ وہ تمام رات سوتے وقت سوچتا ھے کہ سیمنٹ نہیں ھے ۔ لکڑی نہیں ھے ۔ اینٹیں نہیں ھیں ۔ سریا نہیں ھے ۔ یہ ساری چیزیں اکٹھی کرتے وقت دن کو بھی کچہری میں بیٹھا ھوا سوچتا ھے اور پھر چپڑاسی کو کہتا ھے کہ سیمنٹ کا بندوبست کر ۔ دوسرے محرر کو کہتا ھے کہ اس چیز کا بندوبست کرو ۔ یہ ایسی چیزیں ھیں کہ وہ حکومت سے بھی تنخواہ لیتا ھوا کام نہیں کرتا اور بیٹھا ھوا اپنی کوٹھی بنانے کے متعلق سوچتا رھتا ھے ۔ پٹواری ، قانون‌گو اور دوسرے تیسرے بھی اس کام کی دھن میں لگے رھتے ھیں ۔ اب دو سو تنخواہ لینے والا یا تین سو تنخواہ لینے والا شخص سیٹلائٹ ٹاون میں ایک کوٹھی بنائے جس پر تین لاکھ روپیہ خرچ آیا ھو اور وہ پندرہ یا سولہ سو ماھوار کرایہ لے حکومت کو اس کے متعلق اتنا بھی پتہ نہیں چلتا کہ اس کے پاس روپیہ کہاں سے آیا ھے ۔ یہ بھی ایک تماشا بنا ھوا ھے ۔ جناب والا ۔ یہ حکومت کا فرض ھے کہ وہ دیکھے کہ یہ شخص جو یہاں تحصیل‌دار لگا ھوا ھے یا ای ۔ اے ۔ سی لگا ھوا ھے اور یہ کوٹھی بنا رھا ھے حکومت کو یہ تو چاھئے کہ اس سے پوچھے ۔ باقی پبلک تو دیکھتی ھے اور محسوس کرتی ھے دیکھئے یہ کیا اندھیر کھاتہ ھے ۔ وہ کہتے ھیں کہ ھم تحصیل‌دار کو معاملہ دینے کیلئے آئے ھیں حکم لینے کیلئے نہیں آئے ھیں کہ اینٹیں اکٹھی کریں اور سیمنٹ لائیں ۔ تو جناب والا ۔ ایسی چیزیں جو ھیں وہ میں حکومت کے نوٹس میں لانا چاھتا ھوں ۔

اب اس کے بعد میں عرض کرتا ھوں کہ پٹواری جو ھیں وہ محکمہ مال کی ریڑھ کی ھڈی ھیں ۔ محکمہ مال میں پٹواری بھی بہت کچھ کر سکتا ھے وہ گھر بیٹھے کسی کی مزروعہ زمین کو بنجر لکھ سکتا ھے اور دوسرے کی بنجر زمین کو مزروعہ لکھ سکتا ھے ۔ اس لئے پٹواریوں کے ھاتھ میں زمینداروں کی زندگی کا انحصار ھے ۔

جناب والا ۔ پٹواریوں کیلئے پہلے ترقی کی سبیلیں ہوا کرتی تھیں ۔ پہلے مڈل پاس یا لکھنے پڑھنے والے کو پٹواری کر دیا جاتا تھا ۔ کل ریونیو منسٹر صاحب نے ارشاد فرمایا تھا کہ تعمیری باتیں ہونی چاہئیں تو میں عرض کروں گا کہ پٹواریوں کی تعلیم کا سٹینڈرڈ مقرر کیا جائے۔ جس وقت پٹواری لئے جائیں سب سے پہلے اسی ضلع میں سے لئے جائیں ۔ کسی ملازم کا رشتہ‌دار نہ ہو ۔ اسی ضلع کا ہو دیہاتیوں میں سے ہو اور جو کہ زمیندار ہو جن کی زمینیں ہیں ان کے لڑکے لئے جائیں اور میٹرک تک تعلیم کا سینڈرڈ رکھا جائے اور ان کو باقاعدہ ۶ مہینے کی بجائے ایک سال کی ٹریننگ دی جائے۔ جب وہ ٹریننگ حاصل کر لیں تو ان کو پٹواری لگایا جائے اور ان میں سے اچھا کام کرنے والے کو جو لائق ہوں پانچ سال کے عرصہ کے بعد ان کو نائب تحصیل‌دار ، تحصیل‌دار حتیٰ کہ ای ۔ اے ۔ سی کے لئے موزوں سمجھا جائے تو ای ۔ اے ۔ سی کے طور پر ترقی دی جائے۔ باقاعدہ وہ کیڈر میں شامل ہو ان پر ذمہ‌داری عائد ہو تاکہ وہ رشوت نہ لیں ۔ یہ ٹھیک ہے کہ پڑھائی بھی ہونی چاہئے ۔ لیکن تجربہ جو ہے اور پانچ چھ سال چکی میں پس کر جو آگے آئے گا وہ قابل ترین افسر بنے گا ۔ میں دعویٰ سے عرض کرتا ہوں کہ پٹواری ایسے بھی ہیں جو ڈپٹی کمشنر سے قابل ہیں یعنی مال کے محکمہ میں ڈپٹی کمشنر سے قابل ہیں۔ جب انتقال ڈپٹی کمشنر صاحب لکھنے بیٹھتے ہیں تو پٹواری ساتھ ہی ساتھ لقمہ دیتے جاتے ہیں ۔ اس لئے پٹواریوں کے گریڈ میں ترقی ہو ۔ ان کی ملازمتیں بھی مستقل ہوں ان کے آئندہ فائدے کی چیزیں ہوں تو ان پٹواریوں میں بھی بڑے بڑے قابل آدمی نکل سکتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Next cut motion is in the name of Mr. Hamza. As the Member is not present, the motion lapses. Next comes that of Haji Mir Muhammad Bux Talpur. He may please move it.

Haji Mir Muhammad Bux Talpur (Tharparkar IV) : Sir, I move —

That the total of Rs. 9,64,240 on account of 7—Land Revenue—Total New Expenditure be reduced by Rs. 9,64,239.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

That the total of Rs. 9,64,240 on account of 7—Land Revenue—Total New Expenditure be reduced by Rs. 9,64,239.

حاجی میر محمد بخش تالپور (تھرپارکر ۔ ۴) ۔ صاحب صدر ۔ میری اس cut motion کا مقصد یہ ہے کہ میں حکومت کی خدمت میں اپنی اور اپنے علاقے کی تکالیف پیش کروں ۔

وزیر ریلوے ۔ جناب میاں اکبر صاحب کو روکیں ۔ وہ آپوزیشن کے ممبران کو ایک دم باہر لے گئے ہیں ۔

حاجی میر محمد بخش تالپور - جناب والا - عرض یہ ہے کہ one unit بننے کے بعد unification of laws کی بڑی ضرورت رہی ہے - اس کے لئے ہم مدت سے یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ اور کچھ نہیں تو کم از کم سابق صوبہ پنجاب کے land revenue کے codes اور rules کو سندھ میں بھی apply کیا جائے - لیکن اس کے بدلے میں ہمیں court of wards کے قواعد کے تحت رکھا گیا ہے جو بڑی شرم کی بات ہے - لہذا گذارش یہ ہے کہ پنجاب کے اچھے اچھے land revenue کے rules ہمارے ہاں بھی نافذ کئے جائیں -

مسٹر سپیکر - تالپور صاحب آپ نے ۵۰۰ تپیداروں کے متعلق جو تحریک کی ہے اس کے متعلق بھی کچھ فرمائیں -

حاجی میر محمد بخش تالپور - جناب والا - میں land revenue کے متعلق عرض کر رہا ہوں -

Collection of Land Revenue and Land Revenue.

مسٹر سپیکر - مہربانی کر کے جس چیز کے متعلق یہ رقم مانگی گئی ہے اس سلسلے میں بھی کچھ فرمائیں -

حاجی میر محمد بخش تالپور - جناب والا - عرض یہ ہے کہ تپیدار land revenue کی وصولی کرتے ہیں اور اس کی فراہمی کا دارو مدار انہی پر ہے - ایک طرف تو ان کو بالکل نظر انداز کیا گیا ہے اور دوسری طرف ان کو اتنے اختیارات دئے گئے ہیں جن کی وجہ سے لوگوں کو بہت زیادہ تکلیف ہوتی ہے - دراصل اس کے دونوں پہلو ہیں - جہاں تک تپیداروں یا پٹواریوں کا تعلق ہے ان کے scales of pay بہت low ہیں - ان کا معیار تعلیم بہت پست ہے - ان کے رہنے کیلئے کوئی جگہ نہیں - allowance جو معمولی سا ملتا ہے اس سے ان کا گذارہ نہیں ہوتا - لامحالہ انہیں رشوت پر گذارہ کرنا پڑتا ہے اور پھر جب کوئی تپیدار رشوت لینا شروع کرتا ہے تو اسے چاہئے کہ اتنی رشوت لے جس سے اس کا گذارہ ہو سکے - نہیں جب وہ اس کا عادی ہو جائے تو پھر وہ ہزاروں اور لاکھوں میں پڑ جاتا ہے - تو گذارش یہ ہے کہ ایک طرف اس کا standard بہتر بنانے کے لئے اسے اچھی تنخواہ دیں اور دوسری طرف اس سے اچھا کام بھی لیں اور اس پر restrictions بھی لگائیں - مثلاً عام طور یہ شکایت ہوتی ہے کہ تپیدار land revenue کے بل اول تو دیتا ہی نہیں - اور اگر دیتا ہے تو وہ وقت پر نہیں دیتا - اس کے متعلق کوئی خاص سرکلر جاری کیا جانا چاہئے تاکہ

زمینداروں کو وقت پر بل مل جائیں اور وہ مناسب وقت کے اندر land revenue جمع کرا سکیں ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ تپیدار کے پاس record of rights ہوتا ہے ۔ اس کے متعلق بھی لوگوں کو بڑی تکالیف کا سامنا ہے ۔ اس سے بچنے کے لئے ضروری ہے کہ revenue officers اپنے تپیداروں سے ہر پندرہ دن کے بعد ایک رپورٹ لیا کریں اور دیکھیں کہ ان کے علاقے کے record of rights میں کیا changes ہوئی ہیں ۔ اس سے ایک فائدہ تو یہ ہوگا کہ وہ باخبر رہیں گے اور دوسرے یہ کہ انہیں یہ پتہ چلتا رہیگا کہ یہ کام باقاعدگی سے ہو رہا ہے یا نہیں ۔

جناب والا ۔ land revenue کے متعلق عرض یہ ہے کہ میرے علاقے میں 3rd desert declare ہوا ہے اور district famine relief committee نے یہ سفارش کی ہے کہ وہاں لوگوں سے land revenue نہ لیا جائے لیکن تا حال اس کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا ۔ لہذا میری گذارش ہے کہ آپ فوراً Board of Revenue سے یہ حکم نکلوائیں کہ جب تک اس کے متعلق فیصلہ نہ ہو جائے اس وقت تک وہاں land revenue وصول نہ کیا جائے ۔ مجھے امید ہے کہ جناب وزیر مال اگر مجھے ان باتوں کے متعلق مطمئن کر دیں تو میں اسے واپس لے لوں گا ۔

Mr. Speaker : Will the Minister of Revenue like to reply to the debate on these cut motions at this stage or at the end ?

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan) : Before the Demand is put to the House.

Khan Ajoon Khan Jadoon : I want to speak on this cut motion.

میاں محمد اکبر ۔ On a Point of Order Sir.

جناب والا ۔ میری گذارش یہ ہے کہ آپ پہلے ان ممبران کو موقع دیں جنہوں نے cut motions دی ہوئی ہیں ۔ ان کے بعد اگر آپ مناسب سمجھیں تو جتنے معزز ممبران کو بھی موقع دیں کوئی حرج نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ جتنی cut motions پیش ہو چکی ہیں چونکہ وہ identical تھیں اور ان سے متعلق ایک motion پیش ہونی ہے اس لئے میں نے ان کے movers کو موقع دیا ہے ۔ اس کے بعد آپ کی cut motion لی جائیگی ۔

خان اجون خان جدون (مردان ۔ ۴) ۔ جناب والا ۔ اس cut motion میں یہ discuss کرنا ہے کہ corruption and mal-administration جہانتک corruption کا تعلق ہے اس problem کا تعلق صرف اسی محکمہ سے نہیں بلکہ یہ تو ہمارے سارے ملک کا مسئلہ بن چکا ہے ۔ اور اس کا تعلق زیادہ تر اور

مجموعی طور پر ہمارے اخلاق سے ہے ۔ اس کیلئے میری تجویز یہ ہے کہ جہانتک اسے محکمانہ طور پر دور کرنے کا تعلق ہے ۔ اس کے لئے محکمانہ ذرائع اختیار کئے جائیں ۔ لیکن مجموعی طور پر اور قومی نقطہ نظر سے ہمیں اپنا اخلاق درست کرنے کی ضرورت ہے ۔

جہانتک mal-administration کا سوال ہے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ یہ محکمہ اس کی ایک بد ترین مثال ہے ۔ کیونکہ پٹواری ، گرداور اور تحصیلداروں نے تو کھلم کھلا طور پر لوٹ کھسوٹ مچا رکھی ہے جس کی مثال کسی دوسرے محکمے میں نہیں ملتی ۔ لہذا اس امر کی طرف محکمے کی وزارت اور سیکریٹریٹ کو خاص توجہ دینی چاہئے ۔

جناب والا ۔ اب میں جناب وزیر مال کی توجہ ایک اور اہم چیز کی طرف دلاتا ہوں۔ اور وہ ہے record of rights اس کی حالت اتنی ناگفتہ بہ ہے کہ مجھے دیگر علاقوں کے متعلق تو علم نہیں ۔ لیکن جہاں تک تحصیل صوابی کا تعلق ہے اس کی حالت دیکھ کر رونا آتا ہے ۔ وہ ۱۸۷۸ء اور ۱۸۹۱ء کے record of rights اتنا بڑا محکمہ اور اتنا عملہ ۔ میں حیران ہوں کہ آخر یہ پٹواری اور گرداور کرتے کیا ہیں ۔ معلوم ہوتا ہے کہ سوائے رشوت لینے کے ان کا اور کوئی کام ہی نہیں ۔ لہذا میں خاص طور پر ان کی توجہ اس کی طرف دلاتا ہوں اور مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ record of rights کی درستی کی طرف پوری توجہ فرمائیں ۔ اس کے متعلق سخت احکام جاری کریں بلکہ سارے اضلاع میں یہ احکام جاری کریں کہ record of rights از سر نو مرتب کئے جائیں ۔ ان کیلئے تاریخ مقرر کریں تاکہ وقت میں کام مکمل ہو اور اسے باقاعدہ طور پر وقتاً فوقتاً check کیا کریں ۔ چونکہ آپ نے ایسا طریقہ اختیار نہیں کیا اس لئے آپ اس کام کو پایہ تکمیل تک نہیں پہنچا سکے ۔

Mr. Speaker : The matters which were proposed to be discussed in the cut motions so far moved were identical. Therefore I will put one question in respect of all these motions.

Khawaja Muhammad Safdar : In that case, I would again submit most respectfully, the cut motion of Mian Akbar will not be in order. Let him move his cut motion and then you can put the questions.

Mr. Speaker : Alright, let Mian Akbar move his cut motion.

Mian Muhammad Akbar : Mr. Speaker, I move—

"That the item of Rs. 5,12,240 on account of E—Land Records—E (2)—District Charges—Total Item (1)—(Recurring and Non-recurring) be reduced by Rs. 100.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

"That the item of Rs. 5,12,240 on account of E—Land Records—E (2)—District

Charges—Total Item (1)—(Recurring and Non-recurring) be reduced by Rs. 100

Yes, Mian Akbar.

میاں محمد اکبر (گجرات۔۱) جناب والا۔ یہ رقم supplementary budget میں اس لئے رکھی گئی ہے کہ خیرپور اور حیدر آباد ڈویژن میں ۵۰۰ تپیداروں کا اضافہ کیا جائے ۔ ہمارے ہاں تپیدار کو پٹواری کہتے ہیں ۔ یہ صرف نام کی تبدیلی ہے ورنہ یہ پٹواری ہی ہوتا ہے ۔

جناب والا ۔ مجھے یہ تسلیم ہے کہ یہ سولھویں صدی کی ایک بڑی خطرناک ایجاد ہے جسے پٹواری کہا جاتا ہے ۔ اور راجہ ٹوڈرمل سے لے کر ہمارے خان پیر محمد خان صاحب تک کوئی ایسا وزیر مال نہیں آیا جو اس پری کو آج تک شیشے میں اتار سکا ہو ۔ رشوت تو یہ شیر مادر کی طرح لیتا ہے۔ لیکن جناب والا۔ آج نہ تو میں ان کے کردار کو اس معزز ایوان کے سامنے defend کرنے کیلئے کھڑا ہوا ہوں اور نہ ہی اس پر بحث کرونگا ۔ میں تو مسئلہ کے اس پہلو کی طرف اس معزز ایوان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں جس کی طرف میرے بزرگ راجہ اللہ داد خان صاحب نے اشارہ کیا ہے ۔ یہ ۵۰۰ تپیدار یا پٹواری میرے نزدیک بہت ہی کم تعداد ہے ۔ اس سے کہیں زیادہ کی گنجائش ہونی چاہیئے تھی تاکہ ہر ایک ڈویژن میں پٹواریوں کی تعداد بڑھائی جاتی ۔

جناب والا ۔ یہ پٹواریوں کے حلقہ جات ۱۸۶۰ء سے بنے ہوئے ہیں اور آج تک پٹواریوں کا کام ۲۰ گنا بڑھ گیا ہے ۔

Mr. Speaker : The member need not repeat the argument.

Mian Muhammad Akbar : This is my point.

Mr. Speaker : May be it is the member's point, but Raja Allah Dad has already made that point.

میاں محمد اکبر ۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ پٹواری کے کام کے حلقہ جات ابھی تک وہی ہیں اور پٹواریوں کی تعداد بھی اتنی ہی ہے ۔ محکمہ کی طرف سے افسروں کو حکم ہوتا ہے کہ وہ مہینہ میں ۲۰ راتیں باہر حلقوں میں گذاریں ۔ چنانچہ جب وہ باہر ہوتے ہیں تو ان کی دیکھ بھال بھی پٹواری کے ذمہ ہوتی ہے اس طرح ۲۰ دن تو ان کے وہاں ضائع ہو جاتے ہیں ۔ پھر انہیں ہیڈکوارٹر میں آنا پڑتا ہے ۔ اور بعض urgent reference کے کام ہوتے ہیں ۔ مثلاً وزیر مال سے چل کر کوئی معاملہ ریونیو ڈیپارٹمنٹ میں درجہ بدرجہ معلومات حاصل کرنے کے لئے آخر پٹواری تک آتا ہے اور پھر اسے ہی dispose of کرنا پڑتا ہے ۔ اس طرح بھی اس کا وقت ضائع ہو جاتا ہے اس لئے میں وزیر مال

کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ اس اہم معاملہ کی طرف اپنی توجہ مبذول فرمائیں۔

محکمہ مال نے ۱۸۶۰ء میں جو حلقہ جات بنائے تھے آج تک وہی ہیں۔ انہیں چھوٹا نہیں کیا گیا اور نہ ہی پٹواریوں کی تعداد میں اضافہ کیا گیا ہے۔ البتہ ان کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ وہ وقت پر کام نہیں کرتے۔ ان میں کاہلی ہے اور وہ اپنے کام کو مستعدی سے سر انجام نہیں دیتے۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ کام کی بہت زیادتی ہے چنانچہ اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ حلقوں کو چھوٹا کیا جائے۔ پٹواریوں کی تعداد جو ۵۰۰ مقرر کی گئی ہے یہ اتنے بڑے کام کو اچھی طرح سے نہیں کر سکے گی۔ اس لئے ضروری ہے کہ تمام مغربی پاکستان میں پٹواریوں کی تعداد زیادہ کی جائے۔

پچھلے سال گورنر صاحب نے ایک economy committee بنائی تھی جس کا یہ کام تھا کہ مختلف محکموں کی جانچ پڑتال کی جائے اور یہ دیکھے کہ کہاں کہاں economy ہو سکتی ہے۔ چنانچہ جب یہ کام شروع ہوا تو مختلف محکموں نے تجاویز پیش کیں ان میں بنیادی جمہوریت کا محکمہ بھی تھا اور یہ تجویز پیش کی گئی تھی کہ اس میں کمی کی جائے۔ لیکن ایسا نہ ہوا کیونکہ حالات کے مطابق اس بات کی ضرورت تھی کہ جائز و ناجائز طریقہ سے ان کو ضرور نوازا جائے۔ یہاں تک کہ ۱۰ کروڑ روپیہ کی رقم جو دیہی ترقیاتی سکیموں کے لئے مخصوص تھی اور پی ڈبلیو ڈی کی تحویل میں دی گئی تھی وہاں سے وہ رقم لے کر محکمہ بنیادی جمہوریت کو دے دی گئی ہے۔

Mr. Speaker : The member should bear in mind that we are not discussing the Basic Democracies. His cut motion is in relation to Land Revenue.

میاں محمد اکبر۔ جناب والا۔ میں پٹواریوں کی طرف ہی آ رہا ہوں۔ جناب والا۔ ایک سفارش یہ بھی کی گئی تھی کہ پٹواریوں میں تخفیف کی جائے یہ کلہاڑا ہماری division پر اس طرح چلایا گیا کہ اشتمال کے لئے جو ۵۰۰ پٹواری کام کرتے تھے ان میں سے ۳۰۰ کو جواب دے دیا گیا۔ اب باقی ۲۰۰ رہ گئے ہیں۔ اس کا یہ اثر ہوگا کہ جہاں محکمہ میں کفایت ہوگی وہاں اشتمال کے کام میں دیری ہو جائے گی۔ میں سمجھتا ہوں کہ زرعی اصلاحات یعنی land reforms کے لئے جو ہمارے پریذیڈنٹ صاحب نے مارشل لاء ریگولیشن نمبر ۴-۱۹۵۹ء میں جاری کیا تھا اس کا ایک جزو یہ بھی تھا کہ اشتمال اراضی کیا جائے پھر ۱۹۶۰ء میں ایک آرڈیننس جاری ہوا اور اشتمال اراضی کا کام شروع کیا گیا۔

وزیر مال (خان پیر محمد خان)۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ اشتمال اراضی کی ایک علیحدہ item آ رہی ہے اور وہ میری demand ہے اس لئے اس پر اس وقت بحث کرنے کی ضرورت نہیں ۔

Mr. Speaker : Yes, the Member may discuss it at that time.

میاں محمد اکبر ۔ جناب والا ۔ اس طرح مداخلت سے میرا وقت ضائع ہوتا ہے اس لئے یہ وقت شمار نہ کیا جائے ۔

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جب اشتمال اراضی کا کام اتنا زیادہ ہے تو پھر ۵۰۰ پٹواریوں کی provision بالکل inadequate ہے ۔ اگر زیادہ تعداد ہو گی تو اس سے کام میں آسانی ہو گی ۔ کیونکہ ہر وہ پٹواری جو دیہات میں جاتا ہے اس کو مال کے کام کے علاوہ باہر کا کام بھی کرنا پڑتا ہے ۔ اگر اشتمال اراضی کے کام کو التوا میں ڈالا گیا تو اس سے ظاہر ہوگا کہ پریذیڈنٹ صاحب نے جو ریگولیشن جاری کیا تھا اور بعد میں جو آرڈیننس جاری ہوا آپ اس کو flout کر رہے ہیں اور حکم عدولی کر رہے ہیں ۔ ان حالات میں میں عرض کروں گا کہ اشتمال کے کام کو پس پشت نہ ڈالیں ۔

آپ کو معلوم ہے کہ اس کام کے لئے جو پٹواری مقرر تھے ان میں سے ۳۰۰ تخفیف میں آ گئے ہیں نتیجہ یہ ہوا ہے کہ میرے ضلع گجرات میں اشتمال کا کام معطل ہو گیا ہے ۔ غالباً آپ کے ذہن میں یہ بات نہیں آ سکتی کہ اس وقت زمینداروں کی کیا حالت ہے ۔

جناب والا ۔ میں وزیر مال کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ اشتمال اراضی کے کام کو التوا میں رکھیں کیونکہ یہ زرعی اصلاحات کا ایک لازمی جزو ہے ۔ ہمارے ہمسایہ ملک بھارت نے ۱۹۴۸ء میں یہ کام شروع کیا تھا ۔ وہاں اس کیلئے ایک ایکٹ بنایا گیا ہے ۔

Mr. Speaker : The Member should not discuss the Consolidation work and the Consolidation Department. He should confine his speech only to the Demand at issue.

Mian Muhammad Akbar : Consolidation is part and parcel of revenue.

میں یہ گذارش کروں گا کہ پٹواریوں کی یہ تعداد بالکل ناکافی ہے اگر تعداد ضرورت کے مطابق ہوگی تو اس سے محکمہ مال پر کوئی بار نہیں پڑے گا ۔

Mr. Speaker : There is a separate Demand for that in the Supplementary Budget.

Mian Muhammad Akbar : May be, there is a separate Demand, but my demand very much relates to this point. My point is that the provision is inadequate and I want to discuss that inadequacy of the Demand.

Mr. Speaker : But that should be in relation to the 500 posts of tapedars.

میاں محمد اکبر ۔ حیدر آباد اور خیر پور divisions میں ۵۰۰ لیےدار مقرر کئے جا رہے ہیں ۔ اسی حساب سے اگر تعیناتی ہوئی تو سارے صوبہ مغربی پاکستان کے لئے ایسی تعداد بہت کم ہوگی ۔ یہاں تو ۵ لاکھ کی تعداد ہونی چاہئے ۔ تاکہ ہر ڈویژن اور ہر ضلع کے دیہات میں پٹواری جائیں اور اشتمال کا کام کریں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کے صرف دو منٹ باقی ہیں ۔

میاں محمد اکبر ۔ جناب والا ۔ ایک پوائنٹ نہایت ہی ضروری ہے جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ ہے کہ گجرات میں پہاڑی ندی نالے ہیں جن سے زمینداروں کو بہت نقصان ہوتا ہے ۔ جب ان ندی نالوں میں پانی آتا ہے تو زمینیں بہ جاتی ہیں ۔ اس کے لئے ہم نے وزیر مال صاحب کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ ان غریب زمینداروں کا مالیہ معاف کیا جائے جن کی زمینیں دریا برد ہو گئی ہیں یا نالوں کے پانی سے برباد ہو گئی ہیں ۔ وزیر موصوف نے وعدہ فرمایا تھا کہ وہ اس معاملہ پر غور کریں گے ۔ انہوں نے اس پر غور تو کیا کرنا تھا زمینداروں پر جو ۲۵ فیصد مالیہ لگتا تھا اسے بڑھا کر ۳۵ فیصد کر دیا گیا ہے ۔

جناب والا ۔ میں خان پیر محمد خان صاحب کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ وہ میرے ضلع کے غریب زمینداروں کی حالت زار کی طرف توجہ فرمائیں اور ان زمینداروں کا مالیہ معاف کریں جن کے پاس زمین نہیں یا جن کی زمین دریا برد ہو گئی ہے یا ندی نالوں سے برباد ہو گئی ہے ۔

Syed Safi-ud-din : On a point of order Sir.

Mr. Speaker : The member may please take his seat.

Mian Muhammad Sharif : Will you please allow me to speak ?

Mr. Speaker : Just a minute. Next motion is from Chaudhri Ibrahim. The notice of this motion was received on yesterday. Therefore, the motion is out of order.

Syed Safi-ud-din : Sir I am on a point of order. According to the decision of the Supreme Court no Government contractor can become a Member of the House. I would like to know what steps have you taken in order to submit to the Supreme Court a list of the Members, who are Government contractors ?

Mr. Speaker : The Member may come into my Chamber and I will let him know,

میاں محمد شریف (پارلیمنٹری سیکرٹری) - جناب والا - میاں محمد اکبر صاحب نے جو اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے میں سمجھتا ہوں کہ پٹواریوں اور مال کا کام ان کے بس کا روگ نہیں ہے - وہ اپنے کام کاج یعنی ٹرانسپورٹ کے کام کے متعلق بہتر جانتے ہیں -

میاں محمد اکبر - کیا یہ relevant ہے ؟

مسٹر سپیکر - میاں محمد شریف صاحب آپ صرف اس مطالبہ زر پر بحث کریں -

میاں محمد شریف - جناب والا - میں تو ان کی تعریف کر رہا تھا -

میاں محمد اکبر - یہ میری تعریف نہیں -

Mr. Speaker : No cross-talk. Mian Akbar may please take his seat: That is not proper.

Mian Muhammad Akbar : He is attacking my person for nothing.

Mr. Speaker : Then the member may raise a question of personal explanation but that is not the way.

Mian Muhammad Akbar : I am on a point of personal explanation.

تو جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اُن میرے معزز بزرگوں کو جنہیں ریونیو سے یا پٹواریوں سے یا پٹواریوں کی ایزادی سے یا زمیندار ہونے کی حیثیت سے کوئی واسطہ نہیں ہے - وہ یقیناً اس معاملہ میں بے بس ہیں - میں کسی خاص ممبر صاحب کا نام نہیں لیتا - لیکن میں یہ ضرور کہوں گا کہ بحیثیت ایک چھوٹا زمیندار ہونے کے اور ریونیو کا تھوڑا بہت تجربہ رکھنے کے مجھے اچھی طرح سے معلوم ہے کہ پٹواریوں کی ایزادی کا جہاں تک تعلق ہے - یہ بڑا غلط نظریہ ہے - ہمارے دیہاتوں کا یہ حال ہے کہ گاؤں میں ایک مال کا پٹواری ہوتا ہے - ایک انہار کا - ایک اشتمال کا اور ایک سیم اور تھور کا اور ایک دیہی ترقی کا - تو اگر ایک گاؤں میں پانچ پٹواریوں کا مسکن ہو تو یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ - - - (قطع کلامیاں) please don't interrupt me - تو ایک گاؤں ان پانچ پٹواریوں کے بوجھ کا کیسے متحمل ہو سکتا ہے -

خواجہ محمد صفدر - یہ بوجھ اُن پر کیسے پڑتا ہے - ذرا یہ بتا دیں -

میاں محمد یاسین خان وٹو - کیا یہ گورنمنٹ کی طرف سے جواب دیا جا رہا ہے ؟ جناب ایک گاؤں میں پانچ پٹواری نہیں ہوتے -

رائے منصب علی خان کھرل ۔ میاں محمد شریف ریونیو کے پارلیمنٹری سیکرٹری ھیں اور انہوں نے فرمایا ھے کہ ایک گاؤں میں پانچ پانچ پٹواری کام کرتے ھیں ۔ کیا یہ official information ھے ۔

Mr. Speaker : The Member must seek the permission of the Chair. He may please take his seat. Mian Muhammad Sharif is speaking as a Member of this House.

Minister of Revenue : And subject to correction.

میاں محمد شریف ۔ میں اپنے جوان سال دوست کی خدمت میں عرض کرنا چاھتا ھوں کہ میں بھی اس معزز ایوان کا ایک رکن ھوں ۔ اور مجھے بھی حق ھے کہ میں اپنے خیالات کا اظہار کروں ۔

جناب والا ۔ تو میں یہ عرض کر رھا تھا کہ دیہاتوں میں جو پانچ پانچ پٹواری ھیں ان کی تعداد مختصر کریں ۔ کیونکہ دیہات والوں کی اقتصادی طور پر حالت اس کی متحمل نہیں ھو سکتی ۔ جناب والا ۔ پہلے سال کا پٹواری جا کر فصلات کا حساب کتاب کرتا ھے ۔ اور اس حساب سے مالیے کی تشخیص کرتا ھے ۔ اسی طرح انہار کا پٹواری آبیانے کی تشخیص کے لئے جاتا ھے اور سیم اور تھور کا پٹواری سیم اور تھور کو دیکھنے کی غرض سے جاتا ھے ۔ علےٰ ھذالقیاس ۔ تو بجائے اس کے کہ اس کے لئے حکومت پانچ سو پٹواریوں کی ایزادی کر رھی ھے ۔ بہتر ھوگا کہ اس تعداد میں کمی کی جائے ۔ میرے معزز دوست خواجہ صفدر صاحب نے فرمایا ھے کہ وہ بوجھ کس طرح دیہات والوں پر بنتے ھیں ۔ تو یہ انہیں بھی معلوم ھے اور میں بھی جانتا ھوں کہ وہ کیا بوجھ ھے ۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ مزید پٹواریوں کی ایزادی کا جو احساس یہاں چند معزز ممبران کو ھوا ھے ۔ وہ قطعی طور پر عدم واقفیت کا نتیجہ ھے اور عملی طور پر جہاں تک مجھے معلوم ھے اور جناب والا ۔ ایک زمیندار کی حیثیت سے آپ کو بھی معلوم ھوگا کہ یہ واقعی گاؤں والوں پر ایک بوجھ ھے ۔ اس لئے حکومت کے لئے ایک کام پر دو دو آدمیوں کو definite کرانا کسی طرح بھی مناسب نہ ھوگا اور میں وزیر مال صاحب کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ دیہات میں زیادہ پٹواری رکھنا غریب زمینداروں پر واقعی ایک بوجھ ھے ۔

وزیر مال (خان پیر محمد خان) ۔ جناب والا ۔ میں مزید demand کی تفصیل آپ کی خدمت میں پیش کرتا ھوں اور وہ یہ ھے کہ

Creation of 500 posts of Tapedars for Hyderabad and Khairpur Divisions and appointment of staff for the training and payment of stipends.

زیادہ تر تعلق اس سے ھے اور اس کے ساتھ اور مطالبات بھی ھیں ۔ تو قبل اس

کے کہ میں اپنے معزز دوستوں کی cut motions کے متعلق کچھ عرض کروں ۔ میرا خیال ہے کہ یہ ضروری ہوگا کہ اس case کا پس منظر بھی اس معزز ایوان میں پیش کر دوں ۔ integration کے وقت سے لے کر اب تک ہم اپنی یہ moral duty سمجھتے تھے کہ ہمارے قوانین جہاں تک ہو سکیں ۔ (میں qualify کرتا ہوں ۔ کیونکہ overnight تو کوئی بھی قانون unify نہیں ہو سکتے) اور بالخصوص ہمارے revenue laws اور tenancy laws کا جہاں تک تعلق ہے ۔ وہ نارتھرن زون اور southern zone میں یکساں ہو جائیں اور یہ اسی سلسلہ میں ایک عملی قدم ہے ۔ southern zone یعنی سابقہ صوبہ سندھ جس میں دو ڈویژن (i) حیدر آباد اور (ii) خیر پور ہیں ۔ وہاں کافی مدت سے گورنمنٹ کے مطالبے کا طریقہ یہ تھا ۔ وہ سروے نمبر چاہے وہ ایک ایکڑ کا ہو چاہے دس ایکڑ کا ہو ۔ اگر اس میں سے ایک کنال بھی کاشت ہوئی ہو تو گورنمنٹ کی demand اس پر ہوتی ہے اور اس پر تشخیص ہوتی ہے ۔ چنانچہ بورڈ آف ریونیو نے از خود بھی اور وہاں کے M.P.As. صاحبان کے کہنے پر بھی اس معاملہ پر غور کیا اور فیصلہ یہ ہوا کہ جو طریقۂ تشخیص ناردرن زون یعنی سابقہ صوبہ جات بہاولپور، پنجاب اور فرنٹیئر میں رائج ہے وہاں بھی رائج ہو جائے ۔ اس سلسلے میں کمشنر کو بلایا گیا ۔ ان کے ساتھ بحث و تشخیص ہوئی انہوں نے بھی وہی تکالیف بیان کیں جو میرے دوست راجہ اللہ داد صاحب اور میاں محمد اکبر صاحب نے بیان کی ہیں کہ پٹواریوں کے حلقے اتنے بڑے ہیں ۔ اور کام اتنا زیادہ ہے کہ وہ موجودہ صورت میں اتنا کام بخوبی انجام نہیں دے سکتے ۔ چنانچہ یہ فیصلہ کیا گیا ہے جو میں اس معزز ایوان کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ southern zone میں جو سرکل ہوتے ہیں وہ ناردرن زون کے تقریباً double کے برابر ہوتا ہے تو کمشنر نے اپنی inability یہ ظاہر کی ہے کہ جب تک ان کے پاس پورا عملہ نہ ہو وہ اس کام کو عملی جامہ نہیں پہنا سکتے ۔ چنانچہ کافی غور و خوض کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا کہ northern zone کو پانچ سو پٹواری مزید دیئے جائیں تاکہ ہر پٹواری کا حلقہ northern zone کے برابر ہو سکے ۔ تب ہی ان سے یہ توقع ہو سکتی ہے کہ ہر پٹواری اپنے سرکل میں کاشت کردہ رقبے کی ٹھیک طرح سے تشخیص کر سکے ۔ پس منظر تو یہ ہے ۔ اور اس میں راجہ اللہ داد اور میاں محمد اکبر کے علاوہ دوسرے دوستوں نے بھی مجھ سے اتفاق کیا ہے کہ یہ تعداد بڑھائی جائے ۔ تو اس لئے میں عرض کروں گا کہ میاں صاحب یہ کٹ موشن لانے کی بجائے کوئی ریزولیوشن لے آئے کہ یہ تعداد دگنی ، تگنی یا چوگنی ہو جائے ۔

کٹ موشن کے متعلق جن صاحبان نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے ۔ اس کے متعلق بھی کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ سب سے پہلے کٹ موشن میرے معزز دوست امیر حبیب اللہ خاں سعدی کی تھی ۔ وہ اس وقت غیر حاضر ہیں ۔ ۔ ۔

ایک ممبر ۔ ان کی ٹوپی موجود ہے ، وہ سن رہی ہے ۔ (قہقہے)

وزیر مال ۔ چلئے اُن کی ٹوپی تو سن رہی ہے ۔ یعنی اعضائے پیر بجائے پیر تو خیر ۔ انہوں نے اپنے مخصوص انداز میں فرمایا ہے کہ جو land revenue کی پالیسی ہے ۔ اس کی تشخیص کا جو طریقہ ہے وہ غیر اسلامی ہے اور قرآن اور احادیث کے منافی ہے اور انہوں نے اس ضمن میں ایک شعر بھی پڑھ دیا ۔ ع

تو درون درچہ کر دی ۔ کہ برون خانہ آئی

اگر وہ یہاں ہوتے تو میں ان کی خدمت میں ایک اور شعر عرض کرتا ۔

ایک ممبر ۔ اچھا خاصا مشاعرہ ہو رہا ہے ۔

وزیر مال ۔ واعظاں کہیں جلوہ بر محراب و منبر می کنند

چوں بہ خلوت می روند آں کار دیگرمی کنند

جہاں تک میں سمجھ سکا ہوں ۔ ان کی تقریر کا لب لباب یہ تھا کہ صرف وہی آدمی زمین کا حقدار ہے جو خود اپنے ہاتھ سے ہل چلا سکتا ہو ۔ وہی حقدار ہے کہ وہ اس زمین سے فائدہ لے اور absentee لینڈلارڈز چاہے وہ ایک کنال کے ہوں چاہے ہزار جریب کے ہوں ۔ وہ قرآن اور حدیث کی رو سے اور شرعاً اس کے مستحق نہیں ہیں اور اس کی کمائی بہ الفاظ دیگر اگر میں یہ نتیجہ نکالوں کہ absentee لینڈلارڈز چاہے وہ چھوٹے ہوں چاہے بڑے ہوں ۔ وہ حلال کی روزی نہیں کھاتے ۔ وہ میرے دوست بتائیں کہ وہ کس کلاس کو belong کرتے ہیں ۔ مجھے تو ان کا علم نہیں ہے ۔ لیکن ان کے اس عذر کا جواب میں نے گذشتہ سیشن میں خواجہ صفدر صاحب کی ایک تجویز پر دیا تھا اور وہ تجویز یہ تھی کہ مالیہ کی تشخیص بھی انکم ٹیکس کے اصول پر ہو اور اس کے متعلق میں نے اس وقت بھی عرض کیا تھا اور اب بھی عرض کرتا ہوں کہ ظاہراً تو یہ بات کچھ اچھی لگتی ہے کہ آپ انکم ٹیکس میں assessment کے لئے ایک خاص لیول رکھتے ہیں وہی لیول آپ زمینداروں کے لئے کیوں نہیں رکھتے ۔

Mr. Speaker : That argument has not been repeated today.

Minister of Revenue : Today Amir Habibullah Khan Saadi said this that the assessment should be made on the principle of Income Tax. The record is there. If the Chair over-rules it, I will not touch it.

Mr. Speaker : Has he said so ?

Minister of Revenue : Yes, he said it. I think he will agree with me.

لیکن اگر ہم تصویر کا دوسرا رخ دیکھیں تو مجھ سے میرے دوست اتفاق کریں گے کہ جو مراعات زمیندار کاشتکار اور خصوصاً چھوٹے کاشتکار کو دی جاتی ہیں وہ کسی assessment کے assessee کو نہیں دی جاتیں - مثال کے طور پر معافی جو ہم مخصوص حالات میں دیتے ہیں وہ کسی انکم ٹیکس کے assessee کو نہیں دی جاتی - کاروبار چلانے کے لئے کسی انکم ٹیکس کے assessee کو گورنمنٹ کی طرف سے روپیہ نہیں دیا جاتا کہ وہ اپنا کاروبار شروع کرے - ہم تقاوی دیتے ہیں اسی طرح ایک خاص محکمہ اس کے لئے - - - (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : No interruptions, Pir Sahib.

وزیر مال - پیر صاحب اپنی عادت سے مجبور ہیں -

Syed Safi-ud-din : What about PIDC ? He has made a mis-statement. He said that

تقاوی کی صورت میں assessee کو رقم نہیں دی جاتی -

What about PIDC and PICIC. He has made a mis-statement.

Mr. Speaker : The member may please take his seat.

وزیر مال - وہ عادت سے مجبور ہیں معافی چاہتا ہوں -

میاں محمد اکبر - دونوں مجبور ہیں پیر صاحب بھی اور پیر محمد صاحب بھی -

وزیر مال - میرا نام تو پیر محمد خان ہے -

یہ بات جناب پیر صاحب کو ناگوار گذرتی ہے اس کو میں مختصر کرتا ہوں کہ زمینداروں کے ساتھ جو رعایت ہے وہ انکم ٹیکس کے assessee کے ساتھ شاید نہیں ہے -

سید صفی الدین - میں categorically کہہ رہا ہوں ''ہیں''

He is making a mis-statement. Any new industry which starts in this country . . . .

Mr. Speaker : Order please. He is replying to the debate. This is not the question hour.

Syed Safi-ud-din : That is true, but he is making a mis-statement.

Mr. Speaker : The member may bring a privilege motion on this. If he likes to.

وزیر مال - پیر صاحب وہ فائل بھی لے آیا ہوں میرے پاس ہے اس کے متعلق بھی عرض کردونگا - کہ ۱۹۱۳ء میں کس نے تار دیا تھا انگریزوں

کو - پھر میرے دوست نے distribution آف لینڈ کی طرف اشارہ کیا کیونکہ وہ زیر بحث نہیں ہے تو میں اس پر وقت ضائع نہیں کرنا چاہتا - پھر انہیں نے travelling الاؤنس کے متعلق کہا کہ یہ ۴ لاکھ ۵۰ ہزار روپے الاؤنسز کے لئے مخصوص کئے گئے ہیں یہ ناجائز ہے - اس سلسلے میں میں یہ عرض کرونگا کہ یہ ایک متضاد رائے اس معزز ایوان میں ہو جائیگی - ایک طرف سے یہ مطالبہ کیا جاتا ہے کہ افسران باہر جا کر دورہ نہیں کرتے اور عوام سے نہیں ملتے اور خصوصاً حاجی صاحب نے ریونیو بورڈ کے لغاری صاحب کی خدمات کا اعتراف کیا کہ وہ مہینے میں ۱۵ دن دورہ کرتے ہیں اور لوگوں کے cases اور اپیل سنتے ہیں تو یہ متضاد باتیں ہیں - لیکن جتوئی صاحب مجھ سے اتفاق کریں گے کہ یہ ضروری ہے کہ افسران باہر علاقوں میں جائیں اور عوام سے ملیں اور on the spot انکوائری کر کے ان کے جوڈیشل cases کئے جائیں - تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ الاؤنسز جائز ہیں -

ایک پولیٹیکل issue بھی raise کیا گیا تھا لیکن وہ اس ڈیمانڈ کے ساتھ تعلق نہیں رکھتا ہے انہیں نے کہا کہ یہ حکومت ایوان کے سامنے اور خدا کے سامنے جوابدہ ہوگی - تو اللہ تعالیٰ کے سامنے تو ہر ایک انسان کو جواب دینا ہے - چاہے وہ حکومت کا ہو خواہ وہ گورنمنٹ بنچز کا ہو خواہ آپوزیشن کا ہو - البتہ ایک چیز کا جواب ان کی خدمت میں عرض کروں کہ ہم عوام کے سامنے جواب دہ ہیں - اس پر verdict آ چکا ہے - آپ سوچئے کہ ہم عوام کے سامنے جواب دہ ہیں اور عوام کا verdict کس کے حق میں ہو گیا ہے -

Voices : Question, question.

Mr. Speaker : Order, order.

مسٹر افتخار احمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - عوام کی بات یہ کیوں کرتے ہیں - وہ عوام کی بات نہ کہیں -

Mr. Speaker : This is no point of order, the member may please take his seat.

وزیر مال - اچھا ان لوگوں کی بات کروں گا جن کے ووٹ سے آپ یہاں تشریف لائے ہیں - جناب جتوئی صاحب نے کچھ cases کا حوالہ دیا ہے چونکہ وہ جوڈیشل cases ہیں اس لئے میں ان کو یہاں touch نہیں کرونگا - اس کے بعد کچھ اعتراضات میرے دوست حنیف صاحب کے تھے وہ بھی نہیں ہیں میں ان کو بھی چھوڑ دیتا ہوں -

حاجی عبدالمجید جتوئی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب میں نے ریونیو ریکارڈ کے بارے میں کہا تھا اور لینڈ ریونیو کے بارے میں کہا تھا ۔

وزیر مال ۔ جہاں تک لینڈ ریونیو کا تعلق ہے میرے دوست راجہ صاحب نے بھی کہا ہے میں اس پر آ رہا ہوں ۔ انہیں نے چند نکات اس سلسلے میں پیش کئے تھے کہ Committee appointed for Guddu Barrage میں اس وقت اس پر ہاؤس کا وقت ضائع نہیں کروں گا کیونکہ اس کے متعلق ڈیمانڈ زیر بحث نہیں ہے ۔ اس لئے میں اس کو touch نہیں کروں گا اور مناسب وقت پر اس کا جواب دوں گا ۔

میں مشکور ہوں کہ میرے معزز دوست راجہ صاحب نے بڑی اچھی تجویز پیش کی ہے کہ پٹواری کو یقیناً کام زیادہ ہے اور اگر ہم توقع کریں کہ وہ ٹھیک کام کرے ۔ تو چاہئے کہ ہم ان کا کام کم کریں ۔ یہاں ایک طرف ہم اپنے صوبے کے خرچ کو دیکھتے ہیں دوسری طرف ریونیو کو دیکھتے ہیں تو جناب اگر ہمارا جائز مطالبہ بھی ہو تو کٹ موشن پر کٹ موشن آتے ہیں اور cut کے درمیان cut لائی جاتی ہے جس کا اس کٹ موشن سے تعلق نہیں ہوتا تو یہ قابل غور بات ہے اور یقینی ٹھنڈے دل سے سوچنے کی ہے ۔ لیکن اپنے finances کو اور اپنے revenues اور اپنی آمد کو مد نظر رکھ کر ہمارے حالات موجودہ اس بات کے مقتضی نہیں ہیں کہ ہم اس کو عملی جامہ پہنا سکیں ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ مزید وضاحت کے لئے ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں ۔

Mr. Speaker : The member should please take his seat.

وزیر مال ۔ آپ نے یہ بھی اعتراض کیا تھا کہ زیادہ تر پٹواری اپنے حلقوں میں نہیں ہوتے ہیں کیونکہ ان کو کام زیادہ ہوتے ہیں تو یہ بھی صحیح ہے کہ وہ اپنے حلقوں میں بھی جائیں اور ہیڈ کوارٹر پر بھی رہیں ۔ اب ان کو یہ آرڈر دیا گیا ہے کہ ہر مہینے کے پہلے ہفتے ہیڈ کوارٹر پر جائیں ۔ اگر کسی زمیندار کے کام کا تعلق اگر ہیڈ کوارٹر پر ہو ۔ تحصیلدار افسر مال یا ان افسروں سے ہے تو یہ بھی وہاں available ہوں ۔ Redtapism کے متعلق بھی میرے دوست نے اعتراض کیا ہے ۔ تو ان کا فیصلہ بھی موقعہ پر ہو جائے تو ان کے فرائض میں ہے لیکن وہ پہلے ہفتہ میں readily available ہوگا جو کچھ زمینداروں کے کام ہوں گے وہ کرے گا ۔ لیکن میرے standing order یہی ہیں کہ

وہ اپنے ہیڈ کوارٹر پر رہیں لیکن اگر کوئی جائز وجہ ان کے نہ رہنے کی ہوتی تو وہ اور بات ہے ۔

ایک اور اعتراض انہیں نے کیا تھا اس کے متعلق مجھے علم نہیں ہے ۔ وہ کہتے ہیں کہ حکام کے دوروں کے خرچ کا انتظام بھی پٹواری کو کرنا پڑتا ہے مجھے اس کا علم نہیں ہے ہو سکتا ہے کہ ایسا ہو ۔

میاں محمد اکبر ۔ یہ جناب والا ۔ شریف صاحب نے بھی فرمایا ہے کہ ایک پٹواری کا بوجھ ۵ زمینداروں پر پڑتا ہے ۔

Mr. Speaker : I may again point out that whenever the member from Gujrat speaks he does not seek the permission of the Chair, and that is not proper.

Mian Muhammad Akbar : I am sorry, Sir.

Minister of Revenue : I may make a suggestion that for some of our Members we should open a school here so that in spare time they should be taught . . . . . (Interruptions).

خواجہ محمد صفدر ۔ جس میں پیر محمد خان صاحب کو بھی بھیجنا چاہئے ۔ (قطع کلامیاں اور شور)

Mr. Speaker : Order please.

Syed Safi-ud-din : Sir, this is derogatory. What he has said is derogatory. It means that the Members are school boys.

Minister of Revenue : I have not referred to anybody.

Mr. Taj Muhammad Khanzada : Mr. Speaker, Sir . . . .

Mr. Speaker : Is the member on a point of personal explanation ?

(Interruptions)

وزیر مال ۔ میں اس کو واپس لیتا ہوں ۔

Mr. Taj Muhammad Khanzada : He should have a school for Members on that side of the House. There are more illiterates on that side than on this side.

Minister of Revenue : It was only a suggestion and I withdraw it.

میں عرض کرتا ہوں جناب حاجی صاحب بد قسمتی سے موجود نہیں ۔ انہوں نے کہا کہ ان کا علاقہ قحط زدہ ہے اور انہوں نے کسی کے توسل سے پتہ لگایا ہے کہ فصلوں پر معافی کے اختیارات کے متعلق جو کہ سندھ میں ہیں ۔ تو جہاں تک فصل پر معافی کا تعلق ہے وہ تو کمشنروں اور ڈپٹی کمشنروں کی سطح پر ختم ہو جاتا ہے ۔ میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کروں کہ حیدرآباد ڈویژن میں فصلوں کا نقصان ہوا اس کے لئے آٹھ لاکھ کی معافی دے دی گئی ہے ۔ گورنمنٹ ان باتوں کو نظر میں رکھتی ہے ۔

حاجی میر محمد بخش تالپور - میں نے کہا تھا کہ وہ علاقے جن کو قحط زدہ شمار کیا گیا تھا -

امیر حبیب اللہ خان سعدی - جناب والا - محترم وزیر صاحب نے مجھ پر ذاتی طور پر ایک سوال کیا تھا - میں گذارش کرتا ہوں کہ مجھے جواب میں وضاحت کرنے کی اجازت دی جائے - انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ میں کس زمرے میں شامل ہوتا ہوں تو میں یہ عرض کر سکتا ہوں کہ ''سخن فہمئی عالم بالا معلوم شد،، کیونکہ بات تو یہ ہو رہی ہے کہ حکومت کیا پالیسی بنائے گی - جب آپ ایک عمومی پالیسی بنائیں گے تو ہم بھی اس میں شامل ہوں گے -

وزیر مال - میں نے کہا تھا کہ وہ خود فیصلہ کریں گے -

بیگم جہاں آرا شاہنواز - صاحب صدر - مجھے ریونیو منسٹر سے صرف ایک سوال کرنا ہے اگر آپ اجازت دیں تو -

Mr. Speaker : What does the Lady Member think ? Is this a question—answer meeting ?

Begum Jehanara Shahnawaz : It is not a question--answer meeting, I agree. It is in connection with the Demand under discussion that I want to ask a question from the Minister.

Mr. Speaker : The Member may give a separate notice for that. She cannot ask a question from the Minister at this stage.

بیگم جہاں آرا شاہنواز - صرف طریقہ کار کے متعلق پوچھنا تھا کہ کوئی اس کے متعلق اقدام کیا گیا ہے یا نہیں -

Mr. Speaker : Then there would be another debate and that is not recognised by the Rules of Procedure.

سردار عنایت الرحمن خان عباسی - پوائنٹ آف آرڈر - مسٹر سپیکر - میں سب سے پہلے پوائنٹ آف آرڈر پہ کھڑا ہوا تھا تو آپ نے خانزادہ صاحب کو بولنے کا موقع دے دیا - میری گذارش ہے کہ کس مطالبہ زر پر انفرادی طور پر بحث کرنے کے لئے اس ہاؤس کو حق ہے اور آیا فیصلے کے مطابق ہر شخص مطالبہ زر پر بول سکتا ہے یا نہیں - اگر ہمیں کٹ موشن پر بولنے کی اجازت نہ دی جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارے حقوق کی مناسب حفاظت نہیں تو آپ اس پر مناسب خیال فرمائیں کہ مطالبہ زر پر بحث کرنے کے لئے ہمیں بھی حق دینا چاہئیے -

خواجہ محمد صفدر - میں اس تجویز کے خلاف ہوں - میں کہتا ہوں کہ یہ ہمارے قواعد و ضوابط کے مطابق نہیں - اگر میرے محترم دوست جن کا میرے دل میں بے حد احترام ہے اگر وہ کسی بحث میں یا کسی مطالبہ زر کی بحث میں حصہ لینا چاہتے ہیں تو یہ بڑی آسان سی بات تھی - جس طرح سے حاجی صاحب نے کٹ موشن دیا وہ بھی دے دیتے -

مسٹر سپیکر - اس کا مطلب یہ نہیں کہ ان کا حق سلب کیا جا رہا ہے ان کا کہنا ہے کہ ہمیں بھی بولنے کا موقعہ دیا جائے -

سردار عنایت الرحمٰن خاں عباسی - جناب سپیکر - میں آپکی اس معاملہ میں رولنگ چاہتا ہوں -

مسٹر سپیکر - حق کے سلب کرنے کا سوال پیدا نہیں ہوتا - دو دنوں میں گرانٹس کو ختم کرنا ہے - بڑا بھاری ایجنڈا ہے - جن لوگوں نے کٹ موشن دئیے ہوئے ہیں انکو موقعہ دیا جائیگا - جنرل ڈسکشن میں آپ حصہ لے چکے ہیں - اسی طرح آئندہ بھی ممبران کے جائز حقوق کا خیال رکھا جائیگا -

میر یوسف علی خاں مگسی - آپ نے فرمایا کہ ممبر صاحبان جنرل بحث میں حصہ لے چکے ہیں تو جنہوں نے نہیں لیا ان کے متعلق کیا ارشاد ہے -

مسٹر سپیکر - جو نہیں لے سکے تھے ان کے لئے کل آدھ گھنٹہ ٹائم بڑھایا گیا تھا اور پھر اس کے بعد ۱۰ منٹ اور بڑھا دئیے گئے تھے -

میر یوسف علی خاں مگسی - لہذا ان ممبر صاحبان کو ضرور موقعہ دیا جائے جو ابھی تک تقریر نہیں کر سکے -

Mr. Speaker : The member may please take his seat. Now I will put the cut motion moved by Mian Akbar first.

The question is :

"That the item of Rs.5,12,240 on account of E—Land Records—E(2)—District Charges—Total Item(1)—(Recurring and Non-recurring) be reduced by Rs. 100."

(*The motion was lost*).

Mr. Speaker : Now there were eight cut motions and they were identical. I will put one question in respect of those cut motions.

The question is :

"That the total of Rs. 9,64,240 on account of 7—Land Revenue—Total New Expenditure be reduced by Rs. 9,64,239."

(*The motion was lost*).

Syed Safiuddin : I demand Division. I think the voice vote for 'Ayes' was more loud.

Mr. Speaker : The member should please take his seat.

Now those in favour of the cut motions being carried should stand in their seats.

(*Fourteen Members rose in their seats*)

Now those not in favour of the cut motions being carried should stand in their seats.

(*Thirty six Members rose in their seats*)

The cut motion are rejected. Now I put the Demand. The question is :

"That a supplementary sum not exceeding Rs 9,64,240 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of Land Revenue."

(*The motion was carried*)

(DEMAND NO. 2)

Mr. Speaker : Now, the Minister of Agriculture and Irrigation to move.

(DEMAND NO. 2)

Minister of Agriculture and Irrigation : (Malik Qadir Bakhsh): Sir I move :

"That a supplementary sum not exceeding Rs 1, 76, 00, 000 be granted to the Governor to defary the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of Irrigation-Working Expenses."

Mr. Spsaker : Demand moved is :

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 1,76,00,000 be granted to the Governor to defary the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of Irrigation—Working Expenses."

Khawaja Muhammad Safdar : Opposed.

Mr. Speaker : The first cut motion is from Mr. Ansari. The Member may please move his cut motion.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : Sir I move—

That the total of Rs 1,76,00,000 on account of XVII—Irrigation—Working Expenses—Total New Expenditure be reduced by Rs. 1,75,99,999.

Mr. Speaker : Demand under consideration motion moved is—

That the total of Rs. 1,76,00,000 on account of XVII—Irrigation--Working Expenses—Total New Expenditure be reduced by Rs. 1,75,99,999.

مسٹر افتخار احمد خاں ۔ (جھنگ ۔ ۱) ۔ صدر محترم۔ اس تحریک تخفیف پر اپنی معروضات پیش کرنے سے پہلے ایک عرض وزیر زراعت کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ ہے کہ ہماری تحریک کا مقصد ان خامیوں اور ان برائیوں کی طرف اس حکومت کی توجہ دلانا ہوتا ہے لیکن افسوس کے ساتھ مجھے کہنا پڑتا ہے کہ باوجود اس کے کہ ملک قادر بخش صاحب میرے پڑوسی اور اچھے بزرگ ہیں اور اچھے تعلقات ہونے کے باوجود کل انہوں نے جو باتیں اس معزز ایوان میں کہیں ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : No discussion about yesterday's proceedings. The member may please come to the point.

مسٹر افتخار احمد خاں ۔ وہ ان کے شایان شان نہ تھیں ۔ میں نے اس لئے عرض کیا ہے کہ تحریک تخفیف کا مقصد وزراء پر نکتہ چینی نہیں ہے ۔ وزرا صاحبان کے ذاتی حرکات و سکنات پر نکتہ چینی نہیں ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

میاں محمد شریف (پارلیمنٹری سیکرٹری) ۔ جناب والا ۔ میں آپکی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں کہ ہاؤس میں ڈسپلن ہونا چاہئے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : The member should take his seat.

مسٹر افتخار احمد خان ۔ جناب والا ۔ ان تحریک تخفیف کا مقصد خرابیوں کو، خامیوں کو اور برائیوں کو دور کرنا ہوتا ہے ۔ اس نظریہ کے تحت اور اس جذبہ کے تحت میں آج محکمہ آبپاشی کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔

صدر گرامی ۔ ہمارا آبپاشی کا نظام ۶۰ ۔ ۷۰ سال پرانا نظام ہے شاید جس وقت یہ جاری کیا گیا تھا ، جس وقت یہ تعمیر کیا گیا تھا اس وقت کے ماحول، اس وقت کے تقاضے کے مطابق ضرور پرفیکٹ اور مکمل نظام ہوگا ۔ مجھے اس بات کے کہنے میں بھی تامل نہیں ہے کہ پنجاب کے اس علاقے میں جس نے ہمیشہ پانچ دریاؤں پر فخر کیا اور وادی سندھ یعنی سابقہ صوبہ سندھ میں انگریز تھے ایسا نظام چھوڑ کر گئے ہیں جو ہمارے لئے بھی قابل تعریف ہے اور ان کے لئے اچھے کارناموں میں سے ایک کارنامہ ہے ۔ مجھے وہ دن یاد ہیں ۔ تقسیم کے پہلے کے دن یاد ہیں جب زمیندار محکمہ آبپاشی کو جس کو نہایت عزیز محکمہ سمجھتے تھے اس کے ساتھ ان کا تعاون اور کوآپریشن بہت زیادہ ہوا کرتا تھا اور یہ ایک ایسا محکمہ تھا جس پر زمیندار فخر کر سکتے تھے اور جس پر زمیندار نازاں ہوا کرتے تھے ۔ لیکن آج ملک میں وہ حالات نہیں ہیں میں ان کی وجوہات میں نہیں جانا چاہتا ۔ میں اس معزز ایوان کا وقت ضائع نہیں کرنا چاہتا ۔ ہمارے محکموں کی بداعمالیوں کی وجہ سے کسی زمیندار کو اس محکمے کے ساتھ محبت اور عقیدت باقی نہیں رہی ۔ کرپشن کی وجہ سے بھی ہوگی ۔ نااہلی کی وجہ سے بھی ہوگی اور دیگر بہت سی وجوہات ہونگی لیکن ایک بنیادی وجہ یہ ہے کہ آج حالات وہ نہیں ہیں جو ۷۰ سال پہلے کے تھے ۔ آج وہ تقاضے نہیں ہیں جو ۷۰ سال پہلے کے تھے اس لئے جناب والا ۔ ہمیں موجودہ تقاضوں کے مطابق ، اور موجودہ حالات کے مطابق اپنے اس پرانے ڈھانچے میں ترمیم کرنے کی ضرورت ہے ۔ اور یہی وجہ ہے کہ ہم آج اس میں ترمیم کریں اور اس سٹیج پر اور پھر ان حالات میں نظر ثانی کریں ۔ مثال کے طور پر صدر گرامی ۔ نہر کے

محکمہ میں آج بھی فضول عملہ کا تقرر ہے ۔ میں پنجاب کے متعلق کہتا ہوں میں دوسرے صوبوں یعنی چھوٹے یونٹوں کے متعلق نہیں کہتا لیکن آج بھی duplication of work ہمارا زیادہ ہو رہا ہے ۔ مثلاً نہر کے محکمہ میں اور آبپاشی کے محکمہ میں پٹواری ہی اسسمنٹ کرتے ہیں ۔ آبیانہ کی بھی اسسمنٹ پٹواری کرتا ہے ۔ میں نہیں سمجھتا کہ پٹواری کی کیا ضرورت ہے لیکن آج اس پٹواری کا کام محض اتنا ہے کہ جو زمین irrigate ہوئی ہے وہ اپنے ریکارڈ میں درج کرے گا ۔ لیکن جب مال کا پٹواری موجود ہے تو وہ اس اندراج کو اپنے ہی رجسٹر میں جس میں نیا کالم کھول سکتے ہیں درج کرکے اس کام کو پورا کر سکتا ہے ۔ تو کیا ضرورت ہے کہ ہم اسسمنٹ کے کام کو collection کے کام کو ہم محکمہ نہر والوں پر چھوڑیں ۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ یہ انجنیئر اور یہ ٹیکنیکل افسر جن کی توجہ زیادہ تر نہروں کی مرمت اور دیکھ بھال کی طرف ہونی چاہئے جن کی زیادہ تر توجہ انجنیئرنگ سائڈ پر ہونی چاہئے ان کا زیادہ وقت اس اسسمنٹ میں صرف ہو جاتا ہے ۔ جناب والا ۔ دوسری ایک اور چیز ہے جو قابل توجہ ہے وہ ہے پنیلیٹی کا معاملہ ہے ۔ پنیلیٹی بھی یہی محکمہ لگاتا ہے یعنی مدعی بھی یہی اور مدعاعلیہ بھی یہی ۔ اگر کسی زمیندار نے پانی کو توڑا اور اس سے ناجائز فائدہ اٹھایا تو یہ پینیلٹی خود ہی لگا رہے ہیں ۔ آج جب دنیا میں ہر طرف جوڈشری اور ایگزیکٹو الگ الگ ہیں اور یہ ایک بڑا تسلیم شدہ مسئلہ ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو اس طرف توجہ دینی چاہئے کہ اسسمنٹ collection کے کام کو اور پینیلیٹی کے جوڈیشیل کام کو اس وارہ بندی کے کام کو اس محکمہ سے withdraw کرنا چاہئے اور یہ محکمہ مال کے سپرد کرنا چاہئے تاکہ وہ اس کو بہتر طریقے سے کر سکیں ۔ اور ہمارے انجنیئرز اور ہمارے فن ماہرین کے پاس زیادہ وقت ہو سکے ۔

صدر گرامی۔ اس کے بعد دوسری تبدیلی ایک اور آ رہی ہے یہ نظام جس پر ہم فخر کرتے تھے ایک بہت بڑی تبدیلی اس میں پیش آنے والی ہے ۔ وہ صدر گرامی ۔ canal replacement work کے بعد ہوگی ۔ پانچ سال میں یا سات سال میں وہ canal replacement مکمل ہو جائیگا ۔ پنجاب کے تین دریاؤں پر جن پر آج بھی میں اپنا حق تصور کرتا ہوں جن کے متعلق آج بھی میں محسوس کرتا ہوں ۔ ہمارے ارباب بست و کشاد نے ان پر اپنا حق چھوڑ کر Canal Treaty پر دستخط کرکے اس ملک پر ایک ضرب کاری لگائی ہے ۔

Minister of Food & Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : That is a central subject.

Mr. Speaker : No discussion about that.
Mr. Iftikhar Ahmed Khan : I am not besides the subject.
Mr. Speaker : Should not be.

مسٹر افتخار احمد خان ۔ صدرگرامی۔آج یہ صوبہ سیم کی نظر ہوتا جا رہا ہےاتنی ہم زمین آباد نہیں کرتے جتنی زمین سیم میں چلی جاتی ہے۔ آپ اندازہ کیجئے آج سے پانچ سال کے بعد جب یہ replacement work مکمل ہو جائیگا تو سیم کے مسئلے کا magnitude کیا ہوگا ۔ اور اسکے اخراجات اور سالانہ مرمت کی ہم پر ذمہ داری ہو گی ۔ جناب والا ۔ canal treaty یہ قوم کبھی نہیں بھلا سکے گی ۔ یہ ایک ایسا غلط فیصلہ تھا ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : That has nothing to do with the Demand and the Cut Motion.

Minister of Food & Agriculture : That treaty was entered into by the Central Government.

مسٹر افتخار احمد خان ۔ صدر گرامی ۔ Canal Treaty

Mr. Speaker : Mr. Ansari should not discuss the treaty.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : I am not discussing the treaty. I am dicussing its effect.

Mr Speaker : But the member should be relevant to the Demand and the Cut Motion.

Mr Iftikhar Ahmed Khan : I am perfectly relevant.

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس نظام میں۔ سابقہ نظام میں اور موجودہ نظام میں ایک بہت بڑا انقلاب آنے والا ہے ۔ اور میں حکومت کو متنبہ کر رہا ہوں ۔ میں یہ نہیں کہنا چاہتا کہ اس میں کس نے کوتاہی کی ہے ۔ کون اس کا ذمہ دار ہے کس نے ملک پر زیادتی کی ہے ۔ میں یہ بالکل نہیں کہنا چاہتا اس کا وقت گذر گیا ہے لیکن میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ ہندوستان کو اگر یہ حق ہے کہ وہ کشمیر میں رائے شماری کے معاہدے سے منحرف ہو سکتا ہے ۔ ہندوستان کو اگر یہ حق ہے کہ وہ نون نہرو معاہدے سے منحرف ہو سکتا ہے ۔ ہندوستان کو اگر یہ حق ہے کہ وہ بیرو باری جنگلات کے معاہدے سے منحرف ہو سکتا ہے تو میں علیٰ اعلان کہنے کے لئے تیار ہوں کہ آج پاکستان کو بھی اس canal treaty سے منحرف ہو جانا چاہئے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Food & Agriculture : Again the same thing.

Mr. Speaker : Please come to the point.

مسٹر افتخار احمد خان ۔ لیکن میں یہ نہیں چاہتا ۔ یہ آپ خود سوچئے ۔

Mr. Speaker : Then, should not that remarks be expunged ?

Minister of Agriculture & Irrigation : Sir, the gentleman has agreed that he never meant to say these things in right earnest and, therefore, I request that these should not form part of the proceedings.

Mr. Speaker : I have already put a question in that regard to the member. Yes, Mr. Nawabzada, if you did not mean to say those things, then, should they be expunged from the proceedings ?

Nawabzada Iftikhar Ahmed Khan : No. No. Certainly not.

صدر گرامی ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا تھا کہ میرے نزدیک اس معاہدے کی کوئی sanctity یا تقدیس نہیں ۔ میں اس معاہدے کو اڑا دینا چاہتا ہوں جو میرے ملک کے مفادات کے خلاف ہو ۔

Mr. Sperker : May I invite the Member's attention to Demand No. 2 ? He has got only two minutes more.

مسٹر افتخار احمد خان ۔ جناب والا ۔ اب میں اس معاہدے کے اثرات کی طرف آتا ہوں ۔ اگر یہ معاہدہ ٹوٹ نہیں سکتا تو آپ اس کے اثرات کو سوچیئے ۔ کہ اس معاہدے کی وجہ سے جو سیم پھیلے گی اس کے لئے معقول انتظام کیا جائے ۔ اس کی replacement کے اخراجات اتنے بڑھ جائینگے اور اتنے زیادہ ہونگے کہ ہمارے صوبے کا نظام آبپاشی انہیں برداشت نہ کر سکے گا ۔

جناب والا ۔ اب آخر میں آج میں اپنے ضلع کے متعلق بھی چند الفاظ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ صدر گرامی ضلع جھنگ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : This demand is in respect of Sind area.

Nawabzada Iftikhar Ahmed Khan : It pertains to Irrigation.

Mian Muhammad Akbar : This is not particularly about Sind.

Khawaja Muhammad Safdar : This is about the whole province.

Mian Muhammad Akbar : Let the Minister say that it is only about Sind.

Minister of Irrigation : It is for the whole province.

مسٹر افتخار احمد خان ۔ صدر گرامی ۔ ضلع جھنگ میں آبپاشی کے دو نظام ہیں، ایک نئی آبادیوں میں اور دوسرا سابقہ آبادیوں میں ۔ نئی آبادیوں میں پانی کی اوسط ۶۰ فیصد ہے ۔ حالانکہ سرگودھا اور لائلپور میں یہ ۷۵ یا ۸۰ فیصد ہے ۔ جھنگ کی پرانی آبادیوں میں اس کا تناسب ۴۰ فیصد ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایک ہی ضلع کے مختلف علاقوں اور مختلف لوگوں کو مختلف نسبت سے پانی دینا نا انصافی کی انتہا ہے ۔ اس کے پیش نظر میں آپ سے دردمندانہ اپیل کرونگا کہ آپ اس مسئلہ پر غور فرمائیں ۔ کیونکہ سابقہ حکومت نے ۱۹۵۶ء میں اس کے متعلق فیصلہ کیا تھا کہ یہ disparity ختم کر دی جائیگی ۔ اور ہر شخص

کو ۷۰ یا ۷۵ فیصد کے حساب سے پانی دیا جائیگا ۔ لیکن ابھی اس پر عملدرآمد ہونے نہ پایا تھا کہ مارشل لاء آ گیا اور وہ estimates اور سب چیزیں اسی طرح دھری رہ گئیں ۔ اس لئے میں حکومت کی توجہ اس امر کی طرف دلاتا ہوں تاکہ وہ اس مسئلے پر غور کرے اور اس حق تلفی کو رفع کرے ۔ یہ ۷۰ فیصد سرگودھا کو اور ۷۰ فیصد ملتان کو ۔ یہ کوئی انصاف کی بات نہیں ہے۔ اس لئے آپ کو چاہئیے کہ آپ اس چیز پر ہمدردی سے غور کریں ۔

Mr. Speaker : Malik Sahib, I want to know whether this demand is in respect of Sind only.

Minister of Irrigation : In fact it is for the whole province, Sir.

Mr. Speaker : But in your Demand No. 2 it is written.....

Minister of Irrigation : Yes, that is wrong. As Khawaja Safdar has said, it is for the whole province.

Mr. Speaker : The next motion is from Allama Rehmat Ullah Arshad. Is he pressing it ?

Allama Rehmatullah Arshad. Yes, Sir. I beg to move :

That the total of Rs. 1,76,00,000 on account of XVII—Irrigation—Working Expenses—Total New Expenditure be reduced by Rs. 1, 75, 99, 999.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 1,76,00,00 on account of XVII--Irrigation--Working Expenses--Total New Expenditure be reduced by Rs. 1,75,99,999.

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ جناب صدر ۔ میں اس مطالبہ زر کی تخفیف پر کوئی لمبی چوڑی تفصیلات پیش کرنے کے لئے کھڑا نہیں ہوا ۔ میں آپ کی وساطت سے وزیر آبپاشی جناب ملک قادر بخش صاحب کو ایک نا انصافی اور صریح نا انصافی اور ظلم کی طرف متوجہ کرنا چاہتا ہوں جو میرے علاقے اور میری ڈویژن سے متعلق ہے ۔

جناب والا۔ ملک صاحب جانتے ہیں کہ بہاولپور ڈویژن کے دو اضلاع یعنی بہاولپورا ور بہاولنگر کی آبپاشی کا انحصار ہندوستان سے آنے والے پانی پر ہے ۔ گذشتہ کئی سالوں سے ہندوستان نے پانی میں کمی کر دی ہے جس کا قدرتی نتیجہ یہ ہوا ہے کہ زمین کے لئے اتنا پانی درکار ہے جتنا اسے میسر نہیں آتا ۔ لہذا زمینداروں کی اجناس کی پیداوار کم ہوتی ہے ۔ بعض اوقات ان کی فصلات ایک پانی بر وقت ملنے کے بعد دوسرا پانی نہ ملنے کی وجہ سے بالکل تباہ ہو جاتی ہیں ۔ لیکن اس کے باوجود حکومت ان زمینداروں سے اتنا ہی مالیہ وصول کرتی ہے جتنا ضلع رحیم یارخان کے زمینداروں سے ۔ یعنی جن زمینداروں کو ان کی ضرورت کے مطابق پانی دیا جاتا ہے ۔ لہذا میں آپ کے توسل سے حکومت کی توجہ اس نا انصافی کی طرف دلانا چاہتا ہوں ۔ جب پیداوار بھی کم ہو اور پانی بھی کما حقہ نہ

دیا جائے ۔ تو پھر پورا مالیہ وصول کرنا نا انصافی نہیں تو اور کیا ہے ۔ میری اطلاع کے مطابق بہاول کینال جسے ۵ ہزار کیوسک پانی ملنا چاہیئے تھا ۔ اس میں صرف دو سو کیوسک پانی چل رہا ہے ۔ اس سے زمیندار کاشت کیا کریگا ۔ فصل کیا اٹھائیگا اور اس کی آمدنی کیا ہوگی ۔ لیکن اس کے باوجود آبیانہ اتنا ہی تشخیص کیا جاتا ہے جتنا ان زمینوں پر جن کو ان کی ضرورت کے مطابق پانی دیا جاتا ہے ۔ لہذا میں آپ کے توسل سے گذارش کرونگا کہ وہ اس نا انصافی کا ازالہ کریں اور ہمیں مشکور ہونے کا موقع دیں ۔

Mr. Speaker : Next cut motion is in the name of Mr. Ali Gohar Khuhro. He may please move it.

Mr. Ali Gohar Khubro : Sir, I beg to move :

That the total of Rs. 1,76,00,000 on account of XVII—Irrigation—Working Expenses—Total New Expenditure be reduced by Rs. 75,99,999.

Mr. Speaker : Demand under consideration motion moved is :

That the total of Rs. 1,76, 00,000 on account of XVII—Irrigation—Working Expenses-Total New Expenditure be reduced by Rs. 1,75,99,999.

مسٹر علی گوھر کھوڑو ۔ (لاڑکانہ ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ اس Cut Motion کو پیش کرنے سے میرا منشا یہ ہے کہ یہ روپیہ جو ہمارے ریجن یعنی سابقہ سندھ میں خرچ کیا جائیگا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کا more than 80 per cent پہلے بھی رائگاں جاتا رہا ہے اور اب بھی رائگاں ہی جائیگا ۔

علاوہ ازیں یہ Silt Clearance کا مسئلہ ہمارے Perennial Canals کے علاقے میں موسم سرما میں بڑا نقصان پہنچاتا ہے ۔ اس کے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ وہ Perennial Canals جو سکھر بیراج سے نکلتی ہیں وہ ہمیں کس طرح نقصان پہنچاتی ہیں ۔ اب ۲۳ دسمبر سے ہمارے یہاں پانی بند ہو رہا ہے جو ۸ جنوری تک بند رہے گا ۔ ان پندرہ روز کے دوران میں ہمارے محکمہ آبپاشی والے Manual Labour کے ذریعے Silt Clearance کا کام کرائینگے ۔ اس عرصے میں کام نہ ہو سکے گا ۔ یا تو نہریں نہ بہائی جائیگی یا کام مکمل نہ ہو سکے گا اور روپیہ کو خرد برد کیا جائیگا ۔

جناب والا ۔ یہاں میں یہ بھی عرض کر دوں کہ اس وقت تک کوئی ٹنڈر وغیرہ طلب نہیں کئے گئے ہیں ۔ ۲۳ دسمبر کو جب پانی بند ہوگا تو اس وقت محکمہ آبپاشی ٹنڈر طلب کریگا اور ۳۰ دسمبر تک اپنے کسی آدمی کو اس ٹنڈر کی منظوری دیدیگا ۔ اب آپ خود ہی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ان ۷ روز میں channels کی صفائی کیا ہوگی اور قاعدے کے مطابق Silt Clearance کیسے

ممکن ہو سکے گی ۔ حقیقت یہ ہے کہ جو پانی ہمیں ۸ ۔ جنوری کو ملنا ہے ۔ وہ اب ہمیں ۳۰۔ جنوری تک نہ مل سکے گا ۔ اس وقت فصل کی کیا حالت ہو جائیگی مرسم سرما میں اگر ۴۰ دن کے اندر گندم کو پانی نہ ملے تو فصل خراب ہو جائیگی نہ ہم اس کو کھاد دے سکیں گے ۔ اس لئے میں وزیر آبپاشی سے درخواست کرونگا کہ ابھی ۱۵ روز میں perennial canals میں سلٹ کا کام شروع نہ کیا جائے ۔ بلکہ بعد میں کیا جائے ۔ جب کہ نہریں زیادہ عرصے کے لئے بند ہونگی ۔ اس عرصے کے لئے محکمہ آبپاشی یہ Excise دینگے کہ لیبر نہیں ملتی ۔ اس سلسلے میں میں ایک تجویز پیش کرتا ہوں کہ باہر سے چھوٹی قسم کی مشین منگا کر کھدائی کا کام کریں تاکہ خریف کے موسم میں یہ نہریں بن سکیں اور حکومت کا پیسہ بھی ضائع نہ ہو اور کام بھی اطمینان بخش ہو ۔

جناب والا ۔ ہماری نہروں میں کھدائی کی بہت ضرورت ہے۔ پنجاب میں تو سلٹ اتنی نہیں ہوتی لیکن سکھر بیراج کی زمینوں کے لئے جو نہریں ہیں ان میں بہت سلٹ ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہے پنجاب کے پانچوں دریاؤں کی سلٹ ہمارے ایک دریا میں پانی کے ساتھ آ جاتی ہے ۔ اور ایک ہی سال میں اتنی سلٹ جمع ہو جاتی ہے کہ نہروں کی شکل دیکھنے میں نہیں آتی ۔ اس کے علاوہ پانی کے discharge کا انتظام ایسا ہو گیا کہ چھوٹی نہروں میں پانی ایک تو کم انداز میں آتا ہے دوسرا نہر میں سلٹ جمع ہونے کی وجہ سے Head reach کے Water Courses زیادہ پانی لے جاتے ہیں ۔ مثال کے طور پر ایک نہر ۱۰ میل لمبی ہے تو پانچ میل تک اس سے زمینیں آباد ہوتی ہیں اور باقی ۵ میل میں زمین آباد نہیں ہوتی ہے ۔ میں ملک قادر بخش صاحب کی خدمت میں عرض کرونگا کہ وہ ہمارے ضلع میں آئیں اور جو فصل لگی ہے اسے دیکھیں تو انہیں رحم آئیگا اور وہ حیران ہونگے کہ ہمارے ضلع کے زمیندار کیسے اپنا وقت گذار رہے ہیں ۔ میری گذارش ہے کہ چونکہ ان نہروں میں سال بہ سال سلٹ پڑتی رہتی ہے ۔ اس لئے اس کی clearance کے لئے جلد از جلد چھوٹی مشینیری منگائی جائے اور Foreign Exchange کا بندوبست اس مقصد کے لئے کیا جائے تو بہتر ہوگا ۔

جناب والا ۔ میرے دوست افتخار احمد خان صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے میں ان کی بات میں شامل رائے نہیں ہوں ۔ بلکہ میں عرض کرونگا کہ ہمارے علاقہ میں پنجاب اریگیشن ایکٹ لگایا جائے ۔ میں یہ دعویٰ سے کہتا ہوں کہ ہمارے ہاں آبپاشی کے محکمہ کا کوئی وجود ہی نہیں ۔ ہمارے یہاں بااثر آدمی آبپاشی کا کام چلاتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ہمارے ہاں نہروں کی طرف توجہ

نہیں دی جاتی اور زمینوں کو بر وقت پانی نہیں ملتا ۔ اس لئے پی ڈبلیو ڈی انجنیئرز کو وہاں سے ہٹایا جائے اور آبپاشی کا انتظام بر سراقتدار آدمیوں کے حوالے کیا جائے ۔ اس محکمہ کی تنخواہیں ضائع کی جاتی ہیں جو بھی آفسر آتا ہے سیاسے مداخلت ہونے کی وجہ سے اپنا فرائض سرانجام نہیں دے سکتا ہے ۔ کل کو اگر خواجہ صاحب بھی آ جائیں تو پھر بھی اس بدانتظامی کو روک نہیں سکیں گے ۔ اس لئے میں گذارش کروں گا کہ محکمہ آبپاشی کے انتظام کو درست کرنے کے لئے فوری خاص توجہ کی ضرورت ہے اور ہمارے علاقہ میں آبپاشی کے لئے جو بھی مناسب انتظام آپ سمجھیں کریں تاکہ غریب عوام کو پانی مل سکے ۔

Mr. Speaker : Mian Muhammad Akbar to move his motion now :

Mian Muhammad Akbar (Gujrat I) : Sir, I beg to move :

That the total of Rs. 1, 76,00,000 on account of XVII—Irrigation-Working Expenses—Total New Expenditure be reduced by Rs. 1,75,99,999.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 1, 76, 00, 000 on account of XVII-Irrigation-Working Expenses-Total new expenditure be reduced by Rs. 1,75,99,999.

میاں محمد اکبر ۔ (گجرات ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ یہ مطالبہ زر ایک کروڑ ۷۶ لاکھ روپیہ کا ہے یعنی پونے دو لاکھ روپیہ سے زیادہ کا ہے ۔ محترم فنانس منسٹر صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا تھا کہ چونکہ پچھلے کچھ عرصے سے نہروں کے کام کو neglect کیا گیا ہے اور ان کی غور و پرداخت نہیں ہو رہی اس وجہ سے نہروں کا سسٹم خراب ہو گیا ہے ۔ خاص طور پر سابق صوبہ سندھ میں نہروں کی حالت ایسی ہو گئی ہے کہ اس کے لئے اگر کوئی اقدام بر وقت نہ کیا گیا تو نہروں کے سسٹم کے خراب ہونے کا اندیشہ ہے ۔ چونکہ نہروں میں سلٹ جمع ہو گئی ہے ۔ اس لئے اسے de-silt کرنا یعنی silt-clearance کا کام کرنا نہایت لازمی ہے ۔

جناب والا ۔ ملک قادر بخش صاحب اپنی سیٹ پر تو ہیں مگر چھپ گئے ہیں اگر وہ سامنے رہیں تو انہیں دیکھ کر میں inspire ہوتا ہوں ۔

مسٹر سلطان محمد اعوان ۔ جناب صدر ۔ ہاؤس میں کورم نہیں ۔

Mr. Speaker : As the House is not in quorum, the bell may be rung for 5 minutes.

(*At this stage, quorum bells were rung whereafter the House was in quorum*).

Mr. Speaker : Mian Muhammad Akbar may please continue his speech.

میاں محمد اکبر - جناب والا - میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ محترم فنانس منسٹر صاحب نے اپنی تقریر میں جو کچھ ارشاد فرمایا تھا اور جو وجوہات بیان کی تھیں جن کی بنا پر یہ ضمنی مطالبہ زر -/۱۷۶۰۰۰۰۰ روپیہ کا پیش کیا گیا - اس سلسلہ میں میں یہ گذارش کروں گا کہ کیا جب یہ بجٹ بن رہا تھا اس وقت یہ نقائص ان نہروں میں نہیں تھے - جس کے متعلق اب یہ کہا جا رہا ہے کہ اگر فوری طور پر توجہ نہ دی گئی اور ان کی مرمت نہ کی گئی تو یہ نہریں خراب ہو جائیں گی اور اب اس امر کی اشد ضرورت محسوس کی گئی ہے کہ contingency کی مدد سے یہ روپیہ نکال کر محکمہ انہار کو دیا جا رہا ہے - میں ان سے دریافت کرتا ہوں کہ جب سالانہ بجٹ ترتیب دیا جا رہا تھا اس وقت کیا محکمہ انہار والے سوئے ہوئے تھے اور ان کو یہ معلوم نہ تھا کہ اگر نہروں کی بر وقت مرمت نہ کی گئی تو یہ خراب ہو جائیں گی اور ان کے اخراجات کیلئے فوری طور پر contingency کی مد سے پونے دو کروڑ روپیہ حاصل کرنا پڑے گا - اگر یہ رقم ایک لاکھ یا دو لاکھ یا دس لاکھ ہوتی تو شاید جائز قرار دی جا سکتی یہ تو پونے دو کروڑ کی رقم ہے جس سے فوری طور پر نہری سسٹم کو بحال کرنے کی ضرورت پیش آئی ہے - کیا وہ صبر نہیں کر سکتے تھے - اور آئندہ سال میں اپنی یہ demand نہیں رکھ سکتے تھے - اب جو اتنی اشد ضرورت پیش آ گئی ہے اور contingency کی مد سے یہ روپیہ لیا جا رہا ہے - میں ملک قادر بخش صاحب کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ آیا انہوں نے اپنے افسران سے پوچھا ہے کہ جب سالانہ بجٹ بن رہا تھا اس وقت وہ کہاں تھے - کیا اس وقت یہ ضرورت نہیں تھی یا اس وقت یہ ضرورت محسوس نہیں کی گئی تھی - یہ تو ہماری خوش قسمتی ہے کہ ہمارے پاس دس کروڑ روپیہ کی ایسی گنجائش تھی جس کو ہم جہاں چاہیں صرف کر سکیں - اگر یہ دس کروڑ روپیہ نہ ہوتا - تو ہم اپنی نہریں کس طرح چلا سکتے - کیونکہ ہمیں بتایا گیا ہے - اگر ان پر فوری طور سے یہ رقم خرچ نہ کی جائے - تو نہروں کا سسٹم قائم نہیں رہ سکتا - اس کے بعد جناب والا - یہ کہا گیا ہے کہ for neglect in the past year یہ ایک سال کا بھی واقعہ نہیں ہے - یہ اس سالانہ بجٹ کی لغزش یا فروگذاشت نہیں ہے - بلکہ جناب والا - میں تو یہ کہونگا کہ یہ پچھلے کئی برسوں کی فروگذاشت ہے - جو محکمۂ انہار کر رہی ہے - تو میں پھر اپنے محترم بزرگ کی خدمت میں گذارش کرتا ہوں کہ اس بارے میں کیا انہوں نے کوئی تحقیقات فرمائی ہے - کیا انہوں نے اپنے آن افسران کو کیفر کردار تک پہنچایا ہے جن کی وجہ سے اس حد تک سستی اور تساہل سے کام کیا گیا ہے - یہ item جو پچھلے سال

انکے بجٹ میں آنی چاہیئے تھی - اور انہیں آج اس روپے کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے - اور کہہ رہے ہیں - کہ ہمیں contingencies میں سے پیسے دیئے جائیں - ورنہ ہمارا سب نظام درہم برہم ہو جائیگا جناب والا - یہ حکومت ۵۸ء سے بر سر اقتدار ہے - اور کم از کم میں سمجھتا ہوں کہ پچھلے پانچ چھ سالوں کے جتنے معاملات ہیں - محکمۂ انہار میں جتنے واقعات ہوئے ہیں - ان کے متعلق ہم اپنی اس حکومت سے باز پرس کر سکتے ہیں - تو میں پھر یہ عرض کرتا ہوں - کہ یہ جتنے اہم points ہیں - جتنے اہم معاملے ہیں - ان میں اتنی لغزش کی گئی ہے - کہ اگر ہمارے پاس اس وقت محکمۂ انہار کو دینے کے لئے پونے دو کروڑ روپیہ نہ ہوتا - تو ہماری نہریں نہیں چل سکتی تھیں -

Mr. Speaker : No repetition.

میاں محمد اکبر - جناب والا - جیسا کہ میں نے اپنے اس point سے ثابت کیا ہے - کہ محکمۂ انہار کے افسران میں منصوبہ بندی کا فقدان ہے - منصوبہ بندی محکمۂ انہار کے افسران بالکل نہیں کرتے - اور جب سر پر مصیبت آ جاتی ہے تو فوراً چیخ اٹھتے ہیں - کہ ہمیں اتنی رقم دیں ورنہ نہریں بند ہونے لگی ہیں - میں یہاں آپکو ایک اور مثال دونگا - مثلاً اب جو Link Canals بن رہی ہیں - ایک لنک کنال ہے - B R.B.F. بہاولوالہ راوی لنک اور دوسری ہے - مراله راوی لنک - جن لنک کا میں نے پہلے نام لیا ہے - یہ بالکل ناقص طور پر ڈیزائن ہوئی ہے - اور آج تک اس پر توجہ نہیں دی گئی ہے - کہ اس کے ڈیزائن کو درست کیا جائے - اس میں جو سب سے زیادہ نقص ہے - وہ یہ ہے - کہ cr ss drainage کیلئے پوری طرح works نہیں بنائے گئے اور زیادہ کشادہ Works نہیں بنائے گئے - جب پہاڑی ندی نالے آتے ہیں - اور جب ان کا زور ہوتا ہے - تو یہ cross drainage ان کو پوری طرح discharge نہیں کر سکتے - اور اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے - کہ ہر سال نہریں ٹوٹتی ہیں اور زمینوں کو کئی کئی ماہ تک پانی نہیں ملتا - زمینداروں کو کروڑوں روپے کا نقصان ہوتا ہے - ہمارے ملک کو اور ہماری قوم کو نقصان ہوتا ہے - اور غلے کی پیداوار پوری طرح نہیں ہو سکتی - ان نہروں میں اُن ندی نالوں کا پانی آ جانے کی وجہ سے نہروں میں شگاف پڑ جاتے ہیں - ان میں breaches ہر سال ہو جاتی ہیں - اور حکومت کا لاکھوں روپے کا نقصان ہو جاتا ہے - لیکن آج تک اس طرف توجہ نہیں دی گئی - کہ اسے کشادہ کیا جائے -

اب جناب والا - میں مراله راوی لنک کی طرف آتا ہوں - جو حال ہی میں بنایا گیا ہے - اور اسے بائیس ہزار کیوسک پانی کے discharge کیلئے ڈیزائن کیا

گیا ہے ۔ لیکن جناب والا ۔ اس وقت حالت یہ ہے کہ اس میں صرف سولہ ہزار کیوسک پانی جا سکتا ہے ۔ اگر اس میں سولہ ہزار کیوسک سے زیادہ پانی چلائیں تو پانی کناروں سے باہر نکل جاتا ہے ۔ جس کا لازمی طور پر نتیجہ یہ ہو رہا ہے ۔ کہ اس نہر نے آگے چل کر بہاولپور کی طرف بھی پانی دینا ہوتا ہے ۔ تو وہاں پانی پوری طرح نہیں پہنچ رہا ۔ اور نہروں کا وہ سسٹم جو تمام اس پر depend کرتا ہے وہ پانی کی کمی کا شکار ہو رہا ہے یہ ہمارے افسران کے تساہل کا نتیجہ ہے کہ بائیس ہزار کیوسک کی ڈیزائن شدہ نہر میں صرف سولہ ہزار کیوسک پانی جا رہا ہے ۔ دریا میں پانی موجود ہے لیکن نہر میں اور capacity ہو تو اس میں مزید پانی جا سکے ۔ اور tail پر جہاں پانی پہنچنا ہے ۔ وہاں پانی کی کمی کو دور کیا جا سکے ۔ لیکن محض اس وجہ سے کہ ہمارے افسران کے پاس کوئی ایسی تدبیر نہیں ہے ۔ کہ اسے پورے طور پر discharge لینے کے قابل بنا سکیں ۔ وہ پانی کم جا رہا ہے ۔

جناب والا ۔ یہ مذکورہ نہریں دونوں ہی تقریباً parallel چلتی ہیں ان کے درمیان ضلع سیالکوٹ اور شاید گوجرانوالہ یا ضلع شیخوپورہ کا جو علاقہ آ گیا ہے ۔ وہ مستقل طور پر پانی کی ایک جھیل بن گیا ہے ۔ اور جب کبھی بھی بارش ہوتی ہے تو بارش کے پانی کے discharge کا بھی خیال نہیں رکھا گیا ۔ جس کی وجہ سے وہ سارا علاقہ پانی کی ایک جھیل بن جاتا ہے ۔ میں ملک قادر بخش صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ کہ ایک تو وہاں سیم کی وجہ سے تباہی ہو رہی ہے ۔ اور دوسرا یہ کہ ان نہروں کے ڈیزائن کی وجہ سے بھی بربادی ہو رہی ہے ۔

دوسرا نقص یہ ہے ۔ کہ مراله لنک جو بنایا گیا ہے ۔ وہ کچا بنایا گیا ہے۔ اور اس کی lining نہیں ہوئی حالانکہ جدید سائینس کی یہ ایک مسلمہ تھیوری ہے ۔ کہ جن نہروں پر lining کی جائے ۔ جو نہریں پختہ بنائی جائیں ۔ وہ آخر کار سستی ثابت ہوتی ہیں ۔ چونکہ وہاں سیم نہیں ہوتا ۔ سیم کی وجہ سے جو مستقل طور پر خرچ حکومت کو برداشت کرنا پڑتا ہے ۔ اس صورت میں برداشت نہیں کرنا پڑتا ۔ جو نہریں پختہ بنائی جائیں ان کی لاگت کم ہوتی ہے ۔ بنسبت اس کے جو کچی بنائی جائیں ۔ اور مراله راوی لنک کچی بنائی گئی ہے ۔ پکی نہیں بنائی گئی اور یہ بہت اونچے contour پر جاتی ہے ۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ پورا علاقہ سیم زدہ ہو گیا ہے ۔ اور اس پر مزید مصیبت اس وقت ٹوٹتی ہے جب بارش ہو جائے اور بارش کے پانی کی نکاسی کے لئے cross drainage نہیں بنایا گیا ۔ تو بارش ہو جانے کے بعد وہ تمام علاقہ ایک جھیل کی صورت اختیار کر

لیتا ہے ۔ اور لوگوں کی زندگی دوبھر ہو جاتی ہے ۔ لوگ اپنے گاؤں میں نہیں رہ سکتے جہاں کہ وہ اپنی فصل یا کوئی اناج اگا سکیں ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ تمام چیز ہمارے محکمۂ انہار کے افسران کی lack of planning اور inefficiency کی وجہ سے ہے ۔ کہ وہ ہمیں اس مصیبت میں مبتلا کر رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : Mir Haji Muhammad Bux Talpur. Is the Member moving his Motion ?

Mir Haji Muhammad Bux Talpur : At least allow me to move it. I move :

"That the total of Rs. 1,7,600,000 on account of XVII—Irrigation-Working Expenses—Total new expenditure be reduced by Rs. 1, 000.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 1, 76, 00, 000 on account of XVII-Irrigation-Working Expenses-Total new expenditure be reduced by Rs. 1, 000.

حاجی میر محمد بخش تالپور ۔ (تھرپارکر ۔ م) ۔ صاحب صدر ۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ سندھ کی نہروں کی Distributaries کی حالت بہت خراب ہے اور ان کی مرمت کرانا بڑا ضروری ہے ۔ لیکن جناب والا۔ اس کے علاوہ اکثر دیکھا یہ جاتا ہے کہ نہر کے پہلے حصہ میں تو پانی مل جاتا ہے ۔ لیکن اس کے آخری حصہ میں پانی نہیں ملتا ۔ اور اس کی وجہ سے وہاں نہر silt up ہو گئی ہے ۔ یہ محض silt up ہونے کا قصور نہیں ہے بلکہ خاصہ دار موگوں کو توڑتے ہیں ۔ break up کرتے ہیں ۔ اس وجہ سے بھی پانی نہیں آتا ہے ۔ اس کے علاوہ عرض یہ ہے ۔ کہ silt up صرف Minors میں نہیں ہوتا ۔ بلکہ Indus River میں بھی ہوتا ہے ۔ خصوصاً اس دریا کی جو خصوصیت ہے ۔ کہ وہ ہمیشہ اپنا رخ بدلتا رہتا ہے اس وجہ سے ہمارے اکثر نظام آبپاشی کو نقصان پہنچتا ہے ۔ اور اس سے یہ نظام hit ہوتا ہے ۔ اسلئے ضروری ہے کہ ہم اس کو بھی صاف کروائیں ۔ کہ ہمارا نظام آبپاشی اچھی طرح چل سکے ۔ لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے ۔ کہ محکمہ آبپاشی کے بہت سے علاقے A.D.C کے تحت آ گئے ہیں ۔ لیکن باوجود اس کے بھی حالت اتنی اچھی نہیں ہے ۔ بلکہ میں تو یہ کہونگا کہ اسکی وجہ سے حالت اور بھی خراب ہو گئی ہے ۔ کیونکہ A.D.C والے اسکی طرف بہت کم ہی توجہ دیتے ہیں۔ اور خصوصاً دریا کی maintenance پر تو بہت کم توجہ دی جاتی ہے ۔ اور جب تک دریا پوری طرح flow نہ کرے ۔ تو خطرہ یہ ہوتا ہے ۔ کہ دریا کسی بھی وقت اپنا رخ کسی اور طرف پھیر دے ۔ تو اس سے نظام آبپاشی خطرے میں پڑ جائیگا ۔ تو یہ silt clearance نہ کرانے سے اس نظام کو نقصان پہنچ رہا ہے اس لئے

A.D.C والوں کو چاہئیے کہ وہ اپنی نہروں کی silt clearance کرائیں ۔ بلکہ اسکے ساتھ ساتھ دریا پر بھی اپنا کنٹرول رکھیں ۔ جس سے ابھی تک یہ بے توجہی برت رہے ہیں مثلاً ایک ملاں کٹار بند تھا اس کے متعلق Indus River Commision نے خود فیصلہ کیا ہے کہ اسکو باندھنا چاہئیے تاکہ ہزاروں اور لاکھوں آدمیوں کی ملکیت کا اور گورنمنٹ کو بھی نقصان ہوگا لیکن اے ۔ ڈی ۔ سی والے اپنے سرد خانوں میں اس سکیم کو رکھ رہے ہیں ۔ ان کو توجہ کرنی چاہئیے اور یہ کوشش کرنی چاہئیے کہ اے ۔ ڈی ۔ سی میں آنیکے بعد ایریگیشن کی کارکردگی بڑی اچھی ہو ۔

Mr. Speaker : Next motion is from Mian Abdul Latif. He is not present. So the motion lapses.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir I want to speak.

Mr. Speaker : No, Mr. Raziq first.

مسٹر عبدالرازق خان ۔ (مردان ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ نہروں کی مرمت کیلئے محکمہ انہار نے ایک کروڑ ۷۶ لاکھ روپے کا منصوبہ پیش کیا ہے ۔ جو رقم مانگی گئی ہے میرے خیال میں اگر وہ اس سے بھی زیادہ رقم مانگتے تو زیادہ رقم کے مہیا کرنے میں قطعاً کوئی تکلیف نہ ہوتی ۔ گو کہ اس طرف محکمہ انہار نے بہت تاخیر سے توجہ کی ہے لیکن میں اسکی تعریف کرتا ہوں ۔ بلکہ خوشی محسوس کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ مغربی پاکستان میں ہماری معیشت کا دار و مدار تمام تر نہری نظام پر ہے اگر نہری نظام کو قطعی طور پر درست حالت میں نہ رکھا جائے تو ایک طرح کا یہ حکومت کیلئے درد سر ہے اور دوسری طرف غریب زمینداروں کی حالت اس سے بھی زیادہ ناگفتہ بہ ہو جائے جیسی کہ ہے ۔

جناب والا ۔ پچھلے دونوں Sessions میں متواتر میں یہ شکایت کرتا رہا تھا کہ پہور کینال جس کی سکیم حکومت نے بنائی تھی اور اس پر پہلے ۳۲ لاکھ خرچ کرنے کا منصوبہ بنایا تھا اور بالاخر اس نہر پر ۹۰ لاکھ روپیہ خرچ ہوگیا اور پچھلے ۴ ۔ سالوں میں اسکی وجہ سے وہاں کے عوام نے جو نقصان اٹھایا ہے میں اس کا ذکر نہیں کر سکتا کیونکہ کبھی بھی بر وقت اس کا پانی نہیں ملا ۔ ہم ملک قادر بخش صاحب اور ان کے افسران کا شکر گذار ہیں کہ ہماری فریاد کارگر ثابت ہو گئی ۔ ہمیں اس نہر سے جہاں تک پانی ملنے کا سوال ہے وہ قطعی طور پر حل ہو گیا ہے ۔ پانی پورے طور پر مل رہا ہے لیکن چند ایسی شکایات ہیں جن کی طرف ابھی تک توجہ نہیں دی گئی ہے ۔ اس نہر کی سطح

زمین سے اونچی ہے مثال کے طور پر میں ایک واقعہ بتاتا ہوں وہ یہ ہے کہ پاکستان تمباکو کمپنی کا ایک ڈپو ہے وہاں سے لاہور ولیج (یہ لاہور نہیں وہاں ایک گاؤں کا نام بھی لاہور ہے) وہاں ایک سڑک جاتی ہے اور وہاں سے جو نہر گذرتی ہے تو اس میں ۵ سو ایکڑ زمین ایسی ہے جس کی سطح نیچی ہونے کی وجہ سے برسات کا پانی اور سیلاب کا پانی جمع ہو جاتا ہے سائفن بنایا نہیں گیا ہے لہذا وہ لوگ سخت نقصان میں ہیں یہ تو صرف ایک مثال ہے اور اسی طرح کئی اور مثالیں ہیں ۔ ایسی بھی مثالیں ہیں کہ نہر کو گذارہ گیا ہے وہاں جو Drains تھے ان کی Remodelling کی گئی ہے ۔ اور Remodelling کے بعد کوئی پل نہیں بنایا گیا جس سے وہاں کے لوگوں کو سخت تکلیف ہے میں ایک مثال پیش کرتا ہوں مثلاً ایسٹ جلسئی ایک گاؤں کا نام ہے جو کہ پھور کینال کے قریب ہے اور وہاں بازار کا حصہ ہے وہاں ایک پل تھا اب Remodelling کی وجہ سے وہ پل بیکار ہو گیا ہے ۔ اور دوسرا نہیں بنایا گیا تو وہاں پلوں کی سخت ضرورت ہے ۔ میں گذارش کرونگا کہ محکمہ زراعت اس طرف توجہ دے ۔

جناب والا ۔ سابق صوبہ سرحد میں جو Desilting کیلئے پیسہ دیا جاتا ہے ۔ میں یہ بھی نہیں کہتا محکمہ انہار کے سب افسران کام نہیں کرتے میں یہ بھی نہیں کہتا کہ وہ جو پیسہ دیا جاتا ہے وہ سب کا سب ہڑپ کر لیا جاتا ہے ۔ لیکن میں یہ تسلی کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ Silt کی صفائی کیلئے فوری اور ہنگامی ضروریات کے لئے محکمہ انہار کے پاس جو پیسہ دیا جاتا ہے اسکی اور بھی سخت کڑی نگرانی ہونی چاہئے کیونکہ واقعہ ایسا ہی ہے جیسا کہ میرے محترم دوست علی گوہر کھوڑو صاحب نے کہا ہے اس میں کافی حد تک صداقت ہے وہ پیسہ صحیح وقت پر خرچ کرنے کیلئے دیا جاتا ہے لیکن وہ صحیح طور پر صرف نہیں ہوتا لہذا میں یہ تجویز کرونگا کہ اس محکمہ کے سیکرٹری صاحب یا وزیر صاحب جب بھی دورے پر تشریف لے جائیں تو جس نہر کی صفائی ہوئی ہو اور اس پر Desilting کا خرچ ہوا ہو تو معلومات کر لیں کہ ہر افسر نے Desilting پر کتنا خرچ کیا ہے ۔

جناب والا ۔ سابق صوبہ سرحد میں محکمہ انہار کے ملازمین کو بھی شکایات ہیں میں سمجھتا ہوں کہ محکمہ انہار کی کارکردگی پر اس کا برا اثر پڑتا ہے ۔ محکمہ انہار میں ضلعدار ایک اہم حیثیت رکھتا ہے ۔ میری یہ اطلاع ہے کہ وحدت کے قیام کے بعد جو سابق صوبہ سرحد کے ضلعداروں کے ساتھ بے انصافی ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ سابق صوبہ پنجاب میں ضلعدار ایف ۔ اے پاس ہوتا تھا

اور سابق صوبہ سرحد میں میٹرک پاس ہوتا تھا دونوں نے ضلعداری کے عہدے کا امتحان پاس کیا اور یکساں پاس کیا صرف ایجوکیشنل Qualification میں فرق تھا اسلئے سابق پنجاب کے ضلعداروں کی تنخواہ زیادہ ہے اور سابق صوبہ سرحد کے ضلعداروں کی تنخواہ کم ہے ۔ یہ discrimination بلا وجہ کیا گیا ہے لہذا میں درخواست کرونگا کہ اس discrimination کو ختم کیا جائے اور جو تنخواہ یہاں کے ضلعداروں کو دی جاتی ہے وہی تنخواہ وہاں کے ضلعداروں کو بھی دی جائے ۔

جناب والا ۔ ایک اورگذارش میں کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ سابق صوبہ سرحد میں غیر مستقل انجینئر بھرتی کئے جاتے تھے اور ان کو یہ رعایت دی جاتی تھی کہ دو سال کے بعد ان کو کلاس (۲) میں absorb کر لیا جاتا تھا ۔ اور سابق پنجاب میں غیر مستقل انجینئر ایک عمر غیر مستقل رہتے تھے ۔ سابق صوبہ سرحد میں یہ انجینئر اس وعدے پر بھرتی کئے جاتے تھے ۔ یونٹ کے بعد ان سے یہ رعایت چھین لی گئی ہے۔ یہ ان کے ساتھ ناانصافی ہوئی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ محض ٹکنیکل اور قانونی وجوہات کی بنا پر ان کا یہ حق روا نہیں رکھا گیا ہے ان کو یہ حق دیا جائے۔ جو ملازمت کے وقت ان سے وعدہ کیا گیا تھا ۔

جناب والا ۔ ''اپر سوات،، نہر کے متعلق بھی میں کچھ عرض کروں گا اس کی طرف زیادہ توجہ دی جا رہی ہے ۔ ٹیل کا علاقہ جو میرا اپنا علاقہ ہے وہاں لوگوں کی شکایات رفع نہیں کی گئی ہیں اس کی طرف توجہ فرمائیں ۔ جس طرح پبھور کینال کیطرف توجہ دی گئی ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ بغیر کچھ خرچ کئے ہوئے محض کڑی نگرانی نہ ہونے کی وجہ سے ان لوگوں کی تکلیف دور ہوں کہ ٹوپی کے مقام پر ایک لفٹ ایریگیشن سکیم بنائی گئی ہے جس پر کافی خرچ کیا گیا ہے لیکن آپ حیران ہونگے کہ آج تک اس سے ۱۰ ایکڑ آراضی بھی سیراب نہ ہو سکی ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ محکمہ انہار نے نئی Channels کی نشاندھی نہیں کی تھی یہاں کہ Channels کھودے گئے ہیں اور اسی علاقے کے لوگوں کو کوئی سہولت پیدا ہو تو اپنے لئے آبپاشی کا انتظام کریں اور یہ ۵۰-۶۰ ہزار روپے جو وہاں خرچ کئے گئے ہیں ان سے کوئی فائدہ حاصل کرنا چاہئے ۔

جناب والا ۔ سابق صوبہ سرحد میں نہر کے کنارے جو سڑکیں ہیں جن کی لمبائی تقریباً ۵ سو میل ہے سارے مغربی پاکستان میں یہ خصوصیت ہے کہ تمام کی تمام آبادی نہر کے کناروں پر ہے ۔ ان سڑکوں کو استعمال کرنے کے علاوہ

ان کا کوئی اور ذریعہ نہیں ہے لہذا اس طرف خاص توجہ دینا چاہئے ۔ میں گذارش کرونگا کہ کوئی ایسا منصوبہ بنایا جائے کہ وہ جو نہروں کے کناروں کی سڑکیں ہیں ان کو آہستہ آہستہ پختہ کیا جائے ۔

وزیر زراعت و آبپاشی ۔ (ملک قادر بخش) ۔ صاحب سپیکر ۔ میں آج ان حضرات کا تہ دل سے مشکور ہوں کہ جنہوں نے ہماری حکومت کے ایک اہم شعبے کے متعلق صرف خیالات کا ہی اظہار نہیں کیا بلکہ وہ خامیاں بھی میں تسلیم کرنے کے لئے تیار ہوں گا جن کی انہوں نے نشان دہی کی ہے ۔ صاحب سپیکر ۔ یہ بھی ٹھیک ہے کہ ہمارے یہاں کا سسٹم آف کینالز دنیا بھر کے سسٹموں سے بڑا ہے ۔ صرف ایک سکھر بیراج کو لیجئے جس سے سات نہریں نکلتی ہیں اور وہ ۸۰ لاکھ ایکڑ کے قریب زمین آب پاشی کرتی ہیں Integration سے پہلے کے واقعات اگر میں بیان کرتا رہوں تو غالباً اس ہاؤس کا وقت ضائع کروں گا اور اس سے کچھ فائدہ بھی نہیں ہوگا کہ فلاں افسر کا قصور تھا ۔ فلاں منسٹر کا قصور تھا یا اس وقت کے ملازم سرکار کا قصور تھا ۔ اس میں بھی میں سمجھتا ہوں کہ ہاؤس کا وقت ضائع ہوگا تو چند چیزیں جو اس وقت محکمہ نہر کے کاموں کے متعلق بیان کی گئی ہیں ان کو ایک ایک لیکر میں چند سیکنڈ لیتا جاؤں گا اور بعد میں یہ Assurance دوں گا ۔

All that is possible will be done to remove the grievances which have been placed before us.

جھنگ کے معزز ممبر انصاری صاحب نے فرمایا کہ جھنگ کی آبپاشی کی Intensity کم ہے ۔ میں تسلیم کرتا ہوں کہ وہ ۴۰ فیصدی سے زاید نہیں ہو رہی ۔ کم از کم قاعدے کی رو سے ۴۰ فیصدی ہونی چاہئیے ۔ میں کریڈٹ نہیں لے سکتا کیونکہ باقی اضلاع میں ۴۰ سے زیادہ ہے ۔ چونکہ جھنگ Tail ٹیل پر ہے اس لئے ہم وہاں بڑھا نہیں سکے ۔ انشاءاللہ ہماری کوشش ہے کہ جھنگ کی یہ تکلیف جتنی جلد ہو سکے دور کر دیں اور انکو Links کے ذریعہ سے دور کیا جائے ۔ ایک چیز سے البتہ مجھے اتفاق نہیں ہے کہ سیم کی مصیبت سے ہم آگاہ نہیں یا یہ کہ ہم اس کی طرف سے بے پرواہ ہیں ۔ سیم کی اس وقت ہمارے علاقہ میں بڑی بھاری مصیبت ہے اور دو تین سالوں میں جو اس سلسلے میں ہماری حکومت کر سکی ہے وہ میں عرض کرتا ہوں کہ سوا پانچ لاکھ ایکڑ سیم زدہ زمین میں سے تین لاکھ ایکڑ آراضی پنجاب ریجن میں سیم سے نکالا جا چکا ہے ۔ سندھ سے تقریباً دو لاکھ ایکڑ اور این ڈبلیو ایف پی سے تقریباً تین ہزار ایکڑ ،

بہاولپور سے ۳۴ ہزار ایکڑ زمین کو سیم سے بچا لیا گیا ہے ۔ اور اس بچاؤ کے بعد وہ ایریازکاشت میں آ چکے ہیں ۔ لیکن میں پھر بھی تسلیم کرتا ہوں کہ جہاں ہم زمین کو بحال کر رہے ہیں وہاں دن بدن سیم بڑھ بھی رہی ہے ۔ اور اس وقت جو فگرز ہیں ہمارے غیرملکی ماہرین نے کہا ہے کہ بیس پچیس سالوں میں پاکستان اس مصیبت سے اپنی جان چھڑا سکے گا ۔ لیکن ہمارے انجینئیروں نے عہد کر لیا ہے کہ اس کام کو انشاءاللہ ۱۵ سال میں مکمل کر لیں گے اور ملک کو اس مصیبت سے نجات دلائیں گے ۔ حکومت کا فرض ہے اور وہ جانتی ہے کہ سیم سے اگر نجات نہ دلائی گئی تو آنے والی نسلیں ہمیں اچھے الفاظ سے یاد نہیں کریں گی ۔ بہاولپور کے متعلق اور اس کی آبپاشی کے متعلق میں واقعی افسوس کرتا ہوں کہ کچھ ایسے واقعات ہوئے جو ہمارے کنٹرول سے باہر ہیں ۔ قدرت نے دریاؤں کو بند کر دیا ۔ گذشتہ سال علامہ صاحب کو علم ہے کہ میں گیا اور ایک نہر کو میں نے دیکھا کہ اس کا کنارہ اور شکم برابر ہو چکا ہے ۔ اسی وقت ۴۸ گھنٹے کے اندر میں نے حکومت سے رقم منظور کرائی اور کوشش کی کہ پانی کی تقسیم بڑھ جائے اور آبپاشی زیادہ ہو جائے اور اس سال بھی ہم کوشش کر رہے کہ بہاولپور کی انہار کا سسٹم اور زیادہ اچھا کیا جائے اور ایسا کرنے میں ہم انشاءاللہ کامیاب ہو جائیں گے لیکن قدرت نے اس سال ہماری یاوری نہ کی جو ہمیشہ ہوا کرتی تھی ۔ نہ آسمان سے بارش ہوئی اور نہ دریاؤں میں پانی آیا ۔ میں آپ کے توسل سے مسٹر سپیکر اپنے انجینئیروں کو صرف ایک کام کے لئے مبارکباد دیتا ہوں کہ پانی نہ ہوتے ہوئے بھی انہوں نے پانی کی تقسیم کے متعلق کافی جہد و جہد کی ۔ تقسیم کا کام بہت مشکل کام ہے ۔ ایک دریا کا پانی دوسرے علاقہ میں لے جانا مشکل ہوتا ہے ۔ جس طرح کہتے ہیں کہ پیاسے کو ایک قطرہ مل جائے تو ہم نے کوشش کی ہے کہ قطرہ میسر ہو سکے اور سمندر میں ایک قطرہ نہ جائے وہ زمین میں جائے لیکن بارش نہیں ہوئی ۔ میرے سننے میں یہ آیا کہ دریائے سندھ پایاب ہو گیا ہے اور لوگ تیرنے کے بغیر آ رہے ہیں ۔ تو یہ قدرت کا مقابلہ حکومت نہیں کرسکتی ۔ ہم دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ بارشیں دے اور دریاؤں میں پانی زیادہ ہو ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ پوائنٹ آف انفارمیشن ۔ جناب والا ۔ میں نے یہ عرض کیا تھا کہ بہاولپور کے اضلاع کی نہریں جو ہیں وہ silt کی وجہ سے خراب ہو گئی ہیں ۔ میں نے یہ عرض کیا تھا کہ وہاں پانی کم دیا جاتا ہے ۔ میری گذارش ہے کہ ریونیو ان کا کم کر دیں ۔

وزیر زراعت و آبپاشی - وھی چیز میں کہنے لگا تھا لیکن علامہ صاحب نے اعتراض کیا -

علامہ رحمت اللہ ارشد - یہ ایک گذارش تھی -

وزیر زراعت و آبپاشی - گذارش کا سوال نہیں - میں سمجھتا ہوں کہ آپ حاکم ھیں - آپ حکم دے رھے ھیں اور جس حد تک ممکن ہو اس کی تعمیل کرنا ھمارا فرض ھے - یہ ٹھیک ھے جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا کہ نہروں میں پانی نہیں ھے اور جس قدر آبپاشی ہو اس حد تک آبیانہ ہونا چاھئیے - ھم اصولاً ایسا کرتے ھیں وہ یہ کہ جو رقبہ آبپاشی ہو اور صرف آبپاشی ھی کی شرط نہیں ھے بلکہ فصل پختہ بھی ہو جائے تب ھم آبیانہ لگاتے ھیں اگر کوئی چیز اس کے برعکس ہوئی ہو تو ھمیں بتائیے اور وہ کیس ھمارے نوٹس میں لائیے - میں اس کو ایگزامن کرا لوں گا -

علامہ رحمت اللہ ارشد - میں شاید پوری طرح سے عرض نہیں کر سکا - میری گذارش یہ ھے کہ ایک ایکڑ زمین کی آبپاشی کے لئے جتنا پانی چاھئیے اتنا میسر نہیں آتا - فصل تو پک جاتی ھے لیکن پیداوار کم ہوتی ھے کیونکہ پانی نہیں ملتا - زمینداروں کو آمدنی کم ہوتی ھے - ان کی آمدنی کیوں کم ہوتی ھے اس لئے کہ پیداوار کم ہوتی ھے - آپ اس پر بھی ریوینیو اتنا وصول کرتے ھیں - جتنا کہ اس ایکڑ سے وصول کرتے ھیں جس کی آمدنی ڈبل ہو -

وزیر زراعت و آبپاشی - میں سمجھ گیا - آپ یوں چاھتے ھیں کہ ایک نئی پالیسی وضع کی جائے اور ایک ایکڑ کی پیداوار کا اندازہ لگایا جائے اور جب فصل پختہ ہو جائے تو آپ یہ چاھتے ھیں کہ جو اوسط سے زیادہ ہو اس پر کچھ آبیانہ زیادہ ہو -

میاں محمد اکبر - پوائنٹ آف انفارمیشن - جناب والا - میں اپنے بزرگ کی خدمت میں یہ عرض کروں گا اور وہ شاید خرابہ دینے کے متعلق فرما رھے ھیں - آپ فرمائیں کہ اوسط فصل پر آپ خرابہ کیوں نہیں دیتے جو اوسط سے بھی نیچے ھے اسکا ۲۰ فیصدی تک نہیں چھوڑتے - تو اس لئے خرابہ وھاں ملتا ھے جہاں کچھ آگتا نہیں اور پوری کی پوری تباھی ہو جاتی ھے - تو ان کا مطلب ھے کہ چونکہ اوسط سے نیچے درجے کی فصل ہوتی ھے اس لئے آبیانہ میں رعایت دی جائے -

وزیر زراعت و آبپاشی - افراد غلطی کر سکتے ہیں - ہماری جو پالیسی ہے اس کے اوپر ہم عمل کرتے ہیں کہ فصل ۲۵ فیصدی تک ہے تو کیا معافی ہوگی - ۵۷ فیصدی ہے تو کیا ہوگی - ۱۰۰ فیصدی ہے تو کیا ہوگی یہ سب چیزیں اگر آپ چاہتے ہیں تو ان کو ایگزامن کرا لیا جائیگا - لیکن جناب ۱۰۰ سال سے یہی سسٹم work کر رہا ہے -

مسٹر علی گوہر کھوڑو نے ایک اعتراض فرمایا ہے کہ سیلٹ کی صفائی پر رقم ضائع جاتی ہے - پندرہ دن کی بندی میں ہمارے پاس کوئی الہ دین کا چراغ تو نہیں ہوتا کہ اتنے عرصہ میں صفائی ہو جائے اور اس کو ہر سننے والا تسلیم کر لے گا کہ ساری فرضی کارروائی ہے - کہ پندرہ دن نہر کو بند رکھا اور اوپر سے صفائی کرا دی اور پھر پانی چلا دیا اور کہہ دیا کہ یہ سیلٹ کی صفائی ہو گئی ہے - میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ سندھ میں جو سسٹم رکھا گیا ہے وہ یہ ہے کہ سندھ والے جس نہر سے آبپاشی اپنی اراضیات کو کراتے ہیں ہم یہ کوشش کرتے ہیں کہ صفائی کا ٹھیکہ بھی ان کو ہی دیں کیونکہ ان کا اپنا مفاد اس میں ہے کہ وہ جلد از جلد صفائی کروا لیں - اس لئے ہم دونوں طریقوں سے سیلٹ کی صفائی کا کام کراتے ہیں - ایک چھوٹا کام یعنی سال ورک ہوتا ہے اور ایک بڑا کام ہوتا ہے جو سال ورک ہوتا ہے وہ ہم ۱۵ دن میں کرا لیتے ہیں اور جو بڑا کام ہوتا ہے جیسا کہ کھوڑو صاحب نے فرمایا وہ ہم مارچ کے مہینے میں جا کر کرواتے ہیں تاکہ وقت زیادہ مل سکے اور وہ کام اچھا ہو جاتا ہے -

مسٹر علی گوہر کھوڑو - میں نے ملک قادر بخش صاحب کو آبیانہ کے لحاظ سے کہا تھا اگر آپ کو ہم سے اتفاق نہیں ہے میں آپ کو ٹیلیگرام بھیجونگا آپ مہربانی کر کے چپکے سے آ جائیں میں ساری سیلٹ clear دکھا دونگا -

حاجی میر خدا بخش تالپور - آپ ڈپٹی کمشنر صاحب کو بھی لکھیں کہ وہ بھی ضرور تعاون کرے - ایرگیشن والے بھی تعاون کریں تاکہ کام اچھے طریقے سے ہو سکے -

وزیر زراعت و آبپاشی - صاحب سپیکر - میری بھی بلکہ سارے ہاؤس کی خواہش ہے کہ اچھا کام ہونا چاہئے - اور جتنا پیسہ بجٹ میں رکھتے ہیں اس کا ہم ۱۰۰ فیصدی فائدہ اٹھائیں - انسانی ایجنسی کے ایسے کیس میری نظر میں آئے ہیں کہ ملازمین سرکار نے اس پیسے کا صحیح مصرف نہیں کیا - وہ چارج شیٹ بھی ہو

رہے ہیں ان کو سزائیں بھی ملیں گی - لیکن ہماری یہ کوشش ہے کہ جو رقم ہم بجٹ میں رکھتے ہیں اس کو صحیح طور پر خرچ کریں اور میں مسٹر علی گوہر کھوڑو سے تعاون کرتا ہوں - کہ وہ چپکے سے کیا مجھے ٹیلیفون بھی کر دیں تو میں چوبیس گھنٹے کے اندر وہاں موجود ہونگا - (ہیئر - ہیئر)

مسٹر علی گوہر کھوڑو - جناب والا آپ کو اطلاع دے دی جائیگی -

وزیر زراعت و آبپاشی - میں خود ستائی کے لئے نہیں ٹھہرا - اس میں فائدہ بھی نہیں ہے - یہ تو احمد سعید کرمانی صاحب کے لئے ہے جو لاہور شہر سے باہر نہیں نکل سکے - وہ یہاں عذر تو کر دیتے ہیں اور آپ حضرات اپنی شکائتیں اور صحیح شکائتیں بھی فرما دیتے ہیں - میں تو صرف یہ کہتا ہوں کہ اگر مجھے یہ کہا جائے کہ فلاں موقع پر پہنچیں اور فلاں چیز دیکھیں (میں تو آپ کے فرمان کی تعمیل کے لئے کھڑا رہونگا) تو میں وہاں پہنچوں گا -

اب جناب والا - اتنا عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ گذشتہ سالوں سے ہمارا جو سیراب شدہ رقبہ ہے وہ بڑھ رہا ہے - میں تفصیلات میں نہیں جاؤنگا لیکن آبپاشی زیادہ رقبہ کی ہو رہی ہے لیکن پانی وہی ہے اور نہریں بھی وہی ہیں - We are inceasing sir.

میاں محمد اکبر صاحب نے ایک بڑی جائز بات کہی ہے کہ آج سے چھ ماہ پہلے یا سات ماہ پہلے ان نہر والوں کو کیا ہو گیا تھا - اس وقت انہیں نہ سوجھی کہ یہ روپیہ مانگتے اور یہ روپیہ بجٹ میں رکھاتے اور آج یہ ضمنی بجٹ میں پونے دو کروڑ روپے کا مطالبہ کر رہے ہیں - میں صرف اتنی گذارش کرونگا کہ وہ بجٹ جو سال رواں میں پیش ہوا تھا اس کو آپ دیکھیں گے کہ ہم نے خود ۱۹۶۲-۶۳ء میں actual خرچ کیا تھا اسی ۶۳ - ۱۹۶۳ء کے لئے وہ actual بھی ہمیں نہیں دیا گیا اور میرے محکمہ کی ڈیمانڈ زیادہ تھی - جس وقت یہ بجٹ تیار ہو رہا تھا - - - - -

خواجہ محمد صفدر - اپنے بائیں ہاتھ توجہ فرمائیں جنہوں نے نہیں دیا تھا -

وزیر زراعت و آبپاشی - جب بجٹ تیار ہو رہا تھا میں نے فنانس منسٹر صاحب سے یہی عرض کیا تھا کہ ہم ساڑھے چھ کروڑ روپیہ actual خرچ کر چکے ہیں تو ساڑھے چار کروڑ روپیہ پچاس ہزار میل نہروں کے کناروں کی حفاظت کے لئے صرف بیلداروں کے لئے رکھنے ہیں یہ کام کروڑوں روپیہ پر پہنچ جاتا ہے تو انہوں نے اس وقت فرمایا تھا کہ ہم جب بجٹ کو overhaul کریں

گے جو کچھ رقم میسر آ سکے گی ہم اس اچھے کام کیلئے یہ رقم آپکی disposal پر رکھنے کے لئے تیار ہونگے - اس لئے میں فنانس منسٹر صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے اپنی earliest convinience میں اس ضروری کام کے لئے یہ رقم دی ہے -

حاجی عبدالمجید جتوئی - یہ رقم کم ہے زیادہ دینی چاہئے تھی -

وزیر زراعت و آبپاشی - جناب والا - عبدالمجید جتوئی صاحب کو میں عمداً کوئی جواب نہیں دے رہا - (قہقہہ)

خواجہ محمد صفدر - اسی لئے وہ آپ کی توجہ اس طرف مبذول کرا رہے ہیں -

وزیر زراعت و آبپاشی - کیونکہ یہ برکتیں جو میں عرض کر رہا ہوں یہ سب ون یونٹ کی ہیں - اور وہ ون یونٹ کی مخالفت کر رہے ہیں - (قہقہہ)

جناب والا - میاں محمد اکبر صاحب نے ایک اور اعتراض کیا تھا - انہوں نے فرمایا تھا کہ پی-آر-بی-ڈی کینال ٹوٹ جاتی ہے - میں اس کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ اب کے سال نہیں ٹوٹی ہے -

میاں محمد اکبر - اس لئے کہ بارشیں نہیں ہوئی ہیں -

وزیر زراعت و آبپاشی - جناب والا - راوی مراله لنک کے متعلق خواجہ محمد صفدر صاحب اتفاق کریں گے سیالکوٹ کو پانی دینا ہماری original سکیم میں نہیں تھا مگر پانی دینا پڑتا ہے جس کی وجہ سے سیلٹ ہو جاتی ہے - اگر نہ دیں - - - -

خواجہ محمد صفدر - Bad design

وزیر زراعت و آبپاشی - I am coming to that اس وقت شروع میں سیالکوٹ شامل نہیں تھا - سیالکوٹ کو گرو مور نوڈ کے تحت پانی دینا ضروری تھا - یہ بھی ہمارے زیر غور ہے - World Bank and consulting engineer they are trying to re-model the whole thing تاکہ سیالکوٹ کو بھی نقصان نہ پہنچے - اور جو سلٹنگ سے نقصان ہوتا ہے جیسا کہ میاں محمد اکبر صاحب نے بتلایا ہے اس کی بھی درستی ہو جائیگی -

خواجہ محمد صفدر - دو نہروں کے درمیان میں میاں محمد اکبر صاحب نے کہا ہے - - - -

وزیر زراعت و آبپاشی - میں خود وہاں گیا تھا اور دیکھ کر آیا ہوں - اس علاقہ کے لوگوں کو زمین دینے کی کوشش کی ہے کیونکہ وہ جھیل بن گئی ہے - I agree, I saw with my own eyes. We are paying full attention. میں نے اپنے محکمہ کی توجہ بھی دلائی ہے خدا کرے گا ہم کامیاب ہو جائینگے - خواجہ محمد صفدر - سال تک ہو جائیگا -

وزیر زراعت و آبپاشی - ایسے کام کے لئے سال کوئی وقت نہیں ہے - میر محمد بخش تالپور صاحب نے ملاں کٹار بند کے متعلق فرمایا تھا اس کی پوزیشن یہ ہے کہ ہم اس کے متعلق کوشش کر رہے ہیں خدا کرے گا ہم کامیاب ہو جائینگے اور یہ شہر بچ جائیگا اور آپ کو تکلیف نہیں ہوگی -

اس کے علاوہ مسٹر عبدالرازق نے جو فرمایا ہے کہ میں وہاں جا کر دیکھ لوں - اگر وہ فرماتے ہیں کہ میں اپنی آنکھوں سے دیکھوں تو میں دیکھ لونگا لیکن وہ فرمایا کرتے ہیں ہم باہر جا کر روٹیاں کھاتے ہیں ہم روٹی بھی وہاں ضرور کھائینگے اور اپنی آنکھوں سے بھی دیکھ لیں گے - (قہقہہ اور قطع کلامیاں) اب کینال روڈز کے متعلق بھی عرض کرتا ہوں - اگر ہمیں روپیہ میسر آ جائے تو ہم چاہتے ہیں کہ تمام کینال ہینک پکے بن جائیں اور پبلک کے لئے کھول دیں لیکن کینال کی حفاظت بھی بڑی ضروری ہے - ان معروضات کے بعد مجھے امید ہے کہ ہاؤس مجھ سے اتفاق کرے گا -

مسٹر سپیکر - میر محمد بخش تالپور صاحب آپ اپنی کٹ موشن واپس لینا چاہتے ہیں -

خاجی میر محمد بخش تالپور - جناب والا - میں اپنی کٹ موشن واپس لینے کی اجازت طلب کرتا ہوں -

مسٹر سپیکر - کیا ہاؤس اس حق میں ہے کہ کٹ موشن واپس لے لی جائے -

(ہاؤس کی اجازت سے کٹ موشن واپس لے لی گئی)

Mr. Speaker : Cut Motion Nos. 1—4 are similar. Therefore I will put one question in respect of all those motions.

The question is :

That the total of Rs. 1,76,00,000 on account of XVII—Irrigation—Working Expenses—Total New Expenditure be reduced by Rs. 1,75,99,999.

(The motion was lost.)

Mr. Speaker : Now I put the question about the Demand.
The question is :

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 1,76,00, 000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of Irrigation—Working Expenses."

(The motion was carried.)

(DEMAND No 3.)

Mr. Speaker : Next comes Demand No. 3. A Minister may please move the Demand.

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : Sir, I move :

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 4,94,300 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of General Administration.

Mr. Speaker : Demand moved is :

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 4,94,300 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of General Administration."

Now the first cut motion is from Amir Habibullah Khan Saadi. Yes, Mr. Saadi may move the motion.

Amir Habib ullah Khan Saadi : Sir, I beg to move :

"That the total of Rs. 4,94,300 on account of 25—General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs. 4,94,299."

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

"That the total of Rs. 4,94,300, on account of 25--General Administration--Total New Expenditure be reduced by Rs. 4,94,299."

امیر حبیب اللہ خاں سعدی - (لائلپور - ۷) - صاحب صدر - میں نے اس مطالبہ زر میں جو عام نظم و نسق کے متعلق اس امر کو زیر بحث لانے کے لئے یہ تحریک تخفیف پیش کی ہے کہ ہمارے اعلیٰ افسران میں نا اہلیت کار ، فرعونیت ، رشوتستانی اور وطن دشمنی کی ذہنیت پائی جاتی ہے۔ جہاں تک مطالبہ زر کا تعلق ہے چونکہ اس کا براہ راست بوجھ ٹیکس گذاروں پر پڑتا ہے اس لئے میں یہ جملہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ جہاں تک اسلامی اصولوں اور آرا کا تعلق ہے ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ذمہ داری نباہے بغیر محاصل عائد نہیں کئے جا سکتے - اگر ہیئت حاکمہ اپنی ذمہ داری پوری نہیں کرتی تو ملت محاصل ادا کرنے پر مجبور نہیں ہے - اس کی تفصیل علامہ ابوبکر جصاص نے احکام القرآن میں نہایت واضح طور پر پیش کی ہے - یہ اس لئے کہ ذمہ داری نہ نبھانا بھی ایک واضح بد دیانتی ہے - محض رشوت لینا اور غبن کرنا ہی بد دیانتی نہیں بلکہ ذمہ داری کو کما حقہ نہ نبھانا بھی بد دیانتی ہے اس مطالبہ زر میں Services & General Administration Department, Education Department, Health Department اور Labour اور Co-operative Department کیلئے مطالبہ کیا گیا ہے -

جناب والا۔آپ دیکھتے ہیں کہ ہم آئے دن اس معزز ایوان میں عام نظم و نسق کی باتیں کرتے رہتے ہیں - اگر آپ اضلاع میں جا کر دیکھیں تو آپ محسوس کریں گے کہ عام نظم و نسق اس مرکزی محکمے کے تحت ہے جس کی ذمہ داری براہ راست اس سیکریٹریٹ پر عائد ہوتی ہے - تو میں نے یہ عرض کیا ہے کہ

ذمہ داری نہ نبھانا بھی بد دیانتی ہے ۔ اور بد دیانتی کی تشریح میں میں یہ عرض کروں گا کہ اگر لوگوں کے ساتھ غرور ۔ نخوت اور فرعونیت کا سلوک کیا جائے تو یہ بھی بد ترین قسم کی بد دیانتی ہے۔

اس کے علاوہ کام میں تساہل اور ٹال مٹول بھی اسی میں شامل ہیں ۔ اور ایک چیز جو بالکل واضح طور پر دیکھنے میں آتی ہے اور خصوصاً صوبے کے مرکز میں وہ یہ ہے کہ ہمارے بڑے بڑے افسروں کا غیر ملکیوں کے ساتھ رویہ نہایت ہی نیاز مندانہ ہے اور وہ ان سے نہایت فدویانہ طریقے سے پیش آتے ہیں مگر اس کے برعکس وہ اپنے ملک کے لوگوں سے انتہائی غرور کے ساتھ پیش آتے ہیں ۔ آپ کسی دفتر میں چلیں جائیں ۔ آپ کو اس کا نقشہ صاف طور پر نظر آئے گا ۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے ۔

قصر فرعون میں موسیٰ تو پلا کرتے تھے
گھر میں اسلام کے فرعون کو پلتے دیکھا

یہاں بالکل یہی کیفیت ہے ۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ جب یہ اپنے ملک کے عوام اور Middle Class کے ساتھ یہ سلوک روا رکھیں تو پھر آپ ایسے حب الوطنی پر کیسے محمول کر سکتے ہیں ۔ میں جناب سے یہ عرض کروں گا کہ ذرا آپ سوچیں کہ آخر یہ رویہ کیوں ہے ۔ یہ کس کو فائدہ پہنچانے کے لئے ہے ۔ آیا وہ اسی ملک کے باشندے ہیں جو یوں اس ملک کے باشندوں کے ساتھ غرور اور نخوت کا رویہ اختیار کئے ہوئے ہیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ ان کے رویے سے تو صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ کوئی باہر سے آئے ہوئے لوگ ہیں جو غالباً اس ملک کو فتح کر کے یہاں داخل ہوئے ہیں ۔ اور یہ بھی حقیقت ہے کہ صوبے کی ۸۵ فیصد آبادی جسے آپ بے بس اور بے زبان سمجھتے ہیں اس کا ان افسروں کے اس رویئے سے دم گھٹ رہا ہے ۔ وہ دیکھتے ہیں کہ بڑے افسروں کا تو کہنا ہی کیا ۔ چھوٹے اور ماتحت لوگ بھی بڑے افسروں کے سیکھے سکھائے یہ سمجھتے ہیں کہ ہمیں کوئی پوچھنے والا ہی نہیں ۔ یعنی یہ لوگ ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ نعوذ باللہ ان کے مقابلے میں تو خدا بھی کچھ نہیں ۔ لیکن یہ نہایت افسوس ناک صورت حال ہے اور اس ذہنیت کے ہوتے ہوئے اگر آپ کوئی پراجیکٹ یا کوئی سکیم یا کوئی اصلاحات لائیں تو وہ سب بیکار ہونگی ۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس محکمہ کے اخراجات کی ضرورت ہے بھی، یا نہیں ۔ کیونکہ جنرل ایڈمنسٹریشن کے تحت کچھ روپیہ امداد باھمی اور محنت کے محکموں کے لئے مانگا گیا ہے ۔

اب میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تو فرمایا تھا کہ محنتی شخص کا اللہ دوست ہے ۔ " الکاسب حبیب اللہ " ہمارے افسران کا رویہ یہ ہے کہ محنتی اور کاریگر لوگ ان کے غلام ہیں اور وہ ان کے آقا ہیں ۔ اس وقت مزدوروں اور کاریگروں کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے وہ ظاہر ہے ۔

جہلم سگریٹ فیکٹری کے مزدوروں کی مثال آپ کے سامنے ہے ۔ کہ کس طرح ان کو پٹا گیا ۔ ہم وہ اچھی طرح جانتے ہیں۔ پھر باٹا مزدور لیگ سے جو سلوک ہوا لاہور والوں نے دیکھا ہے ۔ انہیں یہ بھی معلوم ہے کہ باٹا مزدور لیگ جس نے مزدوروں کے مسائل کو انتظامیہ کے سامنے لانے کی کوشش کی تھی اب ان کے مقابلہ میں ایک پاکٹ یونین قائم کی گئی ہے ۔ اسی طرح کراچی ٹیکسٹائل مل کا مسئلہ بھی ہے جسے کراچی والے جانتے ہیں ۔ چونکہ اخبارات کا گلا گھونٹ دیا گیا ہے اس لئے تفصیلات ان میں نہیں آ سکیں ۔ شاہدرہ وڈ ورک فیکٹری گذشتہ دس سال سے کام کر رہی تھی جسے بند کیا جا رہا ہے ۔ اس کے مزدوروں اور کاریگروں کے معاش کی کوئی ضمانت نہیں اور شاید ہی کوئی جانتا ہو کہ ان کے بال بچوں کی کیا حالت ہو گی ۔ انتظامیہ اس بات سے بالکل بے خبر ہے کہ مزدوروں کی حالت بے حد درد ناک ہو گئی ہے ۔

صاحب صدر ۔ اصل میں رجحان وہی ہے کہ ہر فیکٹری اور کارخانہ کی یونین کو سرکاری اور درباری بنا کر رکھا جائے ۔ یہی وجہ ہے کہ لیبر یونین اور محنت کشوں کے مسائل کو پس پشت ڈال دیا جاتا ہے ۔ کارخانہ دار اور لیبر ڈیپارٹمنٹ میں یہی پالیسی کارفرما ہے ۔ جس سے (اس مرحلہ پر مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر مسٹر محمد اسحاق خان کنڈی کرسی صدارت پر تشریف فرما ہوئے ۔)

وہ ملک میں ایسا بیج بو رہے ہیں اور ایسی فضا پیدا کر رہے ہیں کہ جو پھوڑا اندر ہی اندر پک رہا ہے جب وہ سرطان بن کر ظاہر ہوگا تب ان کو معلوم ہوگا ۔ اس وقت درباری قسم کی لیبر یونین جو نکھٹو اور خوشامدی لوگوں پر مشتمل ہیں ان کو محنت کشوں پر مسلط کیا جا رہا ہے یہ بات ملک کی صنعت کے لئے انتہائی طور پر خراب ہے اور خطرناک ہے اس لئے میں نہیں سمجھتا کہ جنرل ایڈمنسٹریشن کے لئے کیوں مزید روپیہ کی منظوری دی جائے ۔

جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے اگر وہ اپنی ذمہ داری کو نبھا نہیں سکتے تو انہیں مزید روپیہ لینے کا کوئی حق نہیں ہے ۔

Sardar Inayatur Rahman Khan Abbasi : Sir, I want to speak on this cut motion.

Mr. Senior Deputy Speaker : Yes, Mr. Abbasi.

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی (ہزارہ - ۱) - جناب سپیکر - میں اس کٹ موشن کے سلسلہ میں اپنی انتظامیہ کے متعلق کچھ کہنا چاہتا ہوں - میں محسوس کر رہا ہوں اور جہاں تک میں سمجھتا ہوں میرا دعویٰ ہے کہ ہماری انتظامیہ خصوصیت کے ساتھ اس کے وہ افسران جو Senior Services سے تعلق رکھتے ہیں عوام کا اعتماد بحال نہیں کر سکے جو کہ اس آزاد مملکت کے افسران کو بحال کرنا چاہیئے آزادی ملک کے بعد میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ ہماری سروسز کو عوام کے قریب آنا چاہیئے تھا اور عوام کو فوری طور پر اپنا لینا چاہیئے تھا تاکہ ان کے ذہن میں جو انگریز کی صد سالہ غلامی تھی وہ ختم ہو جاتی - لیکن مجھے یہ بات کہنے میں کوئی جھجک نہیں ہوتی کہ آج ہماری سروسز ہمارے عوام سے اتنی دور ہو چکی ہے کہ یہ بات انگریز کے تاریک دور میں بھی نہیں تھی - اس وقت پبلک کے نمائندے یا عوام کے رہنما یا چھوٹے زمیندار کسی وقت اپنے کسی محکمہ کے سر براہ کے پاس جاتے ہیں تو میں واشگاف الفاظ میں واضح کر دوں کہ اگر اس ملاقات کے بعد ان سے پوچھا جائے کہ تم کیا یہ محسوس کر رہے ہو کہ انگریز کے جانے کے بعد ملک کے حالات میں کوئی فرق آیا ہے یا حالات تبدیل ہو گئے ہیں تو حقیقت ہے کہ وہ اس بات سے انکار کر دیتے ہیں -

جناب والا - میں یہ بات واضح کر دوں کہ اس وقت تک جب تک عوام کے اعتماد کو بحال نہ کیا جائے گا جب تک عوام یہ محسوس نہیں کرنے لگ جائے کہ یہ ہمارا وطن ہے اور اپنے وطن میں اپنی مشکلات اور اپنی grievances جب چاہیں اور جس صورت میں جس ذریعہ سے چاہیں حکومت وقت کے پاس پہنچا سکتے ہیں - ظاہر ہے کہ سب سے بڑا ذریعہ ہمارے افسران کا ہے - ہماری ایڈمنسٹریشن کے اگر کوئی متولی ہوں تو یہی لوگ ہو سکتے ہیں - میں یہ بھی واضح کر دوں کہ ایک عام آدمی حکومت کے متعلق اپنے ذہن میں جو تاثر لے گا وہ ان لوگوں کے سلوک سے ہوگا - اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ کسی ملازم کو اپنی اس ملازمت پر مسلط ہونے کا حق نہیں جب تک وہ عوام کی قرابت کا دعویٰ دار نہ ہو -

میں آپ کی خدمت میں اس دور کی وہ رنگین اور بہترین مثالیں پیش کر سکتا ہوں جس کو دیکھ کر ہمیں اور ہماری سروسز کے لوگوں کو ناز کرنا چاہیئے -

ہمارے خلیفۃ المسلمین جو آپ کے اور ہمارے ملک سے کئی سینکڑوں گنا زیادہ ممالک پر قابض تھے اور مسلط تھے ۔ صحیح معنوں میں آپ ان کے کریکٹر کو اپنے سامنے رکھیں کہ جب ان کے عمال اور ملازمین کسی ٹھاٹھ اور شان سے باہر نکلتے تھے تو بڑے بڑے منصب پر سے بھی وہ expell کر دیئے جاتے تھے اور کہا جاتا تھا کہ تمہاری ٹھاٹھ کو دیکھ کر عام آدمی کو موقع نہیں ملے گا کہ وہ تمہارے قریب آ سکے ۔ اب آپ موجودہ حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے اس بات پر غور کریں کہ عام آدمی کس طرح جرأت کر سکتا ہے کہ دفتر میں جائے اور ان افسروں سے رابطہ پیدا کرے ۔

اس وقت میں حضرت فاروق اعظمرض کی ایک مثال پیش کرتا ہوں جس پر آپ یا تو غور کریں یا اس امر سے انکار کر دیں کہ یہ اسلامک ری پبلک نہیں ہے اور آپ اسلامک قوانین کی طرف نہیں جا رہے ۔ اگر آپ اسے تسلیم کرتے ہیں تو پھر ہمارے لئے وہ حالات پیدا کریں جو ایک اسلامی ملک میں ہونے چاہئیں ۔ آپ نے دیکھا ہے اور آپ نے پڑھا ہے کہ حضرت عمررض کتنی محنت سے کام کرتے تھے اور ان کے کام کرنے کا معیار کیا تھا ۔ آپ کی خدمت میں ایک شخص پیش کیا گیا جس پر یہ بہتان تھا اور یہ چارج تھا کہ وہ زانی ہے ۔

میاں محمد اکبر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ عباسی صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ ملک اسلامک ری پبلک ہے ۔ کیا یہ صحیح ہے ۔

Is it correct Sir ? Is the word 'Islamic' in the Constitution ? It has been deleted. This is simply the Republic of Pakistan now. It is no more Islamic.

Mr. Senior Deputy Speaker : It can be described as an Islamic Republic. We are not holding any constitutional debate.

Mian Muhammad Akbar : I was simply asking whether it was provided in the Constitution, I mean the word 'Islamic'.

Mr. Senior Deputy Speaker : That is immaterial. We are not holding a constitutional debate.

Mian Muhammad Akbar : We are not asking whether it is material or immaterial. I am simply asking the Chair whether the word 'Islamic' is there in the Constitution at all.

Mr. Senior Deputy Speaker : Is it a point of order ?
Mian Muhammad Akbar : Let it be a point of information.
Mr. Senior Deputy Speaker : The member may please take your seat.

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی ۔ جناب والا ۔ میاں صاحب یقیناً تسلیم کرینگے کہ ہمارے ملک یعنی بر صغیر ہند و پاکستان کی تقسیم اسی بنیاد پر ہوئی ہے ۔ کہ ایک وطن مسلمانوں کے لئے ہو اور ایک دوسرے لوگوں کے لئے ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حضرت عمررض کی خدمت میں جب وہ شخص پیش ہوا جس پر یہ چارج تھا کہ اس نے زنا کیا ہے ۔ تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ اسے ساٹھ درے لگائے جائیں ۔ چنانچہ اسے کچھ درے لگائے گئے اور وہ شخص اسی جگہ مر گیا ۔ باقی درے اس کی لاش پر لگائے گئے ۔ اس کے بعد جب حضرت عمر گھر گئے تو دیکھا کہ ام‌المومنین رو رہی ہیں ۔ آپ نے دریافت کیا کہ اس کی کیا وجہ کہ تم میری آمد پر خلاف معمول رو رہی ہو ۔ جواب ملا ۔ کہ آپ اپنے ہاتھ سے اپنے لڑکے کو قتل کر کے آئے ہیں اور اب مجھ سے پوچھ رہے ہیں کہ کیوں رو رہی ہوں ۔ تو انہوں نے فرمایا ۔ کہ حاشا وکلا میں نے اپنے لڑکے کو قتل نہیں کیا ۔ تو وہ فرماتی ہیں ۔ کہ وہی لڑکا جس کو آپ نے آج قتل کی سزا دی ہے ۔ اور جو ہلاک ہو گیا ہے ۔ وہ آپ ہی کا لڑکا تھا ۔ خضرت فاروقرض فرمانے لگے ۔ کہ الحمدالله خدا شاهد ہے کہ میں نے اپنے فرض کی ادائیگی میں یہ محسوس تک نہیں کیا کہ وہ میرا ہی لڑکا ہے یا کوئی اور ہے ۔ جب وہ میرے سامنے بحثیت ایک مجرم کے آیا تو میں نے یہی حکم دیا کہ اسے اتنے درے مارے جائیں کہ وہ مر جائے ۔ تو میں آپ کی وساطت سے اپنے ان ملازمین سرکار سے یہ توقع رکھتا ہوں کہ اگر وہ حضرت عمر فاروقرض کے نقش قدم پر نہ بھی چل سکیں ۔ تو کم از کم اتنا تو کریں کہ جن لوگوں کے ساتھ ان کا براہ راست تعلق ہو ان سے ملتے وقت وہ غرور اور برتری محسوس نہ کریں ۔ اور ان سے زیادہ سے زیادہ رابطہ پیدا کریں ۔

بیگم جہاں آرا شاهنواز ۔ صدر محترم ۔ میں نے آپ سے یہ دریافت کرنا ہے کہ میری دونوں cut motions ایک ہی subject پر ہیں ۔ اور وہ co-related ہیں ۔ کیا میں ان دونوں پر ایک ہی وقت پر بولوں ۔ یہ بڑی ضروری ہیں ۔ اور دیگر یہ کہ مجھے زیادہ وقت دیا جائے ۔ کیونکہ میری دو cut motions ہیں ۔

Khawaja Muhammad Safdar : It is a genuine demand, Sir.

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ مجھے اس پر تو اعتراض نہیں کہ آپ اپنی دونوں ہی cut motions پر بولیں ۔ لیکن آپ کو دس منٹ سے زیادہ وقت نہیں دیا جا سکتا ۔

بیگم جہاں آرا شاهنواز ۔ جناب والا ۔ دس منٹ کی بجائے پندرہ منٹ کر دیجئے ۔

Bagum Jahan Ara Shah Nawaz : Sir, I beg to move :

That the total of Rs. 4,94,300 on account of 25--General Administration--Total New Expenditure be reduced by Rs. 4,94,299.

Mr. Senior Deputy Speaker: Demand under consideration, motion moved is:

That the total of Rs. 4,94,300 on account of 25--General Administration--Total New Expenditure be reduced by Rs. 4, 94, 299.

Yes. Begum Sahiba.

بیگم جہاں آرا شاھنواز (لاھور-ملتان ڈویژن) ۔ صدر محترم ۔ پاکستان کو معرض وجود میں آئے تقریباً سولہ سال کا عرصہ ہو چکا ہے ۔ اس خاکسار نے ہر ایک بجٹ اور ہر ایک supplement statement کو نبظر عمیق دیکھا ہے ۔ اور اس اشتیاق سے دیکھا ہے کہ شاید ہماری treasury benches نے اس بات پر بھی کچھ سوچ بچار کیا ہو کہ اس مملکت کی عورتوں اور بچوں کی بہبودی کے لئے بھی کسی نہ کسی اقدام کی ضرورت ہے ۔

محترم ۔ میں نے ۵۰—۱۹۴۹ء میں بھی یہ معاملہ Constitment Assembly کے سامنے پیش کیا تھا ۔ لیکن سخت افسوس کی بات ہے کہ اس طرف کبھی دھیان نہیں دیا گیا ۔ یہ عورتیں اور بچے آپ کی قوم کا نصف سے بھی زیادہ حصہ ہیں ۔ اگر ان دونوں کو اکٹھا کیا جائے آپ کی کل آبادی کے تقریباً $\frac{3}{4}$ حصہ ہونگے ۔ تو سوال یہ ہے کہ آیا ان کی تنظیم یا ان کی حالت کو بہتر بنانے کے لئے بھی کوئی اقدام ہونا چاھئیے یا نہیں۔ خصوصیت سے جب ملک شہروں اور گاؤں سے بنتے ہیں اور قوم گھروں سے بنتی ہے اور خود اختیاری گھر سے شروع ہوتی ہے اور قوم کی بہبود کا کام گھروں ھی سے شروع کیا جاتا ہے ۔ جب پہلا پتھر ھی نصب نہ کیا جائے تو عمارت کیسے بن سکتی ہے ۔ اگر آپ کے گھر کا وزیر اعظم ھی ایسا ہو جو آپکے گاڑھے پسینے کی کمائی کو بے جا رسومات پر خرچ اس لئے کرے کہ اسے کوئی مناسب تربیت حاصل نہ ہوئی ہو یا گھر کے تمام بچے ہوئے روپے پیسے کو زیورات میں مقفل کر دیگی نہ بچوں کی پرداخت ہو گی ۔ اور نہ ان کو اپنے مذہب کے متعلق علم ہو گا ۔ تو اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ ان کے اخلاق اور کردار قابل عزت و فخر نہ ہوں گے ۔ اور اگر یہی حالت رہے گی تو آپ خود خیال کیجئے کہ وہ قوم کیسے ترقی پذیر ہو سکتی ہے ۔ صدر محترم ۔ جس وقت سے ہمیں خود اختیاری نصیب ہوئی اور آزادی ملی ہے ۔ اور خصوصیت کے ساتھ مارشل لاء کے آیام میں جس کے متعلق یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ یہ سب سے اچھا regime ہے اور اس وقت جب یہ نیا آئین آیا ۔ تو کیا یہ مناسب نہ تھا کہ treasury benches اس پر غور کرتیں کہ جو قومیں آج بام عروج پر پہنچ چکی ہیں ۔ انہوں نے اپنی عورتوں

اور بچوں کی بہتری کے لئے کیا اقدام کئے ہیں ۔ میں کچھ تھوڑی سی باتیں عرض کرنا چاہتی ہوں ۔ کیونکہ قائد ایوان نے فرمایا تھا کہ ہم کوئی ٹھوس تجویز پیش نہیں کر رہے ۔ میں ان سے درخواست کرتی ہوں کہ ان گذارشات کو ٹھنڈے دل سے سنیں ۔ اور ان پر نظر عمیق دوڑائیں ۔ ان پر غور کریں اور اپنے اس ملک اور خصوصیت سے مغربی پاکستان کی عورتوں اور بچوں کے لئے کوئی ایسا احسن قدم اٹھائیں ۔ جس کے ذریعے سے یہ قوم آگے بڑھ سکے اور ملک ترقی کر سکے ۔

اب میں چند ایک معروضات پیش کرتی ہوں ۔ کہ جو ملک آج بام عروج پر پہنچے ہیں ۔ انہوں نے ترقی کے حصول کے لئے کیا کچھ کیا ۔

صدر محترم ۔ آپ ریاستہائے متحدہ امریکہ کو ہی لیجئے ۔ ۱۹۱۸ء میں انہوں نے Ministry of Labour میں ایک Women Bureau قائم کیا ۔ اس بیورو کا کام کیا تھا ۔

"The Women's Bureau, first established in 1918, and made permanent by an Act in June 5, 1920, is charged with formulating standard policies for promoting the welfare of women, improving their conditions increasing their efficiency, and advancing their opportunities for profitable employment. It investigates and publishes reports upon matters pertaining to the welfare of women.

"The Bureau is concerned with all women at work, or seeking work, and with their training and skills ; with women in all fields of employment ; with the student selecting her career ; with the girl on her first job and older woman worker ; and with women who are both homemakers and wage earners."

محترم وہ کیا کام کرتی ہیں ؟ وہ یہ کام کرتی ہیں ۔ کہ اس بیورو میں تمام تر چیزوں کا جائزہ لیا جاتا ہے ۔ اور یہ دیکھا جاتا ہے کہ عورتوں کی حالت کیا ہے ۔ آیا وہ کام کرنے والی عورتیں ہیں ۔ اور ان کی حالت کیا ہے ۔ اور جو عورتیں گھروں میں ہیں ان کی حالت کیا ہے ۔ ان کے تمام شعبوں میں ریسرچ کی جاتی ہے ۔ اور اس طرح سے جملہ معلومات بہم پہنچائی جاتی ہیں ۔ اور پھر ان کو پرکھا جاتا ہے ۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ اور کیا کام کرتی ہیں ؟ وہ یہ کام کرتی ہیں کہ ۔

"The Bureau makes digests of existing labour laws and regulations covering women, and laws affecting women's civil and political status. It provides technical assistance to governmental and non-governmental organisations on proposed legislation and administrative procedures. It administers laws. The major types of legislation on which the Bureau prepares basic and popular reports and provides advisory services.

In cooperation with other Labour Departments Bureau's, the women's Bureau assists in programmes for the welfare of women and acts as a liaison between different department.

یہ تو ہے ان کا Women Bureau ۔ محترم ۱۹۱۲ء میں Ministry of Welfare نے ایک Children's Bureau بھی قائم کیا ہے ۔ اور وہ کیا کام کرتا ہے ۔

"The purpose of the Bureau is to investigate and report on all matters related to child life and to increase opportunity for the full development of all children by promoting their health and social welfare."

وہ women bureau وزارت محنت کا ایک حصہ ہے ۔ اور یہ children bureau محکمہ بہبود کا ایک حصہ ہے ۔ یعنی welfare deptt. ایک حصہ ہے ۔ اور وہ بچوں کی ہر چیز کا خیال رکھتے ہیں ۔

"The Bureau cooperates with national, State, and local organisations and agencies, both public and voluntary, in planning for the development and extension of services for children and youth."

صدر محترم ۔ میرے پاس یہ سب کتابیں ہیں لیکن وقت نہیں ہے کہ ان پر مکمل روشنی ڈال سکوں ۔

صدر محترم ۔ یعنی انگلستان میں بھی united kingdom bureau of women and children, ministry of labour ہے ۔ اور وہاں پر بھی ایسا کام ہو رہا ہے ۔ یہی نہیں بلکہ اور بہت سے ملکوں کی مثالیں بھی آپ کی خدمت میں پیش کر سکتی ہوں ۔ تو میری مراد یہ ہے ۔ کہ جب تک آپ گھروں کو ٹھیک نہیں کرینگے ۔ جہاں آپ کی وزیر اعظم اپنے کام کو نہ جانتی ہوں ۔ تو وہ بچوں کی پرداخت ان کی گودوں میں ٹھیک طور سے نہ ہو سکے گی ۔ اور ان میں حب الوطنی کا جذبہ ناپید ہوگا ۔ اگر ان کے کردار بچپن ہی میں گھروں میں صحیح نہ ہوئے ۔ تو قوم کی حالت بہتر نہیں ہو سکیگی ۔ صدر محترم ۔ گورنمنٹ آف انڈیا نے ۱۹۴۰ء میں انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ میں ایک women's سیکشن کھولا تھا اور women's section میں عورتوں کے حالات کا جائزہ لینا شروع ہو گیا تھا نقشے بنائے گئے تھے اور ان میں رنگ بھر دکھایا تھا کہ عورتوں کے socially and economically کیا حالات ہیں بٹوارے کے بعد نہرو گورنمنٹ نے اس womens section کو قائم رکھا ۔

صدر محترم ۔ اس سوال کے دو حصے ہیں اور ایک تو یہ دوسرا ۔ اور قوم کے سب افراد آج جان چکے ہیں کہ ایک آدمی کی کمائی سے آج گذران ہونی اشیا کی گرانی بہت بڑھی ہوئی ہے ۔ اس لئے عورتوں کو بھی کمانا ہوگا اور گھرانے کے اخراجات کے لئے روپیہ زائد حاصل کرنا ہوگا ۔

جناب آپ یہ سن کر حیران ہوں گے کہ میں ابھی لیہ سے آئی ہوں ۔ وہاں ایک آدمی کی ایک لڑکی نے بی ۔ اے ۔ فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا ہے اور وہ اب ایم ۔ اے میں داخلہ لینا چاہتی ہے ۔ وہ مجھے ملنے آئے تو میں نے اس کے باپ سے سوال کیا کہ یہ بہت خوشی کی بات ہے کہ آپ اسے پڑھا رہے

ھیں اس کے بعد کیا کریگی اس نے کہا کہ باھر اگر پڑھ لکھ بھی جاتے ھیں تو آج ان کو اچھی نوکری نہیں ملتی لیکن اگر لڑکی پڑھ جاتی ھے تو اسے اعلیٰ نوکری مل جاتی ھے اور کھانے کا سہارا ھو جاتا ھے ۔ تو میری گذارش یہ ھے کہ اب جب لڑکیاں بھی ملازمت کی طرف رجوع کر رھی ھیں تو لازم ھو چکا ھے کہ ایسے بیورو فی‌الفور قائم کئے جائیں ۔ گورنمنٹ آف انڈیا نے پارٹشین کے بعد ایسا بیورو قائم کر دیا تھا ۔ مگر ھماری treasury benches نے آج تک اس کا خیال نہیں کیا کہ عورتوں اور بچوں کے لئے ایسے بیورو جلد از جلد قائم کریں ۔ ان کی خدمت میں میری التماس ھے کہ خدا کے لئے جلد ایسی منسٹری آف ویلفیر یا انفارمیشن یہاں کھولی جائے ۔ جب کانسٹی‌ٹیویشن کمیشن کا سوال نامہ آیا اور میں جواب لکھ رھی تھی تو میں یہ معلوم کرنا چاھتی تھی کہ بی ۔ ڈی میں کتنی عورتیں منتخب ھوئی ھیں تو مجھے سارے ایسٹ اور ویسٹ پاکستان میں کہیں سے صحیح تعداد نہ مل سکی ۔ اور میں نے بڑی کوششوں سے کچھ اعداد و شمار حاصل کیے ۔ یہ بیورو ھی ایسے ادارے ھوتے ھیں جو عورتوں اور بچوں کے حالات کی پوری طرح تحقیقات کر کے گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹس اور پبلک کو بہم پہنچاتے ھیں اور ان کی تکلیفوں کا انسداد ھو سکتا ھے ۔

اس کے علاوہ صدر محترم ۔ آج صبح میں نے جب اخبار کھولا تو میں یہ دیکھ کر حیران رہ گئی کہ فیملی لاز آرڈننس کی ترمیم مرکزی اسمبلی میں جلد آ رھی ھے میری آنکھوں میں آنسو آ گئے کہ اس کی ترمیم کا تو سب کو خیال آیا لیکن یہ کسی نے نہ سوچا کہ جن وجوھات کے لئے یہ آرڈننس بنایا گیا تھا ان کے انسداد کیطرف بھی توجہ کرنی ھے ۔ کیا اس ملک کی عورتیں یہاں کی باشندہ نہیں ھیں بار بار ھم نے یہ تجویز کی کہ ھمارے لیے علیحدہ کورٹ کھولیں جائیں جن میں شرع کے مطابق جو ھمارے حقوق ھیں اور جس طریقہ سے ھمیں شرع نے حکم دیا ھے اس کے مطابق ھمارے cases کا فیصلہ کیا جائے ۔ کیا یہ گورنمنٹ کا فرض نہ تھا کہ فیملی لاز کی ترمیم مرکزی اسمبلی میں لانے سے پہلے عورتوں کی تمام انجمنوں کی یہ request منظور کرتی کہ عورتوں کے لئے علیحدہ کورٹ بنائے جائیں اور اگر علیحدہ کورٹ فوراً نہیں بن سکتے تو موجودہ سیشن‌ججز ھی کو یہ اختیارات دے‌دیئے‌جاتے‌کہ وہ عورتوں کے معاملات شرع کے مطابق طے کریں اور ان کے پرسنل لا کو شرع کے مطابق بنایا جاتا پھر اس کے بعد اس آرڈننس میں ترمیم لاتے ۔ اگر یہ اسلامی مملکت ھے تو ملک کی نصف آبادی کے حقوق کا خیال رکھتے ۔ اور انہیں شرعی قانون کے علاوہ

کسی اور سے سابقہ نہ پڑتا اور غیر شرعی طریقوں سے ان کے حقوق پائمال نہ ہوتے اور فیملی لاز کمشن اور law کمیشن کی رپوٹیں داخل دفتر کر دی گئی ہیں۔ ان دونوں کی یہ سفارشات کہ عورتوں کے لئے علیحدہ کورٹس ہوں نظر انداز کر دی گئی ہیں۔ یہاں ریزولیوشن پیش ہوا جو گورنمنٹ پارٹی نے پاس نہ ہونے دیا ۔ محترم خدا جانتا ہے اور ہم جانتے ہیں کہ گھروں میں عورتیں جوتی سے بدتر سمجھی جاتی ہیں ہماری بہنوں کی یہ مجاریٹی کے کیا حالات ہیں تو کیا یہ بہتر نہ ہوگا کہ وہ پہلے لا کمیشن کی سفارشات کو منظور کریں اور گورنمنٹ کوئی ایسا بل لائے جس سے عورتوں کی تکالیف کا انسداد ہو سکے ۔ اور ان کو شرعی حقوق مل جائیں ۔ کیا یہ اسلامی مملکت پر لازم نہیں ہے کہ کوئی ایسا بل جلد لا کر ایسا قانون بنایا جائے کہ اس وقت اگر علیحدہ کورٹ نہیں ہو سکتے تو سیشن ججز کو یہ powers دے دیجائیں کہ وہ شرعی قانون کے مطابق ایک مہینے میں دو مہینے میں تین مہینے میں عورتوں کے معاملات کا فیصلہ کریں تاکہ ان کو برسوں ادھر ادھر ٹھوکریں نہ کھانا پڑیں اور وہ وکیلوں وغیرہ کے ہاتھوں میں جا کر اپنی عزت سے بھی ہاتھ نہ دھو بیٹھیں ۔ شکریہ ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Next motion is from Mr. Hamza. He may please move it.

Mr. Hamza : Sir, I beg to move —

That the total of Rs. 4,94,300 on account of 25--General Administration--Total New Expenditure be reduced by Rs. 4,94,299.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is —

That the total of Rs. 4,94,300 on account of 25--General Administration--Total New Expenditure be reduced by Rs. 4,94,299.

Yes. Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائل پور-٦) ۔ جناب سپیکر ۔ اس رقم کا تقریباً ۹۰ فیصد حصہ ان تعمیراتی شاخوں کے لئے مخصوص کیا گیا ہے جو محکمہ جنرل ایڈ منسٹریشن ایجوکیشن اور ہلیتھ ڈیپارٹمنٹ سے متعلق ہوں گی ۔ آپ اور معزز ممبران یہ فرمائیں گے کہ حمزہ کتنی تاریک اور بھیانک تصویر ہمارے سامنے پیش کرتا ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ جس قسم کی انتظامیہ اس ملک پر قابض ہے اس کی عمارت کی تعمیر میرے خیال میں گارے ، اینٹوں اور سیمنٹ سے نہیں بلکہ ان بے ضمیر انسانوں کی نعشوں سے ہونی چاہئے ۔ جس قسم کے بے ضمیر انسان گورنمنٹ اس ملک کی آبادی کو بنا رہی ہے حقیقت یہ ہے کہ جب دیواریں

چنی جائیں اگر ان کی تعمیر میں میری نعش بھی کام آئے تو کوئی مضائقہ نہیں۔ لیکن یہ ملک جو اتنے بلند دعاوی کے ساتھ حاصل کیا گیا تھا گورنمنٹ اسے تباہ کرنے پر تلی ہوئی ہے ۔ اور اس میں کسی حد تک کامیاب ہو گئی ہے ۔ اس لئے موضوع ہے کہ اس کی عمارتیں گارے اینٹوں سے نہ بنیں بلکہ بے ضمیر بے دل اور پٹے ہوئے انسانوں کی نعشیں کام میں لائی جائیں ۔ آپ کو اچھی طرح علم ہو گا کہ اس ایوان میں ہر حصہ کی طرف سے جب سے یہ ایوان معرض وجود میں آیا ہے یہ گلہ کیا جاتا رہا ہے یہ شکایت کی جاتی رہی ہے کہ ہماری انتظامیہ مشینری انتہائی ناقص ہے لیکن انتہائی دکھ ہے کہ بجائے اس کے کہ گورنمنٹ کی طرف سے اس کی اصلاح کے لئے خاص اقدامات کے ذریعہ یہ مہلک بیماری کم کی جاتی آج تک کچھ بھی نہیں کیا گیا ۔ اور صورت حال یہ ہے کہ یہ مہلک بیماری اتنی بڑھ چکی ہے کہ اب لاعلاج دکھائی دیتی ہے اس سے پہلے عام طور پر یہ دیکھنے میں آتا تھا کہ جب کسی نقص کی نشاندھی کی جاتی تھی تو اس نقص کو رفع کرنے کی کوشش کی جاتی تھی ۔ لیکن ہمارے وزرائے کرام نے روزمرہ ایوان میں ثابت کیا ہے ان کا مقصد حیات محض یہ ہے کہ انتظامیہ کے نقائص کو جب اس ایوان میں پیش کیا جائے تو ان نقائص کو خوبیوں میں تبدیل کر کے اس ایوان کے سامنے پیش کریں ۔ عجب گراوٹ ہے کہ یہاں اچھائی اور برائی کے معیار ہی یکسر بدل دئے جاتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ ایک اچھی انتظامیہ کی سب سے پہلی خصوصیت یہ ہونی چاہئیے کہ وہ صحیح معنوں میں عوام‌الناس کی خدمت گذار ہو اور انتظامیہ سے بغیر کسی امتیاز کے لوگوں کو انصاف مل سکے ۔ لیکن جیسا کہ ہمارے ملک کی عام آبادی کو علم ہے کہ ہماری انتظامیہ کے اندر اب بھی چند انسان با اصول ہیں اور اچھے کردار کے مالک ہیں لیکن وہ بھی دن بدن زیادہ گھٹن محسوس کر رہے ہیں اور اس کے برعکس بہت سے ایسے افسر ہیں جن کو انتہائی بدنام ہونے کے باوجود تیزی سے ترقیاں دی جا رہی ہیں ان کا اچھا ریکارڈ نہ ہونے کے باوجود ان کی ستائش کی جاتی ہے ۔ اور ان کو اچھے سٹیشنوں پر لگایا جاتا ہے ۔ میں نے چند دن پہلے ہاؤس میں ایک سوال کے ذریعے ثابت کیا تھا کہ ایک مجسٹریٹ جو رشوت لینے کی وجہ سے تمام صوبے میں بدنام ہیں کو متعدد بار لائلپور میں تعینات کیا گیا اور ۶۰ سال سے زائد عمر تک ملازمت میں رہنے دیا گیا حتیٰ کہ جب حمزہ نے اس کے متعلق اسمبلی میں سوال

کیا کہ آیا اس کو لائلپور میں زیادہ اناج اگاؤ سکیم کے تحت زمین بھی دی گئی ہے تو وزیر مال صاحب نے فرمایا ہے کہ اس کا لڑکا اس زمین کو خود کاشت کرتا ہے حالانکہ جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے اس کا لڑکا لا کالج میں تعلیم پاتا رہا ہے ۔ یہ وہ افسر تھا جس کے بارے میں میرے ایک سوال کے جواب میں اس ایوان میں بتایا گیا ہے کہ اس کی اچھی اور اعلیٰ خدمات کے صلہ میں اسے زمین دینے کی سفارش کی گئی ہے ۔ ایک طرف اچھے کردار والے افسران کو پریشان کیا جاتا ہے اور دوسری طرف آج ایسے بھی افسر ہیں جن کو بدنام ہونے کے باوجود ناجائز طور پر نوازا جاتا ہے اور نام نہاد اعلیٰ خدمات کے صلے دیئے جاتے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ جس گورنمنٹ کا یہ حال ہو جو اچھے افسروں کو نظر انداز کرے اور جس کے بدنام افسروں کو ترقیاں ملتی ہوں اور حوصلہ افزائی ہو تو اس کے انجام کا اندازہ آپ خود ہی لگا سکتے ہیں ۔ آج اس ملک کے اندر بد انتظامی ملتی ہے جو کچھ ہم بوتے ہیں اس کا پھل ہم کاٹتے ہیں ۔ جناب خان پیر محمد خان نے فرمایا تھا کہ حمزہ نے زمینوں کی تقسیم کے سلسلے میں کئی اعتراض کئے لیکن کوئی تجویز پیش نہیں کی ۔ میں ان سے یہ عرض کرونگا کہ میں آپ کے سامنے زندہ مثال پیش کر چکا ہوں ۔ آپ ایک کمیشن مقرر کیجئے جو کہ اس امر کی تحقیقات کرے کہ ہمارے سیکریٹری صاحبان ۔ ڈپٹی کمشنران اور دوسرے اعلیٰ عہدوں پر رہنے والے افسروں اور ان کے رشتہ داروں کے پاس کیا کیا جائیدادیں تھیں اور آج ان کے پاس کیا کیا جائیدادیں ہیں ۔ اور انہوں نے وہ کس ذریعے سے حاصل کی ہیں ۔ بقول امتیاز گل صاحب بعض لوگ لائلپور کو سونے کی چڑیا کہتے ہیں ۔ یقیناً وہ افسروں کے لئے سونے کی چڑیا ہے اس لئے کہ سونے کی چڑیا کے پر نوچنے کے لئے افسران لائلپور میں تعیناتی کے لئے کوشش کرتے رہتے ہیں ۔

Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill : On a point of personal explanation. I never mentioned Lyallpur as سونے کی چڑیا

Mr. Senior Deputy Speaker : Has Mr. Gill sought permision of the chair to give a personal explanation.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ ہمارے ضلع میں سرکاری افسران زیادہ سے زیادہ زمینیں حاصل کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ ہمارے ڈپٹی کمشنر اور ریونیو اسٹنٹ عام طور پر اس کام پر لگے رہتے ہیں کہ وہ سیکریٹران اور دوسرے بڑے افسران کے لئے زمین کے اچھے قطعوں کا انتخاب کریں ۔ جناب سپیکر ۔

میں نے سوالات کے ذریعے یہ ثابت کر دیا ہے کہ ضلع لائل پور کی تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ جس کا مالیہ راولپنڈی ڈویژن کے ہر ضلع سے زیادہ ہے ۔ اور ایس ۔ ڈی ۔ ایم کی ذمہ داریاں سے دوسرے اضلاع کے ڈپٹی کمشنران سے کسی طرح بھی کم نہیں ہوتیں لیکن وہاں پر ناتجربہ کار ایس ۔ ڈی ۔ او تعینات کر رہے ہیں جس کا لازمی نتیجہ ہے کہ ہماری تحصیل میں بد دیانتی کا دور دورہ ہے اس انتظامیہ کی یہ حالت ہے کہ قبل از تقسیم ملک میں جب کمشنر دورے پر آتا تھا تو اس کے ساتھ اس کا پوتا ہوتا تھا مگر جب سے پاکستان معرض وجود میں آیا ہے جب کمشنر دورہ پر آتا ہے تو اس کا والد اس کے ساتھ ہوتا ہے ۔ ترقیاں ایسے افسران کو دی جاتی ہیں جن کو کوئی تجربہ نہیں ہوتا اور اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ دوسرے افسران قابلیت کے مالک ہوتے ہیں ان میں بد دلی اور پست ہمتی پیدا ہو جاتی ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The Member will now take his seat. Mr. Kirmani my please move his motion.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Sir, I beg to move :

That the total of Rs. 4,94,300 on account of 25--General Administration--Total New Expenditure be reduced by Rs. 4,94,299.

Mr. Senior Deputy Speaker : Demand under consideration motion moved is—

That the total of Rs. 4,94,300 on account of 25--General Administration--Total New Expenditure be reduced by Rs. 4,94,299.

Yes. Mr. Kirmani.

سید احمد سعید کرمانی (لاہور ۔ ۵) ۔ جناب والا ۔ صوبے کا ہر شہری اپنے آپ سے ایک سوال پوچھتا ہے اور وہ یہ ہے کہ کیا وجہ ہے کہ ہماری انتظامیہ پہلے سے بھی inefficient ہوتی جا رہی ہے ۔ یہ سوال اب ایک اہم سوال بن گیا ہے ۔ ایک ادنیٰ نمائندہ ہونے کی حیثیت سے میں نے بھی اس سوال پر اپنی بساط کے مطابق غور کیا اور میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں جس نتیجہ پر ہمارے بھائی حمزہ صاحب پہنچے ہیں کہ حکومت کی طرف سے بد دیانت افسروں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے ۔ اور دیانتدار افسروں کی حوصلہ افزائی نہیں ہوتی ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ میں نے روایات کو پس پشت ڈال کر ایک ایس ۔ پی کا تذکرہ کیا تھا ۔ اس ایس ۔ پی کے متعلق تمام دنیا جانتی ہے کہ وہ بد دیانت ہونے کے سوا اور کچھ بھی نہیں ہے لیکن حسن اتفاق کی داد دیجیئے کہ جب مارشل لاء لگا تو اس کے دوران میں بھی یہ بددیانت افسر محفوظ رہا اور جنرلوں کے ہاتھوں محفوظ ہو گیا اور پولیس میں دیانت داری سے جو کام کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ جب بد دیانت افسروں کی افسران بالا حوصلہ افزائی کرتے ہیں تو

ھمیں کیا پڑی ھے کہ ھم دیانتداری سے اپنے فرائض سر انجام دیں ۔ آپ کو یاد ھوگا کہ جب وہ ایس ۔ پی لائلپور تھا تو اس نے ایک صنعت کار سے لاکھوں روپے کی دن دھاڑے رشوت مانگی ۔ آپ کو یاد ھوگا کہ جب گجرات میں وہ ایس ۔ پی تھا تو اس نے لوگوں کے خلاف جھوٹے مقدمے بنائے ۔ جب لاھور میں ایس ۔ پی تھا تو اس نے کئی خاندانوں کی عصمت برباد کی اور جب گجرات سے اس کو بدلا اور کراچی تعینات کیا گیا تو آئی ۔ جی صاحب نے اس کے تبادلے کو روکا اور اسے کوئٹہ لگایا گیا ۔ پولیس کا یہ لاڈلا کوئٹہ جانے کے لئے بھی تیار نہ تھا آخر اسے لاھور میں ھی بد دیانتی کے لئے پھر چھوڑ دیا گیا ۔ جس افسر کے متعلق عوام برملا کہتے ھیں کہ اس سے زیادہ بد دیانت اور کورپٹ افسر نہیں ھے اور وہ اس لاھور شہر میں آپ کے انتظامیہ کے سایہ میں دندناتا ھے اور کوئی قوت اس کا مواخذہ نہیں کر سکتی ۔ تو پھر آپ کیسے توقع کرتے ھیں کہ انتظامیہ اور خاص کر پولیس کا محکمہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

چودھری سعی محمد ۔ جناب والا ۔ یہ غلط ھے ۔ گجرات میں اس نے کوئی بد عنوانیاں نہیں کیں اور نہ ھی لوگوں کے ساتھ ظالمانہ برتاؤ کیا ھے ۔ یہ بالکل غلط ھے ۔ اس نے وھاں اچھے دن گذارے ھیں اور وھاں سے باعزت آیا ھے ۔

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر ۔ چودھری سعی محمد آپ تشریف رکھیں ۔

ایک ممبر ۔ کس کو سنا رھے ھیں ۔

سید احمد سعید کرمانی ۔ جن کو سنا رھا ھوں وہ سمجھتے ھیں ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رھا تھا اور مجھے یہ مثال دینی پڑ گئی تھی ۔ یعنی وہ سکریننگ سے بھی بچ گیا ۔ اب تو اس تجربہ کی ضرورت تھی کہ اس کو وسیع پیمانہ پر آزمایا جاتا ۔ سکریننگ کی طرف دیکھیں جو بد دیانت تھے وہ بچ گئے ھیں ۔ چاھئے تو یہ تھا کہ انہیں انتظامیہ سے نکالا جاتا تاکہ عوام سکون کی زندگی بسر کر سکتے ۔ لیکن مقام افسوس ھے کہ ایسا نہیں ھو رھا ھے ۔

جناب والا ۔ دوسری وجہ یہ ھے کہ ھم نے اضلاع کے ڈپٹی کمشنر کو بیسیوں قوانین چلانے کیلئے دے دیئے ھیں ۔ ھر شخص میں کام کرنے کی ایک محدود قوت ھوتی ھے اگر آپ ایک آدمی کو اس کی قوت سے زیادہ کام سپرد کر دیں تو سوائے نااھلی کے اور کوئی نتیجہ نہیں نکل سکتا ۔ حکومت کو چاھئے کہ ڈپٹی کمشنر کو بہت سے سابقہ قوانین چلانے کی بجائے ان سے بعض ایکٹ لے

لے اور کسی اور ایجنسی کے سپرد کرے ۔ تا کہ اضلاع میں انتظامیہ کا جو ڈھانچہ ہے وہ بہتر طور پر کام کر سکے ۔

جناب والا ۔ وقت کی قلت کے پیش نظر میں مختصراً اور بھی بہت سی باتیں عرض کروں گا ۔ جناب والا ۔ اس حکومت نے کئی بار اعلان کیا ہے کہ یہ لیبر لاز میں ترامیم کرنا چاہتے ہیں ۔ ہر سیشن سے پہلے یہ اعلان کر دیا جاتا ہے ۔ یہ جو مروجہ لیبر قوانین ہیں وہ ناکافی ہیں لیکن مقام حیرت ہے کہ سیشن بھی گذر جاتا ہے لیکن گورنمنٹ کی طرف سے لیبر لاز میں ترامیم کے لئے کوئی بل نہیں پیش کیا جاتا ۔ لیکن ہم جانتے ہیں کہ ہمارا بل اس لئے منظور نہیں ہو سکے گا کیونکہ وہ آپوزیشن کی طرف سے آئے گا ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Mr. Kirmani, knows that in Budget, legislation cannot be discussed.

سید احمد سعید کرمانی ۔ میں تو ان کی اہلیت کے متعلق کہہ رہا ہوں ۔

وزیر ریلوے ۔ اپنی اہلیت کے متعلق بھی کچھ کہئے ۔

سید احمد سعید کرمانی ۔ don't worry دوسرا مسئلہ جناب والا ۔ یہ ہے کہ گورنمنٹ کو چاہئے کہ اپنے جو مقامی افسران ہیں ان کو بتائیں کہ ہر لیبر تحریک ہر ٹریڈ یونین کی تحریک ہے ۔ وہ اس لئے نہیں چلائی جاتی کہ لا اینڈ آرڈر میں problem پیدا کر دی جائے ۔ اب وہ چاہتے ہیں کہ لیبر تحریک کو لیبر لاز کے تحت چلایا جاتا ہے اسی کے اندر رکھا جائے لیکن چونکہ یہ ان ٹرینڈ لوگ ہیں انہیں پتہ نہیں ہے ۔ وہ ہر جائز ٹریڈ یونین تحریک کو لا اینڈ آرڈر کا مسئلہ قرار دے دیتے ہیں ۔ اور جس کے نتیجہ کے طور پر جو سہولتیں اور جو حقوق مزدوروں کو collective bargaining کے ذریعہ حاصل ہو سکتے ہیں اس سے وہ محروم ہو جاتے ہیں حالانکہ مزدوروں کی قطعاً نیت نہیں ہوتی کہ وہ لا اینڈ آرڈر کو برباد کریں بلکہ وہ چاہتے ہیں کہ جو ٹریڈ لاز کے نیچے انہیں جو سہولتیں میسر ہوں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The Member's time is over.

سید احمد سعید کرمانی ۔ یہ جو آپ نے اوقاف آرڈیننس ہم پر نافذ کیا ہوا ہے یہ دوسرا ایف ۔ سی ۔ آر ہے ۔ لاہور شہر میں سب سے زیادہ اوقاف کی جائیداد موجود ہے ۔ اس کا کرایہ اتنا زیادہ کر دیا گیا ہے اب جو کرایہ دار ہیں وہ رونے پیٹنے پر آ گئے ہیں ۔ یہ جو جرگے کے اراکین گورنمنٹ لے رہی ہے اس کے متعلق ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The Member's time is over. He may please take his seat.

سید احمد سعید کرمانی ۔ جناب والا۔ سب برے نہیں ہیں لیکن اکثریت ان لوگوں کی لی جا رہی ہے جو حکومت کے منظور نظر ہیں ۔ جن کی شہرت داغ دار ہے ۔ اس کے متعلق گذارش ہے اگر اس سسٹم کو چلانا ہے تو پھر ان لوگوں کو جرگہ کا ممبر نامزد کیا جائے جو واقعی خدا ترس ہوں اور ان میں قابلیت بھی ہو ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Mr. Allah Dad Khan to move his cut motion.

چودھری سعی محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ مجھے بھی دو منٹ دیئے جائیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ چودھری صاحب آپ تشریف رکھیں ۔

چودھری سعی محمد ۔ جناب والا ۔ جو وہاں سپرنٹنڈنٹ آف پولیس تھا وہ نہایت دیانت دار تھا ۔ ان سے پہلے جرائم بے حد زیادہ تھے ۔ جب تک وہ گجرات میں رہے ہیں جرائم کا نام و نشان بھی نہیں رہا ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

Yes, Mr. Allah Dad Khan.

Mr. Allah Dad Khan : Sir I beg to move—

That the total Rs. 4,94,300 on account of 25—General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs. 4,94,299.

Mr. Senior Deputy Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

That the total of Rs. 4,94,300 on account of 25—General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs. 4,94,299.

مسٹر اللہ داد خان (راولپنڈی ۔ ۱) ۔ صدر محترم ۔ میں حکومت کی توجہ اس امر کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں ۔ کہ میں بھی قریباً ۲۵ سال ملازم رہا ہوں ۔ انگریز کا وقت بھی دیکھا ۔ دور سکندری بھی دیکھا ۔ دور خضری بھی دیکھا اور اس کے بعد پاکستان میں ملازمت بھی کرنے کا شرف حاصل ہوا ہے ۔ تو اس آزادی کے بعد جو سول ایڈمنسٹریشن کا حشر ہوا ہے وہ بیان سے باہر ہے ۔

جناب والا ۔ جب میں گرداسپور میں مال افسر تھا ۔ تو اس علاقے میں ایک لالہ کرپا رام ذیلدار ہوا کرتے تھے ۔ جب میں ماہانہ میٹنگ میں گیا تو وہ فرمانے لگے راجہ صاحب اس مہینے کون سا محکمہ بڑھایا ہے ۔ میں نے کہا کہ تمہارا مطلب کیا ہے ۔ تو وہ کہنے لگا یہ تو حکومت نے ٹھیکہ لے رکھا ہے کہ ایک مہینہ میں ایک محکمہ بڑھایا جائے۔ ہم تو پاگل ہو چلے ہیں ۔ میں

نے کہا آپ تشریف رکھیں اس نے کہا ڈپٹی کمشنر ۔ افسر مال ۔ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ۔ تھانیدار ۔ تحصیل‌دار چند ایک افسر ہوتے تھے یہ ہماری باتیں بھی سنتے تھے اور ہماری شکایات بھی رفع کرتے تھے لیکن اب جو آتا ہے وہ کہتا ہے کہ میں بنکوں کا تھانیدار ہوں ۔ دوسرا آتا ہے کہ میں فلاں محکمے کا تحصیلدار ہوں ۔ یعنی ہر کوئی نیا ہی نام لیتا ہے ۔ تو موجودہ حالات میں میں یہ عرض کروں گا کہ محکمہ جات کی اس قدر بہتات ہو گئی ہے کہ ڈپٹی کمشنر صاحب کے بھی ہوش ٹکانے نہیں رہتے ان کو بھی پتہ نہیں کہ کون کون سے محکمے ان کے ماتحت ہیں ۔ کوآرڈینیشن کہاں سے ہو ۔ پتہ کہاں سے چلے یعنی ہم بیج لینے کی خاطر سب سے پہلے ایک زمیندار سوچتا ہے کہ محکمہ زراعت والے بیج دیتے ہوں گے جب وہ ایگریکچرل کے پاس جاتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ دفتر پرلی طرف ہے ۔ یہ میرا اپنا ذاتی تجربہ ہے لیکن وہاں جاتے ہیں تو وہاں ایگریکچرل ڈویلپمنٹ بنک ہوتا ہے جہاں سے آپ کو بیج نہیں ملے گا ۔ تو وہ کہتے ہیں کہ آپ ایگریکچرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن کے پاس جائیں پھر وہاں سے دریافت کر کے وہاں جاتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ افسر باہر گیا ہوا ہے ۔ جب افسر تشریف لاتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ بیج ابھی پہنچا نہیں ہے ۔ منٹگمری سے منگوانے کے لئے لکھا ہے ۔ فلاں جگہ سے منگوانے کیلئے لکھا ہوا ہے ۔ حتیٰ کہ بیجائی کا موسم گذر جاتا ہے ۔

جناب والا ۔ ایک دفعہ ایسا اتفاق ہوا کہ وہاں پر بیج مل گیا لوگوں نے کہا ہوا تھا ۔ تو بیج میں نے اکٹھا کیا تو اس میں سے ۱۰ بوریاں رکھ لی گئیں ۔ میں نے محکمے والوں کو کہا کہ یہ کیا تماشہ ہے کیوں ۱۰ بوریاں رکھ لی گئی ہیں ۔ تو وہ کہنے لگے کہ ہم نے کھانا بھی تو ہے ۔ یہ گندم بڑی اچھی ہے ۔ اس طرح بیج کی گندم بھی کھانے میں شامل کی جاتی ہے اور پھر سب سے بری بات جو ہے اور جس کو ہر شخص محسوس کر رہا ہے کہ بہت سے افسران کوٹھیاں بنانے میں مشغول ہیں ۔ جہاں وہ تعینات ہیں وہاں کوٹھی بنانا میرے خیال میں اس سے بہت بڑا کوئی جرم نہیں ہے ۔ ایک صاحب ایک اچھے عہدے پر مامور تھے ۔ ان کے پاس سرسری کیس جو آیا کرتے تھے ۔ ٹرک چالان ہو کر آئے تو انہوں نے جس جگہ کوٹھی بن رہی تھی ۔ وہاں پاس ہی دفتر رکھا ہوا تھا ۔ ٹرک والے آئے تو پوچھا کہ کیا جرم ہے ۔ کہا کہ یہ جرم ہے ۔ بولے ۔ اچھا بھئی دو ٹرک بجری لے آؤ اور پھر جاؤ ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: The House now stands adjourned till 9-00 a.m. tomorow.

(The Assembly then adjourned till 9-00 a.m. on Thursday, the 19th December, 1963.)

Printed at Istiqlal Press, LAHORE

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIFTH SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN.

Thursday, the 19th December, 1963.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9-25 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain Siddiqi, Qari of the Assembly.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْحَمْدُ فِي الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ۭ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ۭ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝ وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝

پ ۲۰ - س ۲۸ - ع ۱۰ - آیات ۷۰ تا ۷۳

اور وہی خدا ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ دنیا اور آخرت میں اسی کی تعریف ہے۔ اور اسی کا حکم اور اسی کی طرف تم سب لوٹائے جاؤ گے۔ کہو۔ بھلا دیکھو تو اگر اللہ تم پر ہمیشہ قیامت کے دن تک رات کئے رہے تو خدا کے سوا کون معبود ہے جو تم کو روشنی لادے تو کیا تم لوگ سنتے نہیں۔ کہو بھلا دیکھو تو اگر تم پر ہمیشہ قیامت تک دن کئے رہے تو اللہ کے سوا کون معبود ہے۔ کہ تم کو رات لادے جس میں تم آرام کرو تو کیا تم لوگ دیکھتے نہیں۔ اور اسی نے اپنی رحمت سے تمہارے لئے رات کو اور دن کو بنایا۔ تاکہ تم لوگ اس میں آرام کرو۔ اور (اس میں) اس کا فضل تلاش کرو اور یہ (اس وجہ سے بھی) کہ تم شکر ادا کرو۔

WAIVING OF THE QUESTION HOUR

وزیر خوراک و زراعت (ملک قادر بخش) ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کے توسل سے ھاؤس کی خدمت میں درخواست ھے کہ آج کا وقفہ سوالات ترک کر دیا جائے۔

Mr. Speaker : I think this is the sense of the House.
Voices : Yes Sir.

Mr. Speaker : The Question Hour is waived.

LETTER FROM THE AMERICAN AMBASSADOR IN PAKISTAN

In connection with the condolence Resolution passed by the Assembly on the death of late Mr. John F. Kennedy.

Mr. Speaker : We had passed a resolution on the death of Mr. Kennedy and I have received a letter, in that connection from Mr. McConaughy, the American Ambassador in Pakistan. I read that letter in the House.

"Dear Mr. Speaker,

I have read, with deep appreciation, the resolution of condolence adopted on the tragic death of President Kennedy by the West Pakistan Provincial Assembly on November, 27, 1963. I would be grateful if you would extend to the members of the Assembly the deep appreciation of the Government and people of the United States for this most considerate and comforting gesture. All of us in the American community in Pakistan have been greatly heartened, in this time of sorrow, by the innumerable messages and other gestures of genuine sympathy that have been extended to the family of President Kennedy and to the American people by our good friends in Pakistan.

With assurances of my high regard, I am,

Very sincerely yours,

Sd/-Walter P. McConaughy.

LEAVE OF ABSENCE OF M.P.As.

Mr. Speaker : Now, we will take up the leave applications.

MIR MIR MUHAMMAD KHAN TALPUR.

Secretary : The following letter has been received from Mir Mir Muhammad Khan Talpur, M.P.A :—

"I could not attend the meeting of the Committee on Public Accounts held 27-9-63, 1/2-10-63 due to private reasons.

I pray for leave for these days.

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

RAIS ALLAN KHAN LEGHARI.

Secretary : The following letter has been received from Rais Allan Khan Leghari, M.P.A:—

"I am not feeling well and am unable to attend the Session. I, therefore, request that leave of absence for 3 days i.e., for 11th, 12th and 13th December, 1963 may kindly be granted to me."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MIRZA MAZHAR HUSSAIN.

Secretary : The following letter has been received from Mirza Mazhar Hussain M.P.A :—

" Respectfully I beg to state that I have not been keeping good health for sometime past. I still feel unable to move about and attend the Assembly Session. It is, therefore, humbly requested that I may be granted leave from 12-12-1963 to 16-12-1963."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MR. MUHAMMAD MOHSIN SIDDIQUI.

Secretary : The following letter has been received from Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui, M.P.A :—

"Due to urgent work I was not able to attend the Assembly meetings on 4th, 9th, 10th and 11th December, 1963. I would, therefore, request you to please get the approval of the Assembly for leave of absence. (On 5th December I was present and the Attendance Roll may kindly be corrected.")

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

HAJI IMAM ALI UNAR.

Secretary : The following letter has been received from Haji Imam Ali Unar, M P.A :—

"Due to ill health I intend to go back to Nawabshah and, therefore, I will not be in a position to attend the Session of Provincial Assembly, with effect from 13-12-1963. Kindly condone my absence."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

CHAUDHRI IMTIAZ AHMAD GILL.

Secretary : The following letter has been received from Chaudhri Imtiaz Ahmad Gill, M.P.A.—

"It is requested that due to some unavoidable circumstances I could not attend the Assembly Session on 9th and 10th December. The leave for the said days may please be granted."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for the granted.

(The motion was carried)

MR. LATIFULLAH KHAN DIRVI.

Secretary : The following letter has been received from Mr. Latifullah Khan Dirvi, M.P.A :—

گذارش ہے کہ میں مورخہ 11-12-63 کو بوجہ بیماری اسمبلی میٹنگ میں
حاضر نہیں ہو سکتا اس لئے عرض ہے کہ ایک دن کی چھٹی عطا کی جائے۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

NAWABZADA MUHAMMAD ALI KHAN.

Secretary : The following letter has been received from Nawabzada Muhammad Ali Khan Afridi, M.P.A:—

گذارش ہے کہ میں آج مورخہ 11-12-63 کو کسی ضروری کام کی وجہ سے
اسمبلی میٹنگ میں حاضر نہیں ہو سکتا ۔ اس لئے عرض ہے کہ ایک دن کی چھٹی
عطا کی جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

ALLAMA REHMATULLAH ARSHAD.

Secretary : The following letter has been received from Allama Rehmatullah Arshad, M.P.A :—

میں آج بوجہ علالت کے ایوان کی کارروائی میں شریک نہیں ہو سکتا۔
براہ کرم آج کی رخصت ایوان سے منظور کرائی جائے ۔ 11 دسمبر 1963 ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MR. BASHIR AHMAD SHAH.

Secretary : The following letter has been received from Mr. Bashir Ahmad Shah, M P.A :—

"In continuation of my previous application for grant of leave I am to state that I could not attend the meetings of the Assembly on 10th and 11th instant due to unavoidable circumstances and as such I request that necessary leave for further 2 days viz., 10th and 11th December, 1963 may kindly be granted."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MALIK ZAMAN KHAN.

Secretary : The following application has been received from Malik Zaman Khan, M.P.A :—

میں قوموں کے جھگڑے کے فیصلہ کے لئے ٹھہرا ہوں ۔ بہت ضروری ہے ۔
ازراہ کرم چند دن کی رخصت عنایت فرمائی جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for the granted.

(The motion was carried)

NAWAB JAM ANWAR ALI.

Secretary : The following letter has been received from Nawab Jam Anwar Ali, M.P.A :—

"I have to attend some personal important work. I, therefore, request that my absence from 9th to 21st December, 1963 may kindly be excused from Assembly."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

SARDAR NOOR MUHAMMAD KHAN BULEDI TUMANDAR.

Secretary : The following Telegram has been received from Sardar Noor Muhammad Khan Buledi Tumandar, M.P.A.—

"Unwell, unable to attend, request leave up to 20th December 1963."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

SHEIKH MUHAMMAD HUSSAIN.

Secretary : The following Telegram has been received from Sheikh Muhammad Hussain, M.P.A :—

"Ill. Three days absence Regretted".

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

RAI MUHAMMAD IQBAL AHMAD KHAN.

Secretary : The following letter has been received from Rai Muhammad Iqbal Ahmad Khan, M.P A :—

گذارش ہے کہ میں نے ایک ضروری کام کے لئے آپ سے مورخہ 5 دسمبر 1963 کی رخصت حاصل کی تھی لیکن میرے کام کی نوعیت اس قسم کی تھی کہ مجھے مورخہ 6 دسمبر کو بھی گھر پر ٹھہرنا پڑا - اس لئے معروض ہوں کہ مورخہ 6 دسمبر کی رخصت تصور فرمائی جاوے -

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MIRZA MAZHAR HUSSAIN.

Secretary : The following letter has been received from Mirza Mazhar Hussain, M.P.A :—

میں بوجہ علالت 30-11-63 سے 7-12-63 سروسز ہسپتال لاہور میں میں زیر علاج رہا ہوں اور بدیں وجہ اجلاس میں شرکت نہیں کر سکا - برائے نوازش مندرجہ بالا ایام کی رخصت منظور فرمائی جائے -

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

RAI MUHAMMAD IQBAL AHMAD KHAN.

Secretary : The following letter has been received from Rai Muhammad Iqbal Ahmad Khan, M.P.A :—

گذارش ہے کہ مجھے ایک نہایت ضروری کام کے باعث مورخہ 10 دسمبر کو گھر جانا پڑا وقت نہیں تھا کہ درخواست برائے رخصت پیش کر سکتا - اس لئے معروض ہوں کہ مورخہ 10 دسمبر 1963 کی رخصت تصور فرمائی جاوے -

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

KHAN MALANG KHAN.

Secretary : The following letter has been received from Khan Malang Khan, M.P.A.—

میں بوجہ بیماری تعلیم و صحت کی سٹینڈنگ کمیٹی کے اجلاس مورخہ 20-11-63 میں شرکت نہیں کر سکا - لہذا رخصت عطا فرمائی جائے -

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MIR MUHAMMAD KHAN TALPUR

Secretary : The following letter has been received from Mir Muhammad Khan Talpur, M.P.A :—

"I could not attend the Public Accounts meeting fixed for 27th September, 1960 due to unavoidable circumstances. I, therefore, request that my absence may kindly be treated as leave on that day."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MR. ILAHI BUX

Secretary : The following letter has been received from Mr. Illahi Bux, M.P.A :—

"I have some urgent engagements at Khairpur from 4-12-1963,to 19-12-1963 as such, I stand in a need of fifteen days leave and I, therefore, request that the same may kindly be granted to me."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

KHWAJA JAMAL MUHAMMAD KORAIJA

Secretary : The following letter has been received from Khawaja Jamal Muhammad Korajia, M.P.A:—

"Due to unavoidable circumstances I failed to attend the Assembly meeting held on 27-11-63. Kindly treat my absence as leave."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MR. MUHAMMAD AKBAR KHAN

Secretary : The following letter has been received from Mr. Muhammad Akbar Khan, M.P.A. :—

میں بوجہ بیماری مورخہ 1-10-63, 2-10-63 کو پبلک اکاؤنٹس کمیٹی
کے اجلاس میں شرکت نہ کر سکا ۔ ان ایام کی رخصت مرحمت کی جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

HAJI MALIK PIR RAKHMAN KHAN

Secretary : **The following letter has been received from Haji Malik Pir Rahman Khan, M.P.A :—**

میں بوجہ خانگی کام کے ڈیرہ اسمٰعیل خاں جا رہا ہوں ۔ اس لئے عارض ہوں کہ مورخہ 10-12-63 تا 12-12-63 کی رخصت عطا فرمائی جاوے ۔

Mr. Speaker : **The question is :**

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*)

KAZI MUHAMMAD AZAM

Secretary : **The following application has been received from Kazi Muhammad Azam, M.P.A :—**

"I am leaving for Hyderabad for some urgent work. I therefore request that four days leave may kindly be granted to me from 10th December to 13th December.

Mr. Speaker : **The question is :**

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*)

MIAN MUHAMMAD YASIN KHAN WATTOO

Secretary : **The following application has been received from Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo, M.P.A :—**

"I could not attend the meetings of the Select Committee on West Pakistan Islamic University Bill 1962 on 6-10-63 and 21-11-63 due to unavoidable circumstances. Leave may kindly be granted for these days."

Mr. Speaker : **The question is :**

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*)

MR. KHALID BIN JAFFER

Secretary : **The following application has been received from Mr. Khalid Bin Jaffer, Parliamentary Secretary:—**

"As I am not feeling well and being admitted in the Services Hospital. I will be grateful if sick leave for four days from 16-12-63 to 20-12-63 is granted to me."

Mr. Speaker : **The question is :**

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*)

BABU MUHAMMAD RAFIQ

Secretary : **The following application has been received from Babu Muhammad Rafiq, M.P.A :—**

چونکہ میں چند ضروری خانگی کاموں کے لئے گھر واپس جا رہا ہوں ۔
اس لئے مجھے 16-12-63 تا 20-12-63 تک رخصت عطا فرمائی جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

ZULFIQAR ALI KHAN SIAL

Secretary : The following application has been received from Zulfiqar Ali Khan Sial, M.P.A :—

'Due to my ill health I could not attend the meetings of the Assembly on 5th, 6th, 9th and 12th December, 1963. It is, therefore, requested that leave of absence on the above mentioned days may kindly be granted to me."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

SYED NAZAR SHAH

Secretary : The following letter has been received from Syed Nazar Shah, M.P.A:—

"I request the grant of leave to me from the 27th November, 1963, to the 4th December, 1963, both days inclusive, as I could not attend the Assembly Session on these days due to pressing and unavoidable circumstances necessitating my presence at Nawabshah."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

KHAWJA JAMAL MUHAMMAD KHORAIJA

Secretary : The following letter has been received from Khawaja Jamal Muhammad Khoraija, M.P.A :—

مجھے شدت سے نزلہ زکام کا آج رات کو حملہ ہوا ہے اور ساتھ ساتھ بخار بھی ۔ آرام آنے تک رخصت چاہتا ہوں کم سے کم تین یوم کی عنایت فرمائی جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MR. MUHAMMAD QASIM MELA

Secretary : The following letter has been received from Mr. Muhammad Qasim Mela, M.P.A :—

طبیعت کی خرابی کی وجہ سے مورخہ 9-10-11 دسمبر 1963 کو اسمبلی کے اجلاس میں حاضر ہونے سے معذور ہوں - مہربانی فرما کر رخصت عطا فرمائی جاوے -

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MIAN ABDUL HAQ

Secretary : The following application has been received from Mian Abdul Haq, M.P.A :—

"The Governor is visiting our district from 10th to 12th instant and I have to be there in this connection I, therefore, request that my absence from 10th to 13th instant may be condoned."

Mr. Speaker : The questions is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MIR AFZAL KHAN

Secretary : The following letter has been received from Mir Afzal Khan, M.P.A :—

"I regret to inform you that I shall be unable to attend the current session of the Assembly because I am proceeding abroad on urgent business. Therefore, I shall be grateful if I am granted leave of absence for the duration of the session."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

BEGUM AISHA AZIZ

Secretary : The following letter has been received from Begum Aisha Aziz, M.P.A :—

"With reference to my previous letter dated 26th November, 1963, I regret to inform you that due to unavoidable circumstances, I will not be able to attend the West Pakistan Assembly Session, and therefore request for leave for a further period of 12 days with effect from 4th December, 1963 to 15th December, 1963."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MIR MIR MUHAMMAD KHAN TALPUR

Secretary : The following letter has been received from Mir Mir Muhammad Khan Talpur, M.P.A :—

"I could not attend the Winter Session from 27th November, 1963 to 30th November, 1963 due to ill health. Leave may kindly be allowed for the same."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MIR SAIFULLAH KHAN MAGSI

Secretary : The following letter has been received from Mir Saifullah Khan Magsi, M.P.A. :—

"As I have been unwell for the last so many days. I beg to move the House for leave from 13th December, 1963 to 17th December, 1963."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

SARDAR GHULAM MUHAMMAD SHAH

Secretary : The following letter has been received from Sardar Ghulam Muhammad Shah, M.P.A. :—

میں برائے میٹنگ ڈویژنل کونسل سرگودھا ڈویژن بمقام لائلپور ۱۸ تاریخ
کو جا رہا ہوں ۔ ایک دن کی رخصت عطا کی جاوے ۔

Mr Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

PIR ALI SHAH

Secretary : The following Telegram has been received from Pir Ali Shah, M.P.A :—

"I am not feeling well due to cold kindly grant me leave upto Ist January, 1964."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

BEGUM AISHA AZIZ

Secretary : The following Telegram has been received from Begum Aisha Aziz, M.P.A :—

"Reference Meeting Law and Parliamentary affairs on seventeenth cannot attend due mothers' illness pray grant leave (·) Please also get leave confirmed from the Assembly for this day."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*)

KAZI MUHAMMAD AZAM

Secretary : The following Telegram has been received from Kazi Muhammad Azam, M.P.A. :—

"Indisposed kindly grant leave Monday Tuesday".

Mr. Speaker : The question is :
That the leave asked for be granted.
(*The motion was carried*)

HAJI MIR KHUDA BAKHSH TALPUR

Secretary : The following letter has been received from Haji Mir Khuda Bakhsh Talpur, M.P.A. :—

"I request leave from 27th November to 1st December, 1963 and from 8th December to 15th December, 1963, as I had to attend to private, urgent and unavoidable affairs."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*)

MIR RASUL BAKHSH TALPUR

Secretary : The following letter has been received from Mir Rasool Bakhsh Talpur M.P.A. :—

"I request that I may be granted leave of absence from the sittings of the Assembly from 16th to 20th December on personal grounds."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*)

RAO KHURSHID ALI KHAN

Secretary : The following letter has been received from Rao Khurshid Ali Khan, M.P.A. :—

PAWP/Com/Legis—181/63/19241 جناب عالی ۔ بحوالہ آپ کی چٹھی نمبر

مورخہ ۳ دسمبر ۱۹۶۳ء

عرض ہے کہ میں بوجہ نظر بندی سٹینڈنگ کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ ۳ دسمبر ۱۹۶۳ء میں حاضر نہ ہو سکا۔ براہ کرم اس غیر حاضری کے لئے رخصت مرحمت فرمائیں ۔ ۲۳ نومبر تا ۲۵ نومبر ہوم افیئرز کی سٹینڈنگ کمیٹی کی میٹنگ میں عدم شرکت کے لئے اس سے قبل جناب کو رخصت کی درخواست روانہ کر چکا ہوں ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MIR HAJI MUHAMMAD BUX TALPUR

Secretary : The following Telegram has been received from Mir Haji Muhammad Bux Talpur, M.P.A :—

"Due to some urgent work I will not be present from 9th to 11th December, kindly sanction leave for 3 days."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MR. WALI MUHAMMAD HAJI YACOOB

Secretary : The following Telegram has been received from Mr. Wali Muhammad Haji Yacoob, M.P.A. :—

"Indisposed request leave for absence from Assembly meetings."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MIR NABI BAKHSH KHAN ZAHRI

Secretary : The following Telegram has been received from Mir Nabi Bakhsh Khan Zahri, M.P.A :—

"Unavoidably detained. Please grant leave from 9th to 13th."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MIR ABDUL BAQI BALOCH

Secretary : The following Telegram has been received from Mir Abdul Baqi Baloch, M.P.A :—

"Unable to attend current session due to imprisonment kindly grant leave".

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MR. TAJ MUHAMMAD KHANZADA

Secretary : The following letter has been received from Mr. Taj Muhammad Khanzada, M.P.A. :—

"On account of some private affair of mine I am unable to attend the Assembly Session. Kindly grant me leave for three days with effect from the 10th December, 1963."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MIR MUHAMMAD MURAD KHAN JAMALI

Secretary : The following letter has been received from Mir Muhammad Murad Khan Jamali, M.P.A :—

"I shall not be able to attend the Assembly Session from 27th November, 1963, onwards due to urgent engagements.

It is requested that the House may be moved to grant leave of absence."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

SARDAR GHULAM MUHAMMAD SHAH

Secretary : The following letter has been received from Sardar Ghulam Muhammad Shah, M.P.A :—

"I could not attend the Committee Meeting of Public Accounts Committee held on 27th September, 1963 due to indisposition. I pray for leave for the same."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MR. ABDUL REHMAN

Secretary : The following letter has been received from Mr. Abdul Rehman, M.P.A :—

عرض یہ ہے کہ بہت ضروری کام کی وجہ سے اسمبلی کے اجلاس میں ۲۸ نومبر ۱۹۶۳ء سے ۱۰ دسمبر ۱۹۶۳ء تک حاضر ہونے سے معذور ہوں۔ مہربانی فرما کر ۲۸ نومبر ۱۹۶۳ء سے ۱۰ دسمبر ۱۹۶۳ء تک رخصت عطا فرمائی جائے۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried)

MIR RASOOL BAKHSH TALPUR

Secretary : The following letter has been received from Mir Rasool Bakhsh Talpur, M.P.A :—

"Due to some urgent work I could not attend Assembly Meetings on 27th, 28th and 29th of November, 1963.

Leave may kindly be granted."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*)

SUPPLEMENTARY BUDGET STATEMENT, 1963—64

Voting on Demands for Grants in respect of New Expenditure

(*Resumption*)

(DEMAND No. 3) (*Contd*)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on cut motions.

Allama Rehmat Ullah Arshad may please move his cut motion.

Allama Rehmat Ullah Arshad : Sir, I beg to move :

That the total of Rs. 4,94,300 on account of 25—General Administration—Total new expenditure be reduced by Rs. 4,94,299.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 4,94,300 on account of 25—General Administration—Total new expenditure be reduced by Rs. 4,94,299.

Yes, Allama Sahib.

علامہ رحمت اللہ ارشد (بہاولپور-۲) - جناب صدر - ایک اچھی، معقول اور معقولیت پسند حکومت کا سب سے بڑا سب سے پہلا اور اہم فرض یہ ہے کہ ملک میں امن و امن کا قیام ہو - امن کا قیام بلا شبہ ہر حکومت کے اولین اور اہم ترین فرائض ملیں سے ہے - لیکن جذبات اور تلخیوں سے الگ ہو کر بڑے ٹھنڈے دل سے ہمیں جائزہ لینا ہو گا کہ اس وقت صوبے میں امن و امان کی صورت حال کیا ہے - اس حکومت نے بڑی نیک نیتی سے ہمیں ایک شافی نسخہ تجویز کیا تھا - اور ہمیں بتایا گیا تھا کہ اس کے بعد جرائم کلیتاً ختم ہو جائیں گے اور امن و امان کا دور دورہ ہوگا - اور نظم و نسق نہایت اچھے انداز میں قائم ہو گا - لیکن نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس شافی اور نادر نسخے کے تجویز کرنے کے باوجود بھی جہاں تک امن امان اور عام نظم و نسق کا تعلق ہے - صورت حال بہتر نہیں ہوئی - آپ کوئی اخبار کسی دن کا اٹھا کر پڑھ لیں تو اس میں آپ کو نہایت سنگین قسم کے جرائم نظر آئیں گے اور پھر روز بروز ان جرائم کی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے - یہ ایسا اضافہ ہے

جو قوم اور ملک کے لئے انتہائی پریشان کن ہے - آئے دن قتل - چوری اور ڈاکہ کی واردات ہو رہی ہیں - چلتی گاڑیوں کے اندر نہتے مسافروں کا قتل - عورتوں اور بچوں کا اغوا اور اسی قسم کے نہایت سنگین جرائم میں اضافہ ہو رہا ہے - ہماری حکومت کے پاس اطلاعات کے وسائل موجود ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ وہ ان سے بے خبر نہیں ہونگے - میں یہ عرض کرونگا کہ صوبہ کے بعض گوشے ایسے بھی ہیں جہاں انسانی جانوں کی قیمت مقرر ہے - اس ہاؤس میں کراچی کے جو ممبر ہیں وہ جانتے ہیں کہ وہاں ایک گروہ ایسا ہے جسے آپ قیمت ادا کریں اور روپیہ دے دیں تو وہ انسانی جانوں کے ختم کرنے سے کبھی دریغ نہیں کرتا -

آج میں حکومت کی خدمت میں آپ کی وساطت سے نہایت ہی خلوص کے ساتھ عقیدت اور احترام کے ساتھ یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آیا اس صوبے میں امن قائم ہے -

وزیر زراعت (ملک قادر بخش) - ہے -

علامہ رحمت اللہ ارشد - اگر حکومت کی تمام توانائیاں - تمام اختیارات اور تمام powers اور تمام اوقات گراں مایہ امن عامہ کے لئے ہیں تو پھر طلبا پر کیسے لاٹھیاں برسائی گئیں کیسے پروفیسروں کے بازو اور ٹانگیں ٹوٹیں اور کیسے اشک آور گیس چھوڑی گئی اور کیسے اس ہاؤس کے بعض ممبران کو نذر زنداں کیا گیا - اور کیسے میر عبدالباقی بلوچ کو چند منٹوں میں سزا دے دی گئی- حکومت کی تمام توانائیاں اور طاقتیں- اختیارات اور تمام اوقات اگر ایسے ہی مسائل پر صرف کئے گئے تو باقی کے مسائل خاص طور پر انتظامیہ اور امن عامہ کے بحال کرنے کے متعلق کیا کریں گے -

جناب صدر - اس وقت نہایت ہی افسوس ناک صورت حال پیدا ہو گئی ہے اور میں کسی تلخی کے بغیر یہ عرض کرونگا کہ اس وقت ہمارے بیشتر افسران نے یہ تاثر دیا ہے کہ ان کے فرائض منصبی کی بجا آوری کے لئے صرف یہی ایک بات بس ہے کہ وہ وزراء کرام کے ارشادات کی تعمیل میں زیادہ سے زیادہ مستعدی کا ثبوت دیں -

ماسٹر خان گل - اور اگر وہ واقعی قومی ہوں تو پھر ضرور چاہئے -

Mr. Speaker : No interruption please.

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ میں نہایت اختصار کے ساتھ حکومت کی توجہ ملک کی اقتصادیات کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ جو کام ابھی تک اس حکومت نے کئے ہیں وہ صاف ذھنی کے ساتھ نہیں کئے بلکہ دو ذھنی کے ساتھ اور نیم دلی کے ساتھ سر انجام دئے ہیں ۔ اس لئے کوئی کام پایہ تکمیل کو نہیں پہنچا ۔ اس لئے ضروری ہے کہ یہاں ایک پالیسی بنا کر اور پوری توجہ کے ساتھ اقتصادی نظام قائم کیا جائے ۔ اس وقت دنیا میں تین قسم کے اقتصادی نظام ہیں جو زیادہ معروف ہیں ۔

۱ ۔ اشتراکی نظام ۔ ایسا نظام ہماری حکومت یہاں قائم کرنا نہیں چاہتی۔ ہم بھی اس کے حق میں نہیں اور نہ ہی ہمارا ملک اس کے حق میں ہے ۔

۲ ۔ سرمایہ دارانہ نظام ۔ یہ وہ نظام ہے جس کا ایک سو سال تک اس ملک میں انگریز نے مظاہرہ کیا اور اب اس کے آثار چھوڑ گیا ہے ۔ ہماری حکومت ایسا ہی نظام قائم کرنا چاہتی ہے مگر یہ ہمارے لئے مفید نہیں ۔

۳ ۔ اسلامی نظام ۔ اس وقت ہمارے معاشرہ میں ایسے نظام کی ضرورت ہے ۔ اور یہی وہ اقتصادی نظام ہے جس سے ہمارا ملک ترقی کر سکے گا ۔ جناب صدر ۔ میں یہ بات واضح طور پر کہنا چاہتا ہوں کہ ہم land reforms کے حق میں نہیں ہیں ۔ اب اس سے کوئی معزز ممبر راضی ہو یا ناراض ہو۔ یہاں پر ایسے ریفارمز کی ضرورت ہے جیسے اسلام نے ہمیں دیئے ہیں اور وہ ریفارمز جن کی بنیاد میراث پر ہو ۔

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : On a point of order. I wish to seek guidance from the Chair on an important point. I read from the Agenda. The Member wishes to discuss "nepotism and corruption prevalent in the Administration." Land Reforms and other things have nothing to do with this. He should only discuss nepotism and corruption prevalent in this Administration.

مسٹر سپیکر ۔ میں ملک صاحب کے پوائنٹ آف آرڈر سے متفق ہوں ۔ آپ نے اپنی کٹ موشن خویش پروری اور کرپشن کو discuss کرنے کے لئے دی ہے ۔

Minister of Agriculture : I welcome it. I am open to give an account in this House.

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ ٹھیک ہے ۔ میں نے nepotism اقربا پروری اور کرپشن کے متعلق کٹ موشن پیش کی ہے اس سلسلے میں میں یہ عرض کروں گا کہ مجھے پہلے ہی معلوم تھا کہ اس پر اعتراض اٹھایا جائے گا ۔ یہ

رقم جو جنرل ایڈمنسٹریشن کے لئے مقرر کی گئی ہے اور چیف سیکرٹری صاحب کے محکمہ کے لئے رکھی گئی ہے وہ اسی ضمن میں آتی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ نے تو لکھ کر دیا ہے کہ آپ اس ڈیمانڈ پر صرف خویش پروری اور کرپشن کو discuss کریں گے ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہم لینڈ ریفارمز کے حق میں نہیں ہیں ۔ اس کے لئے میں ایک فقرہ میں اپنی گذارش پیش کرونگا اور وہ یہ ہے کہ ہماری لینڈ ریفارمز ایسی ہونی چاہیئیں جیسی کہ ہماری شریعت مطہرہ نے میراث کے مطابق بتائی ہے ورنہ اگر اس کے مطابق نہ کیا گیا تو یہ ''آدھا تیتر آدھا بٹیر،، والا معاملہ ہو جائے گا ۔

Minister of Agriculture : I beg to be pardoned for the interruption.

لینڈ ریفارمز کا محکمہ الگ ہے اور اس موضوع سے بالکل علیحدہ ہے ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ جناب والا ۔ میں وزیر صاحب کی خدمت میں یہ حقیقت منکشف کر دوں کہ یہاں سب سے بڑا مسئلہ بھوک کا ہے ۔ جس کا تعلق براہ راست لینڈ ریفارمز سے ہے ۔ ہم چاہتے ہیں کہ لینڈ ریفارمز اسلامی طریقہ پر ہوں ۔ ایک اسلامی اقتصادی نظام قائم ہو جو جامع اور مربوط ہو ۔ ایسے نظام کو رائج کرنا حماقت ہے جس سے آپ اس ملک کے لوگوں کی بھوک اور ان کے فاقوں کا علاج نہیں کر سکتے ۔ ایسا نظام قائم کیجئے جو مثبت ہو تاکہ آپ کی مساعی مفید ثابت ہوں ۔

Mr. Speaker : Allama Sahib did not give notice to discuss that.

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ اگر یہ بات ان کو ناگوار گذری ہو تو پھر میں دوسری بات کی طرف آتا ہوں اور آپ کی وساطت سے حکومت کی توجہ جنرل ایڈمنسٹریشن کی ان نا انصافیوں کی طرف مبذول کراؤں گا جو وحدت کے قیام کے بعد بہاولپور کی سروسز کے ساتھ روا رکھی گئیں ۔ اس کو چھوڑ دیجئے۔ ۶۳—۶۲ء کے ایک short notice question پر مجھے حکومت کی طرف سے اطلاع بہم پہنچائی گئی تھی ۔ (اب ہم ۶۴—۶۳ء میں جا رہے ہیں ۔ یعنی اس اطلاع کو ایک سال ہو چکا ہے) ۔ کہ ۶۳—۶۲ میں اکیس جج تعینات کئے گئے تھے ۔ لیکن ان میں بہاولپور کا ایک بھی نہ تھا ۔ اسی طرح چودہ S. P's کو ترقی دے کر D.I.G. بنایا گیا تھا ۔ لیکن ان میں بھی بہاولپور کا کوئی آدمی نہ تھا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Food and Agriculture : Is that corruption Sir ?

Allama Rehmatullah Arshad : This is corruption.

Minister of Food and Agriculture : This is nepotism.

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ یہی نا انصافی ہے ۔ یہی کرپشن ہے ۔ کہ آپ کسی علاقے کے ساتھ انصاف نہیں کر سکتے ۔ اور یہی nepotism ہے ۔ اور میں اسی کی طرف آتا ہوں ۔ اکیس D. S. P. ترقی یاب ہو کر S.P. ہوئے ۔ ان میں بہاولپور کا کوئی آدمی نہیں تھا ۔ تحصیلداروں کے متعلق جوابات حکومت کو میسر نہیں آ سکے تھے ۔ ۸۵ تحصیلداروں کو ترقی دے کر P.C.S. بنایا گیا ۔ بہاولپور P. C. S.-Nil میں سے جتنے P. A. اور ڈپٹی کمشنر بنائے گئے ۔ انیس ۔ بہاولپور صفر ۔

جناب والا ۔ تازہ اعداد و شمار میرے پاس موجود نہیں ہیں ۔ لیکن ایک درجن سے زیادہ سیشن جج و کلاء میں سے لئے گئے ہیں ۔ لیکن بہاولپور میں سے ایک بھی نہیں لیا گیا ۔ تیرہ یا چودہ P.P.s. (پبلک پراسیکیوٹرز) لئے گئے ۔ لیکن بہاولپور میں سے ایک نہیں لیا گیا ۔ اب اگر ملک صاحب ارشاد فرمائیں کہ وہ ایک short notice question قبول کر کے کل جواب دیدینگے ۔ تو میں ان کو بتا دونگا کہ P.P. کی بھرتی میں nepotism کس طرح ہوئی ہے ۔ اور بہاولپور کی services کے ساتھ ایک پہلو ناانصافی کا یہ بھی ہے ۔ کہ وہاں کے لوگوں کو نئی بھرتی میسر نہیں آ رہی اور اس وجہ سے بیروزگاری بڑھ رہی ہے ۔ دوسرا پہلو یہ ہے کہ پرانی services کو ان کا حق نہیں دیا جا رہا اور ان کو seniority کے مطابق ان کا حق نہیں دیا جاتا ۔ میں اس تخفیف زر کے ذریعے عام نظم و نسق کی طرف حکومت کی توجہ مبذول کرانا چاہتا تھا ۔ اور وہ میں نے بڑے خلوص اور ایمانداری کے ساتھ مبذول کرا دی ہے ۔

بیگم جہاں آرا شاہنواز ۔ جناب صدر ۔ کل وقت کی قلت کی وجہ سے میں اپنی دوسری تحریک تخفیف زر پڑھ نہیں سکی ۔ برائے مہربانی مجھے اجازت دی جائے کہ میں اسے move کر سکوں ۔

Mr. Speaker : After Mr. Iftikhar's cut motion.

ماسٹر خان گل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ ہم بھی عام نظم و نسق پر بحث میں حصہ لینا چاہتے ہیں ۔ ہمیں بھی وقت دیا جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ جن حضرات نے cut motions دی ہیں ان کے بعد اب نواب زادہ صاحب اپنی تحریک پیش کریں ۔

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : Sir I move :

That the total of Rs. 4,94,300 on account of 25—General Administration—Total new expenditure by reduced by Rs. 4,94,299.

Mr. Speaker : The motion moved is :

That the total of Rs. 4,94,300 on account of 25—General Administration —Total new expenditure be reduced by Rs. 4,94,299.

نوابزادہ افتخار احمد خان (جھنگ۔۱) ۔ صدر گرامی۔آج اس صوبے میں نظم و نسق کا مسئلہ نہایت اہمیت اور شدت اختیار کر چکا ہے ۔ آج کا لفظ شاید میں نے غلط کہا ۔ اس لئے کہ یہ خرابیاں ، یہ خامیاں اور یہ کوتاہیاں جو آج اپنے نظم و نسق میں پا رہے ہیں وہ ایکدم ہی پیدا نہیں ہوئیں ۔ بعض حضرات بعض دوست جب ان خرابیوں ، ان خامیوں کی نشاندھی کرتے ہیں ۔ تو ان کے دماغ میں ایک چیز ہوتی ہے ۔ کہ وہ ان services کا مقابلہ سامراجی services سے کرتے ہیں ۔ ان کو ان کا وارث تصور کرتے ہوئے انہیں ان برائیوں کا ذمہ دار ٹھہراتے ہیں ۔ لیکن صدر گرامی ۔ جب میں تقسیم ملک سے پہلے، آزادی ملک سے پہلے ان ہی services کی طرف دیکھتا ہوں ۔ تو مجھے کوئی مشابہت ، کوئی مطابقت ، کوئی یکسانیت ان ملازمین میں ، ان حکمرانوں میں ، ان افسران میں نہیں ملتی جو اس وقت تھے ۔ اور جو آج ہیں ۔ اس ایوان کے بہت سے حضرات اس وقت موجود ہونگے ۔ اور انہوں نے اس ایڈمنسٹریشن کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہو گا ۔ اس زمانے میں یہ کرپشن نہ تھی ۔ شاذ و نادر ہی ہم یہ سنا کرتے تھے کہ کوئی افسر بد دیانت ہے ۔ اس زمانے میں یہ inefficiency نہ تھی ۔ inefficiency کا تو نام و نشان بھی نہ تھا ۔ اس زمانے میں یہ سیاسی پارٹی بازی اور مداخلت نہیں ہوا کرتی تھی ۔ آپ نے کبھی سوچا ۔ آپ نے کبھی سنا ۔ آپ نے کبھی دیکھا کہ چودہ اگست ۱۹۴۷ء سے پہلے کسی افسر نے کسی party politics میں دخل دیا ہو ۔ یا ملک کی سیاست میں دخل دیا ہو ۔ کسی چئیرمین کو منتخب کرانے میں امداد دی ہو ۔ یا کسی چئیرمین کو ہٹانے میں امداد دی ہو۔ یہ اور بات ہے ۔ کہ اس وقت ایڈمنسٹریشن غداروں کی طرفداری کرتی تھی ۔ ان کی حمایت کرتی تھی ۔ ان کو encourage کرتی تھی ۔ ان کے لئے خطابات تجویز کرتی تھی ۔ اور ان کو خطابات عطا کرتی تھی ۔ لیکن یہ ان افسروں کی غلطی نہ تھی ۔ یہ ہماری اپنی قومی پستی

تھی - یہ ہماری قوم کا پست کردار تھا - کہ وہ ملک کے مفادات کو پس پشت ڈال کر ان افسروں کی اور انگریزوں کی خوشامد کرنے جایا کرتے تھے - لیکن اس کے باوجود بھی چاہے انگریز افسر ہو - چاہے ہندوستانی افسر ہو - کبھی کسی کو یہ جرأت نہ تھی - کہ وہ ملک کے سیاسی معاملات میں دخل دے - ہم نے دیکھا ہے کہ ڈپٹی کمشنر جو ڈسٹرکٹ بورڈ کا چیئرمین ہوتا تھا - لوگوں نے انتخابات میں ان کا مقابلہ کیا - مجھے ملتان کا ایک case یاد ہے - جب ۱۹۴۶ء میں مرحوم گیلانی صاحب نے اپنے ڈپٹی کمشنر کا مقابلہ کیا تھا اور اسے شکست دی تھی - لیکن صدر گرامی - آج ہم کیا دیکھ رہے ہیں - ہم کیوں اس کی ذمہ داری حکومت پر ڈالتے ہیں - ہم یہ کیوں کہتے ہیں کہ یہ سامراجی نظام کے پرزے ہیں - اور ان کی ذہنیت وہی ہے - نہیں صدر گرامی - ہم خود ہی اس کے ذمہ دار ہیں - میں اس کا اعتراف کرنا چاہتا ہوں - کہ اس ساری برائی کی ذمہ داری ہم پر عائید ہوتی ہے خواہ میرے چند دوست اسے محسوس ہی کیوں نہ کریں - میں اس کی ذمہ داری واحد طور پر اور کلیتاً اس حکومت پر عائید نہیں کر سکتا - آپ دیکھتے ہیں کہ یہ خرابیاں اس وقت پیدا ہوئیں جب یہ ملک بنا ، جب یہ ملک آزاد ہوا - میں پنجاب کی بات کر رہا ہوں - آزادی کو ابھی سال نہیں ہوا تھا کہ ہمارے سیاستدانوں نے ، ہمارے حکمرانوں نے اور ہمارے وزراء نے اپنے اختیارات ہمارے افسران کو تفویض کر دیئے تھے - اور اس وقت پنجاب کے افسر دو دھڑوں میں تقسیم ہو چکے تھے - ایک دھڑا ایک کے ساتھ دوسرا دھڑا دوسرے کے ساتھ تھا - صوبے کی سیاست افسروں کے ہاتھ میں جا چکی تھی اور انہوں نے اس پر قبضہ کر لیا تھا - اس لئے اس کی ذمہ داری ان افسران پر عائید نہیں ہوتی بلکہ سیاسی رہنما ہی اس کے ذمہ دار تھے - اور اب وہ اس کی سزا بھگت رہے ہیں اور ان کے ساتھ ساتھ یہ قوم بھی اس کی سزا بھگت رہی ہے - میں بلا خوف تردید کہہ سکتا ہوں کہ مارشل لاء regime سے پہلے جتنے بھی گورنر آئے سب ہی نے سیاست میں دخل دیا - انہوں نے گورنمنٹ ہاؤس میں بیٹھ کر وزارتیں بنائیں - اور وزارتیں توڑیں حالانکہ یہ ان کا اختیار نہیں تھا - یہ ان کے فرائض میں شامل نہ تھا - مجھے یہ بھی یاد ہے کہ کس طرح گورنروں نے فرنٹیئر میں الیکشن لڑے - کس طرح سندھ اور پنجاب میں بھی الیکشن لڑے - صدر گرامی - میں ان کو برا نہیں کہہ رہا - میں سمجھتا ہوں کہ اعتراف گناہ کرنا اور یہ احساس کرنا کہ ہم نے غلطی کی تھی اور ہم آئندہ اس کا اعادہ نہ کریں گے - یہ بھی اصلاح کی طرف

ایک قدم ہے ۔ لیکن صدر گرامی ۔ وہ چھپ کر کر۔ تھے ۔ ان گورنروں نے چھپ کر کیا ۔ لیکن آج کیا حالت ہے ۔ آج ہم نے قانونی طور پر اس عہدے پر سے یہ پابندی اٹھا دی ۔ آج ہم نے ایک نیا آرڈیننس جاری کر دیا ہے ۔

Mr. Speaker : No discussion about that. This is not a provincial subject.

نوابزادہ افتخار احمد خاں ۔ صدر گرامی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : No reference to that please.

مسٹر افتخار احمد خاں ۔ لیکن میں اس کے اثرات بتا رہا ہوں ۔ صدر گرامی آپ مجھے اجازت نہیں دیتے ۔ میں کسی بد دیانتی سے نہیں کہہ رہا ہوں اعتراضاً نہیں کہہ رہا ہوں ۔ میں صرف ان اسباب کی نشاندھی کر رہا ہوں جن کی وجہ سے آج ایڈمنسٹریشن میں خرابی پیدا ہوئی ہے ۔ اگر آپ مجھے اجازت نہیں دیتے تو میں اس کو نہیں کہتا ہوں ۔

دوسری چیز سیاست میں داخلہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ابھی چند یوم کے بعد ایک پارٹی

* x x x x x x x x x x x x x x x x کا انتخاب ہونے والا ہے ۔

Mr. Speaker : Has the Government anything to do with that. Government has nothing to do with the election of a particular party.

مسٹر افتخار احمد خاں ۔ آپ غور کیجئے صدر گرامی ۔ غور کیجئے کہ اس کے اثرات کیا ہوں گے ۔

Mr. Speaker : I say Government has nothing to do with that.

مسٹر افتخار احمد خاں ۔ صدر گرامی ۔ اس کے اثرات کیا ہونگے آپ اس کو سوچئے سروسز پر اس کے اثرات کیا ہوں گے ۔ میں اپنے وزیروں کے سیاست میں دخل دینے اور participation کے خلاف نہیں ہوں یہ ان کا جمہوری حق

ہے لیکن میری ناقص رائے میں * x x x x x x x x x x x x x x x

Mr. Speaker : No discussion on the President.

مسٹر افتخار احمد خاں ۔ صدر گرامی۔اب ایک چیز اور بتانا چاہتا ہوں ۔

Minister of Agriculture : This should be expunged, Sir.

Mr. Speaker : These words should be expunged from the proceedings of the Assembly.

---

*Expunged as ordered by the speaker.

No discussion about the President, please.

مسٹر افتخار احمد خاں - میرے ملک میں سروسز سے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

امیر حبیب اللہ خاں سعدی - پوائنٹ آف آرڈر جناب ہم صدر مملکت کی ذات کے متعلق کوئی ڈسکشن نہیں کر رہے ہیں ان کی فاضل ڈیوٹیز کے متعلق کہہ رہے ہیں -

Mr. Speaker: I have already expunged those remarks from the proceedings. The member may please take his seat.

مسٹر افتخار احمد خاں - صدر گرامی - ہماری سروسز کو ایک اور چیز گھن کی طرح کھا رہی ہے اور وہ سی - ایس - پی اور پی - سی - ایس میں تقسیم ہے - میرا عرصہ تک یہ نظریہ رہا ہے کہ اس تشخیص اس ڈویژن اور سی - ایس - پی کی اس برتری کو قائم رکھنا چاہئے اور میں اس کا قائل تھا -

Minister of Agriculture : My friend has to speak on corruption and mal-administration and not on the cadre of the services.

Mr. Speaker : But he wants to discuss the inefficiency of the Department.

مسٹر افتخار احمد خاں - صدر گرامی - میں ان دوستوں کے لئے جو آج سی- ایس- پی سروسز مین ہیں میرے پاس ان کی اہمیت کے لیے ان کے عہدوں کی برقراری کے لئے اور برتری کے لئے سب سے بڑی وجہ ایک تھی میں یہ محسوس کرتا تھا کہ پی - سی - ایس چھوٹی جگہوں میں سیاست اور پارٹی بازی میں دخل دے سکتا ہے جو تنگ نظری کے ساتھ دخل دے سکتے تھے لیکن ایک سی-ایس-پی افسر اس سے بالاتر ہے وہ اس پستی تک وہ اس نیچائی تک نہیں جا سکتا جس پر ایک پی - سی - ایس آفسر جا سکتا ہے - لیکن حالیہ واقعات نے، حالیہ تحریر نے یہ ثابت کیا ہے کہ سی - ایس - پی افسر صاحبان نے (میں ان کی مثال دوں گا) سیاست میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے - انہوں نے اس معاملہ میں پی - سی - ایس کے غلط کردار کو گھٹیا کردار کو بھی surpass کر دیا ہے - آپ کوئٹہ کے حالیہ الیکشن کی مثال لیجئے - کوئٹہ کے سی - ایس - پی افسران کیا کر رہے ہیں - آپ بہاولپور کی مثال لیجئے الیکشن میں کس طرح دخل دیا ایک نہیں راولپنڈی کے سی - ایس - پی کے متعلق دیکھئے - لاڑکانہ کے سی - ایس - پی کے افسرز کے متعلق دیکھئے بہت بڑھ چڑھ کر اور کئی گنا آگے جا چکے ہیں جو پہلے لوگوں کا خیال تھا کہ سی ، ایس ، پی آفسر اس سے بالا ہیں وہ اپنے موقف کو چھوڑ چکے ہیں وہ اپنی ترقی اور جلد ترقی حاصل کرنے کے

لئے بہتر سٹیشن لینے کے لئے تمام قیود و حدود کو توڑ چکے ہیں اس لئے صدر گرامی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس discrimination کو ختم کرنا چاہئے اور ان تمام سروسز کو یکجا کرنا چاہئے ۔

مسٹر حمید اللہ خاں ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ نواب زادہ صاحب نے سابق سیاست دانوں کے متعلق جو فرمایا ہے کہ وہ پنجاب کے تھے اور انہیں نے بیڑہ غرق کر دیا تو وہ ان کے لیڈر تھے یا ہمارے ۔ مہربانی فرما کر ان کے نام بتا دیں ۔

Mr. Speaker : This is no point of order. The member should take his seat.

Begum Jahan Ara Shahnawaz : Sir, there is a cut motion standing in my name.

Mr. Speaker : Does the lady Member want to press it ?

Begum Jahan Ara Shahnawaz : Very much, Sir.

Mr. Speaker : Has she not already spoken yesterday.

Begum Jahan Ara Shahnawaz : Yes, I have but I wanted to move it formally.

اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں بولنے کو تیار ہوں ۔ مجھے آپ نے وقت نہیں دیا تھا میں بول نہ سکی وہ proceedings میں نہیں آیا ۔ اس لئے میں عرض کرتی ہوں ۔

Mr. Speaker : If Begum Sahiba does not want to speak then she need not move it.

Begum Jahan Ara Shahnawaz : I would like to speak on it, if you will kindly allow me.

مسٹر سپیکر ۔ اچھا آپ move کر لیجئے ۔

Begum Jahan Ara Shahnawaz : Sir, I beg to move :

That the total of Rs. 4,94,300 on account of 25--General Administration--Total New expenditure be reduced by Rs. 4,94,295.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 4,94,300 on account of 25--General Administration—Total new expenditure be reduced by Rs. 4,94,295.

Begum Jahan Ara Shahnawaz : May I explain what it is meant for ?

Mr. Speaker : No. The Member has already spoken.

The next motion is by Mian Abdul Latif. As the Member is not present the motion lapses.

Next motion is by Mir Haji Muhammad Bux Talpur. As the member does not want to move it I go to the next one.

Next motion is by Khawaja Muhammad Safdar and it is also not pressed for by the Member.

Now, Ch. Muhammad Ibrahim to move his motion.

Chaudhri Muhammad Ibrahim : Sir, I beg to move :

That the total of Rs. 4,94,300 on account of 25—General Administration—Total new expenditure be reduced by Rs. 4,94,299.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 4,94,300 on account of 25—General Administration—Total new expenditure be reduced by Rs. 4,94,299.

چودھری محمد ابراھیم (سیالکوٹ - ۳) - صاحب صدر - ملک قادر بخش صاحب نے کل یا پرسوں ایک بڑے کام کی بات کہی تھی کہ ہمارے قول و فعل میں تضاد نہ ہونا چاھئے - اگر یہ اصول ہم اس ھاؤس میں یا باھر اختیار کر لیں تو میں سمجھتا ہوں کہ ہماری بہت سی مصیبتیں دور ہو سکتی ہیں - میں جناب صدر - ۳۰ جون ۱۹۶۲ء کو ملک قادر بخش صاحب کی یقین دھانی کے صرف چند الفاظ پیش کرنا چاھتا ہوں - یہ میں ۳۰ جون ۱۹۶۲ء کی کارروائی کے صفحہ ۲۵ سے پڑھتا ہوں اس میں وہ فرماتے ہیں -

''جناب والا - میں یہ یقین دلاتا ہوں کہ ۲۰ روپے مالیہ دینے والے کو یہ سرچارج معاف کر دیا جائے گا - اور لطف یہ ہے کہ آج ھی میرے ایک سوال کے جواب میں کہ وعدہ کب وفا ہوگا - انہیں نے اس سوال کے جواب میں فرمایا ہے ''جی ھاں'' معاملے کا مکمل طور پر جائزہ لینے کے بعد حکومت کو اس کے خلاف فیصلہ کرنا پڑا'' -

وزیر مال (خان پیر محمد خان) - یہ میرا subject ہے ان کا نہیں ہے -

چودھری محمد ابراھیم - کیونکہ اس طرح ۱۹۶۲—۶۳ء کے بجٹ میں خسارہ پورا نہیں کیا جا سکتا -

علامہ رحمت اللہ ارشد - ہم لوگ وحدت وجود کے قائل ہیں -

چودھری محمد ابراھیم - میں ان کی ایک اور تقریر کا اقتباس پیش کرنا چاھتا ہوں - ۲۱ جون سن ۶۲ کی ایک تقریر میں فرماتے ہیں - - - -

مسٹر حمزہ - ان کی بے بسی کا بھی خیال کیا کریں نا -

چودھری محمد ابراھیم - وہ فرماتے ھیں '' وہ اندرونی خطرہ جس کا ھمیں زیادہ ڈر ھونا چاھئے وہ ھمارے نظم و نسق اور ایڈمینسٹریشن کی تباھی ھے،، - اسی سلسلے میں وہ آگے چل کر فرماتے ھیں کہ '' لوگوں کا دفاتر اور عدالتوں پر سے اعتماد اُٹھتا جا رھا ھے وہ سمجھتے ھیں کہ انصاف سفارش اور روپے سے ملے گا،، - یہ فقرے اس لئے عرض کر رھا ھوں کہ یہ جس وقت کہے گئے تھے وہ اس وقت وزیر نہ تھے اور غالباً اس سے اگلے روز وہ وزیر بن گئے - پھر جو کچھ ھوا سو ھوا سارا نظام بدل گیا - ساری کی ساری خرابیاں خوبیوں میں تبدیل ھو گئیں - ان کے چند اور فقرے آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاھتا ھوں وہ فرماتے ھیں کہ '' اس مسئلے کے چند پہلو ھیں - اکثریت لوگوں کی بددیانت ھے - عیاشانہ زندگی ھے ایک مثال انہوں نے دی کہ کس طرح ایک بد بخت قیدی کو ۸ ماہ اس کی رھائی کا فیصلہ ھو جانے کے بعد جیل میں گذارنے پڑے،، پھر راماتے ھیں کہ '' قانونگو کی تنخواہ ۹۰ روپے ھے لیکن ڈیڑھ ھزار روپیہ وہ ایک یک کیس میں لے لیتا ھے - اب ڈیڑھ ھزار کی بجائے کچھ زیادہ ھو گیا ھے - ڈیڑھ ھزار کا تخمینہ بڑا ناقص ھے،، - پھر فرماتے ھیں کہ '' بد دیانتی اور رشوت ستانی کے خلاف جہاد کرنا ھمارا مقدس فرض ھے اور رشوت کا قلع قمع کرنے کے لئے ھمیں کمر بستہ ھونا چاھئیے - میں خوشامد نہیں کرتا سب ارکان کو سچ مچ مجاھدوں کی طرح نکل کر رشوت ستانی کے خلاف جہاد میں شامل ھونا ھے،، - آگے چل کر فرماتے ھیں -

Mr. Speaker : No lengthy reference.

چودھری محمد ابراھیم - میرا مطلب یہ ھے کہ یہ تھا انکا زاویہ نگاہ جب وہ وزارتی بینچوں سے باھر تھے - وزارت حاصل کر لینے کے بعد انہوں نے واقعی جہاد شروع کر دیا میں اس کو تسلیم کرتا ھوں لیکن کس رنگ میں آرٹ کونسلوں اور ثقافت کی محفلوں کے چرچے ھونے لگے - بھانڈوں نچنیوں اور طبلے اور سارنگی کی یہ محفلیں ان کا اھتمام کیا اور پورے کا پورا مغربی پاکستان ایک نشاط خانہ بن گیا -

چودھری سلطان محمود (پارلیمنٹری سیکریٹری)- ملک قادر بخش صاحب نے ایسا کوئی فعل نہیں کیا جس میں انہوں نے ایسا کوئی انتظام کیا ھو -

چودھری محمد ابراھیم - میں یہ کہہ رہا ہوں کہ ملک قادر بخش صاحب نے سرکاری ملازموں اور اپنے رفقائے وزارت اور پارلیمنٹری سیکرٹریوں کی پوری فوج کے ساتھ مل کر جہاد شروع کیا - وہ اکیلے تھے بے بس تھے - جہاد کی صورت یہ ہوئی کہ مینا بازار لگے - صنعتی نمائشوں کے پردے میں بے حیائی اور فحاشی کی وہ محفلیں برپا کی گئیں جن سے پورے کا پورا شریف طبقہ چیخ اٹھا -

Mr. Speaker : Is that a criticism of the department or of its inefficiency ?

چودھری محمد ابراھیم - میں efficiency کے متعلق جو ان کا زاویہ نگاہ ہے وہ پیش کر رہا ہوں - efficiency بڑھانے کے لئے یہ سب کچھ ہو رہا ہے - جو انہوں نے وعدہ کیا تھا کہ حکومت کے نظام کو efficient بنائیں گے اس سلسلے میں ان کی کارکردگی جو ہے وہ میں پیش کر رہا ہوں - ان کی efficiency کا زاویہ نگاہ پیش کر رہا ہوں - تو خیر میں اس میں زیادہ طویل بیان نہیں دینا چاہتا جو کچھ انہوں نے کیا وہ یہ کہ ذلیل ھی نہیں بلکہ غنڈوں کی جماعت کے غول کے غول train کئے گئے تاکہ پر امن اور پابند قانون شہریوں پر ان کی یلغار کرائی جائے - میں اب ایک سوال ان سے پوچھتا ہوں کہ ایک غیر ملکی سردار جھنڈا سنگھ جب اس پاکستان میں داخل ہوتا ہے تو کیا ریاست کی طرف سے اس کی حفاظت کے بارے میں کچھ ذمہ داریاں کچھ فرائض عاید نہیں ہوتے - اس پر تو کسی غنڈے سے یلغار نہیں کرائی جاتی اس کی ذات پر تو حملہ نہیں کرایا جاتا - ادھر میں ہوں مجھ پر میرے اپنے ایمان اور ملک کی جو دستور ہے جس کی رو سے مجھ پر ساری پابندیاں ہیں نہ صرف وہ پابندیاں ہیں بلکہ میری نگاہ میں پاکستان ایک مقدس مسجد کی حیثیت رکھتا ہے - میں تو اس کو فسق سمجھتا ہوں اگر پاکستان کی خاطر میں اپنے خون کا ایک قطرہ بچانے کے لئے کسی طرح سے تیار ہوں (آوازیں ہیر ہیر) میرا ایمان ہے کہ پاکستان ایک مقدس سلطنت ھی نہیں بلکہ میری نگاہ میں یہ مقدس سر زمین ایک مقدس مسجد کی طرح ہے - اور اس کے متعلق قرآن حکیم میں ہے -

قُلْ إِنْ كَانَ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ وَإِخْوَانُكُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيرَتُكُمْ وَأَمْوَالٌ
اقْتَرَفْتُمُوهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسَاكِنُ تَرْضَوْنَهَا أَحَبَّ إِلَيْكُمْ
مِنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ وَجِهَادٍ فِي سَبِيلِهِ فَتَرَبَّصُوا حَتَّىٰ يَأْتِيَ اللَّهُ بِأَمْرِهِ ۗ
وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ ۝

یعنی اگر میں اپنے کسی بچے بھائی ، بیوی ، قبیلہ کو کسی تجارت کو یا اپنی کسی چیز کی پرواہ کروں یا قربان کرنے سے دریغ کروں تو کھلا فسق ہے ۔ جس کی مغفرت نہیں ہو سکتی ۔ میری ان ذمہ داریوں کے باوجود مجھے وہ تحفظ حاصل نہیں جو اس غیر ملکی جھنڈا سنگھ کو یہاں حاصل ہے ۔

Mr. Speaker : Haji Abdul Majid to move his motion now.

Haji Abdul Majid Jatoi : Sir, I beg to move—

That the total of Rs. 4,94,300 on account of 25—General Administration—Total new expenditure be reduced by Rs. 4,94,299.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is--

That the total of Rs. 4,94,300 on account of 25—General Administration—Total new expenditure be reduced by Rs. 4,94,299.

حاجی عبدالمجید جتوئی ۔ (دادو ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ میری عرض ہے کہ صوبہ میں یہ جو سارے افسر ہیں ہمارے سندھ کا کوئی آدمی پی سی ایس بھی نہیں اور دوسرا ایک بڑی مزے کی بات ہے کہ عباسی صاحب نے امیر فاروق اعظم کا ایک فقرہ سنایا تھا جو اس نے اپنے بیٹے کو کوڑے لگائے اور میں آج کے عمر فاروقوں کا حوالہ آپ کو دیتا ہوں ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ اگلی اسمبلی میں میں نے پہلے ہی آپ کو بتایا تھا کہ ہمارے ایک ہمارا دوست جو بلیک میل کر رہا ہے اور جھوٹے کیس کر کے لوگوں سے پیسے نکال رہا ہے ۔ اس نے ایک آدمی پر ۳۰۷ کا کیس کیا ۔ ٹھٹھہ پولیس نے اور سی آئی ڈی نے جھوٹا کیس بنایا پھر یہاں سے ٹیلی پرنٹر گیا کہ واپس آ جاؤ ۔ کاغذات واپس پہنچ گئے ۔ پھر آرڈر ہوا کہ وہ کیس چالان کیا جائے تو وہ چالان ہو گیا اور جو افسر تھا جس نے انکوائری کی تھی اس کو زبردستی چھٹی پر بھیجا گیا اس کو ٹرانسفر کیا گیا ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ وہ کیوں چھٹی پر بھیجا گیا کیوں ٹرانسفر کیا گیا مگر اس کا reaction میں آپ کو بتاتا ہوں کہ غریبوں پر جو ظلم ہو رہا ہے وہ نا حق ہو رہا ہے وہ خدا جانتا ہے ۔ ہم افسروں کے پاس جاتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ ہماری نوکری اسی کے ہاتھ میں ہے ۔ خدا کے لئے ہمیں کچھ نہ کہو ۔ ہم اس کے تابعدار ہیں ان کی ملکیت ہیں جیسے ان کا جی چاہے وہ کریں ہم تابع دار ہیں اگر ہم نوکری سے نکل گئے تو ہمارے بال بچے بھوکے مریں گے ۔ ہم نے اپنے predecessors کے حالات دیکھ لئے ۔ اب بتائیے کہ حضرت عمر اور ان میں کیا فرق ہے ۔ یہ غریبوں کے لئے مدد اور انصاف ہو رہا ہے اور غریبوں کے ساتھ یہ مصیبتیں ہیں جو ہم پر آ رہی ہیں ۔

سروسز میں آفیسروں کا حال خراب ہے میں نے اپنے سوال میں دکھایا تھا کہ کلاس ۱ میں سیکریٹریٹ میں ایک بھی آدمی سندھی نہیں ۔ کلاس ۲ میں فقط ایک سندھی ہے اور دوسرا جو ہے وہ منسٹر کا پی ۔ اے ہے لیکن وہ بھی سندھی نہیں ۔ سات آدمیوں میں سے فقط ۲ سندھی ہیں ۔ پانچ نان سندھی ۔ لوکل سندھی کوئی بھی نہیں ہے ۔ کلاس تھری میں آپ دیکھیں گے کہ اس میں ۱۵ آدمی ہیں اور اس میں فقط دو سندھی ہیں ۔ اور ۱۳ آدمی سندھی نہیں ہیں ۔ اور اسی طرح کلاس فورتھ میں ۸ آدمی ہیں ان میں ایک سندھی ہے ۔ جو کچھ علامہ ارشد صاحب نے بتایا ہے وہی حالت سندھ کے ساتھ ہے ۔ سندھ میں ڈسٹرکٹ جج براہ راست نہیں لئے جاتے ہیں ۔ پی ۔ سی ۔ ایس کا بھی وہی حال ہے وہاں کوئی بھی ہمارا پی ۔ سی ۔ ایس افسر نہیں ہے ۔

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : In fact he should confine himself to "corruption, maladministration and inefficiency."

حاجی عبدالمجید جتوئی ۔ سروس میں بھی ہمارے ساتھ ظلم ہو رہا ہے ۔ کیا یہ کرپشن نہیں ہے کہ اپنے آدمیوں کو پروموشن دیئے جا رہے ہیں ۔ ان کو پی ۔ سی ۔ ایس کر کے کنفرم کرتے جاتے ہیں ۔ اور ہمارے سندھ کا کوئی آدمی بھی کنفرم نہیں ہوتا ۔ سندھی کیا پاکستانی نہیں ہیں ؟ کیا سندھیوں کا حق نہیں ہے ؟ کیا سندھی پاکستان میں پیدا نہیں ہوئے ہیں ؟ کیا وہ پاکستان کی خدمت نہیں کرتے ہیں ۔ فقط آپ ہی پاکستان کی خدمت کرنے والے ہیں ۔ یہ کتنے افسوس کی بات ہے ۔ آپ دو نظروں سے دیکھ رہے ہیں ۔ اگر آپ سندھیوں کو بھی ایک ہی نظر سے دیکھیں تو ون یونٹ کا جھگڑا ہی نہ رہے ۔ یہ افسر جو آپ نے مقرر کئے ہیں سارے اے ۔ ایم ۔ کے لغاری بنے ہوتے تو پھر ون یونٹ کا جھگڑا ہی نہ ہوتا ۔ ریونیو سیکرٹری اگر لغاری جیسے بنتے تو لینڈ ریونیو کا جھگڑا کبھی نہیں بڑھے گا ۔ عالی شان آدمی بنائیں ۔ کوئی کام کرنے والے بنائیں تو پھر کیوں ون یونٹ کی مخالفت ہو ۔ یہ سب بھائی بھائی بن کر بیٹھ جائیں ۔

جناب والا ۔ لاء اینڈ آرڈر کی یہ حالت ہے کہ کوئی مہینہ خالی نہیں رہتا جس میں کوئی قتل یا ڈکیتی نہ ہو ۔ خان عبدالوحید خان صاحب بیٹھے ہوئے ہیں انہوں نے میرے ساتھ اتفاق کیا تھا کہ واقعی پرانے سندھی افسر ہم کو واپس بھیجنے چاہئیں ۔ جو وہاں کے حالات سے واقف ہیں وہ اچھا کام کریں گے ۔

وزیر ریلوے ۔ میں نے کوئی اتفاق نہیں کیا تھا ۔

خواجه محمد صفدر - اب آپ انکار کر رہے ہیں -

حاجی عبدالمجید جتوئی - آپ کو میں نے بتایا تھا کہ ضلع سانگھڑ میں پرانا سپرنٹنڈنٹ آف پولیس گیا ہے تو آپ دیکھیں کہ اس نے وہاں کیا کیا ہے - انہوں نے کہا تھا میں آپ کی بات سے اتفاق کرتا ہوں - دوسرے یہ بھی آپ نے کہا تھا کہ اتنا بڑا صوبہ ہے ہم سنبھال نہیں سکتے - اگر آپ نہیں سنبھال سکتے تو ون یونٹ کس لئے قائم کیا تھا - خدا کے لئے اس کو توڑ دو - ہمارے ہاں جو ظلم اور ڈکیتی ہو رہی ہے - - - - - - -

Minister of Railways : Sir, he is fabricating fictions and he is thinking of Mr. Sanjrani who is no longer a Minister and who cannot be fired. Mr. Abdul Waheed Khan had never made any public statement which he can quote.

حاجی عبدالمجید جتوئی - میں آپ کو عرض کروں گا کہ اب آپ دیکھ رہے ہیں کہ جو غریب چپڑاسی سندھ میں ہیں وہ نکالے جا رہے ہیں -

مسٹر سپیکر - جتوئی صاحب یہ آپ پہلے بھی بیان کر چکے ہیں -

Syed Safiuddin : Sir, if you have given six minutes or five minutes to a speaker and if he wishes to repeat his point there should be no objection to that.

Mr. Speaker : There would be objection to the repetition.

Syed Safiuddin : If he wishes to repeat his point and waste his own time and if he sticks to Rule 148 of the Rules of Procedure there should be no objection to it and his speech should not be guillotined at very point. If you guillotine his speech . . . .

Mr. Speaker : No repetition is allowed in any Parliament of the World.

وزیر محنت - جناب والا - پورے ہاؤس کا وقت ضائع ہوتا ہے -

Syed Safiuddin : You have given him six minutes and if in these six minutes that have been given to him . . . . .

Mr. Speaker : He is not the exclusive owner of the time.

Syed Safiuddin : According to the Rules . . . . .

Mr. Speaker : That is no point of order. The member may please take his seat.

Syed Safiuddin : It is a point of order.

Mr. Speaker : Yes, Mr. Jatoi.

حاجی عبدالمجید جتوئی - جناب والا - وہاں سے پانچ سو چپراسی نکالے گئے ہیں - وہ پانچ سو بھوکے مر رہے ہیں - سندھ میں جو ٹیچر ہیں ان پر

ظلم ہو رہا ہے ان کا سکیل پنجاب کے مطابق نہیں کیا جاتا - جو ظلم کا معاملہ ہوتا ہے وہ سندھ میں ہوتا ہے لیکن جو فائدے کی باتیں ہیں وہ نہیں ہو سکتیں میں عرض کروں گا کہ پولیس کے سارے افسر یہاں کے ہیں - پولیس میں سندھ کا کوئی بھرتی نہیں کیا جا رہا ہے - حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ پولیس میں ۵ فٹ ۵ انچ والے آدمی لئے جائیں گے مگر وہاں سے کوئی نہیں لیا گیا - لیڈر آف دی ھاؤس بھی وہاں دورے پر پہنچے تھے - ان کو بھی ایک وفد ملا تھا کہ آپ نے جو فیصلہ کیا ہے اس کے مطابق عمل نہیں ہو رہا ہے - انہوں نے فرمایا کہ میں انسپکٹر جنرل آف پولیس سے بات کروں گا - جب تک انسپکٹر جنرل آف پولیس سے بات ہوئی تب تک ۵ فٹ ۷ انچ والے ادھر سے اے-ایس-آئی اور کانسٹیبل وغیرہ لئے گئے اور وہاں کے آدمیوں کو پولیس کانسٹیبل تک کی ملازمت نہیں دی جاتی ہے - ہم پولیس کے قابل بھی نہیں رہے جو غریب سندھی ہیں وہ تو ہیڈ کانسٹیبل اور کانسٹیبل بھی نہیں لئے گئے - آپ ہی بتائیں کہ ہم کہاں جائیں - یہ میں اپنے وزیر صاحب کو عرض کروں گا کہ اگر آپ نے ون یونٹ کے لئے نفرت نکوانی ہے تو انصاف سے چلئے - انصاف والے افسر مقرر کریں - مسٹر لغاری جیسے سی - ایس - پی انصاف والے مقرر کریں جو ریونیو ڈیپارٹمنٹ میں کام کریں -

Mr. Speaker : The member may now take his seat. Next motion is from Amir Habibullah Saadi. He is absent and therefore, the motion lapses. Now, Master Khan Gul.

Syed Safiuddin : On a point of order. Sir, you just gave a ruling that repetition is not allowed in any other Parliament of the World. Sir, unless such a ruling is quoted that repetition is not allowed in any other Parliament in the world and unless you quote such a rule, then this ruling of yours is not just. Because we can always criticise a ruling which is not supported by the Rules of Procedure.

Mr. Speaker : You cannot criticise the ruling of the Speaker.

ماسٹر خان گل (کوھاٹ-۲) - جناب سپیکر - میں اپنی تقریر کا آغاز ایک شعر سے کروں گا وہ یہ ہے :—

ہوں وہ دیوانہ کہ اکثر سر زنداں وفا
جو بھی الزام جنون ہے میرے سر آیا ہے

میں آج جنون کی بات کرنا چاہتا ہوں اس کے لئے مجھے آپ اجازت دیں - سب سے پہلے تو میں وزیر خزانہ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے مجھے

موقع دیا پھر خوشامد کے طور پر آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ مجھے تقریر کرنے کا وقت دیا ۔

مسٹر سپیکر ۔ جو کٹ موشن آئی ہیں ان سے متعلق اگر آپ اظہار خیال کریں تو زیادہ مناسب ہو گا ۔

ماسٹر خان گل ۔ ضمنی بجٹ پر بحث کے دن آپ نے فرمایا تھا کہ آج جن کو موقع نہیں مل سکا ان کو ترجیح دی جائے گی ۔

مسٹر سپیکر ۔ اسی لئے آپ کو وقت دیا گیا ہے ۔

ماسٹر خان گل ۔ جناب والا ۔ میں عام نظم و نسق کے متعلق عرض کروں گا ۔ مجھے ایک دن مولانا غلام غوث صاحب نے کہا کہ ماسٹر خان گل تم ادھر اچھے نہیں ہو تم ادھر آ جاؤ تاکہ تمہاری زبان کھل جائے ۔ میں اس بات پر سوچتا رہا کہ یہ کیسے ممکن ہے ۔ میں سچ کہتا ہوں کہ میں نے اس بات کو بڑا خطرناک سمجھا اس لئے کہ میں کبھی بھی غلط کو صحیح نہیں کہہ سکتا اور صحیح کو غلط نہیں کہہ سکتا ۔ جب اگر کوئی حکومت اچھا کام کرے گی یقیناً میں وہاں سے بھی کہوں گا کہ یہ اچھا کام کر رہی ہے تو ان دوستوں نے کہہ دینا ہے کہ ماسٹر خان گل اندر سے حکومت کے ساتھ ملا ہوا ہے ۔ وہاں بھی بات نہیں بن سکتی ۔ حقیقت میں میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس حکومت نے ۱۰ کروڑ روپیہ دے کر عوام کو اعتماد میں لیا ہے ۔ عوام کے نمائندگان کو کام کرنے کے لئے اپنے اعتماد میں لیا ہے ۔ یہ الگ بات ہے کہ ملک کے اندر بد قسمتی سے کردار کی بلندی نہیں ہے اور وہ پیسے لے کر ووٹ دیتے ہیں اور اپنے پیسے کو ضائع کرتے ہیں ۔ لیکن حکومت کا یہ اعتماد بھی قابل قدر ہے ۔ اور حکومت نے یہ کام کر کے عوام کو اعتماد میں لینے کی کوشش کی ہے اس کے لئے ہم حکومت کی تعریف ضرور کریں گے ۔ یہ حقیقت ہے کہ عام نظم و نسق میں برائیاں پائی جاتی ہیں ۔ مثلاً خویش پروری ۔ رشوت ستانی ۔ افسران کی زیادتیاں ۔ یہ سب بیماریاں پورے زور پر ہیں لیکن اس حقیقت سے جیسا کہ ہمارے دوست افتخار احمد صاحب نے تسلیم کیا ہے کہ یہ بیماریاں ۱۹۵۷ء کے بعد چلی ہیں اور ۱۹۵۸ء تک پورے عروج پر پہنچ چکی تھیں اور اس حکومت کو یہ تمام بیماریاں ورثے میں ملی ہیں ۔ یہ تمام بیماریاں ان کی پیدا کردہ قطعاً نہیں ہیں ۔ لیکن میں یہاں ایک بات عرض کرتا ہوں کہ سلطان محمود غزنوی کے پاس ایک

بڑھیا گئی اس کا بیٹا راستے میں چوروں نے پکڑ لیا تھا ۔ اس نے کہا میرا بیٹا چوروں نے پکڑ لیا ہے آپ اس کو چھڑا دیں ۔ سلطان محمود غزنوی نے کہا کہ وہ بہت دور علاقہ ہے اور وہاں پر میرا اختیار بھی نہیں ہے ۔ اس بڑھیا نے کہا کہ تم کرسی پر کس لئے بیٹھے ہو ۔ اگر تمہارا ہاتھ وہاں تک نہیں پہنچ سکتا تو تم کرسی سے اتر جاؤ اور اگر تم میرے بیٹے کی حفاظت نہیں کر سکتے تو تمہیں بادشاہ رہنے کا کوئی حق نہیں ہے ۔

اب جناب والا ۔ جو بات میں کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے اور مجھے اعتراف ہے کہ اس حکومت نے اور فیلڈ مارشل محمد ایوب کی حکومت نے بہت اچھے کام کئے ہیں اور ان بڑے اچھے کاموں کی وجہ سے میں حکومت کے ساتھ ہوں ۔ آگے جب ہم دیکھ رہے ہیں اور اس ڈیڑھ سال کے عرصہ میں جو کچھ ہم نے دیکھا ہے وہ میں محسوس کرتا ہوں کہ وہ اچھے کام جو صدر ایوب نے مارشل لاء میں کئے وہ ہمارے موجودہ وزراء اس کو پورا نہیں کر سکتے ۔ اس پر پورے نہیں اتر رہے ہیں اسے ٹھیک طریقے سے نہیں چلا رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں صرف تین چیزوں کو لوں گا ۔ سب سے پہلے رشوت کا مسئلہ ہے اس کے متعلق میں آپ کو ایک مثال دیتا ہوں ۔ ایک افسر نے اپنے ماتحتوں کو اشارے سے کہا کہ میرے بچے کی شادی ہے اتنا اتنا چندہ کرکے دو ۔ اس پر بھی انہوں نے کہا کہ ہم اپنی مرضی سے دیں گے ۔ اس پر کہا گیا کہ تم میری مرضی سے مت دو ۔ تم بیس روپیہ ۔ تم چالیس روپیہ دو ۔ چندہ جمع ہو گیا ۔ ۲۷۰ روپے کا سیٹ خریدا گیا ۔ میں نے وزیر صاحب سے کہا کہ دو سو روپے تک تو تحفہ ہو سکتا ہے ۔ یہ ۲۷۰ روپے کس قانون کے مطابق ہیں ۔ جواب ملا کہ کوئی بات نہیں ۔ تو اب آپ خود ہی خیال فرمائیں کہ جب رشوت وزراء کے نوٹس میں لانے کے بعد اس قسم کا جواب ملے تو میرے خیال میں ان سے تو رشوت ستانی ختم کرنے والی بات بنتی نظر نہیں آتی ۔

میں آپ کی خدمت میں یہ بھی عرض کر دوں کہ اس ملک کی ایک بد قسمتی یہ بھی ہے کہ اس میں رشوت چل رہی ہے ۔ میں اس بات سے اتفاق نہیں کرتا کہ رشوت کم ہو گئی ہے ۔ رشوت یقیناً بڑھ رہی ہے ۔ اور اب تو اس کا پیمانہ بھی بڑھ چکا ہے ۔ مجھے خطرہ ہے کہ ہمارے اچھے برے دن تو گذر ہی جائینگے ۔ لیکن رشوت یعنی حرام کھانے والے کے متعلق سنا تھا کہ حرام کھانے کے ۴۰ دن بعد تک اس کا خون خراب رہتا ہے ۔ اس سے آپ خود

ھی اندازہ فرمائیں کہ رشوت کھانے والے لوگوں کی جو اولاد پیدا ہو گی وہ کیا ہو گی ۔ کیا ہم اس ملک میں اپنی آئندہ نسل حلال پیدا کر رہے ہیں یا حرام ۔

مسٹر سپیکر ۔ ماسٹر صاحب آپ کے دو منٹ بقایا ہیں ۔

ماسٹر خان گل ۔ تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر دوں کہ ہمیں افسوس اس بات کا ہے کہ آخر اس ملک کو آئندہ زندہ رہنا ہے ۔ ہمارے بچوں اور آئندہ نسلوں نے اسے مضبوط بنانا ہے ۔ تو ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ ہماری آئندہ نسلیں کیسی آنے والی ہیں ۔ رشوت چونکہ بری چیز ہے اس لئے میں رشوت لینے والوں سے کہوں گا کہ خدا کے لئے اپنی آئندہ نسلوں کو حرامی مت بناؤ ۔ انہیں حلالی بناؤ جناب سور حرام ۔ سود حرام ہے اور رشوت بھی حرام ہے ۔ جو شخص رشوت کھاتا ہے ۔ وہ بہر صورت حلال نہیں کھاتا ۔ اور اسلام میں یہ بھی فیصلہ شدہ امر ہے کہ جو شخص حلال نہیں کھاتا ۔ اس کی اولاد کے متعلق آپ خود ھی سمجھ سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ اس ملک سے انگریز کے جانے کے بعد یہاں ایک طبقہ ایسا پیدا ہو گیا ہے جو اپنے آپ کو اس ملک کا حاکم سمجھتا ہے ۔ حالانکہ میں نے پہلے بھی واضح طور پر کہا تھا کہ اس ملک کے حاکم صرف پاکستان کے عوام ہیں ۔ ان کے علاوہ کوئی حاکم نہیں ۔ اور ہر وہ شخص جو حکومت کے خزانے سے تنخواہ پاتا ہے وہ ہمارا خادم ہے ہمارا حاکم ہرگز نہیں ۔ چنانچہ یہ بات ہمارے ملک کے ہر فرد کے ذھن میں صاف طور پر جاگزیں ہونی چاھیئے کہ افسر یا اھلکار اس ملک کے خزانے سے تنخواہ پاتا ہے وہ ہمارے ملک کا حاکم نہیں ۔ اس کا خادم ہے ۔ چنانچہ بحیثیت ایک خادم اسے اس کی خدمت کرنی چاھیئے ۔

جناب والا ۔ یہاں میں ایک اور بات بھی واضح کر دوں ۔ ایک دفعہ مجھے ایک وزیر صاحب نے کہا کہ فلاں سیکریٹری صاحب کے پاس جاؤ اور فلاں بات کرو ۔ چنانچہ میں نے اُن سے وقت مقرر کیا ۔ بات چلی تو معلوم ہوا کہ اس بات چیت میں فلاں آدمی بھی ہونا چاھیے ۔ میں نے کہا کہ جس طرح آپ چاہیں بندہ حاضر ہے ۔ اس پر فرمانے لگے کہ میں فلاں شخص کو نہیں بلا سکتا ۔ میں نے کہا یہ خان گل کا کہنا نہیں بلکہ وزیر صاحب کا ارشاد ہے ۔

لیکن اس پر بھی انہوں نے کہا کہ میں فلاں شخص کو نہیں بلا سکتا ۔ اب جب ایک وزیر کے حکم کی اس طرح تعمیل ہو تو پھر یہ حاکم طبقہ ختم کیسے ہو سکتا ہے ۔

جناب والا ۔ عام خیال یہ ہے کہ اس حکومت کے پاس اختیارات ہیں اور اس کے پاس طاقت ہے ۔ ہمارے وزرا ان کو درست کریں گے ۔ لیکن جب ان کے کہنے کا یہ اثر ہوا اور اس پر عمل کی بجائے جواب مل جائے تو اس کے بعد یہ توقع کیسے کی جا سکتی ہے کہ ایسے وزیر ہمارے ملک کی پندرہ سال پرانی خرابیوں کو درست کر سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ یہاں میں ایک اور بات بھی عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کسی شخص نے ایک دو بڑے آدمیوں سے کہا کہ خان گل در اصل پٹھانستانی ہے ۔ میں آپ کی اجازت سے اس بات کی وضاحت اس معزز ایوان کے سامنے کھلے الفاظ میں کرنا چاہتا ہوں ۔ حقیقت یہ ہے کہ ۱۹۵۸ء تک میں کسی حکومت کے ساتھ نہ تھا ۔

مسٹر سپیکر ۔ ماسٹر صاحب آپ اپنا ذاتی وضاحتی بیان نہ دیں بلکہ عام نظم و نسق کے متعلق کچھ فرمائیں ۔

ماسٹر خان گل ۔ بہت اچھا جناب ۔ میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ بعض لوگ اپنی برائی کو ۔ اپنی غلطی اور جرم کو دوسروں کے سر تھوپنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ در اصل بات یہ ہے کہ میرے متعلق یہ جو کہا جاتا ہے کہ خان گل پٹھانستانی ہے ۔ میں آج واضح طور پر عرض کر دوں کہ میں نے انگریز کے جیل دیکھے ۔ اس کی سنگینیں اور گولیاں دیکھیں اور اپنی زندگی میں سات بار جیل جا چکا ہوں ۔ میں ۱۹۵۸ء تک کسی حکومت کے ساتھ نہ تھا ۔ اور کسی لالچ نے مجھے راہ راست سے نہ ہٹایا ۔ آخر ۱۹۵۸ء کے بعد صدر ایوب کی حکومت نے میرے دل میں جگہ بنائی ہے ۔ جس کی وجہ محض صدر ایوب کی خدمات ہیں ۔ اس حکومت میں اگر بعض کمزوریاں اور خرابیاں ہیں تو ان سے انکار بھی نہیں ہو سکتا تاہم جس طرح صدر ایوب نے بیرونی دنیا میں اس ملک کی عزت اور وقار بنایا ہے اور جس جوانمردی کا ثبوت دیا ہے اس کا تقاضا ہے کہ ہر پاکستانی جو عقل و شعور رکھتا ہو ۔ اس کا ساتھ دے ۔ یہی جذبہ ہے جس کے تحت میں ان کے ساتھ ہوں ۔ باقی کوئی وزیر میرے متعلق کچھ سمجھے یا کہے ۔ مجھے اس سے کوئی مطلب نہیں ۔

جناب والا ۔ میں یہاں یہ بھی واضح کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ وحدت کا قیام میرا جزو ایمان نہیں ۔ چار صوبوں پر بھی میرا ایمان نہیں ۔ البتہ پاکستان کی سلامتی اور خوشحالی ۔ اس کا استقلال اور ترقی میرا جزو ایمان ہیں ۔ اور ہر پاکستانی کا جزو ایمان ہونا چاہیئے ۔ یہاں چار صوبے ہوں یا ایک صوبہ ہو میرے نزدیک یہ سب نظم و نسق کی باتیں ہیں ۔

جناب والا ۔ یہاں میں یہ بھی عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ یہ جو بڑے بڑے دعوے کرتے ہیں ۔ میرے پاس ایک کتاب ہے ۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ آپ وزیروں کی بات کریں ۔

ماسٹر خان گل ۔ اس کتاب میں دوسرے پانچ سالہ منصوبے کے مطابق سابق صوبہ سرحد کے لئے ۱۸ کروڑ ۹۳ لاکھ اور ۸ ہزار روپے منظور تھے ۔ لیکن ابھی تک سرکاری کاغذات کے مطابق وہاں صرف ۴ کروڑ اور ۲۲ لاکھ روپے خرچ ہوئے ہیں اور ابھی ۱۴ کروڑ روپے خرچ ہونے ہیں ۔ آپ نے ہمیں کاغذوں میں لاکھوں اور کروڑوں روپے دئے ہیں لیکن خرچ صرف ۴ کروڑ ہوئے ہیں ۔ اگر کوئی انصاف سے پچھلے چار پانچ سالوں کے بجٹ اٹھا کر دیکھے تو اسے معلوم ہو گا کہ ہمیں کیا دیا گیا ہے اور ہم سے کیا لیا گیا ہے ۔ بالاخر وہ یہی کہے گا کہ خان گل اگر اس سے بھی زیادہ غصہ کرے تو یہ اس کا حق ہے ۔ آج اس ملک کے عوام کہتے ہیں کہ ہماری حکومت انصاف پر مبنی نہیں ۔ میں یہ بات صاف طور سے کہہ دوں کہ اگر آپ اس ملک کے سب علاقوں کے عوام کو برابر نہ سمجھیں گے تو آپ اس ملک کے دوست نہیں اس کے دشمن ہیں ۔ ہر وہ شخص جو انصاف نہیں کرتا اور مکران ۔ بنگال ۔ سرحد ۔ سندھ ۔ کراچی یا ڈیرہ اسماعیل خان کے کسی علاقے کے کسی شخص کا حق مارتا ہے اور اس کے ساتھ انصاف نہیں کرتا تو وہ اس ملک کا دوست نہیں ہو سکتا ۔

Mr. Speaker : The Member may please take his seat.

ماسٹر خان گل ۔ جناب والا ۔ آپ مجھے صرف پانچ منٹ اور عطا فرمائیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ماسٹر صاحب آپ دس منٹ سے زیادہ لے چکے ہیں ۔

Please finish within one minute.

ماسٹر خان گل ۔ جناب والا ۔ میں ایک بات کا ذکر خاص طور سے کرنا چاہتا ہوں ۔ ایک دن ان وزیروں میں سے کسی نے جا کر گورنر صاحب سے کہا کہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : No discussion about that.

ماسٹر خان گل ۔ جناب چیف سیکریٹری صاحب کے ان ریزولیوشن پر ---

Mr. Speaker : No discussion about that. I will not allow.

ماسٹر خان گل ۔ جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ میں نے پہلے بھی کہا ہے کہ میں اس حکومت کے ساتھ ہوں اور پوری دیانتداری سے ہوں ۔ لیکن میں اپنی رائے ہمیشہ دیانتداری کے ساتھ دوں گا خواہ وہ کسی کو اچھی لگے یا بری اور میں یہ بھی عرض کر دوں کہ جب بھی اس ایوان کی عزت اور وقار کا کوئی سوال ہوگا تو میں اس پر اپنے خیالات کا اظہار ضرور کرونگا ۔ اس کی بنا پر خواہ کوئی مجھے پھینکے یا نکالے ۔ میرا ووٹ مستقل طور پر اس پارٹی کے ساتھ رہے گا ۔ اور میں نواب کالا باغ کے ہر حکم کو اس لئے مانوں گا کہ وہ ایوب کا ایک مضبوط بازو ہے ۔ اس لئے میں دعویٰ کرتا ہوں کہ میں ایک سچا پاکستانی ہوں ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ On a point of order sir جناب والا جو لوگ general administration پر تقاریر کرنا چاہتے ہیں کیا آپ ان سب کو موقع دیں گے ؟

مسٹر سپیکر ۔ میری گذارش یہ ہے کہ اگر بہت سے معزز ممبران تقریر کرنا چاہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ۔ میری طرف سے تین بجے بعد دوپہر پھر میٹنگ رکھ لیں اور رات کے بارہ بجے تک جاری رکھیں ۔

وزیر زراعت (ملک قادر بخش) ۔ جناب والا ۔ رولز کے مطابق آج آخری دن ہے اور ڈیڑھ بجے تک بجٹ ختم کرنا ہے ۔

Mir Yusuf Ali Khan Magsi : You had promised Sir that all the people, who did not speak before, would get a chance this time.

Mr. Speaker : Subject to the time, Mr. Magsi.

مسٹر افتخار احمد خان ۔ آج کے دن کے لئے جو cut motions ہیں بہتر یہ ہے کہ ان ممبران کو تقاریر کی اجازت دی جائے جن کی وہ

cut motions ہیں ۔ کل بھی آپ نے ان لوگوں کو اجازت دے دی تھی جنہوں نے کوئی cut motion نہیں دی تھی ۔ اگر آپ ڈیڑھ بجے تک اس کو ختم کرنا چاہتے ہیں تو صرف ان اصحاب کو اجازت دیں جن کی cut motions ہیں ۔ عام بحث تو ہو چکی ہے اب آپ ہر ایک کو اجازت نہیں دے سکتے ۔

مسٹر سپیکر ۔ جن صاحبان کی cut motions تھیں میں نے کوشش کی ہے کہ ان کو پہلے موقع دیا جائے لیکن جو ممبران اپنی cut motions کو press نہیں کرنا چاہتے ان کو میں مجبور نہیں کر سکتا ۔ لہذا دوسروں کو موقع مل سکے گا ۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ ابھی اتنی cut motions باقی ہیں جن پر تقاریر ہوں گی ۔ آپ دوسروں کو کیسے موقع دے سکیں گے ۔

Mr. Taj Muhammad Khanzada : (Campbellpur I) : Mr. Speaker, I am grateful to you for giving me an opportunity to say a few words on the General Administration inspite of my friend, Mr. Iftikhar's obstruction.

Sir, I have been watching the trend of discussion on the General Administration and, I am sorry to say, there have been a lot of personal attacks both on the bureaucracy and on individuals. I, for one, taking the greater interest of both the sides of this House and of the services would suggest that personal attacks should be avoided and discussion carried on general principles' Criticism which should be constructive though sometimes the members may be very critical of the Goverment. I feel that there are no two opinions about the fact that the General Administration in our country has deteriorated. I don't lay the blame at the door of the present Government but sufficient comparisons have been made by both the sides about the administration before Partition and after Partition. We have to get at the root cause as to why this has happened. There are who stand in self-glory that they made Pakistan. We admit that they made Pakistan but we ask them what did they make of Pakistan after getting it ? That is the important point. Sir, certain strictures have been passed about bureaucracy interfering in politics. There is no doubt that the politicians, after integration, in order to perpetuate themselves in offices not with the sweet will of the people but with the help of the bureaucracy have tried to keep themselves in office. It is due to this major factor that subordinate officers were put in higher posts and they were told to do certain things and if they did not do it their service, their livelihood and even their honour was at stake, They were not given security of service, they were not allowed to act according to their conscience and they were not allowed to follow the traditions and conventions which they had inherited with the result that, every day as we went on, the administration became worse and worse. While I am on this point, I would also refer to those politicians who not by their personal virtues but through the help of Thanedars, through Tahsildars, through Deputy Commissioners and through other such agencies got the public behind them.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Nevertheless.

Mr. Speaker : Mr. Kirmani no interruption.

Mr. Taj Muhammad Khanzada : Sir, he should not interrupt me because his face is so sweet that I will keep looking at him and will not be able to deliver my speech.

So, all these things have come in the administration. It has also been pointed out that there are certain offices in our Government which are sacrosanct. Their very name seems to confure up guillotine before the eyes of the people irrespective of the fact which side they belong to.

I would refer you to the first part of the Constitution where we have recognised that sovereignty belongs to God Almighty and we are only the trustees of those things. If we profess to be an Islamic Republic then we have got a right to question the actions . . .

Syed Ahmed Saeed Kirmani : But . . . .

Mr. Speaker : I am sorry to say that Mr. Kirmani has repeatedly been interrupting the speaker.

Mr. Taj Muhammad Khanzada : Sir, if we profess to be an Islamic Republic or even if we are working for the Islamic concept of life then we have to see that anybody who holds a public office in this country should not be above question. I would refer you, as repeated references have already been made, to our Khulafas. The thing which I want to bring to the notice of the Government is the ostentatious living by officials. This should be discouraged right from the top There may be officials or any people who hold high offices who think that ostentatious living is the only form of creating an impression on the general public but let us take it that it is not the motor cars, it is not sofa sets and it is not the way how daintly you dress that creates an impression on the general public on the contrary it is what you do for your people, how do you behave towards them and how do you approach them which creates an impression. I would just quote an example of the fourth Khalifa, Hazrat Ali, when the Governor of Baghdad once went to somebody, he was entertained there very lavishly. The Governor was told by the Khalifa that he strongly resented his going and feeding in such an ostentatious manner. You don't reliase that a vast majority of the people in this country are unable to make their two ends meet. I am not unware of the fact that some of us, who are more fortunate, are very very rich but a few rich do not make this country. It is the vast majority of our people who really make this country. In order to administer and economically develop this country it is most essential that the Administration must act with justice irrespective of the fact to what political creed, to what colour and to what party he belongs, so long as his loyalty to the country is not questionable. The first criterion, as has been pointed out by my various friends here, is the loyalty to the country Islam can only flourish if Pakistan stays. If Pakistan is no longer (God forbid) there and although God is looking after Islam but I feel Islam will be in danger. By our vast resources we have to set an example to other brethern of ours in Islam by our own living, by our own conduct and by our own way of administration.

In the end, if you will excuse me and give me a few minutes more, I would refer to some open things and I have no doubt that there is not a single man on this side or on the Treasury Benches who would oppose me. Pakistan has been in existence for the last so many years now. The Government, time and again, has professed that we are going to bring Islamic order in the country. I am not one of those who is a bigoted Muslim and would not like the change of things to come over-night. But there are obvious things which go against the very conscience of Muslim, and, against the elementary principles of Islam, such as

drinking in public and prostitution. Yes, a drinking and prostitution for which our Government gives licences. They send a women to the doctor to see whether she is fit for the purpose of prostitution or not, This is something of which we should be ashamed. An Islamic Government and every Mussalman should bow and hang his head in shame that today after 17 years of the existence of Pakistan, the Islamic Government of Pakistan still issues licences for prostitution. They safeguard prostitution, they protect prostitution and what is the excuse ? Some of my Westernized friends like to mould Islam in the Western concept of life and say that this is a necessary evil. If you do not stop it, it is likely to spread into other mohallas and the society at large will be corrupted and will become dirty. This is no excuse. Mere frivolous excuses are no reason to change the very principles of Islam. Promises have been held by the Minister that this thing would be a crime for a Muslaman. I would compare you with India. In India, which we call the land of Kafirs, they are all going to Hell ; while we are the custodians of Hell do not have drinking in public functions. They do not have drinking in Embassies, they do not have drinking in Government Houses ; while we think that those who do not provide this, they are *duqianusi*, they are backward people ; Oh ! it is no use going to their houses, they only eat *Wand*, but the drinking is not there and for the stomach there is no consideration This is what is happening with this democracy and this Government also today. For those who sit round the table with bottles and finish bottles, it has become a company of limited drunkards, One drunkard, who is a very good friend, can telephone all over Pakistan and get things done. Sir, I do not do this with any malicious intentions either against the Services or against the Government. There are certainly the things which need a bit of heart searching on the part of the Government and on the part of every citizen.

Mr. Speaker : The member's time is up.

Khanzada Taj Muhammad : Kindly give me time to complete my speech. Before I finish, I would say that those who are sitting on this side are not those who just oppose for the sake of opposition. We are here to make you conscious of certain facts of which you may not be taking notice yourself and some of your followers may not, through dread of victimisation, be able to bring these things to your notice. Sir, this we do with good intension and we do it so that the Government may not become absolutely power corrupt. Therefore, we are here only to bring these things for your consideration both in the larger interest of the country and the safeguarding of our future generation.

وزیر زراعت و آبپاشی (ملک قادر بخش) ۔ صاحب سپیکر ۔ دو دن سے ممبران نظم و نسق کی خرابیوں کی طرف حکومت کی توجہ مبذول کراتے رہے ہیں ۔ ماسوائے ایک معزز ممبر کے باقی تمام حضرات کا میں تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ اور جن کو میں نے مستثنے رکھا ہے ۔ بعد معافی میں ان کا نام لیتا ہوں ۔ وہ ہیں سید احمد سعید کرمانی صاحب ۔ حضور والا ۔ عام بحث میں یہ ہوتا ہے ۔ اور جیسا کہ دیگر معزز ممبروں نے کہا ہے کہ ملازمین سرکار کی خرابیوں رشوت ستانی اور شراب خوری کے علاوہ ان کی inefficiency کام میں تاخیر اور ہمچو قسم دیگر خرابیاں حکومت کے نوٹس میں لائی جائیں ۔ لیکن ہمیشہ اس بات سے پرہیز کیا جاتا ہے کہ کسی ملازم سرکار کو نامزد نہ کیا

جائے ۔ کیوں ؟ اس لئے کہ وہ یہاں اپنے آپ کو defend نہیں کر سکتے ۔ ہماری تو پوزیشن privileged ہے ۔ اور آئین کہتا ہے کہ خواہ آپ یہاں جتنی بھی کسی کی پگڑی اچھالیں ۔ باہر آپ پر مقدمہ نہیں چل سکتا ۔ چونکہ ایک افسر یہاں نامزد کیا جا چکا ہے ۔ اس لئے میں نے جا کر متعلقہ ریکارڈ دیکھا ہے ۔ اور میں اسے ہاؤس کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ انہوں نے کہا ہے کہ گجرات کا S.P. جو پہلے لائل پور میں تھا اسے D.I.G. بنا کر کراچی بھیجا گیا ۔ لیکن اس نے وہاں جانے سے انکار کر دیا ۔ کیونکہ وہ گورنمنٹ کا لاڈلا ہے ۔ اور وہ لاہور کے بہت سے شریف گھرانوں کی عزت برباد کر رہا ہے ۔

Syed Ahmed Saeed Kirmani : I know that. It is a truth. I know it personally.

وزیر زراعت و آبپاشی ۔ ابھی تو تیر آنے ہیں ۔ no right of reply sir حضور والا ۔ واقعات یہ ہیں کہ ۵۳ء میں بد قسمتی سے ماشل لاء کا نفاذ ہوا ۔ اس وقت یہ افسر D.S.P. لگا ہوا تھا ۔ سول لائینز لاہور میں ۔ اس کو ماشل لاء اتھارٹیز کی طرف سے حکم ہوا کہ جتنے بھی declared اور entered غنڈہ elements ہیں ان کو round up کرے اور گرفتار کرے ۔ حکم حاکم مرگ مفاجات ۔ اس نے اس حکم کی تعمیل کی اور گرفتاریاں کر کے گرفتار شدگان کو پولیس سٹیشن لے گئے ۔ وہاں میرے عزیز میرے دوست کرمانی صاحب پہنچ گئے اور جو گرفتار شدگان وہاں انسپکٹر کے پاس موجود تھے ۔ انہوں نے ایک کو گھڑی کچھ کاغذ اور کچھ نقدی دی ۔ ۔ ۔ ۔

Syed Ahmed Saeed Kirmani : It is a false statement. I am ashamed to see that a responsible Minister is making a false statement or he has been given a false information.

Mr. Speaker : Order, order, please.

وزیر زراعت و آبپاشی ۔ F.I.R. میں لکھا ہوا ہے ۔ ذرا حوصلے سے سنیئے ۔ میں تو کہتا ہوں کہ ہمیں ذاتیات میں نہیں جانا چاہیئے ۔

Syed Ahmed Saeed Kirmani : I am only requesting you not to make a false statement because I know the facts more than you do. You have been only informed.

Mr. Speaker : I want to point out to Mr. Kirmani, that when he wants to speak, he should have the permission of the Chair. He is a seasoned parliamentarian. He should take his seat now.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : I rise on a point of order. I am protected under the Rule which deals with limitation of debates. Rule 148 reads thus :—

"The subject matter of every speech shall be strictly relevant to the matter before the Assembly."

Minister of Railways : It is.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Please do not interrupt me. I am strong enough to deal with every one of you. So, Sir, it is the fundamental principle. The second principle is :—

" (2) A member while speaking shall not :—

(v) make any statement which is defamatory of any other person unless it is essential for the purposes of the matter before the Assembly, and

(vi) make use of offensive, abusive or vulgar expressions."

Sir, it is offensive on the part of the Minister to make a false statement on the floor of the House. If you are going to allow him to make a false statement then we will make still more false statements and the result would be that the decorum of this House would be lowered.

Mr. Speaker : There should be no mis-statement or a wrong statements or a false statement by any Member of the Cabinet of Ministers or by anbody else.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Sir, I have a right under the Rules to make a personal explanation. But before I avail of that opportunity I would, through your good offices, point out to the Minister concerned that he should see that he does not make, in future, any false statement.

Mr. Speaker : That is his responsibility. He is responsible for that if he makes any false statement. (Interruptions).

وزیر زراعت ۔ صاحب سپیکر ۔ صرف قصہ یہ ہے کہ اس ڈی ۔ ایس ۔ پی نے کرمانی صاحب کو گرفتار کیا کرمانی صاحب کا trial ہوا اور چودہ سال کی سزا ہوئی ۔

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Again he is wrong. He does not know the facts.

Mr. Speaker : The member can give a personal explanation subsequently and I will allow that.

وزیر زراعت ۔ بریگیڈیر حق نواز نے اس سزا کی تصدیق کی جو ایک دل رکھتا ہے خدا سے خوف کھانیوالا ہے ۔ یہ ہے بیک گراؤنڈ ۔ اب میں ان واقعات کو لیتا ہوں ۔

حضور والا ۔ سید صاحب نے فرمایا کہ کراچی کو اس کی تبدیلی ہوئی بحیثیت ایس ۔ ایس ۔ پی لیکن وہ نہیں چاہتا تھا ۔ ایس ۔ ایس ۔ پی کی پوسٹ کے لئے کون نہیں چاہتا کیونکہ وہ prize پوسٹ ہے اور اس کو کون welcome

نہیں کرتا اور اگر کھانیوالا افیسر ہے تو اس کو وہاں بھی مواقع ہیں ۔ (قطع کلامی)

Mr. Speaker : No interruptions please.

وزیر زراعت ۔ جب آپ بول رہے تھے جب آپ دندنا رہے تھے تو میں نے تو interrupt نہیں کیا تھا ۔

سید احمد سعید کرمانی ۔ میں دند نانے کا عادی ہوں ۔

میجر سلطان احمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب میں سمجھتا ہوں کہ یہ ڈکورم سے بہت نیچی بات ہے کہ ایک وزیر ڈی ۔ ایس ۔ پی اور ایس ۔ پی کی خوشامد کرے ۔ * x x x x x x x x x x x x x x x x x x x x

مسٹر سپیکر ۔ میجر صاحب ۔ آپ یہ الفاظ واپس لیں کہ یہ افسروں کے بھرتی شدہ وزیر ہیں ۔

The words ''افسروں کے بھرتی شدہ وزیر،، should not form part of the proceedings.

میجر سلطان احمد خان ۔ میں واپس لیتا ہوں ۔

وزیر زراعت ۔ چونکہ یہ off the record ہو چکا ہے تو میں اس بات کا جواب نہیں دینا چاہتا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اگر ایک چپراسی بے خطا ہے تو میں بحیثیت وزیر اس چپڑاسی کو defend کروں گا خواہ مجھ کو چپڑاسی کا وزیر کہا جائے ۔ لیکن اگر کسی سرکاری ملازم کا نام لیکر کوئی غلط الزام لگائے تو ہر وزیر کا فرض ہے کہ وہ اس کو defend کرے ۔

Voices : Question Question.

Mr. Speaker : Order, order.

وزیر زراعت ۔ میں صرف یہ گذارش کرونگا اور ہاؤس مین جملہ ممبران کی خدمت میں عرض کرونگا کہ جب وہ حکومت کی توجہ رشوت یا کسی اور برائی کی طرف دلاتے ہیں تو وہ نام لے کر کہیں اور جب نام لیتے ہیں تو پھر inwriting دے دیں کہ فلاں فلاں گھر میں اس نے آبروریزی کی ہے فلاں فلاں شخص سے اس نے رشوت لی ہے ۔ الزام لگانے کی ذمہ داری لینی چاہیئے ۔ سید

*Expunged as ordered by Speaker.

صاحب کا کہنا ہے کہ لاہور کے بہت سے شریف گھروں کی آبروریزی کی ہے ۔ (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : No cross talk.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Ask him not to make such a statement.

وزیر زراعت ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ جناب کرمانی صاحب اور ہر ممبر کو آئین نے ایک پوزیشن دی ہے اور وہ privileged position ہے کہ ہم ہاؤس میں جو کچھ کہیں اس کے خلاف کسی عدالت میں کارروائی نہیں ہو سکتی اس لئے ہمیں اس سے گریز کرنا چاہئیے ۔

Mr. Speaker : The other point.

وزیر زراعت ۔ جناب میں اب عرض کرونگا کہ جو پوزیشن میرے وزیر بننے سے پہلے تھی اس میں اور آج کی پوزیشن میں کہا گیا ہے کہ میرے قول و فعل میں تضاد ہے ۔ لیکن چودھری ابراہیم صاحب کا ایک تضاد میں ان کی جماعت کی ایک کتاب سے دکھاؤں گا کہ میرے قول و فعل میں تضاد نہیں ہے ۔ بلکہ ان میں تضاد ہے ۔ میں صرف اس بات کو تسلیم کرتا ہوں ۔ (قطع کلامیاں) مجھے unionist کہہ لیجئے یا کچھ کہہ لیجئے میں نے نتھیا گلی میں اپنی ماں کے خواب کسی کو نہیں سنائے ۔

آوازیں ۔ کرمانی صاحب حوصلہ کیجئے ۔

وزیر زراعت ۔ اگر میں سب کچھ کہنے پر آ جاؤں * x x x x x

Syed Ahmed Saeed Kirmani : I protest. He is extending threats. We can also extend threats. He should be asked to withdraw his remarks.

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب ۔ کیا آپ نے کرمانی صاحب کو دھمکی دی ہے ۔

These words should not form part of the proceedings.

وزیر زراعت ۔ ہرگز نہیں جناب ۔ میں نے تو یہ کہا تھا کہ یہ اپنے کرتوت سے لاہور چھوڑ جائے گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ یہ الفاظ واپس لے لیں ۔

وزیر زراعت ۔ میں واپس لیتا ہوں ۔

*Expunged as ordered by the Speaker.

سید احمد سعید کرمانی ۔ میں خضر حیات کا سپاہی نہیں تھا ۔ میں قائد اعظم کا سپاہی تھا ۔

وزیر زراعت ۔ کیا ہو گیا ہے اس کو ؟

مسٹر افتخار احمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ صدرگرامی۔ میں چاہتا ہوں کہ آج ماحول بہت تلخ ہے اور ناخوشگوار ہو گیا ہے اس کو ختم کیا جائے اور ماحول کو درست کیا جائے ۔ افسوس کی بات ہے کہ آج ملک صاحب نے اپنے کل کے معیار کو پھر گرا دیا کل انہیں نے جو تقریر کی تھی وہ نہایت شریفانہ تقریر کی تھی لیکن آج وہ پھر ذاتیات میں آ گئے اور اس ایوان کے وقار کو نقصان پہونچا رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

At this stage Mian Muhammad Sharif rose to speak)

Mr. Speaker : Mian Sharif may please take his seat.

مسٹر افتخار احمد خان ۔ بولنا ہم بھی جانتے ہیں ان کے عیوب بہت زیادہ ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں جملہ ممبران کی خدمت میں عرض کرونگا اور ملک صاحب کی خدمت میں عرض کرونگا کہ

There should be no personal remarks.

Minister of Agriculture : I pass on.

Major Sultan Ahmed Khan : Be responsible.

وزیر زراعت ۔ اس آڑ میں اپنے آپ کو میں defend نہیں کرنا چاہتا کہ حکومت میں یہ برائیاں پیدا نہیں ہوئیں ۔ یہ آڑ بھی نہیں لیتا کہ ہر حکومت گذشتہ میں یہ برائیاں مسلسل رہیں بلکہ ۔ ۔ ۔ ۔

میجر سلطان احمد خان ۔ کہیں نہیں پیدا ہوتیں یہ لہو میں ہوتی ہیں ۔

وزیر زراعت ۔ یہ خرابی جیسا کہ جھنگ کے ایک معزز ممبر نے کہا ہے ۱۹۴۷ء سے شروع ہوئی اور ملازمین سرکار کے کچھ حصہ نے اس میں نمایاں حصہ لیا ۔ میں نے آج اخبار میں پڑھا ہے کہ لاہور میں ایک case پکڑا

گیا ہے جس میں سلفاڈرگ کی نام نہاد گولیاں کئی لاکھ روپے کی قیمت کی پکڑی گئیں ہیں - یہی ایک case نہیں ہے معاشرہ میں خرابیاں پیدا ہو گئی ہیں اب میں کہوں گا تو کرمانی صاحب پھر برا مان جائیں گے - یہ برائیاں معاشرہ کے ہر پہلو میں آ گئی ہیں -

Mr. Speaker : No reference about that.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : I am on your nerves.

Minister of Railways (Mr. Abdul Waheed Khan) : You are in his heart.

وزیر زراعت - اس قسم کے جرائم اخباروں میں ہم پڑھتے ہیں اور وہ صرف ملازمین سرکار ہی نہیں کرتے ہیں بلکہ ہم میں سے اور قوم میں سے اور لوگ بھی ہیں جو برائیاں کر رہے ہیں - جیسا کہ میں نے بجٹ سیشن کے وقت عرض کیا تھا کہ حکومت اپنے ہر محکمہ کے ملازمین کو خواہ وہ پولیس کے ہوں یا سی - ایس - پی آفیسرز ہوں یا پی - سی - ایس ہوں سب کو گرفت میں لیتی ہے جو ہماری زد میں آتا ہے اس کے خلاف سماعت ہو رہی ہے - ہماری انتہائی کوشش ہے اور جب تک اس کرسی پر بیٹھے ہیں ہم ایمانداری سے کوشش کرتے رہیں گے کہ جس قدر رشوت کم ہو سکتی ہے ہم کم کرنے کی کوشش کریں گے - لیکن اگر خدا نخواستہ ہم ناکام ہو جائیں تو ہماری نیتوں اور فعل پر کوئی حرف نہیں آ سکتا - قول اور فعل کے متعلق جماعت اسلامی کے رکن نے فرمایا اور میں quote کرتا ہوں - - - -

سید احمد سعید کرمانی - یہ آپ کے بس کا روگ نہیں ہے -

وزیر خوراک و زراعت - میں عرض کرتا ہوں - - - -

سید احمد سعید کرمانی - نااہلیت کا ثبوت ہے -

مسٹر حمزہ - تسلیم کرنا بھی خوبی ہوتی ہے -

Mr. Speaker : No interruptions please.

وزیر خوراک و زراعت - ابھی یہ فیصلہ علماء حضرات کریں گے - مسٹر ابراہیم کے لئے ایک مقدس کتاب رکھتا ہوں " تفہیمات " حصہ دوئم - - (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Order, please.

وزیر خوراک و زراعت ۔ تفہیمات حصہ دوئم صفحہ ۱۸۱ جس میں یہ کہا گیا ہے کہ زنا کے لئے درے مارنا یا سزائے موت جائز نہیں ہے ۔

میاں محمد اکبر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی خدمت عالیہ میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ اگر کسی وزیر پر یا اگر کسی معزز ممبر پر ایک الزام لگایا جائے تو وہ معزز وزیر یا ممبر اٹھ کر دوسرے پر الزام لگا دے تو وہ الزام یوں دھل نہیں سکتا ۔ جناب والا two wrongs do not make one right.

Mr. Speaker : This is no point of order. The Member may please take his seat.

میاں محمد اکبر ۔ جو انہوں نے الزام لگایا ہے وہ اس کی تشریح کریں ۔

Mr. Speaker : The Member may please take his seat.

وزیر خوراک و زراعت ۔ میں الزام نہیں لگا رہا ہوں ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب والا ۔ مسئلہ زیر بحث یہ تھا کہ قول و عمل کا تضاد ملک صاحب سے سر زد ہوا یا نہیں ۔ اب اس کا جواب مولانا مودودی کی کتاب میں سے حوالہ ارشاد فرما رہے ہیں جس کے مصنف چودھری ابراہیم نہیں ہیں ۔ آپ رولنگ دیجئے کہ اگر میں کسی پارٹی کا پیروکار ہوں تو میں ان تمام خیالات سے اتفاق رکھتا ہوں اور ان تمام خیالات کی ذمہ داری ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ قطع کلامیاں

مسٹر سپیکر ۔ وہ ساری بات کا جواب دے رہے ہیں تو اس کے متعلق آپ نکتہ چینی نہیں کر سکتے ۔ یہ کوئی پوائینٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

وزیر خوراک و زراعت ۔ یہ اپنے اپنے خیالات ہیں تو عرض ہے جناب ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

سردار عنایت الرحمن خان عباسی ۔ وہ پڑھیں نا ۔

وزیر خوراک و زراعت ۔ وہ یہ ہے تفہیمات حصہ دوئم صفحہ ۲۸۱ مولانا ابوالاعلیٰ مودودی فرماتے ہیں :۔

"جہاں معیاری اخلاق بھی اتنا پست ہو کہ ناجائز تعلقات کو کچھ بہت معیوب نہ سمجھا جاتا ہو ایسی جگہ زنا اور قذف کی شرعی حد جاری کرنا بلاشبہ ظلم ہوگا اس لئے کہ وہاں ایک معمولی قسم (Normal Type) معتدل

مزاج اور سلیم الفطرت آدمی کا بھی زنا سے بچنا مشکل ہے اور ایسے حالات میں کسی شخص کا مبتلائے گناہ ہونا یہ نتیجہ نکالنے کے لئے کافی نہیں ہے کہ وہ غیر معمولی قسم کا اخلاقی مجرم ہے - رحم اور کوڑوں کی سزا درحقیقت ایسے گندے حالات کے لئے اللہ نے مقرر ہی نہیں کی -

Chaudhri Muhammad Ibrahim : Mr. Speaker, Sir I shall have an opportunity for personal explanation.

Mr. Speaker : The member should please take his seat.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Sir, he should be brief otherwise, the time will be over.

Mr. Speaker : Yes Malik Sahib, be brief.

وزیر خوراک و زراعت - علامہ ارشد صاحب کو کچھ باتیں تو اخباروں سے پڑھ کر سنائیں - سنگین وارداتیں تو ہر روز ہوتی ہیں - امریکہ کے اخبار اٹھائیے - انگلینڈ کے اٹھائیے ہر روز وارداتیں ہوتی ہیں - تو ان سے یہ تاثر لے لینا کہ اس ملک میں صرف وارداتیں ہی ہیں اور کچھ نہیں - ایک مثال ہوا کرتی تھی اور وہ میں مسٹر حمزہ سے معافی مانگتے ہوئے عرض کرتا ہوں کہ ساون کے اندھے کو ہرا ہی ہرا نظر آتا ہے لیکن خزاں کے اندھے کو ساری خزاں ہی خزاں نظر آتی ہے - کوئی پاکستان میں ان کو اچھی چیز بھی نظر آتی ہے یا نہیں ؟

سید احمد سعید کرمانی - بات بنی نہیں -

مسٹر حمزہ - اگر ہے بھی تو آپ کوئی اچھی چیز رہنے نہیں دینگے -

وزیر خوراک و زراعت - جناب معاشرے کی خرابیوں کا میں اعتراف کرتا ہوں لیکن اس کے ساتھ میں یہ بھی کہتا ہوں کہ ہماری achievements ہماری attempts کو بھی appreciate کرنے کی کوشش کریں - ہم نیک نیتی سے کوشش کر رہے ہیں -

مسٹر حمزہ - نیک نیتی اور آپ ؟

وزیر خوراک و زراعت - جناب اس مسئلے میں مسٹر انصاری نے مثال دی -

I pass on to the other item and then I close.

Mr. Speaker : Be brief please.

علامہ رحمت اللہ ارشد - جو میں نے بہاول پور سروسز کے متعلق عرض کیا اس کے متعلق ارشاد فرمایا جائے۔

Minister of Food and Agriculture : I will check it up.

(Interruptions from Mr. Hamza)

Mr. Speaker : This is not the parliamentary way, Mr. Hamza.

وزیر خوراک و زراعت - تو میں نے عرض کیا جناب وہ ساون کے اندھے نہیں وہ خزاں کے اندھے ہیں -

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Sir we are not keen to interrupt him and when we speak, we shall speak with your permission. But Sir here is a Minister, who is indulging in personal attacks and he is provoking us to attack.

Mr. Speaker : If there is any point for personal explanation, the member can have the permission of the Chair after his speech to speak.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Sir if he indulges in personal attacks, if he indulges in irrelevant talk, your honour is within your right to stop him.

Mr. Speaker : I will stop him if he is irrelevant.

علامہ رحمت اللہ ارشد - پوائنٹ آف آرڈر جناب - کل ملک صاحب کے جواب کا انداز بڑا حقیقت پسندانہ تھا - میں رولنگ چاہتا ہوں کہ کسی ممبر کو یہ کہہ دینا کہ تم ساون کے اندھے ہو یا خزاں کے اندھے ہو - کیا یہ پارلیمانی ہے ؟

مسٹر افتخار احمد خاں - یہ طاقت کے اندھے ہیں -

وزیر خوراک و زراعت - یہ ایک محاورہ ہے -

Mr. Speaker : There should be no personal talk. Mr. Iftikhar may please take his seat.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - عرض یہ ہے کہ میں عقل کے اندھوں سے دریافت کرتا ہوں - - - - (شور و قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Mr. Hamza, may please take his seat.

میاں محمد شریف (پارلیمنٹری سیکریٹری) میں حمزہ صاحب سے درخواست کروں گا - - - - - (شور و قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Mr. Hamza should take his seat. That is not the way.

میاں محمد شریف - میں ہاؤس کے ممبران سے درخواست کروں گا کہ وہ تحمل اور بردباری ہاتھ سے نہ چھوڑیں -

وزیر خوراک و زراعت - انصاری صاحب نے فرمایا کہ سی - ایس - پی افسران نے سیاست میں مداخلت کی - مجھے اس سے انکار ہے - پھر لاڑکانہ کا ذکر کیا تو ان کی اطلاع کے لئے میں عرض کرتا ہوں کہ لاڑکانہ میں سی - ایس - پی افسر نہیں تھا -

حاجی عبدالمجید جتوئی - سی ایس پی تھا -

وزیر خوراک و زراعت - جی نہیں -

Mr. Speaker : The member may please take his seat.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : He is most ill-informed.

وزیر خوراک و زراعت - مظفر گڑھ میں پی سی ایس تھا - جناب منٹگمری میں پی - سی - ایس تھا تو یہ کہنا اور سب سی - ایس - پی افسروں کے متعلق as a class کہنا میں یہ اعتراض ماننے کو تیار نہیں ہوں - جتوئی صاحب نے در حقیقت سوائے اس کے کہ انہیں phobia ہے اور وہ ون یونٹ کا ہے - وہ اس سے ڈرتے ہیں - خوف کھاتے ہیں اس لئے میں ان کو در گزر کرتا ہوں اور جواب نہیں دیتا -

حاجی عبدالمجید جتوئی - میں آپ کے ظلم کی باتیں کر رہا ہوں -

مسٹر سپیکر - جتوئی صاحب یہ کوئی طریقہ نہیں ہے کہ آپ اٹھ کر جواب دینا شروع کر دیں -

وزیر خوراک و زراعت - البتہ اتنا عرض کروں گا کہ ایک دن وہ میرے کمرہ میں آئے اور فرمایا کہ جتنی جلدی ہمارے پانی کی تکلیف کو آپ نے رفع کیا ہے وہ کبھی توقع نہیں ہو سکتی تھی کسی اور حکومت سے - (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : No interruptions, please.

حاجی عبدالمجید جتوئی - یہ حقیقت ہے تب ہی آپ کو یہ بتایا ہے -

وزیر خوراک و زراعت - عرض ہے کہ خان زادہ صاحب نے لباس کے متعلق اور کچھ ایسی چیزیں اس کے متعلق کہیں کہ میں بھی ان کے ساتھ اتفاق

کرتا ہوں کہ ہماری زندگی سادہ ہونی چاہئے اور اپنے لباس پر زیادہ اخراجات نہیں کرنے چاہئیں ۔ میں administration پر کوئی چیز کہتا ۔ میں عرض کرتا ہوں جناب کہ یہ ٹھیک ہے کہ انہوں نے یہ واضح کیا کہ کچھ افسر شراب پیتے ہیں اور میں قیاس کرتا ہوں کہ پرمٹ لیکر پیتے ہونگے اور جس کی میں 'جوازیت' نہیں سمجھتا کہ نعوذ باللہ پرمٹ لے لو کسی ڈاکٹر کا اور اسلام میں اس کی 'جوازیت' ہو جاتی ہے لیکن ۔ ۔ ۔ ۔

سید احمد سعید کرمانی ۔ پرمٹ کون دیتا ہے ؟

Mr. Speaker : No interruption Mr. Kirmani. How many times have I to point out that there should no interruption.

وزیر و خوراک زراعت ۔ میں نے اس باب کو چھوڑ دیا ہے کیونکہ آپ نے حکم دیا تھا کہ ہم اس ذاتی چیز کو چھوڑ دیں ۔ تو میں عرض کرتا ہوں کہ میں اپنے رفقا کار کی طرف سے بھی ان حضرات کو یقین دلاتا ہوں کہ برائی جیسا کہ جھنگ کے ایک معزز ممبر نے کہا ہے کہ یہ پرانی چلی آ رہی ہے اس کو کم کرنے کی انتہائی کوشش کریں گے اور ہم انتہائی کوشش کر رہے ہیں ۔ آپ بھی ہماری امداد کیجئے ۔ کوئی ٹھوس بات بتائیں اگر مسٹر احمد سعید کرمانی ہی کہیں کہ فلاں شخص سے فلاں وقت فلاں افسر نے پیسہ لیا ہے تو میں پہلا شخص ہوں گا کہ اس ماتحت کے خلاف ایکشن لوں ۔ لا اینڈ آرڈر کی پوزیشن کے متعلق بھی عرض کروں گا جیسا کہ ہمارے پاس فگرز کرائم کے موجود ہیں ۔

The situation of Law and Order is much better than the year before.

(No. No. ۔ آوازیں)

بیگم جہاں آرا شاہنواز ۔ جناب والا ۔ کل اور آج میرے کسی point کا جواب نہیں دیا گیا ۔ عورتیں اور بچے کیا اس ملک کے باشندے نہیں ہیں ۔

Mr. Speaker : The Lady member should take her seat.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Unfortunately, Malik Sahib has left the House.

Mr. Speaker : I can't force a Member to sit in the House all the time.

سید احمد سعید کرمانی ۔ جناب والا ۔ میں نے کل ایک پولیس افسر کے متعلق کچھ باتیں کہی تھیں اور وہ باتیں میں نے ان اطلاعات کی بنیاد پر کی تھیں جو مجھے وقتاً فوقتاً اس صوبہ کے معزز اور قابل ترین شہری پہنچاتے رہے ہیں ۔ میں نے ارادتاً کوئی بات نہیں کی تھی ۔ اب مجھے مجبور کیا گیا ہے کہ میں اس طرف کچھ اشارہ کرتا ۔ گجرات کے ڈسٹرکٹ میں انہوں نے تھانے ٹھیکے پر دے رکھے تھے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ personal explanation کے متعلق بات کریں ۔ کسی اور معاملہ کے متعلق بیان نہ کریں ۔ جو آپ کی ذات کے متعلق چیز ہے اسی کے متعلق بیان کریں ۔

سید احمد سعید کرمانی ۔ جہاں تک میرے متعلق ہے جب وہ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سول لائینز تھا تو اس زمانے میں اس نے مارشل لاء کے حکام کی تعمیل میں مجھے گرفتار کیا یا نہ کیا ۔ لیکن یہ امر واقعہ ہے کہ اس نے مجھے مارشل لاء کے دنوں میں گرفتار نہیں کیا ۔ یہ بھی غلط ہے کہ مجھے ان دنوں ۳ سال کی قید ہوئی یا ۹ سال کی قید ہوئی ۔ میرے خلاف الزام یہ تھا کہ میں نے لوگوں کو حکومت کے خلاف ابھارا ہے ۔ یہ غلط ہے کہ میں نے سول لائنز میں کسی سب انسپکٹر یا کسی غنڈے سے گھڑی لی یا دی یہ بات بھی غلط ہے ۔ کیونکہ واقعات مجھ پر گزرے ہیں ان کو میں جانتا ہوں لیکن جھوٹے کیس میرے خلاف بنانے میں جہاں اور پولیس افسروں کا ہاتھ تھا اس میں اس ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کا بھی ہاتھ تھا ۔ کیونکہ یہ مسئلہ پرانا ہے اس لئے میں اس پر تبصرہ نہیں کرتا لیکن اگر آپ ۱۹۵۵ء کی اسمبلی کا ریکارڈ دیکھیں تو اس زمانے میں یہ شخص پولیٹیکل پارٹی کو organized manner میں disturb کیا کرتا تھا اور نواب مظفر علی قزلباش سے خراج عقیدت لیا کرتا تھا ۔

Mr. Speaker : This is not a personal explanation. The member should confine himself to the point.

سید احمد سعید کرمانی ۔ بہت اچھا جناب ۔ after all I can make mistake I stand corrected میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ملک قادر بخش صاحب نے غلط بیانی سے کام لیا ہے ۔ میں اس وجہ سے باتیں کر رہا ہوں کیونکہ میری اطلاعات مختلف اضلاع کے بارے میں تھیں ۔ لاہور کے بارے میں بھی

میرے پاس اطلاع ہے ۔ اگر یہ دیانت داری سے کام لیں تو میں یہ اطلاعات ان کو بہم پہنچا سکتا ہوں بشرطیکہ کہ یہ اپنے اندر طاقت اور جرأت پیدا کریں اور اس افسر کے خلاف کارروائی کر سکیں ۔ جس زمانے میں وہ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس مظفر گڑھ تھا ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Revenue : Is it a personal explanation, Sir ?

ایسے تو بات بڑھے گی ۔

Syed Ahmed Saeed Kirmani : I am concluding. It does not suit you.

Mr. Speaker : Please address the Chair.

سید احمد سعید کرمانی ۔ آپ بزرگ آدمی ہیں ۔ آپ ۷۰ سال سے نیچے ہیں ۔ جناب والا۔ میں بڑےادب سے personal explanation کی صورت میں عرض کروں گا ۔ دراصل مک قادر بخش صاحب کو میرے خلاف غلط بیانی کرنے کی تکلیف ہوئی ہے کہ انہوں نے اسی سپرنٹنڈ نٹ آف پولیس کے ساتھ مل کر یونٹ کے ایک منسٹر سردار عبدالحمید دستی کے خلاف جھوٹا مقدمہ بنایا تھا ۔

Mr. Speaker : The member may please take his seat. He has given his personal explanation now.

سید احمد سعید کرمانی ۔ انہوں نے غلط بیانی سے کام لیا ہے اور اس افسر کی کرپشن سارے صوبہ پر عیاں ہے ۔ لیکن یہ اس کے خلاف کارروائی نہیں کر سکتے ۔

Mr. Speaker : Now, I will put the cut motions.

Mr. Hamza : Point of personal explanation, Sir.

Mr. Speaker : No. The member should take his seat please. (Interruptions)

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : You should hear him. He is on a point of personal explanation.

Mr. Speaker : No. He should take his seat.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi: But you must listen to his point of personal explanation and after that you can, if you want, rule it out of order.

Mr. Speaker : Let me take it clear that it is the discretion of the Chair.

I will put only one cut motion in regard to Demand No. 3 because all the motions are on the same subject.

The question is—

That the total of Rs. 4,94,300 on account of 25—General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs. 4,94,299.

(*The motion was lost*)

Mr. Speaker : Now, I put the Demand.

The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 4,94,300 be granted to the Government to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of General Administration.

(*The motion was carried*)

مسٹر افتخار احمد خان ۔ جناب والا ۔ میں ایک شعر سنانا چاہتا ہوں تاکہ تمام اصحاب کا mood درست ہو جائے ۔ بدمزگی بھول جائیں ۔ بالکل وقتی طور پر سید احمد سعید کرمانی اور ملک قادر بخش صاحب کی لڑائی کو ختم کرنے کیلئے یاد آیا ہے ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں ۔

قفس میں وہ حیات و موت کی سرحد پہ بیٹھے ہیں
چمن میں جن کے نالوں کی بدولت انقلاب آیا

Mr. Speaker : Next Demand, please.

(DEMAND NO. 4)

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan) : Sir, I beg to move.

That a supplementary sum not exceeding Rs. 1,00,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of Frontier Regions.

Mr. Speaker : Demand moved is :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 1,00,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of Frontier Regions.

Khawaja Muhammad Safdar : Opposed.

Mr. Speaker : The first cut motion is by Mir Haji Muhammad Bakhsh Talpur. As the Member is not present the motion lapses.

The next motion is by Khawaja Muhammad Safdar and the Member does not want to move it. Therefore, it is moved.

The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 1,00,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of Frontier Regions.

(*The motion was carried*)

Mr. Speaker : Next Demand, please.

(DEMAND NO. 5)

Minister of Revenue : I beg to move :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 4,42,050 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending the 30th June, 1964, in respect of Eduction.

Mr. Speaker : Demand moved is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 4,42,050 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending the 30th June, 1964, in respect of Education.

Now, cut motion No. 1 lapses as the mover, Mr. Iftikhar Ahmed Khan, is absent. Next motion is from Allama Arshed. He may please move it.

Allama Rehmat Ullah Arshed : Sir, I beg to move :

That the total of Rs. 4,42,050 on account of 37—Education—Total New Expenditure be reduced by Rs. 4,42,049.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 4,42,050 on account of 37—Education—Total New Expenditure be reduced by Rs. 4,42,049.

Yes, Allama Sahib.

علامہ رحمت‌اللہ ارشد - (بہاولپور - ۲) - میں آپ کے توسل سے اس تخفیف زر کے مطالبہ کے ذریعے حکومت اور محترمہ وزیر تعلیم صاحبہ کی خدمت میں دو تین اہم امور پیش کرنا چاہتا ہوں -

صاحب صدر - میرا خیال ہے کہ اس معزز ایوان میں اس معاملے کے متعلق دو رائیں نہیں ہونگی کہ اس وقت ہمارا تعلیمی نظام اسلامی معاشرے کی تشکیل اور اسلامی اخلاق پیدا کرنے کے اعتبار سے نہایت ناقص ہے - اور اس طرف تشریف رکھنے والے حضرات بھی اس بات سے اتفاق کرینگے کہ ہمارے تعلیمی میدان میں تعلیمی مسائل کے سلسلے میں نہایت انقلابی قسم کی تبدیلیوں کی ضرورت ہے - آج اس معاشرے کو اور اس ملک کی صحافت کو سب سے زیادہ اس بات کا ماتم کرنا پڑتا ہے کہ تعلیم پانے والے لڑکوں کے اندر اخلاق نہیں - بلکہ Teddyism پھیل رہا ہے - اور اسلامی تعلیم کے اعتبار سے وہ بالکل بے بضاعت اور ہیچ میٹرز ہیں - افسوس کہ اس وقت محترمہ وزیر تعلیم صاحبہ تشریف فرما نہیں - ورنہ - - - - -

مسٹر سپیکر - پارلیمنٹری سیکرٹیری صاحب بیٹھے ہیں - وہ آپ کی باتیں بڑے غور سے سن رہے ہیں -

علامہ رحمت اللہ اشد ۔ بہت اچھا جناب ۔ میں ان کی خدمت میں لاہور کا ایک موقر اخبار پیش کرنا چاہتا ہوں جس میں اخبارالعلم کے نام سے ایک فوٹو آیا ہے جس میں ہماری یعنی قوم کی بیٹیاں جو کالجوں اور سکولوں میں پڑھتی ہیں ۔ ان کے ایک Variety Show کا پس منظر دکھایا گیا ہے ۔ یہ فوٹو میں پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب کو پیش کرتا ہوں ۔ اس فوٹو کے مطالعے کے بعد آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ ہماری موجودہ تعلیم اس ملک کی نوجوان نسل میں کس قسم کا اخلاق، تہذیب اور ثقافت پیدا کر رہی ہے ۔ میں نہایت کھلے الفاظ میں یہ بات کہہ دینا چاہتا ہوں کہ ہمارے تعلیمی اداروں میں یہ Variety Show یہ ثقافتی شو اور یہ آرٹ کے مظاہرے ہماری نئی نسل کو اسلام سے بلکہ پاکستان سے اور ان اغراض و اسباب سے جس کیلئے یہ ملک معرض وجود میں لایا گیا ۔ کوسوں دور لے جا رہی ہے ۔ اور اس نئی نسل کی بربادی دراصل ہمارے سارے ملک کی بربادی سے تعبیر ہے ۔

صاحب صدر ۔ دوسری بات جس کے متعلق میں نے آپ کی اجازت کے بغیر ہی جسارت کی تھی اور جس پر مجھے افسوس ہوا ہے ۔ یہ ہے جیسا کہ میں نے ملک قادر بخش صاحب کی تقریر کے دوران عرض کیا تھا کہ بہاولپور کے ساتھ جو ناانصافی ہوئی ہے اس کے متعلق ارشاد فرمائیں ۔ تو انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا ۔ لہذا اب میں حکومت کی توجہ ایک ناانصافی کی طرف دلاتا ہوں ۔ وہ یہ کہ وحدت مغربی پاکستان کے قیام سے پہلے ریاست بہاولپور سے ۔م طلباء کو مختلف تعلیمی اور Technical اداروں میں تعلیم و تربیت کیلئے سرکاری وظائف پر بھیجا جاتا تھا ۔ جن کے تمام مصارف تعلیم حکومت برداشت کیا کرتی تھی ۔ اور ان طلباء کیلئے ملازمت کی گارنٹی ہوتی تھی ۔ اس ہاؤس کے اندر بہاولپور کے ارکان موجود ہیں ۔ وہ اس بات کے گواہ ہیں ۔ ہمارے محترم گردیزی صاحب جن کی میرے دل میں بڑی عزت ہے ۔ وہ بھی تشریف رکھتے ہیں ۔ وہ بھی گواہ ہیں ۔ وحدت مغربی پاکستان کے قیام پر چاہئے تو یہ تھا کہ ۔م کی بجائے ۔ م طلباء کو تعلیمی اداروں میں داخل ہونے کے لئے سہولتیں بہم پہنچائی جائیں ۔ اور ان کے تعلیمی مصارف حکومت برداشت کرتی ۔ لیکن ان کو یک بیک ختم کر دیا گیا ۔ اس کا اثر یہ ہی نہیں ہوا کہ ہم تعلیم کے میدان میں پیچھے رہ جائینگے اور رہ گئے ہیں بلکہ اس کا اثر ہماری اقتصادی زندگی پر بھی پڑا ہے ۔ تعلیمی زندگی پر بھی پڑا ہے اور معاشرتی زندگی پر بھی، جس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ لوگ جو پہلے ہی پس ماندہ تھے اور زیادہ پسماندہ

ہو گئے ہیں ۔ اس لئے میں آپ کے توسط سے حکومت کی خدمت میں عرض کرونگا اور اس مسئلے کی طرف توجہ دلاؤنگا کہ وہ مہربانی فرما کر اسی سہولت کو بحال کریں ۔

جناب والا ۔ جناب ملک صاحب کو مجھ سے ایک شکایت یہ ہے کہ حکومت جو اچھے کام بھی کرتی ہے ۔ ہم اس کی تعریف نہیں کرتے ۔ تو اب میں ان کی تعریف کرتا ہوں ۔ (قہقہہ) بہاولپور میں جامعہ اسلامیہ کا قیام حکومت کا نہایت ہی مستحسن کام ہے جس کے لئے میں اسے تحسین پیش کرتا ہوں ۔ میں پریذیڈنٹ صاحب ۔ گورنر صاحب اور اس حکومت کو اس کے لئے مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ لیکن میں یہ عرض کر دوں کہ کہا یہ گیا تھا کہ

زباں میری ہے بات ان کی

بہاولپور میں جامعہ اسلامیہ قائم نہ ہوگی بلکہ ایک اسلامی یونیورسٹی قائم کی جائے گی ۔ تو کیا میں آپ کی وساطت سے ان کو اس امر کی طرف متوجہ کرا سکتا ہوں کہ حکومت اس اجلاس میں وہ اسلامی یونیورسٹی بل اس معزز ایوان میں پیش کرینگی ۔ تاکہ وہاں اسلامی یونیورسٹی قائم کی جا سکے ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تحریک تخفیف پیش کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Mr. Kirmani may please move his motion now.

Syed Ahmed Saeed Kirmani (Lahore V) : Sir, I beg to move—

That the total of Rs. 4,42,050 on account of 37—Education—Total new expenditure be reduced by Rs. 4,42,049.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

That the total of Rs. 4,42,050 on account of 37—Education-Total new expenditure be reduced by Rs. 4,42,049.

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب صدر ۔ گو یہ حقیقت ہے کہ آپ کسی معزز ممبر کو ہاؤس میں موجود رہنے کے لئے مجبور نہیں کر سکتے ۔ اور یہ ضروری بھی نہیں کہ آپ ایسا کریں ۔ مجھے اس سے اتفاق ہے ۔ لیکن جہاں تک اس ایوان کی روایات اور عام اخلاق کا تعلق ہے یہاں ہمیشہ یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ جب بھی کوئی مطالبہ زر کسی محکمے کے متعلق پیش ہو تو کم از کم متعلقہ وزیر ضرور ایوان میں تشریف فرما ہوتے ہیں ۔ کیونکہ جو اختیارات ایک وزیر کو ہیں وہ ان کے پارلیمنٹری سیکریٹری کو نہیں ہو سکتے ۔

مسٹر سپیکر ۔ علامہ صاحب آپ کی تجویز مناسب اور معقول ہے ۔ اور میں اس سے اتفاق کرتا ہوں ۔ لیکن بعض اوقات ان کو ضروری طور پر باہر جانا پڑتا ہے ۔ بہر حال ان کا نمائندہ یہاں موجود ہے ۔

وزیر مال (خان پیر محمد خان) ۔ جناب والا ۔ میں خود ان کے points کے نوٹ لے رہا ہوں ۔ اگر وہ چاہیں تو میں ابھی ان کو سنا سکتا ہوں ۔ ان کے نوٹ لئے جا رہے ہیں اور انشاءاللہ ان کا موزوں جواب دیا جائیگا ۔

سید احمد سعید کرمانی (لاہور ۔ ۵) ۔ جناب والا ۔ اگر آپ تعلیم کی حالت پر غور فرمائیں تو آپ دیکھیں گے کہ اس وقت ہمارے صوبے کی تعلیم کو تین مسائل درپیش ہیں ۔

پہلا مسئلہ ہم یہ دیکھتے ہیں کہ طلبا میں بے راہ روی کا رجحان روز بروز بڑھ رہا ہے ۔

دوسرے یہ کہ جہاں تعلیم کا شوق عوام میں بڑھ رہا ہے ۔ وہاں اس کے مقابلے میں سکولوں اور کالجوں کی تعداد بہت ہی کم ہے ۔

تیسرا مسئلہ یہ ہے کہ جہاں تعلیم میسر ہے ۔ وہاں وہ کم اخراجات پر میسر نہیں آتی ۔

جناب والا ۔ میں تو ان لوگوں میں سے ہوں جو اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ اگر تعلیم کو عام کرنے اور اسے سستا کرنے کے لئے ہمیں کوئی مزید ٹیکس بھی لگانے پڑیں تو ہمیں یہ کام ضرور کرنا چاہئیے ۔ اس سے بہتر اور احسن اقدام اور خدمت ہو نہیں سکتی ۔ آپ غور فرمائیں کہ جہاں تک پہلے مسئلے کا تعلق ہے اس میں میں نے عرض کیا ہے کہ اب طلبا میں بے راہ روی کا رجحان بڑھ رہا ہے ۔ اس سلسلہ میں تمام واقعات جو حال ہی میں ہمارے سامنے آئے ہیں ہم نے دیکھا ہے کہ بعض اداروں میں خود اساتذہ میں بھی پارٹی بازی ہے ۔

(At this stage Sardar Inayatur Rehman Abbasi rose to speak)

Mr. Speaker : Mr. Abbasi, may please take his seat.

سید احمد سعید کرمانی ۔ جناب والا ۔ لاہور میں جو فسادات ہوئے ہیں ان کے دو پہلو ہیں ۔ ایک تو یہ تھا کہ طلبا law & order کی قوتوں سے

ٹکرائے اور دوسرا طلبا اور یونیورسٹی کے اساتذہ کا طرز عمل تھا ۔

۱ ۔ واقعات ہمیں بتاتے ہیں کہ پچھلے فسادات میں لڑکوں کو بے راہ روی پر ابھارنے کے لئے جو قوتیں بر سر عمل تھیں ان میں خود اساتذہ کا ٹولا بھی تھا ۔ اس لئے میں عرض کروں گا کہ تعلیم کے مستقبل کو روشن رکھنے اور مفید بنانے کے لئے ضروری ہے کہ حکومت اور خاص کر یونیورسٹی کے اساتذہ کی پارٹی بازی کو ختم کیا جائے ۔ اگر ایسے ثبوت مہیا ہو جائیں کہ طلبا کے مظاہروں میں یونیورسٹی کے اساتذہ کا ہاتھ بھی تھا تو حکومت کو اس بات کا نوٹس لینا چاہئے اور ایسے اساتذہ کے خلاف کارروائی کرنی چاہئے جنہوں نے بچوں کو یہاں تک ابھارا کہ بالاخر انہیں law & order سے ٹکرانا پڑا ۔ اگر اس سے چشم پوشی کی گئی تو اس بات کا خدشہ ہے کہ حکومت نے جو تحقیقات کرانے کی کوشش کی ہے وہ رائگاں جائے گی ۔

۲ ۔ جناب والا ۔ ہر روز ہم اخبارات میں پڑھتے ہیں نیز صوبہ کے مختلف گوشوں سے خطوط کے ذریعہ ہمیں یہ اطلاعات آتی رہتی ہیں کہ عوام میں تعلیم حاصل کرنے کا بے پناہ جذبہ پیدا ہو گیا ہے ۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ اس کے مقابلہ میں آپ کے پاس کالج اور سکول بہت کم ہیں ۔ کہا جاتا ہے کہ اگر ہم زیادہ سکول اور کالج کھولیں گے تو روپیہ کی ضرورت ہوگی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ جرأت سے کام لے کر ایک تعلیمی ٹیکس لگا دیں تو باوجود اس امر کے کہ صوبہ کے لوگوں کی اقتصادی حالت بہتر نہیں وہ اسے خوشی سے اور خندہ پیشانی سے قبول کریں گے اور حکومت کا ہاتھ بٹائینگے ۔ اس سے ملک اور قوم کا مستقبل بہتر ہوگا اور سنورے گا ۔ اور آنے والی نسلیں نظم و نسق کی ذمہ داری کو بخوبی سنبھال سکیں گی ۔

۳ ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا حکومت کو سستی تعلیم کے لئے انتظامات کرنے چاہییں ۔ ہمارا صوبہ متوسط درجہ کے لوگوں کا ہے ۔ یا یوں کہئے

کہ یہاں Lower middle class کے لوگ ہیں۔مگر تعلیمی اخراجات دن بدن بڑھ رہے ہیں جو تعلیم کو فروغ دینے کے راستے میں رکاوٹ بن رہے ہیں اگر واقعی حکومت کو تعلیم کو فروغ دینے کا مقصد عزیز ہے تو میں گذارش کرونگا کہ ایسے اقدامات کرنے چاہئیں جن سے تعلیم سستی ہو ۔ تاکہ غریب آدمی بھی اپنی اولاد کو اس زیور سے آراستہ کر سکیں ۔ اگر سماج میں تعلیم عام ہو گئی اور سماجی اداروں کو بہتر انداز میں چلا سکیں گے تو اس کا اثر آئندہ نسلوں پر پڑے گا ۔ لیکن اگر انہیں محروم کیا گیا تو اس سے سماج کے مجموعی مفاد کو نقصان پہنچے گا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ تعلیم کو عام اور سستی کرنے میں ملک کی بہتری ہے اور سماج کی بھی بہتری ہے ۔ اس کے ساتھ ہی جناب والا ۔ میں یہ بھی عرض کرونگا کہ سابق صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ خان عبدالقیوم خان کے زمانہ میں وہاں طلبا اور طالبات کے لئے ایک یونیفارم مقرر کی گئی تھی ۔ اگر یہاں بھی یونیورسٹی اور سکولوں میں یہ رائج کر دیا جائے تو بہت حد تک اس سے ملک اور قوم کی خدمت ہوگی ۔ یہ کوئی مشکل کام نہیں آپ ایک executive order سے طلبا اور طالبات کو مجبور کر سکتے ہیں کہ وہ سادے لباس اور کپڑے پہنیں اس سے بہت سی برائیاں دور ہو جائیں گی ۔ وہ گھرانے جو قیمتی کپڑے بنانے کی استطاعت نہیں رکھتے وہ بھی اپنے بچوں کو سکول بھیجنے کا اہتمام کر سکیں گے اور مزید تعلیم دلا سکیں گے ۔ یہ تینوں باتیں بڑی اہم ہیں اور مجھے توقع ہے کہ اس سلسلہ میں کوئی ٹھوس قدم اٹھایا جائے گا ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Mr. Allah Dad Khan is not moving his motion.

Mr. Allah Dad Khan : No Sir.

Mr. Speaker : Next is from Haji Abdul Majid Jatoi. He is not present. So the motion lapses.

Next. Mian Abdul Latif.

Mian Abdul Latif : I beg to move :

"That the item of Rs. 47,340 on account of C(i)—Primary Schools—(i)Pay of Establishment—Forty-four Teachers be reduced by Rs. 47,339."

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

"That the item of Rs. 47,340 on account of C(1)—Primary Schools—(i)Pay of Establishment—Forty-four Teachers be reduced by Rs. 47,339."

Yes, Mian Latif.

Mian Abdul Latif (Sheikhupura - 1) : Mr. Speaker, Sir, as we all know this Province which technically is a Province is, in fact, much bigger than many independent and sovereign countries of the world. It is almost as big as Italy, as big as West Germany, and bigger than Holland, Belgium, Luxembourg, Czechoslovakia, Austria, Hungary, all put together. The rate of literacy in these countries ranges between 95% and 100%, whereas we have been told by Education Minister, that the rate of education (literacy) in West Pakistan is 13%. That means that 87% of the people of this Province are illiterate. Some experts have told me that this figure has been exaggerated. In fact the rate of literacy in West Pakistan is somewhere between seven and ten percent. Granted Sir, that the figures given by the Education Minister are correct than who can be satisfied with this figure? I suppose neither the Governor nor the Council of Ministers nor anybody else in West Pakistan can be satisfied with this rate of progress.

Mr. Speaker, we have got about five crores of people in this Province out of whom, on a rough estimate, there are about a crore of children, there are about a crore of children of school-going age. For their education we need a revolutionary programme, a revolutioary Budget, a revolutionary conception, a revolutionary design and revolutionary execution. A school here and a school there will not solve the problem. We have to educate in a very very short period nearly one crore of children. What they have given us is four Primary Schools for a Province which is as big as Italy. I feel, Sir, that the Department itself has created two big hurdles in the way of mass-literacy programme :

(1) The first is that a rule has been chalked out that only J.V. Teachers shall be appointed in Primary Schools, and,

(2) Schools will be started only where a big and spcious building is provided by the villagers.

I am sure Sir, Malik Qadir Bakhsh received his education from teachers, who had not seen the face of a J.V. Schools. I am younger than him. My own teachers were not Normal pass teachers and I was not educated up to the 3rd Class under the roof of any house. I received my first lesson under a tree and from people who had passed not higher than 8th Class. So if we can some how by an executive order remove these two big hurdles in the way of mass literacy, then enough will have been done. We can say Sir, that every mosque in the province shall be used as a school. Every Imam shall be deputed to coach the students of that place. We can somehow afford to give him some little stipend. This will go a long way in solving this educational problem.

I have to say a word Sir, about adult education. Every now and then the Ministers bring forward a budget wherein they demand some money for their adult education drive. I am not expert but as a layman I know, and most of my colleagues will agree with me, that this is just a wasteful adventure. They cannot educate our children but they run about with Inspectors and Sub-Inspectors and teachers and A.D.Is, with a whole contingent of them, to educate our adults. They can never succeed. Let them concentrate wholly on the education of our children of school going age. As people in the villages say Sir, they want to build 'Chaubara' without building the ground floor. That 'chaubara' will not be built atleast in West Pakistan

Then Sir, a word about physical education. Hilter, in his great book Mein Kampf, says that a strong man moderately educated is infinitely better than a weakling stuffed with knowledge. We need sturdy boys ; we need boys with strong physique, as they say a healthy mind in a healthy body. But in our educational institutions very little attention is being paid to physical education. I would entreat the Minister of Education to give greater attention to this aspect of our education

Then Sir, I have to say a word about military training. Sir this is 1963 and in this year we have got a very strong, very big hostile neighour, where they have prepared 40 crores of their people to put you down. Ministers must be knowing that India is raising an army of 20 lakhs more. Besides they are raising a militia of 30 lakhs. They are starting six ordinance factories this very year ; twelve they already have. With the Russian aid they are setting up a MIG Super-Sonic Jet Factory. With the help of France a Tank Factory is being set up. These preparations are not being made for China, not for any other country but only to run you over, to remove you from the map of the world. As against this huge programme of preparation that India is making against Pakistan, what are you doing. You are giving us four primary schools, two secondary schools and two normal schools. India has made military training absolutely compulsory in all colleges. I would respectfully and very humbly entreat the Government, request then not to sleep over this problem, not to ignore it, not to turn its back on this problem We need every student in the college to be military officer. We need every able-bodies man to be trained in military science in order to be able to defend this country when occasion arises.

Mr. Speaker : The member may please resume his seat now.

Mian Abdul Latif : One minute more Sir. One aspect only.

Mr. Speaker : One minute.

Mian Abdul Latif : My last submission would be Sir regarding education for building our character. We are dismayed, we are ashamed rather, when we see characterless politicians, characterlessl laders, characterless teachers, characterless maulvis, chrracterless traders,and what not. If you want to make this nation a good nation, a respectable nation, a big nation, then you will have to do something to raise the moral standard of the people. This cannot be done by following the course upon at which you are embarked present. Something special, something more directly concerned with the character building of the nation will have to be done.

Sir with these remarks, I finish my speech.

Mr. Speaker : Is Mir Haji Muhammad Bux Talpur making his motion ?

Mir Haji Muhammad Bux Talpur : Yes, Sir I beg to move—

That the item of Rs. 64,080 on account of C(1) Government Primary Schools—Total Pay of Establishment be reduced by Rs. 100.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

That the item of Rs. 64,080 on account of C(1) Government Primary Schools—Total Pay of Establishment be reduced by Rs. 100.

حاجی میر محمد بخش تالپور (تھرپارکر۔ ہ) صاحب صدر ۔ معلوم یہ ہوتا ہے ۔ کہ ہمارے محکمہ تعلیم میں کوئی منصوبہ بندی نہیں ہو رہی ہے ۔ یا اس کا پروگرام کسی منصوبہ بندی کے بغیر چل رہا ہے۔ اور اگر چل رہا ہے۔ تو کم از کم سابقہ سندھ کے علاقے میں کوئی منصوبہ بندی یا پروگرام کے تحت نہیں چل رہا ۔ اور میں یہ بتاؤنگا ۔ کہ میں ایسا کیوں کہہ رہا ہوں ۔

جناب والا ۔ ہر محکمہ یہ کہتا ہے ۔ کہ ہماری خاص پالیسی ہے ۔ خاص aim ہے اور خاص مقصد ہے ۔ اور وہ یہ کہ ملک کے تمام پسماندہ علاقوں کو ترقی دی جائے۔ یہی کچھ ہر طرف سے کہا جا رہا ہے ۔ صنعت و حرفت کے متعلق بھی اور تعلیم وغیرہ کے متعلق بھی یہی کچھ کہا جا رہا ہے ۔ لیکن میرے خیال میں اس طرف بہت کم توجہ دی جا رہی ہے ۔ خاص طور پر ہمارے سندھ کے پسماندہ علاقہ جات ریگستان تھر اور کوھستان کی طرف کم ھی توجہ دی جا رہی ہے ۔

جناب والا ۔ گذشتہ بجٹ میں کتنے ھی پرائمری اور ھائی سکول کھولنے کے لئے رقوم رکھی گئی تھیں ۔ لیکن آپ کو علم ہے ۔ کہ یہ سکول کھولے ھی نہیں گئے ۔ اور نہ ھی مستقبل میں ان کے کھولے جانے کی کوئی امید ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے ساتھ ساتھ یہاں سے ایک حکم نامہ جاری کیا گیا تھا ۔ کہ عملے میں تخفیف کی جائے۔ کیونکہ اخراجات میں اضافہ ہو رہا ہے ۔ اور یہ حکم نامہ تمام ڈویژنوں میں اور ہر ڈائریکٹر کو بھیجا گیا تھا ۔ اس کے متعلق میں نے سوال بھی کیا تھا ۔ جس کا مجھے جواب بھی ملا ۔ کہ کسی جگہ بارہ ، کہیں تیس اور کہیں چالیس تک تخفیف کی گئی ہے ۔ اور بہتر سے زیادہ کسی بھی جگہ تخفیف نہیں ہوئی ۔ لیکن ہمارے ریجن میں تقریباً گیارہ سو چپڑاسی نکالے گئے ہیں ۔ یہ تخفیف تو تمام عملے میں ہونی چاھئیے تھی ۔ پروفیسروں ، کلرکوں اور افسروں میں بھی ہونی چاھئے تھی ۔ لیکن ان کا سارا نزلہ چپڑاسیوں پر ھی گرا ہے ۔ اور گیارہ سو کے قریب چپڑاسی روٹی سے محروم ہو گئے ہیں ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد عرض یہ ہے کہ ہمارے سابقہ صوبہ سندھ میں جبری تعلیم کا نظام رائج تھا ۔ لیکن اب اسے تقریباً بند کر دیا گیا ہے ۔ لیکن Primary Education Ordinance نے اس میں جو جبری تعلیم کے متعلق پرویژن ہے ۔ اسے بتدریج تمام علاقوں میں اسی طرح نافذ کیا جائے ۔ جس طرح کہ سابق سندھ میں اسے نافذ کیا گیا تھا ۔ اور بڑی کامیابی کے ساتھ وہ نظام چل رہا تھا ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں اپنے علاقہ تھر کے متعلق یہ عرض کرونگا ۔ کہ یہ تھر کا علاقہ تقریباً ۱۰۰ ہزار مربع میل ہے ۔ اور اس میں ۳ ہزار آدمی بستے ہیں ۔ اور ہم ڈیڑھ سال سے کہہ رہے ہیں کہ یہاں ایک انٹرمیڈیٹ کالج ہونا چاہئیے لیکن اب تک نہیں ہوا ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد ایک اور بات سننے میں آئی ہے ۔ اس سے قبل پرائمری سکولوں میں School Leaving Certificate کا ایک امتحان ہوتا تھا ۔ سنا ہے کہ آپ سکول بند کر رہے ہیں یہ پسماندہ علاقے کے لوگوں کے لئے ایک سہولت ہے اس کو آپ نہ چھینیں ۔

Mr. Speaker : Next motion is by Khawaja Muhammad Safdar who is not moving it.

Mr. Ibrahim to move his motion.

Chaudhri Muhammad Ibrahim : Sir, I beg to move :

That the total of Rs. 4,42,050 on account of 37-Education-Total new expenditure be reduced by Rs. 4,42,049.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 4,42,050 on account of 37-Education-Total new expenditure be reduced by Rs. 4,42,049.

Yes, Chaudhri Sahib.

چودھری محمد ابراھیم (سیالکوٹ ۔ ۳) صاحب صدر ۔ علامہ اقبال نے فرمایا ہے ۔

قوم را سرمایہ اے صاحب نظر
نیست از نقد و قماش و سیم و زر
مال او فرزند ھائے تندرست
تر دماغ و سخت کوش و چاق و چست

حقیقت یہ ہے کہ کسی قوم کا سرمایہ اس کا مال و ثروت اور بڑے بڑے بینک نہیں ہوتے ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ صرف بینک آف پیرس سے کوئی ۵۲ ٹن سونا نکلا ۔ جرمن اور فرانس میں جب لڑائی ہوئی تو فرق صرف یہ تھا کہ جرمنی نے اپنی قوم کو ایک خاص مقصد کے لئے تیار کر رکھا تھا اور فرانس والوں نے اپنی قوم کو عیش و عشرت کا دلدادہ بنایا تھا تو جرمنی کا فرانس کے ساتھ کوئی مقابلہ نہیں تھا ۔ واقعہ یہ ہے کہ یہ کیریکٹر پیدا کرنا تعلیم و تبلیغ کے ذریعہ ہو سکتا ہے ڈنڈے کے زور سے نہیں ہو سکتا اور کسی قوم کی تربیت اس طرح نہیں ہو سکتی کہ ڈنڈے کے زور سے اس کے دماغ پر خواندگی ٹھونس دیجائے ۔ جیسا کہ کہا گیا ہے

آدمیت اور شے ہے خواندگی ہے اور شے
لاکھ طوطے کو پڑھایا پر وہ حیوان ہی رہا

ان کو Educators need to be educated more کرنے کی بہت ضرورت ہے ۔

صاحب صدر ۔ تعلیم سے مراد صرف یہ نہیں ہے کہ ایک قوم کو خواندہ بنا دیا جائے اس کا ایک معیار بنایا جائے اس کے لئے مہم جاری کی جائے ۔ یہاں معلوم نہیں کہ ہماری حکومت کے سامنے کیا مقصد ہیں ۔ ایک جائز سی قرار داد کہ خواندگی کی مہم کو تیز تر کر دیا جائے وہ بھی حکومت نے مسترد کر دی ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ معقول سے معقول قرار داد اور اس پر غور کرنا بھی مناسب نہیں سمجھتے جو کہ اس ملک کی بنیادوں کو مضبوط کرنے کے لئے دی گئی تھی ۔

صاحب صدر ۔ تعلیم کے متعلق جو حکومت کی پالیسی ہے اس سے ہر مقام پر مجھے تشویش اس لئے ہے ۔ میں بھی اس ملک کا رہنے والا ہوں اس ملک کی بہبودی کے ساتھ وابستہ میری بہبودی ہے اس ملک کی قوت کے ساتھ میری جان و زندگی ہے ۔ اس لئے مجھے یہ حق حاصل ہے کہ میں ایسے مسائل پر ۔ ۔ ۔

مسٹر افتخار احمد خاں ۔ جناب کورم Check کر لیجئے ۔

Mr. Speaker : Let there be a count.

(A count was taken)

Yes, the House is not in quorum. Let the bells be rung for five minutes.

(At this stage quorum bells rang for two minutes)

Mr. Speaker : The House is in quorum now. Let us proceed with the business.

Yes, Chaudhri Sahib.

چودھری محمد ابراھیم - صاحب صدر- تعلیم سے مقصد صرف خواندگی نہیں ہے - پہلے ہر قوم ہر ملک اپنی ضرورت کے مطابق کچھ بنیادی چیزیں اپنے سامنے رکھتا ہے کہ اس کی تعلیم کا مقصد یہ ہے - ہماری بد نصیبی یہ ہے کہ اس ملک کو لارڈ میکالے نے جو نظام تعلیم دیا جس کے متعلق علامہ اقبال فرماتے ہیں

یہ اہل کلیسا کا نظام تعلیم
ایک سازش ہے فقط دین و مروت کے خلاف

یہ دین و مروت کے خلاف سازش ہے اور اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی - جناب علامہ علیہ الرحمۃ نے ایک ورائٹی شو کا ذکر کیا تھا لیکن یہاں تو ایک ایک سکول مدرسہ جو کچھ فرمایا ہے - طالبات کا ہو یا طلبہ کا ہم نئی پود کو بالکل اس نقطہ نگاہ سے ملاں نہیں بنانا چاہتے بلکہ انہیں اپنی ناچ و رنگ کی تعلیم دی جا رہی ہے - اب صاحب صدر - ہماری قوم کے سامنے آخر کیا چیز ہے کیا ہم نے زندگی کے جو Sheer تقاضے ہیں ان کو بھی فراموش کر دیا ہے ہم واجد علی شاہ کی یادگاریں قائم کر رہے ہیں - کمیونزم کم سے کم ایک مقصد کو تو سامنے پیش کرتی ہے وہ اپنی تعلیم گاہوں میں اپنے نقطہ نظر کو تجویز کرتی ہے - اور ایک محب وطن قوم اپنے ملک کے قانون کا احترام کرتی ہے اور اس کی پابند ہے لیکن ہم یہاں کیا رہے ہیں ہمارے لیڈر بار بار اعلان کر رہے ہیں کہ یہ اسلامی حکومت ہوگی

اَلَّذِیْنَ اِنْ مَّکَّنّٰھُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتَوُا الزَّکٰوۃَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَھَوْا عَنِ الْمُنْکَرِ۔

اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق پیدا کرنے کی شرط ہوگی - لیکن یہاں عیش و عشرت کے سامان مہیا کئے جا رہے ہیں -

سردار عنایت الرحمن خان عباسی (ہزارہ-۱) - جناب والا - اس کٹ موشن کی وجہ سے مجھے بھی بولنے کا موقع ملا - آپ کی وساطت سے سب سے پہلے میں اس معزز ہاؤس میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ تعلیم کا اصل مقصد کیا ہے اگر تعلیم کا اصل مقصد یہ ہے کہ سکولوں اور کالجوں اور کسی ٹیکنیکل سکول میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد ہم نے اپنا ذریعہ معاش حاصل کر

لیا اور کسب معاش میں ہم مصروف ہو گئے تو میں سمجھتا ہوں کہ تعلیم کا بہت کچھ مقصد ہمارے ملک نے حاصل کر لیا ہے اور حاصل کر رہا ہے ۔ لیکن جناب والا ۔ آپ کی وساطت سے یہ عرض کرنے کے بعد میں مناسب سمجھتا ہوں کہ عرض کروں کہ تعلیم کا مقصد واقفیت ہے تعلیم کا مقصد جاننا ہے ۔ تعلیم کا اصل مقصد اپنے اصل کو پہچاننا ہے ۔ تو میں یہ معزز ایوان سے گذارش کرونگا کہ اپنے گریبانوں میں منہ ڈال کر سوچئے کہ آپ کی تعلیم آپ کو کس طرف لے جا رہی ہے یہ آپ کو اصل سے دور کر رہی ہے آپ ڈگریاں حاصل کر رہے ہیں تعلیمی لحاظ سے لیکن آپ اصل کو نظر انداز کر رہے ہیں ۔ اور اصل سے دور ہو چکے ہیں اب میں اپنی حکومت سے گذارش کرونگا کہ یہ یہاں جو تربیت ہوتی ہے اور جو تعلیم کا طریقہ کار ہے ۔ اگر آپ غریبوں اور مسکینوں پر ٹیکس لگا کر اور ان کی گردنوں پر ٹیکس کا بوجھ ڈال کر رقمیں جمع کرتے ہیں تو میں پورے خلوص کے ساتھ درخواست کرتا ہوں کہ خدا کے لئے تعلیم چلانے کے لئے یہ روپیہ صرف نہ کیا جائے ۔ ہمیں شرم محسوس ہوتی ہے اور میں ذلت سے زمین میں گڑ جاتا ہوں جس وقت میں اپنی بیٹیوں اور بہنوں کو تعلیم حاصل کرنے کے بعد ان کی حالت دیکھتا ہوں ۔ آپ کی تعلیم آج کیا کر رہی ہے ۔ یہ ٹیڈی ازم کو آپ کے پاکستان میں فروغ دے رہی ہے ۔ وہاں یہ کیا ہو رہا ہے ایک بھائی نے پوائنٹ آؤٹ کیا ۔ میرے مغرب زدہ اور ترقی یافتہ بھائی شاید اس بات کو پسند نہ کریں لیکن خدا کے لئے اپنی رگ غیرت پر ہاتھ رکھیں اور یہ محسوس کریں کہ یہ کیا ہو رہا ہے ۔ جس پردے کی خاطر جس حیا کی خاطر آپ بنیادی طور پر اس امر سے انکار کر دیں..... ۔ (قطع کلامیاں) ۔

Mr. Speaker : No interruptions, please.

بیگم ممتاز صفدر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ جہاں تک اخلاقی تعلیم اور تربیت کا تعلق ہے یہ بچے تو اپنی ماں کی گود میں سے لے کر نکلتے ہیں ۔ تعلیم سے یہ چیز نہیں سنور سکتی ان چیزوں کو ماں باپ سنوارتے ہیں ۔

سردار عنایت الرحمان خان عباسی ۔ مسٹر سپیکر ۔ اس میں شک نہیں کہ ماں کی گود میں یہ تربیت میسر آ سکتی ہے لیکن کیا میں یہ پوچھ سکتا ہوں کہ اس تعلیم سے بار آور ہونے والی عورت جو بیٹی بھی ہے اور بیک وقت ماں بھی ہے کیا اس کی گود میں کوئی بچہ پرورش نہیں پائے گا ۔ تو ایسی

تعلیم کے بعد، ایسی تربیت کے بعد وہ کیسے بچوں کو جنم دے گی ۔ میں تو اصولی بات آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں ۔ بات سننی چاہئیے ۔ مجھے میرے حق سے محروم نہیں کرنا چاہئیے جو مجھے آئین نے دیا ہوا ہے ۔ میں تو ایک بات عرض کرتا ہوں اور وہ یہ یا تو آپ بنیادی طور پر اس امر سے انکار کر دیں ۔ جب آپ آئین بناتے ہیں تو اس میں آپ یہ تحریر کرتے ہیں کہ کوئی بات قرآن اور سنت کے خلاف نہیں ہوگی اور جب پبلک میٹنگ کرتے ہیں تو یہی چیز دہراتے ہیں ۔ میری چھوٹی سی بات آپ کی خدمت میں عرض ہے کہ رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے دین نے چند اصول طے کئے ہیں اور ان اصولوں میں سے ایک پردہ اور حیا کے متعلق ہے ۔ ذرا اس کو سامنے رکھیں اور دیکھیں کہ پردہ اور حیا کیا ہے ۔ آپ نے اس امر سے انکار کر دیا کہ بنیادی طور پر اگر یہ دونوں چیزیں موجود نہ ہوں تو وہ میری امت میں سے نہیں ہو سکتے ۔ وہ شریعت محمدی کے حامل نہیں ہو سکتے ۔ تو میں آپ کی خدمت میں عرض کر رہا تھا کہ اس تعلیم کو خدا کے لئے .....
میں یہ نہیں کہتا ہوں کہ خدا نخواستہ عورتوں میں تعلیم نہیں ہونی چاہئیے ۔ عورت مرد کا ایک مکمل اور کامل جزو ہے ۔ جب تک وہ اس کے ساتھ ۔ جب تک قدم بہ قدم اس کی رفاقت نہ کرے مرد کسی کام کی تکمیل نہیں کر سکتا ۔ یہ تو گھر کا وزیر ہے اور تعلیم اس کے لئے انتہائی مقدم ہے ۔ جناب والا ۔ میں وزیر تعلیم صاحبہ کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ وہ اس طرف توجہ دیں ۔ اس تعلیم کو اسلامی رنگ میں ڈھالیں اور اسلامی رنگ کا یہ مطلب نہ لیں کہ سائنسی تعلیم چھوڑ دیں ۔ وہ کریں لیکن اسلامی اصولوں کے مطابق کریں ۔ جناب والا ۔ ہماری موجودہ تعلیم جو ہے وہ اتنی مہنگی ہو چکی ہے کہ یہ مخصوص طبقہ کی اجارہ داری بن چکی ہے ۔ آپ اس چیز پر بھی غور کیجئے ۔ یہاں تعلیم حاصل کرنے کے مواقع فراہم کیجئے ان کے لئے بھی جو غریب ہوں اور دور دراز علاقہ جات کے رہنے والے ہوں ۔ اور دوسری بات جناب والا ۔ جو ہے وہ بھی میں عرض کر دوں کہ تعلیم کی کامیابی کا دارو مدار ابتدائی اور پرائمری ایجوکیشن پر ہے ۔ آپ ان مغربی ممالک کی ان باتوں کی تقلید تو کر لیتے ہیں خواہ ہمیں دین سے دور ہٹنا پڑے لیکن آپ اس کی تقلید نہیں کرتے کہ جہاں پرائمری کی تعلیم بنیادی طور پر سخت ضروری ہو ۔ آپ اس کے انچارج کو پرنسپل کہتے ہیں اور اس کو تنخواہ بھی کافی زیادہ ملتی ہے جو تعلیمی لحاظ سے زیادہ قابلیت رکھتا ہے خواہ وہ پرائمری سکول ہو ۔ اور

ادھر ہمارے سکولوں کی حالت دیکھیں ۔ کالج تو کجا ہائی سکول تک میسر ہی نہیں ۔ وہاں کیا ہوتا ہے جناب کہ معاشرے میں جو آدمی سب سے زیادہ غیر موزوں ہوتا ہے ناکارہ ہوتا ہے حتیٰ کہ اس کو کوئی ڈرائیور بھی نہ رکھے وہ محکمہ تعلیم کی طرف رجوع کرتا ہے اور پرائمری ٹیچر لگا دیا جاتا ہے اور نتیجہ کیا ہوتا ہے کہ جو وہاں سے پڑھ کر آتے ہیں اس کا نتیجہ آپ خود نکال سکتے ہیں اس سے کیا فائدہ ہو سکتا ہے ۔ تیسری بات جناب والا ۔ جو میں گذارش کرنی چاہتا ہوں وزیر تعلیم صاحبہ کی خدمت میں یہ ہے کہ دیہات کے علاقہ جات میں وظائف کو بالکل اور قطعی طور پر نظر انداز کیا گیا ہے ۔ کیا میں دریافت کر سکتا ہوں کہ اعلیٰ تعلیم کے لئے ضلع ہزارہ کے دیہات میں کتنے وظائف دئے گئے ہیں اگر نہیں دئے گئے تو اس کے وجوہات کیا ہیں ۔ میں نے ان کی خدمت میں کئی بار زبانی بھی عرض کیا ۔ ایک آدمی کا نام ذکر کرنا چاہتا ہوں کہ ایک لڑکا زمان حیدر اس کا نام ہے ۔ ہزارہ کے پسماندہ علاقے کا رہنے والا ہے ۔ اس نے بھیک مانگ کر ایم ۔ اے ۔ کا داخلہ حاصل کیا ہے ۔ میں اُن کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ وہ بھی پاکستان کے شہری حقوق کا حق دار ہے اور اس کا Case consider کریں ۔

Mr. Speaker : Let me make one thing clear. There are 10 Demands and we are now on the 5th Demand. There are 5 Demands which we have to discuss. If we continue to discussing this Demand, we will have no opportunity to discuss the remaining Demands.

صاحبزادی محمودہ بیگم ۔ پوائنٹ آف آرڈر عباسی صاحب نے جو کچھ تقریر کی ہے اور تعلیم کے بارے میں جو کچھ کہا ہے اس کا بہت سا حصہ درست ہے لیکن تھوڑے سے حصے سے غلط فہمی ہونے کا امکان ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

میجر سلطان احمد خاں (ہزارہ-۳) صاحب صدر ۔ اس سلسلے میں ایک ایسی عرض کرنی ہے جو کہ اس ملک کی جیسی صورت حال اختیار کر چکی ہے کہ اس کا خدشہ ہے ۔ حکومت کو ابھی تک محسوس نہیں ہوا اور نہ کبھی ہوگا ۔ لیکن اگر اس پر یہ لوگ اور خاص کر بیگم صاحبہ اس محدود قسم کی وزارت کے اندر کچھ نظرثانی کر سکیں تو ہم بڑے مشکور ہونگے ۔ جناب والا ۔ وہ یہ ہے کہ اس بد نصیب ملک میں آپ اگر سنجیدگی سے ہر شہر کے گرد و نواح کو دیکھیں تو چھ سات قسم کے علیحدہ علیحدہ تعلیمی ادارے مرتب کر دئے گئے ہیں ۔ اس کا نتیجہ کیا ہے کہ اس میں چھ سات قسم کی

علیحدہ علیحدہ شکلوں کے - علیحدہ علیحدہ لباس کے - علیحدہ علیحدہ شکلوں کے - علیحدہ علیحدہ توفیق کے لوگ زیر تعلیم ہیں اور ان سکولوں میں زیادہ تر وہی لوگ زیر تعلیم ہیں جو آسودہ حال طبقہ یا درمیانی طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں - اس کا نتیجہ کیا ہوگا ؟ جیسا کہ آج اس ملک میں چند ایک خود غرض طبقہ کی وجہ سے انتشار اور بد امنی ہے بلکہ مملکت کو خطرہ تک پیش آ چکا ہے تو اگر وہ بچے بھی علیحدہ علیحدہ نسلوں کے پیدا ہو جائیں تو میں نہیں جانتا کہ اس قوم کا کیا حشر ہوگا - تو یہ بڑا وسیع موضوع ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس قسم کے دماغوں پر میں شائد پورا اثر نہ ڈال سکوں مگر بیگم صاحبہ سے ضرور عرض کرونگا - باقی تعلیمی مسائل میں ۱۰۰ فی صدی نہ سہی تو ۵۰ فی صدی - ۶۰ فی صدی تک ہمارے ساتھ ضرور تعاون ہو رہا ہے - میں چاہتا ہوں کہ تعلیم کو اس ملک میں Standardize کیا جائے جس میں امیر سے لے کر غریب تک ایک لباس میں آئیں - ایک قسم کی قمیض میں آئیں تاکہ وہ دوسروں کی ذہنیت کو جان سکیں -

خان اجون خان جدون (مردان - م) جناب سپیکر - پاکستان بننے کے بعد ہمارے ملک میں تعلیم کے لئے جو شوق پیدا ہو گیا ہے خاص کر پسماندہ علاقہ جات میں اس کے پیش نظر کم از کم ۱۹۵۸ء تک پسماندہ علاقوں کی تعلیم کی طرف زیادہ توجہ نہیں دی گئی - لیکن مارشل لاء کے زمانے میں اور اس کے بعد آج تک جو بھی توجہ گورنمنٹ نے پسماندہ علاقہ جات کی طرف دی ہے وہ یقیناً قابل ستائیش ہے - لیکن جناب والا - میں وزیر تعلیم صاحبہ کی توجہ ان پسماندہ علاقوں کی طرف دلاتا ہوں جو مردان اور ضلع ہزارہ میں ۱۹۵۲ء اور ۱۹۵۳ء میں شامل ہوئے تھے - لوگوں نے دیہاتوں میں اپنی ہی کوشش سے پرائمری سکول بنائے ہیں مگر ۴۰/۴۵ ہمارے علاقے ایسے ہیں کہ وہاں آج تک انہوں نے ہائی سکول قائم نہیں کیا اور مڈل سکولوں کی طرف بھی کوئی توجہ نہیں دی گئی - میں وزیر تعلیم کی توجہ اس طرف دلاتا ہوں کہ ہر سال وعدے کئے جاتے ہیں لیکن کوئی ہائی سکول نہیں بنایا گیا ہے اور آئیندہ بجٹ میں اس طرف خاص توجہ دی جائے -

صاحبزادی محمودہ بیگم (راولپنڈی - سرگودھا ڈویژن) - صدر محترم میں اس معزز ایوان کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں کہ ہمارے بھائیوں کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنے گھر میں بچوں کی پرورش صحیح

کروائیں ۔ یہ جو انہوں نے فرمایا ہے کہ ٹیڈی ازم ہے اس کی نسبت پریس میں بھی اور دوسری جگہوں پر تنقید ہوئی ہے اور ہم خود جو خواتین کی نمائندگی کرتی ہیں ہر جلسہ اور ہر میٹنگ میں اس کی پرزور مخالفت کرتی ہیں کہ بچیوں کو خاص طور پر اس قسم کا برہنہ لباس نہیں پہنانا چاہئے لیکن میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ تعلیم کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے تعلیم ایک علیحدہ چیز ہے ۔

Begum Jahan Ara Shah Nawaz : Question !

صاحبزادی محمودہ بیگم ۔ معاشرے میں خواتین کا حصہ جو ہے اس کے پیش نظر تعلیم خواتین کو دلوانی چاہئے ۔ میں اپنی وزیر تعلیم صاحبہ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتی ہوں کہ زیادہ سے زیادہ خواتین کے سکول قائم کریں جس میں ہائی سکول بھی ہوں میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ خواتین کی تعلیم پر چونکہ مرد بہت کم توجہ دیتے ہیں اس لئے اول تو میٹرک تک ورنہ مڈل تک ہماری بچیوں کو سکول میں تعلیم قطعی مفت ہونی چاہئے کیونکہ مرد میں نے دیکھے ہیں ہمیشہ یہ سمجھتے ہیں کہ لڑکے پڑھ جائیں اور کمائیں گے اور گھر میں آمدنی ہوگی ۔ لیکن بچیوں کی تعلیم کے مصارف جو ہیں وہ ضائع کرنے ہیں ۔ یہ میں بڑے شہروں کا ذکر نہیں کرتی یہ چھوٹے اضلاع کا ذکر کرتی ہوں ۔ میں وزیر تعلیم صاحبہ کی خدمت میں عرض کروں گی کہ وہ زیادہ سے زیادہ بچیوں کے سکولوں کی طرف توجہ دیں ۔ سردار عنایت الرحمن صاحب عباسی تو ہمارے بڑے اچھے مقرر ہیں ۔ مجھے یہ سن کر بڑا تعجب ہوا جب انہوں نے تعلیم کے ساتھ ٹیڈی ازم کو شامل کر دیا ۔

سردار عنایت الرحمن خان عباسی ۔ تعلیم ہی کا نتیجہ ہے ۔

Mr. Speaker : Order, order.

صاحبزادی محمودہ بیگم ۔ آپ بھی دیکھیں گے کہ مردوں کی ذہنیتیں مجھے معاف کیجئے یہ سب میرے بھائی ہیں جو ان کی پردہ دار بیبیاں گھریلو ٹائپ کی ہوتی ہیں تو یہ فیملی لاز کی مخالفت کرتے ہیں تو یہ ان کو تبدیل کرتے ہیں ۔ اس لئے اندرون خانہ بیٹھنے والی بیبیاں انہیں بند کرتی ہیں اور کہتی ہیں کہ ٹیڈی قسم کی لڑکیوں کے ساتھ شادی نہ کریں ۔

(شور اور قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Order, please order.

صاحبزادی محمودہ بیگم - اس درجہ ناراض ہونے کی بات نہیں ہے کیونکہ سچی بات ہمیشہ کڑوی ہوتی ہے اس لئے آپ ایک دم سے ناراض ہو گئے ہیں - میں عرض کرنا چاہتی ہوں کہ خواتین کی تعلیم کو اس سے ملوث نہ کیجئے (قطع کلامیاں)

Sardar Inayatur Rehman Khan Abbasi : She has mentioned my name.

Mr Speaker : It is not necessary that I should give the member a chance immediately after her.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا۔مجھے اعتراض تو نہیں تھا - سارے دوست تقریر کرتے رہے ہیں لیکن ایجنڈا کو سامنے رکھتے ہوئے مجھے معلوم ہوتا ہے - - - - -

Mr. Speaker : Let there be decorum in the House. Please take your seat.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - مجھے اس پر قطعی اعتراض نہیں ہے - اکثر دوست بعض مسائل کو اس ایوان کے سامنے پیش کرنا چاہتے ہیں اور انہیں بھی موقع ملنا چاہئے لیکن اس کٹ موشنز کی لمبی چوڑی فہرست کو سامنے رکھتے ہوئے مجھے یہ خطرہ محسوس ہو رہا ہے کہ وقت ایک گھنٹہ باقی رہ گیا ہے بلکہ ایک گھنٹے میں بھی چار منٹ کم ہیں اور ابھی ڈیمانڈز کافی ہیں - جن دوستوں نے اپنے اپنے کٹ موشن تیار کئے ہوئے ہیں ان کی محنت رائیگاں جانے کا اندیشہ ہے - اس اندیشے کے پیش نظر میں نہایت ادب سے درخواست کروں گا کہ مہربانی کر کے ایسا طریقہ اختیار کیا جائے جو مناسب ہو -

مسٹر سپیکر - میں اس کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ میں نے پہلے ہی ہاؤس کو پوائنٹ آؤٹ کیا تھا کہ ابھی بہت سی کٹ موشنز بقایا ہیں اور ڈیمانڈز بھی بقایا ہیں - لیکن ممبر صاحبان بولنا چاہتے ہیں ابھی مولانا غلام غوث بولنا چاہتے ہیں - میاں محمد اکبر صاحب بولنا چاہتے ہیں - مسٹر علی گوہر کھوڑو بولنا چاہتے ہیں تو میری limitation کو تو آپ سمجھتے ہیں -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں یہ درخواست کروں گا پہلے جن دوستوں نے کٹ موشن پیش کی ہیں ان کا زیادہ حق ہے انہوں نے اس پر محنت بھی کی ہوئی ہے -

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : Sir at 1-15 p. m. I will make a request for closure.

سید دیوان غلام عباس بخاری ۔ جناب والا ۔ تعلیم کا مسئلہ بہت اہم ہے اور ہماری استدعا ہے کہ مولانا غلام غوث صاحب کو ضرور وقت دیا جائے۔

سردار محمد اقبال خاں (بہاول نگر ۔ ۴) ۔ جناب والا ۔ کٹ موشنز پر بھی بحث ہوئی ہے اور جنرل ڈسکشن میں بھی بحث ہوئی تھی تو سب سے اہم معاملہ تعلیم کا تھا اور بیگم صاحبہ نے فرمایا ہے کہ ماں کی گود سے بچہ صحیح تعلیم حاصل کرتا ہے تو مطلب یہ نکلتا ہے جب بنیادی تعلیم ہی وہی کارگر ہے تو عرض یہ ہے کہ یہ ملک جو اسلام کے نام پر بنا ہے ۔ ہم سب مسلمان ہیں لیکن یہ کیوں نہ کیا جائے کہ پرائمری سے لے کر قرآن مجید کی تعلیم کو لازمی قرار دیا جائے ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) جس طرح انگریز کی حکومت نے انگریزی کو ایک لازمی مضمون قرار دیا اب بھی وہ ہونی چاہئے اس سے ہمارے مشکلات میں فائدہ پہنچ سکتا ہے ۔ مگر جب ہمارے اسلامی قوانین ہیں اور کرپشن ۔ برائیاں ان سب چیزوں کو روکنے کے لئے اسلام نے قوانین بنائے ہیں اور اگر کچھ نہ کیا جائے تو کم از کم اتنا ضرور ہونا چاہئے جیسے مثال کے طور پر کوئی افسر آتا ہے اس کے پاس سب تعلیم کی ڈگریاں ہوتی ہیں لیکن اس کو بنیادی تعلیم سے یہ نہیں سکھایا گیا کہ قرآن کی تفسیر اور قرآن کا سبق وہ بنیادی تعلیم سے ہی حاصل کرے گا ۔ کم از کم اس کے اندر یہ چیزیں موجود تو ہونگی ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) اس کے اندر اسلام کی تعلیم داخل کرنا حکومت کا کام ہے ۔ وہ اسے لازمی قرار دے دیں کہ قرآن کی تعلیم پرائمری سے لیکر میٹرک تک ضروری ہے ۔ (تالیاں)

مولانا غلام غوث (ہزارہ ۔ ۴) ۔ جناب سپیکر ۔ تعلیم کا مسئلہ بڑا اہم مسئلہ ہے ۔ ہٹلر نے ۲۰ سال اپنی قوم کو تعلیم دی ۔ تعلیم کے ذریعہ سے اس نے ساری قوم کو دنیا سے ٹکرا دیا ۔ یہ دوسری بات ہے کہ اس سے ڈکٹیٹرانہ ذہن کی وجہ سے سیاسی غلطیاں ہوئی ہیں ۔ اس نے ساری دنیا سے بیک وقت جنگ کی ۔ تعلیم کے بغیر قوم نہیں بن سکتی ۔ تعلیم ہی قوم کو بنائے گی ۔ یہ بھی غلط ہے کہ تعلیم اور تربیت علیحدہ چیزیں ہیں ۔ اگر تعلیم کے ساتھ تربیت نہیں ہے تو تعلیم کوئی چیز نہیں ہے ۔ تو اگر تربیت نہیں ہے اور اگر انسانیت اس کی سمجھ میں نہیں آتی تو تعلیم کوئی چیز نہیں ہے ۔ میں صاحبزادی بحمودہ

بیگم صاحبہ کی خدمت میں عرض کروں گا کو انہوں نے ہماری وزیر تعلیم صاحبہ کی توجہ اس طرف دلائی ہے کہ لڑکیوں کی تعلیم کی طرف زیادہ توجہ دیں اگر ایسا ہے تو ہم حکومت سے درخواست کریں گے کہ وہ مردوں کے لئے علیحدہ وزیر مقرر کریں ۔ ہم یہ ان کو بخش دیتے ہیں ۔

جناب صدر ۔ میں وزیر تعلیم صاحبہ کی خدمت میں ایک ضروری عرض پیش کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جو B. A. English only ہیں ان بچاروں کے ساتھ جو اپنے پاؤں پر کھڑے ہو کر تعلیم حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں جو سرکاری کالجوں میں تعلیم حاصل نہیں کر سکتے وہ B. A. English only گریجویٹ بن جاتے ہیں اور ان کو ایل ۔ ایل ۔ بی پشاور ریجن میں داخلہ نہیں ملتا ۔ اور پنجاب میں مل رہا ہے ۔ اس فرق کو مٹایا جائے ۔ دوسرا فرق یہ ہے کہ انہیں وظیفہ نہیں ملتا جو دوسرے طالب علموں کو ملتا ہے ۔ B. A. English only والوں کو بی ۔ ٹی میں یا ایل ۔ ایل ۔ بی میں وظیفہ نہیں ملتا یہ فرق ہماری سمجھ میں نہیں آتا ۔ یہ جو فرق ہے اس کو مٹانا چاہئے ۔

جناب والا ۔ تعلیم کے متعلق ایک بات صاحبزادی محمودہ بیگم کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اگر انسپکٹرس یا ڈائرکٹرس ننگی ہو کر سکولوں اور کالجوں میں آئیں گی تو لڑکیوں کو بھی وہی تعلیم حاصل ہوگی جو نمونہ یہ پیش کریں گی ۔ اگر یہ لپسٹک لگا کر جائیں گی ۔ اگر وہ سرخی پوڈر لگا کر جائیں گی ۔ اگر وہ یہاں تک ننگی ہو کر جائیں گی تو ہماری تمام لڑکیوں کو بے حیا کر دیں گی اس لئے ضروری ہے کہ لڑکیوں کی تربیت بھی صحیح ہو اور لڑکوں کی تربیت بھی صحیح ہو ۔

جناب والا ۔ ہماری تعلیم میں یہ امر ضروری ہے کہ تربیت ہو ۔ تعلیم برائے تعلیم ہونی چاہئے ۔ اس وقت ہماری تعلیم برائے ملازمت ہے ۔ اگر اس پر غور نہ کیا گیا تو دس سال کے بعد پاکستانی حکومت ملازمتیں مہیا نہ کر سکے گی اور ہمارے یہی بیس ہزار گریجوئیٹ حکومت کے خلاف بغاوت کرینگے ۔ لہذا تعلیم کا اصل مقصد ہر لحظہ پیش نظر رکھا جائے ۔

میاں محمد اکبر (گجرات ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ میں اس امر کی وضاحت کر دوں کہ ہاؤس کا وقت بچانا چاہتا ہوں ۔ میں نے تین Cut Motions Agriculture پر ۔ Development پر اور PWD پر دے رکھی تھیں ۔ میں وہ

سب forego کرتا ہوں ۔ جناب والا ۔ اب میں کسی پر تقریر نہیں کرونگا ۔ مجھے آپ صرف پانچ منٹ دے دیں ۔ میں ان سب پر اپنا حق forego کرتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اچھا تو فرمائیں ۔

میاں محمد اکبر ۔ جناب والا ۔ تعلیم کے متعلق میری ایک گذارش یہ ہے کہ تعلیم صرف مدرسوں کی چاردیواری میں کتابوں کے ذریعے ہی حاصل نہیں ہو سکتی ۔ بلکہ تعلیم کے اور بھی بہت سے کھلے میدان اور کئی ذرائع ہیں ۔ شیکسپیئر کہتا ہے ۔

A wise man sees books in running brooks, tongues in trees, sermons in stones and good in everything.

تو جناب ہمارے لئے دنیا کی ہر ایک چیز درس عبرت ہے اور ہم اس سے سبق سیکھ سکتے ہیں ۔ اس ضمن میں میں سکولوں کے علاوہ یہ عرض کرونگا کہ مہذب ممالک میں تعلیم کے اور بھی بہت سے ذرائع ہیں مثلاً لائبریریاں ۔ Museums اور Memorials ۔ تو ہمیں بھی اپنے ملک میں ان چیزوں پر توجہ دینی چاہئیے ۔ ہمیں اپنی لائبریریاں up-to-date literature سے equip کرنی چاہئیں ۔ خواہ وہ سائنس کے متعلق ہو یا تعلیم کے دیگر شعبوں کے متعلق ۔ اور ہمیں اپنی لائبریریاں up-to-date رکھنی چاہئیں ۔ Museums کی طرف خاص توجہ دینی چاہئیے اور Memorials جن کا تعلق خاص طور پر پاکستان کی تاریخ سے ہو اس صوبے میں قائم کرنے چاہئیں ۔ اس سلسلے میں میں حکومت کا بے حد شکر گذار ہوں کہ انہوں نے پاکستان کی تاریخ کے سب سے ضروری Memorial کی تعمیر شروع کر رکھی ہے۔ میری مراد Pakistan Day Memorial سے ہے جو منٹو پارک لاہور میں عین اسی جگہ بن رہا ہے جہاں ۱۹۴۰ء میں قائد اعظم مرحوم و مغفور کی زیر صدارت پاکستان کا ریزولیوشن پاس کیا گیا ۔ جناب والا ۔ یہ ایک نہایت ہی ضروری اور اہم Memorial ہے۔ جس سے ہماری آنے والی نسلیں پاکستان کی تحریک سے واقفیت حاصل کر سکیں گی ۔ اس سلسلے میں میری گذارش یہ ہے کہ یہ Memorial شروع تو کر دیا گیا ہے لیکن اس کیلئے کافی روپیہ موجود نہیں ۔ اور funds کی کمی کا شکار ہے ۔ اس کی تعمیر اس وقت کچھ تو سیمنٹ کی قلت کی وجہ سے اور کچھ funds کی کمی کی وجہ سے رکی ہوئی ہے ۔ تو میں جناب وزیر تعلیم صاحبہ کی خدمت میں عرض کرونگا

کہ ایسے Memorials جو ہمیں پاکستان کی تاریخ کا سبق دیں وہ تعلیم کا ایک ذریعہ ہیں ۔ اس لئے میں نہایت ادب کے ساتھ ایک بار پھر عرض کرونگا کہ اگر ممکن ہو سکے تو اپنے تعلیمی funds میں سے اس Pakistan Day Memorial کے لئے کچھ نہ کچھ ضرور subscribe کریں ۔ یہ ایک اتنا ضروری Memorial ہے جس سے پاکستان کی تاریخ وابستہ ہے اور جو ہماری آنے والی نسلوں کو بتا سکے گا کہ پاکستان کیسے بنایا گیا ۔ کن الوالعزموں نے پاکستان کا ریزولیوشن پیش کیا اور کس جگہ پیش کیا ۔

Begum Jahan Ara Shah Nawaz (Lahore, Multan Divisions) : Sir I want only two minutes. There are three very important points, which nobody has touched.

Mr. Speaker : Two minutes.

Begum Jahan Ara Shah Nawaz : Within two minutes I will finish.

مجھے آپ کی وساطت سے اس وقت treasury benches کی خدمت میں یہ عرض کرنا ہے کہ بجائے اشک آور گیس پھینکنے اور لاٹھی چارج کرنے کے آپ مہربانی کر کے یونیورسٹی کمیشن کی رپورٹ پر نظر ثانی کریں اور اس میں جو glaring mistakes ہیں ان کو درست کریں ۔ مثلاً ان میں سے ایک کی طرف میں آپ کی توجہ مبذول کراتی ہوں ۔ وہ یہ کہ بجائے اس کے کہ آپ intermediate colleges رکھیں جو اکثر ممالک میں نہیں ہیں ۔ آپ سکولوں کا ایک ایک سال بڑھائیں اور یونیورسٹی کا ایک ایک سال کم کریں ۔ اور Intermediate colleges بالکل abolish کر دیں ۔ اس کا اثر یہ ہوگا کہ طلبا میں اس وقت جو سخت بے اطمینانی اور discontentment پھیلی ہوئی ہے وہ بالکل ختم ہو جائیگی ۔

دوسری بات جس کی طرف میں ان کی توجہ مبذول کرانا چاہتی ہوں ۔ وہ curriculum of books یعنی نصاب تعلیم کی کتابوں کے متعلق ہے ۔ اس وقت نصاب کی کتابیں اس قدر خراب ہیں کہ اگلے دن میری نواسی ایک تاریخ کی کتاب لائی تو میں دیکھ کر حیران رہ گئی کہ اس میں مسلمانوں کے مفاد اور اسلام کے خلاف باتیں لکھی ہوئی تھیں ۔ مجھے بڑا افسوس ہوا کہ ہمارے بچے اس قسم کی کتابیں پڑھ رہے ہیں ۔

تیسری بات اساتذہ کے متعلق ہے ۔ میری تجویز یہ ہے کہ اساتذہ کو Refresher Courses دینے چاہئیں ۔ وہ نہیں جانتے کہ ہمارے Ideals کو

مد نظر رکھتے ہوئے اس وقت ہمارے بچوں کو کس قسم کی تعلیم و تربیت دینی چاہیئے ۔

یہی چند باتیں تھیں جو میں عرض کرنا چاہتی تھی ۔

Mr. Taj Muhammad Khanzada : Point of order Sir. I suggest a contribution from the House towards the Pakistan Day Memorial.

مسٹر علی گوہر کھوڑو ۔ On a Point of Order Sir

جناب والا ۔ جب ہمیں کسی اہم cut motion پر تقریر کرنے کا موقع نہیں دیا گیا تو supplementary budget پیش کرنے کا کیا مطلب ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ نے اس پر کوئی cut motion نہیں دی ۔ اگر آپ دیتے تو آپ کو ضرور موقع مل جاتا ۔

The member may please take his seat.

وزیر تعلیم (بیگم محمودہ سلیم خاں) ۔ جناب والا ۔ سب سے پہلے میں اس معزز ایوان کا شکریہ ادا کرتی ہوں جس کے معزز ممبران نے تعلیم کے متعلق اپنے مفید اور کارآمد مشورے دے کر میری حوصلہ افزائی بھی کی ہے اور مجھے یہ بھی بتایا ہے کہ میرے محکمے میں کیا خامیاں ہیں اور ان کو دور کرنے کی تجاویز کیا ہیں ۔

جناب والا ۔ اب میں اس غلط فہمی کو رفع کرنا چاہتی ہوں جو اسلام آباد میں نئے پرائمری اور مڈل سکولوں کے کھولنے کے متعلق ہو رہی ہے اور جس کے متعلق ہمارے لیڈر صاحب فرما چکے ہیں کہ مرکزی حکومت سے ہمیں وہ روپیہ وصول ہو جائیگا ۔ سنٹر گورنمنٹ نے ہمیں یہ شرط پیش کی تھی کہ ان سکولوں میں چند مخصوص قسم کے اساتذہ اور مضامین لگائے جائیں ۔ مثلاً بنگالی وغیرہ کیلئے ۔ بالخصوص ان بچوں کیلئے جو مرکزی حکومت کے ملازمین کے تبادلے کی وجہ سے وہاں آئے ہیں ۔ شروع میں انہوں نے کہا کہ ہمیں اس سپیشل قسم کے ہائی اور پرائمری سکول چاہیئیں ۔ ہم نے جواب دیا کہ یہ ہمارے بس کی بات نہیں کیونکہ اس پر بہت روپیہ خرچ ہوگا پر انہوں نے کہا کہ آپ ہمیں بتا دیں ۔ مرکزی حکومت ان کی لاگت آپ کو واپس کر دیگی ۔ تو جناب والا ۔ یہ روپیہ ہمیں واپس مل جائیگا ۔ اس لئے اس میں کسی قسم کی فضول خرچی کی گنجائش نہیں ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ بیشتر تقریروں میں یہی نکتہ چینی کی گئی ہے کہ ہمارے بچوں کی تعلیم صحیح طریق پر نہیں ہو رہی اور بالخصوص وہ اسلامی اصول کے مطابق نہیں ہو رہی اور اس کا motto اسلام کے اصولوں سے بالکل مختلف ہے ۔ تو اس کے متعلق میری گذارش یہ ہے کہ حکومت نے پرائمری سکولوں سے لے کر ہائی سکولوں اور کالجوں تک اسلامیات کا مضمون لازمی کر دیا ہے ۔ (تالیاں) اس میں شک نہیں کہ گذشتہ سالوں میں واقعی اس کی طرف خاطر خواہ طریق پر توجہ نہ دی گئی ۔ لیکن وہ زمانہ اس حکومت سے بہت پہلے کا تھا اور اس کی ذمہ داری ہم پر عائد نہیں ہوتی ۔ ہم اس کی طرف پوری توجہ دے رہے ہیں ۔ بلکہ میں سمجھتی ہوں کہ اسلامی طرز کی تعلیم ہمارے صوبے کے لئے نہایت ضروری ہے اور بنیادی تعلیم اسی طرز پر ہونی چاہیئے ۔ رہا طلبا کے عام رجحان اور کمزوریوں کا سوال تو اس کی وجہ ہمارے معاشرے کی کمزوری ہے ۔ بچوں کو خواہ کسی قسم کی تعلیم دی جائے ۔ جب تک ہمارے معاشرے کی اصلاح نہ ہوگی اور وہ کمزوریاں جو ہمارے معاشرے کو گھن کی طرح لگی ہوئی دور نہ ہونگی ۔ ہمارے کسی سکول ۔ کالج یا یونیورسٹی کی تعلیم کامیاب نہیں ہو سکتی ۔ اس لئے میں اس ایوان کے معزز بھائیوں اور بہنوں سے درخواست کرونگی کہ وہ social workers کی حیثیت سے اپنے اپنے علاقوں میں کمیٹیاں بنائیں اور ایسے کام کریں جن سے ہمارا معاشرہ صحیح ہو ۔ کیونکہ ہماری تربیت اسی وقت صحیح ہوگی جب سوسائٹی کا کردار بلند ہوگا ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ اس ہاؤس کے معزز ممبران نے تعلیمی نظام کی خامیوں کو دور کرنے کے لئے جو تجاویز پیش کی ہیں مجھے ان سے اتفاق ہے ۔ اور میں سمجھتی ہوں کہ یہ اقدامات واقعی ضروری ہیں ۔ ان خامیوں کو دور کرنے کے لئے جہاں تک حکومت کا تعلق ہے ۔ جو بھی ممکن ہو سکے گا اور جتنی جلد ہوگا کیا جائیگا ۔ میں اس ہاؤس کے تمام ممبران سے درخواست کرتی ہوں کہ وہ ہمارے ساتھ تعاون کریں اور اس مشکل کو حل کرنے میں ہماری امداد فرمائیں ۔

جناب والا ۔ بہاولپور کے متعلق ایک غلط فہمی پیدا ہو گئی ہے ۔ لہذا اب میں اس کے متعلق مختصراً عرض کروں گی ۔ علامہ ارشد صاحب نے فرمایا ہے کہ بچوں کے وظائف بند ہو گئے ہیں ۔ ان کی خدمت میں گذارش یہ ہے کہ ان کی یہ خبر غلط ہے ۔ بلکہ ۶۳—۱۹۶۲ کے دوران بہاولپور ڈویژن میں جو تعلیمی

سہولتیں دی گئی ہیں وہ پہلے کبھی بھی نہ دی گئی تھیں - پہلے وہاں ۹۵۶ پرائمری سکول تھے - لیکن پچھلے دو سالوں میں ان میں ۵۳ سکولوں کا اضافہ کیا گیا ہے - (تالیاں)

اسی طرح مڈل سکول جو پہلے ۱۲۱ تھے - ان میں بھی ۷ کا اضافہ کیا گیا ہے اور اسی طرح ۱۶ ہائی سکول بھی بڑھائے گئے ہیں - اس لئے میں عرض کروں گی کہ بہاولپور کے سکولوں کو حصہ مل رہا ہے - اگر کچھ کمی رہ جائیگی تو آئندہ بجٹ میں اسے پورا کر دیا جائے گا - آپ کو معلوم ہے کہ پس ماندہ علاقوں کے لئے جہاں تک ممکن ہو سکتا ہے ہم زیادہ سے زیادہ سہولتیں بہم پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں - ایک بھائی نے کہا تھا کہ حیدر آباد ڈویژن کے سکولوں کو پورا حصہ نہیں مل رہا - سو میں عرض کروں گی کہ ۱۹۶۱-۶۲ء کے حصہ کے مقابلے میں اب ۱۹۶۲—۶۳ء میں اس کا حصہ بڑھا کر ۲۴ فیصدی کر دیا گیا ہے - اور میرا خیال ہے کہ اب انہیں شکایت کا موقع نہیں رہنا چاہئے اس کے باوجود اگر کوئی کمی ہوگی تو وہ مجھے بتا دیں - دراصل ہمارے ذرائع محدود ہیں اور ضروریات زیادہ ہیں ہم نے ہر ایک کی ضروریات کو دیکھنا ہے -

چپڑاسیوں کو کچھ تکالیف ہو گئی ہیں اور ان بیچاروں کو الگ کیا گیا ہے - دراصل یہ ایک غلطی ہو گئی ہے - جب economy report آئی تو اس میں صرف فالتو چپڑاسیوں کو الگ کرنے کے لئے کہا گیا تھا - سندھ کے سکولوں میں تین چار قسم کے چپڑاسی ہوتے ہیں - کوئی گھوڑے سوار - کوئی پٹے دار اور کوئی دوسرے عام چپڑاسی - غلطی سے یہ سب ایک ہی لائین میں آ گئے ہیں - اس کے لئے ایک کمیٹی مقرر کر دی گئی ہے تا کہ جن چپڑاسیوں کو غلطی سے نکالا گیا ہے ان کو کام پر لگایا جائے - ٹیچرز کے سکیل کے متعلق بھی غور ہو رہا ہے - چونکہ ایک پالیسی کے تحت سکیل مقرر کئے جاتے ہیں اس لئے ہم اس معاملہ کو examine کر رہے ہیں اور میں نے جو وعدہ کیا تھا انشاءاللہ اسے پورا کیا جائے گا -

اس کے علاوہ طلباء کے دوسرے معاملات کے حل کرنے کا جو سوال ہے اس کے متعلق عرض کروں گی کہ ایک کمیٹی مقرر کی جا چکی ہے جو یہ دیکھ رہی ہے کہ جن بچوں کو بورڈنگ ہاؤس یا رہائش کی دیگر تکالیف ہیں ان کی کیا وجوہات ہیں اور ابتری کیوں پیدا ہوئی ہے - اس کمیٹی کی رپورٹ آنے پر تکالیف کو دور کر دیا جائے گا -

میجر سلطان صاحب نے جو یہ فرمایا ہے کہ ان کے علاقہ کی تکالیف کافی حد تک دور ہو گئی ہیں ۔ ہمارے لئے ان کا یہ اعتراف ایک اچھا سارٹیفکیٹ ہے ۔ انہوں نے جو کچھ فرمایا ہے وہ صحیح ہے ۔

اس وقت کالجوں میں یونیفارم مقرر کئے جا رہے ہیں نیز ہمیں امید ہے کہ ۱۹۷۰ء تک ابتدائی تعلیم مفت مہیا کی جائے گی ۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہر جگہ تعلیم کا معیار ایک جیسا ہو لیکن ابھی چونکہ ذرائع محدود ہیں فوری طور پر کچھ نہیں کر سکتے ۔ کیونکہ بے شمار مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے ۔ اس سلسلہ میں مجھے آپ کے تعاون کی بے حد ضرورت ہے ۔ ہمارے ہاں ہندوؤں کے قائم کردہ ٹرسٹ چل رہے ہیں ۔ میں چاہتی ہوں کہ اسی طرح ہمارے مسلمان بھائی اور مخیر حضرات سامنے آئیں تا کہ سب مل کر ان مشکلات کا مقابلہ کریں ۔ میں سمجھتی ہوں اس طرح ہماری تکالیف جلد ختم ہو جائیں گی ۔

مساجد کے متعلق جو تجویز پیش کی گئی تھی اس سلسلہ میں نے اوقاف کے سیکرٹری صاحب سے بات چیت کی ہے ۔ میں نے ان سے کہا ہے کہ وہ اس کا کوئی حل نکالیں ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں نے بھی ٹیچرز کی demands کے متعلق کچھ کہا تھا لیکن اس کا جواب نہیں دیا گیا ۔

Mr. Speaker : This is no point of order. He may please take his seat.

Rai Mansab Ali Khan : Please hear me.

Mr. Speaker : This is no point of order. The member may please quote the relevant rule.

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا ۔ ہر ایک ممبر کے اعتراضات اور شکایات کا بیگم صاحبہ نے جواب دیا ہے ۔ کیا میرا حق نہیں کہ میں نے جو ٹیچرز کی demands پیش کی تھیں ان کا بھی جواب دے دیتیں ۔

Mr. Speaker : Rai Sahib may please take his seat.

I will first put the cut motion given notice of by Mir Haji Muhammad Bux Talpur because that is in relation to a specific matter.

Voices : The member is withdrawing it.

Mr. Speaker : Has the member leave of the House to withdraw his motion ?

(*The motion was, by leave, withdrawn*)

Now, I will put the motion by Mian Abdul Latif.

The question is :

That the item of Rs. 47,340 on account of C (i)-Primary Schools-(i) Pay of Establishment-Forty-four Teachers be reduced by Rs. 47,339.

(*The motion was lost*)

Mr. Speaker : Now, I will put one question in respect of all the cut motions because they are identical.

The question is :

That the total of Rs. 4,42,050 on account of 37-Education-Total new expenditure be reduced by Rs. 4,24,049.

(*The motion was lost*)

Now, I put the demand.

The question is :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 4,42,050 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of Education.

(*The motion was carried*)

(DEMAND No. 6)

Minister of Revenue : Sir, I beg to move :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 8,80,470 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of Agriculture.

Mr. Speaker : Demand moved is :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 8,80,470 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of Agriculture.

Mr. Iftikhar to move his cut motion.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Can I move the motion on his behalf, Sir ?

Mr. Speaker : No. Mr. Iftikhar should himself read it.

Nawabzada Iftikhar Ahmad Khan : I cannot read Sir. I have forgotten to bring my spectacles. Therefore, I can't read it.

Mr. Speaker : Alright. Mr. Kirmani you read out the motion.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Sir, with your permission, I beg to move on behalf of Nawabzada Iftikhar Ahmed Khan :

The total of Rs. 8,80,470 on account of 40-Agriculture-Total new expenditure be reduced by Rs. 8,80,469.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 8,80,470, on account of 40-Agriculture-Total new expenditure be reduced by Rs. 8,80,469.

مسٹر افتخار احمد خان (جھنگ - ۱) - صدر گرامی - اس ضمنی بجٹ میں ایک بد مزگی ایسی ہو رہی ہے - جو میں محسوس کر رہا ہوں اور جس کا گلہ قائد ایوان سے کرتا ہوں - پچھلے اجلاس میں جب وزیر خزانہ نے بجٹ پیش کیا تھا تو عبدالوحید خان صاحب کو ہار ڈالنے کا انتظام کیا گیا تھا - ریلوے کے ملازمین بہت سے ہار لے کر آئے تھے - مجھے افسوس ہے کہ اب ایسا انتظام نہیں کیا گیا -

Mr. Speaker : No discussion about that.

مسٹر افتخار احمد خان - اس لئے صدر گرامی - وہ لطف بھی ہم نے نہیں اٹھایا - اور وہ مظاہرہ بھی قائد ایوان نے کیا - بہر حال صدر گرامی - محکمہ زراعت اور زمیندار کے متعلق ہر حکومت جو بھی اس ایوان میں بر سر اقتدار آئی ہے - اس نے ہمیشہ ان سے ہمدردی اور امداد کا وعدہ کیا ہے - مجھے ایسی کوئی حکومت یاد نہیں - کہ جس نے اپنی بنیادی پالیسی کا مرکز زمیندار اور زمیندار کی فلاح و بہبود کو نہ رکھا ہو - اور یہ بھی سوئے اتفاق ہے - کہ ہر حکومت کی قیادت اور ہر حکومت کے سر براہ ہمیشہ زمیندار ہی رہے ہیں - اور اس کی وجہ بھی ظاہر ہے - کہ صوبے کی اقتصادیات زراعت پر منحصر ہے - اور صوبے کی ۸۰ یا ۸۵ فیصدی آبادی بھی زمینداروں پر مشتمل ہے - لیکن میں افسوس کے ساتھ یہ کہونگا - کہ کسی بھی حکومت نے اس مسئلے کی طرف خاطر خواہ توجہ نہیں دی - زراعت اور محکمہ زراعت پر غور اور تنقید کرنے کے لئے جو چیز سب سے پہلے ہمیں اپنے پیش نظر رکھنی چاہئے - وہ یہ ہے - کہ زراعت اس ملک کی سب سے پہلے انڈسٹری ہے - اگر ہم اس چیز کو سمجھ لیں - کہ زراعت انڈسٹری ہے - اور ہم زراعت کو انڈسٹری کا درجہ دیدیں - تو اس ملک کے بیشتر اقتصادی مسائل حل ہو سکتے ہیں - جب آج میں نے انڈسٹری کا لفظ استعمال کیا ہے - تو میں آپکو انڈسٹری ہی کی طرف لئے چلتا ہوں - کہ ہماری حکومت نے ان کو کیا مراعات دی ہیں - اور وہی مراعات زراعت کو کیوں حاصل نہیں ہیں - حالانکہ مجھے بھی فخر ہے - کہ ملک میں بہت سی ملیں لگ چکی ہیں - اور بہت سی چیزیں ہمارے اپنے ہی ملک میں تیار ہوتی ہیں - لیکن افسوس ہوتا ہے - کہ حکومت ان کی تو بے پناہ خدمت کر رہی ہے - اور انکو بے پناہ رعائتیں دے رہی ہے - لیکن زمینداروں کو ان کے جائز حقوق سے محروم کیا جا رہا ہے -

جناب والا ۔ انڈسٹری کیا ہے ۔ ؟ صرف لائیسنس کا نام انڈسٹری نہیں ہے ۔ انکم ٹیکس سے بچنے کا نام انڈسٹری نہیں ہے ۔ بلیک مارکیٹ کرنے کا نام انڈسٹری نہیں ہے ۔ ہماری صنعت و حرفت پوری کی پوری Monopoly حاصل کرنے کے لئے دوسرے ممالک کے سامان کو روک کر اور دوسرے ممالک کے لائیسنس حاصل کرتے ہیں ۔ اس کا نام انڈسٹری نہیں ہے ۔ اگر ایک صنعت کار کو آپ رات کو ایک لاکھ کا لائیسنس دے دیتے ہیں ۔ اور اسے وہ سات لاکھ میں فروخت کر دیتا ہے ۔ تو اس کا نام انڈسٹری نہیں ہے ۔ میں عرض کر رہا ہوں ۔ کہ زمینداروں کو لائیسنسوں کی ضرورت نہیں ہے ۔ زمینداروں کو بلیک مارکیٹ کی ضرورت نہیں ہے ۔ انہیں ایک چیز کی ضرورت ہے ۔ اور وہ یہ ہے ۔ کہ آپ ان کو قرضے دیں ۔ آپ ہر انڈسٹری کو قرضے دیتے ہیں ۔ ہر سرمایہ دار کو قرضہ دیتے ہیں ۔ اور اس ضمن میں میں آپ کو لائل پور کے ایک سرمایہ دار کی مثال دیتا ہوں ۔ اس نے لائل پور میں پہلے ایک مل لگائی تھی ۔ اس کے پاس ایک کروڑ روپیہ نہیں تھا ۔ کہ وہ اس مل کی Estimated Cost کو برداشت کرتا ۔ اس کا اندازہ تھا ۔ کہ وہ ایک کروڑ سے اپنا کاروبار شروع کریگا ۔ لیکن اسے حکومت نے اور Banks نے قرضہ دیا ہے ۔ اور جو بیرونی امداد ملتی ہے ۔ اس سے بھی اسے قرضہ دیا جاتا ہے ۔ اور آج اس کی کئی ملیں ہیں ۔ میں کسی کی ذات پر حملہ نہیں کرتا ۔ یہ ٹھیک ہے ۔ کہ آپ کی انڈسٹری ترقی کر رہی ہے ۔ لیکن آپ مجھے بتائیے ۔ کہ ہماری حکومت نے زراعت کو کتنے قرضے دینے کا انتظام کیا ہے ۔ اگر آپ اس کو انڈسٹری کا درجہ دیتے ہیں ۔ تو سب سے پہلے زمینداروں کو بھاری تعداد میں قرضے دینے کا انتظام کریں ۔ کیونکہ کوئی بھی انڈسٹری بغیر قرضہ حاصل کئے نہیں چل سکتی ۔ آپ کہیں گے ۔ کہ آپ نے زرعی ترقیاتی بنک اور کواپریٹو بنک کھولے ہوئے ہیں ۔ اور وہ زمینداروں کو قرضے دیتی ہے ۔ لیکن آپ عملی طور پر دیکھیں ۔ کہ حالت کیا ہے ۔ اور زمینداروں کو قرضہ ملنے کی کیا کیفیت ہے ۔ آپ کہیں گے ۔ کہ ہم انہیں تقاوی دیتے ہیں ۔ وہ بھی آپ ضرور دیتے ہیں ۔ لیکن آپ یہ سب کچھ بے وقت دیتے ہیں ۔ مشقت اور دقت کے بعد دیتے ہیں ۔ اگر ایک زمیندار سو روپے کی تقاوی کے لئے درخواست دیتا ہے ۔ تو وہ پچاس روپے اس کے حصول کے سلسلے میں خرچ کر چکا ہوتا ہے ۔ جب زمیندار محسوس کرتا ہے ۔ کہ اس کو بیل چاہئیے ۔ تو اس کے لئے تقاوی کی رقم حاصل کرنے سے پہلے پہلے وہ نصف رقم کھا جاتا

ہے ۔ اس میں سے کچھ پٹواری کہا جاتے ہیں ۔ کچھ کوئی اور عملہ کہا جاتا ہے ۔ اور کچھ رجسٹری والے کہا جاتے ہیں ۔ تب کہیں جا کر اسے تقاوی قرضہ ملتا ہے ۔ لیکن اندریں حالات زمیندار کو اس تقاوی سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا ۔ میں کہتا ہوں ۔ کہ جب آپ زراعت کو انڈسٹری کا درجہ دیتے ہیں ۔ تو اس کے لئے آپ کو ضرور کچھ نہ کچھ کرنا چاہئے ۔ میں اس سلسلے میں آپ کو ہندوستان کی مثال دیتا ہوں ۔ آپ کا زرعی ترقیاتی بنک زمیندار سے ۷۰ فیصدی سود لیتا ہے ۔ اور وہ جائز ہے ۔ اس وجہ سے کہ مرکزی گورنمنٹ نے نیشنل بنک کو قرضہ دیا ۔ نیشنل بنک نے صوبائی حکومت کو دیا ۔ تو اس طرح ہر بار اس پر سود لگتا رہا ۔ لیکن ہندوستان نے اس کا یہ حل نکالا ہے ۔ کہ انہوں نے تیس کروڑ روپیہ اپنے Central Exchequer سے Write off کر دیا ہے اور وہ اسی روپے سے زمینداروں کو قرضہ دے رہے ہیں ۔ لیکن اس پر سود نہیں ہے ۔ لیکن یہاں آپ کی حالت یہ ہے کہ آپ کے بینک فوٹو لے جانے پر بھی قرضخواہ کی تصدیق کر کے اسے قرضہ نہیں دیتے ۔ آپ کو بیس روپے تک نہیں دیتے ۔ کہتے ہیں کہ اپنی جائیداد رہن رکھو ۔ جب وہ اپنی جائیداد اور اراضی بھی رہن رکھنے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں ۔ تو پھر وہ کہتے ہیں ۔ کہ اب انکی ضمانت بھی لاؤ ۔ جائیداد کے رہن رکھنے پر بھی وہ ضمانت کا جواز پیدا کر دیتے ہیں ۔ آپ دعویٰ کرتے ہیں ۔ زمینداروں کی فلاح و بہبود کا ۔ یہ حکومت مدعی ہے ۔ کہ ہم زمینداروں کے مفادات کے بہترین محافظ ہیں ۔ اور ہمیں حق حاصل ہے ۔ اور ہم ذمہ دار ہیں زمینداروں کے لیکن آپ نے ان پر ٹیکسوں کا بوجھ لاد دیا ہے ۔ آپ نے پچھلے دو سال میں زرعی انکم ٹیکس اور مالیہ کی شرح میں اضافہ کیا ہے ۔ اس کے علاوہ آپ نے زمینداروں کو کیا دیا ہے ۔ اور یہ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے ۔

زمیندار کو لائیسنس کی ضرورت نہیں ہے ۔ اس کو تحفظ کی ضرورت نہیں ہے ۔ اس کو Monopoly کی ضرورت نہیں ہے ۔ اس کو ضرورت ہے قرضوں کی ۔ خدا کے لئے ان کے لئے Tractors مہیا کریں ۔ اس سے کوئی صنعتی انقلاب تو نہ آ جائے گا ۔ انہیں ٹریکٹروں کے حصول کے لئے سالہا سال محنت کرنی پڑتی ہے ۔ دھکے کھانے پڑتے ہیں ۔ اور وہ اسے خرید نہیں سکتے ۔ کیا یہ حکومت کے فرائض میں شامل نہیں ہے کہ وہ ہر ضلع میں پچاس پچاس ٹریکٹروں کی Workshops کھولے ۔ جہاں ٹریکٹروں کی مرمت وغیرہ بھی ہوتی ہو ۔ کیا یہ ممکن نہیں ہے ۔ کہ یہاں کے ٹریکٹر

زمینداروں کو قرضے پر دئے جائیں ۔ آپ کارخانہ داروں کو تو دیتے ہیں ۔ میں نے ابھی ابھی ایک بڑے سرمایہ دار کی مثال دی ہے ۔ جس کے پاس ایک کروڑ روپیہ نہیں تھا ۔ آج وہ کروڑوں بلکہ اربوں کا مالک ہے ۔ اس کے باوجود وہ اپنے کارخانے اس وقت تک روز مرہ نہیں چلا سکتا ۔ جب تک وہ Banks سے قرضہ نہ لے لے ۔ ہر سرمایہ دار کو روز ہی بینکوں سے قرضہ لینا پڑتا ہے ۔ ہر deal کے لئے اسے قرضہ لینا پڑتا ہے ۔ روئی خریدنے کے لئے یا مال برآمد کرنے کے لئے اسے قرضہ لینا پڑتا ہے ۔ اگر اُن کے کارخانوں میں دس روپے کی کوئی چیز بنتی ہوتی ہے ۔ تو وہ اس کے لئے بینکوں سے پچاس روپے قرض لیتے ہیں ۔ اور بینک ان کو دے دیتے ہیں ۔ ان کو بغیر کسی چیز کو اپنی کفالت میں لیتے ہوئے یا اسے رہن رکھے ہوئے overdraft دے دیتے ہیں ۔ یہ سرمایہ داروں کی حکومت ہے ۔ اور میں الزام ان پر لگاتا ہوں ۔ کہ یہ سرمایہ داروں کی حکومت ہے ۔

اب جناب والا ۔ میں دوسری طرف آتا ہوں ۔ یعنی پلانٹ پروٹیکشن والوں کی طرف ۔ اور کچھ تھوڑا میں جھنگ کے متعلق عرض کروں گا ۔ پلانٹ پروٹیکشن پر حکومت کا لاکھوں روپیہ خرچ ہو رہا ہے ۔ لیکن یہ عام شکایت ہے ۔ کہ جو دوائیں وہ استعمال کرتے ہیں ۔ وہ dead ہوتی ہیں ۔ اور وہ مؤثر نہیں ہوتی ۔ اس لئے ان سے نہ تو باغبانوں کو ہی کوئی فائدہ ہے ۔ کیونکہ ایک تو یہ دوائیں وقت پر پہنچتی ہی نہیں ۔ اور جو مشینری پلانٹ پروٹیکشن کے لئے کام کرتی ہے ۔ وہ بالکل ناقص ہے ۔ تو ایسی حالت میں اس پر خرچ کرنے کی کیا ضرورت ہے ۔ مجھے تو یہ بتایا گیا ہے ۔ کہ امریکہ سے جو دوائیں آتی ہیں ۔ وہ بھی بالکل dead ہیں ۔

Mr. Speaker : Mr. Allah Dad to move his motion now.

Mr. Allah Dad Khan : (Rawalpindi I) ; Sir, I beg to move—

That the total of Rs. 8,80,470 on account of 40-Agriculture-Total new expenditure be reduced by Rs. 8,80,469.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 8,80,470 on account of 40-Agriculture-Total new expenditure be reduced by Rs. 8,80,469.

مسٹر اللہ داد خان ۔ محترم صدر ۔ پاکستان بننے پر ایک بڑی زبردست تبدیلی اور میں کہتا ہوں کہ ایگریکلچر کو ایک دھکا لگا ۔ پارٹیشن سے پہلے پنجاب Granary of India کہلاتا تھا لیکن اس تقسیم ملک کی وجہ سے ہمارے

بہترین سکھ کاشتکار یہاں سے چلے گئے جنہوں نے پیداوار کو عروج تک پہنچایا اور اس کے بعد ان کی جگہ اکثر مہاجرین بھائی جو تشریف لائے وہ شہروں میں گئے دیہاتوں میں زمین خالی رہی کاشتکار جو پہلے وہاں مسلمان موجود تھے انہوں نے Extensive Cultivation شروع کر دی - اور زمین کی پیداوار کم ہونے لگی - اس کے بعد شریعت ایکٹ نے بھی اچھا خاصا دھکا دیا یعنی وہ کھیت حصوں میں تقسیم ہو گئے - زمینداری دن بہ دن کمزور پڑ گئی - Agrarian Reforms کے متعلق تو میں کہتا نہیں لیکن ان تمام چیزوں نے ملک کی زمینداری کو کم کر دیا - مزارع Upset ہوئے اور عدالتوں میں مالک گئے اور مالک بھی خراب ہوئے اور مزارع بھی خراب ہوئے اور لاکھوں روپیہ پٹواریوں اور وکیلوں کی جیب میں گیا اور ہماری زراعت کو بڑا نقصان پہنچا - ان ساری باتوں کے بعد Water Logging نے بھی اچھا خاصا رقبہ برباد کیا - Water Logging کے متعلق کل میں نے عرض کیا تھا کہ دریاؤں کے کنارے جنگلات لگائے جائیں - اس سلسلے میں میں سمجھتا ہوں کہ ضلع کیمبل پور میں جو چیل کا علاقہ ہے وہاں چالیس چالیس پچاس پچاس میل میں پانی تھا -

مولانا غلام غوث - جناب راجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ شریعت ایکٹ سے زراعت کو دھکا پہونچا انکے اس کہنے سے ہمارے دلوں کو بھی دھکا پہنچا یہ مناسب ہے کہ ان الفاظ کو یہ بدل دیں -

مسٹر اللہ داد خاں - میں مولانا صاحب سے اتفاق کرتا ہوں میں نے عرض کیا تھا کہ زراعت کم ہونے کا باعث ہوا - ورنہ نعوذ باللہ من ذالک میں مسلمان ہوں میں سمجھتا ہوں کہ جس طرح زمینداری پر شریعت ایکٹ نافذ کر دیا ہے اسی طرح فیکٹریوں پر بھی عائد کیجئے تاکہ مزدور جو وہاں کام کرتے ہیں ان کو بھی ۶۰ فی صدی حصہ ملے اور مساوات قائم ہو -

اسکے علاوہ جناب سیٹلائٹ ٹاؤن بنے جو ہماری زرخیز زمین تھی اور شہروں میں جہاں ہم لاکھوں من غلہ پیدا کرتے تھے وہاں فیکٹریاں بنیں اور سرمایہ داروں کے محل بنے وہ نقصان ہوا -

اس کے بعد حکومت نے کنٹرول ایسا کیا کہ اگر آپ گرمیوں کے دنوں میں گوجرانوالہ سیالکوٹ کے ایسے علاقوں میں تشریف لے جائیں تو آپ دیکھیں گے کہ کاشت کار کو کتنی مصیبت اٹھانی پڑتی ہے اور آپ کے دل میں بھی

رحم آ جائے گا اور آپ ضرور کہیں گے کہ چاول کی پیداوار پر اتنا کنٹرول نہ ہونا چاہئیے ۔

چیل کا علاقہ ۴۰۰ مربع میل زیر آب تھا ۔ گارپیٹ صاحب نے وہاں درخت لگوائے تو سارا رقبہ برآمد ہو گیا ۔ میں حکومت کی توجہ اس طرف دلاؤں گا کہ Water Logging کا انسداد Plantation کے ساتھ ہے ۔ دوسرا جو سب سے بڑا نقصان ہو گیا وہ یہ ہے کہ آہستہ آہستہ لوگوں کو Mechanical ایگریکلچر کو اپنانے کا شوق پیدا ہوا ۔ اس سے ڈیزل کی زبردست قیمت بڑھ گئی اس سے زمینداروں کا کافی دل دکھا اور زراعت اتنی نفع بخش نہ رہی ۔ پھر محکمہ زراعت کی طرف سے ٹریکٹر تقسیم کئے جاتے ہیں ۔ گذشتہ تین چار سالوں سے ملیہال ضلع جہلم میں اتنے ٹریکٹر پڑے ہوئے ہیں میں ایک دن بغیر کسی کام کے وہاں چلا گیا تھا تو میں نے دیکھا کہ ہر طرف ٹریکٹر ہیں میں محکمہ زراعت کی توجہ دلاتا ہوں کہ آیا یہ ٹریکٹر کام کرتے ہیں یا نہیں تو میں کہوں گا کہ ان کی خاص نگرانی رکھیں یا جن فارموں کو دیے ہیں تو انکی پوری جانچ پڑتال ہونی چاہئے وگرنہ ”دھیلے دی کڑی تے ٹکا سر منڈائی دا“ یعنی ایسا کام جس میں اخراجات آمدنی سے بڑھے ہوئے ہوں ۔ وہاں مشینری کی پوری صفائی ہونی چاہئے ۔

آج کل دنیا بہت آگے چلی گئی ہے مکینیکل cultivation اپنے عروج پر پہنچ چکی ہے ۔ جب ہم مکینیکل cultivation کو Adopt کرینگے تو وہ نہری علاقہ میں مفید ہوگی بارانی علاقہ میں مفید نہ ہوگی ۔ اس میں خاص ترقی ہو سکتی ہے ۔

Mr. Speaker : Next motion is from Mian Akbar. He is absent and therefore, the Motion, lapses. The next is from Amir Habibullah Khan Saadi. He is not present. So the motion lapses. Next is from Mir Haji Muhammad Bux Talpur.

Mir Haji Muhammad Bux Talpur : Sir, I don't want to move.

Mr. Speaker : Not moved. Next motion is from Chaudhri Ibrahim.

Chaudhri Muhammad Ibrahim : Not moving, Sir.

Mr. Speaker : In respect of cut Motions by Mr. Iftikhar Ahmed Khan and Mr. Allah Dad Khan.

The question is ;

That the total of Rs. 8,80,470 on account of 40—Agriculture—Total new expenditure be reduced by Rs. 8,80,469.

(The motion was lost)

Mr. Speaker : The question is :

That a supplementary sum not exceeding to Rs. 8,80,470 be granted to the Governor to the defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on 30th June, 1964 in respect of Agriculture.

(The motion was carried)

Mr. Speaker : Next Demand.

(DEMAND NO. 7)

Minister of Co-operation : (Mr. Ahmed Nawaz Shah Gardezi) : Sir, I beg to move :

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 4,44,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of Co-operation."

Mr. Speaker : Demand moved is :

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 4,44,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June 1964, in respect of Co-operation".

No opposition ? (Voices—No opposition).

Mr. Speaker : The question is :

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 4,44,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of Co-operation.

(The motion was carried)

Mr. Speaker : Next Demand.

(DEMAND NO. 8)

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan) : Sir, I move :

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 21,85,070 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of Charges on Public Works Department, Buildings and Roads Establishment.

Mr. Speaker : Demand moved is :

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 21,85,070 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of charges on Public Works Department, Buildings and Roads Establishment."

The first cut motion is from Mr. Hamza. He may please move his cut motion.

Mr. Hamza : Sir I beg to move :—

That the total of Rs. 21,85,070 on account of charges on Public Works Department, Buildings and Roads Establishment—Total new expenditure be reduced by Rs. 21,85,069.

Mr. Speaker : Demand under consideration motion moved is :

That the total of Rs. 21,85,070 on account of Charges on Public Works Department, Buildings and Roads Establishment—Total new expenditure be reduced by Rs. 21,85,069.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦) - جناب سپیکر - ان رقومات کے منظور کئے جانے پر سب سے بڑا اعتراض یہ ہے کہ اس ایوان کے سامنے جنرل ایڈمنسٹریشن کے ہیڈ کے تحت جتنی رقومات طلب کی گئی ہیں وہ تمام تعمیرات کے سلسلے میں مختلف محکمہ جات اپنے اہم تعمیراتی کاموں پر صرف کرینگے - اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ محکمہ بی ڈبلیو ڈی بی اینڈ آر پر حکومت کو اعتماد نہیں رہا - اگر اس پر اعتماد ہے تو کیا وجہ ہے کہ اس قسم کے Cells Create کئے جا رہے ہیں اور Duplication کی جا رہی ہے اور جیسا کہ آپ کو علم ہے ہمیشہ کام میں رکاوٹ کا باعث ہونے کے علاوہ زیادہ خرچ کا موجب بنتی ہے - اور جو خاص طور پر ہماری غریب قوم کے لئے انتہائی نقصان اور تکلیف دہ ہے - آپ کو اس بات کا بہت علم ہوگا کہ اگر ایک کام کسی مخصوص محکمہ کے سپرد کیا جائے تو بہتر کام ہو سکتا ہے - تو میرا سب سے بڑا بھاری اعتراض یہ ہے کہ گورنمنٹ اس قسم کے Cells کو قائم کر کے محکمہ تعمیرات پر عدم اعتماد کا اظہار کر چکی ہے - اس لئے یہ رقومات جو کہ اس ہیڈ کے تحت ایسے محکموں کو دی جا رہی ہیں نہ دی جائیں - جناب سپیکر - ان محکموں کی کارکردگی کا جب ہم جائزہ لیں تو سب سے پہلے ہمیں اس چیز کو دیکھنا ہے کہ آیا یہ محکمے اپنے فرائض بطریق احسن نبھاتے ہیں یا نہیں محکمہ تعمیرات کی حسن کارکردگی کی پرکھ یہ ہے کہ تعمیرات کا کام کم سے کم اخراجات سے سر انجام پاتا ہے یا نہیں - اور وہ تعمیرات ، عمارات اور سڑکیں جو اس محکمہ کے ذریعے بنوائی جاتی ہیں وہ مضبوط بھی ہیں یا نہیں - کیا ان پر جو میٹیریل لگایا جاتا ہے وہ Specifications کے مطابق ہوتا ہے یا نہیں - جہاں تک ان محکموں کی کارکردگی اور ان معیاروں کو سامنے رکھتے ہوئے دیکھنے میں آیا ہے اس سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ ان محکموں میں بے تحاشہ رشوت ستانی ہے - جو کام بھی مثلاً سڑکیں یا دیگر تعمیرات کرائی جاتی ہیں ان پر زیادہ خرچ ہوتا ہے اور وہ دیرپا بھی نہیں ہوتیں - کل ایوان کے سامنے محکمہ تعمیرات کی بد انتظامی کی ایک زندہ مثال سوالات کے وقفہ میں لا رہا ہوں - گوجرہ میں ایم - بی ہائی سکول کی عمارت میں اضافہ کیلئے آٹھ کمرے تعمیر کئے گئے تھے اور ایک کمرہ بمعہ برآمدہ اس پر آٹھ ہزار روپیہ خرچ آیا - گوجرہ میونسپل کمیٹی اور اس شہر کی آبادی بلکہ پاکستان کی یہ

بد قسمتی ہے کہ اتنی بڑی رقم خرچ کرنے کے بعد اس سکول کی تمام کی تمام دیواروں اور چھتوں میں Cracks آ گئے ہیں ۔ لیکن دو سال بعد جب بلدیہ گوجرہ نے اوورسیر کے ذریعہ اسی ڈیزائین کے کمرے بنوائے ان پر فی کمرہ آٹھ ہزار کی بجائے چار ہزار روپیہ خرچ آیا اور انکی دیواریں اور چھتیں محفوظ ہیں ہو سکتا ہے کہ ہمارے اوورسیر صاحب نے جو کام کرایا وہ معیار کے لحاظ سے اتنا اچھا نہ ہو جتنا کہ عام لوگ ذاتی کام میں دلچسپی لیکر بنواتے ہیں ۔ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے ۔ کہ ہمارا محکمہ پی ڈبلیو ڈی جو عمارات تعمیر کرواتا ہے اس پر دوگنا خرچ کرتا ہے اور وہ عمارات اور سڑکیں اتنی مضبوط نہیں ہوتیں جتنی کہ ہونی چاہئیں ۔

جناب سپیکر ۔ حقیقت یہ ہے کہ ہر محکمہ میں اسی چیز کا رونا رویا جاتا ہے ۔ کہ وہ بد دیانت ہے اور اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا لیکن ہمارے وزراء صاحبان فرماتے ہیں کہ ہم اندھے ہیں اور خواہ مخواہ تنقید کرتے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ رشوت ستانی کے سلسلے میں عرض کرونگا کہ میں نے ایک سوال کے ذریعے غلام محمد آباد کالونی لائل پور کے Drainage System کے متعلق عرض کیا تھا کہ کالونی مکمل طور پر آباد بھی نہیں ہوئی اور Drainage گندے پانی کے نکاس کا سسٹم ختم ہو گیا ہے ۔ اسی طرح پیپلز کالونی کی سڑکیں بھی تقریباً ختم ہو گئی ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ جہاں تک بد دیانتی کا تعلق ہے آپ اس چیز کو تسلیم کریں گے کہ میں نے اس ایوان میں یہ ثابت کر دیا ہے کہ ہماری حکومت کے افسر جن کے بارے میں عام پبلک جانتی ہے کہ وہ بد دیانت ہیں انکو Extension دی جاتی رہی ہے ۔ ان کو لائل پور میں متعدد بار تعینات کرتے ہیں ۔ وہ لائل پور میں کوٹھیاں تعمیر کرتے ہیں ۔ سروس مین رہ کر زمین لیتے ہیں ۔ بد دیانت اور رشوت خور ہونے کے باوجود انہیں انکی اچھی خدمات کے صلہ میں زمینیں اور تحفے دئیے جاتے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ حقیقت یہ ہے کہ اس ملک کی انتظامیہ مشینری صرف ناکام ہی نہیں ہوتی بلکہ ایسی فضا پیدا ہو گئی ہے ایسا ماحول پیدا ہو گیا ہے کہ یہاں رشوت ستانی عام ہے اور اس کے بغیر عام افسروں کا گذارہ نہیں ہوتا ۔ میں وزراء صاحبان سے کہوں گا کہ اس اصلاح کی ذمہ داری حکومت پر ہے ۔ قوم نے تو آپ کے نقش قدم پر ہی چلنا ہے ۔ آپ اس چیز کو تسلیم کیجئے ۔ حکومت کے قائدین جو کرتے ہیں وہی عام آبادی کرتی ہے ۔ آپ یقین کیجئے کہ جس دم آپکا کردار مثالی ہو گا یقیناً قوم کا کردار سدھرے گا ۔ یقین

کیجئے کہ آپ ملک سے بد دیانتی ، رشوت ستانی کی وبا کو کم کرنے میں ناکام رہے ہیں - رشوت روز بروز بڑھ رہی ہے اور خاص کر جب کہ ہمارا ملک خطرناک دور سے گذر رہا ہے اگر آپ ان تمام خامیوں کو دور نہیں کرتے تو آپ اس ملک کے ساتھ دشمنی کرتے ہیں - ہم تو اندھے ہیں لیکن خدا را آپ آنکھوں والا ہونے کا ثبوت دیجئے - دوسروں کو اندھا کہنے سے کوئی بات نہیں بنتی - میں چیلنج کرتا ہوں - میں آپکو ثابت کرونگا کہ جو کچھ الزامات میں نے لگائے ہیں وہ ۱۰۰ فیصدی درست ہیں اور جب تک آپکا ایڈمنسٹریشن ان گندے انڈوں کے خلاف سخت اقدام نہیں کریگا اور اچھوں کی حوصلہ افزائی نہیں کی جائیگی اور جب تک آپکا کردار انتہائی اعلیٰ اور افضل نہ ہو گا قوم کی برائیوں میں کمی واقع نہیں ہو گی - کوشش کیجئے - بہت بڑا وسیع میدان ہے خدمت کا - زندگی کا تھوڑا وقت ہے - اس کو اچھے طریقہ سے گذاریں تاکہ آئندہ نسلیں آپ کے نام کو اچھے الفاظ سے یاد کریں اور آپکے ان اچھے اعمال کو اپنائیں - اس قوم کے اچھے دن آئیں اور آپ کی عاقبت سدھرے -

Mr. Speaker : It is now 1-30 p.m. and I put the question in respect of this motion.

Now the question is—

That the total of Rs. 21,85,070 on account of Charges on P.W.D., B&R Establishment-Total New Expenditure be reduced by Rs. 21,85,069.

(The motion was lost)

Mr. Speaker : The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 21,85,070 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of Charges on Public Works Department, Buildings and Roads Establishment.

(The motion was carried)

(DEMAND NO. 9)

Mr. Speaker : The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 10,03,57,250 be granted to the Governor to defray the charges that will coure in course of paymnet for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of Development.

(The motion was carried)

(DEMAND NO. 10)

Mr. Speaker: The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 6,44,500 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1964, in respect of Advances not bearing interest-Advances Repayable and Loans and Abvances by the Provincial Government.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The House is adjourned to meet again tomorrow, 20th December, 1963, at 9.00 a.m.

(The Assembly then adjourned till 9.00 a.m. on Friday, the 20th December, 1963

Printed at Istiqlal Press, LAHORE

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIFTH SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Friday, the 20th December, 1963

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9-20 a. m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain Siddiqui. Qari of the Assembly.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۚ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ ۖ وَاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ۝ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ۖ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ۚ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ۖ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۚ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۖ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

پ ۱۷۔ س ۲۱۔ ع ۶۔ آیات ۸۳ تا ۸۸

اور ایوبؑ (کا معاملہ یاد کرو) جب اس نے اپنے پروردگار کو پکارا کہ میں دکھ میں پڑ گیا ہوں اور خدایا تجھ سے بڑھ کر رحم کرنے والا کوئی نہیں پس ہم نے اس کی پکار سن لی اور وہ جس دکھ میں پڑ گیا تھا وہ دور کر دیا ہم نے اس کا گھرانا (پھر سے) بسا دیا اور اس کے ساتھ ویسے ہی (بال بچے) اور بھی بخشے یہ ہماری طرف سے اس کیلئے رحمت تھی اور یہ نصیحت ہے ان کے لیے جو اللہ کی بندگی کرنے والے ہیں اور (اسی طرح) اسمٰعیل اور ادریس اور ذوالکفل (سب راہ حق میں) صبر کرنیوالے تھے۔ ہم نے انہیں اپنی رحمت کے سائے میں لے لیا یقیناً وہ نیک بندوں میں تھے اور (اسی طرح ذوالنون (کا معاملہ یاد کرو) جب وہ (اپنی قوم سے ناراض) غصے کی حالت میں چل دیئے اور خیال کیا کہ ہم ان پر قابو نہیں پا سکیں گے لیکن پھر تاریکیوں میں اس نے پکارا کہ خدایا تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو پاک ہے۔ بیشک میں قصوروار ہوں۔ تو ہم نے اس کی دعا قبول کر لی اور اس کو غم سے نجات بخشی اور ہم اسی طرح ایمان والوں کو نجات دیا کرتے ہیں۔

ANNOUNCEMENT

Re:—Amendment in the Rules of Procedure by the Governor.

Minister of Law : Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon. Sir, I may be permitted to make an announcement. The Governor has been pleased to amend rule 139 of the Rules of Procedure whereby and the portion relating to the keeping of the register half an hour before the starting time and half an hour after the starting time will stand deleted (hear, hear). The addition of rule 7 to the rules issued under the Members' Allowances Act, 1956, under which there was a forfeiture of daily fee of Rs. 50·00, if a Member had failed to sign the register or was found absent at the time, the quorum was taken has also been omitted. (hear, hear).

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I want to make a short statement.

Mr. Speaker : About this announcement ?

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ)۔ ۱)—جناب والا ۔ مجھے انتہائی مسرت ہے کہ میرے ان دوستوں نے جو کہ اس وقت ہمارے سامنے بیٹھے ہیں ان ضوابط میں ان تبدیلیوں کی جنکا ذکر ابھی لا منسٹر صاحب نے کیا ہے خامیوں کو محسوس کرتے ہوئے اور ہماری نکتہ چینیوں کو درست گردانتے ہوئے انہیں واپس لینے کا اعلان فرما دیا ہے ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ یقین جانئے ہم اگر ان سے زیادہ نہیں تو کم محب وطن بھی نہیں ہیں ۔ ہم بھی اس ملک کے اتنے ہی خادم ہیں جتنے کہ یہ ہیں اور میرا تو یہ دعویٰ ہے اور میرا یہ خیال ہے خواہ یہ نہ مانیں بہر حال ہم ان سے کم نہیں ہیں ۔

وزیر زراعت (ملک قادر بخش)—عوام نہیں مانیں گے۔ (قہقہہ)

خواجہ محمد صفدر—تو میں جناب والا ۔ نہایت ادب سے گذارش کرونگا کہ وہ ہماری گذارشات پر ٹھنڈے دل سے غور کیا کریں اور جوش اور غصے میں نہ غور کیا کریں ۔ یا اس طرح نہیں کہ یہ چیز آپوزیشن کی طرف سے آ رہی ہے ۔ ہم بھی ان کی طرح اس ملک کے خادم ہیں اگر یہ اپنے آپ کو خادم سمجھتے ہیں تو ہم بھی خادم ہیں اسلئے میں گزارش کرتا ہوں کہ ہماری گذارشات پر یہ ٹھنڈے دل سے غور فرمایا کریں اور ان میں سے ان کو جو چیز اچھی معلوم ہو قبول کرنے میں تامل نہ کیا کریں ۔

Minister of Law : Sir, only two minutes. I am grateful to the Leader of the Opposition for the kind words he has said. I have been seeing that as a matter of fact there has been a consistent attempt on the part of the opposition to provoke us but I assure him that we shall never be provoked and we shall never let him succeed in his attempt.

Mr Speaker: In view of that statement, does the Member still press his point of order.

خواجہ محمد صفدر—پوائنٹ آف آرڈر۔ میرا وہ پوائنٹ آف آف آرڈر جو کہ میں نے اس مسئلے کے معتلق Raise کیا تھا میرے خیال میں اب آپ اس کو Dispose of کر دیں ۔

Mr. Speaker: In view of that statement is the Member withdrawing his point of order?

خواجہ محمد صفدر—جی ھاں اس کے مطابق آپ اس کو Dispose of کر دیں ۔

Mr Speaker: So it is not pressed.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: Sir, there was a notice of amendment from me also. I too withdraw it and thank the Government for taking the right step. Before you finish this, may I say one word.—

بیگم جہاں آرا شاہ نواز

میں آپ کی وساطت سے ھاؤس سے اپیل کرونگی کہ دیکھئے اگرچہ وہ قانون چلا گیا ہے پھر بھی ہم دکھائیں کہ ہم کس طرح اپنے فرائض کو پورا کرتے ھیں ۔ خصوصاً میری بہنیں اس چیز کا نمونہ پیش کریں ۔

Mr. Speaker: Now the Question Hour.

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Grant of foreign exchange to Town Committees and District Councils for buying Road-Rollers

***3723. Mir. Haji Muhammad Bux Talpur**: Will the Minister of Basic Democracies and Local Government, be pleased to state :—

(*a*) Whether it is a fact that the Town Committees and District Councils are responsible for the construction of metalled roads in their respective areas;

(*b*) Whether it is a fact that the said Committees and Councils cannot construct metalled roads due to the non-availability of road-rollers ;

(*c*) whether it is a fact that some of such Councils and Committees have been requesting the Government for the grant of foreign exchange for the purpose of purchasing the said rollers; if so, (*i*) the names of such Committees and Councils; (*ii*) the names of those Committees and Councils, whose requests for the grant of foreign exchange were recommended during the years, 1960-61, 1961-62 and 1962-63 ;

(*d*) whether it is a fact that the foreign exchange was made available by the Provincial Government to the said Committees and Councils in Multan and Lahore Districts, but not to the Committees and Councils of Hyderabad and Mirpurkhas Districts ;

(*e*) if answer to (*d*) be in the affirmative, reasons, therefor and whether the Government intend to take immediate steps to provide foreign exchange to Committees and Councils of Hyderabad and Mirpurkhas Districts also ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین)—(الف) جی ھاں ۔

(ب) بعض ٹاؤن کمیٹیوں اور ضلعی کونسلوں کو روڈ

روازوں کی غیر دستیابی کی وجہ سے پکی سڑکیں بنانے میں دقتیں پیش آ رہی ہیں -

(ج) سال ۱۹۶۰-۶۱ء اور ۱۹۶۱-۶۲ء کے دوران میں کسی ٹاؤن کمیٹی یا ضلع کونسل نے زر مبادلہ کی منظوری کے لئے درخواست نہیں دی تھی - سال ۱۹۶۲-۶۳ء کے دوران میں حسب ذیل ضلع کونسلوں نے جن کے ناموں کے ساتھ رقم بھی دی گئی ہے زر مبادلہ کی منظوری کے لئے درخواستیں گذاری تھیں :—

روپے

(۱) ضلع کونسل لائلپور ۸۰,۰۰۰

(۲) ضلع کونسل گوجرانوالہ ۵۰,۰۰۰

ان دونوں منظوریوں کی سفارش کر دی گئی تھی لیکن صرف ضلع کونسل لائلپور کے لئے ہی ۸۰,۰۰۰ روپے کے مالیت کے زر مبادلہ کی منظوری دی گئی تھی - ضلع کونسل خیرپور نے روڈ روازوں اور دیگر سامان کی خرید کے لئے ناظم درآمد و برآمد حکومت مغربی پاکستان کو بلا واسطہ ہی اپنی سالانہ آمدنی کی ۱۰ فیصدی مالیت کے زر مبادلہ کی منظوری کے لئے درخواست دی تھی - لیکن یہ ضلع کونسل مطلوبہ زر مبادلہ حاصل نہ کر سکی -

(د) جی نہیں -

(ہ) سوال پیدا نہیں ہوتا - تاہم یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ حکومت نے مقامی افسروں کو پہلے ہی گشتی مراسلہ جاری کر دیا ہے کہ وہ ضلع کونسلوں کے روڈ روازوں اور دیگر سامان کی خرید کرنے کے لئے زر مبادلہ کے لئے مطالبات کو پیش کریں - مطالبات کے موصول ہونے پر انہیں یکجا کر دیا جائے گا اور مرکزی حکومت کو ضلع کونسلوں کے مطالبات کے مطابق زر مبادلہ منظور کرنے کی سفارش کی جائے گی -

میر حاجی محمد بخش تالپور - کیا وجوہات تھے کہ ضلع کونسل - لائلپور اور گوجرانوالہ کو تو زر مبادلہ مل گیا لیکن حیدرآباد اور خیر پور ڈویژن نے جو مانگا تھا وہ زر مبادلہ نہیں ملا ؟

وزیر بنیادی جمہوریت (مسٹر محمد خان جنیجو) ۔ لائیلپور کو ملا تھا ۔ گوجرانوالہ کو نہیں ملا تھا ۔ دیکھئے حیدرآباد نے کوئی ایسی ڈیمانڈ ہمیں نہیں دی تھی لیکن خیر پور نے جو دی تھی اس کے لئے انہوں نے مرکزی حکومت کو برا راست approach کیا وہ regularise کرنے میں دیری ہو گی اسی وجہ سے اس چیز کو finalise نہیں کر سکے ۔

EXTENSION OF PANI SHAKH KAREZ

***3776. Babu Muhammad Rafiq**: Will the Minister of Basic Democracies and Local Gocvernment, be pleased to state, whether it is a fact that District Council, Quetta, has passed a scheme of extension of Pani Shakh Karez at its meeting held on 29th January 1963, if so, the estimated cost thereof and the date by which the said scheme will be implemented ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین) — جی ہاں ۔ ڈسٹرکٹ کونسل کوئٹہ نے محکمہ آبپاشی کو پانی شاخ کاریز کو بڑھانے کے لئے مورخہ ۲۹-۱-۶۳ کو منظوری دی ہے اس کی لاگت کا اندازہ ۱۰،۲۷۱ روپے ہے ۔ چونکہ ڈسٹرکٹ کونسل کی مالی حالت کمزور ہے ۔ اس لئے محکمہ آبپاشی سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ اپنے ہی فنڈ میں سے اس سکیم پر خرچ کرے ۔

EXTENSION OF QINDEEL KAREZ

***3777. Babu Muhammad Rafiq**: Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state whether it is a fact that District Council, Quetta has passed a scheme of extension of Qindeel Karez at its meeting held on 29th January 1963, if so, the estimated cost thereof and the date by which it will be implemented ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین) — جی ہاں ۔ ڈسٹرکٹ کونسل کوئٹہ نے محکمہ آبپاشی کو قندیل کاریز بڑھانے کے لئے ۲۹-۱-۶۳ کو منظوری دی ہے ۔ اس کی لاگت اندازہ ۳،۸۹۰ روپے ہے ۔ چونکہ ڈسٹرکٹ کونسل کی مالی حالت کمزور ہے ۔ اس لئے محکمہ آبپاشی سے یہ درخواست کی گئی ہے ۔ کہ وہ اپنے ہی فنڈ میں سے اس سکیم پر خرچ کرے ۔

LINING OF KAREZ MIR IN KHANOZAI UNION COUNCIL

***3778. Babu Muhammad Rafiq**: Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state whether it is a fact that District Council, Quetta, has passed a a scheme of lining of Karez Mir in Khanozai Union Council, at its meeting held on 29th January 1963; if so, the estimated cost thereof and the date by which the said scheme will be implemented ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین) - جی ہاں - ڈسٹرکٹ کونسل کوئٹہ نے محکمہ آبپاشی کو میر کاریز کی لائننگ کے لئے مورخہ ۲۹-۱-۶۳ کی منظوری دی ہے - اس کی لاگت کا اندازہ ۲۹,۷۴۰ روپے ہے - چونکہ ڈسٹرکٹ کونسل کی مالی حالت کمزور ہے - اس لئے محکمہ آبپاشی سے یہ درخواست کی گئی ہے کہ وہ اپنے ہی فنڈ میں سے اس سکیم پر خرچ کرے -

---

EXTENSION OF KUHANA KAREZ—BALLOZAI OF KHANOZAI UNION COUNCIL

*3779. **Babu Muhammad Rafiq** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government, be pleased to state, whether it is a fact that District Council, Quetta, has passed a scheme of extension of Kuhan Karez—Ballozai Union Council on 29th Jannary 1963, if so, the estimated cost thereof and the date by which the said scheme will be implemented ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین) - جی ہاں - ڈسٹرکٹ کونسل کوئٹہ نے محکمہ آبپاشی کو کوہانہ بلوزئی کاریز کو بڑھانے کے لئے مورخہ ۲۹-۱-۶۳ کو منظوری دی ہے - اس کی لاگت کا اندازہ ۳۴,۹۹۰ روپے ہے - چونکہ ڈسٹرکٹ کونسل کی مالی حالت کمزور ہے اس لئے محکمہ آبپاشی سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ اپنے ہی فنڈ میں سے اس سکیم پر خرچ کرے -

---

LINING AND REPAIRING OF KUHANA KAREZ KHANOZAI

*3780. **Babu Muhammad Rafiq** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government, be pleased to state, whether it is a fact that District Council, Quetta, passed a scheme of lining repairing of Kuhana Karez. Khanozai at its meeting held on 29th January 1963, if so, the estimated cost thereof and the date by which the said scheme will be implemented ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین) - جی ہاں - چونکہ ضلع کونسل کی مالی حالت کمزور ہے - اس لئے کونسل مذکورہ نے ۲۹ جنوری ۱۹۶۳ء کو خانو زئی یونین کونسل کی کوہانہ کاریز کی سطح بندی اور مرمت کی سکیم محکمہ آبپاشی کو اس سفارش کے ساتھ ارسال کی ہے کہ محکمہ مذکورہ اسے اپنے فنڈ سے عملی جامہ پہنائے - سکیم کا تخمینہ ابھی محکمہ آبپاشی نے تیار نہیں کیا -

---

APPLICATIONS PENDING UNDER ARTICLE 76 OF B. D. O., 1959

*3951. **Mir Haji Muhrmmad Bux Talpur** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government, be pleased to state—

(*a*) the number of applications pending under Article 86 of C.D.O.,1956 in the offices of the Deputy Commissioners of Hyderabad and Khairpur Divisions

and the Commissioners of the said Divisions, the date of such applications and the reasons for delay in their disposal;

(*b*) whether it is a fact that the following persons have submitted applications against the Union Councils noted against their names; (*i*) Abdullah, son of Rehmatullah Memon of Nabisar against Union Council, Nabisar on 22nd September, 1962, (*ii*) Wali Muhammad, son of Dhani Dino against Union Council Chelhar, District Tharparkar on 6th September, 1962 and (*iii*) Umaid Ali son of Jan Muhammad Chandio against Union Council, Fakir Abdullah, District Tharparkar on 23rd September 1962 under the said B.D.O.;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, the cause of delay in the disposal and the names of the officials responsible for it ?

Parliamantary Secretary (Mian Mehraj-ud-Din) : (*a*) Nil.

(*b*) Yes , applications were received from these three gentlemen and have since been disposed of as under :—

(*i*) Abdullah, son of Rehmatullah, Memon of Nabisar made a complaint against the levy of taxes and lighting arrangements. His grievances have since been redressed.

(*ii*) Wali Muhammad, son of Dhani, submitted an application objecting to the levy of Community Tax by the Union Council, Chelhar in Taluka Chachro, District Tharparkar, which had been withdrawn before the receipt of his application.

(*iii*) Umaid Ali, son of Jan Muhammad, Chandio, similarly made a complaint about the levy of taxes and lighting arrangements. The grievances have since been redressed.

Applications under Article 76 of the Basic Democracies Order, 1959, are addressed to Government. These three applications were addressed to Union Councils concerned. In view of the position explained at (*b*) above, the question of taking action against any official does not arise.

ENQUIRY AGAINST MR. ARAIN, DIRECTOR OF HEALTH, HYDERABAD REGION

***4240. Mir Haji Muhammad Bux Talpur** : Will the Minister of Health, be pleased to stat:—

(*a*) whether it is a fact that the Anti-Corruption Department, Hyderabad, is holding an enquiry against Mr. Arain, Director of Health, Hyderabad Region, and has taken possession of the cash book and other essential record pertaining to his office; if so, (*i*) the name of the complainant on whose report the inquiry is being held and the charges levelled against the said Director ;

(*b*) whether the Inquiry Officer has submitted his report ; if not, reasons for the delay in its submission ;

(*c*) whether it is a fact that the Anti-Corruption Department has recommended to the Government to transfer the above-mentioned Director to some other region; if so, the reasons for not accepting the said recommendation ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : It will not be in public interest to answer the question at this stage.

میر حاجی محمد بخش تالپور - کیا اس سے مملکت کی سلامتی کو خطرہ ہے کہ آپ جواب نہیں دے رہے -

Parliamentary Secretary : The reason has already been given.

PERIOD OF POSTING OF MR. ARAIN, DIRECTOR, PUBLIC HEALTH IN HYDERABAD REGION

*4244. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur** : Will the Minister of Health, be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that according to the rules a Government servant cannot continue at a station for more than three years ;

(*b*) whether it is a fact that Mr. Arain is holding the post of Director, Public Health, Hyderabad Region, for the last three years and his District also lies within his jurisdiction if so, the actual period of his posting there ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Tenure fixed by the Services and General Administration Department for the post of Regional Director is three years.

(*b*) Dr. M. R. Arain has been serving at Hyderabad since 1957. The question of his transfer is under consideration.

CIVIL DISPENSARIES AT VILLAGES CHAWAI VTLA IN GADOON AREA

*4304. **Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Minister of Health, be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that a sum exceeding Rs. one lac has been sanctioned for opening two Civil Dispensaries at villages Chawai and Vtla in Gadoon area of Mardan district during the financial year 1963-64;

(*b*) if answer to (*a*) above be in affirmative the dates by which the work on the above said dispensaries is likely to be started and completed respectively

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) (:) (*a* No. the actual amount sanctined in 1963-64 is Rs. 72,000.00.

(*b*) The work is likely to start shortly. The buildings and roads Department have accepted the tenders for construction.

خان اجون خان جدون—کیا جناب "shortly" کی کوئی تاریخ مقرر کی جا سکتی ہے ۔

وزیر صحت (مسٹر محمد خان جنیجو)—تاریخ مقرر ہو گئی ہے۔

خان اجون خان جدون—کیا کام ختم کرنے کے متعلق کچھ بتا سکتے ہیں ؟

وزیر صحت—وہ ابھی نہیں بتا سکتے ۔

SUPPLY OF DRINKING WATER IN VILLAGE SHURDOK DISTRICT GUJRAT

4342. **Chaudhri Gul Nawaz Khan** : Will the Minister of Health, be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that no well for supply of drinking water exists in village Surdhok, Tehsil Kharian, Distsict Gujrat ;

(*b*) whether it is a fact that the residents of the village have made several representations to the appropriate authorities for provision of a well;

(*c*) whether any scheme has been prepared under P. L. 480 with a view to providing drinking water to the said villago;

(*d*) whether any experimental boring has been carried out there for the said purpose, if not whether Government intend to prepare a scheme for the boring of a well in the said village during the current year ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان)—(الف) جی ہاں ۔

(ب) ضلع کونسل گجرات کو موضع سر دھوک میں بارش کا پانی جمع کرنے کی غرض سے تالاب کی تعمیر کے لئے صرف ایک عرضداشت موصول ہوئی تھی ۔

(ج) جی ہاں ۔ مذکورہ گاؤں میں بارش کے پانی کو جمع کرنے کے لئے تالاب کی تعمیر کے لئے ورکس پروگرام کے تحت ایک سکیم مرتب کر لی گئی ہے ۔

(د) جی نہیں ۔ تاہم ضلع کونسل گجرات کی طرف سے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینیئرنگ کو ۵,۰۰۰ روپے کی ایک رقم کھاریاں تحصیل کے پانی کی قلت والے علاقے میں جسمیں موضع سر دھوک واقع ہے ۔ سروے کرنے کی غرض سے تفویض کی گئی ہے ۔

رائے منصب علیخاں کھرل۔ آپ نے پارٹ (بی) میں فرمایا ہے کہ ایک عرض داشت اس بارے میں آپکو موصول ہوئی ہے ، اس بارے میں آپ نے کیا عمل کیا ہے ۔

وزیر صحت و بنیادی جمہوریت (مسٹر محمد خان جینجو) جی ہاں ۔ اس بارے میں میں نے آپکو کہا ہے کہ اس عرض داشت کے ملنے کے بعد Rural Works Programme کے تحت ہم نے پروبزن رکھا ہے ۔

GRANT OF CONTRACT TO BARKT WARD SERVANT OF CIVIL HOSPITAL, GOJRA

***4369 Mr. Hamza**: Will the Minister of Health, be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Muhammad Yusoof, a former Contractor of Civil Hospital, Gojra, in his registred letter, dated 2nd August 1963, addressed to the Deputy Commissioner, Lyallpur, pointed out various irregularities in the grant to contract of Barkat, son of Jalal, a Ward Servant of the same hospital;

(*b*) if answer to (*c*) above be in the affirmative, whether any inquiry into the irregularites mentioned in the said letter was held by the author'ties conecerned; if so, result thereof and in case no inquiry was held, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ (سردار محمد اشرف خان) (الف) جی ہاں ۔

(ب) چونکہ مسمی برکت علی کو جو سول ہسپتال گوجرہ کے ملازم کا بیٹا ہے۔ ٹھیکہ دینا قواعد (ٹھیکہ جات) بات مغربی پاکستان ۱۹۶۰ء کے قاعدہ ۶ کی شرائط کے منافی ہے اس لئے ٹھیکہ منسوخ کر دیا گیا ہے۔ اب مقامی افسران ٹھیکے کی منظوری کے لئے از سر نو نیلام کا انتظام کریں گے۔

SHIFTING OF HEALTH CENTRE

* **4427. Khan Ajoon [Khan Jadoon** : Will the Minister of Health please refer to the answer to my starred question No. 1481 given on the floor of the House on 11th March, 1963;

(*a*) whether it is a fact that the District Council, Mardan, has recommended that the site for the Health Centre be shifted from Ambar Kunda to Tordher;

(*b*) whether it is a fact that Tordher is situated near the northern end of Tehsil Swabi;

(*c*) whether it is a fact that northern end of Tehsil Swabi is situated at a distance of 45 miles from Tordher;

(*d*) whether it is a fact that Khairabad Rural Health Centre is located at a distance of only 7 miles from Tordher;

(*e*) whether it is a fact that Shaidu Health Sub-Centre is located at a distance of only 7 miles from Tordher;

(*f*) if answers to (*a*) to (*e*) above be in the affirmative, reasons for shifting the site of the proposed health centre from Ambar Kunda to Tordhere.

Parliamentary Secretary (Sardar [Muhammad Ashraf [Khan): (*a*) Yes.

(*b*) No. Tordher is situated about 5 miles from the Southern end of Tehsil Swabi.

(*c*) No. about 5 miles only.

(*d*) Yes, but at a distance of 9 miles and not 7 miles.

(*e*) Yes.

(*f*) The location of Rural Health Centre is to be decided by the Divisional Council, comprising representatives of the public. The decision made by the District Council, Mardan, has, therefore, been already placed before the Divisional Council, Peshawar, for this purpose.

خان اجون خان جدون— جناب والا - میں نے ۱۱ مارچ ۱۹۶۳ کو جو سوال کیا تھا اس کے جواب میں بتایا گیا تھا کہ رورل ہیلتھ سنٹر امبر کنڈہ میں بنایا جائے گا - پھر اس کے بعد اب جو میں نے سوال کیا ہے کہ اس میں آپ نے تسلیم کیا ہے کہ تورڈھیر صوابی تحصیل کے شمالی سرے پر ۴۵ میل کے فاصلے پر واقع ہے اور وہ تورڈھیر سے ۵ میل پر واقع ہے اور یہ بھی تسلیم کیا ہے کہ رورل ہیلتھ سنٹر سات میل پر ہے - تورڈھیر سے ۹ میل پر ایک اور رورل ہیلتھ سنٹر ہے - اس کی وجہ جواز کیا ہے کہ ہمیں اسمبلی میں جواب دینے

نے رورل ہیلتھ سنٹر کو تبدیل کر دیا ہے ؟

وزیر صحت (مسٹر محمد خان جینجو) : جناب والا ۔ جہاں تک اس سنٹر کے تبدیل کرنے کا تعلق ہے خود ڈویژن کونسل نے مناسب سمجھا تھا کہ اس کو تبدیل کیا جائے ہم نے تبدیل نہیں کیا تھا ۔

خان اجون خان جدون— میں نے اس کی وجوہات پوچھی ہیں ۔ مناسبت تو پہلے ہی اس میں بیان کر دی ہے ۔ آپ نے خود تسلیم کیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ انہوں نے وجہ تو بتا دی ہے کہ ڈویژنل کونسل کی سفارش پر انہوں نے تبدیل کیا ہے ۔

مسٹر عبدالرازق خان— کیا وزیر صحت از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ امبر کنڈہ صوابی تحصیل سے ۵ میل ہے ۔ تورڈھیر سے ۱۵ میل ہے ۔ امبر کنڈہ سے تبدیل کرنے کی کیا وجہ تھی کہ امبر کنڈہ ہسپتال سے بہت قریب تھا اور تورڈھیر بہت دور ہے ۔

وزیر صحت— یہ جو وجوہات ہیں یہ ڈویژنل کونسل نے غور کر کے فیصلہ کیا تھا ۔

SECURITIES DEPOSITED BY THE CANDIDATES FOR CONTESTING B.D. ELECTIONS

***4443. Mr. Hamza** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(*a*) the total number of candidates who deposited securities for contesting the Basic Democracies Elections held in the year 1959 in District Lyallpur;

(*b*) the total number of the candidates whose securities were forfeited;

(*c*) the total number of candidates whose securities were refunded;

(*d*) the total number of candidates whose securities were not forfeited but have not been refunded alongwith the reasons thereof, and the time required to refund the same ?

Parliamentary Secretary (Mian Mehraj-ud-Din) :

SCARCITY OF DRINKING WATER IN THE CHOLISTAN AREA OF BAHAWALPUR DIVISION.

***4481. Chaudhri Muhammad Ali** : Will the Minister of Health, be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is a great scarcity of drinking water in the Cholistan Area of District Rahimyar Khan, Bahawalpur and Bahawalnagar of Bahawalpur Division, which comprises a population of about one lac;

(*b*) whether it is also a fact that the said area not only serves as a pasture for the cattle but is also a potential producer of raw material like, Khar Saji wool, etc;

---

*For Answer, please see Appendix at the end.

(c) if answers to (a) and (b) above be in the affirmative, the number of water-tanks constructed and wells sunk during the last three years for providing drinking water to the residents of this area, along with the amount spent for this purpose each year?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Asharaf Khan) : We have not received the reply as yet. It will be given on the next turn.

SCHEDULE OF RATES OF OCTROI DUTY

*4484. **Chaudhri Muhammad Ali** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state whether there is any proposal under the consideration of the Government to issue a model schedule of rates of Octroi duty for the guidance of all Municipal Committees in the Province; if so, reasons for the delay in finalizing it ?

پارلیمنٹیری سیکرٹری (میاں معراج الدین) — محصول چونگی کی تشخیص و تحصیل میں باقاعدگی پیدا کرنے کی غرض سے مجموعہ ضوابط محصول چونگی کا مسودہ (جس میں محصول چونگی کے جدول کا نمونہ بھی شامل ہے) مرتب کر کے برائے تبصرہ ڈویژنوں کے کمشنروں اور مجالس بلدیہ کو ارسال کیا گیا تھا۔ اب تک اکثر مجالس بلدیہ کی تنقیدات موصول ہو چکی ہیں اور اب مذکورہ مجموعہ ضوابط کے مسودے (بشمول نمونہ جدول محصول چونگی) کو ڈویژنل کمشنروں اور مجالس بلدیہ کے تبصروں کی روشنی میں آخری شکل دی جا رہی ہے۔ امکان ہے کہ اسے بہت جلد نافذ کر دیا جائے گا۔

مسٹر محمد اکبر خان کانجون اس میں کتنا عرصہ لگے گا۔

وزیر صحت (مسٹر محمد خان جنیجو)— اس میں تھوڑا عرصہ لگے گا۔

ESTABLISHMENT OF A DISPENSARY AT EVERY HEADQUARTER OF THE UNION COUNCIL

*4485. **Chaudhri Muhammad Ali** : Will the Minister of Health, be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that the District Council; Bahawalnagar has recommended that a dispensary be opened at every headquarter of the Union Council;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the action taken by Government on the above said recommedation?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان)۔

(الف) جی نہیں۔

(ب) سوال پیدا نہیں ہوتا۔

CIVIL DISPENSARIES IN BAHAWALNAGAR DISTRICT

***4486. Chaudhri Muhammad Ali** : Will the Minister of Helath, be pleased to state:—

(*a*) the number of Civil Dispensaries in Bahawalnagar District along with the places where these are situated and the number out of them where qualified doctors and qualified dispensers respectively have been appointed;

(*b*) whether Government intend to open some new dispensaries in the said area during the current fiscal years, if so, the number and the places where these will be opened?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) The umber is 42. These dispensaries are situated as below :—

1. District Headquarters Hospital, Bahawalnagar.
2. Tahsil Headquarters Hospital, Chishtian.
3. Tahsil Headquarters Hospital, Harunabad.
4. Town Committee Hospital, Mandi Sadiq Ganj.
5. Town Committee Dispensary, Fort Abbas.
6. Town Committee, Dispensary, Minchinabad.
7. Rural Dispensary, Daharanwala.
8. Rural Dispensary, Faqirwali.
9. Rural Dispensary, Fortmarot.
10. Rural Dispensary, Quresh.
11. Rural Dispensary, Chandna.
12. Rural Dispensary Doonga Boonga.
13. Rural Dispensary, Amruka.
14. Rural Dispensary, Mcleod Ganj Old.
15. Rural Dispensary, Munianwala.
16. Rural Dispensary, Jandwala.
17. Rural Dispensary, Sharafshah.
18. Rural Dispensary, Said Ali.
19. Rural Dispensary, Laleka.
20. Rural Dispensary, Toba Qalandar Shah.
21. Rural Dispensary, Malikpura.
22. Rural Dispensary, Jalwala.
23. Rural Dispensary, Moharwali.
24. Rural Dispensary, Pirsikandar.
25. Rural Dispensary, Takhat. Mahal.
26. Rural Dispensary, Sunda.
27. Rural Dispensary, Mianwala Toba.
28. Rural Dispensary, Jaurkanwala.
29. Rural Dispensary 4/1-R.
30. Rural Dispensary, Chak 209/9-R.
31. Rural Dispensary, Khichiwala.
32. Rural Dispensary, Wallher.
33. Rural Dispensary, Rasafa.
34. Rural Dispensary, 134/Murad.
35. Rural Dispensary, 6/Gijiani.
36. Rural Dispensary, 52/Fateh.

37. Rural Dispensary, Bakhshan Khan.
38. Rural Dispensary, Sadiqnagar.
39. Rural Dispensary, Moharansharif.
40. Rural Dispensary, 200/Murad.
41. Rural Dispensary, Shaher Fareed.
42. Rural Dispensary, Yateemwali.

Out of these institutions, 12 dispensaries are manned with qualified doctors and the remaining 30 Rural Dispensaries by qualified dispensers.

(*b*) Only one new dispensary at Qila Mirgarh in the Choolistan Area is being opened during the current financial year. Besides, a Rural Health Centre at Mandi Sadiq Ganj has been administratively approved for construction and a provision of Rs. 1·00 lac made for the purpose during the current financial year.

WATER WORKS SCHEMES BY TOWN COUNCIL, FORT ABBAS

***4487. Chaudhri Muhammad Ali** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government, be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that before the imposition of the Martial Law, Social Welfare Department constructed one pond and two well-ponds in Fort Abbas under a Water Works Scheme, the cost of which was met by the Town Council, Fort Abbas; if so, the expenditure incurred thereon;

(*b*) whether it is a fact that all three above said ponds have sunk down owing to overflow of water therein and the entire scheme has been paralysed; if so, whether Government have instituted any inquiry into the affair and taken any action againt the officials responsible for the said loss?

Parliamentary Secretary (Mian. Mehraj-ud-Din) (*a*) No. The Social Welfare Department did not construct any pond in Fort Abbas before the imposition of Martial Law. Hence the question of meeting expenditure, from the funds of Town Committee, Fort Abbas, does not arise.

(*b*) Does not arise.

چودھری محمد علی - جناب والا - کیا میں وزیر متعلقہ سے یہ پوچھ سکتا ہوں کہ اگر محکمہ معاشرتی بہبود نے واٹر ورکس کا کام نہیں کیا تھا تو پھر کس محکمہ نے کیا تھا -

وزیر صحت (مسٹر محمد خان جنیجو) - اس کے لئے نیا نوٹس دے دیں -

SCARCITY OF DRINKING WATER IN MAHAL KETI BUNDER KHARO

*** 4505. Mr. Muhammad Hanif Siddiqui** : Will the Minister of Health be pleased to state whether it is a fact that inhabitants of Mahal Keti Bunder Kharo in Hyderabad are experiencing great difficulty in obtaining drinking water, if so, the remedial measures Government intend to take in this behalf?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): Yes. Owing to brackish water in rivulets the inhabitants of Mahals Keti Bunder and Kharo-Chan are facing hardship in obtaining potable water. A kacha tank for drinking water was constructed at Keti Bunder during 1961-62 but it did not prove a success. A provision of Rs. 30,000 has now been made under the Rural Works Programme for Thatta District for the construction of Pucca water tank at Keti Bunder. In addition, one Pucca well has been constructed at kharo-chan and 11 hand pumps have been installed at suitable places in the interior of Mahals Keti-Bunder and Kharo-Chan to alleviates distrees among the inhabitants.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi: Are you sure that this pacca well and and 11 hand pumps have been actually constructed? Have you seen the complaint which appeared recently in the press that people are experiencing great

Minister of Health (Mr. Muhammad Khan Junejo) : The Pacca well has been constructed and the provision has been made for the construction of a pacca water tank this year and the remaining hand pumps as has been said have been installed.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : In the answer it has been said that a Pacca well has been constructed. That is not correct.

Minister of Health : If you give a representation that the reply is not correct,then I will definitely hold an enquiry into it.

SUPPLY OF PURE DRINKING WATER FOR MAKHDOOM RASHID TOWN

***4596. Syed Diwan Ghulam Abbas Bokhari** : Will the Minister of Health be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the water available in Makhdoom Rashid town a 700 years old town in Multan District is unpotable and injurious to health;

(*b*) whether it is a fact that the inhabitants of the said area are suffering from melancholia, oblivision, diarrhoea and other contagious diseases due to non-availability of pure drinking water and they are also deprived of their eye-sight and teeth at an early age;

(*c*) if answers to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether there is any scheme for providing drinking water to the people of the said area, if so, the time by which the scheme will be implemented?

پارلیمنٹری سیکرٹری - (سردار محمد اشرف خاں) :

(الف) جی نہیں -

(ب) جی نہیں قصبہ مخدوم رشید سے مالیخولیا یا مرض نسیان کے کسی واقعہ کی کوئی اطلاع نہیں آئی - اسہال اور پیچش کی جو شکایات اس قصبہ سے موصول ہوئیں ان کا موجب زیادہ تر مکھیاں ہیں -

(ج) سوال پیدا نہیں ہوتا - تاہم قصبہ مخدوم رشید کے لئے ڈسٹرکٹ کونسل ملتان نے پانی کی فراہمی کی سکیم تیسرے پنج سالہ منصوبے میں شامل کرنے کی تجویز کی ہے -

---

APPOINTMENT OF TWO OCTROI MOHARRIRS AND ONE CLERK BY CHAIRMAN, MUNICIPAL COMMITTEE, GOJRA

***4660. Mr. Hamza** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the former Chairman, Municipal Committee, Gojra, made the appointments of two Octroi Moharrirs and one Clerk on 8th March 1963, without advertising the vacancies or calling applications through Employment Exchange on the eve of his transfer;

(*b*) whether it is a fact that the above mentioned Moharrirs are mere middle pass and one of them is a relative of the Chief Officer of the Municipal Committee, Gojra.

(*c*) whether it is also a fact that many Matriculates were available for the above said posts of Moharrir and that there are already some Matriculates working as Octroi Peons in the said Municipal Committee;

(*d*) whether it is a fact that Municipal Committee, Gojra, in its meeting held on 3rd September, 1961, unaniomously passed a resolution that all the posts falling vacant in the Municipal Committee be filled on the basis of educational qualifications and experience;

(*e*) if answer to (*d*) above be in the affirmative, the reasons for making the above-mentioned appointments;

(*f*) whether it is a fact that two letters No. H-3-328, dated 8th May 1963 and H-3-372, dated 28th September 1963, were addressed to the Deputy Commissioner Lyallpur in this regard, if so, the action taken by the Deputy Commissioner, on these letters?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین)

(الف) جی ہاں -

(ب) محرر کی اسامی کے لئے مڈل پاس کم از کم مقرر قابلیت ہے - محرروں میں سے ایک محرر چیف آفیسر کا رشتہ دار بیان کیا جاتا ہے لیکن اس بنا پر اس کے تقرر پر کوئی پابندی نہیں ہے اگر وہ دیگر طور پر اہل ہے -

(ج) جی ہاں -

(د) جی نہیں قرار داد اس بارے میں تھی کہ تقرریاں قابلیت اور تجربہ کی بنیاد پر ہونی چاہئیں یہ میونسپل کمیٹی کی طرف سے مختلف اسامیوں کے لئے کوئی نئی کم از کم تعلیمی قابلیتیں مقرر نہیں کئی گئی تھیں -

(ہ) مندرجہ بالا (ب) میں صورت حال کی وضاحت کے پیش نظر سوال پیدا نہیں ہوتا - چیئرمین ایسی تقرریاں کرنے کا مجاز تھا -

(و) شکایات موصول ہونے پر میونسپل کمیٹی کے موجودہ چیئرمین نے ان اسامیوں پر نئی تقرریاں کرنے کے لئے دفتر روزگار کی وساطت سے نئی درخواستیں طلب کیں تاہم موجودہ ملازمین نے کنٹرولنگ اتھارٹی کے پاس اپیل کی جس نے فیصلہ دیا کہ چونکہ تقرریاں غیر قانونی نہیں تھیں اس لئے ان کی ملازمتیں ختم نہیں کی جا سکتیں -

مسٹر حمزہ - جناب والا - کیا وزیر متعلقہ بیان فرمائیں گے کہ چیئرمین صاحب نے اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال نہیں کیا ؟

جناب جب وہ تبدیل ہو رہے تھے تو Employment Exchange کی معرفت درخواستیں منگائے بغیر اور اشتہار دئے بغیر انہوں نے ایسے لوگوں کو تعینات کیا جو صرف مڈل پاس تھے ۔

آپ میرے سوال کے حصہ (ج) کے جواب میں فرماتے ہیں.....

Mr. Speaker: First get reply to this supplementary.

مسٹر حمزہ ۔ جناب اسی سے متعلق ہے ۔ ورنہ وہ جواب نہ دے سکیں گے ۔ آپ میرے سوال کے حصہ (ج) کا جواب ''جی ہاں،، فرماتے ہیں ۔ میرا سوال یہ ہے ۔ کہ کیا یہ حقیقت نہیں کہ ان آسامیوں کے لئے میٹرک پاس امیدوار موجودہ ہیں اور انہوں نے درخواستیں دے رکھی ہیں ۔

اس کے ساتھ ہی میونسپل کمیٹی میں چونگی محرر تو کیا چوکیوں کے چپڑاسی میٹرک پاس موجودہ ہیں ۔ تو میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آیا چیئرمین صاحب نے اپنے اختیارات کا جائز استعمال کیا ہے ؟

Minister of Basic Democracies: (Mr. Muhammad Khan Junejo): Sir, the appointment was made by the Chairman and later on, an appeal was made against the order of the Chairman to the Controlling Authority who confirmed the appointment. So far as the record is concerned it is perfectly in order.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ تمام محکموں کا طریق کار یہ ہے کہ جب بھی کوئی آسامیاں پر کی جاتی ہیں تو درخواستیں Employment Exchange کی معرفت طلب کی جاتی ہیں ۔

Mr. Speaker: No arguments please. The member should put a direct supplementary question.

مسٹر حمزہ ۔ اور ایک اشتہار دیا جاتا ہے ۔ آپ نے فرمایا ہے کہ یہ regular appointment تھی ۔ دراصل آپ تسلیم کرتے ہیں کہ جب ان کا تبادلہ ہوا تو انہوں نے جاتے ہوئے مڈل پاس لوگوں کی دو تعیناتیاں کر دیں ۔ اب آپ مجھے یہ بتائیں کہ وہاں جب مڈل پاس چھوڑ ایف۔اے پاس امیدوار موجود تھے تو بغیر درخواستیں منگوائے یہ تعیناتیاں کی گئی ہیں ۔ کیا یہ اختیارات کا ناجائز استعمال نہیں ؟ آپ اپنی طرف سے بتائیں ؟ آپ کی ضمیر کیا کہتی ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت۔ جناب والا۔ میں نے پہلے ہی عرض کیا ہے کہ جہاں تک اس کا تعلق ہے۔ وہاں کے افسروں نے جو مناسب سمجھا۔ کیا۔

....this person would have been the most suitable for the post and he was appointed and this appointment was confirmed by the Controlling Authority.

مسٹر محمد اکبر خان کاڈجون - جناب والا - کیا میونسپل کمیٹی کے چیئرمین کے لئے ضروری نہیں کہ وہ چونگی محرر یا کلرک کی بھرتی کے لئے درخواستیں Employment Exchange کی معرفت وصول کرے؟ کیا وہ براہ راست خود بھی کر سکتا ہے؟

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب عرض یہ ہے کہ وہ Employment Exchange کی معرفت بھی منگا لیتے ہیں اور جو ان کے پاس ہوتی ہیں ان سب کو دیکھ کر جو امیدوار مناسب ہوتا ہے۔ اسے تعینات کر دیتے ہیں۔

چودھری عبدالرحیم - جناب والا - کیا یہ درست نہیں کہ میونسپل ایکٹ میں یہ شرط موجود ہے کہ جو چونگی محرر بھرتی کئے جائینگے وہ سب میٹرک پاس ہونگے؟

Minister of Basic Democracies: No Sir, there is no such provision.

(*c*) No. These measures are only to control the Malaria in the North Waziristan Agency and not for complete eradication Programme. The Malaria Eradication Scheme is already in progress in the Province of West Pakistan. This is a phased programme and will be extended to North Waziristan Agency according to plan of Operation in 1965. When this programme ends, the Malaria will be eradicated completely from the country.

OPENING OF HEALTH CENTRE IN TALUKAS OF HYDERABAD DISTRICT

***5239. Syed Muhammad Hassan Shah**: Will the Minister of Health be pleased to state:—

(*a*) the names of Talukas in Hyderabad District along with the population of each where Health Centres have been opend;

(*b*) whether it is a fact that no Health Centre has been opened i n Taluka Tando Allahyar of the said District, if so, reasons therefor;

(*c*) whether it is a fact that Tehsil Council, Tando Allahyar, passed a resolution demanding opening a Health Centre in the said town;

(*d*) whether it is a fact that the said demand was reiterated in the address of welcome, presented to the Commissioner, Hyderabad Division; in the Basic Democracies Convention, held on 21st November 1963 in Tando Allahyar if so, whether Government intend to open a Health Centre in Tando Allahyar; if not, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan)—(*a*) Five Rural Health Centres have been administratively approved for construction in Hyderabad District, as per detail below:—

Name of Rural Health Centre	*Taluka*	*Population*
(1) Bulri	.. Guni	1,50,884
(2) Golarchi	.. Guni	
(3) New Saidabad	.. Hala	1,34,786
(4) Tando Ghulam Ali	.. Matli	96,962
(5) Tando Jam	.. Hyderabad	1,02,463

(*b*) Yes. Because medical facilities are already in existance in Tando Allah yar; there exists a municipal dispensary with six beds, a female hospital and a maternity home with eight beds. There is a proposal for Tehsil Headquarter Hospital at Tando Allahyar in the 3rd Plan and will be considered on merits in due course.

(*c*) Government is not aware of any such resolution.

(*d*) Government is not aware of any such demand.

EXPENDITURE INCURRED BY DISTRICT COUNCIL, HYDERABAD ON DEVELOPMENT SCHEMES

***5240. Syed Muhammad Hassan Shah:** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(*a*) the expenditure incurred by the District Council, Hyderabad on development schemes, in each Taluka of District Hyderabad, during the period from 1960 to 1963 along with the amount of local cess realised in each of the said Talukas;

(*b*) whether it is a fact that lesser amount has been spent on development schemes in Taluka Tando Allayhar than that spent in other talukas despite the fact that the income derived from this taluka from local cess exceeds the income accrued to the District Council from any other taluka if so, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Mian Mehraj-ud-Din) : (*a*) The following table indicates the exenditure incurred in each Taluka of Hyderabad District by the District Council Hyderabad during the years 1960-61, 1961-62 and 1962-63 and the amount of local cess realised :—

TABLE
Indicating Expenditure in each Taluka

Serial No.	Taluka	1960-61		1961-62		1962-63	
		Expenditure on development scheme	Local cess realised.	Expenditure on development scheme	Local cess realised	Expenditure on development schemes	Local cess realised
		Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.
1	Hyderabad	99,540·00	1,01,656·95	1,96,143·00	60,796·68	41,751·00	2,08,383·46
2	Hala	3,09,700·00	2,02,986·29	3,43,617·00	1,77,204·79	2,13,580·00	3,75,742·66
3	Tando Allah yar	3,34,428·00	2,28,964·52	1,76,292·00	2,06,429·65	74,928·00	2,99,287·20
4	Tando Mohammad Khan	2,44,440·00	1,46,981·10	2,82,090·00	50,703·60	1,20,446·00	1,77,388·68
5	Badin	4,32,767·00	1,25,552·30	1,90,905·00	43,887·71	93,799·00	77,906·87
6	Tando Bago	1,46,818·00	1,10,280·77	3,71,602·00	48,715·06	87,228·00	1,27,911·97
7	Matli	1,01,041·00	2,32,703·29	1,63,872·00	90,332·22	43,032·00	2,55,399·00

(*b*) while sanctioning expenditure on development schemes, the District Council has to take into account the overall needs of the district. It does not sanction development expenditure in proportion to the local cess realised from each Taluka. Even so, the assumption of the member that lesser amount has been spent on development schemes in Taluka Tando Allahyar compared with the amounts spent in other Taluka of District. Hyderabad is not correct.

CONTROL OF CHAIRMAN UNION COUNCIL OVER CO-OPERATIVE SOCIETIES IN DISTRICT THARPARKAR

***5246. Sardar Khalid Omar**: Will he Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Co-operative Societies which supply Urea and Fertilizer to Zamindars are working under the control of Chairman of the Union Councils in Tharparkar District;

(*b*) whether it is a fact that one such Co-operative Society is also working in Union Council Kharo Syed, Taluka Umerkot;

(*c*) if answer to (*b*) be in the affirmative, whether it is a fact that the said Co-operative Society is not working under the control of the Chairman of the said Union Council; if so, reasons therefor ?

Minister of Health (Mr. Muhammad Khan Junejoe): The notice of this buestion was received on the12th. We will be able to give the reply on the next day.

سردار خالد عمر - کیا وزیر متعلقہ یہ فرمائیں گے کہ اس کا جواب اس سیشن میں دے دیا جائیگا -

وزیر بنیادی جمہوریت - جی ہاں - دے یا جائیگا -

ABOLITION OF POSTS OF DEVELOPMENT OFFICERS OF BASIC DEMOCRACIES DEPARTMENT.

***5248. Mr. Sultan Muhammad Awan**: Will the Minister of Basic Democracies and Local Governmet be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that 95 per cent of the staff defunct Village-Aid Organisation was retrenched ;

(*b*) whether it is a fact that on the recommendations of the Economy Committee, Government decided to retrench certain staff of the Basic Democracies Department this year, and the posts of development officers were to be abolished from 31st May, 1963; if so, whether the said decision still stands;

(*c*) whether it is a fact that salaries to the Development Officers are generally paid after a delay of two or three months;

(*d*) if answers to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, reasons for (*i*) abolishing the said posts; (*ii*) delay in the payment of salaries to the Development officers and (*iii*) not making the said department permanent ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین) - (الف) یہ حقیقت نہیں ہے کہ دیہی امداد کے سابق شعبے کا ۹۰ فیصد عملہ تخفیف کر دیا گیا ہے -

(ب) کفائتی کمیٹی نے سفارش کی تھی کہ محکمہ بنیادی جمہوریت میں بعض آسامیوں کو جس میں ڈویلپمنٹ افسروں کی آسامیاں بھی شامل ہیں - ۳۱ مئی ۱۹۶۳ء سے تخفیف کیا جائے - لیکن حکومت نے اس سفارش کو عملی جامہ نہیں پہنایا بلکہ یہ فیصلہ کیا کہ محکمہ بنیادی جمہوریت کے ڈویلپمنٹ افسروں اور سپروائزروں کے علیحدہ جمعیت ہائے عملہ کو اس شرط پر بر قرار رکھا جائے کہ افسران ترقیات کی اسامیوں کی موجودہ تعداد بڑھنے نہ پائے -

(ج) بعض ٹیکنیکی وجوہ کی بناء پر ایک یا دو مواقع پر ڈویلپمنٹ افسروں کے مشاہروں کی ادائیگی میں کچھ تاخیر ہوئی تھی لیکن ان رکاوٹوں کو دور کر دیا گیا ہے -

(د) شق(الف) (ب) اور (ج) بالا میں وضاحت کردہ صورت حال کے پیش نظر سوال پیدا نہیں ہوتا - محکمے کو مستقل کرنے کا سوال حکومت کے زیر غور ہے -

مسٹر سلطان محمد اعوان - جناب سپیکر - "ج" کے جواب میں کہا گیا ہے کہ ان کی تنخواہیں دینے میں کچھ تاخیر ہوئی ہے - کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ Economic کمیٹی کی سفاراشات پر تین تین اور دو دو مہینوں کے بعد ان کو تنخواہیں دی گئی ہیں اور اب بھی یہی حالت ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت (مسٹر محمد خان جنیجو) - اب ایسی حالت نہیں ہے - بیچ میں تنخواہ کچھ دیر سے ملی تھی -

مسٹر سلطان محمد اعوان - گورنمنٹ بنیادی جمہوریتوں کو زیادہ اہمیت دے رہی ہے تو کیا یہ حقیقت ہے کہ آپ کے افسران اس محکمہ کو تباہ کرنے کے لئے تیار ہیں لوگوں کو زیادہ موقع نہیں دیتے اور یہی وجہ

ہے کہ اچھے قابل لوگ بنیادی جمہوریت کا محکمہ چھوڑ رہے ہیں جن پر گورنمنٹ کا لاکھوں روپیہ خرچ ہوا ہے جنہوں نے امریکہ اور انگلینڈ میں ٹریننگ حاصل کی تھی -

وزیر بنیادی جمہوریت — یہ بالکل غلط ہے -

SCHEMES FOR REMOVAL OF CONGESTION AND SETTLEMENT OF SQUATTERS IN LYALLPUR TOWN.

*5250. **Chaudhri Sultan Ahmad**: Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) the number of schemes submitted to Government during the last five years by the Lyallpur Improvement Trust for removal of congestion and settlement of squatters in the Lyallpur Town along with the dates of submission of these schemes and the action taken by the Government in this respect ;

(*b*) the number of such schemes in which Government have agreed to transfer State Land to the Improvement Trust ?

Parliamentary Secretary (Mian Mehraj-ud Din): (*a*) Appendix 'A' gives the number and other particulars in respect of the schemes submitted by the Lyallpur Improvement Trust during the last five years.

(*b*) The Lyallpur Improvement Trust had made out 15 cases for the transfer of State Land to the Improvement Trust. The Board of Revenue transferred State Land only in one case (in November, 1963) in respect of the Development of New Civil Lines, Lyallpur. The particulars of this scheme are at Appendix 'B'. The remaining 14 cases of transfer of State Land to the Trust are still pending with the Board of Revenue.

APPENDIX 'A'

LIST OF SCHEMES SUBMITTED BY THE LYALLPUR IMPROVEMENT TRUST TO THE WEST PAKISTAN GOVERNMENT DURING THE LAST FIVE YEARS.

Description of the scheme	No. and date of submission of the scheme to Government.	Action taken by the Government.
1. Development Scheme of Chak No. 207-R.B. Lyallpur.	Memorandum No. 1326/LITD, dated 16th June 1958.	Sanctioned by the Government 740-S. G T./58, dated 20th September 1958.
2. Development Scheme of Sughir Market comprising Khasra No. 4595-97 etc, Chak No. 212-RB, Lyallpur.	Memorandum No. 907-S.II/LIT/59, dated 22nd August 1959.	Forwarded by the Commissioner,-*vide* No. 968-16/2294, LF, dated 29th May 1961. Not yet sanctioned.
3. Rehman Market Khasra No. 1884/86, Lyallpur.	Memorandum No. 1149-S-13/LIT-59, dated 21st September 1959.	Commissioner's comments were asked for *vide*,—Government No. S.O.(XII)-D-16/59, dated 3rd August, 1960. Not yet sanctioned.
4. Meat and Fish, Market, Lyallpur.	Memorandum No. 1649-S-45/LIT-62, dated 3rd October 1962. Last query of Government replied,-*vide* No. 2539/LIT-63, dated 30th November 1963.	Sanctioned by Government Notification No. SOT-7-44/62, dated 17th December, 1963.
5. Development of General Bus Stand, Lyallpur	No. 856/S-14/LIT-63, dated 8th May, 1963,. Last query of Government replied,—*vide* No. 2553/LIT-63, dated 30th November 1963.	Sanctioned by Government Notification No. SOT-7-58/63, dated 10th December 1963.

APPENDIX 'B'

LIST OF SCHEMES SUBMITTED BY THE LYALLPUR IMPROVEMENT TRUST IN WHICH TRANSFER OF LAND WAS APPLIED TO THE BOARD OF REVENUE THROUGH DEPUTY COMMISSIONER LYALLPUR.

Description of the scheme	No. and Date of application for transfer	Action by the Government
1. Development of New Civil Lines, Lyallpur.	No. 1177/L1T/58, dated 30th June 1956.	Transferred in November 1963.

Chaudhri Sultan Ahmad : Why have I not been supplied with a copy of this answer :—

Minister of Basic Democracies : It will be supplied.

METALLED ROADS CONSTRUCTED IN PEOPLE'S COLONY, LYALLPUR

*5251. **Chaudhri Sultan Ahmed** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state—

(*a*) the total length of metalled roads constructed in the Peoples Colony, Lyallpur ;

(*b*) the total cost of contruction of the said roads along with the dates of their completion ;

(*c*) whether any of the above roads have ever been repaired; if so, the details thereof and the rates of repair;

(*d*) if no repairs have been carried out, reasons therefor ;

(*e*) whether it is a fact that the said roads are generally worn out and becoming increasingly unfit for traffic ;

(*f*) if answer to (*e*) above be in the affirmative, whether Government have taken any steps to keep these roads fit for traffic if so, the details thereof; if not, reasons thereof ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین) ۔

(الف) ۲۵۶.۵ میل

(ب) مندرجہ بالا سڑکوں کی تعمیر میں کل مبلغ ۱۷،۷۷،۷۰۲ روپے لاگت آئی تعمیر کا کام جون ۵۲ء میں شروع کیا گیا تھا ۔ اور

(۱) سات میل سڑک ۵۳ء میں

(۲) ۱۲ء۷ میل سڑک ۵۴ء میں

(۳) ۸۸ء۷ میل سڑک ۵۶ء میں اور

(۴) ۳۶.۵ میل سڑک ۵۸ میں مکمل کی گئیں اور مورخہ ۱-۱-۶۹ کو بلدیہ لائل پور کی تحویل میں دے دی گئیں ۔

(ج) اگرچہ ان سڑکوں کو حوالہ بلدیہ کرانے کی غرض سے باضابطہ طور پر کوئی معاہدہ مابین بلدیہ لائل پور و محکمہ مواصلات و تعمیرات حکومت مغربی پاکستان وجود میں نہیں آیا ۔ تاہم بلدیہ گاہ بہ گاہ ان سڑکوں کی مرمت کرتی رہی ہے اور دو میل تک اس نے بڑی سڑک کو بھی چوڑا کیا ہے ۔

(د) و (ہ) سڑکیں کافی مرمت طلب ہیں ۔ مگر یہ اس وجہ سے مرمت نہیں ہو سکیں کیونکہ ان کی دیکھ بھال کی خاطر متعلقہ گرانٹ کا مسئلہ محکمہ مواصلات و تعمیرات اور بلدیہ لائل پور کے درمیان ہنوز فیصلہ طلب ہے ۔

(و) بوقت دورہ جناب وزیر تعمیرات کی خدمت میں جو استدعا پیاز کالونی لائل پور کی سڑکوں کی جدید تعمیر کے لئے مبلغ ۱۲ لاکھ روپیہ گرانٹ کی غرض سے کی گئی تھی وہ ابھی تھی حکومت کے زیر غور ہے ۔

Mr. Speaker Now the Question Hour is over

سٹر علی گوہر کھوڑو- پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - ہمیں یہ Debates کی جو کاپیاں دی جاتی ہیں ان میں قران پاک کی آئتیں درج ہوتی ہیں اور وہ Pigeon Holes میں رکھی جاتی ہیں اور بعض ممبران ان پر اپنے پاوں رکھ کر بیٹھتے ہیں - اس لئے میں آپ کی وساطت سے عرض کرتا ہوں کہ قران شریف کی آیات کو Debates کی کاپیاں میں درج نہ کیا جائے جیسا کہ مارشل لاء سے پہلے تھا کیونکہ اس طرح بے حرمتی ہوتی ہے ۔

سٹر سپیکر - کھوڑو صاحب ایوان کی کارروائی تلاوت قران کریم سے شروع ہوتی ہے اور وہ چونکہ اس کارروائی کا ایک حصہ ہوتی ہے اس لئے اس کا شائع ہونا نہایت ضروری ہے ۔

SHORT NOTICE QUESTION AND ANSWER

Mr. Speaker: There is a short notice question. Mr. Awan may please read it.

TENDERS FOR SUPPLY ARTIFICIAL TEETH TO DENTAL HOSPITAL LAHORE.

***5373. Mr. Sultan Muhammad Awan**: Will the Minister of Hoalth be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the Superintendent, Dental Hospital, Lahore,

vide notice No. 1866/St. and IDT 26, dated 31st October 1963, invited tenders from certain firms for the supply of artificial teeth ;

(*b*) whether it is a fact that although the notice, calling for tenders was issued from the office on 31st October 1963, the last date for the receipt of such tenders, as mentioned in the said notice was 7th October 1963 ;

(*c*) whether it is a fact that ignoring the other firms orders for supply of artificial teeth were placed with a firm, named "TRUFIT" on comparatively higher rates in spite of the fact that no tender was invited from the said firm ;

(*d*) whether it is a fact that the proprietors of the said firm "TRUFIT" are *ex*-employees of the said Dental Hospital ;

(*e*) if answers to (*a*) to (*d*) above be in the affirmative, whether Government intend to institute an inquiry into the affairs ?

جناب یہ بڑا اہم سوال ہے ۔ اس کا جواب اردو میں دیا جائے ۔

Parliamentary Secretary : (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : I have got the reply in English only. I am sorry I have not got a copy of the reply in Urdu. If the Member wants I will translate it into Urdu for him.

(*a*) Yes.

(*b*) It is correct that letters were issued on 31st October 1963, and the last date for receipt of quotations was fixed as 7th November, 1963, but through a clerical mistake 7th October, 1963 was typed in the letter.

(*c*) It is not correct. A letter was received from "TRUFIT" Dental Co, on 9th October, 1963 giving new rates of their products. Quotations were then called for from other firms to find out the condition of the market. The orders were placed with the firm with the lowest rates. The expenditure involved in this order was only Rs. 1,035.

(*d*) Yes. He was placed in the retired list some ten years ago. The True Fit Dental Co., is on the approved list of the Government of West Pakistan. The owner of the firm is not related to any employee working in the West Pakistan Dental Hospital, Lahore.

(*e*) Yes.

Major Sultan Ahmed Khan : So this so-called typing error was notified to the public.

وزیر صحت ۔ (مسٹر محمد خان جینجو) اس سوال کے ذریعے میں وضاحت کر دوں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Railways (Mr. Abdul Waheed Khan) : Sir, there is no supplementary to an unstarred question.

Mr. Speaker : It is a short notice question.

وزیر صحت ۔ یہ جو سوال مجھے ملا ہے میں نے اس کا جواب طلب کیا ہے اور اس کا جواب مجھے یہ ملا ہے اس کے علاوہ بھی میں اس معاملے میں انکوائری hold کر رہا ہوں کہ کیا وجوہات ہیں (ہیر ہیر) اور یہ جو انکوائری کی رپورٹ ہو گی وہ میں آپ کے سامنے پیش کر دوں گا ۔

مسٹر سلطان محمد اعوان - جناب سپیکر ۔ویسے میں وزیر صحت کا مشکور ہوں کہ انہوں نے وعدہ کیا ہے کہ وہ چھان بین کریں گے اگر یہ چیز نہ ہوتی تو میرے پاس ثبوت موجود ہے کہ وہ بہت بد دیانت آدمی ہے ۔

Major Sultan Ahmed Khan: I am grateful to the Minister for having undertaken to enquire into the matter. Would you take note of one or two items: being a little bit of an old Administrator I might suggest that this typing error is a serious omission, if it has been done unintentionally. But under the circumstances it appears that there is no typing mistake and the public has not been notified with the correct information.

Minister of Health: I have assured you that we will hold an enquiry and I will be able to give you a report on this issue and I hope that we will be able to satisfy the Member.

ANSWER TO STARRED QUESTION LAID ON THE TABLE

MAINTENANCE ALLOWANCE TO JUNIOR HOUSE PHYSICIANS AND HOUSE SURGEONS EMPLOYED IN HOSPITALS ATTACHED TO MEDICAL COLLEGES AND OTHER GOVERNMENT HOSPITALS

***5318. Mr. Muhammad Hanif Siddiqi**: Will the Minister of Health be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that it has been decided by Government to pay Maintenance Allowance to Junior House Physicians and House Surgeons employed in the hospitals attached to Medical Colleges and other Government Hospitals of the Province;

(*b*) if answer to (*a*) above in the affirmative, (*i*) the amount of the Maintenance Allowance fixed for the purpose and (*ii*) the date from which the said allowance is payable to them?

Minister of Health (Mr. Muhammad Khan Junejo): (*a*) (*b*) The matter is under the consideration of Government.

UNSTARRED QUESTIONS AND ANSWERS

CONSTITUTION OF COMMITTEES IN THE AREAS UNDER THE JURISDICTION OF POLICE STATIONS

128. Mir Haji Muhammad Bux Talpur: Will the Minister of Basic Democracies, be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that on page 37 of the Urdu Edition of the West Pakistan Year Book, 1962, it is stated that in each area under the jurisdiction of a Police Station a Committee comprising Members of Union Councils, Town Committees, Chairman of Union Councils and Town Committees and the Officers Incharge of the Police Stations will be constituted and that the Sub-Divisional Officers or Tehsildars, Naib-Tehsildars of the areas will act as Presidents of the Committees;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether such committees have been constituted in Hyderabad Division; if so, the number of committees in each Taluka of Tharparkar District, the number of their officials as well as non-official members and the nature of duties assigned to these committees along with the dates on which the said committees held their meetings during 1962 and 1963?

Minister of Basic Democracies (Mr. Muhammad Khan Junejo): (*a*) Yes.

(*b*) (1) Yes.

(2) One committee has been formed in each of the Talukas of Jamesabad, Mithi, Diplo, Chachro and Nagarparkar of Tharparkar District and two in each of the Talukas of Mirpur Khas, Digree, Samaro and Umerkot.

(3) Number of official and non-official members is 16 and 74 respectively.

(4) These Committees have been assigned duties incorporated in Government of West Pakistan's letter No. S.O.I (BD) 17-1/60, dated 30th January, 1962 (copy attached).

(5) Dates on which the sub-committees held their meetings during the years 1962 and 1963 are given in the attached statement.

COPY OF LETTER No. 17-1/60, DATED 30th NOVEMBER, 1962, FROM THE SECRETARY TO GOVERNMENT, WEST PAKISTAN, BASIC DEMOCRACIES AND LOCAL GOVERNMENT DEPARTMENT TO ALL COMMISSIONERS OF DIVISIONS IN WEST PAKISTAN, LAHORE.

Subject—POLICE-PUBLIC CO-OPERATION.

The question of Police-Public Co-operation has been engaging the attention of the Government for some time past. There have been repeated complaints that the Police officials do not accord the members of the Basic Democracies the desired degree of courtesy, consideration and co-operation which is necessary for establishing their status at the chosen representative of the people within the community as well as the administrative hierarchy. The Police and the Basic Democracies have a common objective, that is, good of the public. The fullest co-operation between the two is absolutely essential for the allotment of this objective.

A suggestion has been made that there should be a local committee in every Union Council, Town and Union Committee to be set up by the Chairman having some of the Councillors and Sub-Inspectors Incharge of the area as its members for discussing and solving problems of mutual interest. The suggestion has its merits and demerits but the main object to this suggestion is that it could be difficult for a Station House Officer to attend meetings of all such local committees, as there may be several union councils within his jurisdiction. Moreover a local committee of this type, if set up in each union/town may not have much to do. Government have, therefore, decided that a local committee may be set up for the Union Council, Town/Union Committee falling within the jurisdiction of a police station, which should consist of the Chairman of these bodies and the Station House Officer or his Assistant as members and the Sub-Divisional Magistrate, or Tehsildar or Naib-Tehsildar as its President. These committees should meet at least once in two months so that the representative of the Public and the Police discuss and solve problems of mutual interest. The meeting may be more frequent depending on the exeigency of the problem involved. These committees may report their delibrations and recommendations to the Deputy Commissioner and the Superintendent of Police for appropriate action if such action has to be taken at a higher level.

The Deputy Commissioner and the Superintendent of Police should keep an eye on the working of these committees and send a report in due course about the results of such meetings, with their suggestion if any changes are required in the system.

It is requested that necessary instructions may please be issued to all concerned to implement this decision, and adequate steps may be taken to ensure that the proposed meetings are held and attended by all concerned regularly.

DATES OF POLICE PUBLIC CO-OPERATIVE MEETINGS DURING 1962-63

Taluka		Dates of Meetings
Mirpurkhas	..	1st October 1962, 15th October 1962, 24th November 1963, 4th February 1963, 23rd April 1963, and 12th June 1963.
Jamesabad	..	No Meeting was held.
Digri	..	30th July 1962, 9th August 1962, 27th August 1962, 29th September 1962, 28th October 1962, 29th November 1962, 2nd January 1963, 5th March 1963, 8th April 1963, and 25th June 1963
Samaro	..	28th July 1962, 29th August 1962, 13th September 1962, 25th October 1962, 22nd November 1962, 22nd December 1962, 29th January 1963, 28th February 1963, 28th March 1963, 24th April 1963, 25th May 1963 and 20th June 1963.
Umerkot	..	25th August 1962, 11th October 1962, 24th December 1962, 19th February 1963, 24th April 1963, and 25th June 1963.
Mithi	..	24th July 1962, 28th August 1962, 18th September 1962, 8th October 1962, 29th November 1962, 24th December 1962, 5th Januarny 1963, 5th February 1963, 6th March 1963, 9th April 1963, and 13th May, 1963 and 13th June 1963.
Diplo	..	No Meeting was held.
Chachro	..	No Meeting was held.
Nagarparkar	..	15th September 1962, 15th October 1962, 15th January 1963, 15th April 1963, 15th May 1963, and 15th June 1963.

NUMBER OF SPECIALISTS IN WEST PAKISTAN HEALTH SERVICE

134. Mir Haji Muhammad Bux Talpur: Will the Minister of Health, be pleased to state :—

(*a*) the number and names of Specialists in the West Pakistan Health Service together with the names of diseases in which each of them has specialised;

(*b*) whether Government have taken any steps to increase the number of dermatologists, if so, to what extent ?

Minister of Health (Mr. Muhammad Khan Junejo): The information is being collected and will be placed before the House as soon as received in the Health Department.

EXTENSION IN TIME FOR THE PRESENTATION OF STANDING COMMITTEE REPORTS

Khan Ajoon Khan Jadoon: On a point of order

Mr. Speaker: Yes, but after the Motions.

Chaudhri Niamat Ullah may move his Motion regarding the extension of time for the presentation of the report of the Standing Committee on Revenue.

Chaudhri Niamat Ullah: Sir, I beg to move :—

"That the time for presentation of the report by the Standing Committee on Revenue on the West Pakistan Restitution of Mortgaged Lands Bill, 1963 (Bill No. 73 of 1963) be extended upto 31st December 1963.

Mr. Speaker: Motion moved, the question is :—

"That the time for presentation of the report by the Standing Committee on Revenue on the West Pakistan Restitution of mortgaged Lands Bill, 1963 (Bill No. 73 of 1963) be extended upto 31st December 1963."

(*The Motion was carried*).

Mr. Speaker: Next motion is from Sahibzadi Mahmooda Begum.

Sahibzadi Mahmooda Begum: : Sir, I beg to move—

That the time for presentation of the report by the Standing Committee on Social Welfare on the West Pakistan Public Morals Bill, 1963 (Bill No. 64 of 1963) be extended upto 31st December, 1963.

Mr. Speaker: The motion moved is—

That the time for presentation of the report by the Standing Committee on Social Welfare on the West Pakistan Public Morals Bill, 1963 (Bill No. 64 of 1963) be extended upto 31st December, 1963.

(*The motion was carried*).

خان اجون خان جدون ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب والا۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے اور آپ سے اس کے متعلق رولنگ بھی لینی ہے کہ اس ایوان میں وزرا صاحبان اپنے محکموں کی طرف سے اسمبلی میں سوالات کے جوابات میں یا debate میں commitment کرلیتے ہیں وہ commitment اس صوبہ کے عوام کے ساتھ کرتے ہیں ۔ میں آپ کے نوٹس میں یہ لا رہا ہوں کہ میرے اسمبلی کے سوال کے جواب میں جو کہ میں نے ۱۱ مارچ ۱۹۶۳ء کو دیا تھا .....

Mr. Speaker: This is no point of order.

Mr. Ajoon Khan Jadoon: This is point of order.

Mr. Speaker: This is no point of order.

Mr. Ajoon Khan Jadoon: Sir, Unless you listen to me, how can you say that this is no point of order.

Mr. Speaker: I have listened to the Member but it is not a point of order. Which rule has been breached ?

Mr. Ajoon Khan Jadoon: It is a point of order. The rule has been breached that they have not given a correct answer.

Mr. Speaker: The Member may bring a privilege motion for that.

POINT OF PERSONAL EXPLANATION

re. some remarks made by the Minister of Agriculture

Point of personal explanation (سیالکوٹ-۳) **چودھری محمد ابراھیم**۔

جناب والا ۔ کل ملک قادر بخش صاحب نے کچھ باتیں کہی تھیں جس میں میری ذات بھی involved ہے اس ضمن میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں پہلی بات جو انہوں نے فرمائی تھی وہ یہ ہے کہ انہوں نے ایک غلط تاثر دینے کی کوشش کی تھی۔ میں اس کتاب کا اصل نسخہ تفہیمات حصہ دوم) لایا ہوں اس میں کہا گیا ہے کہ ''جہاں معیار اخلاق بھی اتنا پست ہو کہ ناجائز تعلقات کو کچھ بہت معیوب نہ سمجھا جاتا ہو ایسی جگہ زنا اور قذف کی شرعی حد جاری کرنا بلا شبہ ظلم ہو گا،،

یہ سزا اور حد کو ظلم نہیں کہا گیا بلکہ اس کے جاری کرنے کو اس معاشرے میں جس میں کہ اس سے پہلے اسی مضمون کے تحت کہا گیا ہے ۔ کہ

''تعزیرات کے باب میں سب سے پہلے اس قاعدہ کلیہ کو ذہن نشین کرلینا چاہئیے کہ ہاتھ کاٹنے کی سزا اور دوسری شرعی حدیں صرف اسی جگہ نافذ کرنے کے لئے مقرر کی گئی ہیں جہاں مملکت کا نظم و نسق اسلامی اصولوں پر ہو اور تمدن و معاشرت کی ترتیب و تنظیم اس طرز پر کی گئی ہو جو اسلام نے تجویز کی ہے ۔ اسلام کے اصول اور قوانین ناقابل تجزیہ ہیں ۔ یہ صحیح نہیں ہے کہ بعض اصول اور قوانین تو نافذ کئے جائیں اور بعض کو چھوڑ دیا جائے ،،

Minister of Revenue: He is justifying what has been written by Maulana Maudoodi. We can debate it.

Mr. Speaker: Order please.

چودھری محمد ابراھیم ۔ دوسری بات جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ایک کھلا تضاد میں نے ان کی دو تقریروں

میں دکھایا تھا ۔ ایک میں انہوں نے اس ایوان کے سامنے وعدہ کیا تھا کہ ۲۰ روپیہ مالیہ دینے والوں پر ۲۵ فیصدی کا اضافہ عائد نہیں ہو گا اور دوسری طرف وہ جواب تھا کہ اب گورنمنٹ کی طرف سے آئندہ اس معاملہ کو حکومت نے ترک کر دیا ہے تیسری بات جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ انہوں نے میری داڑھی کے متعلق کچھ فقرے چست کئے تھے میں اس پر شدید احتجاج کرتا ہوں ۔ ان کے بھی بزرگ تھے اور ان کے بھی بہت سے رشتہ دار ہوں گے جن کی داڑھیاں ہوں گی ۔ داڑھی کے متعلق کہنا نہایت نامناسب تھا یہ ایک اہم اسلامی شعار کی تضحیک ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ آپ نے مجھے پوائنٹ آف آرڈر بیان کرنے کی اجازت نہیں دی لیکن ان کو تقریر کرنے کی اجازت دے دی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کا پوئنٹ آف آرڈر سوال کے متعلق ہے آپ next turn پر اپنے سوال کے متعلق موشن move کر دیں میں اجازت دے دوں گا ۔

ORDINANCES

RESOLUTIONS RE: APPROVAL OF—
The West Pakistan Press and Publications Ordinance, 1963
(*Resumption of discussion*)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the Resolution that the House do approve of the West Pakistan Press and Publications Ordinance, 1963.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi MuhammanVaryal Memon):Mr. Speaker, Sir, may I make one submission. It is nearly quarter to eleven and being Friday, the House will sit up to 12-30 p.m. I had the other day made a request to the Chair to give me one hour to round up the debate and keeping that in view I hope the Leader of the Opposition atleast today I find him and particularly Mr. Ansari in a very co-operative mood—will unhesitatingly concede that and the debate may follow. I am prepared to conced that this is definitely an important ordinance but the speeches ma y conclude at 11-30 a.m. so that I may have one hour and by 12-30 p.m. we conclude this ordinance.

Mr. Speaker : I will keep it in view.

میاں محمد اکبر ۔ (گجرات —۱) کل جناب والا ۔ میں نے پاکستان میموریل ڈے کے متعلق عرض کیا تھا ۔ میں اس کے متعلق ایک موشن پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ کل جب میں نے پاکستان ڈے میموریل کے متعلق عرض کیا تھا اس کا جواب مجھے نہیں ملا تھا ۔ خانزادہ تاج محمد صاحب نے اس کے متعلق یہ move کیا تھا کہ اس میں کچھ معزز ممبر بھی contribute کریں ۔ آج کچھ صاحبان فرداً فرداً مجھ

میں آپ کی اجازت سے یہ move کرتا ہوں کہ معزز ممبران ایک ایک دن کا الاؤنس اس پاکستان ڈے میموریل فنڈ میں دیں ۔

(آوازیں : ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے) ۔

Khawaja Muhammad Safdar : We have got no objection.

مسٹر سپیکر ۔ اس کے متعلق کوئی debate تو نہیں ہو سکتی جو اصحاب contribute کرنا چاہیں وہ contribute کر دیں ۔

مولانا غلام غوث ۔ جناب والا ۔ میں نے پہلے بھی تحریک التوا کے لئے کہا تھا ۔ میری دو تحریکیں ہیں اس کے لئے کون سا وقت ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ ۲۷ تاریخ کو لی جائیں گی ۔

خاندزادہ تاج محمد ۔ جناب والا ۔ ممبر صاحبان پاکستان میموریل فنڈ کو سپورٹ نہیں کرنا چاہتے ۔ ان سے آپ پوچھ تو لیں کہ وہ الاؤنس دینا چاہتے ہیں یا نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آرڈر — آرڈر ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) جناب والا ۔ میں نے گذشتہ جمعہ کو جناب کی وساطت سے اس معزز ایوان کے سامنے اس برصغیر ہند کے دور غلامی اور اس تاریک دور اور اس بد ترین زمانے کا ذکر کیا تھا جسے ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکمرانی کا دور کہا جاتا ہے اور میں نے یہ کوشش کی تھی کہ اجمالاً ان قوانین کا خاکہ اس ایوان کے سامنے پیش کروں جو اس بد ترین دور میں پاس کئے گئے اور یہاں نافذ کئے گئے ۔

لیکن آج جناب والا ۔ میں اپنی گذارشات کا آغاز پیش نظر قانون کو سامنے رکھتے ہوئے کروں گا اور یہ اس معزز ایوان کے معزز اراکین کے صوابدید پر چھوڑے دیتا ہوں کہ وہ اس قانون کا مقابلہ ان قوانین کے ساتھ کر لیں اور وہ خود دیکھیں کہ آیا اس زمانے میں یہاں پریس اور پبلیکیشن کو کس حد تک آزادی تھی اور آج جب کہ ہمیں آزاد ہوئے ۱۷ برس گذر چکے ہیں ہم کس حد تک Fourth Estate کو جسے پریس کہا جاتا ہے کن

کن زنجیروں میں جکڑ رہے ہیں ۔ کون کون سی پابندیاں عائد کر رہے ہیں ۔ کون کونسی قدغن ہیں جو اس پر لگائے جا رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں اس ہنگامی قانون کی صرف چار پانچ شقوں کو زیر بحث لاؤں گا لیکن اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ مجھے باقی شقیں قبول ہیں ۔ مجھے سب پر اعتراض ہے لیکن اس ایوان کا وقت اتنا قیمتی ہے اس لئے میں ان ساری شقوں کی تفصیل میں جانا نہیں چاہتا ۔ میں صرف ان شقوں کا ذکر کروں گا جن کے متعلق میرا یہ دعویٰ ہے کہ اس بر صغیر میں اس سے پہلے اس قسم کی شقیں کسی پریس کے متعلق قانون میں کبھی نہیں رکھی گئیں اور ان کے متعلق میرا یہ دعویٰ بھی ہے کہ ماسوائے Iron curtain کے پیچھے ممالک کے ۔ آج بھی دنیا بھر میں کوئی ایسا بد نصیب ملک نہیں ہے ۔ جہاں پریس پر اس قدر پابندیاں عائد کی گئی ہوں جس قدر کہ ہنگامی قانون زیر بحث میں درج ہیں ۔

جناب والا ۔ میں اپنی گذارشات دفعہ ۱۲ سے شروع کرتا ہوں ۔

Section 12—"Authentication of the Declaration."

جو سیکم اس ہنگامی قانون میں دی گئی ہے وہ یہ ہے کہ اگر کسی شخص نے اخبار کے لئے declaration لینا ہو یا مطبع کھولنے کے لئے declaration حاصل کرنا ہو تو وہ District Magistrate کو اپنی درخواست پیش کریگا ۔ اور اس میں فلاں فلاں چیزیں درج کریگا ۔ یہ سب چیزیں دفعہ ۷ کے تحت آتی ہیں ۔

اس کے بعد دفعہ ۱۲ میں District Magistrate کے فرائض ہیں جن میں درج ہے کہ وہ درخواست کے ساتھ کیا سلوک کریگا اور اسے کس کس چیز کے متعلق فیصلہ کرنا ہو گا ۔ اس دفعہ میں District Magistrate پر یہ فرض بھی عائد کیا گیا ہے کہ وہ چھ چیزوں یعنی چھ امور کے متعلق اپنی تسلی کرے اور اس کے بعد اسے authenticate کرے ۔ اور اس declaration کی تصدیق کرے جو درخواست گذار نے اس کے سامنے پیش کی ہو ۔

پہلی چیز یہ ہے کہ اگر مالک جدا ہو اور پرنٹر اور پبلشر جدا ہو تو District Magistrate معلوم کرے کہ آیا مالک نے پرنٹر - پبلشر کو باقاعدہ مختار نامہ دیا ہوا ہے ؟

دوسری چیز وہ یہ دیکھے کہ اسی زبان میں اس صوبے میں کوئی اور اخبار چھپ رہا ہے یا نہیں

جناب والا - تیسری چیز جس کی طرف میں اس معزز ایوان کی توجہ خصوصیت سے دلانا چاہتا ہوں - یہ ہے

"12(2)—(c). The printer or the publisher was not convicted of an offence involving moral turpitude within five years before the date of his making and subscribing a declaration under section 7 ;"

یعنی جس وقت درخواست گذار درخواست پیش کرے تو اس سے ۵ سال قبل وہ کسی اخلاقی یا غیر اخلاقی جرم میں سزایاب نہ ہوا ہو - اسی قسم کی پابندیاں اس معزز ایوان کے رکن بننے کے لئے امیدواروں پر بھی عائد ہوتی ہیں - اور ہمارے ملک کی سب سے بڑی مقننہ یعنی نیشنل اسمبلی کے رکن بننے کے لئے جب امیدوار درخواستیں دیں تو ان پر بھی عائد ہوتی ہیں یہ ہو بہو وہی ہیں - چنانچہ اب میں ان پابندیوں سے اس پابندی کا مقابلہ کرنا چاہتا ہوں - میں یہ چیز ثابت کرنے کی کوشش کرونگا کہ نیشنل اسمبلی جو ہمارے ملک کا سب سے بڑا قانون ساز ادارہ ہے - جس کے Presidental form of Government میں اتنے اختیارات نہیں ہوتے جتنے کہ Cabinet form of Government میں ہوتے ہیں - لیکن اگر پھر بھی اس ملک کی حاکمیت کو تقسیم کیا جائے تو وہ تین حصوں میں تقسیم کی جا سکتی ہے - اول پریذیڈنٹ - دوم نیشنل اسمبلی اور سوم - عدلیہ - یہ اس ملک کے سب سے بڑے حاکم ادارے ہیں - چنانچہ اگر کسی شخص نے نیشنل اسمبلی کا ممبر بننا ہو تو اس پر جو پابندیاں عائد ہوتی ہیں وہ Article 103 میں دی گئی ہیں - میں صرف متعلقہ حصہ پڑھتا ہوں -

"he has, within the previous period of five years, been convicted of an offence by any Court and sentenced to transportation or to imprisonment for not less than two years or been sentenced to death....."

یہاں دو سال کی شرط ہے - یعنی اس ملک کے سب سے بڑے حاکم ادارے یعنی قانون ساز اسمبلی کا رکن

بننے کے لئے اس ملک کے باشندوں پر یہ پابندی ہے کہ گذشتہ ۵ سال میں کسی ایسے جرم میں ماخوذ ہوا جس کی سزا ایسے دو سال یا اس سے زیادہ مل چکی ہو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر ایک شخص کو ایک سال ۱۱ ماہ اور ۲۹ دن کی سزا ہوئی ہو۔ خواہ وہ جرم کسی قسم کا ہو۔ یہاں جرم کی تعریف بھی نہیں دی گئی۔ یعنی involving moral turpitude نہیں لکھا۔ اس لئے اس میں ہر قسم کے اخلاقی اور غیر اخلاقی جرائم شامل ہیں۔ بالفاظ دیگر ایک سال ۱۱ ماہ اور ۲۹ دن کا سزا یافتہ آنریبل اسمبلی کا ممبر بن سکتا ہے۔ لیکن ایک دن اور صرف ایک دن کا سزا یافتہ till the rising of the Court سزا ہوئی ہو۔ کسی اخبار کا پرنٹر۔ پبلشر نہیں بن سکتا۔ یہ پابندی اور اتنی سختی۔ یہیں بس نہیں بلکہ میں اس سے بھی ایک قدم آگے جانا ہوں۔

جناب والا۔ اگر آپ Article 10 دیکھیں تو وہاں وہ پابندیاں درج ہیں جو اس ملک کے صدر کے عہدے کے امیدوار پر لازمی طور پر عائد ہوتی ہیں۔ وہاں یہ لکھا ہے کہ جو شخص نیشنل اسمبلی کا رکن بن سکتا ہے وہ اس ملک کا صدر بھی بن سکتا ہے۔ یعنی ایک شخص جو ایک سال ۱۱ ماہ اور ۲۹ دن کا سزا یافتہ ہو، وہ اس ملک کا صدر بن سکتا ہے۔ لیکن کس قدر افسوس ناک بات ہے کہ ایک دن کا سزا یافتہ ایک اخبار کا مالک پرنٹر پبلشر نہیں بن سکتا۔

جناب والا۔ یہ بات یہیں ختم نہیں ہو جاتی۔ اب اس سے بھی آگے چلیں District Magistrate پر یہ فرض بھی عائد ہوتا ہے کہ وہ دفعہ ۱۲ کے تحت یہ بھی دیکھے کہ اس پرنٹر پبلشر کے پاس اتنا سرمایہ ہے کہ وہ اس اخبار کو باقاعدہ طور پر جاری رکھ سکے۔ میں حیران ہوں کہ اخبار نکالنا۔ مل لگانا۔ کارخانہ قائم کرنا یا کوئی دوکان کھولنا۔ یہ سب مختلف قسم کے کاروبار ہیں۔ لیکن دیگر کاروباروں کے متعلق District Magistrate چھوڑ حکومت بھی نہیں پوچھتی۔ اور بالخصوص کسی فرم کو رجسٹر کرتے وقت متعلقہ شخص سے یہ بھی نہیں پوچھا جاتا کہ بھئی

یہ فرم جو تم رجسٹر کرانے کے لئے آئے ہو اس کے پاس کوئی سرمایہ بھی ہے یا نہیں - یہ کاروبار چل بھی سکے گا یا نہیں - کل کو کہیں دیوالیہ تو نہ ہو جائیگی - آخر اخباروں کے ساتھ یہ امتیازی سلوک کیوں کیا جا رہا ہے - اب کوئی اخبار نکلنے سے پہلے اس کے مالک کی تھیلی بھی ٹٹولی جائیگی کہ اس میں کچھ ہے بھی یا نہیں - یہاں بات ختم ہو جاتی تو کوئی بات نہ تھی - یعنی یہ کہ روزانہ اخبار صرف وہی شخص نکال سکتا ہے جس کے پاس پچاس ہزار روپیہ ہو - اور ہفتہ وار وہ نکال سکتا ہے جس کے پاس ۱۰ ہزار روپیہ ہو - لیکن اس بات کو تو محض District Magistrate کی صوابدید پر چھوڑ دیا گیا ہے - ایک District Magistrate کہہ سکتا ہے کہ جس کے پاس دو لاکھ روپے سے کم سرمایہ ہوگا - میں اسے اخبار جاری کرنے کی اجازت نہیں دونگا -

دوسرا آتا ہے اور کہتا ہے کہ میرے پیشرو نے غلطی کی تھی اور وہ ۵۰ ہزار روپے پر ہی اس کی اجازت دیتا ہے - آخر کوئی معیار تو مقرر ہونا چاہیئے ، اگر کوئی معیار ہوتا تو شائد ہم اسے منظور کرلیتے - لیکن یہاں تو انہیں کھلی چھٹی دیدی گئی ہے - اور District Magistrate صاحبان جن کے متعلق پچھلے چار دن اس معزز ایوان کے دونوں حصوں سے قصیدے پڑھے گئے -

اتنے لمبے قصیدے کہے گئے ہیں لیکن میں انہوں نہیں دہراؤں گا -

Mr. Speaker. No discussion about that

خواجہ محمد صفدر - میں صرف یہ بتانا چاہتا ہوں کہ Bureaucrats کے متعلق اس ایوان میں دونوں طرف سے شکایات بیان کی گئی ہیں اس کے باوجود ان افسران کو یہ اختیارات دئے گئے ہیں کہ وہ اس چیز کے لئے کوئی سا بھی معیار اپنالیں - جس سے کسی کی درخواست کو رد کیا جا سکے -

کلاز ۱۲ (ای) - یہ انتہائی مبہم کلاز رکھی گئی ہے - کیونکہ اس کے تحت کسی ایڈیٹر کو ڈیکلریشن نہیں مل سکتا جب تک اس کے پاس Reasonable Educational qualifications اور ایسے اخبار چلانے کا تجربہ نہ ہو - اس

کلاز میں نہ تو تعلیمی استعداد کی تعریف کی گئی ہے اور نہ ہی Adequate training کی تعریف کی گئی ہے۔ اور یہ معلوم نہیں ہو سکتا کہ کم از کم کیا تعلیمی معیار ہو۔ اس سے یہ پتہ نہیں چلتا کہ وہ ایم اے پاس ہو یا اس کا انٹرمیڈیٹ یا سیکنڈری پاس شدہ ہونا کافی ہے۔ اس کلاز میں اس امر کی وضاحت نہیں کی گئی۔ کیونکہ اگر وضاحت کی جاتی تو اس سے گورنمنٹ پابند ہو جاتی۔ یہ ابہام اس لئے رکھا گیا ہے تاکہ جب حکومت چاہے ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کو کان میں یا ٹیلیفون پر کہہ دے کہ فلاں کو ڈیکلریشن نہ دیا جائے۔ یہی صورت تجربہ اور ٹریننگ کے سلسلہ میں بھی پیدا ہوسکتی ہے۔

کلاز-۱۲ (ایف) - اس میں یہ درج ہے کہ اگر حکومت کے خیال میں یہ آجائے کہ فلاں شخص کی Activities مستقبل میں پاکستان کی سالمیت یا پاکستان کے استحکام یا امور خارجہ کے بارے میں نازیبا ہوں گی یا حکومت کی رائے میں وہ نا روا صورت اختیار کرے گا۔ تو ابھی سے اس کو Declaration نہ دے۔ میں پوچھتا ہوں کہ حکومت کے پاس کونسا تھرما میٹر ہے یا اس نے کونسا آلہ ایجاد کیا ہے جس کے ذریعہ سے وزراء صاحبان یا حکومت کو معلوم ہو جائے کہ آئندہ یا مستقبل میں کسی شخص سے اندیشہ ہو سکتا ہے یا اس کے دل میں کوئی ایسی خلاف بات آ سکتی ہے جس کو خدا بھی جان سکتا ہے آخر وہ بھی انسان ہیں ہم بھی انسان ہیں۔ اور جب تک کوئی واقعہ حقیقت میں پیش نہ آئے کوئی سزا نہیں دی جا سکتی Jurisprudence میں بھی کسی کو Intention کے لئے سزا نہیں ہے یہاں تو کسی Intention کا اظہار بھی نہیں یہاں تو صرف خیال کی بات ہے کہ اگر مستقبل میں دس یا بیس سال کے بعد ایک اخبار امور خارجہ کے متعلق خلاف رائے رکھے گا۔ تو اسے ابھی سے اجازت نہ دی جائے۔ میں کہتا ہوں کہ اس وقت تک تو بیس بار حکومتیں بدل چکی ہوں گی۔ اور اپنی رائے تبدیل کر چکی ہوں گی، آج ہی کسی کو سزا دینے کا یہ کیا طریقہ ہے اس قسم کے اختیارات آج تک کسی حکومت نے حاصل نہیں کئے تھے۔ اور شاید حاصل نہ کرے۔ مجھے یقین ہے کہ بعد میں آنے والی حکومتیں ایسے اختیارات حاصل نہیں کریں گی۔ اس میں

Authentication کے الفاظ ۱۸۶۷ کے پریس ایکٹ سے لئے گئے ہیں - اس میں صرف اس قدر ہے کہ Subject to the provisions of sub-section (2) کو چھوڑ کر باقی چار لائینز وہی ہیں جو ۱۸۶۷ کے پریس ایکٹ میں تھیں - اس میں تو یہ ہے کہ کوئی ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ ڈیکلریشن نہ دے یا کسی بنا پر وہ ڈیکلریشن رد کر دے - ۱۸۶۷ پریس ایکٹ کی رو سے ڈپٹی کمشنر کو ایسے اختیارات نہیں تھے - وہاں لکھا ہے - کہ shall authenticate یعنی درخواست دی جائے گی تو وہ authenticate کر دے گا - اور وہ یہ نہیں پوچھے گا کہ آگے کیا ہے یا پیچھے کیا تھا -

پورے سو سال کے بعد (نہیں ابھی تین سال کم ہیں) اس ملک کی حالت یہ ہے کہ ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کو پریس کے متعلق تمام کے تمام اختیارات دے دئے گئے ہیں جو پریس کا گلا گھوٹنے کے لئے کافی ہیں - میں کہتا ہوں صرف یہی شق کافی ہے - باقی تو بیکار سی رکھ دی گئی ہیں - ان کی ضرورت نہیں تھی - اگر پریس کو مارنا ہی تھا تو اتنا کافی تھا اب کون ہے جو اس کے ہوتے ہوئے اپنا ڈیکلریشن جاری کرا سکے گا -

جناب والا - اس کے بعد جناب کی توجہ سیکشن ۲۲ کی طرف دلاتا ہوں -

وزیر ریلوے - (مسٹر عبدالوحید خان) - "اپنی تو نیند اڑ گئی تیرے فسانے سے"

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - سیکشن ۲۲ میں ایسی پابندیوں کا ذکر ہے جن کی زد کچھ اس ایوان پر پڑتی ہے - اس میں ایسی پابندیوں کا بھی ذکر ہے جن کی زد عدالتوں کی کارروائیوں پر پڑتی ہے -

اس میں کوئی شک نہیں کہ جناب سپیکر - آپ کو کچھ اختیارات دئے گئے ہیں لیکن وہ کس طرح دئیے گئے ہیں- وہ اس ایوان سے چھین کر دئے گئے ہیں - اگر آپ کے اختیارات میں ویسے اضافہ ہوتا تو مجھے خوشی ہوتی - لیکن اس سے خوشی نہیں کہ اس ایوان سے کچھ اختیارات

چھین کر آپ کو دئیے گئے ہیں اور وہ اختیارات ایسے ہیں جن کے متعلق مجھے خوشی ہے کہ آج تک انہیں استعمال نہیں کیا گیا - اور مجھے یقین ہے کہ آپ استعمال نہیں کریں گے لیکن مجھے اس حکومت پر حیرانگی ہے کہ اگرچہ آپ انہیں پسند نہیں کرتے پھر بھی یہ اختیارات آپ پر ٹھونسے گئے ہیں -

Mr. Speaker: No discussion about my liking or disliking.

Khawaja Muhammad Safdar: Alright. I leave this point altogether.

جناب والا - اس میں تیسری شق یہ ہے کہ اخبارات کو مجبور کیا جا سکتا ہے کہ وہ گورنمنٹ کے اشتہارات کو مفت چھاپیں اور ان کو گورنمنٹ پریس نوٹ کہا جائے گا -

Anyhow I am not going to mention that

میں صرف آخری شق کے متعلق گذارش کروں گا - میرے محترم وزیر قانون مسٹر غلام نبی میمن صاحب نے یہ اعتراض کیا تھا کہ سیکشن ۲۲ (ہ) کے تحت حکومت نے کوئی اختیارات حاصل نہیں کئے - اور پریس پر کسی قسم کی پابندی نہیں لگائی گئی - میں صرف اس کو پڑھ دیتا ہوں اور باقی سیکشن کو چھوڑ دیتا ہوں - اس میں لکھا ہے -

"Nothing contained in this Ordinance or any other law for the time being in force, shall be construed as protecting the publication of any matter, the publication of which is not for the public good."

میری رائے میں اس سے زیادہ وسیع اختیارات جتنے کہ اس کلاز سے حکومت کو ملتے ہیں- اس سارے قانون میں اور کسی کلاز میں نہیں ہیں - یہ کہتے ہیں - کہ اگر اس قانون میں ی کوئی چیز لکھنی جائز ہے - تو بھی کوئی بات نہیں- کسی اور قانون میں بھی لکھنا جائیز ہے - پرنٹ کرنا جائیز ہے تو بھی کوئی بات نہیں - حکومت اگر اسکو یہ سمجھیگی - کہ وہ پبلک مفاد میں نہیں ہے - تو وہ نہیں چھاپی جاسکتی - یہ پابندیاں اس قانون کے علاوہ ہیں - اس کو اتنا وسیع کر دیا گیا ہے - کہ کسی چیز کو جس کے متعلق حکومت یہ رائے قائم کرے - کہ یہ پبلک مفاد میں نہیں ہے - اس کی اشاعت پر نہ صرف دفعہ (۴) کے نیچے سب کلاز (۴) کے نیچے بلکہ کلاز ۵۴ کے نیچے غالباً اس کو

سزا دی جاسکتی ہے ۔ اس لئے میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ دفعہ ۲۲ ایسی unique اور بے مثال ہے ۔ کہ دنیا بھر میں آپ کہیں بھی جائیں ۔ State book پر اس کا نشان تک تلاش نہیں کر سکتے ۔ جناب والا ۔ اب میں سیکشن ۲۴ کی طرف آتا ہوں ۔ سیکشن ۲۴ میں ان پابندیوں کے علاوہ جو کلاز ۲,۱ اور ۱۲ اور دیگر سیکشن میں ہیں ۔ ایک لمبی چوڑی فہرست ان پابندیوں کی دی گئی ہے ۔ جن کے متعلق اخبارات کو باخبر رہنا ضروری ہے ۔ ورنہ ان کے خلاف وہ تمام کارروائی ہو گی ۔ جو اس کے مختلف سیکشنوں میں درج ہے ۔ یعنی کہ فلاں فلاں قسم کی چیزیں شائع نہیں ہو سکتی ۔ جناب والا ۔ اگر آپ ان پندرہ پابندیوں میں سے ایک ایک پر نگاہ ڈالیں ۔ تو آپ میرے ساتھ اتفاق فرمائینگے ۔ کہ پندرہ کے پندرہ substantial law کے نیچے جرم ہیں ۔ یہ تعزیرات پاکستان کے نیچے جرم ہیں ۔ اور جو امتناعی قوانین اس ملک میں رائج ہیں ۔ ان کے تحت جرم ہیں ۔ یہاں فرق یہ ہے ۔ جو تعریف تعزیرات پاکستان میں کی گئی ہے اسے اس قانون میں وسیع تر کیا گیا ہے اس کو وسیع تر کرنے سے ان کی غرض کیا ہے ۔ اگر وہ عدالت ہو ۔ اور وہ جرم ہو ۔ جو کہ تعزیرات پاکستان میں درج ہے ۔ تو پھر تو میں کچھ سکتا ہوں ۔ کہ گورنمنٹ کو عدالتوں پر اعتبار ہی نہیں ہے ۔ اعتماد نہیں ہے ۔ اس لئے ان کے ان جرائم کو عام عدالتوں کے احاطہ اختیار سے نکال کر ایک خاص عدالت (میں نے نام ہی غلط لے لیا ہے) اپنے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے سامنے سزا دلوانے کے لئے یہ قانون رکھا گیا ہے ۔ اور یہ شق اس غرض کے لئے رکھی گئی ہے ۔ اسکی شقوں میں جناب والا ۔ اس قدر وسعت ہے ۔ (مجھے خیال اس بات کا ہے ۔ کہ میرے پاس وقت بہت کم ہے ۔ ورنہ اس کے متعلق میں تفصیلی جناب والا ۔ کی خدمت میں تبصرہ کرتا ۔ بشرطیکہ میرے پاس وقت ہوتا) ۔ بہر حال یہ پابندیاں ایسی ہیں ۔ جیسے کسی بھی صورت میں قائم نہیں رہنا چاہیے ۔ کیونکہ ان پابندیوں کی وجہ سے اخبارات دیانتداری سے اپنی رائے کا اظہار نہیں کر سکتے ۔ آپ اس کلاز کی سب کلاز (۲) کی طرف توجہ کریں ۔ اور اس کی آخری چار سطریں دیکھیں ۔ تو اس میں نیشنل اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کے اختیارات آتے ہیں ۔ اس

میں درج ہے ۔ کہ اگرچہ دفعہ ۲۲ کے تحت وہ پابندیاں نہیں آتی ہیں ۔ جو کہ اس ایوان کی بحث کو باہر چھاپنے پر ہیں ۔ اس کے باوجود بھی اگر وہ بحث جو یہاں پر ہوتی ہے ۔ اور وہ سیکشن ۲۴ کے A سے لیکر نمبر ۵ تک یعنی ان پندرہ سیکشنوں میں سے کسی کی زد میں بھی آتا ہے ۔ تو پھر بھی اخبار مجرم ہے ۔ پرنٹر اور پبلشر گردن زدنی ہیں ۔ تو اس کلاز نے ہمارے اخبارات پر مزید پابندیاں عائد کر دی ہیں ۔ اور اس ایوان کے حقوق کو مزید سلب کر لیا ہے ۔ میں آپ کے سامنے وہ چار سطریں پڑھتا ہوں ۔

"shall be construed as exempting from the operation thereof any book or paper, not being a book or paper published officially or a law report, in which is printed such account of the proceedings of the National or Provincial Assembly, or of a court of law or other judicial or quasi-judicial body or tribunal".

This is important.

...."If it contains any words, signs or visible representations of the nature described in any of the clauses (a) to (o) of that sub-section".

سب سیکشن جس کا میں نے ابھی ذکر کیا ہے ۔ بلکہ ذکر تو میں نے نہیں کیا صرف اشارہ ہی کیا ہے کہ وہ پندرہ پابندیاں جو ہیں ۔ ان کے تحت یہاں کسی رکن کی تقریر آسکتی ہے ۔ تو اخبار والے پابند ہیں ۔ کہ وہ اسے شائع نہ کریں ۔ اگرچہ آپ نے اسے expunge کرنے کا حکم نہیں دیا ۔ اور اس سلسلے میں ہدایات جاری نہیں کیں ۔ کہ اس کی اشاعت ممنوع ہے ۔ تو پھر یہ کہتا ہوں ۔ کہ زنجیر در زنجیر اور یہ زنجیروں کا لامتناہی سلسلہ کیوں ہے ۔ حکومت نے اتنے اختیارات حاصل کئے ہیں ۔ کہ وہ اگر ایک سیکشن کو ہی اپنے پاس رکھیں ۔ تو اس سے ہی انکا اخبارات کو دبانے کا مقصد پورا ہو سکتا ہے ۔ لیکن انہوں نے اس پر اکتفا نہیں کی ۔ ان کو کیوں اپنے اوپر اعتماد نہیں ہے ۔ کہ وہ کلاز کے بعد کلاز Blanket clause کے بعد Blanket clause اس آئین میں لا رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں آپ کی توجہ سیکشن ۳۰ کی طرف دلاتا ہوں ۔ اور یہ وہ سیکشن ہے ۔ جس کا ذکر نوابزادہ افتخار احمد خان صاحب نے بھی فرمایا تھا ۔ میں ان کے

دلائل کو نہیں دھراؤنگا اور اگر میرے ذہن میں کوئی اور بات آئے تو وہ عرض کرونگا ۔

جناب والا ۔ یہ ایک ایسا قانون ہے یہ ایک ایسی شق ہے کہ حکومت جس اخبار کے متعلق چاہے ۔ خواہ اسکی کوئی وجہ ہو ۔ خواہ اسکی کوئی وجہ نہ ہو ۔ الفاظ واضح ہیں ۔ بالکل واضح الفاظ ہیں کہ

"Where in the opinion of the Government, it is necessary so to do, it may by order notified in the official Gazette, constitute a Commission"

For what purpose Sir ?

".....for the purpose of inquiring into the affairs of any printing-press or newspaper generally and with respect to the following matters in particular....."

یعنی Generally کسی چیز کی تحقیق کے لئے بھی جاری ہو سکتا ہے اور ان چار امور کے لئے خاص طور پر بھی جاری ہو سکتا ہے اور ان چار امور کا بھی انہوں نے ذکر فرمایا ہے کہ وہ کیا ہیں ۔ میں ان کی تفصیل میں نہیں جاتا ۔ لیکن اس کمیشن کو اختیار ہے کہ وہ اخبار اور مطبع پر قبضہ کر لیں ۔ اس کا انتظام خود سنبھال لیں ۔ یا کسی سپرددار کے حوالے کردیں ۔ اخبار کی پالیسی تبدیل کر دیں ۔ یا اس کو بند کر دیں ۔ اور اس کو یہ بھی اختیار ہے کہ اس کی املاک پر قبضہ کرنے کے بعد اپنے اوپر صرف کردہ ہر قسم کے اخراجات برداشت کرے اور جس طرح چاہے ۔ اس کو صرف کرے ۔ یعنی یہ اس قدر جابرانہ اور متشددانہ کلاز ہے کہ اس کلاز کے سامنے کوئی اخبار کسی طرح بھی نہیں اٹھ سکتا ۔ لوگوں کی لاکھوں روپے کی املاک اس کمیشن کے حوالے کی جائیگی ۔ جس کا زیادہ سے زیادہ Rank ڈپٹی کمشنر یا اس سے بھی کم ہوگا ۔ اس کو اتنے زیادہ اختیارات ہیں اور اب انہیں مزید بڑھایا جا رہا ہے ۔ وہ ٹریبیونل والی کلاز ہے ۔ جس میں کہ اپیل ہوئی ہے ۔ وہ دفعہ ۹۴ ہے ۔ اور اگر اسے دفعہ ۱۰ کو بھی ساتھ ملا کر پڑھ لیا جائے ۔ تو یہ کمیشن جو کہ آرڈر جاری کر کے اس کی حکم امتناعی دیدے گی ۔ یہ ایک farce ہو جائیگا ۔ انہوں نے جو ٹریبیونل بنایا ہے ۔

اور وہ جاری کر سکے تو کیا ہوگا ۔ جناب پہلے تو یہ ہے کہ اس کمیشن کا تین مہینے کی مہلت ملی ہے کہ

وہ اپنی رپورٹ گورنمنٹ کے پاس پیش کرے اور اگر وہ تین مہینے کے اندر رپورٹ پیش نہیں کر سکتا اور اگر اخبار زیادہ ڈھیٹ اور سخت جان واقع ہوا ہے اور وہ مرا نہیں ہے تو پھر وہ رپورٹ کر سکتے ہیں کہ ہمیں اور مہلت دیجائیے اور لا متناہی مہلت دیجا سکتی ہے اور وہ اخبار بجائے پرنٹر پبلشر کے پاس جانے کے کمیشن کے پاس جائے گا - ٹریبونل جو بنایا گیا ہے اسکو Interim Injunotion جاری کرنے کے اختیارات نہیں ہیں - یعنی جو اختیار عارضی کمیشن کو حاصل ہیں وہ اختیار اس ٹریبونل کو حاصل نہیں ہیں - جو اسکے خلاف اپیل سنے گا ، یا نگرانی سنے گا -

جناب والا - یہ اختیارات حاصل کرنے کے بعد یہاں ''بس'' نہیں ہے - انہیں نے Jurisprudence کے متعلق بھی اس آرڈیننس میں خوب پھول کھلائے ہیں - اسکا ٦٦-سکشن یہ ہے کہ کمیٹی بذاتہ مجرم ہو گی یعنی کمپنی کے ڈائرکٹر - منیجنگ ڈائرکٹر تو مجرم ہونگے ہی - کمپنی بذاتہ بھی مجرم ہوگی - یعنی کمپنی کے Share holders کو تو جیل کی ہوا کھانا ہی پڑیگی - انکو منافع ہو یا نہ ہو کمپنی کو بھی سزا دیجا سکتی ہے - اسکے share holders کو خواہ اسکا علم ہو یا نہ ہو - یعنی قانون کا بنیادی اصول یہ ہے کہ ہر آدمی اسوقت تک معصوم ہے بیگناہ ہے - جبتک اسکے خلاف جرم ثابت نہ ہو جائے یہاں ہر آدمی گناہگار ہے - جبتک کہ وہ ثابت نہ کرے کہ میں بے گناہ ہوں - Jurisprudence کا وہ ستیاناس کیا ہے میرے ان بھائیوں نے اور اس اصول کو پامال کر دیا ہے جو ہزاروں سال سے دنیا میں مروج تھا اسکی حرمت انہیں نے قائم ہی نہیں رکھی - جناب والا - یہی نہیں ہے——

Mr. Speaker : Six minutes more.

Khawaja Muhammad Safdar : I am very much conscious of it, I am just skipping over.

جناب والا - میں اپنی تقریر کا اپنے ہاتھ سے جھٹکا کر رہا ہوں اور یہ سب آپ کی وجہ سے ہے -

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خان) جھٹکا کرنے کے باوجود ڈبڑہ گھنٹہ ہو چکا ہے -

مسٹر افتخار احمد خان – یہ سب تو اسی کا نتیجہ ھے ۔ اور میں پولیس کی بالا دستی ھی بتا رھا ھوں ۔ تو اس لئے اس کو صرف دو دن پہلے نکالا گیا ۔ اور یہ یونیورسٹی والوں کا ایک بے وقوفانہ فعل تھا ۔ جسکی وجہ سے بے حد خراب نتائج برآمد ھوئے ۔

Mr. Speaker : Would that not be discussion of merits ?

مسٹر افتخار احمد خان – میں اسکی Urgency اور Admissibility کے متعلق ھی عرض کر رھا ھوں ۔ کہ یہ Public importance کا مسئلہ ھے ۔ اور Recent occurance بھی ھے ۔ اور اس اجلاس کے شروع ھونے سے پہلے ھی آپکی خدمت میں میں نے پیش کیا تھا ۔ اور Public importance کا اس طرح سے بھی ھے ۔ کہ کتنے ھی طلبا زخمی ھوئے ۔ اور تعلیمی فضا کتنی خراب ھوئی ۔ کہ جب وہ جلوس چیرنگ کراس تک لے گئے ۔ اور وہ گورنمنٹ ھاؤس تک جانا چاھتے تھے ۔ حالانکہ گورنر صاحب وھاں موجود بھی نہ تھے ۔ تو وہ طلبا کا جلوس گورنر ھاؤس کے اس سرے پر ھی رک جاتا ۔ اور وھاں پر ایک قرار داد پاس کر کے چلے آتے ۔ بجائے اس کے کہ پولیس انہیں ایسا کرنے دیتی ۔ انہوں نے اس جلوس کو Mishandle کیا ھے ۔ ان پر لاٹھی چارج کیا ۔ انہیں گالیاں دیں ۔ اسی لئے یہ بڑے خطرناک نتائج کا حامل ھوا ۔

Mr. Speaker : The action proposed to be discussed has been taken under the ordinary administration of law and the motion is, therefore, ruled out of order.

ORDER OF PROVINCIAL GOVERNMENT FOR CLOSURE OF PUBLICATION OF DAILY KOHISTAN

Mr. Speaker : Mr. Iftikhar Ahmad Khan wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent, and urgent public importance, namely, the order of the Provincial Government for closure of publication of Daily Kohistan made on 6th November, 1963.

Minister of Law : The matter, if it had any urgency or public importance, has ceased to be one because the order against the daily 'Kohistan' has been rescinded and the Member himself knows that on announcement to that effect was made in this House. Therefore, no cause of action exists.

Mr. Speaker : Does the Member still press it ?

میاں محمد اکبر – پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - میں نے پہلے بھی ایک پوائنٹ آف آرڈر کی رو سے یہ عرض کیا تھا کہ .....

مسٹر سپیکر – urgency کی بنا پر over rule نہیں کیا جائیگا -

That is what the member probably wants to say ?

میاں محمد اکبر – جناب والا - ہماری جو تحاریک التوا آتی ہیں - تو وہ آپکے دفتر میں پڑے پڑے ہی خود بخود infructuous ہو جاتی ہیں - ابھی ابھی جیسا کہ لاء منسٹر صاحب نے فرمایا ہے - کہ ایک اخبار کی دوبارہ اشاعت شروع ہو گئی ہے - تو اس طرح وہ صرف ایک دلیل پر ہی ہمیں اپنی تحریک التوا پیش نہیں کرنے دیتے - اور ہم اس طرح بڑے اہم مسائل پر بحث تک نہیں کر سکتے -

مسٹر سپیکر – میں نے ابھی ابھی کہا ہے کہ urgency کی بناء پر Rule out نہیں کیا جائیگا -

Does Mr. Iftikhar, still press his motion ?

میاں محمد اکبر – یہ ایک عجیب قسم کی مضحکہ خیز پوزیشن بن گئی ہے -

نواب زادہ افتخار احمد خان – صدر گرامی - میں انکی عنایت خسر انہ کا شکریہ ادا نہیں کرنا چاہتا کہ انہوں نے اس اخبار کو دوبارہ لائسنس دیا ہے - اسے ڈیڑھ پونے دو مہینے بند رکھا گیا - اور اب وہ کہتے

ھیں ۔ کہ چونکہ اب وہ دوبارہ جاری ہو گیا ھے ۔ اس لئے اسکی urgency ختم ہو گئی ھے ۔ جسوقت اسکو بند کیا گیا تھا ۔ اور جس طریقے سے اسکے مالک ، ایڈیٹر اور سٹاف کو جو کہ حقیقتاً اسکے ذمہ دار بھی نہ تھے ۔ گرفتار کیا گیا تھا ۔ یہ سب in order ھے ....

Mr. Speaker : Was that action not taken under the ordinary administration of law ?

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : No. It was taken under the Public Safety Ordinance, 1960, *i.e.*, under a special Act.

Mr. Speaker : Is that not a law ?

Nawabzada Iftikhar Ahmed Khan : It is a black Law.

اور یہ دیکھئے ۔ کہ انہوں نے ان احکامات کو واپس لے کر خود یہ ثابت کر دیا ھے ۔ کہ یہ Malafide order تھے ۔

ARREST OF THE STAFF OF DAILY KOHISTAN UNDER PUBLIC SAFETY ORDINANCE 1960

Mr. Speaker : In the next adjournment motion from Mr. Iftikhar Ahmed Khan, the matter proposed to be discussed in the adjournment motion is " the arrest of the staff of the daily Kohistan on 6th November, 1963, under the Public Safety Ordinance, 1960 ". As mentioned in the motion itself the arrest of the staff was made under the law of the land and it is, therefore, a matter of ordinary administration of law. The motion is palpably out of order. I, therefore, withhold my consent under Rule 47.

FAILURE OF PROVINCIAL GOVERNMENT IN ARRESTING OR TAKING ACTION AGAINST CHAUDHRI KHALIQ-UZ-ZAMAN FOR A STATEEMNT ISSUED BY HIM ON 6TH NOVEMBER, 1963

Mr. Speaker : Next one is also from Mr. Iftikhar Ahmed Khan. The matter proposed to be discussed in this adjournment motion is " the failure of the Provincial Government in arresting or taking legal action Chaudhri Khaleeq-uz-Zaman, Chief Organizer, Convention Muslim League, for a statement issued by him". The statement by a private person.....

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : Please listen to me before you give your ruling.

Mr. Speaker : Yes.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: Allow me to read the whole of my motion. I want to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Provincial Government in arresting or taking legal action against Chaudhri Khaliq-uz-Zaman, Chief Organiser, Convention Muslim League, for a statement issued by him on the 6th November, 1963, in which he has said that he is in favour of dictatorship and that there is no scope of democracy under Islamic Law and conceptions. He has further said that the first four great Caliphs of the Holy Prophet were also dictators. This statement has created a wave of resentment and horror throughout the length ar d breadth of the Province. His statement is published in Nawa-i-Waqt of 8th November.

Minister of Law: (M.r Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): I thought that the Member had withdrawn his motion.

My submission is that the utterances of Chaudhri Khaliq-uz-Zaman, even if they are true as alleged by the Member here, are not hit by any law of the land. Government cannot take any action against a person who has issued a statement in his private capacity unless there is a breach of any rule or law because there is complete freedom of speech.

مسٹر افتخار احمد خان — صدر گرامی ۔ خلفۓ راشدین کو آمر کہنا اور اسلام کو اور اسلامی طریق نظام کو جمہوریت کے منافی قرار دینا ۔ یہ ایسا جرم ہے ۔ کہ ان کی سزا سخت سے سخت ہونی چاہئیے ۔ اگر یہ الزامات ۔ اگر یہ بہتان کہ خلفۓ راشدین آمر تھے ۔ اور اسلام جمہوری طریق نظام کے خلاف ہے ۔ یہ اگر کوئی اور شخص کہتا ۔ اگر یہ سب کچھ کسی شیعہ کی زبان سے نکلتا ۔ تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں ۔ کہ ملک میں فساد برپا ہو جاتا ۔ اگر یہ کوئی اور آدمی کرتا تو اس کو گرفتار کیا جاتا ۔ لیکن افسوس کی بات ہے کہ نام نہاد جماعت کے سربراہ اور سربراہ ہونیکے باجود ۔ ۔ ۔

Mian Muhammad Sharif: I strongly protest against the words 'Nam Nihad Jamaat'. Please ask him to withdraw these words.

مسٹر افتخار احمد خان — جناب یہ پبلک اہمیت کا مسئلہ ہے ۔

Mr. Speaker: The Member may please confine his arguments to the admissibility of this motion. There should be no discussion on the merits at this stage.

مسٹر افتخار احمد خان — صدرگرامی ۔ یہ پبلک اہمیت کا مسئلہ ہے انکے اس بیان سے ملک کے طول و عرض میں مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں اور اس حکومت نے ان کے خلاف کوئی Action نہیں لیا انہیں Prosecute نہیں کیا گیا ان پر مقدمہ قائم نہیں کیا گیا ۔ اور جو جمہوریت مانگتے ہیں ۔ ان پر مقدمہ دائر کیا جا رہا ہے ۔ انکے چالان کئے جا رہے ہیں ان کے مقدموں کی سماعت ہو رہی ہے لیکن ایسے آدمی کے خلاف کوئی Action نہیں لیا جس نے خلفائے راشدین پر حملہ کیا ۔

Mr. Speaker :— The matter proposed to be discussed in this adjournment motion is the failure of the Provincial Government in arresting and taking legal action against Chaudhri Khaliq-uz-Zaman, Chief Organizer, Convention Muslim League for the statement issued by him. A statement by a private person is not a matter of urgent public importance. I, therefore, rule that the motion is palpably out of order.

Minister of Law : The adjournment motions have been discussed for nearly one hour. May I request you to allow us to come to the regular business of the day.

خواجه محمد صفدر – جناب آج میں نہیں مانوں گا ۔ ایک مہینہ پہلے ہی ہوگیا ہے جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ اگر ختم کرنا چاہتے ہیں

Mr. Speaker : We will finish them tomorrow.

خواجه محمد صفدر – آپ کا خیال ہے کہ کل ----

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب کل ختم ہو جائیں گے ۔ اسوقت ہم ایڈ جرنمنٹ موشن نمبر ۶۳ لے رہے ہیں ۔ اسمیں بہت سے Ruled out of order ہو چکے ہیں اور بہت سے Adjournment motions میں repetition ہے یہ کل ختم ہو جائیں گے ۔

Khawaja Muhammad Safdar :— As you please Sir.

SUPPLEMENTARY SCHEDULE OF AUTHORISED EXPENDITURE FOR THE YEAR 1963-64. (*Laid on the Table.*)

Minister of Finance (Sheikh Masood Sadiq) : Sir, as required under Article 43 sub-section 3 read with Article 44 and Article 89 of the Constitution, I lay on the table the Supplementary Schedule of Authorised Expenditure for the year 1963-64, authenticated by the Governor.

COMMUNICATION REGARDING ARREST OF RAO KHURSHID ALI KHAN M.P.A. UNDER MAINTENANCE OF PUBLIC ORDER ORDINANCE 1960

Mr. Speaker : Now, there is one communication which I have received from the Superintendent of Police, Montgomery. I would read that communication in the House. It is :—

"I have the honour to inform you that I have found it my duty, in the exercise of my powers under Section 16 of the West Pakistan Maintenance of Public Order Ordinance, 1960 to direct that Mr. Rao KhurshidAli Khan, M.P.A. Okara, be arrested for delivering an objectionable speech in a public meeting of Jamaat-i-Islami at Village Kaman in the jurisdiction of Police Station Chuchak

on 19th October 1963, violating the provisions of the above said section of the Ordinance. So a Case F.I.R. No.136, dated 20th November 1963 under section16 of the West Pakistan Maintenance of Public Order Ordinance, 1960, Police Station Chuchak was registered.

Rao Khurshid Ali Khah M.P.A. Okara already detained in Borstal Jail, Lahore was accordingly arrested in this case on 7-12-1963 and is at present lodged in the said Jail.

خواجہ محمد صفدر– اس کا مطلب یہ ہوا کہ صبح جو اعلان فرمایا گیا تھا کہ انکو رہا کیا جا رہا ہے وہ درست نہیں ہے ۔

Minister of Law : This is absolutely correct. The Leader of the Opposition did not catch my words. I said that further detention of Rao Khurshid Ali Khan, Member of this House, under the Maintenance of Public Safety ordinance has not been ordered and he is being released today.

Khawaja Muhammad Safdar : But he is again arrested.

Minister of Law : I don't know.

ORDINANCES

RESOLUTIONS REGARDING APPROVAL OF—

The West Pakistan use of Loudspeakers (Prohibition) Ordinance 1963 (Resumption of discussion)

Mr. Speaker : The house will now resume discussion on the motion that the House do approve of the West Pakistan use of Loudspeakers (Prohibition) Ordinance 1963. Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ– (لائل پور- ٦) جناب سپیکر ۔ میں نے کل اپنی تقریر کا آغاز ہی کیا تھا کہ ایوان کی کارروائی آج کیلئے ملتوی کر دی گئی وجوہات جن کی بنا پر میں اس آرڈیننس کو ملک کی آبادی اور اس ملک کیلئے خطرناک سمجھتا ہوں دوبارہ آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ ایک اچھی گورنمنٹ کا یہ بنیادی اصول ہوتا ہے کہ عدلیہ کو انتظامیہ سے الگ رکھا جائے اس ملک میں تقسیم سے پہلے اور تقسیم کے بعد پبلک کے پیہم مطالبہ کے باوجود آج تک گورنمنٹ نے انتظامیہ کو عدلیہ سے علیحدہ نہیں کیا ۔ یہ گورنمنٹ بجائے اسکے کہ انتظامیہ کے اختیارت کسی حد تک کم کرتی انتظامیہ کے اختیارات میں دن بہ دن زیادہ سے زیادہ اضافہ کر رہی ہے ۔

اس سلسلے میں میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ڈپٹی کمشنر کی ذمہ داریاں اس قسم کی ہوتی ہیں کہ جب بھی ضلع میں انتظامات کے سلسلے میں ان سے فروگذاشتیں ہوتی ہیں تو ہمیں اسمبلیوں میں نکتہ چینی کرنی پڑتی ہے اسکے

پیش نظر ڈپٹی کمشنر کا بحیثیت ایک اہم سرکاری اہلکار غیر جانبدار ہونا تقریباً ناممکن ہے ۔ میں اس سلسلے میں ایک مثال پیش کر رہا تھا کہ پچھلے دنوں Peoples کالونی لائل پور میں دو انسانوں کی جانیں ایک سائن بورڈ گرنے سے ضائع ہو گئیں ۔ ڈسٹرکٹ بار ایسو سی ایشن کیطرف سے ایک مراسلہ ڈپٹی کمشنر کو ارسال کیا جسمیں ان سے مطالبہ کیا گیا کہ آپ اس واقعہ کی انکوائری کرائیں کہ یہ موتیں کن حالات میں ہوئیں ۔ جناب سپیکر ۔ میری طرف سے جب سوال اسمبلی سیکرٹریٹ میں بھیجا گیا اور یہاں سے ضلعی ایڈ منسٹریشن سے جواب طلب کیا گیا تو جیسا کہ مجھے پتہ چلا ہے کہ انکو بار ایسوسی ایشن کا مراسلہ تک دفتر میں دستیاب نہیں ہوتا تھا ۔

Minister of Agriculture : Is there any relevancy about that ?

مسٹر حمزہ – ایسے سوالات سے ہم مقامی انتظامیہ کی بد انتظامی کا جائزہ لیتے ہیں اور مجبوراً ان کے خلاف ریمارک پاس کرنے پڑتے ہیں ۔ جسکی وجہ سے ضلعی حکام ذاتی طور پر ہم سے ناراض ہو جاتے ہیں ۔ میں آپ سے عرض کروں کہ کریمنل لا امنڈ منٹ کی دفعہ ۔۔۔۔۔

Mr. Speaker : How is this relevant ?

مسٹر حمزہ – میں اسکو Discuss کرکے آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ایک ڈپٹی کمشنر کا غیر جانبدار ہونا نا ممکن ہے ۔ مجھے ذاتی طور پر اسبات کا علم ہے کہ ہمارے ضلع میں چند ممبران جو کہ بذات خود رسہ گیر ہیں ۔ میں نے جلسہ عام میں مقامی انتظامیہ کی طرف سے ایسے افراد کی نامزدگی کی سخت نکتہ چینی کی ۔

Mr. Speaker : No discussion about that Please discuss the ordinance.

مسٹر حمزہ – میں آگے چلتا ہوں اس آرڈیننس کا مطلب پبلک سے اجتماعی بحث و تمحیص کا حق سلب کرنا ۔ عوام الناس میں سیاسی شعور پیدا نہ ہونے دینا ہے ۔ پبلک کی شکایات حل کرنے کا یہ بہت بڑا ذریعہ تھا پبلک پلیٹ فارم سے مقامی یا ملکی مسائل پر بحث کرنا عوام کا ایک انتہائی اہم حق ہے یعنی Right of Expression اور اسکے ساتھ ساتھ Freedom of Association بلکہ اس سے بھی بڑھ کر میں کہتا ہوں کہ Protection against slavery کے بنیادی اصول اس ظالم قانون اور اس آرڈیننس نے پاش پاش کئے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر ایک انسان کو غلام بنا لیا جائے اور اس غلام سے آپ یہ حق بھی سلب کر لیں کہ اگر اسکو کوئی تکلیف ہو اور اسکو اپنی تکلیف بیان کرنیکا حق بھی حاصل نہ ہو آپ نے عام طور پر یہ شعر سنا ہوگا ۔

نہ تڑپنے کی اجازت ہے نہ فریاد کی ہے
گھٹ کے مر جاؤں یہ مرضی میرے حکام کی ہے (قہقہہ)

حقیقت یہ ہے کہ جب سے اس ملک کے اندر پریس کو بالکل بیجان بنا دیا گیا ہے ۔ آزاد پبلک پلیٹ فارم کے ذریعے ہماری حکومت عوام الناس میں سیاسی بیداری پیدا کر سکتی تھی ۔ لیکن اسکے برعکس سب سے پہلے گورنمنٹ کی طرف سے یہ کوشش کی گئی کہ اسکے سیاسی مخالفین جنکو کہ اس ملک کی آبادی عام طور پر پسند کرتی ہے جب کبھی وہ پبلک پلیٹ فارم سے پبلک کو خطاب کریں ۔ تو ان جلسوں میں گڑ بڑ کرائی جائے گورنمنٹ نے متعدد بار اس ہتھکنڈے کو استعمال کیا ۔ اور اس میں انہیں کامیابی ہوئی نتیجتاً جب کبھی سیاسی مخالفین کے جلسے منعقد ہوئے ان میں خاص طور پر گڑ بڑ کرائی گئی اس کے علاوہ آپ کو علم ہے کہ ڈپٹی کمشنر کے پاس زیر دفعہ ۱۴۴ ضابطہ فوجداری یہ اختیارات تھے کہ وہ لاؤڈ سپیکر کے استعمال کو اپنے ضلع کی حدود میں یا کسی حصہ میں عرصہ دو ماہ کے لئے ممنوع قرار دے دے ۔ لیکن دفعہ ۱۴۴ کے تحت بھی جسکو آج تک ناجائز طور پر استعمال کیا جاتا رہا ہے ڈی سی کا فرض تھا کہ وہ وجوہات بیان کرے جن کی بنا پر اس دفعہ کے تحت پابندیاں لگائی جا رہی ہیں ۔ اور وہ بھی صرف ۲ ماہ کے لئے لگائی جاسکتی تھی جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں کہ ان اختیارات کا استعمال انتہائی ناجائز ہوتا رہا ہے اور ہمیں معلوم ہے کہ تقریباً ملک کے تمام حصوں میں عوام الناس سے آزادی تقریر کا حق سلب کر لیا گیا تھا ۔ لیکن اسکے مقابلہ میں جہاں تک اس قانون کا تعلق ہے جب سے اس کو نافذ کیا گیا آزادی تقریر کا حق پورے طور پر سلب کر لیا گیا ہے ۔ حقیقت یہ ہے یہ آرڈیننس اس مفروضہ پر نافذ کیا گیا ہے کہ لاؤڈ سپیکر کا استعمال پبلک کے مفاد کے خلاف ہے ۔ آپکو اس بات کا بھی علم ہوگا کہ ہماری گورنمنٹ کے سیاسی مخالفین جو اس ملک میں مکمل جمہوریت کا تقاضہ کرتے ہیں ۔ جب بھی ان کی طرف سے عوام الناس کو حق رائے دہندگی بالغاں کا مطالبہ کیا گیا تو ہماری گورنمنٹ کی طرف سے یہ بہانہ پیش کیا گیا کہ عوام الناس میں سیاسی شعور موجود نہیں ہے ۔ یہ حقیقت ہے کہ گورنمنٹ اس بہانہ کو

دھراتی رھی ھے کہ ھمارے عوام الناس میں سیاسی شعور نہیں ھے مگر اس آرڈیننس کے نفاذ کیساتھ اس نے ھماری پبلک کو مزید اندھیرے میں رکھنے کی کوشش کی ھے ۔ میں اس چیز کو تسلیم نہیں کرتا ھوں کہ ھمارے ملک کے عوام ملک کے مفاد یا نقصان کو سمجھ نہیں سکتے ۔ انھوں نے پاکستان کی جد و جہد میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور پاکستان کے معرض وجود میں آنے سے قبل اور بعد انھوں نے گراں بہا ملکی خدمات سر انجام دی ھیں ۔ عجب ستم ظریفی ھے کہ اب گورنمنٹ یا اس حکومت کے رھنما کو یہ کہنے کی جرات ھوگئی ھے کہ عوام الناس میں سیاسی شعور ھی نہیں ھے ۔ ایک طرف تو یہ بہانہ پیش کرتے ھیں اور دوسری طرف ان کی کارروائیوں اور ان کے عملی اقدامات سے محض یہی نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ھے کہ وہ پبلک اور عوام الناس کو دیدہ و دانستہ زیادہ سے زیادہ اندھیرے میں رکھنے کی کوشش کر رھے ھیں ۔ اس سے صاف ظاھر ھے کہ وہ اس ملک میں صرف خوشامدیوں کو جینے کا حق دینا چاھتے ھیں جو ھمیشہ ان کی ھاں میں ھاں ملاتے رھیں اور غلط کارروائیوں کی تائید کریں ۔

Mr. Speaker : The Member may please take his seat?

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر ۔ مجھے اور وقت چاھئے ۔ (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : The Member has already spoken the day before.

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ میں درخواست کروں گا کہ قانون سازی کے دوران تقریروں پر وقت کی کوئی پابندی نہیں ۔ مقررین کو زیادہ سے زیادہ وقت دیا جائے ۔ بڑی سوچ سمجھ کر ھمیں قانون سازی کرنی ھوگی رولز ھمیں اس چیز کی پوری پوری اجازت دیتے ھیں ۔

Mr. Speaker : I will take into consideration the suggestion made by Khawaja Sahib. Yes, Mian Sharif.

میاں محمد شریف — (پارلیمنٹری سیکریٹری) میرے دوست نے اس کے جواز میں بہت سے دلائل پیش کئے ھیں ۔

حزب اختلاف کی طرف سے آوازیں ۔ ''اس کی مخالفت میں''

میاں محمد شریف — جی ھاں اس کی مخالفت کے جواز میں ۔

وزیر مال ۔ اس کی مخالفت کے جواز میں ۔

میاں محمد شریف – جناب سپیکر - میں یہ عرض کر رہا ہوں جہاں تک اس ملک کی تشکیل کا تعلق ہے - جہاں تک اس کی آبادی کا تعلق ہے میرے دوستوں اور اس معزز ایوان کو معلوم ہونا چاہئیے کہ اس ملک میں مسلمانوں کی اکثریت ہے اور اس کے علاوہ چند اقلیتیں بھی ہیں - اس کے علاوہ اس ملک کے اندر مختلف فرقے اور مختلف عقائد رکھنے والے لوگ بھی ہیں تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس آرڈیننس کا نفاذ ہونا اور لاؤڈ سپیکر پر پابندیاں لگایا جانا اور ڈپٹی کمشنران کو اس سلسلہ میں اختیارات دینا بے حد مفید اور عین جائز ہو گا - جیسا کہ میں پہلے ہی عرض کر چکا ہوں اور آگے چل کر عرض کروں گا جناب سپیکر - کہ فرض کر لیجئے بلکہ یقینی طور پر میرا حیات نبی پر اعتماد ہے مگر وہ میری بستی جس میں ۳۰ ہزار کی آبادی ہے انکے عقائید بھی میرے ہم عقیدہ ہوں اور اگر کسی کو آزادانہ طور پر لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی اجازت دیدی جائے اور ان میں تین - چار یا پانچ فیصدی لوگوں کے عقائد مختلف رہیں تو کیا ان حالات میں لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی اجازت دینا جائز ہو گا - لامحالہ اس کے نتائج خطرناک ہونگے -

سردار عنایت الرحمان خان عباسی _ پوائنٹ آف آرڈر - میرے واجب احترام وزیر قانون صاحب نے یہ فرمایا تھا کہ وہ اس آرڈیننس کے پاس ہونے کے بعد ترمیمی بل لائیں گے جس کے ذریعے خطبے میں لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی اجازت فرمائیں گے لیکن پارلیمانی سیکرٹری صاحب کی تقریر سے یوں عیاں ہوتا ہے کہ مسجد کے باہر خطبے کی اجازت نہیں ہو گی -

مسٹر سپیکر This is no point of order - یہ ایک تنقید تھی - بہتر ہوتا کہ آپ اس تنقید کو بعد میں پیش کرتے - تو یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

میاں محمد شریف – جناب والا - میرے دوست کو غلط فہمی ہوئی ہے - دوبارہ سننے کی زحمت فرمائیں - میں یہ عرض کرونگا کہ مختلف عقائد کے لوگ اس ملک میں آباد ہیں اور اگر تیس ہزار کی بستی ہو اور ان میں مختلف عقائد کے لوگ ہوں تو اگر کسی ایسے فرقے کو لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی اجازت دیدی جائے جنکی تعداد بالکل محدود ہو تو اسکا نتیجہ سوائے فساد کے کچھ نہ ہو گا - اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ ڈپٹی کمشنران ذمہ دار افسر ہوتے ہیں اور انہیں اپنے ضلعے کے لا اینڈ آرڈر کو بحال رکھنا بھی

ہوتا ہے اور ضلعے میں دیکھنا ہوتا ہے کہ لاؤڈ سپیکر کے استعمال سے فرقہ وارانہ کشیدگی کا امکان تو نہیں پیدا ہوتا ؟ اسلئے ڈپٹی کمشنران ہی صحیح معنوں میں اس کا اندازہ کر سکتے ہیں ۔

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi On a point of order. The Member himself is making use of a loudspeaker here.

Mr. Speaker : This Assembly building has been exempted from the provisions of the West Pakistan use of Loudspeakers (prohibition) Ordinance, 1963.

علامہ رحمت اللہ ارشد – پوائنٹ آف آرڈر ۔ وہاں لاؤڈ سپیکر بھی استعمال ہو رہے ہیں اور میاں صاحب سے مختلف نکتہ نظر رکھنے والے لوگ بھی موجود ہیں ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

میاں محمد شریف – اسی لاہور میں فرقہ وارانہ کشیدگی کی آگ بھڑکی اور اس ایوان کے اندر تقریریں کرنے والے حضرات اور جو اپنے آپ کو قوم کے راہ نما سمجھتے ہیں وہ اس وقت موجود تھے لیکن کسی نے بھی پبلک اور عوام کو سمجھانے کی جسارت نہ کی صرف میں اور میاں معراج ہی عوام کے سامنے گئے اور انہیں امن قائم کرنے کی اپیل کی تو میں سمجھتا ہوں کہ لاؤڈ سپیکر کے استعمال پر پابندیاں ہونی چاہئیں اور خاص طور پر ڈی سی کے ہاتھ میں یہ اختیارات دیدینے چاہئیں ان حقائق کے پیش نظر کہ ہمارے لوگوں کے عقائد مختلف ہیں اور ہمارے اس ملک کے اندر اقلیتیں بھی ہیں ۔ اگر سندھ میں ٹھاکر لچھمن سنگھ کے مکان کے سامنے جہاں انکی آبادی بہت کثرت سے ہے جا کر کچھ ایسے جملے استعمال کرنا شروع کر دوں کہ یہ ان کے عقائد کے خلاف ہوں تو لا محالہ فساد پھیلے گا ۔

ڈپٹی کمشنر جو اس ضلع کا حاکم ہے اور ذمہ دار شخص ہے اس کو یہ حق ہونا چاہئیے کہ وہ یہ دیکھے کہ دو فریقین کی یا دو افراد کی آپس میں لڑائی تو نہیں ہے ۔ تو اس سلسلے میں جناب والا میں عرض کروں گا کہ اس آرڈیننس کی دوسری شق بھی ہے کہ اگر کوئی فرقہ یا کوئی پولیٹیکل پارٹی یہ سمجھتی ہے کہ اس کے ساتھ نا انصافی ہوئی ہے تو اس کو حق حاصل ہے کہ وہ کمشنر صاحب کے پاس اپیل کرے ۔ اگر کمشنر صاحب اس اپیل کو مناسب خیال کریں ۔ یا صحیح تسلیم کریں اور اس اپیل کو جائز سمجھیں تو اس سلسلے میں وہ اپیل منظور کر سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ یہ سوال جو ہے پولیٹیکل رنگ میں میرے آپوزیشن کے دوست نے کئے ہیں یا میرے ان آپوزیشن کے دوستوں کا خیال ہے کہ ایک پارٹی کو اجازت ملے گی اور دوسری کو نہیں ملے گی ۔ آج میں آپ کے سامنے ایک حالیہ اجلاس کی بات کرتا ہوں جہاں جناب صدر نے ۔ ۔ ۔

(interruptions : Oh, Oh).

Mian Muhammad Sharif : No oh, oh. If you say that, I will also say Oh, Oh. (Laughter).

میاں محمد شریف — حال ہی میں جناب صدر نے جس اجلاس کو خطاب کیا تھا وہاں کوئی لاؤڈ سپیکر نہیں تھا ۔ وہاں ڈپٹی کمشنر صاحب سے درخواست کی گئی اور انہوں نے انکار کر دیا تھا اور اس سلسلے میں ۔ ۔ ۔

مسٹر افتخار احمد خان — کیا اس میٹنگ میں فساد کا خطرہ تھا ؟

میاں محمد شریف — وہاں اصول کا خطرہ تھا ۔

Mr. Speaker : No. Question Answer please.

مسٹر حمزہ — پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ ہمارے رولز میں یہ چیز صاف طور پر دی گئی ہے کہ ہم پریذیڈنٹ کی ذات کو اس اسمبلی میں زیر بحث نہیں لا سکتے ۔ جناب میاں محمد شریف کے بیان سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ جناب پریذیڈنٹ صاحب نے جس جلسہ کو خطاب کرنا تھا اس میں ایسی تقریروں کے ہونے کا شبہ تھا جس سے عام پبلک کی دل آزاری ہوتی ۔ (قطع کلامیاں اور شور)

Mr. Speaker : This is no point of order. The Member may please take his seat.

میاں محمد شریف — جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ''لا تقربو الصلواۃ'' مت جاؤ نزدیک نماز کے ''وانتم سکارا'' سن لینے کے بعد آپ کو چاہئے کہ آپ مجھ پر اعتراض کریں۔ I will certainly welcome that میں عرض کر رہا تھا یہ اصول کے مطابق ہے ۔ ہم نے ایک جلسہ حنفیہ کا گابرگ میں منعقد کیا ۔ ڈپٹی کمشنر صاحب لاہور نے اس جلسے پر چونکہ وہ جماعت اسلامی کا لاؤڈسپیکر کے متعلق تھا لاؤڈسپیکر کی اجازت دینے سے انکار کر دیا تھا ۔ اسلئے انکار کر دیا یہ جانتے ہوئے کہ میں حکومت کی پارٹی سے تعلق رکھتا ہوں اور میں نے انتہائی کوشش کی کہ کسی طریقے سے ہم کو لاوڈسپیکر کی اجازت مل جائے لیکن انہوں نے کہا کہ

وھاں آپ پولیٹیکل باتیں کریں گے ۔ میں نے کہا کہ یہ جلسہ مذھبی قسم کا ھو گا لیکن انھوں نے کہا کہ ایک اصول ھے اور ایک پرنسپل ھے ۔ جب ھم ایک جماعت کو اجازت نہیں دیتے آپکو کیسے اجازت دے دیں ۔ اس جلسے کو میں نے ایڈریس کیا تھا اور اس جلسے کو ایڈریس کرتے وقت کوئی لاؤڈسپیکر استعمال نہیں کیا تھا ۔ میں عرض کر رھا تھا کہ ڈپٹی کمشنر صاحب کو یہ اختیارات دینا کہ وہ کسی ذمہ دار شخص کو اجازت دیں صحیح ھے ۔ جناب والا یہ آرڈیننس بالکل صحیح ھے ۔ ملک میں امن اور شہر میں بھی امن قائم رکھنا ضروری ھے ۔ اور تخریبی کارروائیوں کی اجازت نہ دینا بھی اس حکومت کی بہت بڑی ذمہ داری ھے ۔

میاں محمد اکبر (گجرات ۔ ۱) جناب والا یہ آرڈیننس جو اس وقت اس معزز ایوان میں پیش ھوا ھے یہ جناب والا ۔ اس وقت promulagate کیا گیا جبکہ ھمارے پاس کوئی بنیادی حقوق کی ضمانت نہیں تھی ۔ جب بنیادی حقوق کو عدالتوں کی چارہ جوئی کے قابل نہیں بنایا گیا تھا ۔ اب جبکہ نیشنل اسمبلی نے Basic Rights Bill پاس کر دیا ھے اور بنیادی حقوق کو عدالتوں کی چارہ جوئی کے قابل بنا دیا ھے تو میرے خیال میں اب اس آرڈیننس کو اس ایوان میں پاس کرنے کی غرض سے پیش کرنا بڑی زیادتی ھے اور میرے خیال میں جناب والا ۔ یہ آئین کی صریحاً خلاف ورزی ھے ۔ کیونکہ اس سے بنیادی حقوق پائمال ھوتے ھیں ۔ جناب والا ۔ چاھئے تو یہ تھا کہ بیسک رائٹ بل کے پاس ھو جانے کے بعد ما وائے ان ۳۱ آرڈیننسوں کے .....

Minister of Law : Point of order Sir. The Basic Rights Bill has not been assented to by the President.

Mian Abdul Latif : He has given his oral assent.

Mian Muhammad Akbar : He has given his oral assent and it had come before the National Assembly with his belssings Sir. It should be taken for granted that he will give his assent; he has already given his oral assent.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : Law Minister has been congratulated by him.

میاں محمد اکبر ۔ جناب والا ۔ میں یہ گذارش کر رھا تھا کہ اس وقت اس آرڈیننس کو پاس ھونے کیلئے پیش کرنا اس ایوان کے ساتھ زیادتی ھے اپنے ملکی آئین کی خلاف ورزی ھے ۔ اس وقت چاھئے تو یہ تھا کہ ماسوائے ان ۳۱ قوانین کے جن کو تحفظ دیا گیا ھے باقی قوانین کیلئے بھی اس معزز ایوان کی ایک ایسی کمیٹی بیٹھتی جو قوانین کی چھان بین کرتی اور

جن کے متعلق یہ سمجھا جاتا کہ یہ بنیادی حقوق کے منافی ہیں ان کے متعلق سفارش کی جاتی کہ ان میں مناسب ترامیم کی جائیں یا ان کو سرے سے منسوخ کردیا جائے ۔ لیکن یہاں الٹی گنگا بہہ رہی ہے ۔ بجائے اسکے کہ وہ قوانین جو اس معزز ایوان نے پہلے پاس کئے ہیں اور جو بنیادی حقوق کے منافی ہیں ان کو منسوخ کیا جائے مزید قوانین ایسے لائے جارہے ہیں جو کہ بنیادی حقوق پر صریحاً زد ڈالتے ہیں ۔

چودھری سلطان محمود (پارلیمنٹری سیکرٹری) پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ یہ قانون بنیادی حقوق کی حفاظت کے لئے بنایا گیا ہے ۔ بنیادی حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کے لئے نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : The member may reply in his turn. This is no point of order.

میاں محمد اکبر ۔ اب حضور والا ۔ کی خدمت میں ثابت کرونگا کہ یہ جو آرڈیننس ہے یہ ہمارے آئین کی صریحاً خلا ۔ ورزی ہے اور بنیادی حقوق کے منافی ہے ۔ اس ضمن میں جناب والا ۔ میں آپ کی خدمت میں Constitution کا آرٹیکل ۳ پیش کرتا ہوں جو freedom of expression کے متعلق ہے ۔

"No law should impose any restriction on the freedom of a citizen to give expression to his thoughts."

جہاں to give expression to thought means کہ پلیٹ فارم آزادانہ طور پر استعمال کیا جائے ۔ آج کل کے مہذب زمانہ میں جبکہ لوگ زیادہ سے زیادہ اکٹھا رہنے کی کوشش کررہے ہیں اور شہروں کی آبادی سرعت کے ساتھ بڑھ رہی ہے کوئی بھی میٹنگ کی جائے کوئی بھی جلسہ کیا جائے اس میں اتنے آدمی ضرور آجاتے ہیں کہ جن کو لاؤڈسپیکر کے بغیر خطاب کرنا ناممکن ہے یہ لاؤڈ سپیکر کی اجازت نہ دے کر یا اس کے استعمال پر پابندی لگا کر ہمارے اس آئین کی کلاز کی جو میں نے آپ کے سامنے پیش کی ہے صریحاً خلاف ورزی کی گئی ہے ۔ باالواسطہ طور پر عوام کا اپنا freedom of expression کا حق جو ہے چھینا گیا ہے ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ میں Constitution کی کلاز کا حوالہ دیتا ہوں ۔

"Now law should impose any restriction on the freedom of citizens to assemble peacefully and without arms, or to form associations or unions."

جناب والا ۔ اس میں خاص طور پر شہریوں کو یہ حق دیا گیا ہے اور ان کا بنیادی حق تسلیم کیا گیا ہے کہ وہ اکٹھے ہو سکتے ہیں جناب صرف ایک شرط ہے کہ وہ پرامن ہوں ۔ فسادی نہ ہوں ۔فساد پر آمادہ نہ ہوں ۔ ان کے پاس ایسے ہتھیار نہ ہوں جن سے فساد کا اندیشہ ہو ۔

یہاں جناب والا ۔ کوئی ایسی پابندی نہیں لگائی گئی کہ صرف ایک سو ۔ دو سو یا ایک ہزار آدمی اکٹھے ہو سکتے ہیں ۔ بلکہ اس میں تو آزادی دیدی گئی ہے کہ اگر دس لاکھ آدمی بھی ہوں تو وہ ایک جگہ اکٹھے ہو سکتے ہیں اور میٹنگ کر سکتے ہیں ۔ ظاہر ہے کہ جب میٹنگ ہوگی تو لازمی طور پر اس میٹنگ کو address کیا جائے گا ۔ اور اگر address کیا جائے گا تو لاؤڈ سپیکر نہایت ضروری ہوگا ۔ اب لاؤڈ سپیکر کے استعمال پر پابندی لگا کر ——————

میاں محمد شریف (پارلیمنٹری سیکرٹری)۔ On a point of Order Sir جناب والا ۔ میاں محمد اکبر صاحب بالکل irrelevant بات کررہے ہیں اس آرڈیننس کے ذریعے لاؤڈ سپیکر پر پابندی لگائی گئی ہے ۔ اس کا استعمال بالکل بند نہیں کیا گیا ۔ بلکہ اس کے استعمال کی اجازت دی گئی ہے ۔ مگر اس کا اختیار ڈپٹی کمشنر کو دیا گیا ہے ۔

Mr. Speaker : This is no point of order. The member may please take his seat.

میاں محمد اکبر ۔ جناب والا ۔ میں حیران ہوں کہ جب میاں صاحب کی عقل میں کوئی بات نہ آئے تو وہ خواہ مخواہ اپنی بات پر اصرار کیوں کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Please discuss the Ordinance.

میاں محمد اکبر ۔ جناب والا ۔ اس آرڈیننس کی رو سے لاؤڈ سپیکر کا استعمال ہر طرح ممنوع قرار دیا گیا ہے ۔ سوائے اس صورت کے ——————
(اس مرحلہ پر میاں محمد شریف نے کچھ کہنے کی کوشش کی)

Mr. Speaker : No interruptions, please.

میاں محمد اکبر ۔ جناب والا ۔ گذارش کروں کہ * * *

یہ جناب کچھ سمجھتے تو ہیں نہیں ۔ اور نہ ہی ان کی عقل میں کوئی بات آتی ہے ۔

Mr. Speaker : The Member has used unparliamentary words. He may please with draw them (Interruptions) I say, please with draw these words.

میاں محمد شریف (پارلیمنٹری سیکرٹری)

* *

Mian Muhammad Akbar : I withdraw.

Mr. Speaker : These words should not form part of the proceedings and the remarks made by Mian Sharif also should not form part of the proceedings.

میاں محمد اکبر – جناب والا ۔ میں نے اپنے الفاظ آپ کے حکم کے تحت واپس لئے ہیں ۔

Minister of Law : I would respectfully submit that after the speech of Mian Muhammad Akbar question be put.

Voices from the opposition : No, no.

میاں محمد اکبر – جناب والا ۔ میں نے آپ کے حکم کے تحت اپنے الفاظ واپس لئے ہیں ۔ لیکن صرف ایک بات یہ ہے کہ مسٹر چرچل جو بہت قابل عزت ہیں ۔ ان کو * * * * * کہا جائے تو وہ اس پر فخر محسوس کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker : No. discussion about that.

میاں محمد اکبر – جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ۔۔۔۔

مسٹر سپیکر – میاں اکبر صاحب نے اپنی elucidation میں دوبارہ جو الفاظ استعمال کئے ہیں ۔ وہ بھی expunge کئے جاتے ہیں ۔

میاں محمد اکبر – بہت اچھا جناب والا ۔

Article 7 (a) says.

"No law should prevent the members of a religious community or denomination from professing, practising or propagating, or from providing instruction in, their religion, or from conducting institutions for the purposes of or in connection with their religion ;"

آئین کی رو سے ہمیں یہ آزادی دی گئی ہے کہ ہم بغیر تخصیص کے لا محدود تعداد میں جمع ہو سکیں اور میٹنگ کر سکیں ۔ لیکن شرط یہ کہ ہمارے پاس کوئی خطرناک ہتھیار نہ ہو اور ہم فساد پر آمادہ نہ ہوں ۔ یہ ہمارا بنیادی حق ہے کہ ہم جتنی تعداد میں چاہیں اکٹھے ہوں اور جلسے کریں ۔ دراصل لاؤڈ سپیکر پر اس قسم کی پابندیاں لگا کر ہم سے ہمارا ایک آئینی اور بنیادی حق چھینا گیا ہے ۔ یہ پابندیاں اس کلاز کی رو سے جو میں نے ابھی آپ کے سامنے پڑھی ہے ہمارے بنیادی حقوق کے منافی ہیں ۔

*Expunged as ordered by the Speaker.

جناب والا ۔ اس کے علاوہ یہ پابندیاں ایک طرح سے ہمارے مذہب میں بھی مداخلت کی بنیاد ہیں ۔ اس سلسلے میں میں آپ کی خدمت میں آئین کا ایک حوالہ پیش کرتا ہوں ۔ اور یہ page 6 Article 7 ہے ۔

جناب والا ۔ یہاں لکھا ہے ۔ Freedom of Religion یعنی مذہبی تقریبوں میں اپنا نقطہ نگاہ پیش کرنے کی مکمل طور پر آزادی دی گئی ہے ان تقریبوں میں بھی تعداد پر کوئی پابندی نہیں ۔ یہ نہیں کہ اگر دوسو آدمی ہیں تو ان پر کوئی پابندی نہیں ۔ اور اگر پانچ سو ہیں تو ان پر پابندی عائد کر دی جائے ۔ غرضیکہ تعداد کا کوئی تعین نہیں ۔ ہم غیر محدود یعنی لاکھوں کی تعداد میں مذہبی تقریبوں پر جمع ہو سکتے ہیں ۔ اور عوام کے سامنے اپنا نقطہ نگاہ پیش کر سکتے ہیں ۔ اب آپ غور فرمائیں ۔

Mr. Speaker : Two minutes more.

Mian Muhammad Akbar : No Sir.

خواجہ محمد صفدر – جناب والا ۔ میں نہایت ادب سے درخواست کرونگا کہ اگر کوئی مقرر repetition کرے تو آپ بیشک اسے تقریر کرنے سے روک دیں ۔ لیکن جب تک repetition نہ ہو معزز ممبران کا حق ہے کہ اپنا مافی الضمیر اس معزز ایوان کے سامنے پیش کریں ۔ میں اس بات پر اصرار کرتا ہوں اور ہم وقت کی پابندی قطعاً برداشت نہیں کرینگے ۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ ہم اس بحث میں حصہ نہ لیں تو ہم باہر جانے کے لئے بھی تیار ہیں ۔ میں نے مجبوراً یہ بات آپ کی خدمت میں عرض کی ہے ۔

مسٹر سپیکر – میں یہ ہر گز نہیں چاہتا ۔ میں تو چاہتا ہوں کہ زیادہ سے زیادہ ممبر صاحبان بحث میں حصہ لیں ۔

خواجہ محمد صفدر – جناب والا ۔ ہم نے حزب اقتدار کا مطالبہ مان لیا ہے کہ ہم دو وقت بیٹھنگے ۔ ہم تین وقت بھی بیٹھنے کے لئے تیار ہیں ۔ لیکن ہم تقریروں پر وقت کی پابندی ہر گز برداشت نہ کرینگے ۔

مسٹر سپیکر – مجھے کوئی اعتراض نہیں ۔ آپ بیشک چار گھنٹے بیٹھیں ۔ میں بھی بیٹھنے اور full latitude دینے کیلئے تیار ہوں ۔ لیکن دیگر ممبران نے بھی تقاریر کرنا ہیں ۔ لہذا مجھے ان کے حقوق کا خیال بھی رکھنا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر – جناب والا ۔ نیشنل اسمبلی کی مثال آپ کے سامنے ہے ۔ وہاں

آج تک legislation کے سلسلے میں بحث کے دوران کبھی کوئی پابندی نہیں لگائی گئی ۔ جس کی وجہ سے وہاں ممبر صاحبان دو دو ۔ تین تین اور چار چار گھنٹے تقاریر کرتے رہے ہیں ۔ ہم بھی اپنا حق مانگتے ہیں اور ہم اپنا حق ضرور لینگے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب ۔ ہم نے بھی آپ کی تقریر دو گھنٹے تک سنی تھی ۔ یہاں بھی ویسا ہی ہوا ہے ۔

میاں محمد اکبر ۔ جناب والا ۔ اگر ان کا حق ہے کہ دو دو گھنٹے تقریر کریں ۔ تو میرا حق ہے کہ میں دس گھنٹے تقریر کروں ۔ بہرحال میں اپنا حق پوری طرح استعمال کرنا چاہتا ہوں ۔ اس لئے آپ مہربانی فرماکر مجھ پر کوئی پابندی نہ لگائیں ۔

جناب والا ۔ ان گذارشات کے بعد یہ ظاہر ہے کہ یہ آرڈیننس نہ صرف ہمارے بنیادی حقوق کے منافی ہے بلکہ Bill of Rights کے پاس ہوجانے کے بعد اس کا یہاں پیش کرنا آئین کی بھی خلاف ورزی ہے ۔

علاوہ ازیں میں جناب والا کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ یہ آرڈیننس ویسے بھی ناقابل عمل ہے ۔ چونکہ عام حالات میں بعض اوقات لاؤڈ سپیکر کا استعمال ناگزیر ہوتا ہے ۔ یہ ضروری نہیں کہ اس کی ضرورت صرف آپوزیشن کے جلسے میں ہی پڑے ۔ حکومت کے بعض محکمے بھی اکثر اس کا استعمال کرتے ہیں ۔ میں اس کی مثال پیش کرتا ہوں ۔ گورنمنٹ ٹرانسپورٹ بسوں کے اڈوں پر جب لاری چلنے والی ہوتی ہے تو یہ ضروری ہوتا ہے کہ وہاں لاؤڈ سپیکر کے ذریعے announce کیا جائے کہ فلاں طرف لاری جارہی ہے ۔ اس لئے مسافر اس میں بیٹھ جائیں ۔ یہ نہایت مفید چیز ہے اور ایسا ضرور ہونا چاہئے ۔

اسی طرح P.I.A.W aiting Halls میں جب مسافر بیٹھے ہوتے ہیں تو کہا جاتا ہے جہاز تیار ہے ۔ اور flight تیار ہے ۔ اور جب ہوائی جہاز اڑ رہا ہوتا ہے تو ہوائی جہاز کے اندر بھی لاؤڈ سپیکر ہوتے ہیں ۔

اس کے علاوہ طلبا کے کھیلوں کو لیجئے ۔ جب سکولوں ۔ کالجوں اور یونیورسٹی کی کھیلیں ہوتی ہیں ۔ تو وہاں بڑا مجمع ہوتا ہے ۔ وہاں calls کرنا ہوتی ہیں ۔ کہ athletes آئیں ۔ فلاں event شروع ہو رہا

ہے ۔ تو ان حالات میں آپ خود ہی غور فرمائیں کہ ایسے موقعوں پر کھلاڑیوں کو لاؤڈ سپیکر کے بغیر بلانا کیسے ممکن ہوسکتا ہے ۔ مگر یہاں بلا استثنیٰ لاؤڈ سپیکر کسی جگہ اور کسی ہال میں بھی ڈپٹی کمشنر کی اجازت کے بغیر استعمال نہیں ہوسکتا ۔ تو میرے خیال میں یہ چیز اس آرڈیننس کو ناقابل عمل بنا دیتی ہے ۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس کے Framers نے اسے بناتے وقت اس کی عملی دشواریوں کو پیش نظر نہیں رکھا ۔

جناب والا ۔ میں آپ کی خدمت میں اس آرڈیننس کی کلا نمبر ۲ پڑھتا ہوں ۔

Clause 2 says :—

"No person shall use or cause to be used a loudspeaker in a public place for any purpose except with the permission of the Deputy Commissioner, and subject to such terms and conditions as the Deputy Commissioner may impose".

تو جناب والا ۔ اب یہ جو Public place کی تحریک explanation کے کالم میں کی گئی ہے وہ یہ ہے ۔

"For the purpose of this section 'public place' means any place to which the members ofthe public have access with or without invitation."

اگر آپ اس کے الفاظ پر غور فرمائیں تو معلوم ہوگا کہ کوئی جگہ ایسی نہیں ہے جہاں پبلک کے لوگ دعوت یا بغیر دعوت کے جا سکیں اور اسے Public place نہ کہا جائے ۔ آپ مجھے بتائیں کہ پھر کونسا گھر بچتا ہے Public place کی تقریر میں آنے سے مثلاً میرا گھر وہاں لوگ یا تو میرے بلانے سے آسکتے ہیں یا بغیر بلائے آسکتے ہیں ۔ لیکن جب لوگ آجائیں تو It becomes a public place. اب میں اس کی Implications پیش کرتا ہوں کہ جب میرا اپنا گھر ہو یا ان تمام معزز اراکین اسمبلی میں سے کسی کا گھر ہو سب Public place بن جائیں گے اس لئے میں یہ عرض کرونگا کہ اس میں بہت سی practical دشواریاں پیدا ہوجائیں گی ۔ کیونکہ لاؤڈ سپیکر کی تشخیص نہیں کی گئی کہ جب اس طرح کے لاؤڈ سپیکر ہوں وہ خلاف آئین ہیں یاجب وہ کسی آلہ میں نصب ہو یا کسی اور چیز میں نصب ہو تو ان کا استعمال خلاف قانون نہیں ۔ اس سلسلہ میں میں یہ عرض کروں گا کہ عام گھروں میں ریڈیو بجتے ہیں آج کل ریڈیو گرام بجتے ہیں ۔ ٹیپ ریکارڈ بجتے ہیں ۔ ان سب میں لاؤڈ سپیکر

کا استعمال ہوتا ہے اس طرح تو تمام گھروں میں لاؤڈسپیکر بجایا جاتا ہے اس لئے جب ہمارے گھر اس آرڈیننس کی رو سے Public place بن جاتے ہیں تو پھر جناب والا ۔ ایک اور بڑی ستم ظریفی یہ ہے (میاں صاحب ذرا غور سے سنیں شاید بخوبی سمجھ میں آ جائے) کہ اس آرڈیننس کے ذریعے سے جیسا کہ مجھ پر اعتراض کیا گیا تھا کہ تمہارے گھر میں کوئی بغیر بلائے نہیں جا سکتا ۔ میں کہتا ہوں کہ کوئی شخص میرے بلائے یا بغیر بلائے میرے گھر میں آجاتا ہے تو اس سے میرا گھر Public place بن جاتا ہے کیونکہ لفظ with or without invitation اگر کوئی گراموفون یا ریڈیو استعمال کرتے ہیں اور اس میں لاؤڈسپیکر ہے یا کوئی اس طرح کی اور چیز استعمال کرتا ہے تو وہ public place کے تعریف کے مطابق جرم کرتا ہے کیونکہ اس کا گھر اس آرڈیننس کی رو سے public place بن گیا ہے اور وہ public place میں بیٹھا ہوا ایک جرم کر رہا ہے پھر ستم ظریفی یہ ہے جو میں عرض کر رہا تھا کہ اس جرم کو Criminal Proc-edure Code کو بلائے طاق رکھ کر cognizable بنا دیا ہے ۔ اس کے لئے میں کلاز ۶ پڑھ کر سناتا ہوں ۔

"Notwithstanding anything to the contrary contained in the Code of Criminal Procedure, 1898 or any other law, the offence under this Ordinance shall be cognizable within the meaning of the said Code."

جناب والا ۔ اگر یہ آرڈیننس کوڈ کی رو سے یا کسی مروجہ قانون کی رو سے cognizable ہو یا نہ ہو اس سے بحث نہیں البتہ اس آرڈیننس کی رو سے خاص طور پر لاؤڈسپیکر کے جرم کو قابل دست اندازی پولیس بنا دیا ہے ۔ پھر تماشا کیا ہو گا کہ اگر کوئی شریف آدمی اپنے گھر میں بیٹھا ہوا آرام سے ریڈیو سن رہا ہو ۔ اب اس میں لاؤڈسپیکر بج رہا ہے تو اس کا گھر public place ہے اور اس آرڈیننس کی رو سے ایسا جرم کر رہا ہے جو قابل دست اندازی پولیس ہے اس کی رو سے کوئی پولیس افسر کسی کے گھر میں کسی وقت بھی داخل ہو جائے تو اسے کون روک سکتا ہے ۔ اور پھر اہل خانہ میں سے کسی کو مرضی کے مطابق گرفتار کر لے تو میں عرض کروں گا کہ

ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانے میں
تڑپے ہے مرغ قبلہ نما آشیانے میں

ممکن ہے مرزا غالب نے اپنے زمانے میں اس شعر میں کچھ مبالغہ سے کام لیا ہو لیکن اس آرڈیننس کی رو سے یہ شعر بالکل صحیح ثابت ہو گیا ہے اور اب ہر شریف آدمی اپنے گھر میں بیٹھا ہوا لرز رہا ہے کہ وہ کسی وقت بھی دھر لیا جائے گا خواہ اس نے کوئی قصور کیا ہو یا نہ کیا ہو ۔ اب جناب والا ۔ اس public place کی کلاز کی اور بھی implications ہیں وہ میں عرض کرتا ہوں ۔

Minister of Law : Sir, it is now 12.20. I will again repeat my request that the question be now put.

Mian Muhammad Akbar : I have to say a lot.

Minister of Law : It is for the Speaker to decide and not for Mian Muhammad Akbar.

میاں محمد اکبر ۔ جناب والا ۔ اس آرڈیننس کی رو سے اس بات کی گنجائش ہے کہ اگر ڈپٹی کمشنر اجازت دے دے تو لاؤڈسپیکر استعمال ہو سکتا ہے ۔ میں یہ مانتا ہوں کہ کسی گھر میں شادی بیاہ ہو یا کوئی اور تقریب ہے تو وہ ڈپٹی کمشنر سے باضابطہ طور پر اجازت لے کر لاؤڈسپیکر بجا رہا ہے لیکن جب لاؤڈسپیکر بج رہا ہو اور استعمال ہو رہا ہو تو اس آرڈیننس کی رو سے وہ گھر public place بن جائے گا کیونکہ اس کی رو سے جہاں with or without invitation ہے ۔وہ public place بن جاتا ہے ۔

Mr speaker : No repetition please

میاں محمد اکبر ۔ پھر وہاں ہر ایک آدمی بلا روک ٹوک، جا سکتا ہے کیونکہ یہ اس کا بنیادی حق ہے آئین کی رو سے ۔ اس کے لئے میں آپ کی خدمت میں جو اس کی relevent clause ہے وہ پڑھتا ہوں ۔

Article 13 of the Constitution deals with "Access to public places." It says :—

"No law should deny to any person access to a public place (other than a place intended solely for religious purposes) on the ground of race, religion, caste or place of birth."

تو جناب والا ۔ چونکہ کسی public place پر جانا ہر آدمی کا بنیادی حق ہے کیونکہ ابھی تک حکومت ایسا کوئی قانون نہیں بنا سکی ہے جس سے کوئی آدمی کسی public place میں کسی وجہ سے داخل نہیں ہو سکتا ۔ شریف گھرانوں کے لئے تو یہ بات بے حد پریشانی کا باعث ہوگی ۔ اگر ڈپٹی کمشنر کی اجازت سے اپنے گھر میں کوئی لاؤڈ سپیکر کسی جائز

وجہ سے استعمال کرتا ہو اور public place ہونے کی وجہ سے اگر کوئی بدمعاش وہاں آ جائے یا شریف آ جائے تو آپ اسے روک نہیں سکتے ۔

Mr. Speaker : Please wind up.

Mian Muhammad Akbar : Sir, I have to say a lot. I will consume at least 2 hours.

Mr. Speaker : Only one minute more.

Mian Muhammad Akbar : No, Sir.

جناب والا ۔ آج تک تاریخ نے شخصی آزادی کو بچانے کے لئے صدیوں کی جد و جہد کے بعد اور اتنی خونریزیوں کے بعد شخصی آزادی کے گرد محفوظ دیواریں استوار کی ہیں اور وہ محفوظ دیواریں کیا ہیں ۔ وہ آزادی تحریر و تقریر ہے آزادی مذہب ہے اور آزادی اجتماع ہے ۔

جناب والا ۔ کی خدمت میں جیسا کہ میں نے گذارش کی ہے کہ یہ محفوظ دیواریں جو تاریخ نے صدیوں کی جد و جہد کے بعد شخصی آزادی کو بچانے کے لئے استوار کی تھیں ہمارے حکمران ان کو مسمار کرنا چاہتے ہیں اور وہ چاہتے ہیں کہ ان کا ہر وار بلا روک ٹوک ہم تک اور عوام تک پہنچ سکے تا کہ وہ ان کو ہمیشہ گرفتار کر سکیں تو یہ کوئی قابل تعریف بات نہیں ۔

جب سے یہ لاؤڈسپیکر کا آلہ ایجاد ہوا ہے اس کا استعمال بلا روک ٹوک ہو رہا ہے کسی وقت کسی مہذب ملک میں آج تک اس پر کسی نے پابندی نہیں لگائی ۔ آپ توجہ فرمائیں کہ اگر اس آلہ پر پابندی ہوتی تو پاکستان کا ریزولیشن ۱۹۴۰ میں حضور قائد اعظم کیسے پاس کرواسکتے وہاں جناب والا ۔ ہزاروں اور لاکھوں کا مجمع تھا اگر لاؤڈ سپیکر پر پابندی ہوتی تو وہ ریزولیشن کبھی پاس نہ ہو سکتا ۔ اس کے بعد ایک اور تاریخی مثال دیتا ہوں کہ نہرو کی گیڈر بھبکیوں کے سلسلہ میں قائد ملت نے ایک بہت بڑا تاریخی اجتماع کیا اس منٹو پارک میں جہاں پاکستان کا ریزولیشن پاس ہوا تھا ۔ میرا یہ چشم دید واقعہ ہے کہ وہاں بلا مبالغہ لاکھوں کی تعداد میں انسان آئے ہوئے تھے ان کو سننے کے لئے ۔ اور جہاں انہوں نے نہرو کو اپنا مشہور مکہ دکھایا تھا ۔ اب مجھے اس ایوان کے معزز اراکین بتائیں کہ اگر لاؤڈسپیکر پر پابندی ہو تو یہ اجتماعات کیسے عمل میں آ سکتے ہیں ۔

Minister of Irrigation : Time is over.

Mr. Speaker : The member may please take his seat.

Mian Muhammad Akbar : I have not finished. Please let me make my last point.

جناب والا ۔ میں آخر میں اپنے تمام points کو چھوڑ کر صرف اتنا عرض کروں گا کہ اس آرڈیننس کی زد براہ راست مجھ پر پڑتی ہے ۔ آپ پر پڑتی ہے اور اس ایوان کے تمام اراکین پر پڑتی ہے ۔ اس لئے میں آپکی وساطت سے معزز اراکین کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ وہ اس کے حق میں ووٹ دینے سے پہلے ضرور غور فرمائیں کہ ان کی آئندہ نسلوں پر اور تاریخ پر کیا اثر پڑے گا ۔

Mian Muhammad Sharif : Sir, I move.

That the question be now put.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : On a point of order.

Sir, the right to move for a closure is governed by Rule 157 of the Rules of Procedure, and before Your Honour deals with the Motion put forth by friends on the other side I would humbly request that the spirit of this Rule may be kept in view. It says :

"At any time after a motion has been made any Member may move that 'the question be now put and, unless it appears to the Speaker that the motion is an abuse of the Rules, the Speaker shall put the motion that the question be now put."

Now, Sir, the basic thing to be seen in this regard is : whether this Motion is an attempt to bring about an abuse of the Rules or not ?

Now, kindly appreciate that this is a very important Ordinance, and this is important because the Government including the Law Minister is very keen to get it passed or approved without permitting the Members of this House to give expression to their views on the subject. Now, if a particular measure is important then it means that all those persons who have some views to express must be allowed to speak. And if Your Honour is going to disallow Members to speak on such an important measure then I am afraid it will be nothing but an abuse of the Rules, which of course is not permissible under Rule 157.

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : It is a speech not a point of order.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : I am not a yesman, I must speak.

Mian Muhammad Sharif : You were a yesman before.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Now, let me draw your attention to the Rules which deal with the powers to make speeches. I have given my serious thought to this and I find those provisions in Rules 148 and 149. Now Rule 148 deals with the Limitation of Debates.

Mr. Speaker : I have understood the point of order of the member. He means to say that the closure motion should not be put at this stage.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Yes, because it is an abuse of the Rules.

Khawaja Muhammad Safdar : I want to put a ruling before Your Honour.

I draw your attention to a Ruling given by the President of the Central Legislative Assembly. It is on page 108. Ruling No. 161 :

"On the Motion to pass the Official Secrets Bill, after one Member had spoken, closure was moved which the president refusing to accept, a Member said that the House wanted to finish theDebate.

The President ruled: 'Honable Members are aware that there has only been one speech on the Motion that the Bill, as amended, be passed. The matter is one of great importance, and I cannot stifle discussion, even though the House is ready to carry the closure by an enormous majority."

تو جناب والا ۔ پوائنٹ یہ ہے ۔ کہ اس میں شک نہیں ۔ کہ حکومت کی جانب سے Closure Motion کی تحریک کی گئی ہے ۔ اگر آپ کی اجازت ہو ۔ تو وہ اب بھی تحریک کرسکتے ہیں لیکن ایسی حالت میں کیا تحریک مناسب ہو گی جبکہ صرف ایک تقریر اس طرف سے ہوئی ہے ۔ اور ایک اس طرف سے ۔ اس قدر اہم قانون پر صرف دو یا تین تقریریں کافی سمجھنا میں سمجھتا ہوں ۔ کہ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر زراعت – یہ بہت ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر – آپ کے نزدیک تو تقریر ہونی ہی نہیں چاہئیے ۔ اور اگر آپ نے اسی طریقے کو اختیار کیا تو یقین کیجئے کہ میں نے صبح جو Coopera-tion کا وعدہ کیا تھا میں اسے واپس لے لوں گا ۔ اور پھر چاہے آپ دن رات بھی بیٹھ کر کام کریں ۔ تو بھی آپ ان آرڈیننسوں کو پاس نہیں کرا سکتے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : The member should address the Chair.

Minister of Agriculture : You want to threaten the Speaker.

Khawaja Muhammad Safdar : No Sir.

نہ یہ دھمکی کا سوال ہے ۔ اور نہ ہی ڈرانے کا ۔ لیکن ہم اسطرح اپنے حقوق سلب نہ ہونے دیں گے ۔ اگر وزرا صاحبان اس طرح کرتے رہینگے ۔ تو ہم بھی انہیں اتنا تنگ کریں گے ۔ کہ وہ بھی کیا یاد کریں گے ۔

میاں عبداللطیف – جناب والا - چونکہ اس Piece of legislation کے لئے اس طرف بیھٹنے والوں میں انتہائی عدم واقفیت پائی جاتی ھے - اور انکو یہ معلوم ھی نہیں - کہ یہ قانون کیا ھے - اسلئے یہ بہت ضروری ھے - کہ ان کو بتانے کی غرض سے ھم اس پر بحث کریں -

Mr. Speaker : I have given my thoughtful consideration to the matter and I propose to put the closure motion.

(*Interruptions and Uproar.*)

Voices from the opposition Benches : Then we beg to withdraw.

(*Uproar. Some opposition members walked out*)

Mr. Speaker : Order, order. The question is :

(That the question be now put.

(*The Motion was carried*).

(*Interruptions and Uproar.*)

(**Voices**—You are partial Sir. You are partial Sir)

Mr. Speaker : Order, order.

Minister of Finance (Sh. Masood Sadiq) : Sir, I would request Nawabzada Iftikhar to withdraw the words : "you are partial".

Mian Abdul Latif : We repeat it.

وزیر خزانہ – آپ جیسے آدمی کو ایسا نہیں کہنا چاھئیے تھا -

Mr. Speaker : Order, order.

Khawaja Muhammad Safdar : I again say that the Speaker is partial.

(*At this stage most of the opposition members walked out*).

Syed Ahmed Saeed Kirmani : On a point of order.

Mr. Speaker : Not at this stage.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : I must state my point of order and the Rules protect me. My point of order is that while Mian Akbar was on his legs and wanted to deliver his speech on this Ordinance; I got up when he also got up and you were good enough to give word to me that I will be allowed to speak after him.....

Mr. Speaker : But there was a closure Motion.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Therefore I may submit that you must have regard for your words.

Mr. Speaker : There was a closure Motion.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : And the closure motion has been carried.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : And the time is over.

Mian Abdul Latif : This is no more a Provincial Assembly.

(Interruptions and uproar.)

حاجی عبدالمجید جتوئی – ساڑھے بارہ بج گئے ہیں ۔

Minister of Law : Sir, I move that the resolution may be put to the House.

Mr. Speaker : Now, I put the question. (Uproar).

The question is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Use of Loudspeakers (Prohibition) Ordinance 1963 Promulgated by the Governor of West Pakistan on 22nd October, 1963.

(The motion was carried).

THE WEST PAKISTAN ACQUISITION OF PROPERTY (WAPADA OFFICE) (SECOND) ORDINANCE 1963.

Mr. Speaker : Next motion please.

Minister of Law : Let us extend the time by half an hour.

Sir, I beg to move :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Acquisition of Property (WAPDA Office) (Second) Ordinance 1963 promulgated by the Governor of West Pakistan on 9th November, 1963.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Acquisition of Property (WAPDAOffice) (Second) Ordinance 1963 promulgated by the Governor of West Pakistan on 9th November, 1963.

مولانا غلام غوث – ذرا اردو میں بھی فرما دیں ۔

وزیر زراعت – جناب والا ۔ یہ آرڈیننس ہے ۔ کہ ویسٹ پاکستان حصول جائیداد (واپڈا دفاتر) (دوئم) آرڈیننس1963 جسکو گورنر صاحب مغربی پاکستان نے 9 نومبر 1963 کو نافذ کیا ہے ۔ اس کو منظور کیا جائے ۔

Mr. Taj Muhammad Khanzada : Passed. Passed.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : I oppose this.

Mr. Speaker : Yes, Mr. Kirmani.

Syed Ahmed Saeed Kirmani (Lahore V) Sir would you allow me to say something about the Loudspeaker Ordinance also ?

Mr. Speaker : No. Only about this ordinance.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Now I know where I stand.

Sir I oppose this ordinance on the ground-and that ground is very reasonable—that before this property was acquired by the Martial Law authorities with a view to enable the Provincial Government to construct a WAPDA House thereon.....

Mr. Speaker : It is now 12-30 p.m. The House is adjourned to meet again tomorrow at 9.00 a.m.

(*The Assembly then adjourned till* 9.00 *a.m. on Saturday, the* 28*th December* 1963).

APPENDIX

(Ref. to Starred Q. No. 3089)

SYLLABUS IN AGRICULTURE AND GARDENING FOR CLASS VI-VII (ELECTIVE)

The Syllabus in Agriculture and Gardening is designed to train the pupil in a practical manner in simple Agricultural processes applicable to his home circumstances and environment. It also provides a broad general knowledge of crops, soil, climate, irrigation and artifical methods of fertilisation based on simple scientific principles. This will stimulate the interest of the student in his environment and enable him to appreciate the value of careful planning in this field. The course will, be of value in itself and also form a sound foundation for further study of Agriculture in the high classes.

This course should only be attempted by schools possessing a school garden or having access to land which can be used for small cultivation. There should be adequate provision of small tools and implements necessary for cultivation and funds should be available for the purchase ofseed and other expenditure. Pupils should be expected to work in small groups on individual assignments so that the time is fully occupied during the agriculture lessons.

Three consecutive periods weekly will be devoted to the study of this subject since it is impossible to carry out agricultural tasks effectively in short periods. Some time could usefully be spent by pupils attending to the land-scape of the school compound.

Class VI

1. Types of local sail and their suitability for different crops.
2. The plant as a living body. Parts of the plant and their function roots, stems, branches, leaves, flowers, seeds.
3. Annual, bennial and perennial plants.
4. Cormination of seeds and the conditions needed for success Preparation of seed bed. Transplanting.
5. Uses of plants in the production of foods and fibres for human needs. Thisshould be related to local conditions but some reference should be made to the production of basic foods and plant fibres even though not produced locally.
